Presented by: https://jafrilibrary.com/

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

بحار الانوار

۱۲

علامہ محمد باقر مجلسیؒ

ترجمہ

مولانا سید حسن امداد ممتاز الافاضل

درحالات

حضرت امام محمد مہدی آخر الزمان علیہ السلام

محفوظ بک ایجنسی ۔ مارٹن روڈ کراچی
Tel: 4124286- 4917823 Fax: 4312882
E-mail: anisco@cyber.net.pk

BOOK LIN
Shop No. 11
...E. Heights
...r Bazar-2
KARACHI
7211

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اِس کتاب "بحار الانوار" جلد دوازدہم[۱۲] کے ترجمے کے
جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں
نیز اِس ترجمے کا کوئی جُزو یا کُل کتاب کا بلا اجازتِ ناشر
شائع کرنا خلافِ قانون متصوّر ہوگا

مصنّف ـــــــ علّامہ محمد باقر مجلسیؒ
مترجم ـــــــ مولانا سیّد حسن امداد (ممتاز الافاضل)
کاتب ـــــــ سیّد محمد جعفر حسین زیدی۔ ۳۶ بی۔ لانڈھی
طابع ـــــــ سندھ آفسٹ پریس۔ کراچی
ناشر ـــــــ محفوظ بک ایجنسی مارٹن روڈ۔ کراچی
سن اشاعت ـــــــ محرم الحرام سنہ ۱۴۱۹ ہجری، ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۹۸ء

۳۰ اپریل سنہ ۱۹۹۸ء

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باسمہ سبحانہ تعٰی

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ کی شہرۂ آفاق کتاب "بحار الانوار" طبع جدید کی جلد ۵۳-۵۲ مشتمل بر حالاتِ حضرت امام عصر عجل اللہ تعالیٰ فرجہ کا اردو ترجمہ پہلی بار ہدیۂ ناظرین ہے۔ اس سے قبل جلد ۵۱ کا ترجمہ جو کہ ۲۲ باب پر مشتمل تھا۔ آپ پڑھ چکے ہیں۔ اب باب ۲۳ سے باب ۳۱ کا ترجمہ حاضرِ خدمت ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ ایک زبان کا ترجمہ دوسری زبان میں بالکل ایسا ہی ہے جیسے کوئی شخص ایک شیشی کا عطر دوسری شیشی میں اُنڈیلنے کی کوشش کرے۔ اوّل تو اُنڈیلتے وقت کچھ نہ کچھ گر جائیگا اور اگر بڑی احتیاط برتی، گرنے نہ دیا تو پہلی شیشی میں کچھ لپٹا ہوا تو ضرور رہ جائیگا یعنی پورے کا پورا عطر دوسری شیشی میں منتقل نہیں ہو سکتا۔

یہی حال ترجمے کا ہے، مترجم کتنی ہی کوشش کرے اور احتیاط سے کام لے ایک زبان کا پورا پورا مفہوم دوسری زبان میں ادا ہونا مشکل ہے اور وہ بھی آیات قرآنی، احادیث رسولؐ اور اقوالِ ائمہ معصومین علیہم السلام، جن کے مفاہیم کا مع اپنے تمام اعماق و بطون کے کسی ترجمے میں سمٹ آنا تو ممکن ہی نہیں۔ اگر یہ ممکن ہوتا تو نمازوں میں سورہ ہائے قرآنی کی قرأت لازم نہ قرار دی جاتی، بلکہ اس کا ترجمہ ہی پڑھ لینا کافی سمجھا جاتا۔

بہرحال کوشش کی گئی ہے کہ ترجمہ صاف و شستہ ہو اپنے متن کے دامن سے وابستہ رہے اور اپنے پڑھنے والوں کو اصل تک پہنچنے میں ممد و معاون ثابت ہو۔

"وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللّٰهِ"

والسلام - سید حسن امداد۔ ممتاز الافاضل

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کتابیات

قرب الاسناد
بشارۃ المصطفیٰ
فلاح السائل
ثواب الاعمال
احتجاج
مجالس المفید
فہرست النجاشی
جامع الاخبار
جمال الاسبوع
جنت
فرحت الغری
کتاب الاختصاص :
منتخب البصائر
عدد
سرائر
محاسن
ارشاد
کشف الیقین
تفسیر العیاشی
قصص الانبیاء
استبصار
مصباح الزّائر
صحیفۃ الرّضاء
فقہ الرّضاء
ضوء الشہاب
روضۃ الواعظین
صراط المستقیم
امان الاخطار
طب الائمہ

علل الشرائع
دعائم الاسلام
عقائد
عدت
اعلام الوریٰ
عیون و المحاسن
غرر و الدرر
غیبۃ الشیخ
غوالی الئالی
تحف العقول
فتح الابواب
تفسیر علی بن ابراہیم
تفسیر فرات بن ابراہیم
کتاب الروضہ
کتاب العتیق الغروی
مناقب ابن شہر آشوب
قبس المصباح
قضاء الحقوق
اقبال الاعمال
دروع
کمال الدّین
کافی
رجال الکشی
کشف الغمّہ
مصباح الکفعمی
کنز جامع الفوائد و
تاویل الآیات الظاہرہ
معًا۔
خصال

بلد الامین
امالی الصدوق
تفسیر الامامؑ
امالی الشیخ
تمحیص
عمدۃ
مصباح الشریعہ
مصباحین
معانی الاخبار
مکارم الاخلاق
کامل الزیارۃ
منہاج
مہج الدعوات
عیون اخبار الرضاؑ
تنبیہ خاطر
کتاب نجوم
کفایہ
نہج البلاغہ
غیبۃ النّعمانی
ہدایت
تہذیب
خرائج
توحید
بصائر الدرجات ۔
طرائف
فضائل
کتابی الحسین بن سعید
اولکتابہ والنوادر
من لایحضرہ الفقیہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار (عربی جلد ۵۲، ۵۳) جلد دوازدہم ۱۲

در حالات حضرت امام العصر صاحب الامر علیہ السلام

عنوانات	صفحہ نمبر
باب ۲۳	
غیبتِ کبریٰ میں دیدارِ امامؑ	
آخری توقیع امامؑ زمانہ، علی بن محمدؒ کے نام	۲۱
امام قائمؑ ایامِ حج میں	۲۲
حضرت خضرؑ دورِ غیبت میں امام قائمؑ کے لیے مونس تنہائی میں	۲۳
آپؑ ہر سال فریضۂ حج ادا کرتے ہیں	۲۳
صاحب الامر کیلئے دو غیبتیں ہوں گی	۲۴
بہترین جائے قیام طیبہ ہے	۲۵
مقامِ رضویٰ کا سنہرا پہاڑ	۲۵
دوسری غیبت کے بعد ظہور ہوگا	۲۶
غیبتِ طویل و قصیر	۲۸
امام قائمؑ کسی کی بیعت میں نہ ہوں گے	۲۹
دورِ غیبت میں لوگوں کے اقوال	۳۰
چند علامتیں قبل از ظہور	۳۱
غیبت میں آپؑ کا قول	۳۲
بیت الحمد کا چراغ روشن ہی رہے گا	۳۳
باب ۲۴	
ہمارے قریبی زمانے میں جو لوگ آپ کی زیارت سے مشرف ہوئے	
جزیرۂ خضراء اور بحرِ ابیض کے واقعات	۳۶
رسالۂ جزیرۂ خضراء و بحرِ ابیض	۳۶
مازندرانی کی روایت	۳۶
مولانا احمد اردبیلی کی ملاقاتِ امامؑ	۵۱
امیر اسحاق استرآبادی	۵۲
میرزا محمد استرآبادی	۵۳
ایک قاشانی کا واقعہ	۵۴
بحرین میں ایک انار پر خلفاء اربعہ کے نام مع کلمۂ شہادتین	۵۵
باب ۲۵	
علاماتِ ظہور، خروجِ سفیانی اور خروجِ دجّال کا ذکر	
نزولِ حضرت عیسیٰؑ اور امام قائمؑ کی اقتداء میں نماز ادا کرنا۔	۶۰

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
آخرِ زمانہ میں نیکی کو بدی اور بدی کو نیکی سمجھا جائیگا	۶۰
خسف البیداء۔ آیۃ اِنَّ اللّٰہَ قَادِرٌ کی تفسیر	۶۱
ظہورِ امام قائمؑ اور خروجِ سفیانی دونوں حتمی ہیں	۶۲
قبل از ظہور مسلسل کُشت وخون	۶۳
زوالِ بنی عبّاس کی پیشینگوئی	۶۴
ظہور سے پہلے بے مروّتی عام ہوگی	۶۶
فاسقینِ اہلِ قبلہ پر عذاب کا ذکر	۶۷
چند پیشینگوئیاں اور احادیث	۶۸
آیت وَاِنِّیْ ... مِنْ مَّکَانٍ بَعِیْدٍ کی تفسیر	۷۰
خسفِ بیداء اور لشکرِ سفیانی	۷۱
آیت "سَالَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ ..." کی تفسیر	۷۲
حدیثِ رسول اللہ ص	۷۲
آلِ محمدؐ اور آلِ ابی سفیان کے درمیان جنگ کی بنیاد	۷۴
دجّال کا خروج کہاں سے ہوگا	۷۵
حرصِ دنیا اور ریاکاری عام ہوگی	۷۵
علمائے دین اور فقہاء بدترین ہوں گے	۷۶
اسلام غریبوں میں رہیگا	۷۷
دشمنانِ آلِ محمدؐ دجّال کے ساتھ ہوں گے	۸۰
علاماتِ ظہورِ امامِ زمانہ ع و خروجِ دجّال	۸۰
کیا دجّال اور ابنِ صیاد ایک شخص کے دو نام ہیں	۸۶
ظہورِ امام قائمؑ کی علامت	۹۰
ظہور کی پانچ علامتیں	۹۱
امام کا ظہور آفتاب سے زیادہ روشن ہوگا	۹۱
سفیانی ماہِ رجب میں خروج کرے گا	۹۲
قبل از ظہور پانچ علامتیں	۹۲
ندائے آسمانی کو سب اپنی اپنی زبان میں سنیں گے	۹۳
سفیانی کی انتہائی خباثت	۹۴
پہلی ندا جبرئیلؑ کی، دوسری صدا ابلیس کی ہوگی	۹۵
جبرئیلؑ صبح کو اعلان کریں گے، ابلیسؑ شام کو	
چاند گہن پانچ تاریخ کو اور سورج گہن پندرہ کو	۹۶
ظہور سے قبل سرخ وسفید اموات	۹۶
ظہور سے قبل ایک تہائی آبادی ہوگی	۹۷
جب ساٹھ آدمی دعوئ نبوّت کرلیں گے	۹۹
تو قیامت آئے گی	
قیامت سے پہلے دس علامات	۱۰۰
مابینِ حیرہ وکوفہ قتلِ کثیر کا ہونا	۱۰۲
خراسانی، سفیانی اور یمانی سب ایک	۱۰۲
دن خروج کریں گے۔	
بنی فلاں کی حکومت کا زوال	۱۰۳
کوفے میں قتلِ عام	۱۰۴
موتِ احمر اور موتِ ابیض سے مراد	۱۰۵
علاماتِ ظہور	۱۰۶
چوبیس بارشیں	۱۰۷
بنی عبّاس کی حکومت کا زوال	۱۰۸
خروجِ سفیانی کے بعد امام قائمؑ کا ظہور ہوگا	۱۰۹
قزوین سے ایک شخص کا خروج	۱۰۹
فَرَجْ کی مجملاً علامت	۱۱۰
ظہور سے قبل خوشحالی کا سال ہوگا	۱۱۱
سفیانی کی مدّتِ حکومت	۱۱۱
سفیانی کا کوفے میں ورود	۱۱۲
علاماتِ ظہور	۱۱۳

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
مدّتِ اقتدارِ سفیانی۔ سفیانی نصرائی کے بھیس میں	۱۱۴
دریائے فرات میں شدید سیلاب	۱۱۴
خراسان سے سیاہ علم کوفے میں آئیں گے	۱۱۵
امام قائمؑ کا لشکرِ قلیل سارے مشرق و مغرب کو فتح کرلے گا۔	۱۱۵
آفتاب کے ساتھ ایک نشانی کا طلوع ہونا۔	۱۱۶
مسجدِ براثا	—
دجّال اور اُس کے ساتھیوں سے جنگ	۱۲۰
علاماتِ ظہور کی ایک فہرست	۱۲۱
اٰفَاقِ اور اَنفُس کی تفسیر	۱۲۴
آفتاب کا ٹھہر جانا اور اس میں ایک انسانی چہرے کا نمودار ہونا	۱۲۴
	—
آسمان سے ایک آگ اور سرخی کا نمودار ہونا	۱۲۵
اہلِ حق اور اہلِ باطل جدا کر دیے جائیں گے	۱۲۵
ظہور کی علامتیں	۱۲۶
مومنین اور منافقین چھانٹ کر الگ الگ کر دیے جائیں گے	۱۳۳
	—
قیامت کے دن لوگوں کی تقسیم	۱۳۴
حاملانِ عرش کے خون کے آنسو	۱۳۵
آسمان کی گردش کا مطلب	۱۳۶
ظہورِ قائم سے قبل لوگ بھوک اور خوف میں مبتلا ہوں	۱۳۸
	—
آیت "وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ" کی تفسیر	۱۳۸
ظہورِ قائم کی تین نشانیاں	۱۳۹
اعلانِ ظہور کے وقت ابلیسؑ کا اعلان	۱۴۰
چاند میں چہرے کا نمودار ہونا	۱۴۶

عنوانات	صفحہ نمبر
سفیانی، یمانی اور مروانی کا خروج	۱۴۷
حضرت امام قائمؑ سے قبل ہونا	—
خراسانی و سفیانی کا خروج	۱۵۰
ندائے آسمانی سنو تو فوراً دوڑ پڑو	۱۵۲
ظہور کی علامات، خوش بخت ہے وہ جو...	۱۵۲
ایک لاکھ جابروں کا قتل	۱۵۳
فلاں کی موت کے بعد غضب	۱۶۰
آیت "سَنُرِيهِمْ..." کی تفسیر	۱۶۱
آیت عَذَابَ الْخِزْيِ... کی تفسیر	۱۶۲
قبل از ظہور شدید گرمی	۱۶۳
علامتِ ظہور ۱۴ ماہِ رمضان کو سورج گہن	۱۶۴
آیت "سَالَ سَائِلٌ۔" کی تاویل	۱۶۴
مشرق سے ایک قوم حق طلب کرنے کیلئے خروج کرے گی	۱۶۴
	—
خراسانی خراسانی سجستانی سجستانی	۱۶۵
بیعتِ طفلِ خوردسال	۱۶۶
ظہور سے قبل ہر قوم کو حکومت کا موقع دیا جائے گا۔	۱۶۶
	—
وقتِ ظہور آبادی کا تناسب	۱۶۶
بارہ آدمیوں کا دعویٰ کہ ہم نے اُن کی زیارت کی ہے۔	۱۶۷
	—
جنگ قیس	۱۶۷
ظہور سے چند سال پہلے کا حال	۱۶۸
مقام قرقیسا میں خدائی دسترخوان	۱۶۸
امامؑ کو حکمِ ظہور اُن کے نام سے ہوگا	۱۶۹
آیت "اِذَا اخذت الارض..." کی تفسیر	۱۶۹

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
لشکرِ غضب سے مراد	۱۷۲
اُمور کچھ حتمی ہوتے ہیں اور کچھ غیر حتمی	۱۷۴
اَجَلِ محتوم اور اجلِ موقوف	۱۷۴
خروجِ سفیانی امرِ حتمی ہے	۱۷۵
خروجِ شیصبانی۔ بنی عبّاس کی از سرِ نو حکومت	۱۷۶
امرِ محتوم میں بداء ہے میعاد میں نہیں	۱۷۷
حکومتِ بنی عبّاس میں خروجِ سفیانی ہوگا	۱۷۸
بنی عبّاس اور مروانیوں میں جنگ	۱۷۸
سفیانی کا عہدِ حکومت صرف نو ماہ	۱۷۸
خروجِ سفیانی اور اُس کا حشر	۱۷۹
خروجِ یمانی اور سفیانی کی مثال	۱۸۰
لشکرِ سفیانی۔ سفیانی کا حلیہ اور اوصافِ رذیلہ کا ذکر	۱۸۲
علائمِ ظہورِ قدرے تفصیلاً	۱۸۲
علائم بزبانِ رسول اللہؐ	۱۹۶
بنی عبّاس کا زوال	۲۰۱
دنیا کا بُرا حال	۲۰۲
امام مہدیؑ سفیانی کو قتل کریں گے	۲۰۳
امام مہدیؑ، امام حسینؑ کی نویں پُشت میں ہوں گے	۲۰۳
از خطبۂ لُؤ لُؤ امیر المومنینؑ	۲۰۴
مطلعِ فجر اور مطلعِ آفتاب ایک ہی ہوتا ہے	۲۰۶
پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے	۲۰۷
شام میں تین جھنڈوں کا اجتماع	۲۰۸
حضرت محمّد حنفیہؑ سے روایت	۲۱۰
سفیانی انھیں گھاس کی طرح کاٹ ڈالے گا	۲۱۱
حیرہ اور کوفہ کے درمیان قتلِ عام	۲۱۲
اُس وقت جاتے امن مکّہ ہوگا	۲۱۳
عربی مہینوں کی خصوصیات	۲۱۴
صاحبِ منبرِ سلُونی نے فرمایا	۲۱۶
علائمِ ظہور بروایت سلمانِ فارسی	۲۲۲
دجّال کو سولی دی جائے گی	۲۲۴
حدیثِ معراج میں انکشافِ امر	۲۳۰
پہلے "حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا..."	
باب ۲۶	
حالاتِ یومِ ظہور	
ظہورِ امامؑ جمعہ کے دن ہوگا۔ سب سے پہلے	۲۳۲
حضرت جبرئیلؑ بیعت کریں گے	۲۳۲
حٰمٓ عٓسٓقٓ کی تفسیر۔ اس میں سنِ امامؑ	۲۳۳
قائمؑ پوشیدہ ہے	—
امام عصرؑ بوقتِ ظہور جوان ہوں گے،	۲۳۴
امامِ عصرؑ کی حکومت چالیس سال رہے گی	۲۳۴
صرف ایک شب میں اقتدار قائم ہوگا	۲۳۵
امامِ زمانہؑ کا بوقتِ ظہور ارشاد ہوگا	۲۳۶
آپؑ کا ظہور آفتاب سے زیادہ روشن ہوگا	۲۳۶
درحقیقت ہر امام قائم بامر اللہ ہے	۲۳۸
آیت "فَاِذَا نُقِرَ فِی النَّاقُوْرِ" کی تفسیر	۲۳۹
آیت "اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ" کی شانِ نزول	۲۴۰
" " " "	۲۴۱
" " " "	۲۴۲
" " " " کی تفسیر	۲۴۲
امامِ عصرؑ کے لیے بیعت نہیں ہے	۲۴۳
آپؑ کا ظہور بروزِ عاشور ہوگا	۲۴۳

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
سب سے پہلے جبرئیل بیعت کریں گے	۲۴۳
آپؑ کی فوج کے ہر سپاہی کی تلوار کے اوپر ایک کلمہ تحریر ہوگا	۲۴۴
ہر تلوار پر ہزار کلمے تحریر ہوں گے۔	۲۴۵
اصحابِ امامؑ کی بادلوں پر سواری	۲۴۵
آپؑ دیکھنے میں تیس سال کے معلوم ہوں گے	۲۴۶
لوگ تو امام عصرؑ کو کبیر السن خیال کریں گے	۲۴۶
ندائے آسمانی کیلئے ابوجعفر منصور کی روایت	۲۴۷
اصحابِ امام قائمؑ ہی اُمتِ معدودہ ہیں	۲۴۸
آفتاب سے ایک جسم نمودار ہوگا۔ اور۔۔۔	۲۴۹
۲۳ تاریخ کو نام کا اعلان۔ عاشورۂ محرم کو ظہور	۲۵۱
آسمان و زمین سے اعلان۔ اعلانِ جبرئیلؑ کو سب سُنیں گے	۲۵۲
امام قائمؑ کے تین نام، امام قائمؑ کی حکومت ۳۰۹ سال رہے گی	۲۵۳
امام قائمؑ کی مدتِ حکومت۔ آپؑ کا ظہور طاق سال میں ہوگا۔	۲۵۴
ظہور کے بعد تمام ممالک کے شیعہ آپؑ کے پاس جوق در جوق جمع ہوں گے	۲۵۴
آپؑ کی حیات پر شک کیا جائے گا	۲۵۵
امام قائمؑ ظہور کے بعد مندرجہ ذیل آیت کی تلاوت فرمائیں گے (الشعراء آیت ۲۱)	۲۵۵
ندائے آسمانی اور اعلانِ ابلیسی	۲۵۶
آسمانی ندا کا ذکر قرآن میں ہے۔ کتابِ جدید پر بیعت	۲۵۸
ندائے آسمانی سنکر لوگ بیعت کریں گے	۲۵۹
قبل از ظہور حتمی اُمور، شیطان بھی ندا کریگا	۲۶۰
علیؑ اور اُن کے شیعہ کامیاب ہیں، ندا	۲۶۰
اعلانِ حق سے کون متعارف ہوگا	۲۶۳
خبردار ہوجاؤ جنگ کیوں کرتے ہو، لوگ بھاگ کر حرم میں پناہ لیں گے	۲۶۴
لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ کی تفسیر	۲۶۴
امام کا نام لیکر ندا ہوگی، ظہور بروز عاشورا	۲۶۶
علاماتِ ظہور، شام میں فتنہ برپا ہوگا	۲۶۶
دمشق سے ایک آواز	۲۶۷
امام قائمؑ حجرِ اسود کے پاس کھڑے ہوں گے	۲۶۸
اعلانِ حق کی پہچان	۲۶۹
ندائے آسمانی، ابودوانیق کی روایت	۲۷۰
امام زمانہؑ کے پاس تبرکاتِ رسولؐ ہونگے	۲۷۱
حضرت زیدؑ بن علیؑ کے لیے حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا:	۲۷۳
ظہورِ قائمؑ سے قبل ہم میں سے خروج کرنے والا ہلاک ہوگا	۲۷۴
زمانۂ غیبت میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟	۲۷۵
پانچ کتابوں میں ایک سی روایت	۲۷۵
آیت سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا کی تفسیر	۲۷۶
وقتِ ظہور کی ایک خاص علامت	۲۷۶
بوقتِ ظہور امام زمانہؑ کی شان	۲۷۷
ظہور کی پانچ علامتیں	۲۷۸
دو طرح کی ندا ہوگی۔ جب تم صبح کے وقت اُٹھو گے تو۔۔۔	۲۷۹
آپ کے عَلَم کے پھریرے کی عبارت؟	۲۸۰

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
تمام بزرگوں کے وارث امام زمانہؑ ہیں	۲۸۰
امام زمانہؑ کے لیے براق لایا جائے گا	۲۸۲
مقام ذی طوٰی میں انتظار	۲۸۴
آنحضرتؐ امام قائمؑ کو کتاب جدید دیں گے	۲۸۴
امام قائمؑ کے لشکریوں کی شان	۲۸۶
بعد خروج عمل امام زمانہؑ	۲۸۸
یوم نوروز یوم ظہور امامؑ	۲۸۹
باب ۲۷	
سیرت و اخلاق امام زمانہؑ۔ تعداد اصحاب اور اُن کے حالات	
نظام زمینداری کا خاتمہ، تین جدید احکام کا نفاذ	۲۹۲
امام زمانہؑ کے ساتھ نو قبیلوں کے افراد ہوں گے	۲۹۲
عَلَم کا پھریرا اور تلوار امام زمانہؑ اللہ کے حکم سے گویا ہوں گے	۲۹۳
شب معراج امام قائمؑ کا تذکرہ	۲۹۶
امام حسینؑ کے دشمنوں کا قتل	۲۹۸
جفر احمر سے مراد	۲۹۹
مَنْ دَخَلَ كَانَ اٰمِنًا کی تفسیر	۳۰۰
حضرت امام قائمؑ کیلئے فرشتوں کا نزول	۳۰۰
حضرت محمدؐ رحمت ہیں اور قائمؑ نعمت ہیں	۳۰۲
امام قائمؑ وارث انبیاؑ ہیں	۳۰۲
حکومت امام قائمؑ کی ایک جھلک	۳۰۵
فضائل مسجد سہلہ اور امام قائمؑ کا قیام	۳۰۶
شیعہ کی اولاد پر حد سرقہ جاری ہوگی	۳۰۷
امام قائمؑ کی سربراہی میں جہاد	۳۰۷
امام قائمؑ اور کتاب و سنت	۳۰۸
امام قائمؑ جفر احمر پر عمل کریں گے	۳۰۹
امام قائمؑ کے پاس عصائے موسیٰؑ ہے	۳۱۰
آنحضرتؐ کی زرہ امام قائمؑ کے جسم پر ہوگی	۳۱۱
امام قائمؑ حضرت داؤدؑ کے مانند مقدمات کے فیصلے کیا کریں گے	۳۱۲
	—
امام زمانہؑ کے فیصلے	۳۱۲
امام زمانہؑ انبیاء کی طرح فیصلہ کریں گے	۳۱۳
سورہ رحمٰن آیت ۴۱ کی تفسیر	۳۱۴
امام زمانہؑ کی سواری میں ابر صعب ہوگا	۳۱۵
امام قائمؑ کی مخصوص سواری	۳۱۵
حضرت امام علی بن موسیٰ علیہ السلام کا حکم	۳۱۶
امام قائمؑ کی جسمانی قوت	۳۱۷
ذوالقرنین کی غیبت	۳۱۸
مساجد کے میناروں کی تعمیر بدعت ہے	۳۲۰
لشکر امام زمانہؑ کی تعداد	۳۲۰
آپؑ کے ظہور کا علم کیسے ہوگا	۳۲۱
مکّے سے نجف کی طرف امام قائمؑ کی روانگی	۳۲۲
امام قائمؑ صاحب معرفت ہوں گے	۳۲۳
اسلام میں دو خون ہیں، نصرت امام	۳۲۴
قائمؑ کیلئے فرشتوں کا نزول	〃
حضرت جبرئیل آپؑ کے علمبردار ہوں گے	۳۲۵
منبر کوفہ سے خطبہ امام زمانہؑ	۳۲۶
اصحاب امام قائمؑ کے فضائل	۳۲۷
اوصاف اصحاب امام قائمؑ	۳۲۸
امام قائمؑ کے پیش نظر دنیا کی مثال	۳۳۰
امام قائمؑ کے دست مبارک کا اعجاز	۳۳۰

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
مومنین قبروں میں ایکدوسرے کو ظہورِ امامِ زمانہؑ کی مبارکباد دیں گے	۳۳۱
امامِ قائمؑ کی نصرت غیر مسلم بھی کریں گے	۳۳۲
قبل از قیامت کوفے میں مومنین کا اجتماع	۳۳۳
مومنین کا کوفے میں اجتماع، کوفے کی آبادی میں توسیع	۳۳۴
لوگوں پر زبردست رقّت طاری ہوگی	۳۳۵
مسجدِ سہلہ امامِ قائمؑ کی قیام گاہ	۳۳۶
امامِ قائمؑ کو سلام کرنے کا طریقہ	۳۳۶
اصحابِ امامِ قائمؑ کی آزمائش مسجد الحرام اور مسجد الرسولؐ کی دوبارہ تعمیر	۳۳۷
وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ کی تفسیر، نیا نظامِ حکومت	۳۳۸
حدیثِ امیر المومنینؑ کا ایک جزو	۳۳۸
مسجدِ کوفہ کی از سرِ نو تعمیر	۳۳۹
اہلِ عرب کے لیے بدترین دور، امام قائمؑ کے اصحاب جوان ہوں گے	۳۴۱
بیعتِ امامؑ درمیانِ رکن و مقام	۳۴۲
آیت۔ يَأْتِ بِكُمُ اللَّهُ کی تفسیر (بقرہ ۱۴۸)	۳۴۲
ہم سے جنگ کرنے والا دجّال کا ساتھی	۳۴۳
زادِ سفر کے بدلے حجرِ موسیٰؑ ساتھ ہوگا	۳۴۳
بیمار شفا پائیں گے۔ اصحابِ قائمؑ کیسے ہوں گے؟	۳۴۴
ہمارے شیعوں کے اوصاف	۳۴۵
امام قائمؑ کی مسیحائی، شیعوں کی قوتِ سماعت و بصارت	۳۴۶
پورا علم ستائیس حروف پر مشتمل ہے	۳۴۶
بیرونِ کوفہ ایک مسجد کی تعمیر جسمیں ایکہزار دروازے ہوں گے	۳۴۸
آپؑ کے دورِ حکومت میں کوئی حاجتمند نہ ہوگا	۳۴۸
جبرئیلؑ سے پہلے بیعت کریں گے	۳۵۰
اہلِ قریش کا قتل، بنی شیبہ کے ہاتھ کاٹے جائیں گے	۳۵۱
فرقۂ تبریہ زیدیہ اور منافقوں کا قتل۔	۳۵۲
جدید احکامات جاری ہوں گے	۳۵۲
عدل و اسلام کا بول بالا ہوگا	۳۵۳
کوفے کی چار مساجد کا انہدام	۳۵۴
قرآن کی تعلیم تنزیل کے مطابق ہوگی	۳۵۵
مقدّمات کے فیصلے الہام کے ذریعے ہوں گے	۳۵۶
آپؑ کا دورِ حکومت اُنیس سال ہوگا	۳۵۶
بخدا اگر ہماری حکومت ہوتی تو.....	۳۵۷
"وَلَهُ أَسْلَمَ" کی شانِ نزول (آل عمران ۸۳)	۳۵۷
بہرحال اسلام قبول کرنا پڑیگا	۳۵۸
علاماتِ بعدِ ظہور	۳۵۹
امامِ زمانہؑ کچھ لوگوں کو زندہ کرکے قبروں سے برآمد کریں گے۔	۳۶۹
اسلام سارے ادیان پر غالب ہوگا	۳۷۰
بالآخر شرک و کفر کو ترک کرنا ہی پڑے گا	۳۷۱
امامِ قائمؑ اور اُن کے اصحاب کا مسکن	۳۷۱
امامِ قائمؑ میں چار انبیاءؑ کی شباہت	۳۷۲
ابدالِ شام اور اشرافِ عراق کا اجتماع	۳۷۲
امام قائمؑ کے ساتھ اہلِ عرب کی قلّت ہوگی	۳۷۳
شانِ ظہور اور خروج	۳۷۴
اہلِ قریش کا قتلِ عام۔ ایک فیصلہ	۳۷۶
خانۂ کعبہ کے لیے ایک نذر	۳۷۷

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
غارِ انطاکیہ سے کتبِ آسمانی برآمد کریں گے	۳۷۹
تابوتِ آدمؑ اور عصائے موسیٰؑ کے وارث	۳۸۰
امامِ زمانہ کی حکومت میں مہینے میں دو بار تنخواہ اور سال میں دو بونس ملیں گے	۳۸۱
منبرِ کوفہ پر سربمہر عہدنامہ سنانا	۳۸۲
آپؑ اسلام کو جدید انداز میں پیش کریں گے	۳۸۲
سیرتِ رسول اللہؐ اور سیرتِ قائمؑ میں فرق	۳۸۳
سیرتِ امامِ قائم علیہ السلام	۳۸۴
امامِ قائمؑ کے شیعہ تا ابد غالب رہیں گے	۳۸۴
اسلامی احکام کی تجدید ہوگی	۳۸۵
قتل کی ابتدا قریشیوں سے ہوگی	۳۸۵
امرِ جدید کے ساتھ ظہور۔ لباس اور غذا میں سادگی	۳۸۶
آپؑ کی غذا نانِ شعیر ہوگی	۳۸۶
آپؑ کا خوف ہر شئے پر طاری ہوگا	۳۸۷
قمیصِ رسولؐ امامِ قائمؑ کے جسم پر ہوگی	۳۸۸
تین سو تیرہ فرشتوں کا نزول	۳۸۹
ہر سپاہی کے لیے تلوار نازل ہوگی	۳۹۰
وہ دور بہت جانفشانی کا ہوگا	۳۹۳
اگر ائمہؑ کو حکومت ملتی۔ ۔ ۔ ۔ ؟	۳۹۴
علمِ رسولؐ کا پھریرا اوراقِ جنت کا ہوگا	۳۹۵
علمِ رسولؐ اللہ جبرئیلؑ لائیں گے	۳۹۷
تاویلِ قرآن پر جنگ ہوگی	۳۹۸
امام قائمؑ کو مزاحمتوں کا سامنا	۳۹۹
تاویلِ قرآن پر جہاد ہوگا۔ اہلِ مشرق و مغرب مخالفت کریں گے	۴۰۰
تیرہ[۱۳] شہروں کے لوگ اور قبیلے جنگ کریں گے	۴۰۱

عنوانات	صفحہ نمبر
مومنین کو قوت واپس دے دی جائے گی	۴۰۲
امامِ قائمؑ مسجدِ کوفہ کا قبلہ درست کریں گے	۴۰۲
از سرِ نو تعلیمِ قرآن۔ مسجدِ کوفہ میں عجمی قرآن کی تعلیم دیں گے۔	۴۰۳
اصحابِ امام قائمؑ کے خیمے مسجدِ کوفہ میں	۴۰۴
حکومتِ حق و باطل۔ اپنے ہاتھ کی ہتھیلی سے ہدایت حاصل کرو	۴۰۴
اہلِ حق اور باطل پرستوں میں علیحدگی ہوگی	۴۰۵
اُس وقت کیلئے بہر صورت تیار رہو تاکہ۔۔۔؟	۴۰۶
اسلام غربا سے چلا ہے اور خوشخبری ہے غربا کے لیے	۴۰۷
اوصافِ امام قائمؑ ناقابلِ بیان ہیں	۴۰۸
حضرت امیر المومنینؑ کا قول	۴۰۸
عَلَم رسولؐ اللہ کی خصوصیت	۴۰۹
رسول اللہؐ کا عَلَم مبارک امام قائم کے ساتھ ہوگا	۴۱۰
اصحابِ امامؑ بادلوں پر سوار ہو کر مکہ وارد ہوں گے	۴۱۱
اصحابِ امامؑ قائم کے اوصاف۔ مفقود دن کون ہیں	۴۱۲
آیت۔ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ۔ کی تفسیر	۴۱۳
تین سو تیرہ اولاد عجم ہوں گے	۴۱۴
ثنیہ ذی طویٰ میں نزولِ اجلال	۴۱۵
شیعہ نوجوانوں کا اجتماع	۴۱۵
آیت "فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰہ۔۔۔ کی تفسیر	۴۱۶
شیعہ شیر کے مانند بہادر ہوں گے	۴۱۶
حکمِ خدا کا صحیح نفاذ ہوگا	۴۱۷
ایک عجیب واقعہ	۴۱۷
حکومتِ امامِ قائم میں شیعوں کا اقتدار	۴۱۹

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
یہ دَورِ خاموشی کا ہے	۴۱۹
"امیر المومنینؑ" صرف حضرت علیؑ کے لیے مخصوص لقب ہے۔ (کسی اور امامؑ کیلئے نہیں)	۴۲۰
اللہ تعالیٰ کا وعدہ پورا ہوگیا۔ ناصبی امامِ قائمؑ کے دورِ حکومت میں۔ (تفسیر آیاتِ فرقان)	۴۲۱
بنی شیبہ کی سزا۔ امامِ قائمؑ کا پہلا عدل	۴۲۴
چھت دار مسجدیں۔ تصویر دار مسجدیں	۴۲۵
مسجدِ کوفہ کے وسط میں چار چشمے	۴۲۵
کوفے میں چار نئی مساجد تعمیر ہوں گی	۴۲۶
حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ کی طرح امامِ قائمؑ کے خلاف بھی خروج ہوگا۔	۴۲۷
ناصبیوں کے ساتھ کیا سلوک ہوگا	۴۲۸
امامِ قائمؑ کے ظہور کا اہم مقصد	۴۲۸
آپؑ کا مسکن مسجدِ سہلہ ہوگا	۴۲۹
ابلیس کی مہلت کا اختتام	۴۳۱
رجبہ سے کوفے کا دفینہ نکالا جائے گا	۴۳۱
آیت "فَلَمَّا اٰسَفُوْا ... خٰمِدِیْن" کی تشریح	۴۳۲
" وَیَکُوْنُ الدِّیْنُ ... لِلّٰہِ" کی تاویل	۴۳۳
امامِ قائمؑ ہر بدی کی نفی کریں گے۔ آپؑ کے اوپر سایۂ ابر ہوگا۔	۴۳۴
میرے بعد بارہ امام ہوں گے۔ بارہ ائمہؑ کے اسمائے گرامی۔ (الحدیث)	۴۳۵
سب سے آخری امام وہ ہوگا ..... مجھ سے سب سے زیادہ مشابہ ہوگا	۴۳۷
امامِ قائمؑ قریۂ یمن سے ظہور فرمائیں گے	۴۳۹
حضرت رسولِ خداؐ پر سلام کا مطلب	۴۴۰

عنوانات	صفحہ نمبر
مسجدِ سہلہ مسکنِ امامِ قائمؑ	۴۴۰
حضرت امامِ قائمؑ آنحضرتؐ کی سیرت پر عمل کریں گے۔	۴۴۲
ظہورِ امامِ قائمؑ کی روایات کو نزولِ حضرت عیسیٰؑ سے منسوب کر دیا گیا۔	۴۴۳
حضرت ادریسؑ کے صحیفے میں کیا تحریر ہے	۴۴۵
غیبت کی وجہ	۴۴۶
وقتِ ظہور کون ثابت قدم رہے گا	۴۴۷
کوفے میں مومنین کا اجتماع	۴۴۷
مجھے وہ مقام زیادہ پسند ہے جہاں ....؟	۴۴۸
امامِ قائمؑ اس کو شکست دیں گے۔ دو جھاؤ کے درختوں کو نکال کر جلائیں گے	۴۴۸
چہار دیواری کا انہدام	۴۴۹
حکومتِ امامؑ، آپؑ کے اصحاب کے اوصاف	۴۵۰
عہد نامۂ رسولؐ آپؑ کی جیب میں ہوگا	۴۵۱
دشمنوں سے آپؑ کا برتاؤ کیا ہوگا؟	۴۵۲
سفیانی بیعت کے پھر جائے گا۔	۴۵۳
چھ لاکھ اہلِ روم اسلام قبول کر لیں گے	۴۵۵
آپ نیکوکار اور بدکار کو پہچان لیں گے۔ نبی اور امام کی وحی میں فرق۔ تلوار کے سوا کچھ نہ ہوگا	۴۵۷
اراضی کا صحیح مصرف	۴۵۸
دیوار گوش دارد۔ آپؑ کی مدتِ حکومت میں اضافہ۔	۴۵۹
ستر ہزار صدیقین آپؑ کے ساتھ ہوں گے	۴۶۰
ذریعۂ مواصلات	۴۶۱
امامِ قائمؑ کی سواری کا گھوڑا۔ حضرت حجتؑ کی دعاء	۴۶۲

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
باب ۲۸	
ظہورِ امامؑ کے وقت کیا ہوگا؟	۴۶۸
تمام انبیاءؑ کا دین اسلام ہی تھا	۴۷۲
شریعتیں چار ہیں	۴۷۴
یہود، نصاریٰ اور صابئی کے معانی	۴۷۵
امام قائمؑ صحفِ آسمانی کی تلاوت کریں گے	۴۸۳
ظہورِ دابہ، دو بھائیوں کے مُنہ پھر جانیکا قصہ	۴۸۴
کعبہ اور کربلا کی منزلت	۴۸۹
مدینہ منورہ میں آمد امام قائمؑ	۴۹۰
امام قائمؑ کی کوفہ کی طرف روانگی	۴۹۱
سفیانی ذبح کردیا جائیگا	۴۹۳
رجعت امام حسینؑ اور دیگر اصحاب	۴۹۳
رجعت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۴۹۴
رجعت حضرت سید الاکبر حضرت رسولِ خداؐ	۴۹۵
مصائب جناب فاطمہؑ زہرا و امیر المومنینؑ	۴۹۷
رجعت کا ذکر قرآن میں ہے	۵۰۴
اللہ نے متعہ کو اپنی کتاب میں حلال قرار دیا ہے	
باب ۲۹	
زمانہ رجعت امام قائمؑ	

عنوانات	صفحہ نمبر
رجعت صرف مومن خالص اور مشرکین کے لیئے ہے	۵۱۸
حضرت رسولِ خداؐ اور حضرت امیر المومنینؑ کی رجعت	〃
جبت و طاغوت کا ذکر چھوڑو	۵۱۹
سوال رجعت قبل از وقت ہے	〃
ہر مومن کیلئے رجعت ہے	۵۲۰
اہلِ عراق منکرین رجعت ہیں	〃
حمران بن اعین اور میسر بن عبدالعزیز کی رجعت	〃
"قتل فی سبیل اللہ" سے مُراد	۵۲۱
تمام انبیاءؑ رجعت فرمائینگے	۵۲۲
یٰٓاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ کی تفسیر	۵۲۳
قیامت سے پہلے دوبارہ حیات اور پھر موت	۵۲۴
لشکر امیر المومنینؑ اور لشکر ابلیس میں جنگ	〃
حضرت امام حسینؑ اور حساب خلق	۵۲۷
سب سے پہلے حضرت امام حسینؑ رجعت فرمائیں گے	〃
ہر شخص کی حقیقت سامنے آجائیگی	۵۲۸
ہر مظلوم اپنا قصاص لے گا	〃
زمانہ رجعت میں حکومت آئمہؑ	۵۳۰
امیر المومنینؑ صاحبِ کرامات و درجات ہیں	۵۳۱
وَلَهٗٓ اَسْلَمَ.....كَرْهًا.. کی تفسیر	۵۳۱

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
حضرت علیؑ زمانۂ رجعت میں	۵۳۷
آنحضرتؐ پر زمانۂ رجعت میں سب ایمان لائیں گے۔	۵۳۸
رجعت پر کچھ لوگ ایمان رکھتے ہیں	۵۴۰
زمانۂ رجعت میں لوگ ظلم کا فدیہ دینگے	〃
زمانۂ رجعت میں ہر قوم کے کچھ لوگ محشور ہوں گے	۵۴۱
زمانۂ رجعت میں ناصبیوں کا حال	۵۴۱
معذب اقوام کی رجعت نہیں	۵۴۲
دابۃ الارض سے مراد حضرت امیرالمومنینؑ ہیں	〃
آئمہ طاہرین علیہم السلام آیاتِ الٰہی ہیں	۵۴۶
قرآن مجید میں حضرت موسیٰؑ و فرعون کا قصہ	〃
حضرت رسول اللہؐ بھی رجعت فرمائینگے	۵۵۱
عذاب الادنیٰ سے مُراد	۵۵۲
زمانۂ رجعت میں ایمان لانا مفید نہ ہوگا	〃
بنی اُمیہ کی رجعت	〃
کلمہ باقیہ کی تفسیر اور دُخان مبین کی تفسیر	۵۵۳
یہ تو رجعت ہی میں پتہ چلے گا	۵۵۶
کافروں کو تھوڑی مہلت دے دو	۵۵۷
رسول اللہؐ کا آخری دور رجعت ہوگا	۵۵۸
حدیث رسولؐ ہے کہ اے علیؑ	۵۵۹
رجعت حق ہے۔ امام رضاؑ	〃
ماہ جمادی و رجب کے درمیان عجائب کا ظہور ہوگا۔	۵۶۰
حضرت امیرالمومنینؑ نے فرمایا	۵۶۰
مُردے قبروں سے نکل کر کفار کو قتل کرینگے	۵۶۱

عنوانات	صفحہ نمبر
آیۂ رجعت اور آیۂ قیامت	۵۶۲
زمانۂ رجعت میں آئمہ طاہرین سے وعدۂ الٰہی پُورا ہوگا۔	۵۶۳
آیۂ رجعت	۵۶۵
حضرت امام حسینؑ نے قبل از شہادت اپنے اصحاب کو رجعت کی تفصیل بتائی	〃
ایام اللہ تین ہیں	۵۶۹
مومن کے لیئے قتل اور موت دونوں ہیں	〃
زمانۂ رجعت کی زندگی زیادہ طویل ہوگی	۵۷۲
وعدۂ خدا رجعت میں پُورا ہوگا	〃
موت اور قتل میں فرق	۵۷۳
مومن کیلئے قتل اور موت دونوں ہیں	۵۷۵
اے قریش اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا؟	〃
رجعت میں کون اندھا ہوگا؟	۵۷۶
بنی اسرائیل میں ایک شخص کی رجعت	۵۷۷
شبِ معراج رجعت پر گفتگو	۵۷۸
ہمارا امر مشکل بلکہ دُشوار ترین ہے۔	۵۸۰
رجعت میں بھی حضرت علیؑ امیر خلائق ہوں گے۔	۵۸۳
رجعت میں کون لوگ ہوں گے؟	۵۸۵
رجعت سے قدریہ انکار کرتے ہیں	۵۸۶
حضرت امیرالمومنینؑ سے پوچھا گیا کہ	۵۸۷
حضرت امیرالمومنینؑ کی بار بار رجعت	۵۹۲

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
صِدّیق اَنتَ	۵۹۴
اِمام رضاؑ سے پوچھا گیا	۵۹۵
سب سے پہلے حضرت امام حسینؑ اور یزیدؑ کی رجعت ہوگی	۵۹۶
حضرت علیؑ سے وعدہ رجعت قرآن میں	۵۹۷
رجعت میں اہلِ بیتؑ علیؑ جمع ہوں گے	〃
عبداللہ بن شریک کی رجعت	〃
اسمٰعیل بن جعفر کی رجعت	۵۹۸
اصبغ بن نباتہ کی آخری روایت ہے	〃
داؤد رقّی اور رجعت	۵۹۹
عجیب وغریب واقعہ	〃
حضرت امیرالمومنینؑ کا خطبۂ مخزون	۶۰۰
ترجمہ خطبۂ مخزون	۶۱۰
"صبر کرو" زمانۂ رجعت میں ظالم افسوس کریں گے	۶۲۳
وعدۂ آخرت سے مُراد	۶۲۴
امام حسینؑ کے اصحاب کی شانِ رجعت	〃
رجعت میں میرے اہلبیتؑ کا اجتماع	۶۲۵
دجّال کے دوستوں سے جنگ کی مثال	〃
جناب فاطمہ زہراؑ کا انتقام لیا جائیگا	۶۲۶
جمادی ورجب میں بارش	〃
امامؑ کے ساتھ مالک اشتر بھی ہونگے	۶۲۷
کرۂ آفتاب میں اِنسانی جسم	۶۲۸
ہر مومن کی قبر میں کوئی جاکر کہے گا	〃
زیارت جامع وزیارت وداع میں رجعت کا ذکر	〃

عنوانات	صفحہ نمبر
زیارت اربعین میں رجعت کا ذکر	۶۲۹
رجعت کا منکر ہم میں سے نہیں ہے	۶۳۰
ایک گروہ شیعہ کی رجعت	〃
رجعت آئینۂ قرآنی میں	۶۳۲
زیارت حضرت امام حسینؑ میں رجعت کا بیان	۶۳۳
زیارت حضرت عباس میں رجعت کا ذکر	۶۳۴
حسین بن رَوح سے منقول زیارت میں رجعت	〃
تیسری شعبان کی زیارت میں رجعت	〃
زیارتِ سرداب میں رجعت کا ذکر	۶۳۵
ایک دوسری زیارت میں بھی ذکر رجعت	〃
ایک اور زیارت میں رجعت کا بیان	۶۳۶
امامِ زمانہ کے لشکر میں شرکت کی دُعا	〃
دُعائے عہد	۶۳۶
ترجمہ دُعائے عہد	۶۳۸
آنحضرتؐ اور قبور آئمہؑ کی زیارت میں ذکر رجعت	۶۴۰
قبض رُوحِ مومن اور رجعت	۶۴۱
امیرالمومنینؑ نے ارشاد فرمایا؟	۶۴۲
زیارتِ امام حسینؑ میں رجعت کے فقرے	〃
ابوحمزہ ثمالی کی روایت	۶۴۳

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
عروۃ عقرقوفی کی روایت	۶۴۴
دعاءِ یوم دحو الارض میں رجعت کا ذکر	״
قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَا اَكْفَرَهٗ کی تاویل	۶۴۵
دابۃ الارض سے مراد	۶۴۶
امام قائمؑ کے بعد امام حسینؑ کی رجعت	۶۴۷
منتصر اور سفاح سے مُراد	״
حضرت امیر المومنینؑ کا ارشاد کہ میں.... میں قسیم الجنۃ والنار ہوں	۶۴۸ ״
اللہ حق کو اہلِ حق کی طرف پلٹائیگا	۶۴۹
رجعت امام حسینؑ کی خبر	״
عذاب رجعت کی خبر سورہ طور میں ہے	۶۵۱
آیت سورہ قلم کی تفسیر	۶۵۲
سورہ مدثر کی تفسیر	״
رجعت رسول اللہؐ و امیر المومنینؑ و مدتِ حکومت	״
حضرت اسماعیلؑ بن حزقیل کی آرزوئے رجعت	۶۵۶
قبر امام حسینؑ پر ملائکہ رجعت کے منتظر ہیں۔	۶۵۸
یَوْمَ نَرْجُفُ الرَّجِفَةُ کی تاویل	۶۶۰
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ کی تفسیر	۶۶۱
مومن طاق اور ابو حنیفہ کی حکایت رجعت	״
ذوالقرنین کی تعریف	۶۶۲
اِنْ بِشَآ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ کی تفسیر	۶۶۴
رجعت کی مخصوص آیت	۶۷۸

عنوانات	صفحہ نمبر
رجعت امام حسین علیہ السلام	۶۷۸
رجعت پر گواہی	۶۸۰
رجعت کیلئے اللہ کا وعدہ	״
قرآن میں رجعت کا ذکر	۶۸۱
عذاب کے ساتھ	
دابۃ الارض سے مراد	۶۸۲
رجعت پر ایمان نہ رکھنے والے	״
وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا کی تفسیر	۶۸۳
منکرین رجعت کیلئے قرآنی آیت سے رَد	״
امیر المومنینؑ نے فرمایا: "میں صاحبِ عصا و میسم ہوں"	۶۸۵
میں بار بار رجعت کرنے والا ہوں	۶۸۶
میری ذریت کے ذریعہ نصرتِ مومنین	״
اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ کی تفسیر	״
فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ کی تفسیر	۶۸۷
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ کی تفسیر	۶۸۸
وعدے کے دن سے مراد رجعت ہے۔	״
رجعت کا مکذب	״
اس آیت کا مطلب جابرؓ کو معلوم ہے	
جابرؓ سدا اس آیت کی تلاوت کرتا ہے۔	۶۸۹
مومن کی سند رجعت پر ایمان ہے۔	״
نوٹ: مؤلف کا خیال بابت رجعت	
رجعت متواتر احادیث سے ثابت ہے۔	۶۹۱
وہ علماء و ثقات شیعہ جنہوں نے	״

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عنوانات	صفحہ نمبر
رجعت کے متعلق احادیث جمع کی ہیں مثلاً :	۶۹۱
وہ علماء جنہوں نے رجعت پر کتابیں لکھیں	۶۹۲
زمخشری اور حدیث دابہ	۶۹۷
شیخ صدوق اور رجعت پر قرآن سے دلائل	۶۹۸
سید مرتضیٰ علم الہدیٰ کے رجعت پر دلائل	۷۱۲
سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ اور بحث رجعت	۷۱۳
رجعت کے متعلق حضرت سلمان فارسیؓ کی روایت	۷۱۸
باب ۳۰	
امام قائمؑ کے بعد ایک شخص تین سو سال حکومت کرے گا۔	۷۲۵
قیامت سے چالیس دن قبل امام قائمؑ کی رحلت	〃
خروجِ منتصر و سفاح اور ان سے مُراد	۷۲۷
بارھویں امامؑ کے بعد اُن کے فرزند پہلے مہدیؑ ہونگے	۷۲۹
امام قائمؑ کے بعد بارہ مہدیؑ ہونگے	۷۳۰
مسجد سہلہ منزلِ امام قائمؑ ہوگی	〃
باب ۳۱	
اہلِ قُم کا ایک خط توقیع کی تصدیق کیلئے	۷۳۴
وہ نسخۂ کتاب جو اہلِ قُم نے توثیق کے لیئے روانہ کیا تھا۔	۷۳۶
حضرت امام زمانہؑ کی خدمت میں ایک اور خط	۷۴۰
چند مسائل جو ۳۰۸ھ میں دریافت کئے گئے۔	۷۴۵

عنوانات	صفحہ نمبر
زیارت امام زمانہ علیہ السّلام	۷۵۷
بارہ رکعت نماز زیارت امام زمانہؑ	۷۶۴
شیخ مفید کے نام امام زمانہ کا ایک خط	〃
〃 〃 〃 〃 〃 دوسرا خط	
یہ توقیع اُن لوگوں کے لیئے برآمد ہوئی جو امام زمانہؑ کے وجود میں شک کرتے تھے۔	۷۷۲
اسحٰق بن یعقوب کے مسائل کے جوابات	۷۷۵
ابوالحسین محمد بن جعفر اسدی کے چند مسائل	۷۷۹
مالِ امامؑ جو کسی پر حرام ہو	۷۸۲
مجمع میں میرا نام نہ لیا جائے	۷۸۳
میرا نام ظاہر نہ کرو	〃
سورۂ سبا کی آیت کی وضاحت	۷۸۳
محمد بن ابراہیم مہزیار کو تنبیہ	۷۸۴
جعفر بن حمدان کے مسائل	۷۸۶
دُعا بزمانۂ غیبتِ امام زمانہؑ	۷۸۷
عمری اور اُن کے فرزند کے نام	۷۹۷
ایمانِ ابوطالبؑ بحساب جمل	۸۰۰
جعفر بن علی کا دعویٰ امامت اور	۸۰۱
حضرت امام زمانہؑ کی طرف سے توقیع	۸۰۷
ابوالحسن خضر بن محمد کے چند مسائل	〃

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار

باب ۲۳

بست و سوم

غیبتِ کبریٰ میں دیدارِ امامؑ کے دعوے کا رد

ANSAR

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باب ۲۳

غیبتِ کبریٰ میں دیدارِ امامؑ کے دعوے دار

(۱) آخری توقیعِ امامِ زمانہ علی بن محمدؒ کے نام

ابوالحسن سمری کے پاس (حضرت امام قائم علیہ السلام کی طرف سے) ایک توقیع (تحریر) آئی جس کا مضمون مندرجہ ذیل ہے:

"یَا عَلِیَّ بْنَ مُحَمَّدَ السَّمُرِیَّ! اِسْمَعْ! اَعْظَمَ اللّٰہُ اَجْرَ اِخْوَانِکَ فِیْکَ فَاِنَّکَ مَیِّتٌ مَا بَیْنَکَ وَبَیْنَ سِتَّۃِ اَیَّامٍ فَاجْمَعْ اَمْرَکَ وَلَا تُوْصِ اِلٰی اَحَدٍ یَقُوْمُ مَقَامَکَ بَعْدَ وَفَاتِکَ فَقَدْ وَقَعَتِ الْغَیْبَۃُ التَّامَّۃُ فَلَا ظُہُوْرَ اِلَّا بَعْدَ اِذْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی ذِکْرُہٗ۔ وَذٰلِکَ بَعْدَ طُوْلِ الْاَمَدِ وَقَسْوَۃِ الْقُلُوْبِ وَامْتِلَاءِ الْاَرْضِ جَوْرًا۔ وَسَیَاْتِیْ مِنْ شِیْعَتِیْ مَنْ یَّدَّعِی الْمُشَاہَدَۃَ قَبْلَ خُرُوْجِ السُّفْیَانِیِّ وَالصَّیْحَۃِ فَہُوَ کَذَّابٌ مُفْتَرٍ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔"

(اے علی بن محمد سمری سنو! اللہ تعالیٰ تمہاری وفات پر تمہارے بھائیوں کو صبر کا عظیم ثواب عطا فرمائے۔ اِس لیے کہ اب تمہاری موت چھ میں واقع ہو جائے گی لہٰذا تم اپنے تمام کام سمیٹ لو۔ اور آئندہ اپنی وفات کے بعد کے لیے کسی کو اپنا قائم مقام مقرر کرنے کی وصیت نہ کرنا۔ کیونکہ اب غیبتِ تامّہ واقع ہو چکی ہے، اور بغیر حکمِ خدا کے اب ظہور نہ ہوگا اور وہ بھی ایک طویل عرصے کے بعد، جب لوگوں کے دل سخت ہو جائیں گے اور زمین ظلم و جور سے بھر جائے گی اور آئندہ میرے شیعوں میں سے کچھ لوگ مجھے دیکھنے کا دعویٰ کریں گے لیکن جو شخص خروجِ سفیانی سے قبل مجھے دیکھنے کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا اور مفتری ہے۔)

(اور نہیں ہے کوئی طاقت اور نہیں ہے کوئی قوت سوائے اللہ بزرگ و برتر کی مدد کے۔)

(احتجاج طبرسیؒ)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ حسن بن احمد مکتب سے بھی اسی کے مثل روایت نقل ہوئی ہے۔
(اکمال الدین)

نوٹ : شاید اس روایت میں نیابت و سفارت کے ساتھ مشاہدہ اور رویت مراد ہے۔ ورنہ بیشمار روائتیں ایسی ہیں جن میں لوگوں نے امام قائمؑ کی زیارت کا شرف حاصل کیا ہے۔

۲ امامِ قائمؑ ایامِ حج میں

ابی اور ابنِ ولید اور ابنِ متوکل اور ماجیلویہ اور عطار سب نے محمد عطار سے اُنھوں نے فزاری سے، اُنھوں نے اسحاق بن محمدؐ سے، اُنھوں نے یحییٰ بن مثنیٰ سے، اُنھوں نے ابنِ بکیر سے، اُنھوں نے عبید بن زرارہ سے روایت بیان کی ہے اُس کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا:

"یُفْقَدُ النَّاسَ اِمَامَهُمْ فَیَشْهَدُهُمُ الْمَوْسَمَ فَیَرَاهُمْ وَلَا یَرَوْنَهُ۔"

(لوگ اپنے امام کو گم کیے ہوئے ہوں گے۔ امام حج کے موقع پر لوگوں کو دیکھیں گے مگر اُن کو کوئی نہ دیکھ سکے گا۔)
(اکمال الدین)

★ ابی نے سعد سے، سعد نے فزاری سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (غیبۃ طوسی)

★ مظفر علوی نے ابنِ عیاشی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے جبرئیل بن احمد سے، اُنھوں نے موسیٰ بن جعفر بغدادی سے، اُنھوں نے حسن بن محمد صیرفی سے، اُنھوں نے یحییٰ بن مثنیٰ سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔ ——— (غیبۃ طوسیؒ)

★ ایک جماعتِ "رواۃ" نے تلعکبری سے، اُنھوں نے احمد بن علی سے اُنھوں نے اسدی سے، اُنھوں نے سعد سے، اُنھوں نے فزاری سے اسی کے مثل روایت کی ہے ——— (غیبۃ طوسیؒ)

★ محمد بن ہمام نے جعفر بن محمد بن مالک سے، اُنھوں نے حسن بن محمد صیرفی سے، اُنھوں نے یحییٰ بن مثنیٰ سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (غیبۃ نعمانی)

★ کلینی نے محمد عطار سے (اُنھوں نے جعفر بن محمدؐ سے، اُنھوں نے اسحاق بن محمد) سے اسی کے مثل روایت کی ہے ——— (غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ کلینی نے حسن بن محمدؒ سے، اُنھوں نے جعفر بن محمد سے، اُنھوں نے قاسم بن اسماعیل سے، اُنھوں نے یحییٰ بن مثنّیٰ سے اسی کے مثل روایت کی ہے ——————— (غیبتِ نعمانی)

(۳) حضرت خضرؑ دورِ غیبت میں امامِ قائمؑ کیلئے مونسِ تنہائی ہیں

منظفرؒ علوی نے ابنِ عیاشی سے اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے جعفر بن احمد سے اُنھوں نے ابنِ فضّال سے، اُنھوں نے حضرت امام رضا علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے

قَالَ ؑ: " اِنَّ الْخِضْرَ شَرِبَ مِنْ مَاءِ الْحَيَاةِ فَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ حَتّٰى يُنْفَخَ فِي الصُّورِ وَ اِنَّهُ لَيَأْتِينَا فَيُسَلِّمُ عَلَيْنَا فَنَسْمَعُ صَوْتَهُ وَلَا نَرٰى شَخْصَهُ وَ اِنَّهُ لَيَحْضَرُ حَيْثُ ذُكِرَ فَمَنْ ذَكَرَهُ مِنْكُمْ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ وَ اِنَّهُ لَيَحْضُرُ الْمَوَاسِمَ فَيَقْضِي جَمِيعَ الْمَنَاسِكِ وَيَقِفُ بِعَرَفَةَ فَيُؤَمِّنُ عَلٰى دُعَاءِ الْمُؤْمِنِينَ وَ سَيُؤْنِسُ اللّٰهُ بِهِ وَحْشَةَ قَائِمِنَا عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي غَيْبَتِهِ وَ يَصِلُ بِهِ وَحْدَتَهُ "

آپؑ نے فرمایا: (حضرت خضر علیہ السّلام نے آبِ حیات پیا اور وہ زندہ ہیں اور نہیں مریں گے جبتک کہ صور پھونکا جائے گا۔ وہ برابر آیا کرتے ہیں اور ہمیں سلام کرتے ہیں۔ ہم اُن کی آواز سنتے ہیں اُن کو دیکھتے نہیں۔ تم لوگوں پر لازم ہے کہ جب اُن کا تذکرہ کرو تو علیہ السّلام کہا کرو۔ وہ حج کے موقع پر بھی جاتے ہیں اور تمام مناسکِ حج بجالاتے ہیں۔ مقامِ عرفات پر وقوف کرتے ہیں اور مومنین کی دعاؤں پر آمین کہتے ہیں اور اُن ہی کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ ہمارے قائم علیہ السّلام کے زمانۂ غیبت میں اُن دل بہلائیں گے اور تنہائی میں وہ اُن سے ملاقات کرتے رہیں گے۔) (اکمال الدین)

(۴) آپؑ ہر سال فریضۂ حج ادا کرتے ہیں

ابنِ متوکّل نے حمیری سے، اُنھوں نے محمد بن عثمان عمری سے روایت کی ہے اُن کا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"وَاللّٰہِ اِنَّ صَاحِبَ ھٰذَا الْاَمْرِ یَحْضُرُ الْمَوْسِمَ کُلَّ سَنَۃٍ فَیَرَی النَّاسَ وَیَعْرِفُھُمْ وَیَرَوْنَہٗ وَلَا یَعْرِفُوْنَہٗ۔"

محمد عمری کہتے ہیں (خدا کی قسم، حضرت صاحب الامر علیہ السلام ہر سال حج کے لیے تشریف لاتے ہیں، وہ سب کو دیکھتے ہیں اور پہچانتے ہیں اور ان کو بھی سب دیکھتے ہیں لیکن پہچانتے نہیں ہیں (کہ یہ امام قائمؑ ہیں)۔

(اکمال الدین)

۵ صاحب الامر کیلئے دو غیبتیں ہونگی

روایت کی ہے احمد بن ادریس نے علی بن محمدؑ سے، انھوں نے فضل بن شاذان سے، انھوں نے عبداللہ بن جبلہ سے، انھوں نے عبداللہ بن مستنیر سے، انھوں نے مفضل بن عمر سے اور مفضل کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپؑ نے فرمایا:

"اِنَّ لِصَاحِبِ ھٰذَا الْاَمْرِ غَیْبَتَیْنِ اِحْدٰاھُمَا تَطُوْلُ حَتّٰی یَقُوْلُ بَعْضُھُمْ مَاتَ، وَیَقُوْلُ بَعْضُھُمْ قُتِلَ، وَیَقُوْلُ بَعْضُھُمْ ذَھَبَ حَتّٰی لَا یَبْقٰی عَلٰی اَمْرِہٖ مِنْ اَصْحَابِہٖ اِلَّا نَفَرٌ یَسِیْرٌ لَا یَطَّلِعُ عَلٰی مَوْضِعِہٖ اَحَدٌ مِّنْ وُّلْدِہٖ وَلَا غَیْرِہٖ اِلَّا الْمَوْلَی الَّذِیْ یَلِیْ اَمْرَہٗ۔"

(اس صاحب الامرؑ کے لیے دو غیبتیں ہیں اُن میں سے ایک غیبت بہت طویل ہوگی اتنی طولانی ہوگی کہ کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ مر گئے، کچھ کہیں گے وہ قتل ہو گئے، کچھ کہیں گے وہ کہیں چلے گئے اور اب اُن کے اصحاب میں سے چند لوگ باقی ہیں جو اُن کی امامت کے قائل ہیں۔ اپنا پرایا کوئی نہیں جانتا کہ اُن کی جائے رہائش کہاں ہے سوائے اُن کے خادم کے جو اُن کی خدمت پر مامور ہے۔)

(غیبۃ طوسی)

★ کلینی نے محمد بن یحییٰ سے، انھوں نے احمد بن محمدؑ سے، انھوں نے حسین بن سعید سے، انھوں نے ابن ابوعمیر سے، انھوں نے ہشام بن سالم سے، انھوں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے روایت کی ہے اور ہم سے بیان کیا قاسم بن محمد بن حسین بن حازم نے۔ انھوں نے عیسیٰ بن ہشام سے انھوں نے ابن مستنیر سے انھوں نے مفضل سے مفضل آنجنابؑ سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔[1]

[1] غیبۃ نعمانی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۶ بہترین جائے قیام طیبہ ہے

اِنہی اسناد کے ساتھ مفضّل سے، اُنھوں نے ابنِ ابی نجران سے، اُنھوں نے علی بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے، اور ابوبصیر نے حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"لَابُدَّ لِصَاحِبِ هٰذَا الْاَمْرِ مِنْ عُزْلَةٍ وَلَابُدَّ فِي عُزْلَتِهٖ مِنْ قُوَّةٍ وَمَا بِثَلَاثِيْنَ مِنْ وَحْشَةٍ وَنِعْمَ الْمَنْزِلُ طَيْبَةُ"

(اس صاحب الامر کے لیے عزلت و گوشہ نشینی لازمی ہے اور اسی گوشہ نشینی میں قوّت لازمی ہے۔ صرف تیس آدمی اُن کی تنہائی میں مونس ہوں گے اور بہترین جائے قیام طیبہ (مدینہ) ہے۔)

(غیبتہ طوسی)

۷ مقامِ روحاء کا سنہرا پہاڑ

ابنِ ابوجیّد نے ابنِ ولید سے، اُنھوں نے صفّار سے، صفّار نے ابنِ معروف سے اُنھوں نے عبداللہ بن حمدویہ بن برار سے، اُنھوں نے ثابت سے، ثابت نے اسماعیل سے اُنھوں نے عبدالاعلیٰ آلِ سام کے غلام سے روایت کی ہے اس کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کے ساتھ سفر کیلئے گیا۔ جب ہم لوگ مقامِ روحاء پہنچے تو آپؑ نے وہاں ایک سنہری پہاڑی کو دیکھ کر فرمایا

"تَرٰى هٰذَا الْجَبَلَ؟ هٰذَا جَبَلٌ يُدْعٰى رَضْوٰى مِنْ جِبَالِ فَارِسَ اَحَبَّنَا فَنَقَلَهُ اللّٰهُ اِلَيْنَا، اَمَا اِنَّ فِيْهِ كُلَّ شَجَرَةٍ مُطْعِمَةٍ وَنِعْمَ اَمَانٌ لِلْخَائِفِ مَرَّتَيْنِ اَمَا اِنَّ لِصَاحِبِ هٰذَا الْاَمْرِ فِيْهِ غَيْبَتَيْنِ وَاحِدَةٌ قَصِيْرَةٌ وَالْاُخْرٰى طَوِيْلَةٌ"

(تم اس پہاڑ کو دیکھتے ہو؟ اِس پہاڑ کا نام جبلِ رضوی ہے جو فارس کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ تھا، اس نے ہماری محبّت کا اظہار کیا تو اللہ تعالیٰ نے اِس کو وہاں سے یہاں منتقل کر دیا۔ دیکھو، اِس پر ہر درخت ثمردار ہے اور یہ ایک خائف کے لیے بہترین جائے امان قرار پائے گا، اِس لیے کہ صاحبِ امرؑ کی دو غیبتیں ہوں گی، ایک غیبتِ قصیر (صغریٰ)، دوسری غیبتِ طویل (کبریٰ)۔

(غیبتہ طوسی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۸ دوسری غیبت کے بعد ظہور ہوگا

فضل بن شاذان نے عبداللہ بن جبلہ سے، اُنھوں نے سلمہ بن جناح حبنی سے اُنھوں نے حازم بن حبیب سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا:

"یا حازم! اِنَّ لِصَاحِبِ هٰذَا الْاَمْرِ غَیْبَتَیْنِ یَظْهَرُ فِی الثَّانِیَةِ اِنْ جَاءَكَ مَنْ یَقُوْلُ اِنَّهٗ نَفَضَ یَدَهٗ مِنْ تُرَابِ قَبْرِهٖ فَلَا تُصَدِّقْهُ"

(اے حازم! اس صاحب امر کے لیے دو غیبتیں ہیں اور وہ دوسری غیبت کے بعد ظہور کریں گے۔ اگر کوئی شخص تمھارے پاس آکر یہ کہے کہ میں نے ان کی قبر کی خاک سے اپنا ہاتھ آلودہ کیا ہے تو اس کو سچ نہ سمجھنا۔) (غیبۃ طوسی)

۹ حضرت یوسفؑ سے مشابہت

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ علوی سے، اُنھوں نے احمد بن حسین سے، اُنھوں نے احمد بن ہلال سے، اُنھوں نے ابنِ ابونجران سے، اُنھوں نے فضالہ سے، اُنھوں نے سدیر صیرفی سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سُنا۔ آپؑ نے فرمایا:

"اِنَّ فِی صَاحِبِ هٰذَا الْاَمْرِ لَشَبَهًا مِنْ یُوْسُفَ"

(اِس صاحبِ امر میں حضرت یوسف علیہ السلام سے کچھ مشابہت ہوگی)

میں نے عرض کیا: گویا آپ اُن کی غیبت یا حیرت کی طرف اشارہ فرما رہے ہیں؟

قَالَ: "مَا یُنْكِرُ هٰذَا الْخَلْقُ الْمَلْعُوْنُ اَشْبَاهُ الْخَنَازِیْرِ مِنْ ذٰلِكَ؟ اِنَّ اِخْوَةَ یُوْسُفَ كَانُوْا عُقَلَاءَ اَلْبَاءَ اَسْبَاطًا اَوْلَادَ اَنْبِیَاءَ دَخَلُوْا عَلَیْهِ فَكَلَّمُوْهُ وَخَاطَبُوْهُ وَتَاجَرُوْهُ وَرَادُّوْهُ وَكَانُوْا اِخْوَتَهٗ وَهُوَ اَخُوْهُمْ لَمْ یَعْرِفُوْهُ حَتّٰی عَرَّفَهُمْ نَفْسَهٗ" وَقَالَ لَهُمْ: "اَنَا یُوْسُفُ" فَعَرَفُوْهُ حِیْنَئِذٍ فَمَا یُنْكِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةُ الْمُتَحَیِّرَةُ اَنْ یَكُوْنَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ یُرِیْدُ فِیْ وَقْتٍ (مِنَ الْاَوْقَاتِ) اَنْ یَسْتُرَ حُجَّتَهٗ عَنْهُمْ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لَقَدْ كَانَ يُوسُفُ اَلَيْهِ مَلِكُ مِصْرَ وَكَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ
اَبِيْهِ مَسِيْرَةُ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ يَوْمًا ۔ فَلَوْ اَرَادَ اَنْ يَعْلَمَهُ
مَكَانَهُ لَقَدَرَ عَلٰى ذٰلِكَ (وَاللّٰهِ لَقَدْ سَارَ يَعْقُوبُ وَوَلَدُهٗ
عِنْدَ الْبِشَارَةِ تِسْعَةَ اَيَّامٍ مِنْ بَدْوِهِمْ اِلٰى مِصْرَ) ۔
فَمَا تُنْكِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةُ اَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ يَفْعَلُ بِحُجَّتِهٖ مَا
فَعَلَ بِيُوْسُفَ اَنْ يَكُوْنَ صَاحِبُكُمُ الْمَظْلُوْمُ الْمَجْحُوْدُ حَقَّهٗ
صَاحِبَ هٰذَا الْاَمْرِ يَتَرَدَّدُ بَيْنَهُمْ وَيَمْشِيْ فِيْ اَسْوَاقِهِمْ
وَيَطَاُ فُرُشَهُمْ وَلَا يَعْرِفُوْنَهٗ حَتّٰى يَاْذَنَ اللّٰهُ لَهٗ اَنْ يُعَرِّفَهُمْ
نَفْسَهٗ كَمَا اَذِنَ لِيُوْسُفَ حَتّٰى قَالَ لَهٗ اِخْوَتُهٗ : اِنَّكَ لَاَنْتَ
يُوْسُفُ ؟ قَالَ : اَنَا يُوْسُفُ ۔ "

آپؑ نے فرمایا: (یہ خنزیر جیسے ملعون لوگ اس سے کیوں انکار کرتے ہیں۔ غور کرو کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی عقل وفہم والے تھے اسباط تھے اولادِ انبیاء تھے۔ یہ سب جس وقت حضرت یوسف علیہ السلام کے پاس گئے تو اُن سے گفتگو بھی کی مخاطبت بھی کی اُن سے مال کا لین دین بھی کیا، تو یہ سب بالآخر حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی ہی تو تھے اور وہ حضرت اُن سب کے بھائی تھے؟ مگر جبتک حضرت یوسف علیہ السلام نے اُن سے اپنا تعارف نہیں کرایا، وہ لوگ انھیں پہچان ہی نہ سکے۔ چنانچہ حضرت یوسف علیہ السلام نے جب یہ کہا کہ میں یوسفؑ ہوں تو اُن لوگوں نے پہچان لیا۔ پھر اِس امت متحیّرہ کو اس امر سے کیوں انکار ہے۔؟ اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ ایک مدّت تک اپنی حجّت کو ان لوگوں سے پوشیدہ رکھے۔ حضرت یوسف علیہ السلام تو مصر کے بادشاہ تھے اور اُن کے درمیان اور اُن کے والد کے مابین صرف اٹھارہ دن کی مسافت تھی اگر اللہ چاہتا کہ انھیں حضرت یوسف علیہ السلام کی جائے سکونت کا علم ہو جاتے تو وہ اس پر قادر تھا۔ (خدا کی قسم، جب حضرت یعقوب علیہ السلام کو خوشخبری ملی تو وہ اپنی اولاد کے ساتھ صرف نو دن میں مصر پہنچ گئے۔ تو اللہ تعالیٰ تو اللہ تعالیٰ اگر اپنی حجّت کے ساتھ وہی کرے جو اُس نے حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ کیا تو اِس میں اِس اُمّت کو کیوں اِنکار ہے۔ ہو سکتا ہے کہ وہ تمھارا صاحب الامر ان ہی لوگوں میں گھومے پھرے، اُن کے بازاروں میں خرید و فروخت کرے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُن کے ساتھ بیٹھے اُٹھے اور یہ لوگ اس کو نہ پہچانیں جبتک اللہ تعالیٰ انھیں حکم نہ دے کہ اب تم خود اپنا تعارف کرادو، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کو حکم دیا تو (اُنھوں نے اپنا تعارف کرایا) ان کے بھائیوں نے اُن سے کہا: ارے تم ہی یوسفؑ ہو۔ ؟ اُنھوں نے کہا، ہاں میں یوسفؑ ہوں۔) (غیبتہ نعمانی)

"

★ کلینی نے علی بن ابراہیم سے، اُنھوں نے محمّد بن حسین سے، اُنھوں نے ابنِ ابی نجران سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

★ دلائل الامامۃ طبری میں علی بن ہبتہ اللہ نے ابوجعفر سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے سعد بن عبداللہ سے، اُنھوں نے محمّد بن خالد برقی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے فضالہ سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔ (دلائل طبری)

۱۰ غیبتِ طویل و غیبتِ قصیر

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے عمرو بن عثمان سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے اسحاق بن عمّار سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سُنا، آپؑ نے فرمایا:

قَالَ ؑ " لِلْقَائِمِ غَيْبَتَانِ اِحْدَاهُمَا طَوِيلَةٌ وَالْاُخْرٰى قَصِيرَةٌ۔ فَالْاُولٰى يَعْلَمُ بِمَكَانِهٖ فِيهَا خَاصَّةٌ مِّنْ شِيعَتِهٖ وَالْاُخْرٰى لَا يَعْلَمُ بِمَكَانِهٖ فِيهَا (اِلَّا) خَاصَّةُ مَوَالِيهِ فِي دِينِهٖ "

آپ نے فرمایا (امامِ قائمؑ کے لیے دو غیبتیں ہیں ایک ان میں سے طویل ہوگی اور دوسری قصیر۔ پس پہلی غیبت (غیبتِ صغریٰ) میں آپ کے مخصوص شیعوں کو آپ کا مسکن (جائے قیام) معلوم ہوگا لیکن دوسری غیبت (غیبتِ کبریٰ) میں آپ کی جائے رہائش کا علم سوائے آپؑ کے خاص خادموں کے اور کسی کو نہ ہوگا) (غیبتہ نعمانی)

۱۱ غیبتِ صغریٰ و کبریٰ میں فرق

کلینی نے محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن حسین سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے اُنھوں نے اسحاق سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فرمایا: "لِلْقَائِمِ غَيْبَتَانِ اِحْدَاهُمَا قَصِيْرَةٌ وَالْاُخْرٰى طَوِيلَةٌ (الغيبة) الْاُولٰى لَا يَعْلَمُ بِمَكَانِهٖ (فِيهَا اِلَّا خَاصَّةُ شِيْعَتِهٖ وَالْاُخْرٰى لَا يَعْلَمُ بِمَكَانِهٖ فِيهَا) اِلَّا خَاصَّةُ مَوَالِيْهِ فِي دِيْنِهٖ"

(امامِ قائمؑ کے لیے دو غیبتیں ہوں گی ایک اُن میں سے قصیر (صغریٰ) دوسری طویل (کبریٰ) پہلی غیبت میں سوائے چند مخصوص شیعوں کے آپ کا جائے قیام کسی کو معلوم نہ ہوگا اور دوسری غیبت میں سوائے آپ کے مخصوص خادموں کے آپ کی رہائش کا علم کسی کو نہ ہوگا۔) (غیبۃ نعمانی)

۱۲ امامِ قائمؑ کسی کی بیعت میں نہ ہوں گے

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے ابنِ ابی نجران سے، اُنھوں نے علی بن مہزیار سے، اُنھوں نے حمّاد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے ابراہیم بن عمر کناسی سے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپؑ نے فرمایا:

"اِنَّ لِصَاحِبِ هٰذَا الْاَمْرِ غَيْبَتَيْنِ" وَ سَمِعْتُهٗ يَقُولُ "لَا يَقُومُ (الْقَائِمُ) وَ (لَا حَدٌ) فِي عُنُقِهٖ بَيْعَةٌ"

(بلاشبہ اس صاحبِ امر کے لیے دو غیبتیں ہوں گی۔) اور یہ فرماتے ہوئے سنا، (وہ ظہور و خروج فرمائیں گے تو اُن کے لیے کسی کی بیعت نہ ہوگی) بلکہ اُنکی بیعت کی جائے گی۔ (غیبۃ نعمانی)

۱۳ دوسری غیبت کے بعد ظہور ہوگا

(ابنِ عقدہ نے) قاسم بن محمّد بن حسین بن حازم نے اپنی کتاب میں عبیس بن ہشام سے، اُنھوں نے ابنِ جبلہ سے، اُنھوں نے سلمہ بن جناح سے، اُنھوں نے حازم بن حبیب سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: (فرزندِ رسولؐ!) اللہ تعالیٰ آپ کا بھلا کرے، میرے والدین بغیر حج کیے مر گئے اور اللہ تعالیٰ نے روزی بھی اچھی دی ہے۔ آپ کا کیا حکم ہے؟ میں ان دونوں کی طرف سے فریضۂ حج ادا کر دوں۔؟

آپ نے فرمایا: ہاں، ضرور کرو۔ یہ عمل اُن دونوں کے لیے ٹھنڈک کا سبب بنے گا۔

(غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثُمَّ قَالَ ع: "يَا حَازِمُ! إِنَّ لِصَاحِبِ هٰذَا الْاَمْرِ غَيْبَتَيْنِ يَظْهَرُ فِي الثَّانِيَةِ فَمَنْ جَاءَكَ يَقُولُ: إِنَّهُ نَفَضَ يَدَهُ مِنْ تُرَابِ قَبْرِهِ فَلَا تُصَدِّقْهُ"

پھر آپ نے فرمایا (اے حازم! اس صاحب الامر کے لیے دو غیبتیں ہیں، وہ دوسری غیبت کے بعد ظاہر ہوں گے پس اگر کوئی شخص آکر تجھ سے یہ کہے کہ اُس کا ہاتھ اُنکی قبر کی خاک سے آلودہ ہو چکا ہے (یعنی وہ مر چکے ہیں اور اس نے انکی قبر کو اپنے ہاتھ سے مٹی دی ہے) تو اُس کے اِس قول کو سچ نہ سمجھنا۔ (وہ جھوٹا ہوگا۔)

(غیبتہ نعمانی)

(۱۴) آپؑ کیلئے دو غیبتیں ہیں

حازم بن حبیب سے ایک دوسری روایت بھی قدرے فرق سے مروی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: "میرے والد کا انتقال ہو گیا، وہ ایک مردِ عجم تھے۔ میرا ارادہ ہے کہ میں اُن کی طرف سے حج ادا کروں اور کچھ صدقہ دوں؟ اِس کے متعلق آپ کا کیا حکم ہے؟

آپ نے فرمایا: ہاں ضرور کرو اس کا ثواب ان کو پہنچے گا۔

پھر فرمایا: اے حازم اس صاحب الامر کے لیے دو غیبتیں ہوں گی۔

پھر آپ نے وہی فرمایا جو اِس سے پہلے کی حدیث میں مذکور ہے۔

(غیبتہ نعمانی)

(۱۵) دورِ غیبت میں لوگوں کے اقوال

انہی اسناد کے ساتھ عبدالکریم نے علاء سے، اُنھوں نے محمدؐ سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ میں نے آنجناب کو فرماتے ہوئے سنا کہ

"اِنَّ لِلْقَائِمِ غَيْبَتَيْنِ يُقَالُ فِي اِحْدَاهُمَا هَلَكَ وَلَا يَدْرِي فِي اَيِّ وَادٍ سَلَكَ"

(امام قائمؑ کے لیے دو غیبتیں ہوں گی، ایک غیبت میں تو لوگ یہاں تک کہنے لگیں گے کہ وہ ہلاک ہو گئے اور کسی کو علم نہیں وہ کس وادی میں جا پہنچے۔)

(غیبتہ نعمانی)

(۱۶) ہر موسمِ حج میں آپکی موجودگی

انہی اسناد کے ساتھ عبدالکریم نے ابوبکر اور یحییٰ بن مثنّٰی سے، اُنھوں نے زُرارہ سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور زرارہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا قَالَ: "اِنَّ لِلْقَائِمِ غَیْبَتَیْنِ یَرْجِعُ فِی اِحْدَاهُمَا وَالْاُخْرٰی لَا یَدْرِی اَیْنَ هُوَ؟ یَشْهَدُ الْمَوَاسِمَ، یَرَی النَّاسَ وَلَا یَرَوْنَهٗ"

آپؑ نے فرمایا (امام قائمؑ کے لیے دو غیبتیں ہیں۔ ایک میں تو اُن کی طرف رُجوع کیا جانا ممکن ہوگا، مگر دوسری میں تو کسی کو علم ہی نہ ہو سکے گا کہ وہ کہاں ہیں۔ وہ، مواسم حج میں جائیں گے تو وہ سب کو دیکھیں گے لیکن اُنھیں کوئی نہ دیکھ سکیگا)

(غیبتہ نعمانی)

(۱۷) چند علامتیں قبل از ظہور

ابن عقدہ نے محمدؐ بن مفضّل بن ابراہیم بن قیس اور سعدان بن اسحاق بن سعید اور احمد بن حسن بن عبدالملک اور محمدؐ بن احمد بن حسن قطوانی سے روایت ہے کہ اُنھوں نے کہا ہم سے بیان کیا حسن بن محبوب نے، اُنھوں نے ابراہیم خارفی سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے۔ ابوبصیر نے کہا کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ:

"قائمِ آلِ محمدؐ کے لیے دو غیبتیں ہوں گی، اُن میں سے ایک دوسری سے طویل ہوگی"

آپ نے فرمایا: "نَعَمْ، وَلَا یَکُوْنُ ذٰلِكَ حَتّٰی یَخْتَلِفَ السَّیْفُ بَنِیْ فُلَانٍ وَتَضَیَّقَ الْحَلْقَةُ وَیَظْهَرَ السُّفْیَانِیُّ وَیَشْتَدَّ الْبَلَاءُ وَیَشْمَلَ النَّاسَ مَوْتٌ وَقَتْلٌ یَلْجَؤُوْنَ فِیْهِ اِلٰی حَرَمِ اللّٰهِ وَحَرَمِ رَسُوْلِهٖ"

(ہاں، اُن کا ظہور اُس وقت تک نہ ہوگا جبتک کہ بنی فلان میں تلوار نہ چلے حلقہ تنگ نہ ہو جائے، سفیانی خروج نہ کرے، بلائیں شدید نہ ہو جائیں اور لوگ مرنے اور قتل نہ ہونے لگیں، تو اُس وقت لوگ بھاگ کر حرمِ خدا اور اس کے رسولؐ کے حرم (مکہ و مدینہ) میں پناہ لینے لگیں گے۔

(غیبتہ نعمانی)

(۱۸) آپ کیلئے دو غیبتیں ہیں

کلینی نے محمدؐ بن یحییٰ سے، اُنھوں نے احمد بن ادریس سے، اُنھوں نے حسن بن علی کوفی سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے علی بن حسّان سے، اُنھوں نے عبدالرحمٰن بن کثیر سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا آپ نے فرمایا

یقول: "اِنَّ لِصَاحِبِ هٰذَا الْاَمْرِ غَیْبَتَیْنِ فِی اِحْدَاهُمَا یَرْجِعُ فِیهَا اِلٰی اَهْلِهٖ وَ الْاُخْرٰی یُقَالُ فِی اَیِّ وَادٍ سَلَكَ"

آپ فرماتے ہیں (اس صاحب الامر کے لیے دو غیبتیں ہوں گی۔ اُن میں سے پہلی غیبت میں تو وہ اپنے اہل سے ملیں گے، مگر دوسری میں تو لوگ یہ کہنے لگیں گے، وہ کسی وادی میں چلے گئے۔)

میں نے عرض کیا: جب ایسا دور آجائے تو ہمارے لیے کیا حکم ہے؟

قال: "اِنْ اِدَّعٰی مُدَّعٍ فَاسْأَلُوهُ عَنْ تِلْكَ الْعَظَائِمِ الَّتِی یَجِیبُ فِیهَا مِثْلُهٗ"

فرمایا: (اس دور میں اگر کوئی مدعیٔ امامت آئے تو اُس سے اُن اُمور کے بارے میں سوال کرو جو امامت کے لیے لازمی و ضروری ہیں۔)

(غیبتہ نعمانی)

(۱۹) غیبت میں آپ کا قول

ابن عقدہ نے قاسم بن محمّد سے، اُنھوں نے عبیس بن ہشّام سے، اُنھوں عبداللہ بن جبلہ سے، اُنھوں نے احمد بن نضر سے، اُنھوں نے مفضّل سے، مفضل نے روایت بیان کی ہے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے کہ آپ نے فرمایا:

"اِنَّ لِصَاحِبِ هٰذَا الْاَمْرِ غَیْبَةً یَقُولُ فِیهَا" "فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِیْ رَبِّیْ حُكْمًا وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ"

(یقیناً اس صاحب الامر کے لیے غیبت ہے جس میں وہ کہیں گے کہ "میں خدا کے حکم سے تم لوگوں کے خوف سے تم سے علیٰحدگی اختیار کرتا ہوں اور اللہ نے مجھے مرسلین میں سے قرار دیا ہے۔")

(غیبتہ نعمانی)

(۲۰) دورِ غیبت میں بہترین جائے قیام

کلینی نے اپنے کچھ چنیدہ اصحاب سے، اُنھوں نے احمد بن محمّد سے، اُنھوں نے وشّاء سے، اُنھوں نے (علی) ابوحمزہ سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق سے روایت نقل کی ہے کہ آنجنابؑ نے فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قَالَ ۴ : " لَا بُدَّ لِصَاحِبِ هٰذَا الْاَمْرِ مِنْ غَيْبَةٍ وَّلَا بُدَّ لَهٗ فِي غَيْبَةِ مِنْ عُزْلَةٍ وَنِعْمَ الْمَنْزِلُ طَيْبَةُ وَمَا بِثَلَاثِيْنَ[1] مِنْ وَحْشَةٍ "

آپؑ نے فرمایا (اس صاحبِ امر کے لیے غیبت ضروری ہے اور اس غیبت میں گوشہ نشینی لازم ہے اور بہترین جائے قیام طیبہ (مدینہ) ہے اور تیس[1] کے ساتھ اُن کا جی نہ گھبرائے گا۔) (غیبتہ نعمانی)

★ کلینی نے علی سے، علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ ابو عمیر سے، اُنھوں نے ابو ایّوب خزّاز سے، اُنھوں نے محمّد بن مسلم سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

(۲۱) بیت الحمد کا چراغ روشن ہی رہیگا

عبدالواحد بن عبداللہ نے احمد بن محمّد بن رباح سے، اُنھوں نے محمّد بن عیّاش سے اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے مفضّل سے روایت کی ہے مفضّل کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا:

" اِنَّ لِصَاحِبِ الْاَمْرِ بَيْتًا يُقَالُ لَهٗ : بَيْتُ الْحَمْدِ، فِيْهِ سِرَاجٌ يَزْهَرُ مُنْذُ يَوْمِ وُلِدَ اِلٰى يَوْمِ يَقُوْمُ بِالسَّيْفِ لَا يُطْفٰى "

(صاحب الامر کا ایک گھر ہے جس کو " بیت الحمد " کہتے ہیں، اُس میں ایک چراغ آپ کی ولادت کے دن سے روشن ہے اور جس دن آپ تلوار لیکر ظہور فرمائیں گے اُس دن تک روشن رہے گا کبھی نہ بجھے گا۔) (غیبتہ نعمانی)

★ محمّد حمیری نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن عطار سے، اُنھوں نے سلّام بن ابی عمیرہ سے، اُنھوں نے حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

---

[1] ثلاثین (تیس۳۰) سے مراد آپ کے تیس خادم ہوں گے اور ایک کی موت کے بعد دوسرا خدمت کریگا۔ (کافی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار

باب ۲۴

بست و چہارم

ہمارے قریبی زمانے میں جو لوگ
آپ کی زیارت سے مشرف ہوئے

ANSAR

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باب ۲۴

جزیرۂ خضراء اور بحرِ ابیض کے واقعات

صاحب بحار الانوار فرماتے ہیں کہ میں نے قصّۂ جزیرۂ خضراء اور بحرِ ابیض کے متعلق ایک مشہور رسالہ دیکھا جس کو میں چاہتا ہوں کہ یہاں نقل کردوں، اِس لیے کہ وہ رسالہ بھی اُس شخص کے ذکر پر مشتمل ہے جس نے جزیرۂ خضراء کو دیکھا ہے اور اس میں عجیب و غریب باتیں تحریر ہیں۔ اور چونکہ میں نے اس قصّے کو اصول کی کسی معتبر کتاب میں نہیں پایا، اِس لیے اس کو ایک علیٰحدہ باب میں بعینہٖ نقل کر رہا ہوں۔

رسالۂ جزیرۂ خضراء و بحرِ ابیض

مازندرانی کی روایت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

حمد اُس خدا کی جس نے ہم لوگوں کو اپنی معرفت کی طرف ہدایت فرمائی اور اس کا شکر کہ اُس نے ہمیں سردارِ کونین حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی سنّتوں پر چلنے کی توفیق عطا فرمائی اور ہمیں حضرت علی علیہ السّلام اور آنجناب کی اولاد ائمّہ معصومین علیہم السّلام کی محبّت کے لیے مخصوص فرمایا۔ اللہ اپنی رحمتیں نازل فرمائے، ان تمام طیّبین و طاہرین حضرات پر اور سلام ہو جیسا کہ سلام کا حق ہے۔

اما بعد۔ میں نے حضرت امیر المومنین سیّد الوصیّین و حجّت ربّ العالمین اور امام المتقین علی بن ابی طالب علیہ السّلام کے خزانے میں شیخ فاضل و عالم و عامل فضل بن یحییٰ بن علی طیّبی کوفی قدّس سرّہٗ کے ہاتھ کا تحریر کردہ ایک رسالہ پایا جو مندرجہ مضمون پر مشتمل ہے۔

الحمد للہ ربّ العالمین وصلّی اللہ علیٰ محمّد وآلہٖ وسلّم

اما بعد۔ حقیر طالبِ عفوِ باری فضل بن یحییٰ بن علی طیّبی امامی کوفی عرض کرتا ہے کہ میں نے دو فاضل و عالم و عامل شیخ شمس الدّین نجیح حلّی اور شیخ جلال الدّین عبداللہ بن حرام حلّی قدّس اللہ روحیما

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سے روضۂ اقدس سید الشہدا حضرت ابو عبداللہ الحسین علیہ السلام میں ۱۵ شعبان ۶۹۹ ہجری کو یہ روایت سُنی اور خود ان دونوں حضرات نے یہ روایت سامرّہ میں شیخ صالح زین الدّین علی بن فاضل مازندرانی مجاور نجف اشرف کی زبانِ مبارک سے سُنی تھی۔ یہ حکایت خود مازندرانی موصوف کے چشم دید حالات پر مشتمل ہے۔ اسے سنکر مجھے شیخ مازندرانی سے ملنے کا بیحد شوق ہوا اور دعا کی کہ آسانی سے ہی کہیں اُن سے میری ملاقات ہو جائے، تاکہ یہ سب کچھ میں خود بھی اُن کی زبان سے سُن لوں، اور یہ خیال کر کے میں نے سامرّہ کا ارادہ کیا۔ اتفاق کی بات کہ اسی سال ماہِ شوّال میں شیخ مذکور حِلّہ آئے ہوئے تھے جس کی خبر مجھے سیّد فخر الدّین حسن بن علی موسوی مازندرانی سے معلوم ہوئی جو حلّہ کے رہنے والے تھے جب وہ مجھ سے ملنے کے لیے آئے تو اثنائے گفتگو میں اُنھوں نے یہ بھی بیان کیا کہ شیخ زین الدّین علی بن فاضل آجکل حلّہ میں اُنہی کے مکان میں مقیم ہیں۔ اس خبر کو سنکر مارے خوشی کے بیتاب ہو گیا اور میں فوراً سیّد فخر الدّین کے ہمراہ حلّہ کے لیے روانہ ہو گیا اور اُن کے مکان پر پہنچ کر شیخ زین الدّین علی بن فاضل کی خدمت میں حاضر ہوا، سلام کیا، دست بوسی کی۔

اُنھوں نے میرے متعلّق سیّد فخر الدّین سے دریافت کیا کہ یہ کون ہیں؟

سیّد فخر الدّین نے میرا تعارف کرایا۔ یہ سن کر وہ اُٹھے اور مجھے اپنی جگہ بٹھا دیا اور بڑی محبّت سے پیش آئے۔ میرے والد اور میرے بھائی صلاح الدّین کی خیریت دریافت کی جنھیں وہ پہلے ہی سے جانتے تھے اور میں اُس زمانے میں بسلسلہ تحصیلِ علم شہر واسط میں مقیم تھا۔ غرض، شیخ موصوف سے باتیں ہوتی رہیں جس سے اُن کے علم و فضل کا اندازہ ہوا اور میں نے سمجھ لیا کہ موصوف علمِ فقہ و حدیث وغیرہ بہت سے علوم کے جاننے والے ہیں۔ اس کے بعد میں نے اُن سے اُس واقعے کے متعلّق دریافت کیا جو شیخ شمس الدّین اور شیخ جلال الدّین سے سُنا تھا۔ اُنھوں نے صاحبِ خانہ سیّد فخر الدّین حسن اور بہت سے علمائے حلّہ کی موجودگی میں، جو اُن سے ملاقات کے لیے تشریف لائے تھے، اوّل سے آخر تک پورا قصّہ بتاریخ پندرہ شعبان ۶۹۹ ہجری بیان کیا۔ جو اُن ہی سے سُنے ہوئے الفاظ میں بیان کیا جاتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ بعض مقامات پر اُن کے الفاظ محفوظ نہ رہے ہوں۔ لیکن باعتبار معنیٰ و مطلب کوئی فرق نہیں ہوگا۔

شیخ زین الدّین علی بن فاضل نے بیان کہ چند سال میرا قیام دمشق میں رہ چکا ہے وہاں شیخ عبدالرّحیم کے پاس (اللہ اُن کو ہدایت کی توفیق دے) علمِ اصول و ادب پڑھا کرتا تھا اور شیخ زین الدّین علی مغربی سے علمِ قرأت حاصل کیا کرتا، جو ساتوں قرأتوں اور بہت سے علوم، صرف و نحو، منطق معانی و بیان و اصول فقہ و اصولِ کلام کے ماہر تھے۔ بہت نرم طبیعت اور صلح پسند واقع ہوئے تھے اور ایسے نیک آدمی کہ کبھی کسی بحث میں مذہبی تعصّب سے کام نہ لیتے تھے۔ جب کبھی مذہبِ شیعہ کا ذکر آتا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تو کہا کرتے کہ اِس مسئلے میں علمائے امامیہ کا یہ قول ہے۔ برخلاف دوسرے مدرّسین کے، جو ایسے موقع پر یہ کہا کرتے کہ رافضیوں کے علماء کا یہ خیال ہے۔ اسی بناء پر میں نے شیخ اندلسی مالکی کے مواسب کے یہاں آمد و رفت ترک کردی، بس اُن ہی سے تحصیلِ علم کرتا رہا۔

ایک مرتبہ اتفاقاً اُن کو دمشق۔ شام۔ سے مصر کے شہروں کی طرف جانے کی ضرورت پیش آئی۔ چونکہ مجھے اُن سے، اور اُنھیں مجھ سے خاص محبت ہوگئی تھی اس لیے مجھے اُن کی جدائی اور اُنھیں میری علیحدگی گراں تھی۔ بالآخر طے یہ پایا کہ میں بھی اُن کے ساتھ سفر کروں۔ چنانچہ وہ مجھے بھی دوسرے غریب طلباء کے ہمراہ لیگئے۔

جب ہم مصر کے مشہور شہر قاہرہ پہنچے تو جامعِ ازہر میں ہمارا قیام ہوا اور وہاں پر بہت دنوں تک درس و تدریس کا سلسلہ جاری رہا۔ شیخ کی خبرِ آمد کو سنکر علماء و فضلاء شوقِ ملاقات کو آتے اور علمی فیوض سے مستفیض ہوتے رہے، نو ماہ تک وہاں بڑا خوشگوار علمی ماحول رہا۔ یکایک ایک قافلہ اندلس سے وارد ہوا، اُن میں سے ایک شخص نے ہمارے اُستاد کو اُن کے والد کا خط دیا جس میں لکھا تھا کہ میں سخت علیل ہوں اور دل چاہتا ہے کہ تمھاری صورت دیکھ لوں، لہٰذا جلد پہنچو، تاخیر نہ کرنا، تاکید ہے۔

اس خط کو پڑھ کر شیخ اسقدر بیچین ہوئے کہ رونے لگے اور فوراً سفر کے لیے آمادہ ہوگئے ہم چند طلباء بھی اُن کے ساتھ روانہ ہوگئے۔ جب اندلس کی پہلی بستی میں پہنچے تو مجھے ایسا شدید بخار آیا کہ مزید حرکت کرنے کے قابل نہ رہا۔ میری یہ حالت دیکھ کر شیخ فرطِ محبت سے رو دیے اور کہنے لگے تمھاری جدائی مجھ پر شاق ہے، مگر کیا کروں مجبور ہوں کہ سفر جاری رکھوں۔ چنانچہ اُس بستی کے خطیب کو دس درہم دیے اور میری تیمارداری کی ہدایت کی اور کہا کہ صحت کے بعد اس کو میرے پاس پہنچا دینا۔ اور مجھ سے بھی اُنھوں نے آنے کا وعدہ لے لیا۔ یہ انتظام کرکے وہ اپنے وطن کی طرف روانہ ہوگئے جہاں کی مسافت دریائی راستے سے پانچ روز کی تھی۔ شیخ کی روانگی کے بعد تین دن تک شدتِ مرض میں پڑا رہا۔ جب بخار سے افاقہ ہوا اور طبیعت کسی قدر بہتر ہوئی تو ایک روز میں اپنی قیام گاہ سے باہر نکلا کہ ذرا اِس بستی کو گھوم پھر کر دیکھوں۔

اندلس کی اس بستی کے گلی کوچوں میں گھومتا پھرتا میں ایک ایسی جگہ جا پہنچا جہاں ایک قافلہ دریائے مغربی کے ساحلی پہاڑوں سے آیا ہوا تھا۔ یہ لوگ اُون اور روغن وغیرہ فروخت کرتے تھے۔ میں نے اُن کے بارے میں معلومات فراہم کیں تو پتہ چلا کہ یہ لوگ علاقۂ بربر کے قریب سے آئے ہیں اور وہ علاقہ رافضیوں کے جزیرے سے متصل ہے۔

یہ سنکر مجھے ایک طرح کی فرحت محسوس ہوئی اور دل میں اس جزیرے کے دیکھنے کا شوق پیدا ہوا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ یہاں سے وہاں تک پچیس روز کی مسافت ہے جس میں دو روز کا ایسا راستہ ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ دورانِ راہ نہ کوئی آبادی ہے نہ پانی دستیاب ہوتا ہے لیکن اس سفر کے بعد دیہات کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔ چنانچہ میں نے اس قافلے والوں میں سے ایک شخص سے اُس غیر آباد اور بے آب وگیاہ سفر کے لیے ایک گدھا تین درہم کرائے پر لے لیا اور اس قافلے کے ساتھ روانہ ہوگیا۔ اِس سفر میں آبادی کے مقامات پیدل طے کرتا ہوا چلا جارہا تھا کہ معلوم ہوا، اب رافضیوں کے جزیرے تک پہنچنے کے لیے تین دن کی راہِ مسافت باقی ہے۔ یہ سنکر میں بلاتوقف ہمت کرکے تنہا اس طرف کو چل پڑا۔ اور بہرصورت اُس جزیرے میں جا پہنچا۔

وہاں جاکر دیکھا کہ ایک شہر ہے جو چہار دیواری کے اندر محفوظ ہے اور بڑی بڑی مضبوط عمارتیں ہیں اور یہ شہر دریا کے کنارے پر واقع ہے۔ میں اُس کے ایک بڑے دروازے سے کہ جس کا نام "دروازۂ بربر" ہے شہر کے اندر داخل ہوا اور اس کی سڑکوں پر پھرتا رہا۔ بعض لوگوں سے وہاں کی مسجد کا پتہ دریافت کیا اور میں مسجد تک جا پہنچا جو بڑی بلند و وسیع اور شہر کے مغرب میں لبِ دریا واقع تھی۔ مسجد میں داخل ہوکر میں سمٹ کر ایک طرف بیٹھ گیا تاکہ کچھ آرام کرلوں۔ اتنے میں موذّن نے اذان دینی شروع کردی اور حیّ علیٰ خیر العمل کی صدا بھی بلند کی، اور بعد فراغت تعجیلِ ظہورِ حضرت صاحب الامرؑ کے لیے دعا بھی کی۔ جسے سنکر میں بے اختیار رونے لگا۔ پھر جوق در جوق لوگ مسجد میں آنے لگے اور وضو کرنے کے لیے اس چشمے پر جاتے جو مسجد کے مشرق میں ایک درخت کے نیچے جاری تھا۔ میں ان کا طریقۂ وضو دیکھ دیکھ کر خوش ہو رہا تھا کہ یہ لوگ اسی طرح وضو کررہے ہیں جو ائمہ اہلِ بیت سے منقول ہے اس کے بعد ایک صاحب بہت خوش شکل نہایت سکون و وقار کے ساتھ مسجد میں داخل ہوئے اور محراب میں پہنچ کر اقامت کہی اور سب لوگ صف بستہ ہوگئے اور ائمہ طاہرین علیہم السّلام کے طریقہ کے مطابق جملہ ارکان و واجبات و مستحبات کے ساتھ باجماعت نماز ادا کی، اسی طرح تعقیبات و تسبیحات کی صورت بھی رہی۔ چونکہ میں تکانِ سفر کی بناء پر شریکِ جماعت نہ ہوسکا، اِس لیے سب لوگ میری طرف تعجب خیز نظروں سے تکنے لگے، اس لیے کہ میرا شریکِ جماعت نہ ہونا انھیں ناگوار گذرا۔ پھر مجھ سے پوچھنے لگے تم کہاں کے باشندہ ہو؟ تمھارا مذہب کیا ہے؟

- میں نے کہا: میں عراق کا رہنے والا ہوں، میرا مذہب اسلام ہے اور میں اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الْاَدْيَانِ كُلِّهَا وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ کہتا ہوں۔
- وہ کہنے لگے کہ: اِن شہادتوں سے کوئی فائدہ نہیں، بجز اِس کے کہ دنیا میں جان محفوظ رہے تم ایک اور شہادت کیوں نہیں دیتے، تاکہ بے حساب جنّت میں داخل ہوجاؤ۔؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

• میں نے کہا: خدا آپ لوگوں پر رحمت نازل فرمائے، آپ مجھے ہدایت فرمائیے کہ وہ کونسی شہادت ہے۔؟

• ان کے امام مسجد نے کہا: تیسری شہادت: اس امر کے بارے میں کہ امیر المومنین یعسوب المتقین، قائد الغرّ المحجلین علیؑ بن ابی طالبؑ اور اُن جناب کی اولاد میں گیارہ ائمہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے بلافصل خلیفہ ہیں جن کی اطاعت اللہ نے اپنے بندوں پر واجب کی ہے اور انہی حضرات کو اپنے امر و نہی کے اولیاء قرار دیا ہے، اور روئے زمین پر دنیا میں اپنی حجتیں اور ساری مخلوق کے لیے باعثِ امن و امان قرار دیا ہے کیونکہ صادق و امین رسولِ ربّ العالمین نے ان ہی حضرات کی امامت کی بحکمِ خدائے عزّ و جلّ خبر دی ہے اور شبِ معراج آنحضرتؐ کو جو آواز آئی تھی اُس میں یکے بعد دیگرے ہر ایک امام کا نام بتا دیا گیا تھا۔

یہ کلام سنکر میں نے اللہ سبحانہٗ کا شکر ادا کیا اور دل ہی دل میں اتنا خوش ہوا کہ تمام تکانِ سفر جاتی رہی۔

• پھر میں نے جواب دیا: میرا مذہب بھی تو یہی ہے۔

یہ سنکر وہ لوگ سب کے سب مجھ پر مہربان ہوئے اور انھوں نے میرے قیام کے لیے مسجد ہی میں ایک کمرہ دیدیا۔ پھر جبتک میں وہاں مقیم رہا، لوگ میری بڑی عزّت و خاطر و مدارات کرتے رہے۔ بلکہ امام مسجد تو دن ہو یا رات کسی وقت مجھ سے جُدا نہ ہوتے۔

ایک روز امامِ مسجد سے میں نے اہلِ شہر کے معاش کے متعلق سوال کیا کہ یہاں پر کہیں کھیتی باڑی کے آثار نظر نہیں آتے، پھر یہاں کے لوگ غلّہ کہاں سے لاتے ہیں؟

• اُنھوں نے کہا: جزیرۂ خضراء سے۔ جو بحرِ ابیض میں اولادِ صاحب الامر علیہ السّلام کے جزیروں میں سے ایک جزیرہ ہے۔

• میں نے سوال کیا: سال میں کتنی مرتبہ وہاں سے سامان آتا ہے؟

• اُنھوں نے جواب دیا: دو مرتبہ۔ اِس سال ایک مرتبہ آچکا ہے اور ایک بار آنا باقی ہے

• میں نے پھر سوال کیا: پھر دوسری مرتبہ آنے کے لیے، اب کتنے دن باقی ہیں؟

• اُنھوں نے جواب دیا: چار مہینے۔

میں اس مدّت کو سنکر کسی قدر مضطرب ہوا، اور وہاں چالیس روز مقیم رہا اور اس دوران شب و روز دعائیں کیا کرتا کہ جلد روزی بھیجدے۔ چالیسویں روز انتظار میں بیقرار ہو کر دریا کے کنارے جا پہنچا اور اُس طرف دیکھنے لگا جسطرف سے سامان رسد آیا کرتا تھا۔ یکایک

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دور سے ایک سفید چیز دریا میں حرکت کرتی ہوئی نظر آئی۔ میں نے لوگوں سے دریافت کیا کہ کیا اس دریا میں سفید جانور بھی ہوتے ہیں ؟

- اُنھوں نے کہا: نہیں، ایسا تو نہیں ہے، کیا تم نے کچھ دیکھا ہے ؟
- میں نے کہا: ہاں، وہ دیکھو !
- چنانچہ دیکھتے ہی وہ لوگ بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے، یہ تو وہی کشتیاں ہیں جو فرزندانِ امام علیہ السلام کے یہاں سے سالانہ آیا کرتی ہیں۔

ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ تھوڑی ہی دیر میں وہ کشتیاں بالکل سامنے آگئیں اور اُن کی یہ آمد قبل از وقت تھی۔ سب سے پہلے بڑی کشتی کنارے پر آلگی، پھر دوسری، پھر تیسری اور اسی طرح سات کشتیاں کنارے آلگیں۔ بڑی کشتی سے ایک بزرگوار میانہ قد خوش منظر و خوبصورت اُترے اور سیدھے مسجد میں چلے گئے۔ وہاں جاکر وضو کیا، نمازِ ظہرین ادا کی، اور فارغ ہوکر میری طرف متوجہ ہوکر سلام کیا۔ میں نے جوابِ سلام دیا۔

- اُنھوں نے پوچھا: تمھارا کیا نام ہے ؟ پھر خود ہی بولے: میرا خیال ہے کہ تمھارا نام علی ہے ؟
- میں نے عرض کیا: آپ نے صحیح فرمایا، میرا یہی نام ہے۔

پھر وہ مجھ سے ایسی باتیں کرنے لگے جیسے وہ مجھے پہچانتے ہیں۔ یہ بھی پوچھا کہ تمھارے والد کا کیا نام ہے ؟ پھر خود ہی کہا کہ غالباً اُن کا نام فاضل ہے ؟

- میں نے عرض کیا: درست فرمایا آپ نے۔ اُن کا یہی نام ہے۔

اُن کی گفتگو سے مجھے یقین ہونے لگا کہ شام سے مصر کے سفر میں اُن کا اور میرا ساتھ ضرور رہا ہے۔ میں نے اُن سے دریافت کیا: آپ کو میرا اور میرے والد کا نام کیسے معلوم ہوا ؟ کیا آپ دمشق سے مصر کے سفر میں میرے ساتھ رہے ہیں ؟

- اُنھوں نے فرمایا: نہیں۔
- میں نے عرض کیا: تو پھر مصر سے اندلس تک میرے ہمسفر رہے ہوں گے ؟
- اُنھوں نے فرمایا: مولا صاحب الامر کے حق کی قسم ایسا بھی نہیں ہے بلکہ مجھے تمھارا حال اور شکل و شمائل اور تمھارے والد کا نام، یہ سب پہلے ہی سے بتا دیا گیا ہے اور یہ حکم ہوا ہے کہ تمھیں لیکر جزیرۂ خضرا جاؤں۔

یہ سنکر مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ میرا نام بھی وہاں مذکور ہے۔ اگرچہ ان بزرگوار کے متعلق یہ معلوم ہوا تھا کہ جب آتے ہیں تو تین دن سے زیادہ نہیں رہتے، مگر اس مرتبہ ایک ہفتہ سے زیادہ قیام کیا اور سارا سامان تقسیم کرکے، رسیدیں حاصل کیں اور عازمِ سفر ہوئے اور مجھے بھی اپنے ساتھ لے لیا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ان بزرگ کا نام شیخ محمدؒ تھا۔

شیخ زین الدّین علی بن فاضل کا بیان ہے کہ مجھے شیخ محمدؒ کے ہمراہ اس بحری سفر میں سولہ روز گذرے۔ سولھویں دن میں نے دیکھا کہ دریا کا پانی انتہائی سفید ہے۔ میں اسے غور سے دیکھتا رہا۔

- شیخ محمدؒ نے کہا: کیا بات ہے، تم کیا دیکھ رہے ہو؟
- میں نے عرض کیا: میں دیکھتا ہوں کہ اس پانی کا رنگ عام دریاؤں کے پانی سے متغیّر ہے
- اُنھوں نے کہا: یہی بحرِ ابیض ہے اور وہ سامنے جزیرۂ خضرا ہے" یعنی سبز جزیرہ" اس جزیرے کو چاروں طرف سے پانی نے اس طرح محفوظ کیا ہوا ہے جیسے ایک مضبوط دیوار جو قلعے کا کام دیتا ہے۔ جب مخالفین اس جزیرے میں آنے کا قصد کرتے ہیں تو بحکمِ خدا اور ہمارے مولا حضرت صاحب الامر علیہ السّلام کے قدموں کی برکت سے دشمنوں کی کشتیاں مضبوط ترین ہونے کے باوجود غرق ہو جاتی ہیں۔
- یہ سنکر میں نے تھوڑا سا پانی چلّو میں لیکر چکھا تو ذائقے میں بالکل آبِ فرات کے مثل تھا

الغرض اس بحرِ ابیض کو طے کر کے ہم لوگ جزیرۂ خضرا میں پہنچ گئے۔ خداوند عالم اس کو ہمیشہ آباد رکھے۔ جب ہم شہر میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ دریا کے کنارے بڑے بڑے سات مضبوط قلعے ہیں جن کے اندر آبادی محفوظ ہے، نہریں جاری ہیں۔ طرح طرح کے میوے دار درخت پُر بہار ہیں۔ بیشمار بازار، بکثرت حمّام، اور لوگ پاک و پاکیزہ لباس پہنے نظر آتے ہیں۔ یہ منظر دیکھ کر مجھے اتنی فرحت محسوس ہوئی کہ معلوم ہوتا تھا کہ کہیں میری روح پرواز نہ کر جائے۔ تھوڑی دیر میں نے اپنے رفیقِ سفر شیخ محمدؒ کے یہاں آرام کیا۔ پھر وہ مجھے جامع مسجد لے گئے، جہاں لوگ کا بڑا مجمع تھا اور اُن کے درمیان ایک صاحب بڑے سکون و وقار کے ساتھ تشریف فرما تھے۔ جنکی شان و شوکت عظمت و جلالت ناقابلِ بیان ہے۔ معلوم ہوا کہ ان کا نام سیّد شمس الدّین محمد عالم ہے اور قرآن و فقہ کا درس دے رہے ہیں اور حضرت صاحب الامر علیہ السّلام کی جانب سے تمام ضروری مسائل پر سیر حاصل روشنی ڈالتے ہیں۔

جب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپنے مجھے بکمال شفقت اپنے قریب بٹھایا، اور سفر کی زحمتوں کے متعلق مجھ سے سوال کیا، تشفّی دی اور فرمایا کہ تمھارے بارے میں مجھے پہلے ہی خبر مل چکی تھی اور شیخ محمدؒ کو بھی میں نے ہی تمھیں اپنے ہمراہ لانے کے لیے روانہ کیا تھا۔ اس کے بعد میرے قیام کے لیے مسجد کے کمروں میں سے ایک کمرہ خالی کرایا اور فرمایا کہ یہ جگہ تمھارے لیے باعثِ خلوت و راحت ہے۔ چنانچہ میں اُٹھ کر اُس کمرے میں گیا اور عصر تک وہاں آرام کیا۔ پھر میری خبر گیری و خدمت پر مامور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ایک خادم نے مجھ سے کہا کہ آپ کہیں باہر نہ جائیں کیونکہ سیّد صاحب موصوف مع مصاحبین تشریف لانے والے ہیں اور شام کا کھانا آپ کے ساتھ ہی تناول فرمائیں گے۔

میں نے کہا: بہتر ہے، بسر و چشم حاضر ہوں۔

چنانچہ تھوڑی ہی دیر میں سیّد صاحب (خداوندِ عالم اُنھیں سلامت رکھے) اپنے اصحاب کے ہمراہ تشریف لائے۔ دسترخوان بچھایا گیا، کھانا چُنا گیا، اور ہم نے مل کر کھانا کھایا بعد فراغت، ہم سب نمازِ مغربین کے لیے مسجد میں گئے۔ نماز سے فارغ ہو کر سیّد صاحب اپنے مکان تشریف لے گئے اور میں اپنی قیامگاہ پر آگیا۔ اٹھارہ روز میرا وہاں قیام رہا۔ اس دوران نمازِ جمعہ بھی میں نے سیّد صاحب کی اقتدا میں ادا کی۔ بعد نمازِ جمعہ میں نے اُن سے سوال کیا کہ کیا آپ نے نمازِ جمعہ واجب کی نیّت سے ادا فرمائی ہے؟

- اُنھوں نے فرمایا: ہاں، ایسا ہی ہے۔ کیونکہ وجوب کی تمام شرائط پائی جاتی ہیں۔ اِس لیے میں نے واجب کی نیّت سے نماز ادا کی ہے۔
- میں نے سوال کیا: کیا امامؑ موجود ہیں؟
- اُنھوں نے فرمایا: نہیں اس وقت حاضر نہیں ہیں لیکن میں آنجنابؑ کا نائبِ خاص اور اس امر پر اُن کی طرف سے مامور ہوں۔
- میں نے سوال کیا: اے میرے سردار! کیا آپ نے امامؑ کو دیکھا ہے؟
- اُنھوں نے فرمایا: نہیں، البتہ میرے والد فرماتے تھے کہ میں نے آنجناب کا کلام تو سُنا تھا مگر زیارت نہیں کی۔

پھر سیّد صاحب نے فرمایا کہ میرے جد نے امامؑ سے کلام بھی کیا تھا اور زیارت سے بھی مشرّف ہوئے تھے۔

- میں نے عرض کیا: اے میرے سردار! اِس کا کیا سبب ہے کہ بعض لوگ تو حضرت کی زیارت سے مشرّف ہوتے ہیں اور بعض محروم رہتے ہیں؟
- اُنھوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے فضل و احسان فرماتا ہے۔ یہ اُس کی حکمت بالغہ اور عظمت قاہرہ ہے۔ دیکھو! بندوں ہی میں سے تو کچھ بندے نبوّت و رسالت اور ولایت کے لیے مخصوص کیے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن انبیاء و مرسلین اور اوصیاءِ منتجبین کو اپنی ساری مخلوق پر حجّت اور اپنے بندوں کے درمیان اُن کو وسیلہ اور ذریعہ قرار دیتا رہا ہے تاکہ جو شخص ہلاک اور گمراہ ہو وہ اتمامِ حجّت کے بعد ہلاک ہو اور جو زندہ رہے اور ہدایت پائے وہ بھی دلیل و حجّت کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ساتھ زندہ رہے۔ اسی بناء پر خداوندِ عالم کی اپنے بندوں پر یہ مہربانی ہے کہ وہ کسی وقت زمین کو اپنی حجّت کے وجود سے خالی نہیں چھوڑتا، اور ہر حجّتِ خدا کے لیے نائب وسفیر کی ضرورت بھی لازمی ہے جو اس کی طرف سے لوگوں تک احکام کی تبلیغ کرتا رہے۔

اس کے بعد سیّد سلّمہ اللہ نے مجھے اپنے ساتھ لیا اور شہر کے باہر آکر باغات کی طرف چل دیے میں نے دیکھا کہ ان باغات میں نہریں جاری ہیں اور انواع واقسام کے ایسے عمدہ پھل اور ایسے شیریں میوے ہیں جیسے انگور، انار اور امرود وغیرہ جن کی مثال عراق، عرب، عجم اور شام میں بھی نہیں۔ ابھی ہم ایک باغ سے دوسرے باغ کی سیر میں مصروف تھے کہ ایک حَسین وجمیل شخص اونی لباس پہنے ہوئے ہماری طرف سے گذرا اور سلام کر کے آگے بڑھ گیا۔ مجھے اُس کا یہ ادب بہت پسند آیا۔

میں نے سیّد سلّمہ اللہ سے دریافت کیا: یہ کون شخص تھا۔؟

اُنھوں نے فرمایا: تم یہ سامنے جو پہاڑ دیکھتے ہو اس کے اوپر ایک نہایت خوشنما مقام ہے جہاں سایہ دار درخت کے نیچے پانی کا چشمہ ہے اس کے آگے اینٹوں کا بنا ہوا قبّہ ہے۔ یہ شخص اور اس کے ساتھ ایک اور آدمی ہے دونوں اس قبّے کے خادم ہیں۔ میں ہر جمعہ کی صبح کو وہاں جاتا ہوں اور امام علیہ السّلام کی زیارت اور دو رکعت نماز پڑھتا ہوں، یہیں سے مجھ کو ایک نامہ ملتا ہے جس میں مومنین کے معاملات سے متعلق تمام وہ ضروری باتیں درج ہوتی ہیں جن کا میں حاجتمند ہوتا ہوں اور اُن ہی ہدایات پر عمل کرتا ہوں۔ مناسب ہے کہ تم بھی اس مقام پر جاؤ اور امام علیہ السّلام کی زیارت پڑھو۔

چنانچہ میں اس پہاڑ پر گیا اور اس قُبّے کو ویسا ہی پایا جیسا کہ جناب سیّد سلّمہ اللہ نے بیان فرمایا تھا، دونوں خادم وہاں موجود تھے جن میں سے ایک نے میرا خیر مقدم کیا، مگر دوسرے کو میرا آنا ناگوار گذرا۔ تاہم پہلے شخص نے دوسرے کو سمجھایا کہ تمھیں ناخوش نہ ہونا چاہیے، میں نے اسے سیّد شمس الدّین محمّد عالم کے ہمراہ دیکھا ہے۔

یہ سن کر وہ بھی میری طرف متوجّہ ہوا اور اُس نے بھی خوش آمدید کہا، دونوں مجھ سے بات چیت کرتے رہے، پھر اُنھوں مجھے روٹی اور انگور کھلائے اور اُس چشمے کا پانی پلایا۔ بعدہٗ میں نے وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھی۔ اِس کے بعد میں اُن خادموں سے دریافت کیا کہ تم لوگوں نے امام علیہ السّلام کو دیکھا ہے؟

اُنھوں نے کہا: امام علیہ السّلام کو دیکھنا ناممکن ہے۔ اور ہمیں اجازت نہیں ہے کہ کسی سے ایسی بات کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھر میں نے اُن سے اپنے لیے دعا کی التماس کی اور اُنھوں نے دعا کی، اس کے بعد میں وہاں سے شہر میں واپس آکر جناب سیّد سلمہ اللہ کے مکان پر حاضر ہوا تو معلوم ہوا کہ وہ موجود نہیں ہیں تو میں شیخ محمدؒ کے پاس گیا، جو مجھے اپنے ہمراہ کشتی میں لیکر آئے تھے اور اُن سے پورا واقعہ پہاڑ پر جانے اور ایک خادم کے ناخوش ہونے کا بیان کیا۔

- شیخ محمدؒ نے کہا: اس میں خادم کی ناخوشی اس لیے تھی کہ سوائے سیّد شمس الدّین محمد عالم جیسے لوگوں کے کسی دوسرے کو اس پہاڑ پر جانے کی اجازت نہیں ہے۔
- پھر میں نے شیخ محمدؒ سے سیّد صاحب کے حالات دریافت کیے۔
- اُنھوں نے کہا: سیّد صاحب، حضرت امامِ زمانہ علیہ السّلام کی اولاد میں سے ہیں۔ امام علیہ السّلام کی پانچویں پشت میں ہیں اور آنجنابؑ کے حکم سے نائبِ خاص ہیں۔

شیخ زین الدّین علی بن فاضل مازندرانی ناقل ہیں کہ سیّد شمس الدّین محمد عالم (اللہ تعالیٰ اُن کو طویل عمر کرامت فرمائے) سے میں نے عرض کیا کہ اگر آپ اجازت مرحمت فرمائیں تو بعض مسائل جنکی مجھے احتیاج رہتی ہے آپ کی خدمت میں پیش کروں اور خواہش ہے کہ قرآن مجید سناؤں اور علوم دینیہ کے بعض مشکل مقامات آپ سے حل کروں۔

- سیّد صاحب نے میری درخواست منظور فرمائی اور کہا کہ جب ایسے ضروری اُمور ہیں تو بہتر ہے کہ قرآن مجید سے ابتدا کرو۔
- چنانچہ میں نے قرآن مجید کی قرأت شروع کی۔ جب قاریوں کے اختلافی مقامات آتے تو میں کہتا کہ اس کو حمزہ (قاری) نے اس طرح پڑھا ہے، کسائی نے یہ کہا ہے، عاصم کا یہ قول ہے ابو عمرو بن کثیر کی قرأت اس طرح ہے۔
- سیّد صاحب نے فرمایا: مجھے ان سے کوئی تعلّق نہیں۔ جب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے آخری حج ادا فرمایا تو جبرئیل امین نازل ہوئے اور کہا کہ "اے محمدؐ! قرآن مجید کو میرے سامنے تلاوت کیجیے تاکہ سورتوں کے اوائل و اواخر اور اُن کی شانِ نزول آپ کو بتادی جائے۔
- پس حضرت امیر المومنینؑ اور اُن کے فرزند امام حسنؑ و امام حسینؑ، ابی بن کعب، عبداللہ بن مسعود، حذیفہ یمانی، جابر بن عبداللہ انصاری، ابوسعید خدری، حسّان بن ثابت اور اُن کے علاوہ دوسرے اصحاب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی خدمت میں جمع ہوئے اور آپؐ نے اوّل سے آخر تک قرآن مجید کی تلاوت فرمائی جن مقامات پر اختلاف تھا جبرئیل امین نے آنحضرتؐ سے بیان کر دیا اور امیر المومنینؑ نے اس کو پوست پر تحریر فرمایا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پس تمام قرآن مجید حضرت امیر المومنین و وصیٔ رسولِ ربّ العالمین کی قرأت سے ہے۔

- میں نے عرض کیا: اے میرے سیّد و سردار! میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ بعض آیات بعض دیگر آیتوں سے غیر مربوط ہیں، اُن کے ماقبل و مابعد میں بظاہر کوربط ہی نہیں ہے میں اُن کے سمجھنے سے قاصر ہوں۔ ؟
- آپ نے فرمایا: صحیح کہتے ہو، ایسی ہی صورت ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ جب سیّد البشر حضرت محمّد بن عبداللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِس دارِ فنا سے دارِ بقا کی طرف کوچ فرمایا تو خلافت ظاہری کے دورِ حکومت میں جو کچھ ہوا وہ تو ظاہر ہی ہے لیکن اس وقت امیر المومنین علیہ السّلام خود جمع شدہ قرآن مجید کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر مسجد میں لائے سب لوگوں کی موجودگی میں، فرمایا: یہ کتاب اللہ حق سبحانہٗ تعالیٰ ہے اور حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم مجھے حکم فرما گئے ہیں کہ تمھارے سامنے پیش کر دوں، تاکہ اُس دن کے لیے اتمامِ حجّت ہو جائے جبکہ خداوندِ عالم کے سامنے میری تمھاری پیشی ہوگی۔ ؟
- اس کا جواب دو شخصوں[1] نے یہ دیا کہ ہم تمھارے قرآن کے محتاج نہیں ہیں۔
- امیر المومنینؑ نے فرمایا: میرے حبیب حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تمھارے اِس جواب کی بھی خبر دے گئے ہیں لیکن میں نے تو اِس وقت تم سے حجّت پوری کر دی ہے۔
- یہ فرما کر امیر المومنین ؑ اس قرآن کو لیے ہوئے اپنے بیت الشّرف تشریف لے گئے، مگر بارگاہِ الٰہی میں عرض کرتے جاتے تھے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو حق ہے، تو واحد و یکتا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، اس امر کا کوئی رد کرنے والا نہیں جو تیرے علم میں گذر چکا ہے اس کو کوئی روک نہیں سکتا جو تیری حکمت کا تقاضہ ہو۔ پس اُس روز جبکہ تیری جناب میں حاضری ہوگی تو میرے لیے گواہ رہنا۔

اس کے بعد مسلمانوں کو یہ حکم دیا گیا کہ تم میں سے جس کے پاس قرآن کی جو آیت یا سورۃ ہو اس کو لیکر دربار میں آئے۔

اِس پر ابو عبیدہ بن جراح حضرت عثمان و سعد بن ابی وقاص، معاویہ بن ابی سفیان عبدالرحمٰن بن عوف، طلحہ بن عبداللہ، ابو سعید خدری، حسّان بن ثابت اور دوسرے لوگ آئے سب نے قرآن جمع کیا اور وہ آیتیں نکال دی گئیں جن میں مطاعن تھے اور اُن بداعمالیوں کا ذکر تھا جو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی وفات کے بعد لوگوں سے صادر ہونے والی تھیں۔ اسی وجہ سے تم اس قرآن کی آیتوں کو باہم غیر مربوط دیکھتے ہو۔ اور امیر المومنین ؑ کا جمع شدہ قرآن مجید آپ کے دستِ مبارک

[1] فقال له فرعون هذه الامّة ونمرودها لسنا محتاجين إلى قرآنك

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سے لکھا ہوا حضرت صاحب الامر علیہ السلام کے پاس محفوظ ہے جس میں ہر ہر چیز کا بیان ہے یہانتک کہ کسی کے بدن پر خراش کر دینے کے بدلے کا بھی ذکر ہے۔ لیکن اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ موجودہ قرآن کلامِ الٰہی ہے۔ یہ امر اسی طرح حضرت صاحب الامر علیہ السلام کی طرف سے ہم تک پہنچا ہے۔

غرضیکہ جناب سیّد سے خدا ان کو سلامت رکھے، میں نے نوّے (۹۰) مسائل سے زیادہ کے جوابات حاصل کیے جو میرے پاس ایک مجلّہ میں جمع ہیں، میں نے اس کا نام "فوائد شمسیہ" رکھا ہے اور میں نے ان مسائل سے، سوائے مومنین مخلصین کسی کو مطلع نہیں کیا ہے۔

الغرض جب تیسرا جمعہ آیا جو مہینے کے جمعوں میں سے درمیانی جمعہ تھا اور ہم نمازِ جمعہ سے فارغ ہوئے تو سیّد صاحب سلّمہ اللہ افاداتِ مومنین کی غرض سے بیٹھ گئے تو مسجد کے باہر بڑے شور و غل کی آواز میرے کانوں میں آئی۔

- میں نے سیّد صاحب سے دریافت کیا: یہ کیسا شور ہے؟
- اُنھوں نے فرمایا: یہ ہمارے لشکر کے امراء ہیں جو ہر مہینے کے درمیانی جمعہ کے روز جمع ہو کر سوار ہوتے ہیں اور حضرت صاحب الامر علیہ السلام کے ظہور کا انتظار کرتے ہیں۔
- یہ سنکر میں نے اس جلوس کو دیکھنے کی اجازت چاہی۔

سیّد صاحب نے اجازت دی اور میں مسجد سے نکل کر باہر آیا، دیکھا کہ بڑا مجمع ہے تسبیح و تمجید و تہلیل کی آوازیں بلند ہو رہی ہیں اور حضرت قائم بامر اللہ اور ناصح لدین اللہ م ح م د بن حسنؑ مہدیؑ خلفِ صالحؑ صاحب الزّمان علیہ السلام کے ظہور کی سب مل کر دعائیں مانگ رہے ہیں۔

- میں یہ دیکھ کر واپس ہوا تو سیّد صاحب نے پوچھا: تم نے لشکر دیکھا؟
- میں نے عرض کیا: جی ہاں دیکھا۔
- آپ نے فرمایا: شمار بھی کیا؟
- میں نے عرض کیا: جی نہیں۔
- آپ نے فرمایا: یہ پورے تین سو ناصر ہیں، ابھی تیرہ ناصر اور باقی ہیں۔ خداوند عالم اپنی مشیّت سے جلد اپنے ولی کے لیے فرج و کشادگی فرمانے والا ہے۔ یقیناً وہ جوّاد و کریم ہے
- میں نے عرض کیا: میرے سردار! یہ سب کب ہوگا؟
- آپ نے فرمایا: اس کا علم بس اللہ سبحانہٗ کو ہے جو اُس کی مشیّت پر موقوف ہے جس کی چند علامتوں میں سے یہ بھی ہیں کہ ذوالفقار نیام سے برآمد ہو کر عربی زبان میں کہے گی "اے ولی اللہ! اللہ کا نام لیکر اُٹھ کھڑے ہوں اور اللہ کے دشمنوں کو قتل کیجیے"۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس کے علاوہ تین آوازیں بلند ہوں گی جن کو تمام انسان سُنیں گے۔ ایک آواز یہ ہوگی کہ "اے گروہِ مومنین قیامت قریب ہے" دوسری یہ کہ "ظالموں پر خدا کی لعنت"۔ تیسری یہ ہوگی کہ "آفتاب کی کرنوں سے ایک جسم ظاہر ہوکر ندا دے گا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت صاحب الامر "م ح م د" بن حسنؑ مہدیؑ کو مبعوث فرمایا ہے اُن کی بات سنو اور اُن کی اطاعت کرو۔"

مسئلہ (۱) میں نے عرض کیا: اے میرے سردار! ہمارے مشائخ نے کچھ احادیث حضرت صاحب امرؑ سے منسوب کی ہیں کہ "جو کوئی زمانۂ غیبتِ کبریٰ میں مجھے دیکھنے کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے"۔ اِس کے باوجود خود آپ کے یہاں آنجنابؑ کو دیکھنے والے کتنے ہیں"۔ ؟

جواب • آپ نے فرمایا: یہ درست ہے۔ مگر حضرت صاحب الامر علیہ السلام نے یہ اُس وقت ارشاد فرمایا تھا جب غیبتِ کبریٰ کے آغاز ہی میں دشمنوں کی کثرت تھی جن میں اپنے بھی تھے اور اغیار بھی، اور وہ زمانہ خلفاءِ بنی عباس کی ظالمانہ حکومت کا تھا کہ بیچارے شیعہ آپس میں بھی حضرت صاحب الامرؑ کے متعلق بات چیت بھی نہ کر سکتے تھے لیکن اب وہ زمانہ گذر چکا ہے، دشمن مایوس ہو گئے، ہمارے شہر اُن کی دسترس میں نہیں اور اُنکے ظلم وستم سے محفوظ ہیں اور حضرتؑ کی برکت سے کوئی یہاں تک نہیں پہنچ سکتا۔

مسئلہ (۲) پھر میں نے دریافت کیا: علمائے شیعہ نے ایک حدیث امام علیہ السلام سے اس طرح کی روایت کی ہے کہ آنجنابؑ نے اپنے شیعوں پر خمس کو مباح قرار دیا ہے؟ آپ اس کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

جواب • آپ نے فرمایا: ہاں، آنجنابؑ نے رخصت دیدی ہے اور اولادِ علیؑ میں سے اپنے شیعوں کے لیئے خمس کو مباح کر دیا ہے اور ارشاد فرمایا ہے کہ ان کے واسطے خمس حلال ہے۔

مسئلہ (۳) میں نے دریافت کیا: دوسرے مسلمانوں کے قیدیوں، کنیزوں اور غلاموں کو شیعہ خرید سکتے ہیں؟

جواب • آپ نے فرمایا: ہاں، اُن کے قیدیوں سے بھی اُن کے غیر کے قیدیوں میں سے بھی۔ کیونکہ آنجنابؑ کا ارشاد ہے کہ تم اُن سے اُس چیز کا معاملہ (خرید و فروخت) کرو جس کے ساتھ وہ خود معاملات کرتے ہیں۔ (یہ موخّر الذکر دو مسئلے فوائدِ شمسیہ میں نوّے مسائل کے علاوہ ہیں)

شیخ زین الدین علی بن فاضل مازندرانی کا بیان ہے کہ جناب سیّد نے (اللہ انکو زندہ و سلامت رکھے) یہ بھی فرمایا: "حضرتؑ کا ظہور رُکن و مقام کے درمیان مکّہ معظّمہ سے طاق سال (جو دو سے تقسیم نہ ہو سکے مثلاً ۱-۳-۵ وغیرہ وغیرہ) میں ہوگا مومنین منتظر رہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

- میں نے عرض کیا: اے میرے سردار! میں یہ چاہتا ہوں کہ اب آپ ہی کے زیرِ سایہ حاضر رہوں، تاآنکہ خداوندِ عالم حضرتؑ کو ظہور کا اذن عطا فرمائے۔ ؟
- آپ نے فرمایا: تمھاری وطن واپسی کے بارے میں پہلے ہی میرے پاس آنجنابؑ کا حکم آچکا ہے جس کی مخالفت ہمارے لیے ناممکن ہے۔ تم عیالدار ہو اور تمھیں اُن سے جُدا ہوئے کافی مدّت گذر چکی ہے، مزید اُن سے دور رہنا تمھارے لیے جائز نہیں ہے۔
- یہ سنکر میں بہت متاثّر ہوا اور رونے لگا۔ پھر عرض کیا: کیا یہ ہوسکتا ہے کہ میرے بارے میں حضرتؑ سے رُجوع کیا جائے ؟
- آپ نے فرمایا: نہیں۔
- میں نے عرض کیا: اچھا جو کچھ میں نے یہاں دیکھا یا سُنا ہے اس کو دوسروں سے بیان کرنے کی اجازت ہے یا یہ بھی نہیں ؟
- آپ نے فرمایا: اس میں کوئی مضائقہ نہیں، تم مومنین سے بیان کرسکتے ہو تاکہ اُن کے دل مطمئن رہیں، سوائے فلاں فلاں اُمور کے جن کو کسی پر ظاہر نہ کرنا۔
- میں نے عرض کیا: حضرتؑ کے جمالِ مبارک کی زیارت نصیب ہوسکتی ہے ؟
- آپ نے فرمایا: یہ بھی ممکن نہیں، لیکن ہر مومن مخلص حضرتؑ کو دیکھتا ہے لیکن پہچانتا نہیں، کہ یہ امامِ زمانہؑ ہیں۔
- میں نے عرض کیا: میرے سردار! میں تو حضرتؑ کے مخلص غلاموں میں سے ہوں لیکن زیارت سے مشرّف نہیں ہوسکا۔
- آپ نے فرمایا: تم نے دو مرتبہ حضرتؑ کی زیارت کا شرف حاصل کیا ہے۔ ایک تو اُس وقت جب پہلی مرتبہ تم سامرّہ آئے تھے اور تمھارے ہمسفر لوگ تم سے آگے بڑھ گئے تھے۔ تم ایک ایسی نہر پر پہنچے جس میں پانی نہ تھا، وہاں تم نے سفید و سیاہ رنگ کے گھوڑے پر ایک سوار کو آتے ہوئے دیکھا تھا جن کے ہاتھ میں ایک لانبا سا نیزہ تھا اُس کی سِنان دمشقی تھی تم دیکھ کر ڈر گئے تو اُنھوں نے تمھارے پاس آکر کہا کہ خوف نہ کرو چلے جاؤ تمھارے ساتھی فلاں درخت کے نیچے تمھارا انتظار کر رہے ہیں
- سیّد صاحب کے اِس بیان سے سارا واقعہ مجھے یاد آگیا میں نے عرض کیا: بیشک ایسا ہی ہوا تھا۔
- پھر فرمایا: دوسری مرتبہ جب تم اپنے استاد اندلسی کے ہمراہ دمشق سے مصر کی جانب جارہے تھے اور قافلے سے جدا ہوگئے تھے، تم پر بہت خوف طاری تھا اُس وقت سفید پیشانی کے گھوڑے پر ایک سوار آئے تھے جن کے ہاتھ میں نیزہ تھا اُنھوں نے فرمایا تھا کہ ڈرو مت

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تمھارے داہنی جانب جو دیہات ہے اس میں جاکر شب بسر کرو وہاں کے لوگوں سے بلاخوف اپنا مذہب ظاہر کر دینا کیونکہ یہ چند دیہات جو دمشق کے جنوب میں واقع ہیں اُن کے باشندے سب کے سب مومنین مخلصین ہیں اور طریقۂ امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالبؑ و ائمہ معصومین علیہم السّلام سے متمسک ہیں۔

- اتنا بیان کر کے سیّد صاحب نے مجھ سے دریافت کیا: اے ابنِ فاضل! کیا ایسا ہوا تھا؟
- میں نے عرض کیا: جی ہاں، ایسی صورت پیش آئی تھی۔ پھر میں وہاں گیا، شب بھر بڑے آرام سے سویا، اُنھوں نے میری بڑی عزّت کی، جب میں نے اُن سے اُنکا مذہب پوچھا تو اُنھوں نے صاف کہدیا کہ ہم امیر المومنین، وصیّ رسولِ ربّ العالمین اور اُن کی ذرّیت ائمہ معصومین علیہم السّلام کے مذہب پر ہیں۔ میں نے اُن سے یہ بھی پوچھا کہ تم نے اِس مذہب کو کیسے اختیار کیا اور کس نے تمھاری رہبری کی؟
- اُن لوگوں نے جواب دیا تھا کہ جب حضرت ابوذر غفاریؓ کو مدینہ منوّرہ سے نکالا گیا اور شام بھیجا گیا تو معاویہ نے اُنھیں ہماری طرف نکال باہر کیا، تو وہ اِس سرزمین پر آ گئے۔ بس اُن ہی کی وجہ سے اللہ کی برکتیں ہمارے شاملِ حال ہوئیں۔
- پھر میں نے بھی اُن لوگوں سے اپنا مذہب ظاہر کر دیا تھا۔ جب صبح ہوئی تو میں نے ان لوگوں سے خواہش ظاہر کی کہ مجھے میرے قافلے تک پہنچا دیا جائے۔ اُنھوں نے دو آدمی میرے ساتھ کر دیے جنھوں نے مجھے قافلے تک پہنچا دیا۔
- سیّد صاحب سے میں نے یہ بھی دریافت کیا کہ میرے سردار! کیا امام قائم علیہ السّلام حج کے لیے تشریف لے جاتے ہیں؟
- اُنھوں نے فرمایا: اے ابنِ فاضل! تمام دنیا مومن کے لیے ایک قدم ہے تو پھر اُن حضرت کا کیا ذکر ہے جن کے وجود کی برکت سے اور اُن کے آبائے طاہرین علیہم السّلام کے قدوم میمنت لزوم کی برکت سے عالم کا وجود ہوا ہے۔ ہاں حضرتؑ ہر سال حج ادا فرماتے ہیں اور مدینہ و عراق و طوس میں اپنے آبائے کرام معصومین کی زیارت کر کے یہاں واپس تشریف لاتے ہیں۔
- اس کے بعد سیّد صاحب نے فرمایا کہ اب تم بلا تاخیر عراق واپس جاؤ اور جلد بلادِ مغرب سے رخصت ہو جاؤ۔ اور مجھے آپ نے پانچ درہم عطا فرمائے جن پر یہ تحریر کندہ تھی:

"لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ عَلِيٌّ وَّلِيُّ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ قَائِمٌ بِاَمْرِ اللّٰهِ"

وہ درہم میرے پاس تبرّکاً ابتک محفوظ ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھر اُنھوں نے مجھے اُن ہی کشتیوں کے ساتھ واپس کر دیا جن کے ذریعے سے میں آیا تھا۔ یہانتک کہ بربر کے اُس شہر تک پہنچ گیا جہاں سے میں داخل ہوا تھا۔ یہاں پہنچ کر میں نے وہ جو اور گندم جو میرے ساتھ تھے ایک سو چالیس سونے کے دیناروں میں فروخت کیے اور سیّد صاحب کے حکم کے مطابق میں نے اندلس کا راستہ اختیار نہیں کیا، بلکہ مغربی شہر طرابلس پہنچا اور وہاں کے حاجیوں کے ہمراہ مکّہ پہنچ کر حج سے فراغت پاکر عراق آگیا۔ اب یہ ارادہ ہے کہ تاحیات نجفِ اشرف میں قیام کروں اور یہیں موت آجائے۔

شیخ زین الدّین علی بن فاضل مازندرانی کا بیان ہے کہ میں نے جزیرۂ خضرا میں علمائے امامیہ میں سے صرف پانچ علماء کا تذکرہ سنا تھا۔ سیّد مرتضیٰ موسوی، شیخ ابوجعفر طوسی، محمّد بن یعقوب کلینی، ابنِ بابویہ قمّی اور شیخ ابوالقاسم جعفر بن سعید حلّی۔

(نوٹ:) یہاں ہم چند حکایتیں اور لکھتے ہیں جنھیں ہم نے اپنے قریبی زمانے کے لوگوں سے سنا ہے:۔

(۱) مولانا احمد اردبیلی کی ملاقاتِ امامؑ

بہت سے لوگوں نے سیّد فاضل امیر علّام سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ:

ایک شب میں روضۂ نجفِ اشرف کے صحن میں تھا۔ شب کا زیادہ حصّہ گذر چکا تھا اور میں صحن کے اندر اِدھر اُدھر پھر رہا تھا کہ دیکھا، ایک شخص روضۂ مقدّسہ کی طرف جا رہا تھا۔ میں بھی اس کیطرف بڑھا اور قریب جا پہنچا تو دیکھا کہ وہ میرے استاد فاضل و عالم تقی و زکی مولانا احمد اردبیلی ہیں یہ جان کر میں نے اُن سے خود کو چھپا لیا۔ دیکھا کہ وہ روضۂ اقدس کے دروازے پر پہنچے، روضے کا دروازہ مقفّل تھا، مگر اُن کے پہنچتے ہی کھل گیا اور وہ روضے میں داخل ہو گئے۔ میں نے کان لگا کر سنا تو معلوم ہوا کہ وہ کسی سے آہستہ آہستہ باتیں کر رہے ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ روضے سے باہر آگئے اور دروازہ بند ہو گیا۔ وہ نجفِ اشرف سے کوفہ کی جانب روانہ ہوئے، میں بھی اُن کے تعقّب میں چل دیا، مگر اس طرح کہ وہ مجھے نہ دیکھ سکیں۔ وہ مسجدِ کوفہ میں داخل ہوئے اور اس محراب کے پاس پہنچ گئے جہاں امیر المومنین علیہ السّلام نے شہادت پائی تھی۔ وہاں دیر تک ٹھہرے رہے۔ پھر مسجد سے نکل کر نجفِ اشرف کا رُخ کیا۔ میں بھی پیچھے پیچھے چلتا رہا، ابھی وہ مسجدِ حنانہ پہنچے ہی تھے کہ مجھے کھانسی آگئی جسے میں ضبط نہ کر سکا۔

آواز سن کر وہ میری طرف متوجّہ ہوئے اور مجھے پہچان کر پوچھا کہ تم میر علّام ہو؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

- آپ نے فرمایا: تم یہاں کیا کر رہے ہو؟
- میں نے عرض کیا: جب آپ روضۂ مقدسہ میں داخل ہوئے تھے میں اُسی وقت سے آپ کے نقشِ قدوم پر چلا آرہا ہوں، اور میں آپ کو صاحبِ قبر (امیرالمومنینؑ) کی قسم دیتا ہوں کہ آپ کو اس شب میں جو کچھ درپیش آیا ہے شروع سے آخر تک سب بتا دیجیے۔
- آپ نے فرمایا: اچھا، میں اس شرط پر بتاتا ہوں کہ جبتک میں زندہ ہوں کسی کو نہ بتانا۔

اور آپ نے جب مجھ سے پکا عہد لے لیا تو فرمایا: سنو! میں چند مسائل پر غور کر رہا تھا جب کچھ نتیجہ خاطر خواہ نہ برآمد ہوا تو سیدھا حلّالِ مشکلات امیرالمومنین علیہ السّلام کی بارگاہ میں پہنچ گیا۔ روضے کا دروازہ مقفّل تھا لیکن میرے پہنچتے ہی بغیر کسی کلید کے کھل گیا، جیسا کہ تم نے دیکھا ہوگا۔ میں نے روضے میں داخل ہوکر اللہ تعالیٰ کی جناب میں دعا کی، کہ میرے مولا مجھے سوالات کا جواب عطا فرما دیں تو مطمئن ہو جاؤں، معاً قبرِ مبارک سے ناگاہ آواز آئی کہ مسجدِ کوفہ جاکر اپنے زمانے کے امامؑ سے مسائل کا حل دریافت کرو۔ چنانچہ میں محرابِ مسجدِ کوفہ میں گیا، وہاں امامِ زمانہؑ موجود تھے، آنجنابؑ سے مسائل دریافت کیے، اور اب میں مطمئن ہوکر اپنے گھر جا رہا ہوں۔

۲ امیر اسحاق استرآبادی

مجھ سے میرے والد رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ میرے زمانے میں ایک مردِ شریف و صالح جن کا نام امیر اسحاق استرآبادی تھا، نے چالیس حج پاپیادہ کیے تھے۔ اُن کے لیے لوگوں میں مشہور تھا کہ انھیں طے الارض (زمین کا اُن کے لیے لپٹ جانا) درپیش آتا تھا۔

- چنانچہ ایک مرتبہ جب وہ اصفہان آئے تو میں نے اُن سے ملاقات کی اور دریافت کیا کہ لوگوں میں مشہور ہے کہ آپ کو طے الارض ہوتا ہے، کیا یہ درست ہے؟
- اُنھوں نے جواب دیا: (ہاں) اس کا سبب یہ ہے کہ ایک سال میں دیگر حاجیوں کے ساتھ بیت اللہ الحرام کیطرف حج کے لیے چلدیا، جب ہمارا قافلہ مکّہ مکرّمہ سے سات یا نو منزل کے فاصلے پر تھا تو میں قافلے سے بچھڑ گیا۔ اور اس عالمِ تنہائی میں راستے اور قافلے کی تلاش میں حیران و پریشان تھا، مزید برآں شدّتِ پیاس نے بیچین کر دیا، جب پریشانی زیادہ لاحق ہوئی اور زندگی سے مایوس ہونے لگا تو ناچار میں نے آواز دی "اے صالح اور اے ابوصالح! اللہ آپ پر رحمت نازل فرمائے، مجھے راستہ بتا دیجیے۔" اتنا کہنا تھا کہ صحرا کے بالکل آخری سرے پر مجھے ایک بزرگ نظر آئے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دیکھتے ہی دیکھتے جب وہ قریب پہنچے تو وہ ایک جوان خوبرو اور خوش پوشاک، گندمی رنگ، وضع قطع میں شریف، اونٹ پر سوار پانی کا مشکیزہ لیے چلا آرہا ہے۔ میں نے اُن کو سلام کیا، اُنھوں نے جوابِ سلام دیا۔

- پھر مجھ سے پوچھا: تم پیاسے ہو؟
- میں نے عرض کیا: جی ہاں۔

چنانچہ اُنھوں نے میری طرف مشکیزہ بڑھا دیا۔ میں نے لیکر پانی پیا۔

- پھر اُنھوں نے دریافت کیا: تم اپنے قافلے میں پہنچنا چاہتے ہو؟
- میں نے عرض کیا: جی ہاں۔

اُنھوں نے مجھے اپنے ساتھ ناقے پر بٹھالیا اور مکّہ کی جانب رُخ کیا اور روانہ ہو گئے۔

میرا معمول تھا کہ روزانہ "حرزِ یمانی" پڑھا کرتا تھا چنانچہ میں نے پڑھنا شروع کیا، تو اُنھوں نے بعض مقامات پر مجھے ٹوکا اور فرمایا، یہ نہیں، بلکہ اِس کو اسطرح پڑھو۔ ابھی تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ اُنھوں نے ایک مقام پر پہنچ کر دریافت کیا: اِس مقام کو پہچانتے ہو؟

- جب میں نے اسے پہچاننے کے لیے اِدھر اُدھر نظریں دوڑائیں تو معلوم ہوا کہ اب میں ابطح پہنچ چکا ہوں۔
- اُنھوں نے فرمایا: اچھا، اب تم اُتر جاؤ۔

میں اُتر گیا، اور پلٹ کر دیکھا تو وہ نگاہوں سے غائب ہو چکے تھے۔

اب مجھے محسوس ہوا کہ وہ امام قائم علیہ السّلام تھے۔ مجھے اُن کی جُدائی اور انھیں نہ پہچاننے پر بڑا افسوس اور ندامت ہوئی۔ الغرض جب ہمارا قافلہ مکّہ پہنچا اور اہلِ قافلہ نے مجھے دیکھا، درآنحالیکہ وہ لوگ میری زندگی سے مایوس ہو چکے تھے، تو اُنھوں نے مشہور کر دیا کہ مجھے طی الارض ہوا ہے۔

راوی کا بیان ہے کہ میرے والد رحمت اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں نے آنجنابؑ کے سامنے حرزِ یمانی پڑھا اور آپؑ نے اس کی تصحیح فرمائی اور پڑھنے کی اجازت دی۔" والحمدللہ "

۳ میرزا محمّد استرآبادی

سیّد السّند فاضل الکامل میرزا محمّد استرآبادی سے روایت ہے، اُنھوں نے بیان کیا کہ ایک شب میں بیت الحرام کا طواف کر رہا تھا کہ ناگاہ ایک خوب صورت نوجوان تشریف لاتے اور طواف کرنے لگے۔ جب میرے قریب پہنچے تو اُنھوں نے ایک سُرخ گلاب کے پھولوں کا گلدستہ مجھے دیا، حالانکہ اُس وقت اُس کا موسم نہ تھا۔ میں نے بڑی خوشی سے لیکر سونگھا اور دریافت کیا: اے میرے سردار!

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

- یہ کہاں سے دستیاب ہوا ؟
- اُنھوں نے فرمایا: خرابات (کھنڈرات) سے۔

یہ فرماکر وہ غائب ہوگئے اور مجھے نظر نہ آئے۔

(۴) ایک قاشانی کا واقعہ

اہالیانِ نجفِ اشرف میں سے کچھ لوگوں نے مجھ سے بیان کیا کہ قاشان کا ایک شخص حجِ بیت اللہ کے قصد سے چلا اور جب وہ نجفِ اشرف پہنچا تو شدید بیمار ہوگیا، یہانتک دونوں پاؤں خشک ہوگئے اور چلنے پھرنے کے قابل نہ رہا۔ اُس کے رفقاءِ سفر نے اُسے ایک مردِ صالح کے پاس چھوڑ دیا، جو روضۂ مقدسہ کے اندر مدرسے کے ایک کمرے میں رہا کرتا تھا، اور خود وہ لوگ حج کے لیے روانہ ہوگئے۔

وہ مردِ صالح اُس قاشانی کو روزانہ اپنے حجرے میں بند کرکے دُرِ نجف کی تلاش میں صحرا کی طرف چلا جاتا۔ ایک دن اُس قاشانی نے اُس مردِ صالح سے کہا: میں اِس حجرے میں رہتے رہتے تنگ آگیا ہوں، آپ مجھے بھی اپنے ساتھ لیچلیں اور صحرا میں کسی مقام پر بٹھاکر خود آپ جہاں چاہیں چلے جائیں۔

اُس نے یہ بات منظور کرلی اور مجھے اپنے ساتھ لیجاکر مقامِ قائم علیہ السلام پر بٹھادیا جو نجفِ اشرف کی آبادی سے باہر تھا۔ اس نے وہاں حوض میں اپنی قمیص دھوکر ایک درخت پر خشک ہونے کے لیے ڈالدی اور خود صحرا کیطرف روانہ ہوگیا، اور میں محزون ومغموم بیٹھا ہوا یہ سوچتا رہا کہ آخر میرا انجام کیا ہوگا۔

اتنے میں میری نظر ایک خوش شکل گندمی رنگ کے جوان پر پڑی، جو صحن میں داخل ہوا اور مجھ پر سلام کیا اور امام قائم علیہ السلام کی عمارت میں داخل ہوگیا۔ وہاں اُس نے نہایت خضوع وخشوع کے ساتھ چند رکعات نماز پڑھی۔ بعدِ فراغت میرے پاس آیا اور میرا حال دریافت کیا

- میں نے کہا: میں تو ایسے مرض میں مبتلا ہوگیا ہوں کہ نہ تو یہ مرض ہی جاتا ہے اور نہ میں مرتا ہوں کہ اِس سے پیچھا چھُٹے۔
- اُس نے کہا: غم نہ کر اللہ تجھے دونوں امور عطا فرمائے گا۔

جب وہ جوان یہ کہہ کر چلا گیا تو میں نے دیکھا کہ وہ قمیص زمین پر گری ہوئی ہے، تو بیساختہ میں نے اُٹھ کر وہ قمیص اُٹھالی اور اُسے دھوکر پھر درخت پر ڈالدیا۔ اب مجھے خیال آیا کہ میں تو اُٹھنے کے قابل نہ تھا، یہ کیا ہوا گویا میں مریض ہی نہ تھا۔ پس میں سمجھ گیا کہ وہ امام قائمؑ تھے۔ یہ خیال آتے ہی میں باہر صحن

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کی طرف دوڑا، مگر کوئی نظر نہ آیا۔ اب تو مجھے سخت ندامت ہوئی۔

کچھ دیر کے بعد جب وہ مردِ صالح صحرا سے واپس آیا تو مجھے دیکھ کر حیران ہوگیا۔ اور مجھ سے دریافت کیا کہ یہ کیسے ہوگیا۔؟

میں نے سارا قصّہ بیان کر دیا، تو وہ بھی اپنی محرومی پر افسوس کرنے لگا۔ پھر میں اُس کے ساتھ حجرے میں واپس آگیا۔

لوگوں کا بیان ہے کہ وہ اپنے رفقاءِ حج کی واپسی تک صحتمند رہا۔ جب وہ لوگ واپس آگئے اور اُس نے اُن کو دیکھا تو پھر بیمار پڑ گیا اور مر گیا اور اُسے صحن میں دفن کر دیا گیا۔ اس طرح امام قائم علیہ السّلام نے فرمایا تھا کہ دونوں اُمور ہو جائیں گے تو وہ قول اس طرح درست ہوگیا کہ قصّہ اہلِ نجف میں بہت مشہور ہے۔ مجھ سے وہاں کے ثقہ لوگوں نے بیان کیا۔

۵ بحرین میں ایک انار پر خلفاءِ اربعہ کے نام مع کلمۂ شہادتین تحریر تھا

علّامہ مجلسی علیہ الرّحمہ کا بیان ہے کہ میں نے بعض معتمد اور ثقہ افاضل سے سُنا ہے کہ:

جس وقت بحرین انگریزوں کی حکومت میں تھا تو اُنھوں نے ایک مسلمان کو اس خیال سے بحرین کا حاکم مقرّر کر دیا تاکہ مسلم حکمراں کی وجہ سے وہاں کے تعمیری و اصلاحی حالات قابلِ اطمینان رہیں۔ مگر جس مسلمان کو حاکم مقرّر کیا تھا وہ پکّا ناصبی (دشمنِ اہلِ بیتؑ) تھا اور اُس کا وزیر اُس سے بھی زیادہ ناصبی اور دشمنِ اہلِ بیتِ رسولؐ تھا۔ اور ہمیشہ بحرین کے مومنین کے درپے اذیّت رہتا۔ اور نوع بہ نوع مکر و حیلہ کر کے انھیں نقصان پہنچا رہتا تھا۔

ایک روز اُس نے بحرین کے حاکم کو ایک ایسا انار پیش کیا جس پر یہ عبارت کندہ تھی:

"لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ابوبکر و عمر و عثمان و علی خُلَفاءِ رَسُوْلِ اللّٰہ"

حاکم نے جب اس انار کو دیکھا اور غور کیا تو سمجھ گیا کہ اس پر جو کچھ کندہ ہے وہ قدرتی تحریر ہے جو اصلاً انار کے ساتھ منقّش ہے۔ اس کا تعلّق کسی انسان کی کاریگری سے نہیں ہو سکتا۔ وہ متعجّب ہو کر وزیر سے کہنے لگا کہ یہ تحریر رافضیوں کے مذہب کو جھٹلانے کے لیے بڑی روشن دلیل ہے اور بڑی مضبوط و قوی حجّت ہے۔ اب ان لوگوں کے متعلّق تمھاری کیا رائے ہے؟

وزیر نے کہا: یہ بڑے ہی متعصّب لوگ ہیں دلیلوں کو بھی جھٹلا دیتے ہیں، تاہم مناسب ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ ان کو طلب کریں اور یہ انار دکھائیں۔ اگر اُنھوں نے اس کو تسلیم کرلیا اور اپنے مذہب کو چھوڑ دیا تو آپ کو بڑا ثواب ملے گا اور اگر انکار کیا اور اپنے ہی مذہب پر جمے رہے تو اُنھیں اِن تین صورتوں میں سے کوئی ایک صورت اختیار کرنے کا حکم دیجیے۔ وہ جس کو چاہیں اپنے لیے پسند کرلیں۔

(۱) یا تو جزیہ دیں اور ذلیل ہوکر رہیں۔

(۲) یا اِس دلیل کا جواب لائیں (جو بشکل انار سامنے ہے)

(۳) یا ان میں سے مَردوں کو قتل کر دیا جائے اور عورتوں اور بچّوں کو قیدی بنالیا جائے، اور اُن کا مال، مالِ غنیمت شمار کیا جائے۔

وزیر کی یہ رائے حاکم بحرین کو پسند آئی اور بڑے بڑے علماء، فضلاءِ اخبار اور نجباءِ سادات نیکوکار کو حاضر ہونے کا حکم دیا گیا۔ جب سب جمع ہوگئے تو اُن کے سامنے وہ انار پیش کیا اور کہا کہ آپ لوگ اس کا شافی جواب دیں، ورنہ تم سب کو قتل کر دیا جائے گا، تمھاری عورتوں اور بچوں کو قیدی بنالیا جائے گا اور تمھارا سب مال و اسباب ضبط کرلیا جائے گا۔ ورنہ آپ لوگ جزیہ دینا قبول کریں اور کفّار کی طرح ذلّت کے ساتھ زندگی بسر کریں۔

جب اُنھوں نے یہ سب کچھ سُنا تو اُن میں سے جو سب سے زیادہ مقتدر حضرات تھے وہ کہنے لگے کہ اے امیر! ہم تین روز کی مہلت مانگتے ہیں۔ ممکن ہے کہ ہم اس کا خاطر خواہ جواب لے آئیں جس سے آپ راضی ہوجائیں اور ہماری دلیل کو تسلیم کرلیں۔ اگر ہم تین روز میں جواب نہ پیش کر سکے تو پھر آپ کو اختیار ہوگا، جو سلوک چاہیں ہمارے ساتھ کریں۔

حاکم نے اُن کی یہ درخواست منظور کرلی اور یہ لوگ وہاں سے نہایت خوفزدہ اور حیرت کے عالم میں واپس لوٹے اور اپنا ایک جلسہ منعقد کیا، اتّفاقِ رائے سے یہ طے پایا کہ شہر کے صالح اور زاہد اشخاص میں سے دس آدمیوں کا انتخاب کیا جائے، پھر اُن دس میں سے بھی تین اشخاص منتخب کرلیے جائیں چنانچہ ایسا ہی کیا اور تین آدمیوں کا انتخاب عمل میں آیا۔ پہلے دن اُن تینوں میں سے ایک صاحب کو اس کام پر مامور کیا گیا کہ آج شب کو جنگل میں جاکر عبادت الٰہی میں مشغول رہیں بعدہٗ حضرت حجّت علیہ السّلام سے استغاثہ کریں شاید حضرتؑ اس مصیبت سے نجات کا کوئی طریقہ تعلیم فرمائیں۔

بہرحال وہ صاحب صحرا میں گئے اور تمام شب خضوع و خشوع کے ساتھ عبادت اور تضرّع و زاری میں گذار دی اور بارگاہِ الٰہی میں دعائیں کیں۔ حضرت حجّت علیہ السّلام سے فریاد کرتے رہے مگر خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہ ہوا اور ناکام واپس ہوئے۔ پھر دوسری شب کو دوسرے بزرگ گئے، وہ بھی شب بھر یہی عمل بجالائے اور نامراد واپس ہوئے، اب تو مومنین کی بیقراری بڑھ گئی۔ پھر تیسری شب کو تیسرے بزرگ جو بڑے متّقی و پرہیزگار اور فاضل تھے جن کا نام محمّد بن عیسیٰ تھا، سر و پا برہنہ صحرا میں نکل کھڑے ہوئے، رات

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بہت اندھیری تھی، رو رو کر دعائیں کرتے رہے اور امام زمانہؑ سے استغاثہ کیا کہ ہم سے اس مصیبت کو دفع کیجیے۔ جب شب کا آخری حصّہ آیا تو اُنھوں نے ایک آواز سُنی کہ کوئی یہ خطاب کر رہا ہے کہ:

"اے محمّد بن عیسٰی! تمھاری یہ کیا حالت ہے اور اس وقت صحرا میں کیوں آہ و زاری کرتے ہو؟

- اُنھوں نے جواب دیا کہ مجھے میرے حال پر رہنے دو میں ایک بڑی مصیبت کا مارا یہاں اپنے امامؑ سے مدد کا طالب ہوں بس اُنکی خدمت میں اپنی مصیبت کو پیش کروں گا۔
- پھر آواز آئی، اے محمّد بن عیسٰی! میں ہی صاحب الامر ہوں تم اپنی حاجت بیان کرو۔
- محمّد بن عیسٰی نے کہا: اگر آپ ہی صاحب الامر ہیں تو سارا قصّہ آپ خود ہی جانتے ہیں مجھے بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- آپ نے فرمایا: ہاں تم ٹھیک کہتے ہو، جس مقصد کے لیے تم یہاں آئے ہو تمہیں حاکم نے ڈرایا، دھمکایا ہے مجھے معلوم ہے۔
- محمّد بن عیسٰی کہتے ہیں کہ یہ کلام معجز بیان سُن کر میں نے اُس جانب رُخ کیا جس طرف سے یہ آواز آئی تھی اور عرض کیا: اے میرے مولا! جب سب کچھ آپ کو معلوم ہے تو ہم سے اس مصیبت کو دفع کیجیے کیونکہ آپ ہی ہمارے ملجا و ماویٰ اور اس مصیبت کے دفع کرنے پر بحمداللہ قادر ہیں۔
- آپ نے فرمایا: اے محمّد بن عیسٰی! غور سے سنو! وزیر کے گھر میں ایک انار کا درخت ہے جس وقت اس میں انار آنے لگتے ہیں تو اُس وزیر نے مٹّی کا ایک سانچہ بنایا ہے اُس کے دو حصّے ہیں دونوں میں وہ عبارت لکھی ہے، وہ اس سانچے کو انار پر باندھ دیتا ہے انار جیسے جیسے فربہ ہوتا رہتا ہے وہ عبارت اس پر کندہ ہو جاتی ہے جب مکمّل انار تیّار ہو جاتا ہے تو وزیر اُس سانچے کو انار سے الگ کر لیتا ہے۔ لہٰذا تم لوگ صبح کو حاکم کے پاس جا کر کہو کہ اس کا جواب وزیر کے مکان پر پہنچ کر دیا جائے گا۔ پھر جب حاکم اس بات پر راضی ہو جائے تو تم گھر کے اندر داخل ہو کر داہنی جانب ایک بالاخانہ دیکھو گے۔ حاکم کو اس کے اوپر لیجانا، اگرچہ وزیر اس سے انکار کریگا، مگر تم اپنی بات پر جمے رہنا، اور وزیر کو اپنے ساتھ رکھنا وہ تم سے پہلے اوپر نہ جانے پائے۔ جب تم بالاخانے پر پہنچو گے تو طاق میں ایک سفید تھیلی رکھی ہوئی دیکھو گے بس اُس پر قبضہ کر لینا اسی میں وہ سانچہ موجود ہے پھر انار کو اُس کے قالب میں رکھ کر حاکم کو دکھا دینا تو اُس کا سارا مکر حاکم پر واضح ہو جائے گا۔

پھر آپ نے فرمایا: اے محمّد بن عیسٰی! تم حاکم سے کہنا، اور اب ہمارا دوسرا معجزہ بھی دیکھو، وہ یہ ہے کہ وزیر کو حکم دیجیے کہ وہ اِس انار کو توڑے جس کے اندر سوائے راکھ اور دھوئیں کے کچھ نہیں ہے،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

چنانچہ حاکم کے حکم سے جب وزیر اس انار کو توڑے گا تو وہ راکھ اور دھواں اُڑ کر اُس کے چہرے اور داڑھی کو اپنی لپیٹ میں لے لیگا اور وہ ذلیل ہو جائے گا۔

امام علیہ السلام کی ہدایت کو سن کر محمد بن عیسیٰ کی خوشی کا ٹھکانہ نہ رہا، حضرت کے سامنے کی زمین کو بوسہ دیا اور نہایت مسرت کے ساتھ شہر میں واپس آگئے اور اپنے تمام لوگوں کو کامیابی کی خوشخبری سنائی۔ علی الصباح تمام علماء وغیرہ جمع ہو کر حاکم کے پاس جا پہنچے اور محمد بن عیسیٰ نے امام علیہ السلام کی ہدایات کے مطابق وہ سب باتیں حاکم پر ظاہر کر دیں۔

جب حاکم نے وزیر کی اس چالاکی کا عملاً یقین کر لیا اور اس کا سارا مکر و حیلہ حاکم پر ظاہر ہو گیا تو اس نے محمد بن عیسیٰ سے پوچھا کہ یہ بتاؤ یہ سب کچھ تم کو [illegible] نے بتایا؟

اُنھوں نے جواب دیا کہ حجتِ خدا امام زمان علیہ السلام نے مجھے مطلع فرمایا ہے۔

حاکم نے دریافت کیا کہ: تمھارے امام کون ہیں؟

اُنھوں نے ہر ایک امام کے نام سے اُسے آگاہ کیا اور مزید جو کچھ بتانا تھا سب بتا دیا۔

حاکم نے کہا: آپ اپنا ہاتھ بڑھائیے تاکہ میں اس مذہب پر بیعت کروں۔

یہ کہکر حاکم نے کلمہ پڑھا:

"اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاَنَّ عَلِيًّا وَّلِيُّ اللّٰهِ وَوَصِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَخَلِيْفَتُهٗ بِلَا فَصْلٍ"

پھر باقی ائمہ علیہم الصلوات والسلام میں سے ہر ایک کا نام لیکر اُن کی امامت و ولایت کا اقرار کیا اور بہترین صاحبِ ایمان ہو گیا۔ اور اس مکار وزیر کو قتل کرا دیا۔ نیز اہلِ بحرین سے معذرت چاہی اور اُن کے ساتھ اعزاز و اکرام سے پیش آنے لگا۔

یہ واقعہ اہلیانِ بحرین میں بہت مشہور ہے اور فاضل و متقی محمد بن عیسیٰؒ کی قبر بھی وہیں ہے جس کی زیارت کے لیے لوگ بکثرت آتے رہتے ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار

باب ۲۵

بست و پنجم

علامات ظہور، خروج سفیانی اور خروج دجّال کا ذکر

ANSAR

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باب ۲۵

علاماتِ ظہور، خروجِ سفیانی اور خروجِ دجّال کا ذکر

۱ نزولِ حضرت عیسیٰؑ اور امامِ قائمؑ کی اقتدا میں نماز ادا کرنا

طالقانی نے جلودی سے، اُنھوں نے ہشام بن جعفر سے، ہشام نے حمّاد سے حمّاد عبداللہ بن سلیمان سے (جو کتبِ سماوی کے قاری تھے) روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے انجیل میں نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اوصاف کا ذکر پڑھا، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے عیسیٰ "اَرْفَعُكَ اِلَيَّ ثُمَّ اَهْبِطُكَ فِي اٰخِرِ الزَّمَانِ لِتَرٰى اُمَّةَ ذٰلِكَ النَّبِيِّ الْعَجَائِبَ وَلِتَعِيْنَهُمْ عَلَى اللَّعِيْنِ الدَّجَّالِ اَهْبِطُكَ فِيْ وَقْتِ الصَّلٰوةِ لِتُصَلِّيَ مَعَهُمْ اِنَّهُمْ اُمَّةٌ مَرْحُوْمَةٌ"

اے عیسیٰ (میں تمھیں اپنی طرف اٹھالوں گا اور پھر تمھیں آخرِ زمانہ میں نازل کروں گا تاکہ تم اُس نبی کی امّت کے عجائب دیکھو اور دجّال ملعون کے مقابلے میں ان کی مدد کرو۔ تمھیں عین نماز کے وقت پر نازل کروں گا، تاکہ تم ان کی معیّت میں نماز بھی پڑھو، اس لیے کہ وہ امّتِ مرحومہ ہیں۔)

(امالی صدوق)

۲ آخرِ زمانہ میں نیکی کو بدی اور بدی کو نیکی سمجھا جائے گا

ہارون نے ابنِ صدقہ سے، اُنھوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے اور آپؑ نے اپنے پدرِ بزرگوار سے روایت نقل فرمائی ہے کہ حضرت نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنے اصحاب سے فرمایا:

"كَيْفَ بِكُمْ اِذَا فَسَدَ نِسَاؤُكُمْ وَفَسَقَ شَبَابُكُمْ وَلَمْ تَأْمُرُوا بِالْمَعْرُوْفِ وَلَمْ تَنْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ"؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؐ نے فرمایا وو اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تمہاری عورتیں فاسد ہو جائیں گی اور تمہارے جوان فاسق ہو جائیں گے، اور جب تم لوگ نیکی کا حکم دینے سے گریز کروگے اور کسی کو بُرائی سے منع نہ کروگے ؟ "

عرض کیا گیا: یا رسولؐ اللہ! کیا ایسا بھی ہوگا ؟

قَالَ ص: " نَعَمْ وَشَرٌّ مِّنْ ذٰلِكَ ؟ " كَيْفَ بِكُمْ اِذَا اَمَرْتُمْ بِالْمُنْكَرِ وَنَهَيْتُمْ عَنِ الْمَعْرُوفِ "

آپؐ نے فرمایا (ہاں، بلکہ اس سے بھی بدتر ہوگا: (بتاؤ) اُس وقت تم لوگوں کا کیا حال ہوگا جب تم بُرائی کا حکم دوگے اور نیکی سے روکوگے)

عرض کیا گیا: یا رسولؐ اللہ! کیا ایسا بھی ہوگا ؟

قَالَ ص: " نَعَمْ ، وَشَرٌّ مِنْ ذٰلِكَ ، كَيْفَ بِكُمْ اِذَا رَاَيْتُمُ الْمَعْرُوفَ مُنْكَرًا وَالْمُنْكَرَ مَعْرُوفًا "

آپؐ نے فرمایا: (ہاں، بلکہ اس سے بھی بدتر ہوگا۔ اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم لوگ نیکی کو بدی سمجھنے لگو گے اور بدی کو نیکی سمجھو گے ؟)

(قرب الاسناد)

۳ خَسْفُ الْبَيْدَاء

حنّان سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے زمین کے شق ہونے کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا:

قَالَ ع " اَمَا صَهْرَا عَلَى الْبَرِيدِ عَلٰى اثْنَى عَشَرَ مِيلًا مِنَ الْبَرِيدِ الَّذِي بِذَاتِ الْجَيْشِ "

آپؑ نے فرمایا: (مقامِ صفرا میں، جو مکّہ و مدینہ کے درمیان ایک وادی ہے اور ذات الجیش سے بارہ میل دور ہے)

(قربُ الاسناد)

۴ ایک آیت کی تفسیر

ابو جارود نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے قرآن مجید کی آیہ " اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً " (سورۃ الانعام ۳۷)

(بیشک اللہ اس پر قادر ہے کہ آیت (نشانی) نازل کردے)

کی تفسیر میں ارشاد فرمایا:۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال ؑ " وَسَيُرِيكَ فِي اٰخِرِ الزَّمَانِ اٰيَاتٍ مِنْهَا دَابَّةُ الْاَرْضِ وَالدَّجَّال وَنُزُول عِيسٰى بن مَرْيَم وطلوع الشمس مِنْ مَغْرِبِهَا "

آپؑ نے فرمایا (اللہ تعالیٰ تمھیں آخری زمانے میں اپنی بہت سی نشانیاں دکھائے گا ان میں دآبۃ الارض کا ظہور اور دجّال کا خروج ، حضرت عیسٰی بن مریمؑ کا آسمان سے نزول اور آفتاب کا مغرب سے طلوع ہونا ہے ۔

★ نیز حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے قرآن مجید کی اِس آیت :

" قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ

(اے رسولؐ) (کہدیجیے کہ وہ اِس بات پر قادر ہے کہ تم پر عذاب بھیجے تمھارے اوپر سے) (انعام آیت ۶۵)

کے متعلق روایت ہے ۔ آپ نے فرمایا :

" قال: " من فوقكم " هو الدجّال والصَّيحة " " اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ " " وَهُوَ الْخَسْف ، " اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا " " وَهُوَ اخْتِلَافٌ فِي الدِّينِ ، وَطَعْنَ بَعْضِكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ، " وَيُذِيقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ " ۔ " وَهُوَ يَقْتُلُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا وَكُلُّ هٰذَا فِي اَهْلِ الْقِبْلَةِ ۔ "

فرمایا (من فوقکم سے مراد دجّال کا خروج اور ندائے آسمانی ہے اور " او من تحت ارجلکم " سے مراد ، زمین کا شق ہونا ہے ، اور " اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا " سے مراد دین میں اختلاف ، ایک دوسرے پر طعنہ زنی ہے ، اور " ویذیق بعضکم باس بعض " سے مراد یہ ہے کہ تم لوگ آپس میں ایکدوسرے کو قتل کروگے اور یہ سب کچھ اہلِ قبلہ (مسلمانوں) ہی کے درمیان ہوگا ۔) (قرب الاسناد)

۵ ظہورِ امامِ قائمؑ اور خروجِ سفیانی دونوں حتمی ہیں

ابنِ عیسٰی نے ابنِ اسباط سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوالحسن امام علی الرضاؑ نے فرمایا:

" کیا تمھارا خیال ہے کہ امام قائم علیہ السلام کا ظہور بغیر سفیانی کے ظہور کے ہوجائے گا ۔ ؟ ہرگز ایسا نہیں ہوگا بلکہ ظہور امام قائمؑ بھی حتمی اور خروجِ سفیانی بھی حتمی ہے امام قائمؑ کا ظہور سفیانی کے خروج کے بعد ہی ہوگا ۔ " (قرب الاسناد)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۶ قبل از ظہور مسلسل کُشت وخون

ابنِ عیسیٰ نے بزنطی سے، بزنطی نے حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے آپؑ نے فرمایا: "قَدَّام ھٰذَا الْاَمر قَتلَ بیوح"

(ظہورِ امام قائمؑ سے پہلے قتل بیوح ہوگا)

میں نے عرض کیا: قتل بیوح کا کیا مطلب ہے؟

آپؑ نے فرمایا: "دَائِم لَا یَفتَر"

(مسلسل کشت وخون)

۷ ظہورِ قائمؑ سے پہلے چار حادثات

اپنے اسناد کے ساتھ راوی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام رضا علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا:

"یَزعُم ابن ابی حمزہ اَنَّ جعفرًا زعم اَنَّ اَبی القائم وما علم جعفر بما یحدث من امر اللہ فواللہ لقد قال اللہ تبارک و تعالیٰ یحکی لرسولہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم:

"مَآ اَدرِی مَا یُفعَلُ بِی وَلَا بِکُم اِن اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوحیٰ اِلَیَّ"

(سورۃ الاحقاف آیت ۹)

(ابنِ ابی حمزہ نے یہ سمجھا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا خیال تھا کہ میرے والد (امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر) قائم آلِ محمدؐ ہیں۔ مگر امام جعفر صادقؑ کو کیا معلوم کہ اللہ کی طرف سے کیا امر ظاہر ہوگا۔ خدا کی قسم اللہ تبارک وتعالےٰ قرآن مجید میں اپنے رسول صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول نقل فرماتا ہے کہ:

"میں نہیں جانتا کہ میرے یا تمھارے ساتھ کیا کیا جائے گا میں تو صرف اُسی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر وحی کی جاتی ہے۔"

★ اور امام ابوجعفر محمد باقر علیہ السلام بھی فرمایا کرتے تھے کہ:

"اَربَعَۃ احداث تکون قبل قیام القائم تدلّ علیٰ خروجہ منہا احداث قد مضی منہا ثلاثۃ وبقی واحد"

(قبل قیامِ قائمؑ چار حادثات ہوں گے جو اُنکے خروج کی دلیل ہوں گے انمیں سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تین واقعے تو گذر چکے ہیں ایک باقی ہے۔)

ہم لوگوں نے عرض کیا: ہم آپ پر قربان، وہ کون کونسے واقعات ہیں جو گذر چکے؟

آپؑ نے فرمایا:

"رجب خلع فیہ صاحب خراسان ورجب وثب فیہ علیٰ ابنِ زبیدہ، ورجب یخرج فیہ محمّد بن ابراھیم بالکوفۃ"

(ایک وہ رجب) جس میں صاحبِ خراسان نے خلع (خلافت) کیا (یعنی امین نے مامون کو خلافت وحکومت سے ہٹایا اور اس کا نام سکّوں اور خطبوں سے نکالا) پھر ماہِ رجب آیا تو اُس نے ابنِ زبیدہ پر حملہ کر دیا (اور امین کو حکومت سے ہٹا دیا) پھر ماہِ رجب آیا تو محمّد بن ابراہیم (بن اسماعیل بن ابراہیم بن حسن بن امام حسن علیہ السّلام (المعروف بہ ابنِ طباطبائی) نے کوفہ میں خروج کیا)

ہم لوگوں نے عرض کیا اور چوتھا رجب اسی سے متّصل ہوگا؟

آپ نے فرمایا: حضرت ابوجعفر علیہ السّلام نے اتنا ہی فرمایا تھا۔

(قرب الاسناد)

(۸) زوالِ بنی عبّاس کی پیشینگوئی

اپنے اسناد کے ساتھ راوی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام رضا علیہ السّلام سے دریافت کیا کہ یہ امرِ فرج اب کتنا قریب ہے؟

آپ نے فرمایا: حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے نقل فرمایا کہ آپ نے فرمایا:

"اوّل علامات الفرج سنۃ خمس وتسعین ومائۃ فی سنۃ ستّ وتسعین ومائۃ تخلع العرب اعنتہا وفی سنۃ سبع وتسعین ومائۃ یکون الفنا وفی سنۃ ثمان وتسعین ومائۃ یکون الجلا: فقال: اما تری بنی ھاشم قد انقلبوا باھلیہم واولادہم"

فرمایا (فرج کی پہلی علامت ۱۹۵ھ میں ظاہر ہوگی، پھر ۱۹۶ھ میں اہلِ عرب سے عنانِ حکومت چھن جائے گی اور ۱۹۷ھ میں فنا ہے اور ۱۹۸ھ میں جلاوطنی ہے۔

"پھر فرمایا "کیا تم نہیں دیکھتے کہ بنی ہاشم کے اہل وعیال کو جڑ سے اکھاڑ دیا گیا؟

میں نے عرض کیا: ان لوگوں کے لیے جلاوطنی ہے؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ : " وغیرھم ، وفی سنۃ تسع وتسعین ومائۃ یکشف اللہ البلاء انشاء اللہ وفی سنۃ مائتین یفعل اللہ ما یشاء "

آپؑ نے فرمایا : (دوسروں کے لیے بھی اور ۱۹۹ھ انشاء اللہ ساری بلائیں چھنٹ جائیں گی اور ۲۰۰ھ میں جو اللہ چاہے گا وہی ہوگا۔)

ہم نے عرض کیا : ہماری جانیں آپ پر قربان ، یہ فرمائیں کہ ۲۰۰ھ میں کیا ہوگا ؟

قالؑ : " لو اخبرت احدا لاخبرتکم ولقد خبرت بمکانکم فما کان ھذا من رای ان یظھر ھذا منی الیکم ولکن اذا اراد اللہ تبارک وتعالیٰ اظھار شیء من الحق لم یقدر العباد علیٰ ستره "

آپؑ نے فرمایا : اگر میں نے کسی اور کو بتایا ہوتا تو تم کو بھی بتا دیتا۔ اور میرے خیال میں یہ بھی مناسب نہیں کہ میری طرف سے اس کا اظہار تم پر ہو۔ مگر جب اللہ تعالیٰ کسی امر کا اظہار چاہے گا تو کوئی شخص اس کو پوشیدہ نہ رکھ سکے گا۔

میں نے عرض کیا : میری جان آپ پر قربان ، آپؑ نے اپنے پدر بزرگوار کا قول نقل کرتے ہوئے سال کی ابتدا میں فرمایا تھا کہ آلِ فلاں کی حکومت فلاں اور فلاں پر ختم ہو جائے گی اور ان دونوں کے بعد آلِ فلاں کی حکومت نہیں رہے گی۔ ؟

آپؑ نے فرمایا : ہاں ، میں نے ایسا کہا تھا۔

میں نے عرض کیا : اللہ آپ کو اچھا رکھے ، یہ بتائیں کہ جب آلِ فلاں کی حکومت ختم ہو جائیگی تو پھر کیا قریش میں سے کسی شخص کی حکومت قائم ہوگی ؟

آپؑ نے فرمایا : نہیں۔

میں نے عرض کیا : پھر کیا ہوگا ؟

آپؑ نے فرمایا : وہی ہوگا جو تم اور تمھارے اصحاب کہتے ہو۔

میں نے عرض کیا : یعنی خروجِ سفیانی ؟

آپؑ نے فرمایا : نہیں۔

میں نے عرض کیا : پھر قیامِ قائمؑ ؟

آپؑ نے فرمایا : اللہ جو چاہے گا کرے گا۔

میں نے عرض کیا : پھر تو آپؑ ہی وہ (قائم) ہیں

آپؑ نے فرمایا : لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ اور فرمایا : اس امر (قیام قائم) سے قبل کچھ علامات

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ظاہر ہوں گی۔ حرمین یعنی مکّہ اور مدینہ کے درمیان حادثہ رونما ہوگا۔

میں نے عرض کیا: کیسا حادثہ ؟

آپؑ نے فرمایا: کُشت وخون اور فلاں شخص آلِ فلاں میں سے پندرہ آدمیوں کو قتل کرے گا۔

(۹) ظہور سے پہلے بے مروّتی عام ہوگی

ابی نے محمّد بن فضیل سے، اُنھوں نے اپنے والد سے اور اُنھوں نے حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ میں نے اُن جناب سے عرض کیا کہ میں آپ پر قربان، میں نے سُنا ہے کہ آلِ جعفر کا ایک جھنڈا ہوگا اور آلِ عبّاس کے دو جھنڈے۔ آپ کیا فرماتے ہیں اس کے بارے میں ؟

قَالَؑ: "اَمّا اٰلِ جعفر فَلَیسَ بِشَیءٍ وَّلَا اِلٰی شَیءٍ وَّ اٰلَ العَبّاس فَاِنَّ لَھُمْ مُلکًا مبطئًا یُقَرِّبُونَ فِیہِ البَعِید وَیُبَاعِدُون فِیہِ القَرِیب وسُلطانھم عَسِیر لَیسَ فِیہِ یَسِیر حَتّٰی اِذَا اَمِنُوا مَکرَ اللّٰہ، وَاَمِنُوا عِقَابہ صَیحَ فِیھِم صَیحَۃً لَا یَبقٰی لَھُم مُنَادٍ یَجمَعُھُم وَلَا یَسمَعُھُم وَھُوَ قَولُ اللّٰہ "حَتّٰی اِذَا اَخَذَتِ الاَرضُ زُخرُفَھَا وَازَّیَّنَت" (سورہ یونس ۲۴)

آپؑ نے فرمایا (آلِ جعفر تو کسی شمار و قطار میں نہیں، لیکن آلِ عبّاس کی حکومت دیر تک رہے گی جس میں وہ لوگ دور والوں کو قریب اور قریب والوں کو دور پھینکدیں گے اور اُن کی حکومت بڑی مشکل سے قائم ہوگی یہ کام اُن کے لیے آسان نہ ہوگا۔ مگر جب یہ لوگ اللہ کے عذاب اور اس کی سزا سے بیخوف ہو جائیں گے تو ان میں ایک آواز بلند ہوگی اور اِدھر اُدھر اُن لوگوں کا کوئی پکارنے والا نہ ہوگا جو اُنھیں بلا کر جمع و متحد کرے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"یہاں تک کہ زمین نے اُس سے اپنے زیورات (نباتات وغیرہ) اخذ کر لیے اور مزیّن ہوگئی۔")۔

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، یہ کب ہوگا ؟

قَالَؑ: "اَمَّا اِنَّہٗ لَم یُوَقَّت لَنَا فِیہِ وَقت وَلٰکِن اِذَا حَدَّثنَاکُم بِشَیءٍ فَکَانَ کَمَا نَقُولُ: فَقُولُوا: صَدَقَ اللّٰہَ وَرَسُولَہٗ وَاِن کَانَ بِخِلَافِ ذٰلِکَ فَقُولُوا: صَدَقَ اللّٰہَ وَرَسُولَہٗ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تُؤْجِرُوا مَرَّتَيْنِ۔"

آپؑ نے فرمایا (ہمیں اس کا کوئی وقت مقرر کرکے نہیں بتایا گیا ہے۔ مگر (اس کا خیال رکھو) جب ہم تم لوگوں سے کچھ کہیں اور وہ قول پورا ہو جائے تو تم لوگ کہو کہ "اللہ اور اُس کے رسولؐ نے سچ فرمایا تھا" اور اگر وہ قول پورا نہ ہو تو بھی کہو کہ "اللہ اور اس کے رسولؐ نے سچ فرمایا تھا")

اس طرح تم کو دو مرتبہ ثواب ملے گا۔)

ثُمَّ قَالَ: "وَلٰكِنْ اِذَا اشْتَدَّتِ الْحَاجَةُ وَالْفَاقَةُ وَاَنْكَرَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَوَقَّعُوا هٰذَا الْاَمْرَ صَبَاحًا وَّمَسَاءً"

پھر فرمایا: (مگر ہاں، جب فقر و فاقہ شدید صورت اختیار کرے گا اور لوگ ایکدوسرے کو نہ پوچھیں گے تو اُس وقت صبح و شام اس امر کی اُمید رکھو۔)

میں نے عرض کیا: فقر و فاقہ تو سمجھ میں آیا، لیکن "ایکدوسرے کو نہ پوچھنے" کا کیا مطلب ہے؟

قالؑ: "يَأْتِي الرَّجُلَ اَخَاهُ فِي حَاجَةٍ فَيَلْقَاهُ بِغَيْرِ الْوَجْهِ الَّذِي يُلْقَاهُ فِيهِ وَيُكَلِّمُهُ بِغَيْرِ الْكَلَامِ الَّذِي كَانَ يُكَلِّمُهُ"

آپؑ نے فرمایا: (جب ایک شخص دوسرے کے پاس جائے گا تو وہ اس خندہ پیشانی سے اس کے ساتھ پیش نہ آئے گا جس طرح وہ پہلے پیش آیا کرتا تھا اور نہ اس اخلاق سے کلام کرے گا جس طرح پہلے بات کیا کرتا تھا۔) (تفسیر علی بن ابراہیم)

(١٠) فاسقینِ اہلِ قبلہ پر عذاب کا ذکر

ابو جارود نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے ایک روایت میں نقل کیا ہے کہ آیہ "قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّا ذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝" (سورہ یونس آیت ۵۰)

اے رسولؐ! (کہدیجیے، ذرا غور تو کرو، اگر اُس کا عذاب تم پر کسی رات یا کسی دن آجائے تو مجرم لوگ اُس میں کیوں جلدی کر رہے ہیں۔)

کے متعلق فرمایا: "فَهٰذَا عَذَابٌ يَنْزِلُ فِي اٰخِرِ الزَّمَانِ عَلٰى فَسَقَةِ اَهْلِ الْقِبْلَةِ وَهُمْ يَجْحَدُوْنَ نُزُوْلَ الْعَذَابِ عَلَيْهِمْ"

(آخری زمانے میں فاسقینِ اہلِ قبلہ (مسلمان فاسقین) پر نازل ہوگا جبکہ وہ اپنے اوپر نزولِ عذاب سے انکار کرتے ہوں گے۔) (تفسیر علی بن ابراہیم)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱) ایک آیت کی تفسیر کے تحت چند پیشگوئیاں اور احادیث

ابو الجارود نے حضرت ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے اِس آیت :
" وَلَوْ تَرٰی اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ " (سورۂ سبا آیت ۵۰)
(اور اے کاش، تم دیکھتے اُن کو جبکہ وہ گھبراتے ہوتے پھریں گے
اور کوئی جائے قرار نہ پائیں گے۔)
کے متعلق روایت نقل کی ہے کہ امام علیہ السلام نے فرمایا:
قَالَ: " مِنَ الصَّوت ، وَذٰلِكَ الصَّوت مِنَ السَّماء "
(یہ فزع اور خوف، آواز سے ہوگی اور آواز آسمان سے آئے گی)
قولہ تعالیٰ: " وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ " (سورہ سبا آیت ۵۰)
(اور انھیں قریبی جگہ سے اخذ کر لیا جائے گا)
قَالَ: " مِنْ تَحْتِ اَقْدَامِهِمْ خسف بِهِمْ "
آپؑ نے فرمایا: (یعنی اُن کے پیروں (قدموں) کے نیچے کی زمین شق ہو جائے گی اور وہ
زمین کے اندر سما جائیں گے) (تفسیر علی بن ابراہیم)

★ صاحبِ "کشّاف" نے ابنِ عبّاس سے روایت نقل کی ہے، اُنھوں نے کہا کہ: یہ آیت خسفِ بیداء (بیابان میں زمین شق ہونے) کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

★ ابو حمزہ ثمالی سے روایت ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ میں نے حضرت علیؑ بن الحسینؑ اور حسن بن الحسنؑ بن علیؑ دونوں نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ بیابان کا لشکر ہے جو اپنے قدموں کے نیچے سے عذاب میں ماخوذ ہوں گے۔

★ مجھ سے بیان کیا عمرو بن مرّہ اور حمران بن اعین نے اور اُنھوں نے مہاجر مکّی سے سنا اور مہاجر مکّی کا بیان ہے کہ میں نے جناب اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کو بیان کرتے ہوئے سنا، وہ فرماتی ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا: " يَعُوذُ عَائِذٌ بِالْبَيْتِ فَيُبْعَثُ اِلَيْهِ جَيْشٌ حَتّٰى اِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ بيداء المدينة خسف بِهِمْ "
آپؐ نے فرمایا (ایک پناہ لینے والا خانۂ کعبہ میں پناہ لیگا اور اس کی گرفتاری کے لیے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لشکر بھیجا جائے گا، جب وہ لشکر بیابانِ مدینہ پہنچے گا تو زمین شق ہو جائے گی اور سارا لشکر اُس میں سما جائے گا۔)

★ حذیفہ یمانی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اہلِ مشرق و مغرب کے درمیان فتنے کا ذکر فرما رہے تھے کہ:

" فَبَيْنَاهُمْ كَذٰلِكَ يَخْرُجُ عَلَيْهِمُ السُّفْيَانِيُّ مِنَ الْوَادِي الْيَابِسِ فِي فَوْرِ ذٰلِكَ حَتّٰى يَنْزِلَ دِمَشْقَ فَيَبْعَثُ جَيْشَيْنِ جَيْشًا إِلَى الْمَشْرِقِ وَآخَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ حَتّٰى يَنْزِلُوا بِأَرْضِ بَابِلَ مِنَ الْمَدِينَةِ الْمَلْعُونَةِ، يَعْنِي بَغْدَادَ فَيَقْتُلُونَ أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثَةِ آلَافٍ وَيَفْضَحُونَ أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ امْرَأَةٍ وَيَقْتُلُونَ (بِهَا) ثَلَاثَمِائَةِ كَبْشٍ مِنْ بَنِي الْعَبَّاسِ "

ثُمَّ يَنْجَدِرُونَ إِلَى الْكُوفَةِ فَيُخَرِّبُونَ مَا حَوْلَهَا، ثُمَّ يَخْرُجُونَ مُتَوَجِّهِينَ إِلَى الشَّامِ فَتَخْرُجُ رَايَةُ هُدًى مِنَ الْكُوفَةِ فَتَلْحَقُ ذٰلِكَ الْجَيْشَ فَيَقْتُلُونَهُمْ لَا يَفْلِتُ مِنْهُمْ مُخْبِرٌ وَيَسْتَنْقِذُونَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ مِنَ السَّبْيِ وَالْغَنَائِمِ وَيَحُلُّ الْجَيْشُ الثَّانِي بِالْمَدِينَةِ فَيَنْتَهِبُونَهَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ بِلَيَالِيهَا۔

ثُمَّ يَخْرُجُونَ مُتَوَجِّهِينَ إِلَى مَكَّةَ حَتّٰى إِذَا كَانُوا بِالْبَيْدَاءِ بَعَثَ اللّٰهُ جِبْرَئِيلَ۔ فَيَقُولُ: يَا جِبْرَئِيلُ! اِذْهَبْ فَأَبِدْهُمْ. فَيَضْرِبُهَا بِرِجْلِهِ ضَرْبَةً يَخْسِفُ اللّٰهُ بِهِمْ عِنْدَهَا وَلَا يَفْلِتُ مِنْهَا إِلَّا رَجُلَانِ مِنْ جُهَيْنَةَ فَلِذٰلِكَ جَاءَ الْقَوْلُ" وَعِنْدَ جُهَيْنَةَ الْخَبَرُ الْيَقِينُ "

فَذٰلِكَ قَوْلُهُ: " وَلَوْ تَرٰى إِذْ فَزِعُوا مِنْ مَكَانٍ قَرِيبٍ "

آنحضرتؐ نے فرمایا (ابھی وہ لوگ اسی فتنے میں مبتلا ہوں گے کہ اُن پر سفیانی وادیٔ یابس سے اسی وقت (فوراً بعد) خروج کرے گا اور دمشق میں نازل ہوگا، پھر ایک لشکر مشرق کی طرف روانہ کرے گا اور دوسرا مدینہ کی طرف اور وہ لوگ سرزمینِ بابل کے منحوس شہر (بغداد) میں پڑاؤ ڈالیں گے اور وہاں تین ہزار آدمیوں سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

زیادہ کو قتل کردیں گے اور ایک سو عورتوں کو بے عزّت کریں گے اور بنی عبّاس کے تین سو جوانوں کو قتل کر ڈالیں گے۔

پھر وہ کوفہ کی طرف بڑھیں گے اور اس کے قرب وجوار کو تاراج کردیں گے۔ وہاں سے چلکر شام کی طرف رُخ کریں گے۔ اُس وقت ایک ہدایت کا عَلَم کوفہ سے برآمد ہوگا اور ان میں کے سب ہی کو قتل کردے گا، ایک کو بھی زندہ نہ چھوڑیگا اور اُن کے قبضے میں جتنے قیدی اور اموالِ غنیمت ہوں گے سب کو آزاد کرائے گا، اور دوسرا لشکر مدینہ پہنچے گا اور وہاں تین دن اور تین رات تک لوٹ مار کرتا رہے گا۔

پھر وہ لشکر وہاں سے نکل کر مکّہ کی طرف روانہ ہوگا، جب وہ بیابان میں پہنچے گا تو اللہ تعالیٰ حضرت جبرئیل کو بھیجے گا اور حکم دے گا کہ: "اے جبرئیل! جاؤ اور ان سب کو نیست و نابود کردو"۔

جبرئیل وہاں آئیں گے اور اپنا پاؤں زمین پر ماریں گے زمین شق ہوجائیگی اور وہ سارا لشکر اس میں سما جائے گا صرف قبیلۂ جہینہ کے دو آدمی بچیں گے

پس: اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ کا قول ہے کہ " وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوا....."

★ اس روایت کو ثعلبی نے بھی اپنی تفسیر میں لکھا ہے۔

★ اور ہمارے اصحاب نے بھی حالاتِ امام مہدی علیہ السّلام میں حضرت امام جعفر صادق اور امام محمّد باقر علیہما السّلام سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔ (بحارالانوار)

(۱۲) وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ... کی تفسیر

حسین بن محمّد نے معلّی سے، اُنھوں نے محمّد بن جمہور سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے اُنھوں نے ابوحمزہ سے روایت کی ہے ابوحمزہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقرؑ سے قولِ خدائے تعالیٰ:

" وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ " (سورہ سبا آیت ۵۲)

(اور مقامِ بعید سے اُن کی اُس تک رسائی کیونکر ممکن ہے)

کی تفسیر کے متعلّق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا:

" اِنَّهُمْ طَلَبُوا الْمَهْدِيَّ مِنْ حَيْثُ لَا يَنَالُ وَقَدْ كَانَ لَهُمْ مَبْذُوْلًا مِنْ حَيْثُ يَنَالُ "

(وہ امام مہدیؑ کو تلاش کریں گے، مگر وقت نکل چکا ہوگا اور انھیں کوئی فائدہ نہ ہوگا) (تفسیر علی بن ابراہیم)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۳) خسفِ بَیداء اور لشکرِ سفیانی

محمّد بن عبّاس نے محمّد بن حسن بن علی بن صباح مدائنی سے، اُنھوں نے حسن بن محمّد بن شعیب سے، اُنھوں نے موسیٰ بن عمر بن یزید سے، اُنھوں نے ابنِ عمیر سے، اُنھوں نے منصور بن یونس سے، اُنھوں اسماعیل بن جابر سے، اُنھوں نے ابو خالد کابلی سے، اور ابو خالد نے حضرت ابو جعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"یخرج القائم فیسیر حتّیٰ یمرّ بمرّ، فیبلغه انّ عامله قد قُتل فیرجع الیهم فیقتل المقاتله ولا یزید علیٰ ذٰلك شیئًا، ثمّ ینطلق فیدعو الناس حتّیٰ ینتهی الی البیداء فیخرج جیشان السفیانی فیأمر الله عزّوجلّ الارض ان تأخذ باقدامهم وهو قوله عزّوجلّ "ولو ترٰی اذ فزعوا فلا فوت واخذوا من مکان قریب" وقالوا اٰمنّا به "وانّیٰ لهم التناوش من مکان بعید" (سورہ سبا، آیت ۵۱)

(جب امام قائمؑ خروج کریں گے تو آپ روانہ ہوں گے اور راستے سے گذریں گے وہاں خبر ملے گی کہ ان کا عامل قتل کر دیا تو آپ واپس ہوں گے اور وہاں پہنچ کر جنگ کریں گے پھر وہاں سے چلیں گے اور لوگوں کو اپنی طرف بلائیں گے یہاں تک کہ بیداد (بیابان) میں پہنچیں گے تو اُدھر سے سفیانی کے دو لشکر خروج کریں گے تو اللہ عزّ وجلّ زمین کو حکم دے گا کہ ان لوگوں کو اُن کے قدموں کے نیچے ہی سے نگل لے۔ چنانچہ اللہ عزّ وجلّ کا یہ قول ہے جو انہی لوگوں کے لیے نازل ہوا کہ:

"اے کاش کہ تم دیکھتے اُن (باطل پرستوں) کو جبکہ وہ گھبرائے ہوئے پھریں گے اور ان کے لیے کوئی جائے فرار نہ ہوگی اور قریب ہی سے انھیں اخذ کر لیا جائے گا۔ (یعنی، اخذوا من مکان قریب) (امام قائمؑ کے قریب سے) اور وہ کہیں گے کہ ہم اس (حق) یعنی امام قائمؑ پر ایمان لائے۔ مگر اب دور مقام سے اُن کی اس تک رسائی کیونکر ممکن ہے) "وقد کفروا به من قبل" یعنی جبکہ اُنھوں نے اس سے قبل (امام قائمؑ کو تسلیم نہ کیا) انکار کیا اور دور ہی سے باتیں بنائے ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۴) "سَالَ سَآئِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ" کی تفسیر میں امام محمد باقرؑ کا قول

راوی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امام ابو جعفر محمد باقر علیہ السلام سے قرآن مجید آیت "سَالَ سَآئِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ" (سورہ معارج آیت ۱) کے بارے میں سوال کیا گیا، تو آپ نے فرمایا:

"و نار تخرج من المغرب و ملک یسوقها من خلفها حتی یاتی من جهة دار بنی سعد بن همام عند مسجدهم فلا تدع دار لبنی امیة الا احرقتها و اهلها ولا تدع دارا فیها وتر لآل محمد الا احرقتها وذلک المهدی علیه السلام"

یعنی (ایک آگ مغرب سے چلے گی اور ایک بادشاہ اُس کو اُس کے پیچھے سے ہانکتا ہوا لائے گا، یہانتک کہ خانۂ سعد بن ہمام کے پاس اُن لوگوں کی مسجد کے قریب جا پہنچے گا اور بنی امیہ کا کوئی گھر بغیر جلاتے نہ چھوڑیگا اور آلِ محمدؐ پر جن لوگوں نے ظلم کیا ہے اُن سب کو جلا کر خاک کر دیگا اور وہ امام مہدی علیہ السلام ہوں گے۔)

(تفسیر علی بن ابراہیم)

(۱۵) حدیثِ رسول اللہؐ

ابن ولید نے صفار سے، اُنھوں نے ابنِ معروف سے، اُنھوں نے ابنِ فضّال سے، اُنھوں نے طریف بن ناصح سے، اُنھوں نے ابو حصین سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپؑ نے فرمایا: کہ ایک مرتبہ حضرت رسول اللہؐ سے دریافت کیا گیا کہ ساعت (قیامت) کب آئے گی؟

فقالؐ: "عِنْدَ اِیْمَانٍ بِالنُّجُوْمِ وَتَکْذِیْبٍ بِالْقَدْرِ"

آپؐ نے فرمایا: (جب لوگ (علمِ) نجوم پر ایمان رکھیں گے اور قضا و قدر (الٰہی) کی تکذیب کرنے لگیں گے۔)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۶) جبتک زمین و آسمان خاموش ہیں تم لوگ بھی خاموشی اختیار کرو

احمد بن محمدؐ بن عیسیٰ علوی نے حیدر بن محمدؐ سمرقندی سے، اُنھوں نے ابو عمرو الکشّی سے، اُنھوں نے حمدویہ بن بشر سے، اُنھوں نے محمدؐ بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے حسین بن خالد سے روایت کی، اُنھوں نے کہا کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوالحسن امام رضا علیہ السّلام سے عرض کیا کہ فرزندِ رسولؐ! عبداللہ بن بکیر ایک حدیث بیان کرتا ہے اور اس کی تاویل کرتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ حدیث آپ کے سامنے بیان کروں؟

آپؑ نے فرمایا: وہ کونسی حدیث ہے؟

میں نے عرض کیا: کہ ابنِ بکیر کہتا ہے کہ مجھ سے عبید بن زرارہ نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کی خدمت میں اُس زمانے میں حاضر تھا جب محمدؐ[1] بن عبداللہ بن حسن نے خروج کیا تھا۔ اتنے میں ہمارے اصحاب میں سے ایک شخص آیا اور اس نے عرض کیا: مولا! میں آپ پر قربان، محمد بن عبداللہ نے خروج کیا ہے اور لوگوں نے ان کی دعوت پر لبیک کہا ہے۔ آپ کیا فرماتے ہیں، کیا خروج میں اُن کا ساتھ دیا جائے؟

آپ نے فرمایا:

"اُسْكُنْ مَا سَكَنَتِ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ"

(یعنی)

(تم لوگ اس وقت تک خاموش رہو جبتک زمین و آسمان خاموش ہیں)

عبداللہ بن بکیر اس کے متعلق کہتا ہے کہ جب یہ معاملہ ہے کہ جبتک آسمان و زمین ساکت و خاموش ہیں اُس وقت تک خروج ممکن نہیں تو پھر نہ کوئی امام قائم ہوگا اور نہ کوئی خروج کریگا

حضرت ابوالحسن امام رضا علیہ السّلام نے فرمایا کہ حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام نے درست فرمایا ہے، ابنِ بکیر نے جو اس کا مطلب نکالا ہے وہ غلط ہے۔

حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام نے فرمایا ہے کہ اس وقت تک خاموش رہو جبتک آسمان و زمین خاموش ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جبتک آسمان سے کوئی ندا نہ آئے اور جبتک زمین شق نہ ہو۔

[1] محمد بن عبداللہ محض بن حسن مثنیٰ بن حسنؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۷) راوی کا بیان ہے کہ عبداللہ بن بکیر کہا کرتے تھے کہ خدا کی قسم اگر عبید بن زرارہ سچ کہتا ہے کہ (امام ابو عبداللہ علیہ السلام نے یہ فرمایا تھا) تو پھر اس کا مطلب یہ ہے کہ نہ تو کوئی خروج ہے اور نہ کوئی قائم۔

راوی کا بیان ہے کہ امام ابوالحسن رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ عبید نے جو حدیث بیان کی وہ درست ہے مگر عبداللہ بن بکیر نے اس کا مطلب نکالا ہے وہ غلط ہے۔ حضرت امام ابو عبداللہ علیہ السلام کے فرمانے کا مطلب یہ ہے کہ جبتک آسمان خاموش رہے اور تمھارے امام قائمؑ کے نام کا اعلان نہ کرے اور جبتک زمین خاموش رہے اور لشکرِ (سفیانی) زمین میں نہ دھنس جائے۔ (معانی الاخبار)

(۱۸) آلِ محمدؐ اور آلِ ابی سفیان کے درمیان جنگ کی بنیاد

ابنِ ولید نے محمدؐ عطار اور احمد بن ادریس سے ایک ساتھ اور انھوں نے اشعری سے، اشعری نے سیّاری سے، سیّاری نے حکم بن سالم سے، اور حکم نے ایک شخص سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو عبد امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ:

قال ؑ "اِنَّا وَ آلِ ابی سُفیان اَھلِ بَیتَینِ تَعَادَینَا فِی اللہ"

آپ نے فرمایا (ہم اور آلِ ابی سفیان دو گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں ہم دونوں کے درمیان اللہ کے معاملے میں جنگ ہے۔)

"قُلنَا: صَدَقَ اللہ وَ قَالُوا کَذَبَ اللہ"

(ہم کہتے ہیں کہ اللہ نے سچ فرمایا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ اللہ نے جھوٹ بولا ہے)

"قَاتَلَ ابوسفیان رسول اللہ ؐ وَقَاتَلَ معاویۃ علیؑ بن ابی طالبؑ وَقَاتَلَ یزید بن معاویۃ الحسینؑ بن علیؑ وَالسُّفیانِیُّ یُقَاتِلُ القَائِمَ علیہ السلام"

(اور اسی بات پر ابوسفیان نے رسول اللہ ؐ سے جنگ کی، معاویہ نے علیؑ بن ابوطالبؑ سے جنگ کی، یزید بن معاویہ نے حسینؑ بن علیؑ سے جنگ کی اور سفیانی امام قائمؑ سے جنگ کرے گا۔) (معانی الاخبار، امالی شیخ)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۹) دجّال کا خروج کہاں سے ہوگا

معاویہ بن حکیم نے محمّد بن شعیب بن غزوان سے، اُنھوں نے ایک شخص سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کے پاس بلخ سے ایک شخص آیا تو آپؑ نے اُس سے فرمایا: اے خراسانی! تو فلاں فلاں وادی کے بارے میں کچھ واقفیّت رکھتا ہے؟

- اُس نے عرض کیا: جی ہاں۔
- آپؑ نے فرمایا: تو اس وادی میں شکستہ و واشگافتہ مقام کو بھی جانتا ہے؟ جو ایسا ایسا ہے؟
- اُس نے عرض کیا: جی ہاں۔

پھر فرمایا: "مِنْ ذٰلِكَ يَخْرُجُ الدَّجَّال"

(اسی جگہ سے دجّال خروج کرے گا)

راوی کا بیان ہے کہ پھر ایک یمنی شخص سے آپ نے فرمایا: اے یمانی! تم اس شعب گھاٹی سے واقف ہو؟

- اُس نے عرض کیا: جی ہاں:
- آپؑ نے فرمایا: اُس گھاٹی میں جو فلاں قسم کا درخت ہے اُسے بھی پہچانتے ہو؟
- اُس نے عرض کیا: جی ہاں۔
- آپؑ نے فرمایا: اور اس درخت کے نیچے ایک بڑی چٹان کو بھی دیکھا ہے؟
- اُس نے عرض کیا: جی ہاں۔
- آپؑ نے فرمایا: "فَتِلْكَ الصَّخْرَةُ الَّتِي حَفَظَتِ الْوَاحَ مُوسٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

(وہی وہ چٹان ہے جس کے نیچے الواحِ موسیٰؑ محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے محفوظ ہیں۔)

(بصائر الدرجات)

(۲۰) حرصِ دُنیا اور ریاکاری عام ہوگی

ابی نے علی سے، علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے نوفلی سے، نوفلی نے سکونی سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قَالَ ص : " سَيَأْتِي عَلٰى اُمَّتِي زَمَانٌ تَخْبُثُ فِيهِ سَرَائِرُهُمْ وَ تَحْسُنُ فِيهِ عَلَانِيَتُهُمْ طَمَعًا فِي الدُّنْيَا لَا يُرِيدُونَ بِهِ مَا عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَكُونُ اَمْرُهُمْ رِيَاءً لَا يُخَالِطُهُ خَوْفٌ ، يَعُمُّهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ بِعِقَابٍ فَيَدْعُونَهُ دُعَاءَ الْغَرِيقِ فَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ "

آپؐ نے فرمایا: (میری اُمت پر ایک ایسا وقت بھی آئے گا جس میں لوگوں کا باطن گندہ ہوگا اور ظاہر اُن کا حسین و خوبصورت ہوگا، دنیا حاصل کرنے کی حرص میں لگے رہیں گے اور جو (ثواب واجر) اللہ کے پاس ہے اس کی خواہش بھی نہ کریں گے، اُن کے ہر کام میں بے دھڑک ریاکاری ہوگی، اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُن پر بالعموم عذاب مسلّط ہوگا اور وہ دعاءِ غریق پڑھتے رہیں گے مگر اُن کی دعا قبول نہ ہوگی۔) (ثواب الاعمال)

(۲۱) علمائے دین اور فقہاء بدترین ہوں گے

اسنادِ بالا کے ساتھ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قَالَ ص : " سَيَأْتِي زَمَانٌ عَلٰى اُمَّتِي لَا يَبْقٰى مِنَ الْقُرْاٰنِ اِلَّا رَسْمُهُ وَ لَا مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اِسْمُهُ ، يُسَمَّوْنَ بِهِ وَهُمْ اَبْعَدُ النَّاسِ مِنْهُ ، مَسَاجِدُهُمْ عَامِرَةٌ وَهِيَ خَرَابٌ مِنَ الْهُدٰى ، فُقَهَاءُ ذٰلِكَ الزَّمَانِ شَرُّ فُقَهَاءِ تَحْتَ ظِلِّ السَّمَاءِ مِنْهُمْ خَرَجَتِ الْفِتْنَةُ وَ اِلَيْهِمْ تَعُودُ "

آپؐ نے فرمایا: (میری اُمت پر ایک زمانہ ایسا بھی آئے گا کہ جس میں قرآن بطور رسم رہ جائے گا۔ اسلام کا صرف نام رہ جائے گا، کہنے کو مسلمان ہوں گے مگر اسلام سے بہت دور ہوں گے، اُن کی مسجدیں آباد نظر آئیں گی مگر ہدایت سے خالی ہوں گی۔ اُس زمانے کے (عالمانِ دین و) فقہاء زیرِ آسمان بدترین فقیہ ہوں گے، فتنے اُن ہی کی طرف سے شروع ہوں گے اور پھر اُن ہی کی طرف پلٹ کر جائیں گے۔

(ثواب الاعمال)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۲) اسلام غریبوں میں رہے گا

ابنِ مغیرہ نے اسناد کے ساتھ سکونی سے اور سکونی نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے، اور آپؑ نے اپنے آبائے طاہرین علیہم السّلام سے اور اُنھوں نے حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے روایت نقل فرمائی ہے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

قَالَ ص: "(اِنَّ) الْاِسْلَامَ بَدَاَ غَرِیْبًا وَ سَیَعُوْدُ غَرِیْبًا کَمَا بَدَاَ فَطُوْبٰی لِلْغُرَبَاءِ"

آپؐ نے فرمایا: (بلاشبہ ویقیناً) اسلام غریبوں سے شروع ہوا اور غریبوں میں پلٹ کر جائے گا پس اُن غریبوں کا کیا کہنا، وہ بڑے خوش نصیب ہیں۔)

(اکمال الدین)

★ غیبتہ نعمانی میں بھی حضرت امام جعفر صادق بن امام محمّد باقر علیہما السّلام سے اسی کے مثل روایت ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

(۲۳) غریبوں میں اسلام

مظفّر علوی نے ابنِ عیاشی سے، انھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے جعفر بن احمد سے، اُنھوں نے عمر کیؒ سے، اُنھوں نے ابنِ فضّال سے، اُنھوں حضرت امام رضا علیہ السّلام سے اور آپؑ نے اپنے آبائے کرام سے روایت کی ہے کہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ:

"اِنَّ الْاِسْلَامَ بَدَاَ غَرِیْبًا وَ سَیَعُوْدُ غَرِیْبًا فَطُوْبٰی لِلْغُرَبَاءِ"

(اسلام غریبوں سے شروع ہوا اور غریبوں ہی میں واپس جائے گا پس کیا کہنا غریبوں کا وہ بڑے خوش نصیب ہیں۔)

(اکمال الدین)

(۲۴) علائم قبل از ظہور

ابنِ عصام نے کلینی سے، اُنھوں نے قاسم بن علاء سے، اُنھوں نے اسماعیل بن علی قزوینی سے، اُنھوں نے علی بن اسماعیل سے، اُنھوں نے عاصم بن حمید سے اُنھوں نے محمّد بن مسلم سے اور محمّد نے بیان کیا کہ میں نے حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا۔ آپؑ نے فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

يَقُولُ: "اَلْقَائِمُ مَنْصُورٌ بِالرُّعْبِ مُؤَيَّدٌ بِالنَّصْرِ تَطْوِي لَهُ الْاَرْضُ وَ تَظْهَرُ لَهُ الْكُنُوزُ وَ يَبْلُغُ سُلْطَانُهُ الْمَشْرِقَ وَالْمَغْرِبَ وَ يُظْهِرُ اللهُ بِهِ دِيْنَهُ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝
فَلَا يَبْقَى فِي الْاَرْضِ خَرَابٌ اِلَّا عَمَرَ وَ يَنْزِلُ رُوحُ اللهِ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ فَيُصَلِّي خَلْفَهُ

آپؑ نے فرمایا (امام قائمؑ) رُعب و دبدبے سے مدد یافتہ ہوں گے، اُن کو اللہ کی طرف سے نصرت حاصل ہوگی، اُن کے لیے زمین سمٹ جائے گی اور زمین کے پوشیدہ خزانے اُن پر ظاہر ہو جائیں گے۔ اُن کی سلطنت سارے مشرق و مغرب پر پھیل جائے گی، اللہ تعالیٰ اُن کے ذریعے سے اپنے دین کو ظاہر و غالب کرے گا خواہ مشرکین اسے کتنا ہی ناپسند کریں۔
پھر زمین پر جتنے غیر آباد اور کھنڈرات ہیں وہ سب آباد ہوں گے، اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام روح اللہ آسمان نازل ہوں گے، اور وہ امام قائمؑ کی اقتدا میں نماز پڑھیں گے۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: فرزندِ رسولؐ! آپؑ کے قائمؑ کب ظہور فرمائیں گے؟

قَالَ: "اِذَا تَشَبَّهَ الرِّجَالُ بِالنِّسَاءِ، وَالنِّسَاءُ بِالرِّجَالِ، وَاكْتَفَى الرِّجَالُ بِالرِّجَالِ وَالنِّسَاءُ بِالنِّسَاءِ وَرَكِبَ ذَوَاتُ الْفُرُوجِ السُّرُوجَ، وَقُبِلَتْ شَهَادَاتُ الزُّوْرِ وَرُدَّتْ شَهَادَاتُ الْعَدْلِ، وَاسْتَخَفَّ النَّاسُ بِالدِّمَاءِ، وَارْتِكَابِ الزِّنَاءِ، وَاَكْلِ الرِّبَا، وَاتُّقِيَ الْاَشْرَارُ مَخَافَةَ اَلْسِنَتِهِمْ، وَخُرُوجِ السُّفْيَانِيِّ مِنَ الشَّامِ وَالْيَمَانِيِّ مِنَ الْيَمَنِ، وَخَسْفٍ بِالْبَيْدَاءِ، وَقَتْلِ غُلَامٍ مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ صلى الله عليه وآله وسلم بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ اِسْمُهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ النَّفْسُ الزَّكِيَّةُ وَجَاءَتْ صَيْحَةٌ مِنَ السَّمَاءِ بِاَنَّ الْحَقَّ فِيهِ وَفِي شِيْعَتِهِ، فَعِنْدَ ذٰلِكَ خُرُوجُ قَائِمِنَا۔

آپؑ نے فرمایا: (جب مرد خود کو عورتوں کے مشابہ اور عورتیں خود کو مردوں کے مشابہ بنائیں گی۔ اور مرد اپنی خواہش مردوں سے پوری کرنے لگیں گے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور عورتیں اپنی جنسی خواہش عورتوں سے پوری کرنے پر اکتفا کریں گی،
عورتیں زین کسی ہوئی سواریوں پر سوار ہوں گی، جھوٹی گواہیاں قبول کی جائیں
گی اور صاحبانِ عدل کی گواہیاں مسترد کردی جائیں گی۔ انسانوں کے خون
کو معمولی سمجھا جائے گا۔ زنا کا ارتکاب (کثرت سے) ہوگا۔ لوگ سود خور ہوں
گے۔ اشرار کی زبانوں سے لوگ ڈریں گے۔ سفیانی شام سے اور یمانی یمن
سے خروج کریں گے اور بیابان میں زمین شق ہوگی اور آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کا ایک نوجوان جس کا نام محمد بن حسن نفس زکیہ ہے رکن و مقام کے درمیان
قتل کردیا جائے گا، اور آسمان سے ندا آئے گی کہ حق اس میں (قائمؑ میں)
ہے اور اس کے شیعوں میں ہے تو اس وقت ہمارا قائم خروج کرے گا۔

ثُمَّ قَالؑ " فَاِذَا خَرَجَ اَسْنَدَ ظَهْرَهٗ اِلَى الْكَعْبَةِ وَ اجْتَمَعَ
اِلَيْهِ ثَلَاثَ مِائَةٍ وَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا وَ اَوَّلُ مَا
يَنْطِقُ بِهٖ هٰذِهِ الْاٰيَةُ " بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ " (سورہ ھود آیت ۸۶)
ثُمَّ يَقُوْلُ: " اَنَا بَقِيَّتُ اللّٰهِ فِيْ اَرْضِهٖ " فَاِذَا اجْتَمَعَ
اِلَيْهِ الْعَقْدُ وَ هُوَ عَشَرَةُ اٰلَافِ رَجُلٍ خَرَجَ فَلَا يَبْقٰى
فِي الْاَرْضِ مَعْبُوْدٌ دُوْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ صَنَمٍ وَغَيْرِهٖ
اِلَّا وَقَعَتْ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَ، وَذٰلِكَ بَعْدَ غَيْبَةٍ
طَوِيْلَةٍ، لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يُّطِيْعُهٗ بِالْغَيْبِ وَيُؤْمِنُ بِهٖ "

پھر آپؑ نے فرمایا (اور جب وہ ظہور کرے گا تو کعبہ کی دیوار سے اپنی پشت ٹیک کر کھڑا ہوگا
اس کے قریب اس وقت تین سو تیرہ آدمی جمع ہوں گے اور سب سے پہلی
بات جو اس کے منہ سے نکلے گی وہ یہ آیت ہوگی "(اللہ کا بقیہ (نشانی)
تم سے بہتر ہے (تمہارے لیے اچھا و فائدہ مند ہے) اگر ایمان والے ہو)"
پھر وہ کہیں گے کہ اللہ کی زمین پر میں بقیۃ اللہ (اللہ کی نشانی) ہوں۔
پھر جب دس ہزار آدمی اُن کی بیعت کرلیں گے تو آپ وہاں سے روانہ ہوں
گے۔ اور روئے زمین پر سوائے اللہ کے ہر وہ چیز جس کی لوگ عبادت
کرتے ہیں یعنی بُت وغیرہ ان سب کو آگ لگا کر جلا ڈالیں گے۔ اور یہ طویل
غیبت کے بعد ہوگا تاکہ اللہ جان لے کہ ہمارے غیب کی کون اطاعت کرتا ہے اور کون اس پر ایمان رکھتا ہے۔)[1]

([1] اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۵ دشمنانِ آلِ محمدؐ دجّال کے ساتھ ہوں گے

محمد بن علی نے مفضّل بن صالح اسدی سے، اُنھوں نے محمد بن مروان سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا:

"مَنْ اَبْغَضَنَا اَهْلَ الْبَيْتِ بَعَثَهُ اللّٰهُ يَهُوْدِيًّا"

جو شخص ہم اہلِ بیت سے بغض رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کو یہودی بنا کر مبعوث کرے گا۔"

عرض کیا گیا: یارسول اللہ! اگرچہ وہ کلمہ شہادتین (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ) پڑھتا ہو۔؟

قَالَ: "نَعَمْ اِنَّمَا اَحْتَجِبُ بِهَاتَيْنِ الْكَلِمَتَيْنِ عِنْدَ سُفْكِ دَمِهٖ اَوْ يُؤَدِّيَ الْجِزْيَةَ وَهُوَ صَاغِرٌ"

آپؐ نے فرمایا: (ہاں، وہ کلمۂ شہادتین پڑھنے سے تو قتل ہونے اور جزیہ دینے سے بچ جائے گا۔)

ثُمَّ قَالَ: "مَنْ اَبْغَضَنَا اَهْلَ الْبَيْتِ بَعَثَهُ اللّٰهُ يَهُوْدِيًّا"

(جو شخص ہم اہلِ بیت سے بغض رکھے گا اس کو اللہ تعالیٰ یہودیوں کی صف میں مبعوث کرے گا۔)

عرض کیا گیا: یارسولؐ اللہ! یہ کیوں؟

قَالَ: "اِنْ اَدْرَكَ الدَّجَّالَ اٰمَنَ بِهٖ"

آپؐ نے فرمایا: (اس لیے کہ اگر وہ دجّال کے دور کو پائے تو اُس پر ایمان لے آئے گا)

(المحاسنؒ)

۲۶ علاماتِ ظہورِ امامؑ زمانہ وخروجِ دجّال

طالقانی نے جلودی سے، اُنھوں نے حسین بن معاذ سے، اُنھوں نے قیس بن حفص سے، اُنھوں نے یونس بن ارقم سے، اُنھوں نے ابوسیّار شیبانی سے، اُنھوں نے ضحّاک بن مزاحم سے، اُنھوں نے نزال بن سبرہ سے روایت نقل کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علی بن ابوطالبؑ علیہ السّلام نے ہم سے اپنے خطبے میں فرمایا تو پہلے آپ اللہ کی حمد وثناء بجالائے پھر فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثُمَّ قَالَ ؑ: " سَلُوْنِیْ اَیُّهَا النَّاس قَبْلَ اَنْ تَفْقِدُوْنِیْ "

(اے لوگو! پوچھ لو مجھ سے، قبل اس کے، کہ تم مجھ کو نہ پاؤ)

یہ بات آپؑ نے تین مرتبہ فرمائی۔ تو صعصعہ بن صوحان اُٹھے اور عرض کیا: اے امیر المومنینؑ! دجّال کب خروج کرے گا؟

حضرتؑ نے فرمایا: اچھا بیٹھ جاؤ، اللہ تعالیٰ نے تمھاری بات کو سن لیا اور اُسے علم ہے کہ تم اِس بہانے کیا پوچھنا چاہتے ہو۔ تو سنو! خدا کی قسم، اِس سلسلے میں سوال کرنے والے کو جتنا علم ہے اتنا ہی مسئول کو ہے۔ مگر اتنا بتا دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس کی چند علامات و واقعات ہیں جو یکے بعد دیگرے رونما ہوں گے جس طرح ایک قدم کے بعد دوسرا قدم، اگر تم چاہو تو میں تمھیں اس سے مطلع کر دوں؟

صعصعہ نے عرض کیا: جی ہاں، یا امیر المومنینؑ! ارشاد فرمائیں۔

آپ نے فرمایا: اچھا، تو اِن علامتوں کو یاد رکھنا اور اب بغور سنو!

ثُمَّ قَالَ ؑ: " اِذَا اَمَاتَ النَّاسَ الصَّلٰوةَ، وَاَضَاعُوا الْاَمَانَةَ وَاسْتَحَلُّوا الْكِذْبَ وَاَكَلُوا الرِّبَا، وَاَخَذُوا الرُّشَا، وَشَيَّدُوا الْبُنْيَان، وَبَاعُوا الدِّيْنَ بِالدُّنْيَا، وَاسْتَعْمَلُوا السُّفَهَاءَ وَشَاوَرُوا النِّسَاءَ وَقَطَعُوا الْاَرْحَام وَاتَّبَعُوا الْاَهْوَاءَ وَاسْتَخَفُّوا بِالدِّمَاءِ۔

وَكَانَ الْحِلْمُ ضَعْفًا، وَالظُّلْمُ فَخْرًا وَكَانَتِ الْاُمَرَاءُ فَجَرَةً، وَالْوُزَرَاءُ ظَلَمَةً وَالْعُرَفَاءُ خَوَنَةً وَالْقُرَّاءُ فَسَقَةً، وَظَهَرَتْ شَهَادَاتُ الزُّوْر، وَاسْتَعْلَنَ الْفُجُوْرُ وَقَوْلَ الْبُهْتَانِ وَالْاِثْمِ وَالطُّغْيَان۔

وَحِلْيَتِ الْمَصَاحِفُ، وَزُخْرِفَتِ الْمَسَاجِدُ وَطُوِّلَتِ الْمَنَارُ وَاَكْرِمَ الْاَشْرَارُ، وَازْدَحَمَتِ الصُّفُوْفُ، وَاخْتَلَفَتِ الْاَهْوَاءُ وَنَقَضَتِ الْعُقُوْدُ، وَاقْتَرَبَ الْمَوْعُوْدُ وَشَارَكَ النِّسَاءُ اَزْوَاجَهُنَّ فِی التِّجَارَةِ حِرْصًا عَلَى الدُّنْيَا، وَعَلَتْ اَصْوَاتُ الْفُسَّاقِ وَاسْمَعَ مِنْهُمْ، وَكَانَ زَعِيْمُ الْقَوْمِ اَرْذَلَهُمْ وَاتُّقِيَ الْفَاجِرُ مَخَافَةَ شَرِّهٖ وَصُدِّقَ الْكَاذِبُ وَاُؤْتُمِنَ الْخَائِنُ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَاتُّخِذَتِ الْقِيَانُ وَالْمَعَازِفُ ، وَلُعِنَ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا ، وَرُكِبَ ذَوَاتُ الْفُرُوْجِ السُّرُوْجَ ۔ وَتَشَبَّهَ النِّسَاءُ بِالرِّجَالِ وَالرِّجَالُ بِالنِّسَاءِ ، وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ غَيْرِ اَنْ يُّسْتَشْهَدَ وَشَهِدَ الْاٰخَرُ قَضَاءً لِذِمَامٍ بِغَيْرِ حَقٍّ عَرَفَهُ وَتَفَقَّهَ لِغَيْرِ الدِّيْنِ وَاٰثَرُوا عَمَلَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ، وَلَبِسُوْا جُلُوْدَ الضَّاْنِ عَلٰى قُلُوْبِ الذِّئَابِ ، وَقُلُوْبُهُمْ اَنْتَنُ مِنَ الْجِيَفِ وَاَمَرُّ مِنَ الصَّبِرِ ، فَعِنْدَ ذٰلِكَ الْوَحَا الْوَحَا ، اَلْعَجَلَ الْعَجَلَ ، خَيْرُ الْمَسَاكِنِ يَوْمَئِذٍ بَيْتُ الْمُقَدَّسِ لِيَاْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَتَمَنّٰى اَحَدُهُمْ اَنَّهُ مِنْ سُكَّانِهِ

یعنی : (جب لوگ نماز کو بے جان اور مردہ کردیں گے، امانتوں کو ضائع کرنے لگیں گے جھوٹ بولنے کو حلال سمجھیں گے، سود کھانے لگیں گے، رشوت لینے لگیں گے مضبوط عمارتیں تعمیر کرنے لگیں گے، دنیا کے عوض دین کو فروخت کرنے لگیں گے سفیہوں و بدعقلوں (بیوقوفوں) کو عامل و حاکم بنانے لگیں گے عورتوں سے مشورہ کرنے لگیں گے۔ قطع رحم کرنے لگیں گے، اپنی خواہشات کی پیروی کرنے لگیں گے اور کسی کا خون بہانا معمولی بات سمجھنے لگیں گے۔

جب حلم اور بُردباری کو کمزوری سمجھا جائے گا، ظلم پر فخر کیا جائے گا، اُمراء فسق و فجور میں مبتلا رہیں گے، وزراء ظالم ہوں گے، علماء و عرفاء خائن ہوں گے، قاریانِ قرآن فاسق ہوں گے، جھوٹی گواہیاں دی جانے لگیں گی، فسق و فجور، کذب و بہتان، گناہان و سرکشیاں بالعلان ہونے لگیں گی۔

جب صحف (قرآن پاک کی تحریروں) کو مُزیّن کیا جائے گا، مسجدیں آراستہ و پیراستہ کی جائیں گی، اونچے اونچے مینار بنائے جائیں گے، شریر لوگوں کو مکرّم سمجھا جائے گا، صفوں میں بڑی بھیڑ بھاڑ ہوگی، لوگوں کی خواہشات مختلف ہوں گی، عہد و پیمان توڑ دیے جائیں گے، وقت موعود قریب ہوگا۔ تحصیلِ دنیا کے لالچ میں عورتیں اپنے مردوں کے ساتھ تجارت میں شریک ہونگی فاسقوں کی آوازیں بلند ہوں گی اور اُن ہی کی بات سنی جائے گی، قوم کے سردار

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رذیل لوگ ہوں گے، شر و فساد کے خوف سے فاسق و فاجر سے ڈرا جائے گا
جھوٹے کو سچا کہا جائے گا، خیانت کرنے والے کو امانت دار سمجھا جائے گا
آلات سرود و غنا کا استعمال عام ہوگا، اس اُمت کے آخرین، اوّلین کو بُرا
کہیں گے، عورتیں زین کسے ہوئے گھوڑوں (کاروں) پر سوار ہوں گی۔
عورتیں مردوں سے مشابہ ہوں گی اور مرد عورتوں (جیسی شکلیں بنا کر اُن) سے
مشابہ ہوں گے۔ فقہاء کا تفقہ غیرِ دین کے لیے ہوگا۔ دنیا کے کاموں کو آخرت
(کے کاموں) پر ترجیح دی جائے گی، بھیڑیے (صف انسانوں) کے جسموں پر
گوسفندوں (بکریوں وغیرہ) کی کھال ہوگی، اُن کے دل مردار کی طرح بدبودار
اور صبر (ایلوے) سے زیادہ کڑوے ہوں گے۔ اُس وقت اُمید رکھو اور سمجھو
کہ اب خروج جلد اور عنقریب یعنی بہت جلد ہونے والا ہے۔ اور اس وقت
سکونت کے لیے بہترین مقام بیت المقدّس ہوگا۔ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ
آنے والا ہے جس میں ہر شخص کو یہ تمنّا ہوگی کہ کاش میں بیت المقدّس میں ہی
سکونت اختیار کرتا۔

پھر اصبغ بن نباتہ اُٹھے اور عرض کرنے لگے: یا امیر المومنین! یہ دجّال کون ہے؟
آپ نے فرمایا: سنو!

"اَلَا اِنَّ الدَّجَّالَ صَائِدُ بْنُ الصَّيِّدِ فَالشَّقِيُّ مَنْ صَدَّقَهُ
وَالسَّعِيْدُ مَنْ كَذَّبَهُ، يَخْرُجُ مِنْ بَلْدَةٍ يُقَالُ لَهَا
اِصْبَهَانُ مِنْ قَرْيَةٍ تُعْرَفُ بِالْيَهُوْدِيَّةِ عَيْنُهُ الْيُمْنٰى
مَمْسُوْحَةٌ وَالْاُخْرٰى فِي جَبْهَتِهِ تَضِيْءُ كَاَنَّهَا
كَوْكَبُ الصُّبْحِ، فِيْهَا عَلَقَةٌ كَاَنَّهَا مُمْزُوْجَةُ الدَّمِ
بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوْبٌ (كافر) يَقْرَاُهُ كُلُّ كَاتِبٍ
وَاُمِّيٍّ۔
يَخُوْضُ الْبِحَارَ وَتَسِيْرُ مَعَهُ الشَّمْسُ بَيْنَ يَدَيْهِ جَبَلٌ
مِنْ دُخَانٍ وَخَلْفَهُ جَبَلٌ اَبْيَضُ يَرَى النَّاسُ اَنَّهُ
طَعَامٌ، يَخْرُجُ فِيْ قَحْطٍ شَدِيْدٍ، تَحْتَهُ حِمَارٌ اَقْمَرُ
خَطْوَةُ حِمَارِهِ مِيْلٌ، تَطْوِيْ لَهُ الْاَرْضُ مَنْهَلًا مَنْهَلًا
وَلَا يَمُرُّ بِمَاءٍ اِلَّا غَارَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

يُنَادِي بِأَعْلَى صَوْتِهِ يَسْمَعُ مَا بَيْنَ الْخَافَقَيْنِ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالشَّيَاطِينِ يَقُولُ: إِلَيَّ أَوْلِيَائِي أَنَا الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّى، وَقَدَّرَ فَهَدَى، أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَى، وَكَذَّبَ عَدُوُّ اللهِ إِنَّهُ الْأَعْوَرُ يَطْعَمُ الطَّعَامَ وَيَمْشِي فِي الْأَسْوَاقِ وَإِنَّ رَبَّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ لَيْسَ بِأَعْوَرَ وَلَا يَطْعَمُ وَلَا يَمْشِي وَلَا يَزُولُ (تَعَالَى اللهُ عَنْ ذَلِكَ عُلُوًّا كَبِيرًا)

أَلَا وَإِنَّ أَكْثَرَ أَتْبَاعِهِ يَوْمَئِذٍ أَوْلَادُ الزِّنَا وَأَصْحَابُ الطَّيَالِسَةِ الْخُضْرِ، يَقْتُلُهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ بِالشَّامِ عَلَى عَقَبَةٍ تُعْرَفُ بِعَقَبَةِ أَفِيقَ لِثَلَاثِ سَاعَاتٍ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، عَلَى يَدَيْ مَنْ يُصَلِّي الْمَسِيحُ عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ خَلْفَهُ۔

آپؐ نے فرمایا: سنو! دجّال کا اصلی نام صائد بن صید ہے جو اس کی تصدیق کرے گا، وہ بدبخت ہوگا، جو اس کی تکذیب کرے گا وہ نیک بخت ہوگا۔ وہ اصفہان کے ایک قریہ یہودیہ سے خروج کرے گا، وہ داہنی آنکھ سے کانا ہوگا، بائیں آنکھ اس کی پیشانی پر ہوگی جو صبح کے ستارے کی طرح چمکتی ہوگی جس میں خون کے مانند ایک لوتھڑا ہوگا، اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان "کافر" لکھا ہوگا جسے ہر پڑھا لکھا اور ان پڑھ بھی پڑھ لے گا، وہ سمندروں میں اترے گا، آفتاب اس کے ساتھ ساتھ چلے گا، اُس کے آگے دھوئیں کا پہاڑ ہوگا اس کے پیچھے ایک سفید پہاڑ ہوگا جسے لوگ کھانے (طعام) کا پہاڑ سمجھیں گے وہ شدید قحط کے زمانے میں خروج کرے گا۔ سفید گدھے پر سوار ہوگا، اُس کے گدھے کا ایک قدم ایک میل کا ہوگا، گھاٹ گھاٹ پر اس کے لیے زمین سمٹ جائیگی، جس پانی سے گذرے گا وہ قیامت تک کے لیے خشک ہو جائے گا۔ وہ بلند آواز سے پکار کر کہے گا اسکی آواز کو دنیا بھر کے تمام جنّ و انس اور شیاطین سُنیں گے۔ وہ کہے گا "اے میرے دوستو! میں ہی وہ ہوں جس نے خلق کیا اور درست کیا، مقدّر کیا اور ہدایت کی، میں تم لوگوں کا ربّ اعلیٰ ہوں" وہ دشمنِ خدا جھوٹ کہے گا اس لیے کہ وہ کانا ہوگا، وہ کھانا کھائے گا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور بازاروں میں پھرے گا، اور تم لوگوں کا رب نہ کانا ہے، نہ کھاتا پیتا ہے اور نہ چلتا پھرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان تمام باتوں سے بہت بلند ہے۔

(اے لوگو!) سن لو، اس کی پیروی کرنے والوں میں اکثر لوگ ولد الزنا ہوں گے اور وہ سبز رنگ کی ٹوپیاں پہنے ہوئے ہوں گے۔ اللہ عزت و بزرگی والا اس کو جمعہ کے دن تین گھڑی دن چڑھے شام کے اندر عقبہ افیق میں اس کے ہاتھوں قتل کرادے گا جس کی اقتدا میں حضرت عیسیٰ مسیح نماز پڑھیں گے (امام قائم کے ہاتھوں)۔

پھر فرمایا: آگاہ رہو کہ اس کے بعد طامۃ الکبریٰ (قیامت۔ مصیبت) ہے۔

ہم نے عرض کیا: یا امیر المومنینؑ! یہ کیا ہے؟

قَالَ ؑ: "خُرُوجُ دَابَّةٍ مِنَ الْاَرْضِ، مِنْ عِنْدِ الصَّفَا، مَعَهَا خَاتَمُ سُلَيْمَانَ ؑ وَعَصَى مُوسَىٰ ؑ، تَضَعُ الْخَاتَمَ عَلَىٰ وَجْهِ كُلِّ مُؤْمِنٍ، فَيَطْبَعُ فِيهِ "هٰذَا مُؤْمِنٌ حَقًّا"، وَتَضَعُهُ عَلَىٰ وَجْهِ كُلِّ كَافِرٍ فَيَكْتُبُ فِيهِ "هٰذَا كَافِرٌ حَقًّا" حَتَّىٰ اَنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُنَادِي: اَلْوَيْلُ لَكَ يَا كَافِرُ"، وَاِنَّ الْكَافِرَ لَيُنَادِي طُوبَىٰ لَكَ يَا مُؤْمِنُ! وَدِدْتُ اَنِّي الْيَوْمَ مِثْلُكَ فَاَفُوزَ فَوْزًا، ثُمَّ تَرْفَعُ الدَّابَّةُ رَاْسَهَا فَيَرَاهَا مِنْ بَيْنِ الْخَافِقَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ بَعْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَرْفَعُ التَّوْبَةُ فَلَا تُوبَةَ تُقْبَلُ وَلَا عَمَلَ يُرْفَعُ "وَلَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِي اِيمَانِهَا خَيْرًا"

آپؑ نے فرمایا: (کوہِ صفا سے) دابہ زمین سے خروج کرے گا جس کے پاس حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی اور حضرت موسیٰؑ کا عصا ہوگا وہ اس انگوٹھی کو مومن کی پیشانی پر رکھے گا تو اسکی پیشانی پر نقش ہو جائے گا کہ یہ حقیقتاً مومن ہے اور ہر کافر کی پیشانی پر رکھے گا تو اس پر نقش ہو جائے گا کہ یہ حقیقتاً کافر ہے۔ اور مومن پکار کر کہے گا اے کافر! تجھ پر ویل ہو، اور کافر پکار کر کہے گا کہ اے مومن! تمہارے لیے خوشخبری ہے۔ کاش آج میں تمہارے مانند ہوتا تو بڑی کامیابی حاصل کرتا۔

پھر وہ دابہ آفتاب کے مغرب سے طلوع ہونے کے بعد اپنا سر اٹھائے گا جسے بحکمِ خدا ساری دنیا دیکھے گی، اس وقت توبہ کا موقع نکل چکا ہوگا۔ پھر نہ کسی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کی توبہ قبول ہوگی اور نہ اُس کے کوئی عملِ خیر کام آئے گا" اور اگر اس سے پہلے کوئی شخص ایمان نہیں لایا ہے اور اُس نے کوئی نیک کام کیا ہے تو اس وقت اس کا ایمان لانا یا عملِ خیر کرنا بے سود ہوگا۔"

پھر آپ نے فرمایا: اب اس کے بعد کیا ہوگا، یہ مجھ سے نہ پوچھو، اس لیے کہ میرے حبیب (محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم) نے مجھ سے عہد لے لیا ہے کہ یہ بات میں سوائے اپنی عترت کے اور کسی کو نہ بتاؤں۔

نزال بن سبرہ نے صعصعہ سے پوچھا کہ امیر المومنین علیہ السّلام نے اپنے اس قول سے کیا مراد لیا ہے؟ صعصعہ نے جواب دیا: اے ابنِ سبرہ! وہ ذات جس کے پیچھے حضرت عیسیٰؑ بن مریمؑ نماز پڑھیں گے وہ عترتِ رسولؐ میں سے بارہواں اور اولادِ حسینؑ بن علیؑ کا نواں ہوگا، اور درحقیقت وہی آفتاب ہے جو مغرب سے طلوع ہوگا اور رُکن و مقام کے درمیان ظہور فرمائے گا۔ وہ ساری روئے زمین کو پاک کرے گا، میزانِ عدل قائم کرے گا کوئی شخص کسی پر ظلم نہ کر سکے گا اور اسی کے متعلق امیر المومنین علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ اُن کے حبیبؐ نے اُن سے عہد لے لیا ہے وہ یہ بات اپنی عترت کے سوا اور کسی کو نہ بتائیں۔ (اکمال الدین)

★ ایّوب نے نافع سے اُنھوں نے ابنِ عمر سے، اُنھوں نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔ (اکمال الدین)

(۲۷) کیا دجّال اور ابنِ صیاد ایک شخص کے دو نام ہیں

محمد بن عمر بن عثمان ان ہی اسناد کے ساتھ مشایخہ سے، اُنھوں نے ابویعلی موصلی سے، اُنھوں نے عبدالاعلیٰ بن حمّاد سے، اُنھوں نے ایّوب سے، ایّوب نے نافع سے، نافع نے ابنِ عمر سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنے اصحاب کے ساتھ نمازِ فجر ادا فرمائی اور بعد فراغتِ نماز اپنے اصحاب کو لیکر مدینہ کے اندر ایک گھر کے دروازے پر تشریف لے گئے۔ دروازے پر دستک دی تو ایک عورت نکلی اور پوچھنے لگی: کیا بات ہے اے ابوالقاسمؐ!

- آپؐ نے فرمایا: اے عبداللہ کی ماں! مجھے عبداللہ سے ملنے کی اجازت دے۔
- اس نے کہا: اے ابوالقاسمؐ! آپ عبداللہ سے مل کر کیا کریں گے، خدا کی قسم، وہ تو قطعی فاترالعقل ہے۔ حد یہ ہے کہ وہ اپنے کپڑوں ہی میں بول و براز کر دیتا ہے جبکہ وہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ایک امرِ عظیم کا دعویٰ کرتا ہے۔

- آپؐ نے فرمایا: تو مجھے اُس سے ملنے کی اجازت تو دے۔
- اُس نے کہا: اچھا، تو پھر آپؐ تشریف لے جائیں لیکن آپؐ ہی اس کے ذمّے دار ہونگے
- آپؐ نے فرمایا: ہاں، میں ذمّے دار ہوں۔
- اُس نے کہا: تو پھر اندر آجائیں۔

آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اندر تشریف لے گئے تو دیکھا کہ وہ ایک چادر میں لپٹا ہوا آہستہ آہستہ کچھ بڑبڑا رہا ہے۔

- اُس کی ماں نے کہا: خاموش ہو جا، اور اُٹھ کر بیٹھ۔ یہ دیکھ تیرے پاس حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تشریف لائے ہیں۔

چنانچہ وہ یہ سُنکر خاموش ہو گیا اور اُٹھ کر بیٹھ گیا اور نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے مخاطب ہو کر بولا: اگر تم مجھے چھوڑ دو تو میں تمھیں بتاؤں کہ کیا وہ وہی (اللہ) ہے؟

- آنحضرتؐ نے فرمایا: تو کیا دیکھتا ہے؟
- اُس نے کہا: میں حق اور باطل کو دیکھ رہا ہوں، اور یہ بھی دیکھ رہا ہوں کہ عرش پانی پر تیر رہا ہے۔
- آنحضرتؐ نے فرمایا: تو کلمہ پڑھ کہ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ
- اُس نے کہا: بَلْ تَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

(بلکہ آپ گواہی دیں کہ نہیں ہے کوئی خدا سوائے اللہ کے اور یہ کہ میں (عبداللہ) - اللہ کا رسول ہوں) اللہ تعالیٰ نے تم کو مجھ سے زیادہ رسالت کا حقدار نہیں بنایا ہے۔

پھر جب دوسرا دن آیا تو آنحضرتؐ نے اپنے اصحاب کے ساتھ نمازِ فجر ادا فرمائی، اور بعد فراغتِ نماز اپنے اصحاب کے ساتھ اُس کے دروازے پر پہنچے، دستک دی۔ اس کی ماں نے کہا اندر آجائیں۔ آپ اندر تشریف لے گئے۔ آپؐ نے دیکھا کہ وہ ایک درخت پر بیٹھا ہوا چڑیوں کی طرح چہچہا رہا ہے۔

- اُس کی ماں نے کہا: خاموش ہو جا اور نیچے اُتر آ۔ یہ دیکھ حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تیرے پاس آئے ہیں۔
- وہ خاموش ہو گیا اور نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے مخاطب ہو کر کہنے لگا "اگر تم مجھے چھوڑ دو تو میں بتاؤں کہ کیا وہ (اللہ) وہی ہے؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

- تیسرے دن آنحضرتؐ نے اپنے اصحاب کے ساتھ نمازِ فجر فرمائی اور اصحاب کے ساتھ اُس کے گھر پر تشریف لائے تو آپؐ نے دیکھا کہ وہ گوسفندوں (بکریوں وغیرہ) کے درمیان موجود ہے ان ہی کی زبان میں باتیں کر رہا ہے۔
- اُس کی ماں نے کہا: خاموش ہو جا۔ اور بیٹھ جا۔ یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے پاس آئے ہیں۔

اتفاق کی بات یہ کہ اُسی دن سورۂ دُخان کی چند آیات نازل ہوئی تھیں جنھیں نبیِ اکرمؐ نے نمازِ صبح میں تلاوت فرمایا تھا۔

- آپؐ نے اُس سے فرمایا: کہہ کہ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ
- اُس نے کہا: بَلْ تَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَمَا جَعَلَكَ اللّٰهُ بِذٰلِكَ اَحَقَّ مِنِّیْ

(بلکہ آپؐ ہی گواہی دیں کہ اس اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور یہ کہ "اللہ کا رسول تو میں ہوں آپؐ کو اللہ نے مجھ سے زیادہ رسالت کا حقدار نہیں بنایا ہے")

- آنحضرتؐ نے فرمایا: میں نے ایک چیز تیرے لیے اپنے دل میں چھپائی ہے۔
- اُس نے کہا: وہ اَلدُّخ اَلدُّخ
- آنحضرتؐ نے فرمایا: دور ہو جا مردود، تو مطالعۂ غیب کی منزل تک نہیں پہنچ سکتا تیری اُمید پوری نہیں ہو سکتی جو تیرے مقدر میں ہے وہی تجھے ملے گا۔

اس کے بعد آپؐ نے اپنے اصحاب سے متوجہ ہو کر فرمایا:

"اَیُّهَا النَّاس! مَا بَعَثَ اللّٰهُ نَبِیًّا اِلَّا وَقَدْ اَنْذَرَ قَوْمَهُ الدَّجَّال وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ اَخَّرَهُ اِلٰی یَوْمِكُمْ هٰذَا فَمَهْمَا تَشَابَهَ عَلَیْكُمْ مِنْ اَمْرِهٖ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَیْسَ بِاَعْوَر، اِنَّهُ یَخْرُجُ عَلٰی حِمَارٍ عَرْضُ مَا بَیْنَ اُذُنَیْهِ مِیْلٌ یَخْرُجُ وَمَعَهُ جَنَّةٌ وَنَارٌ وَجَبَلٌ مِنْ خُبْزٍ وَنَهْرٌ مِنْ مَاءٍ۔ اَكْثَرُ اَتْبَاعِهِ الْیَهُوْدُ وَالنِّسَاءُ الْاَعْرَاب یَدْخُلُ اَفْنَاقَ الْاَرْضِ كُلِّهَا اِلَّا مَكَّةَ وَلَا بَیْتَهَا وَالْمَدِیْنَةَ وَلَا بَیْتَهَا۔"

آپؐ نے فرمایا (اللہ تعالیٰ نے جب بھی کسی نبی کو مبعوث فرمایا، اُس نے ہمیشہ اپنی قوم کو دجّال سے ڈرایا (کہ کہیں دجّال پیدا نہ ہو) مگر اللہ عزّوجلّ نے اس کی پیدائش کو تم لوگوں کے اِس زمانے کے لیے موخّر کر دیا تھا۔ لہٰذا، نہیں، کہیں تم لوگ شُبہے میں گرفتار نہ ہو جاؤ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جان لو کہ تم لوگوں کا پروردگار کانا نہیں ہے۔ یہ (دجّال) ایک ایسے گدھے پر خروج کرے گا جس کے دونوں کانوں کے درمیان ایک میل کا فاصلہ ہوگا۔ وہ خروج کرے گا اور اُس کے ساتھ جنّت و جہنّم ہوگی۔ روٹیوں کا ایک پہاڑ ہوگا اور پانی کی ایک نہر ہوگی۔ اُس کی پیروی کرنے والے اکثر یہودی اور عورتیں اور اعراب (اہلِ عرب) ہوں گے۔ وہ ساری دنیا میں پھرے گا مگر مکّہ اور مدینہ میں داخل نہیں ہو سکے گا۔)

کتاب "شرح السنّۃ" میں ابوسعید خدری سے یہی قصّہ منقول ہے۔ اس میں یہ تحریر ہے کہ آنحضرتؐ نے اس سے پوچھا: بتا، تو کیا دیکھ رہا ہے۔؟

اُس نے کہا: میں ایک تخت سمندر پر دیکھ رہا ہوں۔

آپؐ نے فرمایا: وہ ابلیس کا تخت سمندر پر ہے جسے تو دیکھ رہا ہے۔

★ ابوسلیمان کا بیان ہے کہ میرے نزدیک یہ قصّہ اُس وقت پیش آیا جب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اور یہود اور ان کے خلفاء کے درمیان صلح ہوئی اور یہ ابن صیاد بھی اس صلح میں شامل تھا۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو یہ اطّلاع ملی تھی کہ اس کو کہانت کا دعوٰے ہے، اِس لیے آپؐ نے اُس کا امتحان لیا اور آزمائش کے بعد پتہ چلا کہ یہ کوئی کاہن یا ساحر ہے یا کوئی جنّ یا شیطان اس کے تابع ہے۔

اَقُولُ (میرے نزدیک): عامّہ کے درمیان اس امر میں اختلاف ہے کہ یہ ابنِ صیاد ہی دجّال ہے۔ یا دجّال کوئی اور ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ نہیں، کوئی اور ہے۔ اِس لیے کہ ایک روایت میں ہے کہ یہ ابن صیاد تائب ہوگیا تھا اور اس نے مدینہ میں انتقال کیا، جب اس کے چہرے سے کفن ہٹایا گیا تو لوگوں نے دیکھا کہ وہ مرا ہوا پڑا ہے۔ اور

★ ابوسعید خدری سے بھی ایسی ہی روایت ہے جو اِس امر کی دلیل ہے کہ وہ ابنِ صیاد دجّال نہیں ہے۔

★ اور کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ یہ ابنِ صیاد ہی دجّال ہے۔ اور یہ روایت ابنِ عمر اور جابر بن عبداللہ انصاری کی ہے۔

★ شیخ صدوق علیہ الرحمۃ اس روایت کو پیش کر کے فرماتے ہیں کہ یہ دشمنانِ دین و منکرین دجّال کے وجود کو تسلیم کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کے لیے غیبت ہے۔ یہ ایک مدّتِ طویل تک باقی رہے گا اور آخری زمانے میں خروج کرے گا۔ ایسی روایتوں کو تو صحیح سمجھتے ہیں مگر تسلیم نہیں کرتے۔ امام قائمؑ کے وجود اور انکی غیبت کو۔ حالانکہ امامؑ قائم کیلئے نبیؐ اکرم و ائمہؑ کی نص ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۸ ظہورِ امامِ قائمؑ کی علامت

ابی نے حمیری سے، حمیری نے احمد بن ہلال سے، احمد نے ابنِ محبوب سے انھوں نے ابوایوب اور علا سے، انھوں نے محمد بن مسلم سے اور محمد بن مسلم کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپؑ نے فرمایا:

" اِنَّ لِقِیَامِ القَائِمِ علاماتٍ تَکُونُ مِنَ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ لِلْمُؤْمِنِیْنَ

(بیشک ظہورِ امام قائمؑ کی اللہ عزوجل کی طرف سے مومنین کیلئے کچھ نشانیاں ہیں۔)

میں نے عرض کیا: مولا! میں آپ پر قربان، وہ نشانیاں کیا ہیں؟

قالؑ: " قَولُ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ: " وَلَنَبْلُوَنَّکُمْ " یعنی مومنین قبل خروج القائمؑ " بِشَیْءٍ " مِنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِیْنَ " (سورۃ البقرۃ ۱۵۵)

(اللہ عزوجل کا قول " ہم تمھارا امتحان ضرور لیں گے۔ یعنی قبل قیام قائمؑ مومنین کا امتحان لیں گے۔ " کچھ خوف، اور بھوک اور جانوں و اموال اور پھلوں سے (اولادوں) کے نقصان سے، اور صبر کرنے والوں کو بشارت دیدیجیے۔)

قالؑ: " نَبْلُوْھُمْ بِشَیْءٍ مِنَ الْخَوْفِ مِنْ مُلُوْکِ بَنِی فُلَانٍ فِیْ آخِرِ سُلْطَانِھِمْ " وَالْجُوْعِ " بِغَلَاءِ اَسْعَارِھِمْ " وَنَقْصٍ مِنَ الْاَمْوَالِ " قَالَ کَسَادِ التِّجَارَاتِ وَقِلَّۃِ الْفَضْلِ، وَنَقْصٍ مِنَ الْاَنْفُسِ قَالَ مَوْتٍ ذَرِیْعٍ وَنَقْصٍ مِنَ الثَّمَرَاتِ، قِلَّۃِ رِیْعِ مَا یُزْرَعُ وَبَشِّرِ الصَّابِرِیْنَ، عِنْدَ ذٰلِکَ بِتَعْجِیْلِ الْفَرَجِ "

آپؑ نے فرمایا: (ہم اُن لوگوں کا امتحان لیں گے سلاطین بنی فلاں کے خوف سے اور بھوک سے غلے کی گرانی کے ساتھ، اموال میں کمی سے یعنی کساد بازاری اور قلتِ نفع سے انفس میں نقص سے یعنی حادثاتی اموات سے اور نقصِ ثمرات سے، یعنی قلتِ پیداوار سے اور صابرین کو بشارت دیدو کہ اب جلدی فرج اور ظہورِ امام قائمؑ ہونے والا ہے۔

ثُمَّ قَالَ " یَا مُحَمَّدُ! ھٰذَا تَاْوِیْلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ یَقُوْلُ " وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَہٗ اِلَّا اللّٰہُ وَالرَّاسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ " (آلِ عمران آیت ۷)

پھر فرمایا: (اے محمدؐ! دیکھو اس آیت کی تاویل یہ ہے کہ اللہ فرماتا ہے کہ اس کی تاویل راسخون فی العلم ہی جانتے ہیں اور بس)[1]

[1] کمال الدین جلد ۲ صـ ۳۶۳، غیبتہ نعمانی صـ ۱۳۲۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۹ ظہور کی پانچ علامتیں

ابی نے حمیری سے، حمیری نے ابراہیم بن مہزیار سے، اُنھوں نے اپنے بھائی علی سے اُنھوں نے اہوازی سے، اُنھوں نے صفوان سے، اُنھوں نے محمّد بن حکیم سے، اُنھوں نے میمون البان سے، اُنھوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے۔

قَالَ ؑ: "خمس قبل قیام القائم ؑ" اَلْیَمَانِیُّ، وَ السُّفْیَانِیُّ وَالْمُنَادِی یُنَادِیْ مِنَ السَّمَاءِ، وَ خَسْفَ بِالْبَیْدَاءِ وَ قتل النّفس الزّکیّۃ"

آپؑ نے فرمایا (قبلِ قیام قائمؑ پانچ علامتیں ظاہر ہونگی۔ خروجِ یمانی، خروجِ سفیانی۔ ندائے آسمانی زمین کا شقِ بیابانی اور قتلِ نفسِ زکیّہ) (اکمال الدّین)

۳۰ قتلِ نفسِ زکیّہ اور ظہورِ امامؑ میں پندرہ شبوں کا فاصلہ

ابنِ ولید نے صفّار سے، اُنھوں نے ابنِ معروف سے، اُنھوں نے علی بن مہزیار سے اُنھوں نے حجّال سے، اُنھوں نے ثعلبہ سے، اُنھوں نے شعیب حذّاء سے، اُنھوں نے صالح مولی بنی العذراء سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سُنا: آپؑ نے فرمایا:

"لیس بین قیام قائمُ آلِ محمّدؐ و بین قتل النفس الزّکیّۃ الّا خمسۃ عشر لیلۃ"

(قیام قائم آلِ محمّدؐ اور قتلِ نفسِ زکیّہ کے درمیان صرف پندرہ راتوں کا فاصلہ ہوگا۔) (اکمال الدّین، غیبۃ طوسی، کتاب الارشاد)

۳۱ امامؑ کا ظہور آفتاب سے زیادہ روشن ہوگا

ابنِ ولید نے ابنِ ابان سے، اُنھوں نے اہوازی سے، اُنھوں نے نضر سے، اُنھوں نے یحییٰ حلبی سے، اُنھوں نے حارث بن مغیرہ سے، اُنھوں نے میمون البان سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام کے پاس خیمے کے اندر حاضر تھا، آپؑ نے خیمے کا پردہ اُٹھایا اور فرمایا:

قَالَ ؑ "اِنَّ اَمْرَنَا لَوْقَدْ کَانَ لَکَانَ اَبْیَنَ مِنْ ھٰذَا الشَّمْسِ!"

ثُمَّ قَالَ ؑ: "یُنَادِی مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ اِنَّ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ ھُوَ الْاِمَام بِاسْمِہٖ وَیُنَادِی ابلیس مِنَ الْاَرْضِ کَمَا نَادٰی بِرَسُوْلِ اللّٰہِ لیلۃ العقبۃ"

(اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؑ نے فرمایا: (جب ہمارا صاحبِ امر ظہور کرے گا، تو اُس کا ظہور اِس آفتاب سے بھی زیادہ واضح و روشن ہوگا۔)

پھر فرمایا: (آسمان سے نام لیکر اعلان ہوگا کہ فلان ابنِ فلان امام ہیں۔ ادھر ابلیس زمین سے ندا دے گا جیسا کہ اُس نے شبِ عقبہ ندا دی تھی۔) (اکمال الدین)

۳۲ سفیانی ماہِ رجب میں خروج کریگا

انہی اسناد کے ساتھ اہوازی سے، اُنھوں نے صفوان سے، اُنھوں عیسیٰ بن اعین سے، اُنھوں نے معلّیٰ بن خنیس اور اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے کہ:

قَالَؑ: "اِنَّ اَمْرَ السُّفیانِیِّ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ وَ خُرُوْجِہٖ فِیْ رَجَبٍ"

آپؑ نے فرمایا: (سفیانی کا خروج بلاشبہ حتمی امر ہے اور اُس کا خروج ماہِ رجب میں ہوگا۔) (اکمال الدین)

۳۳ ندائے آسمانی ماہِ رمضان میں ہوگی

انہی اسناد کے ساتھ اہوازی سے، اُنھوں نے حمّاد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے ابراہیم بن عمر سے، اُنھوں نے ابو ایّوب سے، اُنھوں نے حارث بن مغیرہ سے، اُنھوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قَالَؑ: "اَلصَّیْحَۃُ الَّتِیْ فِیْ شَہْرِ رَمَضَانَ تَکُوْنُ لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ لِثَلَاثٍ وَ عِشْرِیْنَ مَضَیْنَ مِنْ شَہْرِ رَمَضَانَ"

آپؑ نے فرمایا (ندائے آسمانی ۲۳ ماہِ رمضان شبِ جمعہ میں ہوگی)

۳۴ قبل از ظہور پانچ علامتیں

انہی اسناد کے ساتھ اہوازی سے، اُنھوں نے ابنِ ابی عمیر سے، اُنھوں نے عمر بن حنظلہ سے اور اُنھوں نے بیان کیا کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا:

قَالَؑ: "قَبْلَ قِیَامِ الْقَائِمِؑ خَمْسُ عَلَامَاتٍ مَحْتُوْمَاتٌ: اَلْیَمَانِیُّ وَ السُّفْیَانِیُّ وَ الصَّیْحَۃُ وَ قَتْلُ النَّفْسِ الزَّکِیَّۃِ وَ الْخَسْفُ بِالْبَیْدَاءِ"

آپؑ نے فرمایا: (قبلِ قیامِ قائمؑ پانچ نشانیاں حتمی طور پر ظاہر ہوں گی۔ خروجِ یمانی، خروجِ سفیانی، ندائے آسمانی، قتلِ نفسِ زکیہ اور بیابان میں زمین کا شق ہونا۔) (اکمال الدین) (غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۳۵) ندائے آسمانی سب اپنی زبان میں سنیں گے

ابی نے سعد سے، سعد نے ابنِ ابی الخطّاب سے، اُنھوں نے جعفر بن بشیر سے، اُنھوں نے ہشام بن سالم سے، اُنھوں نے زُرارہ سے، زُرارہ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ:

قَالَ ؑ: "یُنَادِی مُنَادٍ بِاسمِ القَائِمِ علیہ السّلام"

(ایک منادی امام قائم علیہ السّلام کا نام لیکر ندا دے گا)

میں نے عرض کیا: کیا یہ ندا مخصوص لوگوں کے لیے ہوگی یا عوام کے لیے بھی؟

قَالَ ؑ: "عَامٌ یَسمَعُ کُلُّ قَومٍ بِلِسَانِہِم"

آپ ؑ نے فرمایا: (یہ ندا عام ہوگی اور اسے ہر قوم اپنی اپنی زبان میں سنے گی۔)

میں نے عرض کیا: جب نام کے ساتھ اعلان ہوگا تو پھر امام قائم علیہ السّلام کی مخالفت کون کریگا؟

قَالَ ؑ: "لا یدعھم ابلیس حتّی ینادی فی اٰخر اللیل فیشکّ الناس"

آپ ؑ نے فرمایا (مگر ابلیس لوگوں کو اب بھی نہ چھوڑے گا اور وہ آخرِ شب میں اعلان کرے گا اور لوگ شک میں مبتلا ہو جائیں گے۔)

(۳۶) سفیانی کا نام و نسب و حلیہ

ماجیلویہ نے اپنے چچا سے، اُنھوں نے کوفی سے، اُنھوں نے ابنِ ابی عمیر سے، اُنھوں نے ابن اُذینہ سے، اور اُنھوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے آپ ؑ نے اپنے پدر بزرگوار سے روایت نقل فرمائی ہے۔ آپ ؑ نے فرمایا کہ حضرت امیر المومنین علیہ السّلام نے فرمایا:

قَالَ ؑ "یَخرُجُ ابن اٰکلۃ الاکباد مِنَ الوَادِی الیَابِس وَھُوَ رَجُلٌ رَبعَۃ وَحش الوَجہِ ضخم الھَامۃ بِوَجھِہِ اَثَر الجدری اِذَا رَاَیتَہُ حَسِبتَہُ اَعوَر اِسمُہُ عثمان وَ اَبُوہُ عَنبَسَۃ وَھُوَ مِن وُلدِ اَبِی سُفیَانَ حَتّی یَاتِی اَرضَ" قرار ومعین" فَیَستَوِی عَلیٰ مِنبَرِھَا"

آپ ؑ نے فرمایا (ہندہ جگر خوارہ کا ایک فرزند وادیٔ یابس سے خروج کرے گا جو میانہ قد کا آدمی ہوگا، اُس کا چہرہ ڈراؤنا اور سر بڑا ہوگا۔ چہرے پر چیچک کے داغ ہونگے جب اُسے دیکھو گے تو سمجھو گے کہ یہ کانا ہے۔ اس کا نام عثمان اس کے باپ کا نام عنبسہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور وہ اولادِ ابوسفیان سے ہوگا۔ جو کوفہ آئے گا اور منبرِ کوفہ پر چڑھ بیٹھے گا۔)
(اکمال الدین)

۳۷ سفیانی کی انتہائی خباثت

ہمدانی نے علی سے، علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے حمّاد سے، حمّاد نے عمر بن یزید سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے ایک مرتبہ مجھ سے فرمایا:

"اِنَّكَ لَوْ رَاَيْتَ السُّفْيَانِيَّ رَاَيْتَ اَخْبَثَ النَّاسِ، اَشْقَرَ اَحْمَرَ اَزْرَقَ، يَقُوْلُ: يَا رَبِّ يَا رَبِّ ثُمَّ لِلنَّارِ وَلَقَدْ بَلَغَ مِنْ خُبْثِهٖ اَنَّهٗ يَدْفِنُ اُمَّ وَلَدٍ لَهٗ وَهِيَ حَيَّةٌ مَخَافَةَ اَنْ تَدُلَّ عَلَيْهِ"

(اگر تم سفیانی کو دیکھو گے تو اس کو لوگوں میں سب سے زیادہ خبیث پاؤ گے زرد و سرخ، نیلے رنگ کا ہوگا وہ یارب یارب کہتا ہوا ہوگا مگر جہنّم میں جائے گا۔ اور اس کی خباثت کی ایک دلیل یہ ہے کہ وہ اپنی ام ولد کو زمین میں زندہ دفن کر دے گا، اس ڈر سے کہ کہیں وہ اس کی خباثت کی نشاندہی نہ کر دے۔)
(اکمال الدّین)

۳۸ سفیانی صرف آٹھ ماہ قابض رہے گا

ابی اور ابنِ ولید نے محمّد بن ابوالقاسم سے، اُنھوں نے کوفی سے، اُس نے حسین بن سفیان سے، اُنھوں نے قتیبہ بن محمّد سے، اُنھوں نے عبداللہ بن ابی منصور سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے سفیانی کا نام پوچھا تو آپؑ نے فرمایا قَالَ: "وَمَا تَصْنَعُ بِاسْمِهٖ؟ اِذَا مَلَكَ كُنُوْزَ الشَّامِ الْخَمْسَ: دِمَشْقَ وَحِمْصَ وَفِلَسْطِيْنَ وَالْاُرْدُنَّ وَقِنَّسْرِيْنَ، فَتَوَقَّعُوْا عِنْدَ ذٰلِكَ الْفَرَجَ"

آپؑ نے فرمایا (تمھیں اس کے نام سے کیا کام، سنو! جب وہ شام کے پانچ علاقوں دمشق حمص، فلسطین، اردن اور قنّسرین کے خزانوں پر قابض ہو جائے، تو اُس وقت فرَج و ظہورِ امام قائمؑ کی توقّع رکھو۔)

میں نے عرض کیا: وہ نو مہینے قابض رہے گا؟

آپؑ نے فرمایا: "نہیں، صرف آٹھ مہینے۔ اس سے ایک دن بھی زیادہ قابض نہیں رہے گا۔" (اکمال الدّین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۹ پہلی ندا جبرئیل کی، دوسری صدا ابلیس کی ہوگی

ماجیلویہ نے اپنے چچا سے، اُنھوں نے ایک کوفی سے، کوفی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابو مغراء سے، اُنھوں نے معلّیٰ بن خنیس سے، معلّیٰ نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے۔ آپؑ نے ارشاد فرمایا:

"صَوْت جبرئیل مِن السَّماء وَ صَوت ابلیس مِن الاَرضِ فَاتَّبعوا الصَّوت الاوّل وایّاکُمْ وَ الاخیر اَنْ تَفْتَنوا بِہٖ"

(آسمان سے پہلے جبرئیل کی آواز آئے گی، اس کے بعد زمین سے ابلیس کی آواز آئے گی۔ لہٰذا پہلی آواز کی پیروی کرنا اور دوسری آواز سے اجتناب کرنا کہیں اس سے فتنے میں مبتلا نہ ہو جانا۔) (اکمال الدّین)

۴۰ جبرئیلؑ صبح کو اعلان کریں گے، ابلیس شام کو

ابنِ متوکل نے حمیری سے، اُنھوں نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے ثمالی سے روایت کی ہے ثمالی کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابو عبداللہ علیہ السّلام سے عرض کیا کہ حضرتؑ ابو جعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام فرمایا کرتے تھے کہ سفیانی کا خروج ایک حتمی امر ہے آپؑ نے فرمایا: ہاں

قالؑ: "نعم، وَ اختلاف وُلد العبّاس من المحتوم، وقتل النفس الزّکیّۃ من المحتوم وخروج القائمؑ من المحتوم"

آپؑ نے فرمایا: (ہاں، اولادِ عبّاس میں اختلاف بھی حتمی ہے، اور قتلِ نفسِ زکیّہ بھی امرِ حتمی ہے اور ظہورِ امام قائمؑ بھی حتمی ہے۔)

میں نے عرض کیا: اور وہ ندا کیسی ہوگی؟

قالؑ: "ینادی منادٍ من السّماءِ اوّل النّہار اَلَا اِنَّ الحَقَّ فِی عَلِیٍّ وَ شِیعَتِہٖ، ثُمَّ یُنادِی ابلیس لعنہ اللہ فی اٰخر النّہار اَلَا اِنَّ الحَقَّ فی السُّفیانیِّ وَ شِیعَتِہٖ فَیرتَابَ عندَ ذٰلکَ المبطلون"

آپؑ نے فرمایا (ایک منادی آسمان سے صبح کے وقت ندا دے گا کہ آگاہ رہو کہ حق علیؑ اور اُن کے شیعوں میں ہے۔ پھر شام کے وقت ابلیس ندا دے گا کہ آگاہ رہو حق سفیانی اور اُس کے ماننے والوں میں ہے اس وقت اہلِ باطل شک میں مبتلا ہو جائیں گے۔) (اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۴۱ چاند گہن پانچ تاریخ کو اور سورج پندرہ کو ہوگا

ابنِ ولید نے ابنِ اَبان سے، اُنھوں نے اہوازی سے، اُنھوں نے نضر سے، نضر نے یحییٰ حلبی سے، اُنھوں نے حکم الخیّاط سے، اُنھوں نے محمّد بن ہمام سے، اُنھوں نے ورد سے اور ورد نے حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ:

قالؑ: "اٰیتانِ بین یدی ھٰذا الامر خسوف القمر لخمس وَخسوف الشّمس لخمسۃ عشرۃ وَلم یکن ذالک مُنذ ھبطِ اٰدم علیہ السّلام اِلَی الارض وعند ذٰلک سقط حساب المنجّمین"

آپؑ نے فرمایا (ظہور سے پہلے دو نشانیاں یاد رکھو۔ پانچویں تاریخ کو چاند گہن اور پندرہ تاریخ کو سورج گہن اور جب سے حضرت آدم علیہ السّلام زمین پر اُترے آجتک ایسا کبھی نہیں ہوا اور اس وقت منجّمین کا سارا حساب غلط ہو جائے گا۔)

(اکمال الدین)

۴۲ ظہور سے قبل سرخ و سفید اموات

انہی اسناد کے ساتھ اہوازی نے صفوان سے، صفوان نے عبدالرّحمٰن بن حجاج سے، اُنھوں نے سلیمان بن خالد سے کی ہے سلیمان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ:

قالؑ: "قدّام القائمؑ موتتانِ: موتُ احمر وَموتُ ابیضُ حتّیٰ یذھب مِن کُلّ سبعۃ خمسۃ فالموتُ الاحمر السّیف، والموت الابیض الطاعون

آپؑ نے فرمایا: (ظہورِ امامِ قائم علیہ السّلام کے قبل دو قسم کی اموات ہوں گی۔ موتِ سرخ، اور سفید موت، اور اُن میں سے ہر سات میں سے پانچ آدمی ختم ہو جائینگے سُرخ موت، تلوار سے اور سفید موت طاعون سے واقع ہوگی۔)

(اکمال الدّین)

۴۳ پانچ ماہِ رمضان کو سورج گہن ہوگا

ابنِ متوکّل نے سعد آبادی سے، اُنھوں نے برقی سے، برقی نے اپنے والد سے، اور اُنھوں نے ابوالبصیر سے روایت کی ہے کہ ابوالبصیر نے بیان کیا کہ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ : " تنکسف الشمس لخمس مضین من شہر رمضان قبل قیام القائم علیہ السلام "

آپؑ نے فرمایا (قبل از قیامِ قائم علیہ السلام ۵ ماہِ رمضان کو سورج گہن ہوگا)

(۴۴) ظہور سے قبل ایک تہائی آبادی ہوگی

انہی اسناد کے ساتھ ابوایوب سے، انھوں نے ابوبصیر اور محمد بن مسلم سے روایت نقل کی ہے کہ ان دونوں نے بیان کیا کہ ہم نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ:

قالؑ : " لا یکون ھذا الامر حتی یذھب ثلثا الناس "

آپؑ نے فرمایا (یہ ظہور اُس وقت ہوگا جب دنیا کی آبادی دو تہائی ختم ہو جائے گی۔)

کہا گیا : پھر باقی کیا رہ جائے گا ؟

قالؑ : " اما ترضون ان تکونوا الثلث الباقی "

آپؑ نے فرمایا : (کیا تم اس بات سے خوش نہیں ہو کہ وہ باقی ایک تہائی تم لوگ ہو گے)

(اکمال الدین)

(۴۵) اہلِ بیتِ نبیؐ کی حکومت آخری زمانے میں قائم ہوگی

قرقارہ نے نضر بن لیث مروزی سے، اُنھوں نے ابن طلحہ جحدری سے، اُنھوں نے بن لہیعہ سے، اُنھوں نے ابی زرعہ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن رزین سے، اُنھوں نے عمار بن یاسر سے روایت نقل کی ہے۔ اُنھوں نے فرمایا کہ:

قالَ عمارؓ : " اِنَّ دُولَۃَ اَھلِ بَیتِ نَبِیِّکُم فِی اٰخِرِ الزَّمَانِ وَلَھَا اَمَارَاتٌ فَاِذَا رَاَیتُم فَالزَمُوا الاَرضَ وَکُفُّوا حَتّٰی تَجِیءَ اَمَارَاتُھَا فَاِذَا اسْتَشَارَتْ عَلَیکُمُ الرُّومُ وَالتُّرکُ وَجَھَّزَتِ الجُیُوشُ وَمَاتَ خَلِیفَتُکُمُ الَّذِی یَجمَعُ الاَموَالَ وَاستُخلِفَ بَعدَہٗ رَجُلٌ صَحِیحٌ ، فَیَخلَعُ بَعدَ سَنَتَینِ مِن بَیعَتِہٖ وَیَاتِی ھَلَاکُ مُلکِھِم مِن حَیثُ بَدَاَ ، وَیَتَخَالَفُ التُّرکُ وَالرُّومُ وَتَکثُرُ الحُرُوبُ فِی الاَرضِ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وینادی منادعن سور دمشق : وَیل لاھل الارض من شرّ قد اقترب ویخسف بغربیّ مسجدھا حتّی یخرّ حائطھا ویظھر ثلاثۃ نفر بالشّام کلّھم یطلب الملک رجل اَبقع و رجل اَصھب ورجل من اھل بیت اَبی سفیان ، یخرج فی کلب ویحضر النّاس بدمشق و یخرج اَھل الغرب اِلیٰ مصر ۔

فَاذا دخلوا فتلک اَمارۃ السفیانی ، ویخرج قبل ذٰلک من یدعو لاٰلِ محمّدٍ علیھم السّلام وتنزل الترک الجزیرۃ وتنزل الرّوم فلسطین ویسبق عبداللہ حتّی یلتقی جنودھما بقرقیسا علی النّھر ، ویکون قتال عظیم و یسیر صاحب المغرب فیقتل الرّجال ویسبی النّساء ثمّ یرجع فی قیس حتّی ینزل الجزیرۃ السفیانی فیسبق الیمانی ویجوز السفیانی ماجمعوا ۔

ثمّ یسیر الی الکوفۃ فیقتل اعوان اٰلِ محمّد صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلّم ویقتل رجلاً من مستّیھم ، ثمّ یخرج المھدیؑ علی لوائہ شعیبؑ بن صالحؑ فاذا رَای اَھل الشام قد اجتمع اَمرھا علیٰ ابن ابی سفیان التحقوا بمکّۃ فعند ذالک یقتل النّفس الزکیّۃ واَخوہ بمکّۃ ضیعۃ فینادی منادمن السماء : "اَیّھا النّاس ! اِنَّ اَمیرکُم فُلانٌ وَ ذٰلِکَ ھُوَ المھدیؑ الَّذی یَملَأُ الاَرض قسطًا وَّ عَدلًا کَما مُلِئَت ظُلمًا وَّجَورًا ۔ "

عمّار بن یاسر نے فرمایا (تم لوگوں کے نبیؐ اکرمؐ کے اہلِ بیتؑ کی حکومت آخری زمانے میں آئے گی اور اس کی کچھ علامات ہیں ۔ جب تم لوگ اس کو دیکھو تو زمین پکڑ کر بیٹھ جانا ، اور خاموش رہنا یہانتک وہ علامتیں ظاہر ہوں ۔

جب روم و ترک تم لوگوں پر حملہ کریں ، فوجیں تیار کی جائیں اور تمہارا وہ خلیفہ جو مال اندوزی کرتا ہو امر جائے ، اس کے بعد اس کا جانشین ایک صحیح آدمی ہوگا مگر اس کی بیعت کے چند سال بعد اس کو حکومت سے ہٹا دیا جائے ، اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور جس طرف سے اُن کی حکومت شروع ہوئی تھی (منجانب خراسان) اسی جانب سے اُن کی ہلاکت بھی شروع ہو۔ ترک اور روم مقابل ہو جائیں اور زمین پر جنگ کا بازار گرم ہو جائے، اور دمشق کی شہر پناہ سے ایک منادی ندا کرے کہ اہلِ زمین کے لیے ویلِ شر و فساد قریب ہے۔ اس کی مسجد کے مغربی حصّے کی زمین شق ہو جائے، اور اُس کی چہار دیواری منہدم ہو جائے اور شام سے تین نفر حصولِ اقتدار کے لیے نکلیں گے۔ ایک ابلق (چتکبرا) ایک سُرخ اور ابوسفیان کے خاندان کا ایک شخص جو سب لوگوں کو دمشق لائے گا اور اہلِ مغرب کو مصر کی طرف نکال دے گا۔

جب یہ لوگ دمشق میں داخل ہوں گے تو یہی خروجِ سفیانی کی علامت ہو گی اور اس سے پہلے ایک شخص خروج کرے گا جو آلِ محمدؐ کی طرف لوگوں کو دعوت دے گا، اہلِ ترک حیرہ میں پڑاؤ ڈالیں گے اور اہلِ روم فلسطین میں، اور عبداللہ آگے بڑھے گا یہاں تک کہ دونوں کے لشکر نہرِ قرقیسا پر مدِ مقابل ہوں گے اور جنگِ عظیم واقع ہو گی اور شاہِ مغرب چلے گا تو وہ مردوں کو قتل کرے گا اور عورتوں کو قید کرے گا۔ پھر قبس واپس ہو گا یہاں تک کہ جزیرہ میں سفیانی وارد ہو جائے گا پھر یمانی بڑھے گا اور جو کچھ لوگوں نے جمع کیا ہو گا سب پر قابض ہو جائے گا۔

پھر وہ کوفہ آئے گا اور آلِ محمدؐ کے اعوان و انصار کو قتل کرے گا بلکہ اس شخص کو بھی قتل کریگا جس کا نام ان کے ناموں پر ہے۔ پھر امام مہدیؑ خروج کریں گے جن کے جھنڈے پر شعیبؑ بن صالحؑ ہونگے جب اہلِ شام یہ دیکھیں گے کہ ان کی حکومت ابنِ ابی سفیان پر استوار و مستحکم ہو گئی تو وہ مکّہ پہونچیں گے اُس وقت نفسِ زکیہ اور اُن کے بھائی کا قتل ہو گا، اس وقت آسمان سے ایک منادی ندا دے گا کہ تمھارے امیر فلاں یعنی امام مہدیؑ ہیں جو زمین کو عدل و انصاف سے اسی طرح بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہو گی۔ (غیبتہ طوسی)

(۴۶) جب ساٹھ آدمی دعویٰ نبوّت کرلیں گے تو قیامت آئیگی

"ایک جماعتِ "رواۃ" نے تلعکبری سے، اُنھوں نے احمد بن علی رازی سے، اُنھوں نے محمد بن علی سے، اُنھوں نے عثمان بن احمد سمّاک سے، اُنھوں نے ابراہیم بن عبداللہ ہاشمی سے، اُنھوں نے یحییٰ بن ابیطالب سے، اُنھوں نے علی بن عاصم سے، اُنھوں نے عطار بن سائب سے اور اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے عبداللہ بن عمر سے روایت کی ہے کہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا

لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ نَحْوٌ مِنْ سِتِّينَ كَذَّابًا كُلُّهُمْ يَقُولُونَ اَنَا نَبِيٌّ "

(غیبتہ طوسی)

"قیامت اس وقت تک نہ ہو گی جبتک کہ ساٹھ کاذب یہ دعویٰ نہ کرلیں کہ میں نبی ہوں" (کتاب الارشاد)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۴۷) ظہورِ امامِ قائم سے قبل بنی ہاشم میں سے بارہ آدمی دعویٰ امامت کرینگے

فضل بن شاذان نے وشّاء سے، اُنھوں نے احمد بن عائذ سے، اُنھوں نے ابوخدیجہ سے روایت کی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا کہ:

"لَا یَخْرُجُ الْقَائِمُ حَتّٰی یَخْرُجَ اِثْنَیْ عَشَرَ مِنْ بَنِیْ هَاشِمٍ کُلُّهُمْ یَدْعُوْا اِلٰی نَفْسِهٖ"

"امام قائم علیہ السّلام کا ظہور اُسوقت تک نہ ہوگا جبتک کہ بنی ہاشم میں سے بارہ آدمی ایسے نہ نکلیں جو اپنی (امامت کی) طرف لوگوں کو دعوت دیں۔"

(غیبتہ طوسیؒ)

(۴۸) قیامت سے پہلے دس علامات

ابنِ فضّال نے حمّاد سے، اُنھوں نے حسین بن مختار سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اُنھوں نے عامر بن واثلہ سے روایت کی ہے کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا ارشادِ گرامی ہے کہ:

"عَشَرَ قَبْلَ السَّاعَةِ لَابُدَّ مِنْهَا: اَلسُّفْیَانِیُّ وَالدَّجَّالُ وَالدُّخَانُ وَالدَّآبَّةُ وَخُرُوجُ الْقَائِمِ وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَنُزُوْلُ عِیْسٰی وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ وَخَسْفٌ بِجَزِیْرَةِ الْعَرَبِ وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ تَسُوْقُ النَّاسَ اِلَی الْمَحْشَرِ" (غیبتہ طوسیؒ)

"قیامت سے قبل دس باتیں لازمی ہیں۔ سفیانی، دجّال، دُخان (دھواں) دابّہ، خروجِ قائمؑ، مغرب سے آفتاب کا طلوع ہونا، مشرق میں زمین کا شق ہونا، نزولِ عیسٰیؑ، جزیرۂ عرب میں زمین کا شق ہونا، (دریائے) عدن کی تہ سے آگ کا بلند ہونا جو لوگوں کو محشر کی طرف لیجائے گی۔"

(۴۹) قبل از ظہور پانچ علامتیں

ابنِ فضّال نے حمّاد سے، حمّاد نے ابراہیم بن عمر سے، عمر بن حنظلہ سے روایت

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ:

"خَمسٌ قَبلَ قِیَامِ القَائِمِ مِنَ العَلَامَاتِ: اَلصَّیحَۃ وَ السُّفیَانِیُّ وَ الخَسفُ بِالبَیدَآءِ وَ الخُرُوجُ الیَمَانِیِّ وَ قَتلُ النَّفسِ الزَّکِیَّۃ"

"امامِ قائمؑ کے ظہور سے قبل پانچ علامات ظاہر ہوں گی، ندائے آسمانی، خروجِ سفیانی، بیابان میں زمین کا شق ہونا، خروجِ یمانی، اور قتلِ نفسِ زکیہ۔"

(۵۰) مابینِ حیرہ و کوفہ قتلِ کثیر کا ہونا

فضل بن شاذان نے نصر بن مزاحم سے، نصر نے عمرو بن شمر سے، عمرو نے جابر سے روایت کی ہے، جابر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ یہ امر کب ظہور پذیر ہوگا؟

آپ نے فرمایا: "اَنّیٰ یکون ذٰلک یاجابر و لمّا تکثر القتلیٰ بَینَ الحیرۃ و الکوفۃ"

"اے جابر! یہ ابھی کہاں ہوسکتا ہے، ابھی تو حیرہ اور کوفہ کے درمیان کثیر لوگ کہاں قتل ہوتے ہیں۔" (غیبۃ طوسی۔ ارشاد)

(۵۱) مسجدِ کوفہ کی عقبی دیوار منہدم ہوگی

فضل نے ابنِ ابی نجران سے، انھوں نے محمد بن سنان سے، انھوں نے حسین بن مختار سے اور حسین نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"اِذَا ھَدَمَ حَائِطَ مسجد الکوفۃ مُؤَخَّرہ مِمَّا یلی دار عبداللہ بن مسعود، فَعِندَ ذٰلِکَ زَوَال ملک بَنِی فُلَان اَمَا اِنَّ ھَادِمَہٗ لَا یبنیہ"

"جب مسجدِ کوفہ کے پیچھے کی طرف کی دیوار جو عبداللہ بن مسعود کے گھر سے متصل ہے منہدم ہوجائے گی اسوقت بنی فلاں کی حکومت کو زوال آئے گا۔"

(غیبۃ نعمانی، غیبۃ طوسی، ارشاد)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۵۲) خراسانی، سُفیانی اور یمانی سب ایک دن خروج کریں گے

فضل نے سیف بن عمیرہ سے، اُنھوں نے بکر بن محمّد ازدی سے، محمّد ازدی نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ:

"خُرُوجُ الثّلاثة الخراسانیُّ وَالسُّفیانیُّ والیَمانیُّ فِی سَنةٍ وَّاحِدَةٍ فِی شَهْرٍ وَّاحِدٍ فِی یَوْمٍ وَّاحِدٍ وَ لَیْسَ فِیهَا رَایَةٌ بِاَهْدٰی مِنْ رَایَةِ الیَمانِیِّ یَهْدِی اِلَی الْحَقِّ"

"خراسانی، سفیانی اور یمانی کا خروج ایک ہی سال، ایک ہی مہینہ اور ایک ہی دن میں ہوگا۔ یمانی کا جھنڈا ہدایت کا عَلَم ہوگا وہ حق کی طرف ہدایت کرے گا۔"

(غیبۃ طوسی، ارشاد)

(۵۳) سفیانی سے قبل مصری و یمانی خروج کرینگے

فضل نے ابنِ فضّال سے، اُنھوں نے ابنِ بُکَیر سے، اُنھوں نے محمّد بن مسلم سے روایت کی ہے اُنھوں نے کہا کہ سفیانی سے پہلے مصری اور یمانی خروج کریں گے۔

(غیبۃ طوسی")

(۵۴) عبداللہ کے بعد مہینوں اور دنوں کی حکومت چلے گی

فضل نے عثمان بن عیسیٰ سے، عثمان نے درست سے، درست نے عمّار بن مروان سے، عمّار نے ابوبصیر سے، اور ابوبصیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سُنا آپ نے فرمایا:

"مَن یضمن لی موت عبدالله اضمن له القائم۔
ثم قال: اذا ماتَ عبدالله لم یَجْتَمِعُ النّاس بعدهٗ علیٰ احد ولم یتناه هٰذا الامر دون صاحبکم انشاء الله ویذهب ملك سنین ویصیر ملك الشهور والایّام
فقلتُ: یطول ذٰلك
قال: کَلّا"

"جو شخص عبداللہ کی موت کی ضمانت لے، میں اس کے لیے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام قائمؑ کی ضمانت لینے کو تیار ہوں اس لیے کہ عبداللہ کے مرنے کے بعد مسلمان کسی ایک شخص کی حکومت پر متفق نہ ہوں گے اور اس حکومت کو تمھارے امامؑ سے کوئی روک نہیں سکتا، انشاءاللہ پھر برسوں کی حکومت ختم ہو کر مہینوں اور دنوں کی حکومت چلے گی۔

میں نے عرض کیا کہ یہ سلسلہ طویل ہوگا؟

آپ نے فرمایا: ہرگز نہیں۔"

(غیبۃ طوسیؒ)

(۵۵) بنی فُلان کی حکومت کا زوال

فضل نے محمدؐ بن علی سے، اُنھوں نے سلام بن عبداللہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے بکر بن حرب سے اور بکر نے کہا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ:

" لا یکون فساد ملك بنی فلان حتّیٰ یختلف سَیْفَیْ بنی فلان فاذا اختلفوا کان عند ذالك فساد ملکھم"

" بنی فلان کی حکومت اس وقت تک زوال پذیر نہیں ہو سکتی جبتک کہ بنی فلان کی دو تلواریں آپس میں نہ ٹکرائیں۔ جب دونوں ٹکرائیں گی تو انکی حکومت زوال پذیر ہو جائے گی۔"

(غیبۃ طوسیؒ)

(۵۶) مابین مکّہ و مدینہ کُشت و خون

فضل نے بزنطی سے، بزنطی نے حضرت ابوالحسن امام رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

" انّ من علامات الفرج حدثاً یکون بین الحرمین"

قلتُ: وای شیءٍ یکون الحدث؟

فقالؑ: عصبیۃ تکون بین الحرمین ویقتل فلان من ولد فلان خمسۃ عشر کبشاً۔"

(غیبۃ طوسی۔ ارشاد)

" فَرَج و کشادگی کی علامات میں سے ایک علامت ایک حادثہ ہے جو مکّہ اور مدینہ کے درمیان واقع ہوگا۔"

میں نے عرض کیا: وہ کیا حادثہ ہوگا؟

آپ نے فرمایا: کُشت و خون، اور فلان شخص فلان کی اولاد میں سے پندرہ مینڈھوں (جوانوں) کو قتل کریگا۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۵۷) کوفہ میں قتلِ عام

فضل نے ابنِ فضّال و ابن ابونجران سے، اُنھوں نے حمّاد بن عیسٰی سے، اُنھوں نے ابراہیم بن عمر یمانی سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"لا یذھب ملك ھٰؤلاء حتّٰی یستعرضوا النّاس بالکوفة یوم الجمعة وکأنّی أنظر إلٰی رؤوس تندر فیما بین المسجد و اصحاب الصّابون"

"ان لوگوں کی سلطنت اُسوقت تک نہیں جائے گی جبتک یہ لوگ کوفہ میں بروز جمعہ لوگوں کو تہِ تیغ نہ کریں گے گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ مسجد اور اصحابِ صابون کے درمیان تندر کے بہت سے سر ہیں۔" (غیبتہ طوسی۔ ارشاد)

(۵۸) دورِ غیبت میں مسلمانوں کا حال

فضل نے عبداللہ بن جبلہ سے، اُنھوں نے ابوعمّار سے، اُنھوں نے علی بن ابومغیرہ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن شریک عامری سے، اُنھوں عمیر بنتِ نفیل سے روایت کی ہے، عمیر کا بیان ہے کہ میں نے دخترِ امام حسنؑ ابنِ علی علیہ السّلام کو کہتے ہوئے سنا کہ

"لا یکون ھٰذا الامر الّذی تنتظرون حتّٰی یبرأ بعضکم من بعض، ویلعن بعضکم بعضاً، و یتفل بعضکم فی وجہ بعض وحتّٰی یشھد بعضکم بالکفر علٰی بعض"

قلتُ: ما فی ذٰلك خیر؟

قالت: الخیر کلّہ فی ذٰلك عند ذٰلك یقوم قائمنا فیرفع ذٰلك کلّہ۔"

"جس امر کا تم لوگوں کو انتظار ہے وہ اُس وقت تک نہ ہوگا جبتک کہ تم لوگ ایک دوسرے سے بیزار نہ ہو جاؤ، ایک دوسرے پر لعنت نہ کرنے لگو، ایک دوسرے کے منھ پر نہ تھوکو گے اور ایک دوسرے کو کافر نہ کہنے لگو گے۔"

میں نے کہا: پھر اس میں بھلائی تو کچھ بھی نہ رہی؟

اُنھوں نے کہا: ساری بھلائی تو اسی میں ہے، اِس لیے کہ اُس وقت ہمارا قائمؑ ظہور کرے گا اور یہ تمام باتیں ختم ہو جائیں گی۔ (غیبتہ طوسیؒ)۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۵۹) موتِ احمر اور موتِ ابیض سے مراد

فضل نے علی بن اسباط سے، اُنھوں نے محمّد بن ابو البلاد سے، اُنھوں نے علی بن محمّد اودی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے اُنکے جد سے روایت کی ہے کہ اُن کا بیان ہے کہ حضرت امیر المومنین علیہ السّلام نے فرمایا کہ:

"بین یدی القائم موت احمر وموت ابیض وجراد فی حینه وجراد فی غیر حینه احمر کالوان الدّم فامّا الموت الاحمر فالسّیف، و امّا الموت الابیض فالطّاعون"

"امام قائمؑ سے پہلے موتِ احمر (سرخ موت) ہوگی، موت ابیض (سفید موت) ہوگی، موسم کی ٹڈیاں ہوں گی اور بغیر موسم کی ٹڈیاں ہوں گی، جو خون کے مانند سرخ ہوں گی، لیکن موتِ احمر (سرخ موت) تلوار سے قتل ہے اور موتِ ابیض (سفید موت) طاعون سے ہلاکت ہے۔" (غیبۃ طوسیؒ، ارشاد، غیبۃ نعمانی)

(۶۰) اہلِ بیتِ نبیؐ کی طرف سے دعوت آخرِ زمانہ میں ہوگی

فضل نے نضر بن مزاحم سے، اُنھوں نے ابو لہیعہ سے، اُنھوں نے ابو زرعہ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن زرین سے، اُنھوں نے عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے آپ نے فرمایا:

"دعوة اهل بیت نبیّکم فی اٰخر الزّمان فالزموا الارض وکفّوا حتّیٰ ترواقادتها، فاذا خالف التّرک الرّوم وکثرت الحروب فی الارض وینادی منادٍ علیٰ سور دمشق: ویل لازم من شرّ قد اقترب ویخرّ (ب) حائط مسجدها"

"تمھارے نبیؐ کے اہلِ بیتؑ کی طرف سے دعوت آخرِ زمانہ میں ہوگی۔ لہٰذا جبتک تم لوگ اس دعوت کے قائد کو نہ دیکھ لو زمین پکڑ لو اور خاموش رہو تاوقتیکہ ترک کے لوگ روم کی مخالفت کریں اور روئے زمین پر جنگوں کی کثرت نہ ہو اور دمشق کی شہر پناہ پر ایک منادی ندا کرے کہ شر قریب ہے، اور دمشق کی مسجد کی دیوار منہدم نہ ہو جائے۔"

(غیبۃ طوسیؒ)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۶۱) علاماتِ ظہور

فضل نے ابن ابو نجران سے، اُنھوں نے محمد بن سنان سے، اُنھوں نے ابو جارود سے اُنھوں نے محمد بن بشر سے اور اُنھوں نے محمد بن حنفیہ علیہ السّلام سے روایت کی ہے محمد بن بشر کا بیان ہے کہ میں نے آنجناب سے عرض کیا کہ اب تو یہ امر بہت طویل ہو گیا، آخر یہ حال کبتک ایسا ہی رہیگا؟ آنجناب نے اپنا سرِ مبارک ہلایا اور فرمایا:

"اَنّیٰ یکون ذالك ولم یعضّ الزّمان؟ اَنّیٰ یکون ذالك ولم یجفو الاخوان؟ اَنّیٰ یکون ذالك ولم یظلم السّلطان؟ اَنّیٰ یکون ذالك ولم یقُمُ الزِندیق من قزوین فیهتك ستورها ویکفر صدورها، ویغیّر سورها، ویذهب بهجتها؟ مَن فرّ منه ادرکه ومن حاربه قتله، ومن اعتزله افتقرَ من تابعه کفر حتّیٰ یقوم باکیان: باك یبکی علیٰ دینه وباك یبکی علیٰ دنیاه۔"

"ابھی یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ ابھی تو کاٹ کھانے والا زمانہ نہیں آیا، ابھی یہ کیسے ہو سکتا ہے ابھی تو بھائیوں نے بھائیوں پر جفا نہیں کی ہے۔ ابھی یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ ابھی تو سلطانِ وقت نے ظلم نہیں کیا ہے۔ ابھی یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ ابھی تو زندیق نے قزوین سے خروج بھی نہیں کیا ہے کہ ان کی پردہ دری کرے اور ان کے نکلنے کی راہوں کو بند کر دے، ان کی شہر پناہوں کو تبدیل کر دے، اُن کی مسرتوں کو مٹا دے اور جو اُن سے فرار کی کوشش کرے اسے گرفتار کرے، جو اُن سے جنگ کرے اسے قتل کر دے، جو انھیں چھوڑ کر گوشہ نشین بن جائے وہ محتاج ہو جائے جو اُن کی اتباع کرے کافر ہو جائے یہانتک کہ دو قسم کے رونے والے ہوں گے ایک اپنے دین کے لیے روتا ہوگا اور دوسرا اپنی دنیا کے لیے۔

(۶۲) ظہور کی علامات

فضل نے حسن بن محبوب سے، اُنھوں نے عمرو بن ابو مقدام سے، اُنھوں نے جابر جعفی سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا:

"الزم الارض ولا تحرّك یدًا ولا رجلًا حتّیٰ تریٰ علامات اذکرها

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

للک وما اراک تدرک : اختلاف بنی فلان ومنادیناد ی من السماءِ یجیئکم الصّوت من ناحیة دمشق بالفتح وخسف قریة من قری الشام تسمّی الجابیہ وستقبل اخوان الترک حتّیٰ ینزلوا الجزیرة وستقبل مارقة الرّوم حتّیٰ ینزلوا الرّملة فتلک السّنة فیہا اختلاف کثیر فی کلِّ ارضٍ مِن ناحیة المغرب فاوّل ارض تخرب الشام یختلفون عندذٰلک علیٰ ثلاث رایات : رایة الاصہب و رایة الابقع و رایة السّفیانیّ ۔ ”

” تم لوگ زمین پکڑے بیٹھے رہو کوئی ہاتھ پاؤں نہ ہلاؤ جبتک کہ وہ علامات نہ دیکھ لو جس کو میں بیان کرتا ہوں حالانکہ میں جانتا ہوں کہ تم لوگ وہ زمانہ نہ پاسکوگے ۔ (وہ علامات یہ ہیں)

بنی فُلان میں اختلافات، آسمان سے منادی کی ندا، دمشق کی جانب سے فتح کی آواز بلند ہونا، شام کے ایک قریے کا زمین میں دھنس جانا، جس کا نام جابیہ ہے ۔ ترک اخوان کا آگے بڑھ کر جزیرے میں منزل کرنا ۔ مارقۂ روم کا آگے بڑھ کر رملہ میں اترنا اور اُس سال مغرب کی جانب کے ہر خطّے میں اختلافات پیدا ہونا ۔ سب سے پہلے ملک شام کی تباہی جس میں تین جھنڈے بلند ہوں گے ایک چتکبرا جھنڈا، ایک سرخ جھنڈا اور ایک سفیانی کا جھنڈا ۔ ”

(غیبۃ طوسیؒ، ارشاد)

(۶۳) چوبیس بارشیں

احمد بن علی رازی نے مقانعی سے، اُنھوں نے بکّار بن احمد سے، اُنھوں نے حسن بن حسین سے، اُنھوں نے عبداللہ بن بُکیر سے، اُنھوں نے عبدالملک بن اسماعیل الاسدی سے اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے کہا کہ مجھ سے سعید بن جبیر نے بیان کیا :

” السنة الّتی یقوم فیہا المہدیؑ تمطر اربعًا وعشرین مطرة یری اثرھا وبرکتہا ”

” جس سال امام مہدی علیہ السّلام کا ظہور ہوگا اس سال چوبیس مرتبہ پانی برسے گا اور اس کے اثرات اور برکات نظر آئیں گے ”

(غیبۃ طوسیؒ)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۶۴) بنی عبّاس کی حکومت کا زوال

کعب الاحبار سے روایت ہے اُن کا قول ہے کہ جب بنی عبّاس میں سے

" اذا ملك رجل من بنی العبّاس یقال له : عبد الله وهو ذوالعین بها افتتحوا وبها یختمون وهو مفتاح البلاء وسیف الفناء فاذا قریٔ له کتاب بالشام : من عبد الله عبد الرحمٰن امیر المومنین لم یلبثوا ان یبلغکم انّ کتاباً قریٔ علیٰ منبر مصر: من عبد الله عبد الرحمٰن امیر المومنین

وفی حدیث اٰخر قال :

" الملك لبنی العبّاس حتیٰ یبلغکم کتاب قریٔ بمصر من عبد الله عبد الرّحمٰن امیر المومنین واذا کان ذالك فهو زوال ملکهم وانقطاع مدّتهم فاذا قریٔ علیکم اوّل النهار لبنی العبّاس من عبد الله امیر المومنین فانتظروا کتاباً یقرأ علیکم من اٰخر النهار من عبد الله عبد الرحمٰن امیر المومنین وویل لعبد الله من عبد الرّحمٰن "

" جب بنی عبّاس میں سے وہ شخص بادشاہ ہوگا جس کے نام کا پہلا حرف عین (ع) ہوگا یعنی عبد اللہ۔ تو عبد اللہ نامی سے یہ سلطنت شروع ہوگی اور عبد اللہ نامی پر سلطنت ختم بھی ہوگی۔ وہ مصائب کی کنجی اور فنا کی تلوار ہوگا۔ جب شام میں اس کا اعلان پڑھا جائے گا کہ اللہ کے بندے (رحمٰن کے بندے) عبد اللہ امیر المومنین کی طرف سے (اہلِ شام پر واضح ہو) تو فوراً ہی تم لوگوں کو یہ اطلاع ملے گی کہ منبرِ مصر پر یہ اعلان پڑھا گیا ہے کہ اللہ کے بندے عبد الرحمٰن امیر المومنین کی طرف سے (اہلِ مصر پر واضح ہو کہ)

دوسری حدیث میں یہ ہے کہ بنی عبّاس کی حکومت چلتی رہے گی یہاں تک کہ تم لوگوں کو یہ اطلاع ملے گی کہ مصر میں یہ اعلان پڑھ کر سنایا گیا ہے کہ اللہ کے بندے عبد الرحمٰن امیر المومنین کی طرف سے (اہلِ مصر پر واضح ہو کہ)۔ اور جب ایسا ہوگا تو یہی بنی عبّاس کی سلطنت کے زوال اور مدّتِ حکومت کے ختم ہونے کا وقت ہوگا۔ جب صبح کو بنی عبّاس کی طرف سے یہ اعلان پڑھا جائے گا کہ عبد اللہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امیرالمومنین کی طرف سے، تو انتظار کرنا کہ شام کو یہ اعلان پڑھا جائے گا کہ اللہ کے بندے عبدالرحمٰن امیرالمومنین کی طرف سے۔ اور عبدالرحمٰن کی طرف سے عبداللہ پر سخت ضرب (ویل) ہوگی۔ "

(۶۵) خروجِ سفیانی کے بعد امامِ قائم کا ظہور ہوگا

حذلم بن بشیر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام علی بن الحسین علیہ السلام سے عرض کیا کہ مجھے حضرت امام مہدی ؑ کے ظہور کے متعلق کچھ بتائیں کہ اس کی نشانیاں کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا:

" یکون قبل خروجہ خرج رجل یقال لہ عوف السلمیّ بارض الجزیرۃ ویکون ماواہ تکریت وقتلہ بمسجد دمشق ثم یکون خروج شعیب بن صالح من سمرقند ثم یخرج السفیانی اللعون من الوادی الیابس وھو من ولد عتبۃ بن ابی سفیان، فاذا ظھر السفیانیُ اختفی المھدیّ ثمّ یخرج بعد ذالک

" ظہورِ امام مہدی علیہ السلام سے پہلے ایک شخص خروج کرے گا جس کا نام عوف بن سلمی ہوگا اور وہ جزیرہ سے خروج کرے گا اس کا مرکز تکریت ہوگا اور مسجدِ دمشق میں اس کا قتل ہوگا۔ پھر سمرقند سے شعیب بن صالح خروج کرے گا پھر سفیانی ملعون وادیٔ یابس سے خروج کرے گا جو عتبہ بن ابوسفیان کی اولاد میں سے ہوگا۔ جب سفیانی خروج کرے گا تو اُس وقت امام مہدی ؑ خود کو پوشیدہ کرلیں گے اس کے بعد ظہور کریں گے۔ "

(غیبتہ طوسیؒ)

(۶۶) قزوین سے ایک شخص کا خروج

حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی گئی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

" یخرج بقزوین رجل اسمہ اسم نبیّ یسرع الناس الیٰ طاعتہ المشرک والمومن یملأ الجبال خوفاً "

" قزوین سے ایک شخص خروج کرے گا جس کا نام ایک نبی کا نام ہوگا لوگ اُسکی اطاعت میں بہت جلد بازی سے کام لیں گے لیکن اس کے خوف سے مشرک اور مومن سے پہاڑ بھر جائیں گے۔ "

(غیبتہ طوسیؒ)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۶۷) پندرہ رمضان کو سورج گہن اور آخری تاریخوں میں چاند گہن

فضل بن شاذان نے احمد بن محمدؐ بن ابونصر سے، اُنھوں نے ثعلبہ سے، ثعلبہ نے بدر بن خلیل ازدی سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ:

"ایتان تکونان قبل القائم لم یکونا منذ ھبط آدم علیہ السلام الی الارض تنکشف الشمس فی النصف من شھر رمضان والقمر فی آخرہ"

فقال الرجل: یاابن رسول اللہ تنکشف الشمس فی آخر الشھر والقمر فی النصف؟

فقال ابوجعفرؑ: انی لا علم بما تقول ولکنھما ایتان لم یکونا منذ ھبط آدم علیہ السلام۔"

"قبلِ ظہورِ امام قائمؑ دو نشانیاں ایسی ظاہر ہوں گی جو حضرت آدم علیہ السلام کے زمین پر وارد ہونے سے لیکر اُس وقت تک کبھی ظاہر نہیں ہوئی ہونگی۔ ایک تو پندرہ ماہِ رمضان کو سورج گہن اور دوسری نشانی اُسی کی آخری تاریخ میں چاند گہن کا ہونا۔"

یہ سنکر ایک شخص نے عرض کیا: فرزندِ رسولؐ سورج گہن تو مہینے کی آخری تاریخوں میں ہوا کرتا ہے اور چاند گہن نصف ماہ میں۔؟

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: تم جو کچھ کہنا چاہتے ہو میں جانتا ہوں لیکن ایسی نشانیاں حضرت آدم علیہ السلام کے زمین پر اُترنے سے لیکر اُس وقت تک کبھی رونما نہ ہوئی ہوں گی۔" (غیبتہ طوسیؒ، ارشاد، غیبتہ نعمانی، کافی)

(۶۸) فَرَج کی مجملاً علامت

فضل نے ابنِ اسباط سے، اُنھوں نے حسن بن جہم سے روایت کی ہے اُنھوں نے حضرت ابوالحسن امام رضا علیہ السلام سے فَرَج وکشادگی کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا: کیا میں تمھیں مجملاً بتادوں یا تفصیل کے ساتھ؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا، مجملاً ہی بتا دیجیے۔

آپ نے فرمایا:"

"اِذَا تحرّکت رایات قیس بمصر و رایات کندہ بخراسان اَو ذکر غیر کندہ"

"جب قیس کے جھنڈے مصر سے اور کندہ کے جھنڈے خراسان سے حرکت کریں۔" (تو سمجھ لینا کہ فَرج و کشادگی قریب ہے) (ارشاد، غیبتہ شیخ)

(۶۹) ظہور سے قبل خوشحالی کا سال ہوگا

فضل نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے بطائنی سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا کہ:

"اِنَّ قدّام القائمؑ لسنة غیداقة یفسد التّمر فی النّخل فلا تشکّوا فی ذٰلك".

"امام قائم علیہ السّلام کے ظہور سے قبل جو سال ہوگا وہ اتنی سرسبزی و شادابی کا سال ہوگا اور اس میں اسقدر پیداوار ہوگی کہ کھجوریں درختوں پر سڑ جائیں گی اور (انھیں کوئی توڑنے والا نہ ہوگا) اس میں شک نہ کرنا۔" (غیبتہ طوسیؒ)

(۷۰) اہلِ حبشہ کے ہاتھوں انہدامِ کعبہ

فضل نے احمد بن عمر بن سالم سے، اُنھوں نے یحییٰ بن علی سے، اُنھوں نے ربیع سے، اُنھوں نے ابوالبید سے روایت کی ہے اُن کا قول ہے کہ:

"تغیر الحبشة البیت فیکسرونه و یؤخذ الحجر فینصب فی مسجد الکوفة"

"اہلِ حبشہ خانۂ کعبہ کو مسمار کریں گے اور حجرِ اسود کو لیجا کر مسجدِ کوفہ میں نصب کیا جائے گا۔" (غیبتہ طوسیؒ)

(۷۱) سفیانی کی مدّتِ حکومت

فضل نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے ابنِ اُذینہ سے، اُنھوں نے محمّد بن مسلم سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سُنا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپ نے فرمایا: "اِنَّ السّفیانیَّ یملك بعد ظهوره علی الکور الخمس حمل امرأة" ثمّ قال علیه السّلام: "استغفر الله حمل حمل وهو من الامر المحتوم الّذی لابُدّ منه"

"سفیانی خروج کے بعد پانچ علاقوں پر عورت کے حمل کی مدّت کے برابر (نو ماہ) حکومت کریگا۔" پھر فرمایا: استغفر اللہ، اونٹ کے مدّتِ حمل کے برابر اور یہ حتمی امر ہے اس کا ہونا لابدی و لازمی ہے۔" (غیبتہ طوسی)

(۷۲) سفیانی کا کوفہ میں وُرود اور علیؑ کے شیعہ کے سر کی قیمت ایک ہزار درہم

فضل نے اسماعیل بن مہران سے، اُنھوں نے عثمان بن جبلہ سے، اُنھوں نے عمر بن ابان کلبی سے روایت کی ہے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"کَاَنّی بالسفیانی او بصاحب السّفیانی قد طرح رحله فی رحبتکم بالکوفة، فنادی منادیه من جاءَ برأس شیعة علیّ فله الف درهم، فیثب الجار علیٰ جاره، ویقول: هذا منهم، فیضرب عنقه ویأخُذ الف درهم"

"گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ سفیانی یا اس کے کسی مصاحب نے تمھارے کوفے کے باہر پڑاؤ ڈالا ہے اور اس کی طرف سے کوئی منادی ندا دے رہا ہے کہ جو شخص علیؑ کے شیعوں میں سے کسی شیعہ کا سر کاٹ کر لائے گا اُسکو ایک ہزار درہم دونگا یہ سنکر ایک پڑوسی اپنے پڑوسی پر جھپٹے گا اور کہے گا کہ یہ بھی ان میں سے ہے اور اس کا سر کاٹ کر لیجائے گا اور ایک ہزار درہم وصول کرے گا۔

پھر فرمایا: "اَمَا اِنَّ امارتکم یومئذ لایکون اِلّا لاَولاد البغایا وکَاَنّی اَنظر اِلیٰ صاحب البرقع"۔ قلتُ: ومَن صاحب البرقع؟ فقالؑ: رجل منکم یقول بقولکم یلبس البرقع فیحوشکم فیعرفکم ولاتعرفونه فیغمز بکم رجلاً اَمَا اِنّه لایکون اِلّا ابن بغیّ۔"

"اور اُسوقت تم لوگوں پر حاکم اور امیر کوئی زنا زادہ ہوگا۔ اور گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ ایک نقاب پوش: "میں نے عرض کیا کہ وہ نقاب پوش کون؟"
فرمایا: وہ تم ہی میں سے ایک شخص ہوگا جو تم ہی لوگوں جیسی باتیں کرلیگا اور وہ نقاب پوش ہوگا اور تم لوگوں کی نشاندہی کرے گا، وہ تم لوگوں کو پہچانتا ہوگا مگر تم لوگ اُسے نہ پہچانتے ہوگے، وہ تم میں سے ایک ایک مرد کی نشاندہی کرلیگا اور وہ بھی زنازادہ ہوگا۔" (غیبۃ طوسیؒ)

(۷۳) علاماتِ ظہور

ایک جماعت نے ابوالمفضّل شیبانی سے، اُنھوں نے ابونعیم نصر بن عصام ابن مغیرہ عمری سے، اُنھوں نے ابویوسف یعقوب بن نعیم عمرو قرقارہ کاتب سے، اُنھوں نے احمد ابن محمّد اسدی سے، اُنھوں نے محمّد بن احمد سے، اُنھوں نے اسماعیل بن عبّاس سے، اُنھوں نے مہاجر بن حکیم سے، اُنھوں نے معاویہ بن سعید سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر بن علیؑ علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ حضرت علی ابن ابی طالبؑ علیہ السّلام نے فرمایا کہ:

"اِذا اختلف رُمحان بالشّام فھوٰ ایۃ من ٰایات اللہ تعالیٰ"

قیل: ثمّ مہ؟

قالؑ: ثمّ رجفۃ تکون بالشّام تہلك فیہا مِائۃ الف یجعلہا اللہ رحمۃ للمؤمنین وعذابًا علی الکافرین فاذا کان ذٰلك فانظروا اِلیٰ اصحاب البراذین الشّہب والرّایات الصّفر تقبل من المغرب حتّیٰ تحلّ بالشام فاذا کان ذٰلك فانتظروا خسفًا بقریۃ من قری الشّام یقال لہا: خرشنا، فاذا کان ذٰلك فانتظروا ابن اٰکلۃ الاکباد بوادی الیابس۔"

"جب شام میں دو نیزے آپس میں ٹکرائیں تو یہ بھی اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔"

عرض کیا گیا: پھر کیا ہوگا؟

فرمایا: پھر شام میں ایک زبردست زلزلہ آئے گا جو مومنین کے لیے رحمت اور کافروں کے لیے عذاب ہوگا۔ اس زلزلے سے ایک لاکھ آدمی مرجائیں گے۔ جب ایسا ہو تو پھر دیکھنا کہ ایک لشکر مغرب سے سرخ گھوڑوں پر سوار زرد پرچم لہراتا ہوا آئے گا اور شام میں وارد ہوگا۔ جب ایسا ہوگا تو یہ بھی دیکھ لینا کہ شام کا ایک قریہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جس کا نام خرشنا ہے زمین میں دھنس جائے گا۔ جب یہ بھی ہو چکے تو پھر دیکھنا کہ وادیٔ یابس سے ہندہ جگرخوارہ (جگر چبانے والی) کا بیٹا (سفیانی) خروج کرے گا۔ (غیبتہ طوسیؒ)

(۷۴) مدّتِ اقتدارِ سفیانی

قرقارہ نے محمّد بن خلف سے، اُنھوں نے حسن بن صالح بن اسود سے، اُنھوں نے عبدالجبّار بن عبّاس ہمدانی سے، اُنھوں نے عمّار دُھنی سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے فرمایا:

"کم تعدّون بقاء السفیانی فیکم؟

قال: قلتُ: حمل امرأۃ تسعۃ اشھر

قال: ما اعلمکم یا اھل الکوفۃ۔"

"تم لوگوں کا کیا خیال ہے سفیانی کی حکومت تم لوگوں پر کتنے دنوں تک رہے گی؟

میں نے عرض کیا: ایک عورت کے مدتِ حمل کے برابر یعنی نو ماہ۔

فرمایا: اے اہلِ کوفہ! تم لوگوں میں یہ شخص کتنا زیادہ جاننے والا ہے۔

(غیبتہ طوسی)

(۷۵) سفیانی نصرانی کے بھیس میں

قرقارہ نے اسماعیل بن عبداللہ بن میمون سے، اُنھوں نے محمّد بن عبدالرحمٰن سے، اُنھوں نے جعفر بن سعد کاہلی سے، اُنھوں نے اعمش سے، اُنھوں نے بشیر بن غالب سے اور بشیر کا بیان ہے کہ: "یقبل السفیانی من بلاد الرّوم منتصرًا فی عنقہ صلیب و ھو صاحب القوم"

"سفیانی بلادِ روم سے نصرانی کے بھیس میں آئے گا اس کے گلے میں صلیب لٹکی ہوگی اور وہ قوم کا سردار ہوگا۔" (غیبتہ طوسیؒ)

(۷۶) دریائے فُرات میں شدید سیلاب

احمد بن علی رازی نے محمّد بن اسحاق مقری سے، اُنھوں نے مقاتلی سے، اُنھوں نے بکّار سے، اُنھوں نے ابراہیم بن محمّد سے، اُنھوں نے جعفر بن سعد اسدی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"عام او سنة الفتح ینبثق الفرات حتّیٰ یدخل ازقّة الکوفة"
"فتح (ظہور) کے سال دریائے فرات میں ایسا زبردست سیلاب آئے گا کہ کوفے کی گلیوں تک پانی بھر جائے گا" (غیبتہ طوسیؒ)

(۷۷) خراسان سے سیاہ عَلَم کوفہ آئیں گے

فضل نے محمّد بن علی سے، اُنھوں نے عثمان بن احمد سمّاک سے، اُنھوں نے ابراہیم بن عبداللہ ہاشمی سے، اُنھوں نے ابراہیم بن ہانی سے، اُنھوں نے نعیم بن حمّاد سے، اُنھوں نے سعید سے اُنھوں نے ابوعثمان سے، اُنھوں نے جابر سے اور جابر نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

"تنزل الرایات السود الّتی تخرج من خراسان الی الکوفة
فاذا ظهر المهدیّ بعث الیه بالبیعة"
"وہ سیاہ عَلَم خراسان سے نکل کر کوفے تک آئیں گے جب حضرت امام مہدیؑ ظہور فرمائیں گے تو وہ بیعت کے لیے بھیج دیے جائیں گے۔" (غیبتہ طوسیؒ)

(۷۸) امام قائمؑ کا لشکرِ قلیل سارے مشرق و مغرب کو فتح کرلے گا

قرقارہ نے محمّد بن خلف حمّاد سے، اُنھوں نے اسماعیل بن ابان ازدی سے، اُنھوں نے سفیان بن ابراہیم جریری سے، اُنھوں نے اپنے والد سے سنا وہ کہتے تھے کہ:

"النّفس الزّکیّه غلام من آل محمّدؐ اسمه محمّد بن الحسن یقتل بلاجرمٍ ولاذنبٍ، فاذا قتلوه لم یبق لهم فی السمآء عاذر و لا فی الارضِ ناصر، فعند ذالك یبعث الله قائم آلِ محمّدؐ فی عصبة لهم ادقّ فی اعیُن النّاسِ من الکحل، فاذا خرجوا بکی لهم الناس، لا یرون الا انّهم یختطفون، یفتح الله لهم مشارق الارض و مغاربها الا و هم المؤمنون حقّاً الا انّ خیر الجهاد فی آخر الزّمان"
"نفسِ زکیّہ آلِ محمّدؐ میں سے ایک کمسن بچّہ ہوگا جس کا نام محمّد بن حسن ہوگا،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور وہ بے جرم و بے قصور قتل کر دیا جائے گا۔ جب وہ لوگ اس کو قتل کر دیں گے تو پھر آسمان پر اُن کے لیے کوئی معذرت چاہنے والا نہ ہوگا اور نہ زمین پر اُن کا کوئی مددگار ہوگا، اُس وقت اللہ تعالیٰ قائم آل محمدؐ کو ایک ایسے مختصر سے گروہ کے ساتھ بھیجے گا جو لوگوں کی آنکھوں میں سرمے سے بھی کم ہوں گے۔ جب یہ لوگ خروج کریں گے تو سب لوگ ان کو دیکھ کر رونے لگیں گے۔ اُن کا خیال ہوگا کہ یہ بیچارے تو ذرا دیر میں اُچک لیے جائیں گے۔ مگر اللہ تعالیٰ ان ہی کے ذریعے سے سارے مشارق و مغارب کے ممالک کو فتح کرا دے گا۔ آگاہ ہو وہی لوگ حقیقی مومن ہوں گے۔ اور یہ بھی سُن لو کہ بہترین جہاد آخرِ زمانہ کا ہے۔" (غیبۃ طوسیؒ)

(۷۹) آفتاب کے ساتھ ایک نشانی کا طلوع ہونا

قرقارہ نے عبّاس بن یزید بحرانی سے، اُنھوں نے عبدالرزّاق بن ہمام سے، اُنھوں نے معمرؒ سے، معمرؒ نے ابنِ طاؤس سے، اُنھوں نے علی بن عبداللہ بن عبّاس سے روایت کی ہے کہ اُنھوں نے کہا کہ: "لا یخرج المہدیؑ حتّیٰ تطلع مع الشمس اٰیۃ"

"حضرت امام مہدیؑ اُس وقت ظہور و خروج فرمائیں گے جب آفتاب کے ساتھ ایک نشانی بھی طلوع ہوگی۔" (غیبۃ طوسیؒ)

(۸۰) مسجدِ بَراثا

محمدؐ بن مشہدی نے محمدؐ بن قاسم سے اُنھوں نے احمد بن محمدؐ سے، اُنھوں نے اپنے مشایخ سے، اُنھوں نے سلیمانِ اعمش، سے، اُنھوں نے جابر بن عبداللہ انصاری سے، اور اُنھوں نے کہا کہ مجھ سے خادمِ رسولؐ انس بن مالک نے بیان کیا کہ:

"لمّا رجع امیرالمومنین علیؑ بن ابیطالبؑ علیہ السّلام من قتال اھل النہروان نزل بَراثا وکان بہا راھب فی قلایتہ و کان اسمہ الحباب، فلمّا سمع الراھب الصّیحۃ والعسکر اَشرف من قلایتہ الی الارضِ فنظر الیٰ عسکر امیرالمومنینؑ فاستفظع ذٰلک ونزل مبادرًا فقال: من ھٰذا؟ ومن رئیس ھٰذا العسکر؟

فقیل لہ: ھٰذا امیرالمومنینؑ وقد رجع من قتال اھل النّہروان

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فجاء الحباب مبادرًا يتخطّى النّاس حتّىٰ وقف علىٰ امير المومنين
فقال: السلام عليك يا امير المومنين حقًّا حقًّا: فقال له:
وما علمك بأنّي امير المومنين حقًّا حقًّا ؟
قال له: بذٰلك اخبرنا علماؤنا واحبارنا۔
فقالؑ له: باحباب! ۔ فقال له الرّاهب: وما علمك باسمي ؟
فقالؑ: أعلمني بذٰلك حبيبي رسول الله صلى الله عليه وآله وسلّم۔
فقال له الحباب: مدّ يدك فانا اشهد انْ لّآ اِلٰهَ اِلّا اللهُ وَ
اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ وَاَنَّكَ عَلِيُّ بْن ابي طالبؑ وصيّه۔
فقال له امير المومنين عليه السلام: وَاَين تاوي ؟ فقال: اكون
في قلاية لي هٰهُنا۔ فقال له امير المؤمنينؑ بعد يومك
هٰذا لا تسكن فيها، وَلٰكن ابن هٰهنا مسجدًا وسمه
باسم بانيه فبناه رجل اسمه براثا فسمّي المسجد ببراثا
باسم البانى له۔
ثمّ قال: ومن اين تشرب يا حباب! فقال: يا امير المؤمنين
من دجلة هٰهنا۔ قالؑ: فلم لا تحفر هٰهنا عينًا اَو بِئرًا
فقال له: يا امير المومنينؑ كلّما حفرنا بِئرًا وجدناها مالحة
غير عذبة، فقال له امير المومنينؑ: احفر هٰهنا بئرًا فحفر
فخرجت عليهم صخرة لم يستطيعوا قلعها۔ فقلعها امير المومنينؑ
فانقلعت عن عين اَحلىٰ من الشّهد وَاَلذّ مِن الزّبد۔
فقال له يا حباب! يكون شربك من هٰذِهِ العين اما اِنّه
يا حباب! سيبنى الىٰ جنب مسجدك هٰذا مدينة و
تكثر الجبابرة فيها وتعظم البلاء حتّىٰ انّهُ ليدرك فيها
كُلَّ ليلة جمعة سبعون الف فرج حرام فَاِذا عظم
بلاؤهم شدّوا علىٰ مسجدك بفطوة ثمّ وابنه بنين
ثمّ وابنه لا يهدمه اِلّا كافر ثمّ بيتًا۔ فاذا فعلوا ذٰلك
منعوا الحجّ ثلاث سنين واحترقت خضرهم وسلّط الله
عليهم رجلًا من اهل السّفح لا يدخل بلدًا اِلّا اهلكه واهلك

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اَهلہ ثمّ لیعد علیہم مرّۃ اُخریٰ ثمّ یاخذھم القحط والغلا ثلاث سنین حتّیٰ یبلغ بھم الجھد ثمّ یعود علیھم ثمّ یدخل البصرۃ فلا یدع فیھا قائمۃ اِلّا سخطھا واھلکھا واسخط اھلھا ، وذالك اذا عمرت الخربۃ وبنی فیھا مسجد جامع ، فعند ذالك یکون ھلاك البصرۃ ، ثمّ یدخل مدینۃ بناھا الحجّاج یقال لھا واسط فیفعل مثل ذالك ثمّ یتوجّہ نحو بغداد ، فیدخلھا عفوًا ثمّ یلتجیء النّاس الی الکوفۃ ولا یکون بلد من الکوفۃ تشوش الامر لہ ثمّ یخرج ھو والّذی ادخلہ بغداد نحو قبری لینبشہ فیتلقّاھما السفیانی فیھزمھما ثمّ یقتلھما ویوجّہ جیشا نحو الکوفۃ فیستبیح بعض اھلھا ویجیء رجل من اھل الکوفۃ فیلجئھم الی سور فمن لجأ الیھا اَمن ، ویدخل جیش السّفیانی الی الکوفۃ فلا یدعون احدًا اِلّا قتلوہ وانّ الرجل منھم لیمرّ بالدّرّۃ المطروحۃ العظیمۃ فلا یتعرّضَ لھا ویری الصّبیُّ الصّغیر فیلحقہ فیقتلہ۔

فعند ذٰلك یا حباب یتوقّع بعدھا ، ھیھات ھیھات و اُمور عظام وفتن کقطع اللّیل المظلم فاحفظ عنّی ما اقول لك یا حباب

ترجمہ ”جب امیر المومنین علیہ السّلام اہلِ نہروان سے جنگ کرکے واپس ہوتے تو راہ میں آپ نے مقامِ بُراثا پر منزل فرمائی ، وہاں ایک راہب جس کا نام حباب تھا اپنے دَیر میں رہتا تھا۔ جب اُس نے اپنے دَیر کے قریب لشکر کے شور وغل کی آواز سُنی تو اُس نے جھانک کر دیکھا تو یہ امر اُس کو قبیح محسوس ہوا۔ فوراً دَیر سے اترا اور کہنے لگا یہ فوج کیسی ہے ؟ اور اس کا سردار کون ہے ؟ تو اُس سے کہا گیا کہ اس کے امیر وسردار امیر المومنینؑ ہیں جو جنگِ نہروان سے واپس ہوئے ہیں۔ یہ سنکر وہ مجمع کو چیرتا ہوا آیا اور امیر المومنینؑ کے سامنے کھڑا ہوگیا اور بولا:

اے واقعی اور حقیقی امیر المومنینؑ ! آپ پر میرا سلام ہو۔

آپؑ نے فرمایا : تجھے کیسے معلوم ہوا کہ میں واقعی اور حقیقی امیر المومنینؑ ہوں ؟

وہ بولا : اس بات کی خبر ہمارے علماء اور دینی پیشواؤں نے دی ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

—— آپ نے فرمایا: اے حباب !

—— اُس نے کہا: آپ کو میرا نام کیسے معلوم ہوا ؟

—— آپ نے فرمایا: اس کی خبر میرے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے دی ہے۔

—— حباب نے کہا: اب آپ اپنا ہاتھ بڑھائیں، پس میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی

—— اِلٰہ سوائے اللہ کے محمدؐ اللہ کے رسول ہیں اور بیشک آپ علیؑ ابنِ ابی طالب

ان کے وصی ہیں۔

—— امیرالمومنین نے فرمایا: تم کہاں رہتے ہو ؟

—— اس نے کہا: یہاں میرا ایک دَیر ہے اسی میں رہتا ہوں۔

—— آپ نے فرمایا: اب آج کے بعد اس میں نہ رہو، بلکہ اس کے بدلے یہاں ایک مسجد

بنوالو اور اس کے بانی کے نام پر اس مسجد کا نام رکھدینا۔

چنانچہ ایک شخص نے جس کا نام بُراثا تھا وہاں ایک مسجد تعمیر کرادی، اس لیے اسکے

بانی کے نام پر اس مسجد کا نام مسجدِ بُراثا رکھدیا گیا۔

—— آپ نے پھر پوچھا: اے حباب! تم یہاں پانی کہاں سے پیتے ہو ؟

—— اُس نے عرض کیا: یا امیرالمومنینؑ! دریائے دجلہ سے پانی لاتا ہوں۔

—— آپ نے فرمایا: پھر تم یہاں ایک چشمہ یا کنواں کیوں نہیں کھود لیتے ؟

—— عرض کیا: یا امیرالمومنینؑ! جب بھی یہاں کنواں کھودتا ہوں کھارا پانی نکلتا ہے،

میٹھا پانی نکلتا ہی نہیں۔

—— آپ نے فرمایا: اچھا، اِس مقام پر کنواں کھودو۔

جب وہاں سے کھودا گیا تو ایک بہت بڑی پتھریلی چٹان نکلی جس کو

لوگ اکھاڑ نہ سکے۔ چنانچہ امیرالمومنین علیہ السلام نے اس چٹان کو

ایک اشارے سے اُکھاڑ پھینکا اور جو پانی وہاں سے برآمد ہوا وہ

شہد سے زیادہ شیریں اور مکھن سے زیادہ لذیذ تھا۔

—— پھر آپ نے فرمایا: اے حباب! اب تم اِس چشمے سے پانی پیتے رہنا، مگر سنو!

عنقریب تمھاری اس مسجد کے پہلو میں ایک شہر آباد ہوگا اور اس میں ظالموں اور

بدکاروں کی کثرت ہوگی، ہر شب جمعہ ستر ہزار حرامکاریوں کا ارتکاب ہوگا اور

تمھاری اُس مسجد پر جانور باندھے جائیں گے اور اس کو ایک کافر منہدم کرے گا تین

سال تک حج روک دیا جائے گا، لوگوں کی زراعتیں جلادی جائیں گی، اور پھر اُن

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لوگوں پر ایک بدکار مسلّط ہوگا۔ وہ جس شہر میں جائے گا اُسے برباد کرے گا اور اہلِ شہر کو ہلاک کرے گا، پھر وہ واردِ بصرہ ہوگا اور وہاں کے ہر ستون کو گرائے گا وہاں کے باشندوں کو بے سکون کر دے گا۔ اس کے بعد کھنڈرات پھر سے آباد ہوں گے اور وہاں ایک جامع مسجد تعمیر ہوگی، اس کے بعد بصرہ پھر سے تباہ ہوگا۔ وہ بدکار یہاں سے شہر واسط میں جائے گا جس کو حجاج نے آباد کیا ہوگا اور اس شہر کے ساتھ بھی وہی سلوک کرے گا، پھر بغداد پہونچے گا اس کو مٹائے گا، لوگ وہاں سے بھاگ کر کوفہ میں پناہ لیں گے۔ پھر وہ اور جس نے اس کو بغداد آنے کی دعوت دی ہوگی دونوں میری قبر کھودنے کے لیے چلیں گے۔ ان دونوں کا مقابلہ سفیانی سے ہوگا اور وہ انھیں شکست دیگا اور انھیں قتل کر دے گا اور اس کی فوج کوفہ کی جانب بڑھے گی اور کوفے میں داخل ہوگی تو وہاں وہ جس کو چاہے گا قتل کرے گا حتیٰ کہ ایک بچّے کو پائے گا اُسے بھی قتل کر دے گا۔ پھر اُس وقت اے حباب! افسوس افسوس، بڑے بڑے مظالم اور فتنوں کی اُمید رکھو، اور جو کچھ میں بتا رہا ہوں اسے یاد رکھو۔" (کشف الیقین)

(۸۱) دجّال اور اُس کے ساتھیوں سے جنگ

سعد نے احمد بن محمّد اور عبداللہ بن عامر بن سعد سے، اُنھوں نے محمّد بن خالد سے اُنھوں نے ابوحمزہ ثمالی سے روایت کی ہے اور ابوحمزہ ثمالی کا بیان ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام فرمایا کرتے تھے کہ:

"من اراد ان یقاتل شیعة الدّجال فلیقاتل الباکی علیٰ دم عثمانؓ و الباکی علیٰ اهل نهروان اِنّ من لقی الله مؤمنًا بانّ عثمانؓ قتل مظلومًا لقی الله عزّوجلّ ساخطًا علیه ولا یدرك الدّجال۔"

فقال رجلٌ: یا امیرالمومنین! فان مات قبل ذالك؟

قال: فیبعث من قبره حتّیٰ لا یؤمن به وان رَغم اَنفه۔"

"جو شخص یہ چاہتا ہے کہ دجّال کے پیروکاروں سے جنگ کرے تو اُسے چاہیئے کہ وہ عثمانؓ کے قتل پر اور اہلِ نہروان پر رونے والوں سے جنگ کرے اور اگر کوئی مسلمان ایمان رکھتا ہو، اللہ سے ملاقات کرے گا کہ وہ تو مظلوم قتل ہوئے تو اللہ تعالیٰ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس پر سخت غضبناک ہوگا اور وہ رجّال کو نہ پا سکے۔
پس ایک شخص نے کہا: یا امیرالمومنین! وہ اس سے قبل ہی مر گیا؟
آپ نے فرمایا: پس اللہ اسکو قبر سے اٹھائے گا حتیٰ کہ وہ ایمان نہ لائے

(۸۲) علاماتِ ظہور کی ایک فہرست

شیخ مفید علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب "الارشاد" کے باب اوّل صفحہ ۳۳۶ میں یہ ذکر فرمایا ہے کہ بہت سی احادیث میں ان علامات وحادثات اور واقعات کا تذکرہ ہے جو امام قائمؑ کے قیام وظہور سے پہلے وقوع پذیر اور رونما ہوں گے "ان میں سے مندرجہ ذیل ہیں"

مثلاً "خروج السفیانی وقتل الحسنی و اختلاف بنی العبّاس فی الملک الدّنیاوی وکسوف الشمس فی النّصف من شہر رمضان وخسوف القمر فی اٰخرہ علیٰ خلاف العادات وخسف بالبیداء، وخسف بالمغرب وخسف بالمشرق ورکود الشمس من عند الزوال الی اوسط اوقات العصر وطلوعہا من المغرب، وقتل نفس زکیّۃ بظہر الکوفۃ فی سبعین من الصالحین وذبح رجلہا ہاشمیٍ بین الرّکن والمقام وہدم حائط مسجد الکوفۃ و اقبال رایات سود من قبل خراسان وخروج الیمانی وظہور المغربیّ بمصر و تملّکہ الشامات ونزول الترک الجزیرۃ ونزول الرُّوم الرّملۃ

وطلوع نجم بالمشرق یضیٔ القمر ثمّ ینعطف حتّی یکاد یلتقی طرفاہ، وحمرۃ یظہر فی السماء وینتشر فی اٰفاقہا، ونار تظہر بالمشرق طویلاً وتبقی فی الجوّ ثلاثۃ ایّام وخلع العرب اعنتہا وتملّکہا البلاد وخروجہا عن سلطان العجم، وقتل اہل مصر امیرہم، وخراب الشّام، واختلاف ثلاث رایات فیہ، ودخول رایات قیس والعرب الی مصر ورایات کندۃ الی خراسان، وورود خیل من قبل العرب حتّی تربط بفناء الحیرۃ، واقبال رایات سود من المشرق نحوہا وبثق فی الفرات حتّی یدخل الماء ازقۃ الکوفۃ

وخروج ستّین کذّابًا کلّہم یدّعی النّبوّۃ وخروج اثنا عشر من اٰل ابی طالبؑ کلّہم یدّعی الامامۃ لنفسہ واحراق رجل عظیم القدر من شیعۃ بنی العبّاس بین جلولاء وخانقین، وعقد الجسر مما یلی الکرخ بمدینۃ السّلام، وارتفاع ریح سوداء بہا فی اوّل النّہار وزلزلۃ حتّی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ینخسف کثیر منہا ، وخوف یشمل اہل العراق وبغداد وموت ذریع فیہ و نقص من الاموال والانفس والثمرات ۔

وجراد یظہر فی اوانہ وفی غیر اوانہ ، حتّی یاتی علی الزّرع والغلّات وقلّۃ ریع لما یزرعہ النّاس ، واختلاف صنفین من العجم وسفک دماء کثیرۃ فیما بینہم وخروج العبید عن طاعات ساداتہم وقتلہم مواليہم ومسخ لقوم من اہل البدع حتّی یصیروا قردۃ وخنازیر ، وغلبۃ العبید علی بلاد السادات ونداء من السماء حتّی یسمعہ اہل الارض کلّ اہل لغۃ بلغتہم ، ووجہ صدر یظہر ان للنّاس فی عین الشمس واموات ینشرون من القبور حتّی یرجعوا الی الدّنیا فیتعارفون فیہا و یتزاورون ۔

ثمّ یختم ذالک باربع وعشرین مطرۃ یتّصل فتحیی بہ الارض بعد موتہا وتعرف برکاتہا ویزول بعد ذالک کلّ عاہۃ عن معتقدی الحقّ من شیعۃ المہدیّ علیہ السّلام ، فیعرفون عند ذالک ظہورہ بمکّۃ فیتوجّہون نحوہ لنصرتہ کما جاءت بذالک الاخبار ۔

ومن جملۃ ہذہ الاحداث محتومۃ ومنہا مشروطۃ ، واللہ اعلم بما یکون وانّما ذکرناہا علی حسب ما ثبت فی الاصول وتضمّنہا الاثر المنقول و باللہ نستعین ۔ (کتاب الارشاد)

ترجمہ: ”خروجِ سفیانی ، ایک حسنی کا قتل ، دنیاوی سلطنت کے لیے بنی عبّاس میں اختلاف پندرہ رمضان کو سورج گہن ، اور اسی ماہ کے آخر میں چاند گہن جو بالکل خلافِ عادت ہوگا بیابان میں زمین کا دھنس جانا ، مغرب میں زمین کا دھنس جانا ، مشرق میں زمین کا دھنسنا وقتِ زوال سے عصر کے وقت تک آفتاب کا ٹھہر جانا اور حرکت نہ کرنا اور اس کا مغرب سے طلوع ہونا ، ستّر صالحین کے ساتھ نفسِ زکیّہ کا پشتِ کوفہ پر قتل کیا جانا ، ایک مرد ہاشمی کا رکن و مقام کے درمیان ذبح کیا جانا ، مسجدِ کوفہ کی دیوار کا منہدم کیا جانا ، ایک مغربی شخص کا مصر میں خروج کرنا اور شام کے تمام علاقوں پر قبضہ جما لینا ، تُرک کا رملہ میں نازل ہونا ۔

اور مشرق سے ایک ستارے کا طلوع ہو کر چاند کی طرح چمکنا پھر اُس کا اس طرح مُڑنا کہ جیسے اُس کے دونوں کنارے آپس میں ملنے ہی والے ہیں ، آسمان میں سرخی کا نمودار ہونا اور پھر اُس کا تمام آفاق پر پھیل جانا ، مشرق سے ایک طویل آگ کا ظاہر ہونا اور فضا میں تین یا سات دن تک باقی رہنا ، اہلِ مصر کا اپنے امیر کو قتل کرنا ، شام کی بربادی ، تین جھنڈوں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں اختلاف، قیس اور عرب کے جھنڈوں کا مصر میں داخل ہونا، کندہ کے جھنڈوں کا خراسان میں داخل ہونا اور عرب کی طرف سے ایک فوج کا آنا اور صحنِ حیرہ میں پڑاؤ ڈالنا، سیاہ جھنڈوں کا مشرق سے اس طرف آنا اور دریائے فرات میں طغیانی اور کوفے کی گلیوں میں پانی بھر جانا۔

ساٹھ عدد دعویدارانِ نبوّت کا ظہور، آلِ ابی طالبؑ میں سے بارہ دعویداران امامت کا ظہور، جلولا اور خانقین کے درمیان بنی عبّاس کے ایک عظیم القدر شخص کا آگ میں جلایا جانا، مدینۃ السّلام اور بغداد میں کرخ کے قریب ایک پل کی تعمیر، صبح کے وقت سیاہ آندھی کا بلند ہونا اور زلزلہ اور اکثر کا زمین میں دھنس جانا۔ اہلِ بغداد اور اہلِ عراق پر خوف و ہراس چھا جانا، جان و مال اور ثمرات کا تلف ہونا۔

ٹڈیوں کا موسم اور بلا موسم ظاہر ہونا جو کھیتیوں اور غلّوں کو چٹ کر جائیں گی کاشتکاروں کی پیداوار میں کمی، عجم کے دو گروہوں میں جنگ اور آپس میں بہت زیادہ خونریزی، غلاموں کا اپنے آقاؤں کی اطاعت سے باہر ہو جانا اور اپنے مالکوں کو قتل کرنا، اہل بدعت میں سے ایک گروہ کا مسخ ہو کر بندر اور سُوَر بن جانا، سادات کے شہر پر غلاموں کا اقتدار، آسمان سے ایک اعلان جس کو ہر قوم اپنی زبان میں سن لیگی آفتاب کے اندر ایک جسد کا چہرہ و سینہ نمودار ہونا، مُردوں کا قبور سے برآمد ہونا اور دنیا میں پھر واپس ہونا اور ایک دوسرے کو پہچاننا اور ملاقات کرنا۔

اور حتمی طور پر مسلسل چالیس دن تک بارش کا ہونا جس سے مردہ زمین زندہ ہو جائیگی اس کی برکتیں ظاہر ہوں گی اور اہلِ حق یعنی امام مہدی علیہ السّلام کے ماننے والوں کی تمام مصیبتیں دور جائیں گی۔ اس وقت انھیں معلوم ہوگا کہ مکّہ میں آپ کا ظہور ہو چکا ہے تو وہاں آپ کی نصرت کے لیے پہونچنا۔ یہ سب علامات احادیث میں ہیں۔

مگر ان تمام واقعات و حادثات میں بعض حتمی ہیں اور بعض مشروط ہیں اور اللہ ہی کو معلوم ہے کہ اس میں حتمی کیا ہے اور مشروط کیا ہے۔ ہم نے احادیث میں جو کچھ پایا وہ مختصراً نقل کر دیا ہے۔ (کتاب الارشاد)

(۸۳) آفاق اور انفُس کی تفسیر

علی بن ابو حمزہ نے حضرت ابوالحسن امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام سے اللہ تعالیٰ کے اس قول یعنی آیت "سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ" (سورہ حٰمٓ السجدہ آیت ۵۳)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ: " عنقریب ہم اُن کو اپنی نشانیاں دکھانے والے ہیں آفاق میں اور ان کے نفسوں میں "

مذکورہ آیت کی تفسیر میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا کہ:

" الفتن فی آفاق الارض والمسخ فی اعداءِ الحقِ "

آفاق میں نشانیوں کا مطلب زمین میں فتنے وفساد اور نفسوں میں نشانیوں کا مطلب دشمنانِ خدا کا مسخ ہونا ہے " (الارشاد)

(۸۴) آفتاب کا ٹھہر جانا اور اسمیں ایک انسانی چہرے کا نمودار ہونا

وھب بن حفص نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کے اس قول یعنی آیت:

" اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ۔ " (سورۃ الشعراء آیت ۴)

" اگر ہم چاہتے تو ہم اُن پر آسمان سے کوئی آیت (نشانی) نازل کرتے جس کے آگے عاجزی کے ساتھ اُن کی گردنیں جھک جاتیں "

(مذکورہ آیت) کی تفسیر میں بیان فرماتے ہوئے سنا: آپ نے فرمایا:

" سیفعل اللہ ذالک بہم "

قلتُ: من ھم ؟

قالؑ: بنو اُمیّۃ وشیعتھم

قُلتُ: وما الاٰیۃ ؟

قالؑ: رکود الشمس من بین زوال الشمس الیٰ وقت العصر وخروج صدر رجل ووجہ فی عین الشمس یعرف بحسبہ ونسبہ وذالک فی زمان السفیانی وعندھا یکون بوارہ وبوار قومہ "

ترجمہ: " اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے ساتھ ایسا کرے گا "

میں نے عرض کیا: وہ کون لوگ ہوں گے ؟

آپ نے فرمایا: بنی اُمیّہ اور اُن کے شیعہ (گروہ اور ماننے والے)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا: وہ آیت اور نشانی کیا ہوگی ؟
آپ نے فرمایا: آفتاب کا وقتِ زوال سے عصر کے وقت تک ٹھہر جانا حرکت نہ کرنا۔ اور اس کے اندر ایک انسانی سینے اور منھ کا ظاہر ہونا جس کا حسب و نسب جانا پہچانا ہوا ہوگا۔ اور یہ سفیانی کے دور میں رونما ہوگا اور اس وقت سفیانی اور اس کی قوم تباہ ہی ہوگی۔" (الارشاد)

(۸۵) آسمان سے ایک آگ اور سُرخی کا نمودار ہونا

حسین بن زید نے منذر جوزی سے روایت کی ہے اور منذر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے کہ میں نے آپؑ کو فرماتے ہوئے سنا آپ نے فرمایا

" یزجر الناس قبل قیام القائم علیہ السلام عن معاصیہم بنار تظھر لھم فی السماء وحمرۃ تجلل السماء وخسف ببغداد وخسف ببلدۃ البصرۃ و دماء تسفك بہا وخراب دورھا وفناء یقع فی اھلھا وشمول اھل العراق خوف لا یکون معہ قرار "

ترجمہ: " قبل قیام وظہورِ قائم علیہ السلام لوگوں کو ان کے گناہوں پر ایک آگ اور سُرخی سے ڈرایا جائے گا جو آسمان میں نمودار ہوگی۔ شہر بغداد اور شہر بصرہ میں زمین شق ہوگی اسمیں کشت وخون ہوگا گھر کے گھر خراب ومسمار ہوجائیں گے۔ اہلِ عراق پر خوف طاری ہوگا انھیں چین وسکون میسّر نہ آئے گا۔" (الارشاد)

(۸۶) اہلِ حق اور اہلِ باطل جُدا کر دیے جائیں گے

عجلان بن صالح سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا۔ آپ نے فرمایا:

" لا تمضی الایام واللیالی حتی ینادی منادٍ من السماء: یا اھل الحق اعتزلوا یا اھل الباطل اعتزلوا فیعزل ھؤلاء من ھؤلاء و یعزل ھؤلاء من ھؤلاء "

قال قلتُ: اصلحك اللہ یخالط ھؤلاء وھؤلاء بعد ذلك النداء؟
قالؑ: کلّا انہ یقول فی الکتب " مَا کَانَ اللّٰہُ لِیَذَرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلٰی مَآ اَنْتُمْ عَلَیْہِ حَتّٰی یَمِیْزَ الْخَبِیْثَ مِنَ الطَّیِّبِ "۔ (آلِ عمران آیت ۱۷۹)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ حدیث: "کچھ زیادہ دن نہ گذریں گے کہ آسمان سے اعلان ہوگا" اے اہلِ حق! تم ایک طرف ہو جاؤ اور اے اہلِ باطل! تم ایک طرف ہو جاؤ" تو یہ دونوں الگ الگ ہو جائیں گے۔

میں نے عرض کیا: اللہ آپ کا بھلا کرے، یہ فرمائیے کہ کیا یہ دونوں جدا ہونے کے بعد پھر مل جائیں گے؟

آپ نے فرمایا: ہرگز نہیں، اللہ تعالیٰ خود اپنی کتاب میں فرماتا ہے: "اور اللہ صاحبانِ ایمان کو اس حالت میں چھوڑنے والا نہیں ہے کہ جس میں تم ہو، تا اینکہ وہ پاکیزہ لوگوں کو خبیث لوگوں سے الگ نہ کرے

(۱۷) ظہور کی علامتیں

جابر جعفی نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے آپ فرمایا کرتے تھے:

"الزم الارض لا تحرّكنّ يدك ولا رجلك ابدًا حتّى ترى علامات اذكرها لك فى سنة وترى منادًيا ينادى بدمشق وخسف بقرية من قراها و يسقط طائفة من مسجدها، فاذا رأيت الترك جازوها فاقبلت التّرك حتّى نزلت الجزيرة واقبلت الرّوم حتّى نزلت الرّملة وهى سنة اختلاف فى كلّ ارضٍ من ارضِ العرب۔

و انّ اهل الشّام يختلفون عند ذالك على ثلاث رايات الاصهب والابقع والسفيانىّ مع بنى ذنب الحمار مضر و مع السفيانىّ اخواله من كلب فيظهر السفيانىّ ومن معه على بنى ذنب الحمار، حتّى يقتلوا قتلًا لم يقتله شئ قطّ و يحضر رجل بدمشق فيقتل هو ومن معه قتلًا لم يقتله شئ قطّ وهو من بنى ذنب الحمار وهى الاية الّتى يقول الله تبارك وتعالى:

"فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ" (سورہ مریم آیت ۳۷)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ويظهر السفياني ومن معه حتى لا يكون له همة إلا آل محمد صلى الله عليه وآله وسلم وشيعتهم فيبعث بعثاً إلى الكوفة فيصاب بأناس من شيعة آل محمد بالكوفة قتلاً وصلباً ويقبل راية من خراسان حتى ينزل لساحل الدجلة، يخرج رجل من الموالي ضعيف ومن تبعه فيصاب بظهر الكوفة ويبعث بعثاً إلى المدينة فيقتل بها رجلاً ويهرب المهدي والمنصور منها ويؤخذ آل محمد صغيرهم وكبيرهم لا يترك منهم احد إلا حبس ويخرج الجيش في طلب الرجلين

ويخرج المهدي منها على سنة موسى خائفاً يترقب حتى يقدم مكة، ويقبل الجيش حتى إذا نزلوا البيداء وهو جيش الهملات خسف بهم فلا يفلت منهم إلا مخبر فيقوم القائم بين الركن والمقام فيصلي وينصرف ومعه وزيره فيقول: يا ايها الناس إنا نستنصر الله على من ظلمنا وسلب حقنا، من يحاجنا في الله فانا اولى بالله ومن يحاجنا في آدم فانا اولى الناس بآدم ومن حاجنا في نوح فانا اولى الناس بنوح ومن حاجنا في ابراهيم فانا اولى الناس بابراهيم ومن حاجنا بمحمد فانا اولى الناس بمحمد ومن حاجنا في النبيين فنحن اولى الناس بالنبيين ومن حاجنا في كتاب الله فنحن اولى الناس بكتاب الله.

إنا نشهد وكل مسلم اليوم انا قد ظلمنا وطردنا وبغي علينا، واخرجنا من ديارنا واموالنا واهالينا وقهرنا إلا أنا نستنصر الله اليوم وكل مسلم.

ويجيء والله ثلاث مائة وبضعة عشر رجلاً فيهم خمسون امرأة يجتمعون بمكة على غير ميعاد قزعاً كقزع الخريف، يتبع بعضهم بعضاً وهي الآية التي قال الله تعالى: "أَيْنَمَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللَّهُ جَمِيعاً إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فيقول: رجل من آلِ محمّد صلّى الله عليه وآله وسلم وهي القرية الظالمة أهلها.

ثمّ يخرج من مكّة هو ومن معه الثلاثمائة وبضعة عشر يبايعونه بين الرّكن والمقام معه عهد نبي صلى الله عليه وآله وسلم ورايته، وسلاحه، وو زيره معه، فينادي المنادي بمكّة باسمه وأمره من السماء حتّى يسمعه اهل الارض كلّهم اسمه اسم نبيّ.

ما اشكل عليكم فلم يشكل عليكم عهد نبيِّ الله ص ورايته وسلاحه والنفس الزكية من ولد الحسين فان اشكل عليكم هذا فلا يشكل عليكم الصوت من السماء باسمه وامره ايّاك وشذاذ من آل محمّد صلّى الله عليه وآله وسلم فانّ لآل محمّد عليهم السلام وعلىّ راية ولغيرهم رايات فالزم الارض ولا تتبع منهم رجلاً ابدًا حتّى ترى رجلاً من ولد الحسين عليه السلام، معه عهد نبيّ الله ص ورايته وسلاحه فانّ عهد نبيّ الله ص صار عند علىّ ع بن الحسين ثمّ صار عند محمّد ع بن علىّ ع، ويفعل الله ما يشاء.

فالزم هؤلاء ابدًا و ايّاك ومن ذكرت لك فاذا خرج رجل منهم معه ثلاث مائة وبضعة عشر رجلاً ومعه راية رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عامدًا الى المدينة حتّى يمرّ بالبيداء حتّى يقول: هذا مكان القوم الّذين يخسف بهم وهي الاية الّتي قال الله: "أَفَأَمِنَ الَّذِينَ مَكَرُوا السَّيِّئَاتِ أَنْ يَخْسِفَ اللَّهُ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ۝" (سورة النحل آية ٤٥) "أَوْ يَأْخُذَهُمْ فِي تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ ۝" (سورة النحل اية ٤٦)

فاذا قدم المدينة اخرج محمّد بن الشجري على سنّة يوسف ع ثمّ يأتي الكوفة فيطيل بها المكث ما شاء الله أن يمكث حتّى يظهر عليها ثمّ يسير حتّى يأتي العذرا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

هو ومن معه وقد الحق به ناس كثير و السفيانیؑ يومئذٍ بوادی الرّملة ۔

حتّی اذا التقوا وهم يوم الابدال يخرج اُناس كانوا مع السفيانیِّ من شيعة آل محمّد عليهم السّلام ويخرج ناس كانوا مع آل محمّد عليهم السّلام الی السفيانیِّ ، فهم من شيعته حتّی يلحقوا بهم ويخرج كلُّ ناس الی رايتهم وهو يوم الابدل ۔

قال امير المومنين عليه السّلام : ويقتل يومئذٍ السفيانیؑ ومن معه حتّی لا يدرك منهم مخبر ، والخائب يومئذٍ من خاب من غنيمة كلب ، ثمّ يقبل الی الكوفة فيكون منزله بها ۔

فلا يترك عبدًا مسلمًا اِلّا اشتراه واَعتقه ولا غارمًا اِلّا قضی دينه ، ولا مظلمة لاحد من النّاس اِلّا ردّها ولا يقتل منهم عبدٌ اِلّا ادّی ثمنه ، "دِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ اِلٰی اَهْلِهَا" ، ولا يقتل قتيل اِلّا قضی عنه دينه و الحق عياله فی العطاء حتّی يملأُ الاَرض قسطًا وعدلًا كما ملئت ظلمًا وجورًا وعدوانًا ويسكنه هو و اهل بيته الرّحبة ۔

والرّحبة انما كانت مسكن نوحؑ وهی اَرض طيّبه ولا يسكن رجل من آل محمّد عليهم السّلام ولا يقتل اِلّا بارض طيّبة ذاكية فهم الاوصياء الطيّبون ۔

ترجمہ حدیث امام محمّد باقر علیہ السلام :

"آپ نے فرمایا : زمین پکڑے رہنا اور زنہار کبھی اپنے ہاتھ پاؤں کو حرکت میں نہ لانا جبتک وہ علامات نہ دیکھ لو جن کی میں نشاندہی کر رہا ہوں ۔ ایک سال تم دیکھو گے کہ دمشق میں ایک منادی ندا دے رہا ہے اور اس کا ایک قریہ زمین میں دھنس گیا ہے ، اس کی مسجد کا ایک حصّہ گر پڑا ہے جب تم دیکھو کہ ترک آگے بڑھ گئے ہیں اور جزیرے میں اترے ہیں ، اور اہلِ روم بھی بڑھے ہیں ، اُنھوں نے رملہ میں اپنا پڑاؤ ڈالا ہے اور اس سال سرزمینِ عرب کے ہر حصّے میں اختلاف ہی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اختلاف پیدا ہوگیا ہے۔

اور یہ کہ اہلِ شام تین مختلف جھنڈوں تلے ہوں گے، ایک جھنڈا تو چتکبرا ہوگا، دوسرا سُرخ اور تیسرا سفیانی کا۔ اور سفیانی کے ساتھ بنی کلب کے لوگ ہوں گے جو اس کے ماموں لگتے ہوں گے۔ سفیانی اور اس کے ساتھی بنی ذنب الحمار پر غالب آئیں گے اور اُن کا ایسا قتلِ عام کریں گے کہ ایسا کبھی نہ کیا ہوگا اور بنی ذنب الحمار کا جو شخص دمشق میں آئے گا تو وہ مع اپنے ساتھیوں کے قتل ہو جائے گا۔ چنانچہ قرآن مجید کی یہ آیت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

"پس گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا اور حیف ہے اُن پر جو یومِ عظیم کی پیشی سے انکاری ہیں۔" (سورہ مریم آیت ۳۷)

سفیانی اور اس کے ساتھی خروج کریں گے اور اُن کا مقصد صرف آلِ محمدؐ اور اُنکے شیعہ ہوں گے۔ چنانچہ وہ ایک فوج کوفہ بھیجے اور وہاں بہت سے آلِ محمدؐ کے شیعہ قتل کیے جائیں گے یا سولی پر لٹکائے جائیں گے۔ اور خراسان سے ایک پرچم آئے گا جو ساحلِ دجلہ پر اُترے گا اور فوج کا ایک دستہ مدینے کی جانب بھیجے گا وہاں ایک شخص کو قتل کیا جائے گا تو امام مہدیؑ اور منصور مدینے نکل جائیں گے اور آل محمدؐ کے سب چھوٹے بڑے گرفتار کر لیے جائیں گے اور قید کر لیے جائیں گے پھر اُن دونوں کی تلاش میں فوج نکلے گی حضرت امام مہدیؑ حضرت موسیٰؑ کی طرح وہاں سے خائف و مترقّب وہاں سے نکل کر مکّہ کی طرف روانہ ہوں گے اور فوج انکی فکر میں آگے بڑھے گی جب وہ بیابان میں پہونچے گی تو زمین شق ہو جائے گی اور سب اس میں سما جائیں گے سوائے ایک خبر دینے والے کے اور کوئی نہ بچے گا۔ اس وقت امام مہدی علیہ السّلام رُکن و مقام کے درمیان کھڑے ہو کر نماز پڑھیں گے اور اُن کے ساتھ اُن کا وزیر بھی ہوگا۔ پھر آپ مجمع کو خطاب فرمائیں گے: اَیُّہا النّاس! جن لوگوں نے ہم پر ظلم کیا ہے اور ہمارے حقوق ہم سے چھین لیے ہیں ہم اُن کے مقابلے میں اللہ کی مدد چاہتے ہیں، اب جو شخص اللہ کے بارے میں ہم سے بحث کرنا چاہے وہ آئے ہم ثابت کریں گے کہ اللہ ہمارا ہے اور ہم اُس سے زیادہ اللہ کے حقدار ہیں، اور جو ہم سے آدمؑ کے لیے بحث کرے گا تو ہم ثابت کریں گے کہ ہم لوگوں سے زیادہ حضرت آدمؑ کے وارث و حقدار ہیں، اور جو شخص ہم سے نوحؑ کے بارے میں بحث کرے گا تو ہم ثابت کریں گے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ ہم نوحؑ کے سب سے زیادہ وارث وحقدار ہیں، اور جو ہم سے حضرت ابراہیمؑ کے متعلق بحث کرے گا تو ہم ثابت کریں گے کہ ہم حضرت ابراہیمؑ کے سب سے زیادہ وارث وحقدار ہیں اور جو شخص ہم سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق بحث کرے گا تو ہم ثابت کریں گے کہ ہم تمام لوگوں میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب سے زیادہ وارث وحقدار ہیں اور جو شخص ہم سے انبیائے کرام کے متعلق بحث کرے گا تو ہم ثابت کریں گے کہ ہم انبیائے کرام کے سب سے زیادہ وارث وحقدار ہیں اور جو شخص ہم سے کتابِ خدا کے متعلق بحث کرے گا تو ہم یہ بھی ثابت کریں گے کہ ہم کتابِ خدا کے سب سے زیادہ وارث وحقدار ہیں۔

بیشک ہم گواہی دیتے ہیں اور آج تمام مسلمان گواہی دیں گے کہ ہم لوگوں پر ظلم کیا گیا، ہمیں ہمارے حقوق سے محروم کیا گیا، ہم سے بغاوت کی گئی، ہمیں ہمارے گھروں سے، ہمارے اموال سے، ہمیں ہمارے اہلِ خاندان سے جُدا کر دیا گیا اور نکال دیا گیا، اور قہر وستم ڈھائے گئے، آج ہم اور تمام مسلمان اللہ سے نصرت کے طالب ہیں اور دادخواہ ہیں۔

اور بخدا تین سو دس سے کچھ زیادہ (۳۱۳) لوگ آئیں گے جن میں پچاس عورتیں ہوں گی جو سب مکہ میں جمع ہوں گے جس طرح بادلوں کے ٹکڑے ایک کے پیچھے ایک موسمِ خریف یعنی برسات میں جمع ہوا کرتے ہیں۔ اور اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے:

"جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم سب کو یکجا جمع کرے گا بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔" (سورۂ بقرۃ ۱۴۸)

پھر آلِ محمدؐ میں سے ایک شخص کہے گا کہ یہ وہ قریہ ہے جس کے باشندے بڑے ظالم ہیں۔

اس کے بعد وہ (حضرت امام مہدی علیہ السلام) اور اُن کے ساتھ ۳۱۳ آدمی جنھوں نے رکن ومقام کے درمیان اُن سے بیعت کی ہوگی مکہ سے خروج کریں گے اُن کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام تبرکات اور عَلَم آنحضرتؐ کا اور آپؐ کے اسلحے (وغیرہ) ہوں گے اور امام مہدی علیہ السلام کے ساتھ اُن کا وزیر بھی ہوگا، مکہ میں ایک منادی اُن کے نام کے ساتھ اُن کی امامت کا اعلان کرے گا جس کو تمام اہلِ زمین سُنیں گے، اُن کا نام اُن کے نبیؐ کا نام ہوگا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اگر اس میں تم لوگوں کو کوئی اشکال و قباحت درپیش ہو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تبرکات، اُن کے عَلَم اور اُن کے اسلحے[1] میں تو کوئی اشکال و قباحت نہ ہونی چاہیے اور اگر اس کے ماننے میں بھی اشکال و تردّد ہو تو اُن کے نام کے ساتھ اُن کی امامت کا آسمان سے اعلان ہونے میں تو کوئی اشکال نہ ہوگا۔ اور آلِ محمدؐ میں سے شاذ شاذ لوگوں سے خود کو بچانا کیونکہ محمدؐ اور علیؑ کی آل کا پرچم ایک ہوگا اور اُنکے علاوہ دوسروں کے مختلف پرچم ہوں گے۔ لہٰذا تم کو زمین پکڑے رہنا لازم ہے اور ان میں سے کسی ایک شخص کی بھی اتباع نہ کرنا جبتک کہ تم یہ نہ دیکھ لو کہ وہ شخص اولادِ امام حسینؑ میں سے ہے اور اُس کے پاس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تبرکات آنحضرتؐ کا پرچم اور آپکے اسلحے ہیں کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تبرکات حضرت علیؑ ابن الحسینؑ کے پاس رہیں گے پھر اُن سے حضرت محمدؐ بن علیؑ کو ملیں گے اور اللہ جو چاہے گا کرے گا۔

[1] اور امام حسینؑ کی اولاد میں سے نفس زکیہ

پھر تم ان حضرات کے دامن سے متمسک رہنا اور اُن لوگوں سے بچنا جن کا میں نے ذکر کیا ہے۔ جب ان میں کوئی ایسا شخص خروج کرے جس کے ساتھ ۳۱۳ آدمی ہوں اور اس کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تبرکات ہوں اور وہ مدینے کا قصد کرے اور بیابان سے گذرے اور کہے کہ یہ جگہ اس قوم کی ہے جو زمین میں دھنس جائے گی: چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"کیا وہ لوگ جنھوں نے بُری تدبیریں کیں اپنے آپ کو اس بات سے امان میں خیال کرتے ہیں کہ اللہ اُنھیں زمین میں دھنسا دے یا اُن پر اُس طرف سے عذاب آجائے جس کا اُنھیں شعور بھی نہ ہو۔ یا وہ اُن کو چلتے پھرتے اپنی گرفت میں لے ڈالے، اور وہ اُس کو عاجز نہیں کر سکتے۔" (سورۂ نحل آیت ۴۵۔۴۶)

جب وہ مدینہ پہونچیں گے تو محمد بن شجری حضرت یوسف علیہ السلام کی سنّت کے مطابق نکلے گا۔ پھر آپ کوفہ آئیں گے اور وہاں طویل عرصہ تک جبتک اللہ تعالیٰ کا حکم ہوگا ٹھہریں گے اور اس پر تسلّط حاصل کریں گے پھر وہاں سے وہ اور اُن کے رفقاء روانہ ہوں گے اور مقام عذرا پر پہونچیں گے (اور یہ دمشق میں وہ مقام ہے جہاں معاویہ نے حُجر بن عدی کو قتل کیا تھا اور بہت سے لوگ آپ کے ساتھ ہو جائیں گے اور سفیانی ان دنوں وادیٔ رملہ میں ہوگا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اب جبکہ دونوں کی (افواج میں) مڈبھیڑ ہوگی تو وہ دن اَدل بدل کا ہوگا۔
یعنی شیعانِ آلِ محمدؐ میں سے جو لوگ سفیانی کی فوج ہوں گے وہ اُسکی فوج سے نکل کر امام مہدی علیہ السلام کی فوج میں آجائیں گے اور سفیانی کے ماننے والوں میں سے جو لوگ امام مہدیؑ کی فوج میں ہوں گے وہ اُس سے نکل کر سفیانی کی فوج میں چلے جائیں گے اور ان لوگوں میں سے ہر ایک اپنے اپنے پرچم تلے پہونچ جائے گا اور وہی یوم ابدال یعنی اَدل بدل کا دن ہوگا۔

امیرالمومنینؑ نے فرمایا: کہ اس دن سفیانی اور اُس کے سارے ساتھی قتل ہوجائیں گے انکی خبر دینے والا بھی نہ بچے گا، اُس دن بنی کلب کے مالِ غنیمت سے جو محروم رہا وہ واقعی محروم رہا۔ پھر آپ وہاں سے کوفہ تشریف لائیں گے اور اسی کو اپنی منزل بنائیں گے۔

پس آپ کسی ایک بھی مسلمان غلام کو نہ چھوڑیں گے سب کو خرید کر آزاد کردیں گے اور ہر قرضدار کا قرض ادا فرمائیں گے اور ہر ایک کی گردن پر اگر کسی کا مظلمہ اور بار ہوگا تو اس کو بھی ادا کریں گے۔ اگر کوئی غلام قتل ہوا ہے تو اُس کا خون بہا اُس کے ورثار کو ادا کریں گے، اگر کوئی مرد آزاد قتل ہوا ہے تو اس کا قرض آپ ادا کریں گے اور اس کے اہل وعیال کو عطا و بخشش سے نوازیں گے، یہانتک کہ زمین عدل وانصاف سے اسی طرح بھر جائیگی جس طرح وہ اس سے پہلے ظلم وجور سے بھری ہوگی۔ پھر آپ اور آپ کے اہلِ بیتؑ مقامِ رحبہ میں سکونت اختیار فرمائیں گے جو ایک پاک وطیب جگہ ہے اور حضرت نوحؑ کی جائے سکونت تھی۔

(تفسیر عیاشی)

مومنین ومنافقین چھانٹ کر الگ الگ کردیے جائیں گے

۸۸

جعابی نے محمد بن موسیٰ حضرمی سے، اُنھوں نے مالک بن عبید اللہ سے، اُنھوں نے علی بن معبد سے، اُنھوں نے اسحاق بن ابو یحییٰ کعبی سے، اُنھوں نے سفیان ثوری سے، اُنھوں نے منصور ربعی سے، اُنھوں نے خراش سے، اُنھوں نے حذیفہ بن یمانی سے روایت کی ہے کہ حذیفہ کا بیان ہے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ

"یمیز اللہ اولیاءہ واصفیاءہ حتیٰ یطھر الارض من المنافقین و

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الضّالّین وابناء الضّالّین وحتّی تلتقی بالرّجل یومئذٍ خمسون امرأۃ ھذہ تقول: یا عبد اللہ اشترنی وھذہ تقول: یا عبد اللہ اٰوِنی "

ترجمہ " اللہ تعالیٰ اپنے اولیاء اور برگزیدہ بندوں کو منافقین اور گمراہوں اور اُن کی اولاد سے چھانٹ چھانٹ کر الگ کر دے گا۔ حدیث ہے کہ ایک مرد کے پاس پچاس پچاس عورتیں آئیں گی، ایک کہے گی، اے بندۂ خدا! تو مجھے خرید لے دوسری کہے گی، اے بندۂ خدا! تو مجھے اپنی پناہ میں لے لے۔"

(۸۹) قیامت کے دن لوگوں کی تقسیم

ابن عقدہ نے احمد بن محمد دینوری سے، اُنھوں نے علی بن حسن کوفی سے، اُنھوں نے عمرۃ بنت اَوس سے، اس نے کہا مجھ سے بیان کیا میرے جدّ خضر بن عبدالرحمٰن نے، اور خضر نے عبداللہ بن حمرہ سے، اُنھوں نے کعب الاحبار سے روایت کی ہے، کعب کہتے ہیں کہ:

" اذا کان یوم القیامۃ حشر الخلق علی اربعۃ اصناف: صنف رکبان، وصنفٌ علی اقدامھم یمشون، وصنفٌ مکبّون وصنفٌ علی وجوھھم صمٌّ بکمٌ عمیٌ فھم لا یعقلون ولا یکلّمون ولا یؤذن لھم فیعتذرون اولئک الّذین تلفح وجوھھم النار وھم فیھا کالحون۔۔۔

ترجمہ " قیامت کے دن تمام لوگ چار قسموں میں ہوں گے۔ کچھ لوگ اپنی اپنی سواریوں پر آئیں گے، کچھ لوگ پا پیادہ آئیں گے، کچھ لوگ جھکے ہوئے آئیں گے اور کچھ لوگ منھ کے بل گرتے پڑتے، اندھے، بہرے اور گونگے آئیں گے وہ بات نہ کر سکیں گے اور نہ انھیں یہ اجازت ہوگی کہ وہ اپنے گناہوں کا کوئی عذر پیش کر سکیں۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جن کے چہرے آتشِ جہنّم سے جھلسے ہوئے اور وہ اپنے ہونٹ لٹکائے ہوئے ہوں گے۔

پس کہا گیا کہ اے کعب! وہ لوگ کون ہوں گے جو اپنے چہروں کے بل محشور ہوں گے اور اُن کا یہ حالِ بد ہوگا؟

کعب نے جواب دیا: وہ لوگ گمراہ اور مرتد اور بیعت کر کے توڑنے والے ہوں گے اور وہ اللہ کی بارگاہ میں اس حال میں پیش ہوں گے، اُنھوں نے اپنے خلیفہ، اپنے نبیؐ کے وصیؑ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اپنے عالم، اپنے فاضل اور حاملِ لواء، ولیِ حوضِ کوثر اور اس دنیا کے بعد اُس عالمِ آخرت میں سب کی اُمیدگاہ سے جنگ کی، حالانکہ وہ ایسے صاحبِ علم ہیں کہ جن کی ذاتِ گرامی سے ناواقفیت کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا، اور یہی وہ خدا کی طرف سے حجت ہیں کہ جس نے اِن کو چھوڑا وہ ہلاک ہوا اور سیدھا جہنّم میں گیا۔

ربِّ کعبہ کی قسم، وہ علیؑ ہی ہیں جو سب سے زیادہ صاحبِ علم ہیں، منزلِ تسلیم و تصدیقِ اسلام میں سب سے مقدّم و سبقت کرنے والے اور سب سے زیادہ صاحبِ حِلم ہیں۔

کعب کو اُن لوگوں پر تعجّب ہوا جنھوں نے علیؑ پر دوسروں کو مقدّم کیا جو امام قائم مہدی علیہ السّلام کے بارے میں شک کرتے ہیں، جو زمین کی کایا ہی پلٹ دیں گے اور عیسیٰ بن مریم اُن کے متعلّق نصاریٰ، روم و چین کے سامنے گواہ ہوں گے۔ امام مہدیؑ نسلِ علیؑ سے ہوں گے اور وہ تمام لوگوں کے مابین خَلق و خُلق، صورت و ہیبت میں حضرت عیسیٰ سے سب سے زیادہ مشابہ ہوں گے

امام قائم علیہ السّلام حضرت علی علیہ السّلام کی نسل سے ہوں گے اور وہ اسی طرح غیبت میں ہوں گے جیسے حضرت یوسف علیہ السّلام غیبت میں تھے اور وہ اسی طرح واپس آئیں گے جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام واپس آئینگے پھر وہ غیبت کے بعد سرخ ستارے کے طلوع ہونے اور رے کے برباد ہونے اور بغداد کی زمین کے دھنس جانے اور خروجِ سفیانی اور اولادِ عبّاس کے آرمینہ و آذربیجان کے جوانوں کے ساتھ جنگ ہو جانے کے بعد ہی ظہور کریں گے۔

• یہ وہ جنگ ہوگی جس میں ہزاروں ہزار قتل ہوں گے، ہر ایک چمکدار تلوار لیے ہوئے ہوگا اور سب سیاہ پرچم کے تلے ہوں گے، یہ جنگ موتِ احمر اور طاعونِ اکبر کا پیش خیمہ ہوگی۔ (غیبتہ نعمانی)

۹۰ حاملانِ عرش کے خون کے آنسو

انھیں اسناد سے خضر بن عبدالرحمٰن نے اپنے والد سے، انھوں نے اپنے دادا ثمر بن ... سے روایت کی ہے کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"لا یقوم القائم حتّٰی تفقأ عین الدنیا وتظهر الحمرة فی السماء وتلك دموع حملة العرش علیٰ اهل الارض وحتّٰی یظهر فیهم قوم لاخلاق لهم یدعون لولدی وهم براء من ولدی" (غیبۃ نعمانی)

"امام قائمؑ اس وقت ظہور وقیام کریں گے جب دنیا کی آنکھیں اندھی ہو چکی ہوں گی اور آسمان پر سرخی نمودار ہوگی اور یہ سرخی درحقیقت حاملانِ عرش کے خون کے آنسو ہوں گے جو وہ اہلِ زمین کے حالِ زار پر بہائیں گے۔ یہ اس وقت ہوگا جب ایسے بداخلاق لوگ پیدا ہوں گے کہ جب وہ اپنے بیٹے اور اولاد کو پکاریں گے اور وہ اُن کی ایک نہ سنیں گے اور وہ ان سے بیزار ہونگے" (غیبۃ نعمانی)

(۹۱) آسمان کی گردش کا مطلب

محمّد بن ھمام نے حمید بن زیاد سے، حمید نے حسن بن محمّد بن سماعہ سے، اُنھوں نے احمد بن الحسن سے، اُنھوں نے زائدہ بن قدامہ سے اور زائدہ نے عبدالکریم سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے امامِ قائم علیہ السلام کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا:

"انّٰی یکون ذٰلك ولم یستدر الفلك حتّٰی یقال مات اَوهلك، فی اَیّ واد سلك"

فقلتُ: وما استدارة الفلك؟

فقالؑ: اختلاف الشیعة بینهم"

ترجمہ: "ابھی یہ کہاں ممکن ہے ابھی تو آسمان ہی گردش میں نہیں آیا، اور یہ اُس وقت ہوگا جب لوگ یہ کہنے لگیں کہ (صاحب الامر امام قائمؑ) مرچکے یا کسی دوسری وادی میں نکل گئے۔"

میں نے عرض کیا: آسمان کی گردش کا کیا مطلب ہے؟

آپ نے فرمایا: شیعوں کے درمیان آپس کا اختلاف" (غیبۃ نعمانی)

(۹۲) ۱۵۰ھ ہجری کے بعد کیا ہوگا

ابنِ عقدہ نے حمید بن زیاد سے، اُنھوں نے علی بن صبّاح سے، علی نے ابوعلی الحسن

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بن محمدؐ سے، اُنھوں نے جعفر بن محمدؐ سے، جعفر نے ابراہیم بن عبدالحمید سے، ابراہیم نے ابنِ طریف سے، ابنِ طریف نے ابنِ نباتہ سے، اور ابنِ نباتہ نے حضرت ابوالائمہ امام علی علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا:

"یاتیکم بعد الخمسین والمائة اُمراء کفرة واُمناء خونة وعرفاء فسقة، فتکثر التّجّار وتقلّ الارباح ویشفو الرّباء، وتکثر اولاد الزّناء وتتناکر المعارف وتعظم الاهلة وتکتفی النّساء بالنّساء، والرّجال بالرّجال۔"

فحدّث رجلٌ عن علی بن ابی طالبؑ علیہ السّلام انّہٗ قام الیہ رجل حین یحدّث بھٰذا الحدیث:

فقال لہ: یا امیرالمومنینؑ! وکیف نصنع فی ذٰلک الزّمان؟

فقالؑ: الھرب الھرب وانّہ لایزال عدل اللہ مبسوطاً علیٰ ھٰذہ الاُمّة مالم یمل قرّاؤھم الیٰ اُمرائھم ومالم یزل ابرارھم ینھی فجّارھم، فان لم یفعلوا ثمّ استقروا: فقالوا: لا الٰہ الّا اللہ قال اللہ فی عرشہ: کذبتم لستم بھا صادقین۔" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: "۱۵۰ ہجری کے بعد تم پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ جب کافر لوگ امیر و حاکم بنیں گے خیانت کرنے والے امین سمجھے جائیں گے، فاسق لوگ عارف باللہ کہے جائیں گے، تجارت کثرت سے ہوگی مگر منافع کم ہوگا، سود کا کاروبار کھلے عام ہوگا، زنا زادوں کی کثرت ہوگی، نیکی کو بدی سمجھا جائے گا، خوبصورت و حسین لڑکوں کی تعظیم کی جائے گی، عورتیں عورتوں پر اکتفا کریں گی، اور مرد مردوں پر اکتفاء کریں گے۔"

ایک شخص کا بیان ہے کہ جبوقت امیرالمومنین علیہ السّلام ارشاد فرما رہے تھے تو ایک شخص مجمع سے اُٹھا اور:

اُس نے عرض کیا: یاامیرالمومنینؑ! پھر ایسے دور میں ہم لوگوں کے لیے کیا لازم ہے؟

آپؑ نے فرمایا: بھاگو بھاگو (ان سب سے دور رہو) اللہ تعالیٰ کے عدل کا سایہ اس امّت پر ہمیشہ رہے جبتک کہ اُن کے قاریانِ قرآن اپنے حاکموں کی طرف مائل نہ ہوں اور جبتک اس امّت کے نیک بندے، فاجروں کو بُرائیوں کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ارتکاب سے منع نہ کرتے رہیں گے۔ اگر وہ ایسا نہ کریں گے اور صرف زبان سے کہتے رہیں گے کہ لا الٰہ الا اللہ تو اللہ تعالیٰ کہے گا کہ تم جھوٹے ہو، سچے نہیں ہو۔"

(۹۳) ظہورِ قائمؑ سے قبل لوگ بھوک اور خوف میں مبتلا ہوں گے

ابنِ عقدہ نے احمد بن یوسف سے، اُنھوں نے ابنِ مہران سے، اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے اور ابوبصیر کا بیان ہے کہ: حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ:

"لابُدّ اَن یکون قدّام القائمؑ سنۃ تجوع فیہا النّاس و یصیبھم خوف شدید من القتل، ونقص من الاموال و الانفس و الثمرات فانّ ذالك فی کتاب اللہ لبیّن ثمّ تلا ھذہِ الاٰیۃ:

"وَ لَنَبْلُوَنَّکُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ ....." (سورۃ البقرۃ آیت ۱۵۵)

ترجمہ: "امام قائم علیہ السلام کے قیام سے قبل ایک سال لازمی ایسا آئے گا کہ لوگ بھوک اور فاقے میں مبتلا ہوں گے اور انھیں قتل کا شدید خوف ہوگا، اُن کو جان و مال اور پھلوں کا نقصان اُٹھانا پڑے گا۔ اس لیے کہ یہ بات کتاب خدا میں آچکی ہے" پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

ترجمۂ آیت: "اور البتہ ہم تمھیں کچھ خوف اور بھوک اور جانوں و مالوں اور پھلوں کے نقصان سے ضرور آزمائیں گے اور صبر کرنے والوں کو بشارت دیدے۔۔"

(غیبۃ نعمانی)

(۹۴) آیت "ولنبلوّنکم....." کی تفسیر

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ علوی سے، اُنھوں نے علی بن ابراہیم بن ہاشم سے اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن حفص سے، اُنھوں نے عمرو بن شعر سے، اُنھوں نے جابر الجعفی سے روایت بیان کی ہے اور جابر الجعفی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت "وَلَنَبْلُوَنَّکُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ...

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا:

"یا جابر! ذٰلك خاصٌّ وعامٌّ فاَمّا الخاصُّ من الجوع بالکوفة یخصُّ اللہ بہ اعداء آل محمّدؐ فیہلکہم واَمّا العامُّ فبالشّام یصیبہم خوف وجوع ما اَصابہم بہ قطُّ، واَمّا الجوع فقبل قیام القائمؑ علیہ السّلام واَمّا الخوف فبعد قیام القائم علیہ السّلام"

ترجمہ: "اے جابر! یہ آیت خاص بھی ہے اور عام بھی۔ خاص تو یہ ہے کہ اہلِ کوفہ بھوک میں مبتلا ہوں گے اور اس کو آلِ محمدؐ کے دشمنوں کے لیے مخصوص کر دیا ہے اور عام یہ کہ: بھوک اور خوف میں اہلِ شام ایسے مبتلا رہوں گے کہ اس سے پہلے کبھی مبتلا نہیں ہوئے ہوں گے۔ اور قبلِ ظہورِ قائمؑ بھوک میں مبتلا رہوں گے اور بعدِ ظہورِ قائمؑ خوف میں مبتلا رہوں گے۔"

(۹۵) ظہورِ قائمؑ کی تین نشانیاں

ابنِ عقدہ نے محمّد بن مفضّل سے، اُنھوں نے ابنِ فضّال سے، اُنھوں نے ثعلبہ سے ثعلبہ نے معمر بن یحییٰ سے، معمر نے داؤد دُجاجی سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"سُئِل امیرالمومنینؑ (عن قولہ تعالیٰ)

"فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَیْنِہِمْ" (سورۂ مریم آیت ۳۷)

فقالؑ: "انتظروا الفرج من ثلاث"

نقلتُ: یا امیرالمومنینؑ! وَمَا ھُنَّ؟

فقال: اختلاف اھل الشّام بینہم والرّایات السود من خراسان والفزعۃ فی شھر رمضان"

فَقِیلَ: وما الفزعۃ فی شھر رمضان؟

فقالؑ: اَمَا سمعتم قول اللہ عزّوجلّ فی القرآن:

"اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْہِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَۃً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُہُمْ لَہَا خٰضِعِیْنَ" (سورہ شعراء آیت ۴)

"اٰیۃ تخرج الفتاۃ من خدرھا وتوقظ النائم وتفزع الیقظان"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ: "حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے قولِ خدا آیتِ سورۂ مریم:

"فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ" (سورۂ مریم ۳۷)
(پس گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا۔) (سورہ زخرف ۶۵)

کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا: علامتوں کے بعد فرج وکشادگی کا انتظار کرنا۔"

میں نے عرض کیا: یا امیر المومنین! وہ علامتیں کیا ہیں؟

آپ نے فرمایا: اہلِ شام کا آپس میں اختلاف، سیاہ جھنڈوں کا خُراسان کی طرف سے آنا اور ماہِ رَمضان میں فزع (خوف ودہشت)۔

میں نے عرض کیا: ماہِ رَمضان میں کیسا فزع اور دہشت وخوف؟

آپ نے فرمایا: کیا تم لوگوں نے اللہ تعالیٰ کا یہ قول نہیں سنا ہے کہ:

"اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ" (سورۂ شعرا آیت ۴)

(اگر ہم چاہتے تو ہم اُن کے اوپر آسمان سے کوئی علامت ونشانی نازل کردیتے جس کے سامنے عاجزی کے ساتھ اُن کی گردنیں جُھک جاتیں)

وہ ایسی آیت اور نشانی ہوگی کہ پردہ نشین عورتیں بھی اس کو دیکھنے کے لیے پردے سے نکل آئیں گی، سوتے ہوئے لوگ جاگ اٹھیں گے، جاگتے ہوئے لوگ خوف سے کانپنے لگیں گے۔" (غیبتہ نعمانی)

(۹۶) اعلانِ ظہور کے وقت ابلیسؑ کا اعلان

ابنِ عقدہ نے احمد بن یوسف سے، احمد نے ابنِ مہران سے، اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے اُنھوں نے اپنے والد سے اور وہیب سے اور اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے اور ابوبصیر نے کہا کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ:

"اذا رأيتم نارا من المشرق شبه الهروي العظيم تطلع ثلاثة ايام او سبعة، فتوقعوا فرج آل محمدؐ انشاء الله عزّ وجلّ ان الله عزيز حكيم

ثم قال: الصيحة لا تكون الا في شهر رمضان شهر الله وهي صيحة جبريل الى هذا الخلق

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثم قال : ينادى منادٍ من السماء باسم القائم عليه السلام فيسمع من بالمشرق ومن بالمغرب لا يبقى راقد إلّا استيقظ ولا قائم إلّا قعد ، ولا قاعد إلّا قام على رجليه فزعًا من ذلك الصوت ، فرحم الله من اعتبر بذلك الصوت فأجاب ، فإنّ الصوت الأوّل هو صوت جبرائيل الرّوح الأمين -

وقال ع : الصّوت في شهر رمضان في ليلة جمعة ليلة ثلاث و عشرين فلا تشكّوا في ذلك واسمعوا واطيعوا ، وفي آخر النّهار صوت إبليس اللّعين ينادي "ألا إنّ فلانًا قتل مظلومًا ليشكّك النّاس و يفتنهم ، فكم ذلك اليوم من شاكّ متحيّر قد هوى في النّار ، واذا سمعتم الصوت في شهر رمضان فلا تشكّوا أنّه صوت جبرائيل وعلامة ذلك أنّه ينادي باسم القائم واسم ابيه حتّى تسمعه العذراء في خدرها فتحرّض اباها واخاها على الخروج

وقال ع : لا بدّ من هذين الصّوتين قبل خروج القائم عليه السلام صوت من السماء وهو صوت جبرائيل وصوت من الارض فهو صوت ابليس اللّعين ينادي باسم فلان انّه قتل مظلومًا يريد الفتنة فاتّبعوا الصّوت الأوّل واياكم والاخيران تفتتنوا به -

وقال ع : لا يقوم القائم إلّا على خوف شديد من النّاس و زلازل و فتنة وبلاء يصيب النّاس و طاعون قبل ذلك وسيف قاطع بين العرب واختلاف شديد بين النّاس و تشتيت في دينهم وتغيير في حالهم حتّى يتمنّى المتمنّى (الموت) صباحًا ومساءً من عظم ما يرى من كلب النّاس واكل بعضهم بعضًا -

فخروجه عليه السلام اذا خرج يكون عند اليأس و القنوط من أين يروا فرجًا فيك طوبى لمن ادركه وكان من انصاره والويل كلّ الويل لمن ناواه وخالفه وخالف امره وكان من اعدائه -

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وقال ع : يقوم بأمر جديد وكتاب جديد وسنّة جديدة وقضاء (جديد) على العرب شديد، وليس شأنه إلّا القتل لا يستبقي أحداً ولا يأخذه في الله لومة لائم.

ثمّ قال ع: اذا اختلف بنو فلان فيما بينهم فعند ذلك (فانتظروا) الفرج وليس فرجكم إلّا في اختلاف (بني) فلان فاذا اختلفوا فتوقّعوا الصّيحة في شهر رمضان بخروج القائم: إنّ الله تفعل ما يشاء، ولن يخرج القائم ولا ترون ما تحبّون حتّى يختلف بنو فلان فيما بينهم، فاذا كان ذلك طمع النّاس فيهم واختلفت الكلمة وخرج السفياني.

وقال عليه السلام: لابدّ لبني فلان أن يملكوا، فاذا ملكوا ثم اختلفوا تفرّق كلّهم وتشتّت امرهم حتّى يخرج عليهم الخراساني والسّفياني: هذا من المشرق، وهذا من المغرب يستبقان الى الكوفة كفرسَي رهان: هذا من هنا، وهذا من هنا حتّى يكون هلاك بني فلان على ايديهما، أمّا انّهما لا يسبقون منهم احداً

ثمّ قال عليه السلام: خروج السفياني واليماني والخراساني في سنة واحدة وفي شهر واحد في يوم واحد ونظام كنظام الخرز يتبع بعضه بعضاً فيكون البأس من كلّ وجه، ويل لمن ناواهم وليس في الرايات اهدى من راية اليماني هي راية هدى لأنّه يدعو الى صاحبكم، فاذا خرج اليماني حرم بيع السلاح على (الناس و) كلّ مسلم واذا خرج اليماني فانهض اليه، فانّ رايته راية هدى ولا يحلّ لمسلم ان يلتوي عليه، فمن فعل فهو من اهل النار لأنّه يدعو الى الحقّ والى طريق مستقيم.

ثمّ قال عليه السلام لي: إنّ ذهاب ملك بني فلان كقصع الفخّار وكرجل كانت في يده فخّارة وهو يمشي اذا سقطت من يده و هوى به فانكسرت، فقال حين سقطت: هاه ــــ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سبب الفزع ، فذهاب ملکهم هکذا اغفل ما کانوا عن ذهابه

وقال علیہ السلام : علی منبر الکوفة : ان اللہ عزوجل ذکرہ قدر فیما قدر و قضیٰ بانہ کائن لا بدّ منہ ، اخذ بنی امیّة بالسیف جهرة وانّ اخذ بنی فلان بغتة ۔

وقال علیہ السلام : لا بدّ من رحی تطحن ، فاذا قامت علی قطبها وثبتت علی ساقها بعث اللہ علیها عبدًا عسفًا[1] خاملًا اصله ، یکون النصر معه ، اصحابه الطویلة شعورهم ، اصحاب السبال ، سود ثیابهم ، اصحاب رایات سود ، ویل لمن ناواهم یقتلونهم هرجًا ۔

واللہ لکانّی انظر الیهم والی افعالهم ، وما یلقی من الفجّار منهم والاعراب الجفاة بسلّطهم اللہ علیهم بلا رحمة فیقتلونهم هرجًا علی مدینتهم بشاطئ الفرات البرّیة والبحریة جزاء بما عملوا وما ربّک بظلّام للعبید ۔

ترجمہ : "آپ نے فرمایا :"

"جب تم لوگ دیکھو کہ مشرق سے ایک عظیم آگ کرکم (زعفرانِ ہندی) کے مانند نمودار ہوئی جو تین یا سات دن تک برابر روشن رہیگی تو اُس وقت آلِ محمدؐ کے فرج وکشادگی کی توقع رکھنا ، انشاء اللہ ۔ اور بیشک اللہ تعالیٰ قوی اور حکمت والا ہے ۔

پھر فرمایا : صیحہ (باآوازِ بلند اعلان) ماہِ رمضان ہی میں ہوگا جو اللہ کا مہینہ ہے اور یہ صیحہ واعلان کُل مخلوق کے لیے جبرائیل امین کریں گے ۔

پھر فرمایا : ایک منادی آسمان سے امام قائم علیہ السلام کے نام کا اعلان کرے گا جسے سارے مشرق ومغرب کے لوگ سُنیں گے ۔ اس اعلان کو سنکر سوتا ہوا شخص جاگ جائے گا ، بیٹھا ہوا کھڑا ہو جائے گا اور بیٹھا ہوا خوف کے مارے کھڑا ہو جائے گا اور اللہ رحم کریگا اس بندے پر جو اس آواز پر لبّیک کہے گا ، اس لیے کہ یہ پہلی آواز حضرت جبریل روح الامین کی ہوگی ۔

پھر فرمایا : یہ اعلان ۲۳ رمضان شبِ جمعہ میں ہوگا ۔ اس اعلان میں کوئی شک نہ کرنا اس آواز پر لبّیک کہنا ، اور شام کے وقت ابلیس ملعون اعلان کرے گا کہ آگاہ ہو جاؤ کہ

[1] مراد بہ عسر الخلق وضیقہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فلاں مظلوم قتل کر دیا گیا ؛ تاکہ لوگوں کو شک اور فتنے میں مبتلا کر دے۔ اور اُس دن کتنے لوگ ابلیس ملعون کی اس آواز کو سنکر شک میں پڑیں گے اور وہ واصلِ جہنّم ہوں گے۔ غرض تم لوگ جب ماہِ رمضان میں سنو تو شک نہ کرنا کیونکہ اس کی واضح پہچان یہ ہوگی کہ یہ اعلان حضرت امام قائم علیہ السّلام کے نام سے اور آپ کے پدر کے نام کے ساتھ ہوگا۔ اس اعلان کو پردہ نشین عورتیں بھی سنیں گی اور اپنے باپ اور بھائیوں کو خروج کرنے کے لیے ہمت بڑھائیں گی

پھر فرمایا : یہ دونوں اعلان قبل ظہورِ امامؑ لازماً ہوں گے۔ ایک اعلان آسمان سے جو حضرت جبریل کریں گے اور ایک اعلان زمین سے جو ابلیس لعین کرے گا کہ فلاں شخص مظلوم قتل ہوا۔ اس اعلان سے وہ فتنہ برپا کرنا چاہے گا۔ اس لیے تم لوگ پہلی آواز پر لبیک کہنا اور دوسری آواز سے محتاط رہنا ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے۔

اور فرمایا : کہ جب امام قائمؑ ظہور فرمائیں گے تو اس سے پہلے لوگوں میں شدید خوف و ہراس ہوگا، زلزلے آئیں گے فتنے برپا ہوں گے، لوگ مصائب میں مبتلا رہیں گے۔ طاعون پھیلا ہوا ہوگا۔ عرب کے اندر آپس میں تلواریں چل رہی ہوں گی، ان میں شدید اختلاف ہوگا، ان کے دین میں انتشار ہوگا، لوگ اسقدر بدحال ہوں گے کہ صبح و شام موت کی تمنّا کرنے لگیں گے، ایک دوسرے کو کھائے جا رہا ہوگا۔

امام قائم علیہ السّلام کا ظہور اُس وقت ہوگا جب لوگ انتہائی مایوسی کے عالم میں ہوں گے، اُنھیں اُمید نہ ہوگی کہ اب فرج و کشادگی ہوگی۔ کتنا خوش بخت ہوگا وہ جو اُن کے زمانے کو پائے گا اور اُن کے انصار میں شامل ہوگا اور بدبخت اور حد درجہ بدنصیب ہوگا وہ جو اُن کو تسلیم نہ کرے۔ اُن کی مخالفت کرے اور اُن کے دشمنوں میں شامل ہو جائے۔

اور فرمایا : کہ امام قائم علیہ السّلام امرِ جدید، کتابِ جدید، سنّتِ جدید اور فیصلۂ جدید کے ساتھ ظہور فرمائیں گے، وہ اہلِ عرب پر بہت سخت ہوں گے، اُن کی نظر میں اُن لوگوں کی سزا صرف قتل ہوگی، وہ اُن میں سے کسی ایک کو بھی چھوڑنا نہ چاہیں گے، وہ اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی پروا نہیں کریں گے

پھر فرمایا : جب بنی فلاں کا آپس میں اختلاف ہو تو اُس وقت فرج و کشادگی کا انتظار کرنا۔ اُن لوگوں کے آپس میں اختلاف ہی کے اندر تم لوگوں کے لیے فرج و کشادگی ہے۔ جب اُن میں اختلاف پایا جائے تو توقّع رکھنا کہ ماہِ رمضان میں امام قائم علیہ السّلام

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کے ظہور کا اعلان آسمان سے ہوگا؛ ویسے اللہ جو چاہے کرے۔ مگر امام قائمؑ اُس وقت تک ظہور و خروج نہ کریں گے اور جو کچھ تم لوگ چاہتے ہو وہ اُسوقت تک نہ ہوگا جبتک کہ بنی فلان میں اختلاف نہ ہو۔ جب ایسا ہوگا تو دوسرے اُن سے حکومت چھین لینے کی کوشش کریں گے کیونکہ اُنمیں اختلاف پیدا ہوجائے گا اور ان کا کلمہ متفرق ہوجائے گا اور سفیانی خروج کرے گا۔

اور فرمایا: اور یہ بھی لازمی ہے کہ بنی فلان کی حکومت ہو پھر جب یہ حاکم ہوجائیں تو انمیں آپس کے اندر اختلاف پیدا ہوجائے اور یہ سب متفرق ہوجائیں گے۔ انکی حکومت کا شیرازہ بکھر جائے گا اور ان پر خراسانی مشرق سے اور سفیانی مغرب سے خروج کرے گا جیسے دوڑ کے دو گھوڑے ایک اِدھر سے دوسرا اُدھر سے یہانتک کہ بنی فلان ان دونوں کے ہاتھوں ہلاک ہوجائیں گے اور ان میں سے کوئی باقی نہ رہے گا۔

پھر فرمایا: سفیانی و خراسانی اور یمانی، ان تینوں کا خروج ایک ہی سال، ایک ہی مہینے اور ایک ہی دن میں ہوگا جیسے موچی کی سُتاری جو ایک کے پیچھے ایک (دھاگے) ڈالتی ہوئی) چلتی ہے۔ اُس وقت ہر طرف مایوسی ہی مایوسی ہوگی۔

ان تینوں کے جھنڈوں میں ہدایت کا جھنڈا صرف یمانی کا ہوگا، اِس لیے کہ وہ تمہارے امامؑ کی طرف بُلائے گا۔ جب یمانی خروج کرے گا تو وہ اسلحوں کی خرید تمام لوگوں خصوصاً تمام مسلمانوں پر حرام کردے گا اور امام قائمؑ کی طرف چلے گا کیونکہ اس کا جھنڈا ہدایت کا نشان ہوگا۔ اور کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ اس کا ساتھ نہ دے، اور جو اس سے گریز کریگا وہ جہنمی ہوگا کیونکہ وہ حق کی طرف بلائے گا اور سیدھے راستے کی طرف دعوت دے گا۔

راوی کا بیان ہے، کہ پھر آپؑ نے مجھ سے فرمایا: کہ بنی فُلان کی حکومت تو اس طرح ٹوٹے گی جیسے کہ مٹّی کا پیالہ، اور جیسے کوئی شخص مٹّی کے کسی برتن کو ہاتھ میں لیے جارہا ہو اور اچانک وہ برتن اُس کے ہاتھ سے چھوٹ کر گر پڑے اور پاش پاش ہوجائے اور اُس کے گرتے ہی وہ ہائے کرکے بیٹھ جائے؛ بس اسی طرح ان کی حکومت اُن کے ہاتھوں سے نکل جائے گی جبکہ حکومت کے چلے جانے کا اُنھیں اس سے پہلے وہم و گمان بھی نہ ہوگا۔

امیر المومنین علیہ السلام نے منبرِ کوفہ پر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ طے کردیا وہ طے ہے اور جو فیصلہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کر دیا اس کو ہونا ہے۔ بنی اُمیّہ یہ حکومت تلوار کے ذریعے بالاعلان حاصل کرینگے اور بنی فلان کو ناگہانی طور پر یہ حکومت مل جائے گی۔

نیز فرمایا: اس چکّی کو لازماً چلنا ہے، اور جب یہ اپنے قطب (کیلی) پر اور اپنے پاؤں اور ساق پر کھڑی ہو جائیگی تو اللہ تعالیٰ ایک ظالم غلام کو، جس کی اصل کا پتہ نہ ہوگا اِس کی طرف بھیجے گا اور فتح و نصرت اس کے ساتھ ہوگی، اس کے ساتھیوں کے لمبے لمبے بال ہوں گے، مونچھیں ہوں گی، سیاہ لباس میں ہوں گے، ان کے پرچم بھی سیاہ ہوں گے۔

خدا کی قسم! گویا میں اُن کو دیکھ رہا ہوں، اُن کے افعال کو دیکھ رہا ہوں کہ ان کے بدکرداروں اور ظالم عربوں کے اوپر کیا گذرے گی۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی بداعمالیوں کے بدلے انھیں (غلام کی فوج کو) ان لوگوں پر مسلّط فرمائے گا جو اِن ہی کے شہر میں دریائے فرات کے کنارے ان کو قتل کریں گے۔ اور تیرا پروردگار اپنے بندوں پر کبھی ظلم نہیں کرتا۔" (غیبتہ نعمانی)

(۹۷) چاند میں چہرے کا نمودار ہونا

محمّد بن ہمام نے فزاری سے، اُنھوں نے موسیٰ بن جعفر بن وھب سے، اُنھوں نے وشّاء سے، اُنھوں نے عبّاس بن عبیداللہ سے، اُنھوں نے داؤد بن سرجان سے، اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے فرمایا:

"العام الّذی فیہ الصّیحۃ قبلہ الآیۃ فی رجب:

قلت: وما ھی؟

قال ؑ: وجہ یطلع فی القمر، ویدٍ بارزۃ۔"

ترجمہ: "جس سال آسمان سے صیحہ و آواز سنائی دے گی تو اس سے قبل رجب میں ایک اور نشانی دیکھی جائے گی۔"

میں نے عرض کیا: وہ نشانی کیا ہوگی؟

فرمایا: چاند کے اندر ایک چہرہ نظر آئے گا۔" اور ایک ہاتھ اُٹھا ہوا ہوگا۔" (غیبتہ نعمانی)

(۹۸) ظہور کی حتمی علامتیں

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے یعقوب بن یزید سے، اُنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

زیاد بن مروان سے، اُنھوں نے عبداللہ بن سنان سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"النّداء من المحتوم والسفیانی من المحتوم، وقتل النّفس الزّکیّۃ من المحتوم وکفّ یطلع من السّماء من المحتوم وقال علیہ السّلام: وفزعۃ فی شہر رمضان توقظ النّائم وتفزع الیقظان وتخرج الفتاۃ من خدرھا۔"

ترجمہ: "آسمانی ندا حتمی ہے، خروجِ سفیانی حتمی ہے، قتلِ نفسِ زکیّہ حتمی ہے اور آسمان سے ایک ہاتھ کا نمودار ہونا حتمی ہے۔

اور فرمایا: اور ماہِ رمضان میں خوف و ہراس، سوتے ہوئے لوگوں کا بیدار ہونا اور جاگتے ہوئے لوگوں کا خوف سے کانپنا، اور پردہ نشین عورتوں کا پردے سے باہر نکل آنا۔

(۹۹) سفیانی، یمانی اور مروانی کا خروج حضرت امام قائمؑ سے قبل ہونا ہے

محمّد بن ھمام نے فزاری سے، اُنھوں نے علی بن عاصم سے، اُنھوں نے بزنطی سے، اور بزنطی نے حضرت امام رضا علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے۔ آپ نے فرمایا:

"قبل ھذا الامر السفیانی والیمانی والمروانی وشعیب بن صالح فکیف یقول ھذا ھذا۔"

ترجمہ "امام قائمؑ کے ظہور سے پہلے تو سفیانی و یمانی اور مروانی اور شعیب بن صالح کا خروج ہوگا۔ پھر یہ لوگ (یعنی محمّد بن ابراہیم وغیرہ) کیسے کہتے ہیں کہ وہ امامِ قائم ہیں۔"

(غیبۃ نعمانی)

(۱۰۰) دابّۃ الارض اور صیحہ

ابن عقدہ نے علی بن الحسین سے، اُنھوں نے علی بن مہزیار سے، اُنھوں نے حمّاد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے حسین بن مختار سے، اُنھوں نے ابنِ ابی یعفور سے، اور ان کا بیان ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"آمسك بيدك هلاك الفلانيّ وخروج السفيانيّ وقتل النفس وجيش الخسف والصّوت"

قلتُ: وما الصّوت؟ هو المنادی؟

قال ؑ: نعم، وبه يعرف صاحب هٰذا الامر۔

ثمّ قال ؑ: الفرج كلّه هلاك الفلانيّ (من بنی عبّاس)

ترجمہ "فلاں شخص کی ہلاکت، سفیانی کے خروج، قتلِ نفسِ زکیہ، لشکر کے زمین میں دھنسے اور صیحہ یعنی آسمانی آواز تک اپنا ہاتھ روکے رہو۔"

میں نے عرض کیا: آواز کیسی؟ کیا آواز دینے والا وہ ہے؟

آپ نے فرمایا: ہاں، وہی آواز صاحب الامر کا تعارف کرائے گی۔

پھر فرمایا: ساری کشادگی تو فُلاں کی ہلاکت پر ہے (بنی عبّاس میں سے)

و

انھیں اسناد کے ساتھ حسین سے، اُنھوں نے ابنِ سیابہ سے، اُنھوں نے عمران بن میثم سے، اُنھوں نے عبایہ ابنِ ربعی سے روایت کی ہے اور عبایہ کا بیان ہے کہ میں ایکمرتبہ حضرت امیر المومنین علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوا، میرے ساتھ چار آدمی اور تھے اور میں پانچواں اور اُن میں سب سے کمسن تھا۔ آپؑ کو میں نے فرماتے ہوئے سنا:

يقولؑ: "حدّثنی اَخی رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم انّہٗ قالؐ:

"انّی خاتم الف نبی وانّك خاتم الف وصی و كلّفتُ مالم يكلّفوا"

فقلتُ: ما انصفك القوم (يا امير المومنين)

فقالؑ: ليس حيث تذهب يا ابن اَخ، واللّٰہ (انّی) لَاَعلم الف كلمة لا يعلمها غيری وغير محمّد صلّی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم و انّهم ليقرؤون منها اٰية فی كتاب اللّٰہ عزّوجلّ، وهی "وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ" (النمل ۸۲)

وما يتدبّرونها حقّ تدبّرها۔

اَلا اَخبركم باٰخر ملك بنی فُلان؟

قُلنا: بلیٰ يا امير المومنين

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ : قتل نفس حرام، فی یوم حرام، فی بلد حرام عن قوم من قریش والّذی فلق الحبّة وبرأ النّسمة مالهم ملك بعده غیر خمسة عشر لیلة ،

قُلنا : هٰذا من شیءٍ او بعده ؟

فقالؑ: صیحة فی شهر رمضان، تفزع الیقظان وتوقظ النّائم، و تخرج الفتاة من خدرها ۔"

ترجمہ : "میں نے اپنے بھائی حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ میں ایک ہزار انبیاء کا خاتم ہوں اور (اے علیؑ !) تم ایک ہزار اوصیاء کے خاتم ہو۔ اور میں نے ایسی شدید تکالیف برداشت کیں جو کسی نبی نے برداشت نہ کیں۔

میں نے عرض کیا: یا امیر المومنین ! قوم نے واقعاً آپ کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔

آپ نے فرمایا: اے بھتیجے ! تم جیسا کہتے ہو ایسا ہی نہیں ہے بلکہ خدا کی قسم، میں ایک ہزار باتیں ایسی ہیں جنھیں سوائے میرے اور سوائے حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے کوئی اور نہیں جانتا۔ یہ لوگ قرآن مجید کی یہ آیت پڑھتے ہیں مگر اس پر غور نہیں کرتے۔ "واذا وقع ..... لا یوقنون" (سورہ نمل پ۲۰ آیت ۸۲)

ترجمہ آیت: "اور جب اُن لوگوں پر وعدہ پورا ہو جائے گا تو ہم اُن کے لیے زمین میں سے ایک دابّہ (ذی حیات) کو برآمد کریں گے جو اُن سے کلام کرے گا کہ لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں کرتے تھے۔"

درحقیقت یہ لوگ اس پر تدبّر اور غور و فکر سے کام لیتے ہی نہیں۔

کیا میں بنی فُلان کا آخری بادشاہ تم کو نہ بتا دوں ؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں، یا امیر المومنینؑ بتا دیجیے۔

آپ نے فرمایا: قوم قریش میں سے ایک نفسِ حرام، بروزِ حرام، شہرِ حرام میں قتل ہوگا۔ اُس ذات کی قسم جس نے دانے کو شگافتہ کیا اور ذی حیات کو پیدا کیا اس کے بعد ان کا کوئی بھی بادشاہ پندرہ دن سے زائد حکومت نہیں کرے گا۔"

میں نے عرض کیا: پھر اس کے پہلے اور اس کے بعد بھی کچھ ہونا ہے ؟

آپ نے فرمایا: ماہِ رمضان میں ایک صیحہ (اعلان) ہوگا جس کو سن کر جاگتے ہوئے خوفزدہ ہو جائیں گے اور سوتے ہوئے بیدار ہو جائیں گے اور پردہ نشین عورتیں اپنے گھروں سے نکل پڑیں گی۔

(عیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۰۱) خراسانی وسفیانی کا خروج

ابنِ عقدہ نے یحییٰ بن زکریا بن شیبان سے، اُنھوں نے ابی سلیمان بن کلیب سے اُنھوں نے ابن بطائنی سے، اُنھوں نے ابنِ عمیرہ سے، اُنھوں نے حضرمی سے اور حضرمی نے حضرت ابوجعفر امام محمدؑ باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ میں نے آپؑ کو فرماتے ہوئے سنا کہ:

"لا بُدَّ اَن یملک بنو العبّاس فاذا ملکوا وَاختلفوا وتشتّت امرھم خرج علیھم الخراسانی والسفیانی فھذا من المشرق وھذا من المغرب، یستبقان الی الکوفہ کفرسی رھان: ھذا من ھٰھنا وھذا من ھٰھنا، حتّی یکون ھلاکھم علی اَیدیھما اما اِنّھما لا یبقون منھم احدًا (اَبدًا)"

ترجمہ: "بنی عباس کی حکومت لازمی ہے اور جب اُن کو حکومت مل جائے گی تو یہ لوگ آپس میں اختلاف کریں گے، ان میں پھوٹ پڑے گی پھر ان پر خراسانی اور سفیانی خروج کریں وہ مشرق سے اور یہ مغرب سے، یہ دونوں کوفہ کی جانب اس طرح دوڑ لگائیں گے جیسے گھوڑ دوڑ کے دو گھوڑے۔ یہ اِدھر سے اور وہ اُدھر سے۔ چنانچہ اِن دونوں کے ہاتھوں یہ سب ہلاک ہو جائیں گے، اور اُن میں سے کوئی نہ بچے گا۔ (ہمیشہ کے لیے) (غیبتہ نعمانی)

(۱۰۲) ظہور کی علامتیں

ابنِ عقدہ نے قاسم سے، اُنھوں نے عبیس بن ہشام سے، اُنھوں نے ابنِ جبلہ سے اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن صامت سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبد امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے آنجنابؑ سے عرض کیا کہ کیا صاحبِ امر کے ظہور سے پہلے کوئی علامت ہوگی؟

آپ نے فرمایا: ہاں۔

میں نے عرض کیا: وہ کیا علامت ہوگی۔؟

فقالؑ: "ھلاک العبّاسی، وخروج السفیانی وقتل النّفس الزکیّۃ و الخسف بالبیداء، والصّوت من السماء"

فقلتُ: جعلت فداک اَخاف اَن یطول ھذا الامر۔؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فقال: لا إنّما (هو) كنظام الخرز يتبع بعضه بعضاً ۔ ”

ترجمہ: ”آپ نے فرمایا: عبّاسی کی ہلاکت، سفیانی کا خروج، قتل نفس زکیّہ، بیابان میں زمین کا دھنسنا، اور صدائے آسمانی“

میں نے عرض کیا: میں آپ پہ قربان، مجھے ڈر ہے کہ پھر اس میں بہت دیر لگے گی ؟

آپ نے فرمایا: نہیں، یہ تمام باتیں ایک کے پیچھے ایک ہونگی ۔ ”

(غیبتہ نعمانی)

(۱۰۳) ندائے آسمانی سنو تو فوراً دوڑ پڑو، فوراً دوڑ پڑو

ابنِ عقدہ نے احمد بن یوسف سے، انھوں نے اسماعیل بن مہران سے، انھوں نے ابن بطائنی اور وھیب سے، انھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ:

” یقوم القائم علیہ السلام فی وتر من السنین: تسع، واحدة، ثلاث خمس؛ وقال: اذا اختلفت بنو اُمیّہ ذهب ملکهم ثمّ یملك بنو العبّاس فلا یزالون فی عنفوان من الملك وغضارة من العیش حتّی یختلفوا فیما بینهم (فاذا اختلفوا) ذهب ملکهم واختلف اهل الشرق واهل الغرب نعم واهل القبلة ویلقی النّاس جهد شدید مما یمرّ بهم من الخوف۔

فلا یزالون بتلك الحال حتّی ینادی منادٍ من السماء فاذا نادی فالنفر النفر، فوالله لکانّی انظر الیه بین الرّکن والمقام، یبایع النّاس بأمر جدید وکتاب جدید وسلطان جدید من السماء۔ انه لا یردّ له رایة ابداً حتی یموت ۔“

ترجمہ: ”امام قائم علیہ السلام کا ظہور کسی طاق سال میں ہوگا جیسے نو، یا ایک، یا تین یا پانچ پھر فرمایا: جب بنی امیّہ میں اختلاف ہوگا تو ان کی سلطنت جاتی رہے گی اور بنی عبّاس حکمران ہو جائیں گے اور حکومت کے ابتدائی دور میں وہ بھی بہت عیش سے رہیں گے مگر پھر ان میں بھی اختلافات پیدا ہو جائیں گے اور ان کی بھی سلطنت جاتی رہے گی اور پھر اہلِ مشرق اور اہلِ مغرب اور ہاں، اہلِ قبلہ میں اختلافات رونما ہوں گے اور دنیا خوف اور کشمکش سے گذرتی رہے گی اور یہ حال مسلسل رہے گا یہاں تک کہ ایک منادی آسمان سے ندا دیگا اور جب آسمان سے ندا سنو تو فوراً دوڑ پڑو فوراً دوڑ پڑو اس لیے کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ رکن و مقام کے درمیان ایک امرِ جدید و کتابِ جدید اور سلطانِ جدید کے لیے بحکم و اعلان آسمانی لوگ بیعت کر رہے ہیں۔

(غیبۃ نعمانی)

(۱۰۴) ظہور کی علامات؛ خوش بخت ہے وہ جو؟

علی بن احمد نے عبید اللہ بن موسیٰ سے، انھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، انھوں نے ابراہیم بن عبداللہ بن علاء سے، انھوں نے اپنے والد سے، انھوں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام سے روایت کی ہے آپ نے فرمایا کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام نے اپنے بعد سے قیام حضرت قائم علیہ السّلام تک کے لیے کچھ باتیں بیان فرمائی ہیں چنانچہ ایک مرتبہ حضرت امام حسین علیہ السّلام نے عرض کی، یا امیرالمومنینؑ! اللہ تعالیٰ ان ظالموں سے زمین کو کب پاک کرے گا؟

آپ نے فرمایا: "لا یطہر اللہ الارض من الظالمین حتّی یسفک الدّم الحرام"

ترجمہ (اللہ تعالیٰ زمین کو ظالمین سے اُسوقت تک پاک نہ کریگا جبتک حرام خون نہ بہ جائے)

اس کے بعد آپ نے ایک طویل حدیث میں بنی اُمیّہ اور بنی عبّاس کی حکومتوں کا ذکر کیا اور فرمایا:

"اِذا قام القائم بخراسان و غلب علی ارض کوفان و الملتان وجاز جزیرۃ بنی کاوان، وقام منّا قائم بجیلان واجابتہ الابرُ و الدّیلم وظہرت لولدی رایات الترک متفرّقات فی الاقطار والحراجات وکانوا بین ہنات وہنات۔

اذا خربت البصرۃ وقام امیر الامرۃ" (فحکیٰ حکایۃ طویلۃ)

ثمّ قالؑ: اِذا جہّزت الالوف وصفّت الصّفوف وقتل الکبش الخروف ہناک یقوم الاخر ویثور الثائر ویہلک الکافر۔ ثمّ یقوم القائم المامول، والامام المجہول، لہ الشّرف والفضل وہو من وُلدکَ یا حسینؑ ابن مثلہ یظہر بین الرکنین فی درسین بالیین یظہر علی الثقلین ولا یترک فی الارض الادنین طوبیٰ لمن ادرک زمانہ ولحق اوانہ وشہد ایّامہ۔"

ترجمہ: "جب خراسان سے ایک کھڑا ہونے والا کھڑا ہوگا اور سرزمینِ کرمان و ملتان پر قبضہ کریگا اور بنی کاوان کے جزیرے (بصرے کا ایک جزیرہ ہے) کو پار کرلیگا اور ہم میں سے ایک کھڑا ہونے والا جیلان سے کھڑا ہوگا جسے آبر اور دیلم تسلیم کرلیں گے اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میری اولاد میں سے ایک کے لیے متفرق جھنڈے قطار در قطار اِدھر اُدھر سے بلند ہوں گے، اور جب شہر بصرہ برباد ہوگا، امیر الاُمرا اُٹھے گا۔۔۔"

اور اس کے بعد آپ نے ایک حکایت بیان فرمائی: پھر فرمایا:

"جب ہزاروں کا لشکر تیار ہوگا اور صفیں باندھ لی جائیں گی اور بکرا ذبح ہوگا، اُسوقت دوسرا کھڑا ہوگا، وہ اس کا انتقام لیگا اور کافر ہلاک ہوگا اس کے بعد وہ قائم مامول اور امام غیر متعارف (صاحب الامر علیہ السلام) جو صاحبِ فضل و شرف ہوگا ظہور کریگا۔ اور اے حسینؑ! وہ تمھاری اولاد میں سے ہوگا اور ایسا فرزند کوئی نہ ہوگا۔ وہ دو رکنوں کے درمیان ظہور کریگا جو ساری دنیا پر غالب آجائے گا زمین کا کوئی حصہ نہ چھوڑے گا۔ خوش نصیب ہوگا وہ شخص جو اُس کے زمانے کو پائیگا اور اُس کے دور میں اُس کو دیکھے گا۔"

(غیبتِ نعمانی)

(۱۰۵) ایک لاکھ جابروں کا قتل

ابنِ عقدہ نے محمدؐ بن مفضّل اور سعدان بن اسحاق اور احمد بن حسین بن عبدالملک اور محمدؐ بن احمد سے، اُنھوں نے ابن محبوب سے اور ابن محبوب کا بیان ہے کہ کلینی کے قول کے مطابق علی بن ابراہیم نے اپنے والد اور محمدؐ بن یحییٰ سے، اُنھوں نے ابنِ عیسیٰ اور علی بن محمدؐ وغیرہ سے اُنھوں نے سہل سے اُنھوں نے ابنِ محبوب سے اُنھوں نے کہا اور ہم سے بیان کیا عبدالواحد بن عبداللہ نے، اُنھوں نے احمد بن محمدؐ بن ابی یاسر سے، اُنھوں نے احمد بن ھلیل سے، اُنھوں نے عمرو بن ابو مقدام سے، اُنھوں نے جابر سے روایت کی ہے اور جابر کا بیان ہے کہ حضرت امام محمدؐ باقر علیہ السلام نے فرمایا:

"یا جابر الزم الارض ولا تحرّك یدًا ولا رِجلًا حتّی تری علامات اذکرھا اِن ادرکتھا۔

اوّلھا اختلاف بنی العبّاس وما اراك تدرك ذٰلك ولٰكن حدِّث به (من) بعدی عنّی ومنادیناد ی من السماء ویجیئکم الصوت من ناحیة دمشق بالفتح وتخسف قریة من قری الشّام تسمّی الجابیة وتقسط طائفة من مسجد الایمن و مارقة تمرق من ناحیة الترك ویعقبھا ھرج الرّوم وسیقبل اخوان الترك حتّی ینزلوا الجزیرة وستقبل مارقة الرّوم حتّی ینزلوا الرّملة فتلك السنة یا جابر اختلاف کثیر فی کل ارض من ناحیة المغرب۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فاوّل ارض المغرب ارض الشام یختلفون عند ذلك علی ثلاث رایات ، رایة الاصهب و رایة الابقع و رایة السفیانی فیلتقی السفیانی بالابقع فیقتتلون و یقتله السفیانی و من معه و یقتل الاصهب ، ثمّ لا یکون له همّة الّا الاقبال نحو العراق و یمرّ جیشه بقرقیسیا فیقتتلون بها فیقتل من الجبّارین مائة الف ، و یبعث السفیانی جیشًا الی الکوفة و عدّتهم سبعون الفًا فیصیبون من اهل الکوفة قتلًا و صلبًا و سبیًا فبینا هم کذالك اذا اقبلت رایات من قبل خراسان تطوی المنازل طیًّا حثیثًا و معهم نفر من اصحاب القائم ـ ثمّ یخرج رجل من موالی اهل الکوفة فی ضعفاء فیقتله امیر جیش السفیانی بین الحیرة و الکوفة و یبعث السفیانیّ بعثًا الی المدینة فینفر المهدیّ منها الی مکّة ، فیبلغ امیر جیش السفیانی انّ المهدیّ قد خرج الی مکّة ، فیبعث جیشا علی اثره فلا یدرکه حتّی یدخل مکّة خائفًا یترقّب علی سنّة موسی بن عمران ـ

قال ع: و ینزل امیر جیش السفیانی البیداء فینادی منادٍ من السماء: یا بیداء ابیدی القوم فیخسف بهم فلا یفلت منهم الّا ثلاثة نفر ـ یحوّل الله وجوههم الی اقفیتهم و هم من کلب و فیهم نزلت هذه الآیة :

" یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَکُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓی اَدْبَارِهَا " (سورة النساء آیت ۴۷)

قال ع: و القائم یومئذ بمکّة و قد اسند ظهره الی البیت الحرام مستجیرًا به ینادی : یا ایّها النّاس انّا نستنصر الله و من اجابنا من النّاس ، و انا اهل بیت نبیّکم محمّد و نحن اولی النّاس بالله و بمحمّد صلّی الله علیه و آله و سلّم فمن حاجّنی فی آدم فانا اولی النّاس بآدم ، و من

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حاجّنی فی نوحٍ فانا اولی النّاس بنوحٍ ومن حاجّنی فی ابراهیم فانا اولی النّاس بابراهیم ومن حاجّنی فی محمّدٍ صلّی اللّٰه علیه وآله وسلّم فانا اولی النّاس بمحمّدٍ ومن حاجّنی فی النّبیّین فانا اولی النّاس بالنّبیّین : ألیس اللّٰه یقول فی محکم کتابه :

" اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓی اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِیْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ذُرِّیَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ " (سورۂ آل عمران ۳۴)

فانا بقیّة من اٰدم وذخیرة من نوحٍ ومصطفیٰ من ابراهیم وصفوة من محمّدٍ صلّی اللّٰه علیه وآله وسلّم - ألا ومن حاجّنی فی کتاب اللّٰه فانا اولی النّاس بکتاب اللّٰه ، ألا ومن حاجّنی فی سنّة رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وآله وسلّم فانا اولی النّاس بسنّة رسول اللّٰه ۴ فانشد اللّٰه من سمع کلامی الیوم لمّا بلّغ الشّاهد منکم الغائب واسألکم بحقّ اللّٰه ورسوله وبحقّی - فانّ لی علیکم حقّ القربیٰ من رسول اللّٰه - إلّا اعنتمونا ، ومنعتمونا ممّن یظلمنا ، فقد اُخفنا وظُلمنا وطُردنا من دیارنا وابنائنا وبُغی علینا ودفعنا عن حقّنا فاَوتراَهل الباطل علینا -

فاللّٰه اللّٰه فینا لا تخذلونا وانصرونا ینصرکم اللّٰه -

قال ۴ : فیجمع اللّٰه علیه اصحابه ثلاثمائة وثلاثة عشر رجلًا ویجمعهم اللّٰه علیٰ غیر میعاد قزعًا کقزع الخریف (وهی) یا جابر الاٰیة الّتی ذکرها اللّٰه فی کتابه :

" اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ " (سورہ البقرة ۱۴۸)

فیبایعونه بین الرّکن والمقام ومعه عهد رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وآله وسلّم قد توارثته الابناء عن الاٰباء والقائم رجل من وُلد الحسین علیه السّلام یصلح اللّٰه له امره فی لیلة فما اُشکل علی النّاس من ذٰلک یا جابر ! فلا یشکل علیهم ولادته من رسول اللّٰه و وراثته العلماء عالمًا بعد عالم

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فان اَشکل ھٰذا کلّہ علیھم فانّ الصّوت من السماء لا یشکل علیھم اذا نودی باسمہ واسم اَبیہ واُمّہ۔"

ترجمہ: "امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اے جابر! بس زمین پکڑے رہو اور ہاتھ پاؤں کو بالکل نہ ہلاؤ جبتک کہ وہ علامات نہ دیکھ لو جن کو میں بیان کرتا ہوں:

ان میں سب سے پہلے بنی عباس کا اختلاف ہے اور میں نہیں دیکھتا کہ میں اس وقت تک موجود رہوں لیکن خبر تم میرے بعد لوگوں سے بیان کر دینا۔

اور پھر آسمان سے ایک منادی کی ندا، اور دمشق کی طرف سے فتح کی آواز کا بلند ہونا، اور شام کے ایک قریہ "جابیہ" کا زمین میں دھنس جانا، اور مسجدِ دمشق کی دائیں جانب کے ایک حصّے کا گر جانا، ترک کی جانب سے خارجیوں کا خروج اور اہلِ روم کا اُنکے تعاقب میں نکلنا، پھر اخوانِ ترک کا آگے بڑھنا اور جزیرے میں وارد ہونا، اور روم کے خوارج کا پیشقدمی کرنا اور منزلِ رملہ پر قیام کرنا، اے جابر! اس سال دیارِ مغرب میں ہر طرف اختلاف ہی اختلاف ہوگا۔

اور دیارِ مغرب میں سب سے پہلا ملک شام ہے جس میں اختلاف رونما ہوگا اور اُن کے تین جھنڈے ہوں گے۔ ایک سیاہ و سفید، دوسرا سرخ اور تیسرا سفیانی کا جھنڈا، پھر سفیانی کی ان لوگوں سے جنگ ہوگی اور وہ سب قتل ہوں گے اس کے بعد سفیانی عراق کی طرف پیشقدمی کریگا اور اس کا لشکر مقامِ قرقیسا سے گذریگا اور وہاں ایک لاکھ جابروں کا قتل کریگا، اس کے بعد سفیانی ستّر ہزار کا لشکر کوفہ روانہ کریگا جو اہلِ کوفہ میں سے کچھ کو قتل کریگا، کچھ کو سولی پر لٹکائے گا اور کچھ کو گرفتار کرے گا۔

ابھی یہ لوگ اس کارزار میں مشغول ہوں گے کہ خراسان کی جانب سے چند جھنڈے آہستہ آہستہ منازلِ راہ طے کرتے ہوئے آگے بڑھیں گے اور ان کے ساتھ قائمؑ کے اصحاب میں سے بھی کچھ لوگ ہوں گے، اس کے بعد اہلِ کوفہ کے موالیوں میں سے ایک شخص آگے بڑھے گا جسے سفیانی کا امیرِ لشکر حیرہ اور کوفہ کے درمیان قتل کر دیگا۔ پھر سفیانی ایک لشکر مدینہ بھیجے گا تو امام مہدیؑ وہاں سے نکل کر مکّہ چلے جائیں گے اور سفیانی کے امیرِ لشکر کو جب یہ اطلاع ملے گی کہ امام مہدیؑ مکّہ چلے گئے تو وہ اُن کے تعاقب میں فوج بھیجے گا اور وہ (امام مہدیؑ) حضرت موسیٰؑ کے طریقے کے مطابق خائف ہو کر مکّہ میں داخل ہوں گے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور فرمایا: اور ادھر سفیانی کا لشکر ایک بیابان میں پڑاؤ ڈالے گا تو آسمان سے ایک منادی ندا دے گا کہ اے بیابان اس قوم کو نیست و نابود کر دے۔ چنانچہ زمین شق ہو جائے گی اور پورا لشکر زمین میں دھنس جائے گا، صرف تین آدمی باقی بچیں گے اور اللہ تعالیٰ اُن کے چہروں کو کتّوں کی شکل میں مسخ کر کے اُن کی پشت کی طرف موڑ دے گا اور قرآن مجید کی یہ آیت ان ہی کے متعلّق ہے:

ترجمہ آیت: "اے وہ لوگو! جن کو کتاب دی گئی ہے ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے نازل کیا، جو تصدیق کرنے والا ہے اُس کی جو تمھارے پاس پہلے سے (موجود) ہے، اس سے پیشتر کہ ہم چہرے بگاڑ دیں اور ان کو پیٹھ کی طرف پھیر دیں . . . ." (سورۂ نساء، آیت ۴۷ کا ترجمہ)

آپؑ نے فرمایا: امام قائم علیہ السّلام اس روز مکّہ میں ہوں گے اور اپنی پشت خانۂ کعبہ پر ٹیکے ہوئے اللہ سے پناہ کے طالب ہوں گے اور فرمائیں گے: اے لوگو! میں اللہ سے مدد کا طلبگار ہوں اور اُن لوگوں سے بھی نصرت کا طالب ہوں جو میری آواز پر لبّیک کہیں سنو! میں تمھارے نبی حضرت محمدؐ کے اہلِ بیت میں سے ہوں اور تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حضرت محمدؐ کا وارث اور حقدار ہوں۔

اور جو مجھ سے حضرت آدمؑ کے متعلّق بحث کریگا تو میں ثابت کروں گا کہ میں آدمؑ کا بھی سب سے زیادہ وارث اور حقدار ہوں اور جو مجھ سے حضرت نوحؑ کے بارے میں حجّت کریگا تو میں ثابت کروں گا کہ نوحؑ کا بھی سب سے زیادہ وارث ہوں، اور جو مجھ سے حضرت ابراہیمؑ کے متعلّق حجّت کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں ابراہیمؑ کا بھی لوگوں میں سب سے زیادہ وارث و حقدار ہوں اور جو مجھ سے حضرت محمدؐ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے بارے میں حجّت کریگا تو میں ثابت کروں گا کہ میں حضرت محمدؐ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا بھی لوگوں میں سب سے زیادہ وارث اور حقدار ہوں اور جو شخص مجھ سے انبیاءؑ کے متعلّق بحث کریگا تو میں ثابت کروں گا کہ میں لوگوں میں سب سے زیادہ وارثِ انبیاءؑ اور حقدار ہوں۔ کیا اللہ تعالیٰ نے اپنی محکم کتاب میں یہ نہیں فرمایا کہ:

"بیشک اللہ نے آدمؑ اور نوحؑ اور آلِ ابراہیمؑ اور آلِ عمران کو تمام جہانوں (کے لوگوں) پر (فوقیت دیکر) منتخب کیا" (آلِ عمران ۳۴)

چنانچہ میں آدمؑ کا بقیّہ، نوحؑ کا ذخیرہ، ابراہیمؑ کا برگزیدہ اور خلاصۂ محمدؐ ہوں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آگاہ رہو کہ اگر کوئی شخص مجھ سے کتابِ خدا کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کروں گا کہ میں تمام لوگوں میں سب سے زیادہ کتابِ خدا کا وارث اور حقدار ہوں اور سُن لو جو شخص مجھ سے سنّتِ رسولِ خدا ص کے متعلق بحث کریگا تو میں یہ ثابت کر دوں گا کہ میں تمام لوگوں میں سب سے زیادہ سنّتِ رسولِ خدا ص کا وارث اور حقدار ہوں، لہٰذا اِس وقت جو لوگ میری تقریر سُن رہے ہیں میں اُنھیں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں کہ وہ میری یہ باتیں اُن لوگوں تک پہنچا دیں جو یہاں موجود نہیں ہیں۔

اور اب میں تم لوگوں کو اللہ اور اُس کے رسول ص کے حق اور خود اپنے حق کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں، اِس لیے کہ رسول اللہ ص کے قرابتدار ہونے کی وجہ سے میرا حق بھی تو تم لوگوں پر ہے، کہ تم لوگ ہماری مدد کرو اور ہم پر ظلم کرنے والوں کو روکو، اِس لیے کہ ہماری بہت تخفیف ہو چکی ہے ہم پر بہت ظلم ہو چکے ہیں، ہمیں ہمارے دیار و امسار سے نکالا گیا، ہمیں ہمارے اہل خاندان سے چھڑا دیا گیا، ہمارے ساتھ بغاوت کی گئی، ہمیں ہمارے حق سے محروم کیا گیا، اب تم باطل پرستوں سے ہمارا انتقام لو۔

ہمارے معاملے میں اللہ کو پہچانو اور اللہ کو پہچانو تو ہمارا ساتھ نہ چھوڑو ہماری مدد کرو تو اللہ تمھاری مدد کرے گا۔

آپؑ نے فرمایا: پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ امامؑ کے پاس اُن کے تین سو تیرہ اصحاب کو جمع فرمائیگا جس طرح موسمِ برسات کے بادل کے ٹکڑے اِدھر اُدھر سے آکر ایک جگہ جمع ہو جاتے ہیں۔ اور اے جابر! اسی کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے:

"تم جہاں کہیں بھی ہوگے اللہ تم کو یکجا جمع کر دیگا۔ بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔" (سورۃ البقرۃ ۱۴۸)

پس لوگ رُکن و مقام کے درمیان امام قائم علیہ السّلام کی بیعت کریں گے اور آپ کے پاس رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے وہ تبرّکات ہوں گے جو آپ نے انبیاءؑ کی وراثت میں اپنے آبائے کرام کے ذریعے سے پائے تھے۔ اور امام قائم علیہ السّلام حضرت امام حسین علیہ السّلام کی اولاد میں سے ہوں گے اور اللہ تعالیٰ ایک ہی رات میں اُن کے تمام امور درست کر دیگا اور لوگوں کو ان کے پہچاننے میں مشکل نہ ہوگی اور نہ ان کو سمجھنے میں دِقّت ہوگی کہ یہ رسول اللہ ص

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کی نسل سے ہیں اور رسول اللہؐ کا علم آپؑ کے پاس وراثتاً ایک عالم کے بعد دوسرے عالم کے ذریعے سے پہنچا ہے ۔ اے جابر! اگر بالفرض یہ مشکل بھی ہوا تو پھر آسمان کی ندا کے بعد کوئی مشکل نہ رہے گی ۔ اس لیے کہ آسمان سے اُن کے نام، اُن کے پدر بزرگوار کے نام اور اُن کی والدہ گرامی کے نام کے ساتھ یہ اعلان ہوگا ۔ ،، (غیبتہ نعمانی ، اختصاص ، تفسیر عیاشی)

(۱۰۶) خروجِ سفیانی اور ظہورِ قائمؑ ایک ہی سال میں ہوگا

ابن عقدہ نے قاسم بن محمدؑ سے ، اُنھوں نے عبیس بن ہشام سے ، اُنھوں نے ابنِ جبلہ سے ، اُنھوں نے محمدؑ بن سلیمان سے ، اُنھوں نے علاء سے ، اُنھوں نے محمدؑ (بن مسلم) اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمدؑ باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے آپؑ نے فرمایا:

،، السُّفیانیُّ و القائمؑ فی سنۃٍ واحدۃ ،،

(خروجِ سفیانی اور امام قائمؑ علیہ السلام کا ظہور ایک ہی سال میں ہوگا۔)

(غیبتہ نعمانی)

(۱۰۷) مشرق سے آگ کا نمودار ہونا

ابنِ عقدہ نے احمد بن یوسف سے ، اُنھوں نے اسماعیل بن مہران سے ، اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے ، اُنھوں نے اپنے والد اور وہیب سے ، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا :

،، بینا النّاس وقوفًا بعرفات اِذا اَتاھم راکب علی ناقۃٍ ذِعلبۃ یخبرھم بموت خلیفۃ ، عند موتہ فرجُ اٰلِ محمدٍؐ و فرج النّاس جمیعًا ۔

وقالؑ : اذا رأیتم علامۃً فی السماء : نارًا عظیمۃً من قبل المشرق تطلع لیال ، فعندھا فرج النّاس وھو قدّام القائمؑ بقلیلٍ ،،

ترجمہ ،، ایک مرتبہ جب لوگ عرفات کے اندر وقوف میں تھے کہ ایک شخص ایک تیز رفتار ناقے پر سوار آیا اور اُس نے لوگوں کو خلیفۂ (وقت) کی موت کی اطلاع دی اور یہ کہ اس کی موت سے آلِ محمدؐ بلکہ تمام مسلمانوں کو کشادگی نصیب ہوگی ۔ پھر آپ نے فرمایا کہ جب تم لوگ یہ آسمانی نشانی دیکھو کہ ایک

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عظیم آگ مشرق کی جانب سے نمودار ہوئی اور وہ کئی شب تک روشن رہی تو اُس وقت تم لوگوں کو فرج و کشادگی نصیب ہوگی اور یہ امام قائمؑ کے ظہور کے کچھ ہی دن پہلے ہوگی۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۰۸) فلان کی موت کے بعد غضب

علی بن احمد نے عبید اللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے محمد بن موسیٰ سے، اُنھوں نے احمد بن ابو احمد سے، اُنھوں نے محمد بن علی سے، اُنھوں نے علی بن حکم سے، اُنھوں نے عمرو بن شمر سے اُنھوں نے جابر سے، اُنھوں نے ابوطفیل سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ ابن الکواء نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے غضب کے متعلق دریافت کیا، تو آپ نے ارشاد فرمایا:

"هيهات الغضب هيهات موتات فيهنّ موتات و راكب الذِّعلبة و ما راكب الذِّعلبة، مختلط جوفها بوضينها يخبرهم بخبر يقتلونه، ثمّ الغضب عند ذٰلك"

ترجمہ "افسوس غضب افسوس، اس میں تو موتیں ہی موتیں ہیں۔ اور تیز رفتار ناقہ سوار، ایسا تیز رفتار ناقہ جو بالکل پتلا دُبلا ہوگا اور وہ لوگوں کو خبر دے گا کہ لوگوں نے اس (فلان) کو قتل کر دیا، اس کے بعد تو پھر غضب ہی ہوگا۔"

(۱۰۹) سب سے کم سن خلیفۂ خدا

احمد بن ہوذہ نے ابراہیم بن اسحاق سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے ابن ابومالک سے، اُنھوں نے محمد بن ابوحکم سے، اُنھوں عبداللہ بن عثمان سے، انھوں نے حصین مکّی سے، اُنھوں نے ابوطفیل سے، اُنھوں نے حذیفہ بن یمان سے، اُنھوں نے کہا

"يقتل خليفة ماله في السماء عاذر ولا في الارض ناصر و يخلع خليفة حتّى يمشي على وجه الارض ليس له من الامر شئ و يستخلف ابن السته"

"قال فقال ابوالطفيل (يا ابن اخي الينني انا و انت من كورة

قال قلتُ؛ ولِمَ تتمنّى يا خال! ذٰلك ؟

قال: لانّ حذيفة) حدّثني انّ الملك يرجع في اهل النُّبوّة

ترجمہ "ایک خلیفہ قتل کیا جائے گا کہ جس کا آسمان پر ہی نہ کوئی عاذر ہوگا اور نہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

زمین پر کوئی ناصر۔ اور ایک خلیفہ سے خلعِ خلافت کرالی جائے گی پھر وہ زمین پر عام لوگوں کی طرح پیدل ہی گھومتا پھرے گا اور حکومت میں اسکا کوئی دخل نہ ہوگا اور پھر ایک چھ سال کا لڑکا خلیفہ ہوگا۔

حصین مکّی کا بیان ہے کہ پھر ابوطفیل نے کہا: اے بھانجے! کاش ہم اور تم دونوں اسوقت موجود ہوتے۔

میں نے کہا: ماموں جان! آپ کو اس کی تمنّا کیوں ہوئی؟

اُنھوں نے کہا: اس لیے کہ حذیفہ نے کہا ہے کہ اس دور میں حکومت اہلِ بیتؑ نبوّت کی طرف پلٹ کر آئے گی۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۱۰) آیۂ سَنُرِیھِمْ اٰیَاتِنَا... کی تفسیر

ابن عقدہ نے احمد بن یوسف سے، اُنھوں نے ابن مہران سے، اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے اور وھیب سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے اس آیتِ الٰہی کی تفسیر دریافت کی:

"سَنُرِیھِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْٓ اَنْفُسِھِمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَھُمْ اَنَّہُ الْحَقُّ" (سورہ حٰمٓ السجدہ آیت ۵۳)

قال ع: "یریھم فی انفسھم المسخ، ویریھم فی الآفاق انتقاض الآفاق علیھم فیرون قدرۃ اللہ فی انفسھم وفی الآفاق فقولہ: "حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَھُمْ اَنَّہُ الْحَقُّ" یعنی بذالک خروج القائم ھو الحق من اللہ عزّ وجلّ یراہ ھذا الخلق لا بدّ منہ۔"

ترجمہ: "آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنی نشانیوں کو ان کے نفسوں ہی میں دکھائے گا اُن کی صورتوں کو مسخ کردیگا، اور آفاقِ عالم میں اس طرح دکھائے گا کہ ان کے لیے آفاقِ عالم کی فضا کو تنگ کردے گا، اس طرح وہ اللہ کی قدرت کو اپنے نفوس میں اور آفاق میں دیکھیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ "تاکہ اُن پر واضح ہوجائے کہ یہی "حق" ہے"۔ اِس سے مراد اللہ تعالیٰ نے ظہورِ امام قائمؑ کو لیا ہے کہ یہ حق ہے اور یہ منجانب اللہ ہے یہ سب مخلوق کو دکھایا جائے گا اور یہ لازمی ہونا ہے۔"

(غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱۱) "عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ" کی تفسیر

(سورۃ حٰمٓ السجدۃ آیت ۱۶ پ ۲۴)

ابنِ عقدہ نے علی بن حسین سے، اُنھوں نے علی بن مہزیار سے، اُنھوں نے حمّاد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے حسین بن مختار سے، اور اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے ابوبصیر کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ سے قولِ خدا " عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ ..... ترجمۂ آیت: (ہم انھیں) حیاتِ دنیا میں رُسوا کرنیوالا عذاب دیں گے اور آخرت کا عذاب تو اس سے بھی زیادہ ہوگا)

مذکورہ بالا آیت کی تفسیر دریافت کی: تو آپ نے فرمایا:

قال ؑ " وَاَیُّ خزی یا ابابصیر! اَشد من ان یکون الرجل فی بیته وحجاله وعلیٰ اخوانه وسط عیاله اِذشقّ اهله الجیوب علیه وصرخوا۔ فیقول النّاس ما هٰذا؟ فیقال مسخ فلان الساعة:

فقلتُ: قبل قیام القائم اَو بعده؟

قال ؑ: لا، بل قَبْله "

ترجمہ: " آپ نے فرمایا: اے ابوبصیر! اب اس سے بڑھکر عذاب اور کیا ہوگا کہ ایک شخص اپنے گھر میں، اپنے اہلِ خاندان اور اہل وعیال کے ساتھ بیٹھا ہوگا کہ اچانک اُس کے اہل وعیال اپنے گریبان پھاڑنے لگیں گے اور چیخنے چلّانے لگیں گے لوگ پوچھیں گے کہ کیا ہوگیا تم لوگوں کو؟۔ انھیں بتایا جائے گا کہ ابھی ابھی فلاں شخص (کا چہرہ) مسخ ہوگیا۔

میں نے عرض کیا: یہ بات ظہورِ امام قائمؑ سے پہلے ہوگی یا ظہور کے بعد؟

آپؑ نے فرمایا: نہیں، بلکہ ظہور سے قبل۔

(غیبتہ نعمانی)

(۱۱۲) تبرّکاتِ رسولِ خداؐ

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن موسیٰ سے، اُنھوں نے احمد بن ابواحمد سے، اُنھوں نے یعقوب بن سراج سے روایت کی ہے، اور یعقوب کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا کہ آپ حضرات کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شیعوں کو فرج وکشادگی کب نصیب ہوگی ؟

قال ؑ: "اِذا اختلف وُلد العبّاس وهی سلطانهم وطمع فیهم من لم یکن یطمع، وخلعت العرب اعنّتها ورفع کلّ ذی صیحة صیصیته، وظهر السفیانیّ والیمانیّ وتحرّک الحسنیّ خرج صاحب هذا الامر من المدینة الی مکّة بتراث رسول الله صلّی الله علیه وآله وسلّم۔"

قلتُ: وما تراث رسول الله صلّی الله علیه وآله وسلّم ؟

فقال: سَیفه ودرعه وعمامته وبردہ وقضیبه وفرسه ولأمته وسرجه "

ترجمہ: "آپ ؑ نے فرمایا: جب اولادِ عبّاس میں اختلاف ہوگا، اُن کی سلطنت کمزور ہوجائے گی اور ایسے ایسے لوگ اس کی طمع کریں گے جنھوں نے سلطنت کی کبھی خواہش نہ کی تھی اور اہلِ عرب سے عنانِ حکومت چھین لی جائے گی اور ہر ایک اس کی طرف اپنے سینگ اُٹھائے گا سفیانی اور یمانی خروج کریں گے اور حسنی حرکت میں آئے گا، صاحب الامر ؑ مدینہ سے مکّہ کی طرف تمام تبرّکاتِ رسول اللہ ؐ لیکر چلے جائیں گے۔

میں نے عرض کیا: تبرّکاتِ رسول اللہ ؐ (میں) کیا (ہوگا) ؟

آپ ؑ نے فرمایا: آنحضرت ؐ کی تلوار، آنحضرت ؐ کی زرہ، آنحضرت ؐ کا عمامہ، آنحضرت ؐ کی ردا آنحضرت ؐ کا عصا، آنحضرت ؐ کی سواری کا گھوڑا، آنحضرت ؐ کے اسلحہ جنگ اور آنحضرت ؐ کی زین۔ "

(غیبۃ نعمانی)

(۱۱۳) قبل از ظہور شدید گرمی

محمّد بن ہمام نے فراری سے، فراری نے معاویہ بن جابر سے، معاویہ نے بزنطی سے روایت کی ہے، بزنطی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام رضا علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا کہ: "قبل هذا الامر بئوح فلم ادر ما البئوح فحججت فسمعت اعرابیًّا یقول: هذا یوم بئوح۔ فقلت له: ما البئوح ؟ فقال: الشدید الحرّ " (ترجمہ) "امرِ ظہورِ قائم ؑ سے قبل بئوح ہوگا" میں بئوح کے معنی نہ سمجھا اس کے بعد میں حج کو گیا تو ایک عرب کو کہتے ہوئے سنا کہ آج بہت بئوح ہے۔ میں نے پوچھا: بئوح کیا ؟ اُس نے کہا شدید گرمی:"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱۴) علامتِ ظہور ۱۴ رمضان کو سورج گہن

بطائنی نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"علامة خروج المهدیؑ کسوف الشمس فی شهر رمضان لیلة ثلاث عشرة واربع عشرة منه" (غیبتہ نعمانی)

ترجمہ "حضرت امام مہدیؑ کے ظہور کی علامت یہ (بھی) ہے کہ ماہِ رمضان کی تیرہ اور چودہ کو سورج گہن ہوگا۔"

(۱۱۵) آیت سَاَلَ سَآئِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ کی تاویل

محمدؐ بن ہمام نے فزاری سے، اُنھوں نے ابنِ ابی الخطّاب سے، اُنھوں نے حسین بن علی سے، اُنھوں نے صالح بن سہل سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن امام محمدؐ باقر علیہ السلام سے روایت بیان کی ہے کہ آپ نے قولِ خدا "سَاَلَ سَآئِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ" (المعارج آیت ۱) کے متعلق فرمایا:

"تاویلها یاتی عذاب یقع فی الثّنیّة یعنی نارًا حتّی ینتهی الی الکناسة بنی اسد حتّی یمرّ بثقیف لایدع وترًا لآل محمدؐ الّا احرقته وذلك قبل خروج القائمؑ"

ترجمہ "اس کی تاویل یہ ہے کہ جانوروں کے باڑے میں آگ لگے گی جو کناسہ بنی اسد تک پہونچے گی اور وہاں سے گذر کر ثقیف تک اور آلِ محمدؐ کے کسی دشمن کو بغیر جلائے نہ چھوڑے گی اور یہ ظہورِ امام قائم علیہ السلام سے پہلے ہوگا۔"

(غیبتہ نعمانی)

و

✦ نیز جابر نے بھی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔

(غیبتہ نعمانی)

(۱۱۶) مشرق سے ایک قوم حق طلب کرنے کے لیے خروج کرے گی

ابنِ عقدہ نے علی بن حسین سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے احمد بن عمر سے، اُنھوں نے حسین بن موسیٰ سے، اُنھوں نے معمر بن یحییٰ بن سام سے، اُنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ابوخالد کابلی سے اور ابوخالد کابلی نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"کَاَنّی بقومٍ قد خرجوا بالمشرق، یطلبون الحقّ فلا یعطونہ، ثمّ یطلبونہ فلا یعطونہ فاذا رَاَوا ذٰلک وضعوا سیوفھم علٰی عواتقھم فیعطون ما سَاَلُوا فلا یقبلونہ حتّٰی یقوموا ولا یدفعونھا اِلّا اِلٰی صاحبکم قتلاھم شھداء اَمَا انّی لو اَدرکت ذٰلک لابقیت نفسی لصاحب ھٰذا الاَمر"

ترجمہ: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ ایک قوم مشرق سے حق طلب کرنے کے لیے نکلی مگر اسکو حق نہ دیا گیا، اُنھوں نے پھر حق طلب کیا مگر پھر بھی حق نہ دیا گیا۔ جب اُن لوگوں نے یہ دیکھا (کہ انھیں اُن کا حق نہیں دیا جا رہا ہے) تو اُنھوں نے اپنی تلواریں کاندھے پر رکھ لیں۔ یہ دیکھ کر لوگ جلدی سے اُن کا حق دینے کے لیے تیّار ہو گئے، مگر اُنھوں نے اب اس کو قبول کرنے سے انکار کیا اور جنگ کے لیے کھڑے ہو گئے، پھر یہ لوگ اس حکومت کو (حاصل کر کے) تمھارے امامؑ کے سوا کسی اور کے حوالے نہیں کریں گے، اُن کے قتل ہونے والے شہید ہوں گے، اور اگر میں اس زمانے تک رہتا تو صاحب الامرؑ کے لیے خود کو باقی رکھتا۔"

(غیبۃ نعمانی)

(۱۱۷) خراسانی خراسانی سجستانی سجستانی

ابن عقدہ نے علی بن حسین سے، اُنھوں نے یعقوب سے، اُنھوں نے زیاد بن قندی سے، اُنھوں نے ابن اُذینہ سے، اُنھوں نے معروف بن خرّبوذ سے اور معروف کا بیان ہے کہ میں جب بھی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کو یہی فرماتے ہوئے سنا کہ

"خراسان خراسان سجستان سجستان
(خراسان خراسان سجستان سجستان)"

گویا آپ اسی کی بشارت دیا کرتے تھے۔ (غیبۃ نعمانی)

(۱۱۸) بیعتِ طفلِ خوردسال

ابن عقدہ نے علی سے، علی نے حسن اور محمد اِبنا علی بن یوسف سے، ان دونوں نے اپنے والد سے، اُن کے والد نے احمد بن عمر حلبی سے، اُنھوں نے صالح بن ابو اسود سے، اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے ابوالجارود سے، ابوالجارود کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام محمدؑ باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا؛ آپ نے فرمایا کہ:

"اذا ظهرت بيعة الصبيّ قام كلّ ذى صيصية بصيصيته"

(جب نوعمر لڑکے کی بیعت ظاہر ہوگی تو ہر بیل اپنے سینگ اُٹھائے گا۔) (غیبۃ نعمانی)

(۱۱۹) ظہور سے قبل ہر قوم کو حکومت کا موقع دیا جائے گا:

ابنِ عقدہ نے علی سے، اُنھوں نے محمدؐ بن عبداللہ سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے اُنھوں نے ہشام بن سالم سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"ما يكون هذا الامر حتّى لا يبقى صنف من النّاس الّا (قد) ولّوا على النّاس حتّى لا يقول (قائل): انّا لو ولّينا لعدلنا ثمّ يقوم القائم بالحقّ والعدل"..... (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: "صاحبِ امر کا ظہور اُسوقت تک نہ ہوگا جبتک کہ ہر قوم کو حکومت کا موقع نہ دے دیا جائے، تاکہ کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ اگر ہماری حکومت ہوتی تو ہم عدل قائم کرتے، ان سب کے بعد امام قائمؑ حق و عدل کے ساتھ ظہور کریں گے۔"

(۱۲۰) وقتِ ظہور آبادی کا تناسب

انھیں اسناد کے ساتھ ہشام نے زرارہ سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ ندائے حق کیا ہے؟

قال ع "ای واللہ حتّى يسمعه كلّ قوم بلسانهم"

و قال ع لا يكون هذا الامر حتّى يذهب تسعة اعشا النّاس" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: "آپ نے فرمایا: خدا کی اس ندائے حق کو ہر قوم اپنی اپنی زبان میں سُنے گا"

نیز فرمایا: صاحب الامر کا ظہور اُسوقت تک نہ ہوگا جبتک کہ انسانوں کی آبادی کا دس حصّوں میں سے نو حصّے آبادی ختم نہ ہو جائے۔"

(غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۲۱) بارہ آدمیوں کا دعویٰ کہ ہم نے اُن کی زیارت کی ہے

عبدالواحد نے احمد بن محمدؒ سے، اُنھوں نے احمد بن علی حمیری سے، اُنھوں نے حسن بن ایوب سے، اُنھوں نے عبدالکریم سے، عبدالکریم نے ایک شخص سے اور اُس نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا

"لا یقوم القائم علیہ السلام حتّی یقوم اثنا عشر رجلاً کلّھم یجمع علی قول انّھم قد رأوہ فیکذّبونھم" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ "حضرت امام قائم علیہ السلام اُسوقت تک ظہور نہ کریں گے جبتک کہ بارہ آدمی اُٹھکر اس امر کا دعویٰ نہ کرلیں کہ ہم نے اُن جناب کو دیکھا ہے اور لوگ اُنکی تکذیب کریں گے۔"

(۱۲۲) جنگِ قیس

محمدؒ بن ہمام نے حمید بن زیاد سے، حمید نے حسن بن محمدؒ بن سماعہ سے، حسن نے احمد بن حسن میثمی سے، میثمی نے ابوالحسن علی بن محمدؒ سے۔ ابوالحسن نے معاذ بن مطر سے معاذ نے ایک شخص سے، اُس نے کہا میں ابوسیّارؒ کے علاوہ کسی سے نہیں سنا، ابوسیّار کا بیان ہے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ:

"قبل قیام القائمؑ یحرّک حرب قیس" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: "قبلِ ظہورِ امام قائمؑ جنگِ قیس حرکت میں آئے گی۔"

(۱۲۳) سفیانی کی آنکھ پھوڑنے والا

علی بن حسین نے محمدؒ بن یحییٰ سے، اُنھوں نے محمدؒ بن حسن سے، اُنھوں نے محمدؒ بن علی کوفی سے، اُنھوں نے محمدؒ بن سنان سے، اُنھوں نے عبید بن زرارہ سے، اور عبید بن زرارہ کا بیان ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے جب سفیانی کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا

"انّیٰ یخرج ذٰلک، ولم یخرج کاسر عینہ بصنعاء"

ترجمہ "ابھی وہ کہاں خروج کریگا، ابھی تو صنعاء سے اس کی آنکھ پھوڑنے والا بھی نہیں نکلا ہے۔"

(غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۲۴) ظہور سے چند سال پہلے کا حال

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے محمّد بن عمر بن یزید اور محمّد بن بن خالد سے، اُنھوں نے حمّاد بن عثمان سے، اُنھوں نے عبداللہ بن سنان سے، اُنھوں نے محمّد بن ابراہیم بن ابو بلاد سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ نباتہ سے روایت کی ہے، اور ابنِ نباتہ کا بیان ہے کہ میں نے (ابوالائمہ حضرت امام) علی علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: "اِنَّ بین یدی القائمؑ سنین خدّاعۃ یکذّب فیہا الصّادق ویصدّق فیہا الکاذب ویقرب فیہا الماحل (و فی حدیث) ینطق فیہا الرّویبضۃ"

قلتُ: وما الرّویبضۃ وما الماحل؟

قالؑ: اَمَا تقرؤن القرآن قولہ "وھو شدید المحال" (رعد۔ آیت ۱۶)

قالؑ: (یرید المکر)

فقلتُ: وما الماحل؟

قالؑ: یرید المکّار"

ترجمہ: "ظہور امام القامؑ سے پہلے چند سال دھوکہ دینے والے ایسے آئیں گے کہ جن میں سچّے کی تکذیب کی جائے گی اور جھوٹے کی تصدیق۔ مکّاروں کو تقرّب حاصل ہوگا اور رویبضہ (کمینے) بولنے لگیں گے۔

میں نے عرض کیا: اور رویبضہ اور ماحل سے کیا مراد ہے؟

آپ نے فرمایا: قرآن پڑھنے والے۔ قولِ خدا ہے" اور وہ شدید تدبیروں والا ہے"

پھر فرمایا (مکر) . . . . . (رویبضہ معنی وہ بولنے والا جو مسائلِ عوام میں نطق سے عاری ہو)

میں نے عرض کیا: اور ماحل کے معنی کیا ہیں؟

آپ نے فرمایا: مکّار (غیبتہ نعمانی)

(۱۲۵) مقامِ قرقیسا میں خدائی دسترخوان

عبدالواحد نے محمّد بن جعفر قرشی سے، اُنھوں نے ابنِ ابی الخطّاب سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے حذیفہ بن منصور سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"اِنَّ لله مائدة وفی غیر هٰذه الروایة مأدبة بقرقیسا یطلع مطّلع من السماء فینادی: یاطیر السماء ویا سباع الارض هلمّوا الی الشبع من لحوم الجبّارین" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: "قرقیسا میں اللہ کی طرف سے ایک دسترخوان سجایا جائے گا اور آسمان سے ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا کہ اے طائرانِ فضا اور اے زمین کے درندو! آؤ اور جبّاروں کے گوشت سے اپنا پیٹ بھر لو۔"

(۱۲۶) امامؑ کو حکمِ ظہور اُن کے نام سے ہوگا

احمد بن ہوذہ نے ابراہیم بن اسحاق سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"ینادی باسم القائمؑ یا فُلان بن فُلان (قم)"

ترجمہ "امام قائمؑ کا نام لیکر آواز دی جائیگی کہ اے فُلان بن فُلان اُٹھ کھڑے ہو۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۲۷) آیت اذا اخذت الارض زخرفها کی تفسیر

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے عبدالرحمٰن بن قاسم سے، اُنھوں نے محمّد بن عمر بن یونس سے، اُنھوں نے (ابراہیم بن ہراسہ سے، ابراہیم نے اپنے والد سے) اُنھوں نے علی بن حزوّر سے، اُنھوں نے محمّد بن بشیر سے روایت کی ہے اور محمّد بن بشیر نے کہا کہ میں نے حضرت محمّد بن حنفیہ سلام اللہ علیہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا:

یقولؑ: "اِنَّ قبل رایاتنا رایة لآل جعفر واُخریٰ لآل مرداس فامّا رایة آل جعفر فلیست بشیٔ ولا اِلیٰ شیٔ فغضبت وکنت اقرب النّاس الیه"

فقلتُ: جعلت فداك انّ قبل رایاتکم (رایات)؟

قالؑ: ای واللہ انّ لبنی مرداس ملکًا موطّدًا لایعرفون فی سلطانهم شیئًا من الخیر سلطانهم عسر لیس یریدون فیه البعید ویقصون فیه القریب حتّی اذا امنوا مکر اللہ و عقابه صیح بهم صیحة لم یبق لهم (راع یجمعهم و)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

منادیسمعهم والاجماعۃ یجتمعون الیہا وقد ضربہم اللہ مثلاً فی کتابہ : " حَتّٰی اِذَا اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَہَا وَازَّیَّنَتْ " (سورہ یونس ۲۴)

ثُمَّ حلف محمّد بن الحنفیّۃ باللہ اَنّ ہٰذِہِ الاٰیۃ نزلت فیہم فقلتُ : جعلت فداک لقد حدّثتنی عن ہٰؤلاء بأمر عظیم فمتیٰ یہلکون ؟

فقالَ: ویحک یا محمّد اِنّ اللہ خالف علمہ وقت الموقّتین واِنّ موسیٰ علیہ السّلام وعد قومہ (ثلاثین یومًا) وکان فی علم اللہ عزّوجلّ زیادۃ عشرۃ اَیّام لم یخبر بہا موسیٰ فکفر قومہ ، واتّخذوا العجل من بعدہ لمّا جاز عنہم الوقت۔

واِنّ یونسؑ وعد قومہ العذاب ، وکان فی علم اللہ اَنْ یعفو عنہم ، وکان من امرہ ما قد علمت ولکن اذا رایت الحاجۃ قد ظہرت ، وقال الرّجل : بتُّ اللّیلۃ بغیر عشاء وحتّیٰ (یلقاک الرّجل بوجہ ثمّ) یلقاک بوجہ اٰخر۔

قلتُ : ہٰذِہِ الحاجۃ قد عرفتہا والاُخریٰ اَیّ شیٔ ہی ؟

قالؑ : یلقاک بوجہ طلق ، فاذا جئت تستقرضہ قرضًا لقیک بغیر ذالک الوجہ ، فعند ذالک تقع الصیحۃ من قریب ۔"

ترجمہ" : آپ نے فرمایا : ہمارے جھنڈوں سے پہلے آلِ جعفر اور آلِ مرداس[1] کے جھنڈے بلند ہوں گے ۔ لیکن آلِ جعفر کا شمار تو کسی مد میں نہ ہوگا۔

(یہ سنکر مجھے طیش آیا حالانکہ میں ان کا سب سے زیادہ مقرّب تھا)

میں نے عرض کیا : میں آپ پر قربان ، کیا آپ حضرات کے جھنڈوں سے پہلے اور بھی جھنڈے بلند ہوں گے ؟

آپؑ نے فرمایا : ہاں ، خدا کی قسم آلِ مرداس کی شاہی پائیدار ہوگی ۔ یہ لوگ اپنی شاہی میں خیر کو نہ پہونچیں گے کیونکہ ان کی شاہی میں بہت درشتی و سختی ہوگی ، نرمی تو

[1] یہ کنایہ ، بنی عبّاس کی طرف ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تو بالکل نہ ہوگی، وہ اپنے دور والوں کو قریب اور قریب والوں کو دور کریں گے جب اُن کو امن وچین ملے گا تو اللہ تعالیٰ اُن کو سزا دینے کی تدبیر کرے گا اور پھر اُن پر ایک ڈانٹ (چیخ) پڑے گی جس سے اُن کا کوئی گلہ بان جو اُنکے گلّے کو جمع کرے باقی نہ رہیگا اور نہ کوئی آواز دینے والا ہوگا، جو انھیں یکجا جمع کرے اور نہ اُن کی کوئی جماعت ہوگی جس میں وہ اکٹھے ہو کر بیٹھ سکیں۔ چنانچہ اللہ عزوجل ان ہی لوگوں کی مثال اپنی کتاب میں بیان فرماتی ہے: (سورۂ یونس آیت ۱۴)

ترجمۂ آیت: "یہاں تک کہ زمین نے اپنے زیورات (دفینے وخزینے) نکالے اور مزین ہوگئی اور اہلِ زمین نے خیال کیا کہ بیشک وہ اس پر قادر ہیں (یعنی وہ ان کی ملکیت ہیں) لیکن ناگہاں اُس (زمین) پر ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا کسی رات کو یا دن کو، پس ہم نے اس سب (آرائش وخزائن) کو مٹیامیٹ کر دیا گویا کہ وہ کل تھی ہی نہیں۔"

اس کے بعد حضرت محمدؐ حنفیہؒ نے کہا بخدا یہ آیت ان ہی لوگوں کے لیے نازل ہوئی ہے۔

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، آپ نے تو یہ بہت اہم بات بتائی ہے۔ یہ بھی فرمائیے کہ یہ لوگ کب ہلاک ہوں گے؟

آپ نے فرمایا: وائے ہو تم پر اے محمدؐ (بن بشیر) اللہ تعالیٰ کا علم وقت معیّن کرنے والوں کے اوقات (بتانے والوں) کے خلاف ہوتا ہے۔ حضرت موسیٰؑ نے اپنی قوم سے وعدہ کیا (تیس ۳۰ دن کا) اور اللہ تعالیٰ کے علم میں دس ۱۰ دن سے زیادہ تھے، مگر یہ بات اللہ نے حضرت موسیٰؑ کو نہیں بتائی تھی۔ (موسیٰؑ کے وعدے کو پورا نہ ہوتا دیکھ کر) موسیٰ کی قوم کافر ہوگئی اور جب وقتِ وعدہ تجاوز کر گیا تو ان لوگوں نے گوسالہ کی پرستش شروع کر دی۔

حضرت یونس علیہ السلام نے اپنی قوم سے عذاب کا وعدہ کیا، مگر اللہ تعالیٰ کے علم میں تھا کہ ان لوگوں معاف کر دیا جائے گا اور پھر جو کچھ ہوا وہ تمھیں معلوم ہے لہٰذا صحیح وقت تو نہیں بتایا جا سکتا البتہ اتنا یاد رکھو کہ) جب یہ دیکھو کہ فاقہ کشی ہر طرف چھا گئی اور لوگ کہیں کہ آج رات ہم بغیر کچھ کھائے ہوئے سو گئے تھے اور جب تم سے ایک شخص کسی رُخ سے ملے اور دوسرے وقت وہی شخص کسی اور رُخ سے ملنے لگے۔

میں نے عرض کیا: فاقہ کشی کی بات تو سمجھ میں آگئی، مگر یہ "اور رخ" کا کیا مطلب ہے؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپ نے فرمایا: مطلب یہ ہے کہ ایک شخص تم سے کشادہ روئی سے ملے، مگر جب تم اُس سے قرض لینا چاہو تو پھر اس کی وہ کشادہ روئی نہ رہے، تو بس سمجھ لو کہ آسمانی ڈانٹ (چیخ) عنقریب پڑنے ہی والی ہے۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۲۸) لشکرِ غضب سے مراد

محمّد بن ہمام نے حمید بن زیاد سے، اُنھوں نے محمّد بن علی بن غالب سے، اُنھوں نے یحییٰ بن علیم سے، اُنھوں نے ابوجمیلہ سے، اُنھوں نے جابر سے، اُنھوں نے کہا کہ مجھ سے بیان کیا رای المسیّب بن نجبہ نے، انھوں نے کہا کہ ایک شخص حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام کی خدمت میں آیا اور اس کے ساتھ ابنِ سوداء بھی تھا، اُس نے کہا: یا امیرالمومنینؑ! یہ شخص اللہ اور اُس کے رسولؐ پر جھوٹ لگاتا ہے اور گواہ آپ کو بناتا ہے کہ آپ نے بتایا ہے۔

امیرالمومنین علیہ السّلام نے فرمایا: کیا کوئی بہت لمبی چوڑی بات ہے، یہ کیا کہتا ہے؟

اُس نے کہا: یہ لشکرِ غضب کا ذکر کرتا ہے۔

آپ نے فرمایا:

" خلِّ سبیل الرَّجل: اولیٰک قوم یأتون فی اٰخر الزّمان قزع کقزع الخریف الرّجل والرّجلان والثلاثۃ، فی کل قبیلۃ حتّی یبلغ تسعۃ اما واللہ اِنّی لاَعرف امیرھم واسمہ ومناخ رکابھم ثمّ نہض وھو یقول (باقرًا) باقرًا باقرًا ثمّ قال: ذالک رجل من ذرّیّتی یبقر الحدیث بقرًا۔"

ترجمہ: " اس شخص کو نہ روکو چھوڑ دو۔ (لشکرِ غضب) ایک قوم ہوگی آخری زمانے میں آئے گی اور وہ برسات کے بادلوں کی طرح ٹکڑے ٹکڑے جمع ہوگی ہر قبیلے سے ایک ایک، دو دو اور تین تین یہانتک کہ نو نو اس میں ہوں گے۔ بخدا میں تو اُن کے سردار کو بھی پہچانتا ہوں، اُس کا نام بھی جانتا ہوں اور ان لوگوں کی سواریوں کے باندھنے کی جگہ بھی جانتا ہوں۔

پھر آپ یہ فرماتے ہوئے چلے: (باقر) باقر باقر۔ اور فرمایا یہ میری ذرّیت میں سے ایک شخص ہوگا جو حدیث کو کھولے گا جو کھولنے کا حق ہے۔" (غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۲۹) دورِ غضب

علی بن حسین مسعودی نے محمّد عطّار سے، اُنھوں نے محمّد بن حسن رازی سے، اُنھوں نے محمّد بن علی کوفی سے، اُنھوں نے عبدالرحمٰن بن ابوحمّاد سے، اُنھوں نے یعقوب بن عبداللہ اشعری سے، اُنھوں نے عتیبہ بن سعدان بن یزید سے، اُنھوں نے احنف بن قیس سے اور احنف کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں اپنی ایک ضرورت کے لیے حضرت ابوالائمہ امام علی علیہ السّلام کی خدمت میں تھا کہ: ابنِ کوّا و شبیث بن ربعی دونوں آگئے اور اُنھوں نے آپ سے ملنے کی اجازت چاہی۔ حضرت علیؑ نے مجھ سے فرمایا کہ تم نے پہلے ہی اپنی حاجت بیان کرلی، اب اگر کہو تو میں ان دونوں کو بلالوں؟

میں نے عرض کیا: یا امیرالمومنینؑ! انھیں بلا لیجیے۔

آپ نے اُن کو اجازت دی۔ جب وہ دونوں آئے تو آپ نے فرمایا: کیا امر داعی ہوا جو تم دونوں حروراء میں میرے خلاف جنگ کے لیے نکل کھڑے ہوئے؟

اُنھوں نے کہا: ہم چاہتے تھے کہ آپ غیظ و غضب میں آجائیں۔

آپ نے فرمایا: تم دونوں پر وائے ہو، کیا ہمارے عہدِ حکومت میں غیظ و غضب ممکن ہے؟ یا آئندہ ہوسکتا ہے؟ غضب کا دور تو اس وقت آئے گا جب ایسے ایسے واقعات ہوچکیں گے۔

(غیبتہ نعمانی)

(۱۳۰) سفیانی کے دورِ حکومت کی مدّت

ابنِ عقدہ نے محمّد بن مفضّل بن ابراہیم سے، اُنھوں نے ابنِ فضّال سے، اُنھوں نے ثعلبہ سے، اُنھوں نے عیسیٰ بن اعین سے اور عیسیٰ بن اعین نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"السفیانیؑ من المحتوم وخروجہ من اوّل خروجہ الی اٰخرہ خمسۃ عشرًا: ستۃ اشہر یقاتل فیہا فاذا ملک الکور الخمس ملک تسعۃ اشہر ولم یزد علیہا یومًا۔" (غیبتہ نعمانی)

ترجمہ: "سفیانی کا خروج امر حتمی ہے اور اس کے ابتدائے خروج سے لیکر آخری پندرہ مہینے کی مدّت ہوگی، جس میں چھ مہینے وہ جنگ کرتا رہے گا اور جب پانچوں علاقوں پر قابض ہوجائے گا تو نو ماہ حکومت کرے گا، اور اس سے زیادہ وہ ایک دن بھی نہیں کرسکے گا۔"

(غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۳۱) اُمور کچھ حتمی ہوتے ہیں اور کچھ غیر حتمی

ابنِ عقدہ نے قاسم بن محمد بن حسین سے، اُنھوں نے عبیس بن ہشام سے، اُنھوں نے محمد بن بشیر احول سے، اُنھوں نے ابنِ جبلہ سے، اُنھوں نے عیسیٰ بن اعین سے، اُنھوں نے معلّٰی بن خنیس سے روایت کی ہے اور معلّٰی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سُنا، آپ فرما رہے تھے کہ

"من الامر محتومٌ، ومنہ ما لیس بمحتوم ومن المحتوم خروج السفیانی فی رجب"

ترجمہ "کچھ امور حتمی ہوتے ہیں اور کچھ امور غیر حتمی اور سفیانی کا خروج حتمی ہے جو ماہِ رجب میں ہوگا۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۳۲) خروجِ سفیانی حتمی ہے

ابنِ عقدہ نے علی بن الحسن سے، اُنھوں نے عبّاس بن عامر سے، اُنھوں نے عبداللہ بن بکیر سے، اُنھوں نے زرارہ سے، زرارہ نے عبدالملک بن اعین سے اور عبدالملک بن اعین کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ وہاں حضرت امام قائمؑ کا تذکرہ آیا: میں نے عرض کیا کہ میں چاہتا ہوں کہ سفیانی کا خروج نہ ہو اور امام قائمؑ کا ظہور ہو جائے؟

فقالؑ: "لا واللہ انّہٗ لمن المحتوم الّذی لابُدَّ منہ"

آپ نے فرمایا: "نہیں، بخدا بلاشبہ یہ (خروجِ سفیانی) تو یقیناً حتمی ہے اس کا ہونا لازمی ہے۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۳۳) اجلِ محتومہ اور اجلِ موقوفہ

ابنِ عقدہ نے علی بن حسین سے، اُنھوں نے محمد بن خالد اصم سے، اُنھوں نے ابنِ بکیر سے، اُنھوں نے ثعلبہ سے، اُنھوں نے زرارہ سے، اُنھوں نے حمران بن اعین سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السّلام سے قولِ خدا:

"ثُمَّ قَضٰٓی اَجَلًا ؕ وَ اَجَلٌ مُّسَمًّی عِنۡدَہٗ" (سورہ انعام ۲)

کی تفسیر کے بارے میں روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"انّھما اَجلان: اَجل محتوم و اجل موقوف"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال لہ حمران : ما المحتوم ؟

قالؑ: الّذی لایکون غیرہ

قال حمران: وما الموقوف ؟

قالؑ: ھو الّذی للہ فیہ المشیّۃ ۔

قال حمران: انّی لَاَرجُو اَن یکون اجل السفیانیّ من الموقوفِ

فقال ابوجعفرؑ: "لا واللہ اِنّہ من المحتوم"

ترجمہ: "آپ نے فرمایا: اجل (وقت) دو قسم پر ہے۔ ایک اجلِ حتمی اور دوسری اجلِ موقوف۔

حمران نے کہا: اجلِ حتمی کیا ہے؟

آپ نے فرمایا: اجلِ حتمی تو یہ ہے کہ اس کے سوا کچھ اور نہ ہوگا۔

حمران نے پوچھا: اور اجلِ موقوف کیا ہے؟

آپ نے فرمایا: اجل موقوف یہ ہے کہ اس میں اللہ کی مشیّت اسکو چاہے تو ہو جائے۔ اور اگر نہ چاہے تو نہ ہو، یہ اس کی مشیّت پر موقوف ہے۔

حمران نے کہا: میں چاہتا ہوں کہ خروجِ سفیانی امر موقوف ہو۔ ؟

حضرت ابوجعفرؑ نے فرمایا: نہیں، خدا کی قسم یہ تو امرِ محتوم ہے۔

(غیبتہ نعمانی)

(۱۳۴) خروجِ سفیانی امر حتمی ہے

ابنِ عقدہ نے محمّد بن سالم سے، اُنھوں نے عبدالرحمٰن ازدی سے، اُنھوں نے عثمان بن سعید طویل سے، اُنھوں نے احمد بن مسلم سے، اُنھوں نے موسیٰ بن بکر سے، اُنھوں نے فضیل سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے:

قالؑ: اِنّ مِنَ الامور اُمورًا موقوفۃ وامورًا محتومۃ واِن السفیانی من المحتوم الّذی لابدّ منہ :۔ " (غیبتہ نعمانی)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: بعض امور موقوفہ اور بعض محتومہ (حتمی) ہوتے ہیں اور خروجِ سفیانی حتمی امور میں سے ہے"

(۱۳۵) خروجِ سفیانی

محمّد بن ھمام نے فزاری سے، اُنھوں نے عباد بن یعقوب سے، اُنھوں نے خلّاد صائغ سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

" السفیانی لابدّ منہ ولایخرج الافی رجب "(خروجِ سفیانی لازمی ہے اور ماہِ رجب میں ہوگا)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فقال له رجل: یا ابا عبد اللہ! اذا خرج فما حالنا؟
قال ع: "اِذَا کَانَ ذٰلِکَ فَالَینَا"
ترجمہ: ایک شخص نے آپ سے پوچھا: اے ابوعبداللہ! جب اس کا خروج ہوگا تو اس وقت ہمارا کیا حال ہوگا؟
آپ نے فرمایا: "جب ایسا امر رونما ہو تو تم ہماری ہی طرف رہنا۔" (غیبتہ نعمانی)

★ محمد بن حسین نے بھی حفص سے اور اس نے عباد سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (امالی)

(۱۳۶) خروجِ شیصبانی

احمد بن ہوذہ نے ابراہیم بن اسحاق سے، انھوں نے عبداللہ حماد انصاری سے، انھوں نے عمرو بن شمر سے، انھوں نے جابر جعفی سے روایت کی ہے اور جابر جعفی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سفیانی کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا:
فقال ع "وَ اَنّیٰ لکم بالسفیانیِّ؟ حتّیٰ یخرج قبلہ الشیصبانی یخرج بارض کوفان ینبع کما ینبع الماء فیقتل وفدکم فتوقّعوا بعد ذالک السفیانیَّ وخروج القائم علیہ السلام" (غیبتہ نعمانی)
آپ نے فرمایا: "تمھیں سفیانی سے کیا مطلب؟ جبتک کہ اس سے پہلے شیصبانی خروج نہ کرلے جو سرزمینِ کوفان سے اس طرح نکلے گا جس طرح پانی چشمے سے پھوٹ کر نکل پڑتا ہے اور وہ تمھارے گروہ کو قتل کرے گا۔ اس کے بعد سفیانی کا خروج اور امام قائم ع کا ظہور ہوگا۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۳۷) بنی عبّاس کی از سرِ نو حکومت

محمد بن ہمام نے فزاری سے، انھوں نے حسن بن علی بن یسار سے، انھوں نے خلیل بن راشد سے، اور انھوں نے بطائنی سے، روایت کی ہے۔ بطائنی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں مکّہ سے مدینہ جاتے ہوئے حضرت ابوالحسن امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق علیہ السلام کی معیّت میں سفر کر رہا تھا۔ ایک دن آپ نے مجھ سے فرمایا:
"لو انّ اھل السماوات والارض خرجوا علی بنی العبّاس لسقیت الارض دماءھم حتّیٰ یخرج السفیانیّ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قلت له: یا سیّدی! اَمرہ من المحتوم؟

قال ؑ: "من المحتوم" ۔ ثمّ اطرق ۔ ثمّ رفع رأسه

وقال ؑ: ملك بنی العبّاس مکر وخدع یذهب حتّی لم یبق منه

شیٔ ویتجدّد حتّی یقال: ما مرّ به شیٔ ۔"

آپؑ نے فرمایا: "خروجِ سفیانی سے پہلے اگر سارے اہلِ آسمان واہلِ زمین بنی عبّاس کے مقابلے میں جنگ کریں تو اُن کے خون سے زمین رنگین ہوجائے گی۔"

میں نے عرض کیا: مولا و آقا! کیا سفیانی کا خروج حتمی ہے؟

آپؑ نے فرمایا: 'ہاں' یہ امر حتمی ہے۔"

پھر سرِ اقدس جھکا کر ذرا خاموش ہوگئے، اس کے بعد سرِ اقدس بلند کیا اور فرمایا:

"بنی عبّاس نے مکّاری اور فریب کاری سے حکومت حاصل کی ہے اور وہ اُن کے ہاتھ سے اس طرح نکل جائے گی جیسے اس سے قبل کچھ تھا ہی نہیں، اس کے بعد ازسرِ نو اُن کی حکومت اس طرح قائم ہوجائے گی جیسے کچھ گیا ہی نہ تھا۔"

(غیبتہ نعمانی)

(۱۳۸) امرِ محتوم میں بداء ہے میعاد میں نہیں

محمّد بن ہمام نے محمّد بن (احمد بن) عبداللہ خالنجی سے، اُنھوں نے داؤد بن ابوالقاسم سے روایت کی ہے، اُنکا بیان ہے کہ میں ایک مرتبہ حضرت ابوجعفر امام محمّد تقی بن امام علی الرّضا علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر تھا۔ وہاں سفیانی اور اُس کے متعلق جو روایات مشہور ہیں اُن کا تذکرہ شروع ہوا کہ اُس کا خروج حتمی ہے، تو میں نے اُن جناب سے عرض کیا: امرِ محتوم (حتمی امر) میں بھی اللہ تعالیٰ کیلئے بداء (حکمِ جدید) ممکن ہے؟

قال ؑ: "نعم"، قلنا له: فنخاف ان یبدو لله فی القائم؟

قال ؑ: "القائم من المیعاد"

آپؑ نے فرمایا "ہاں" بداء (حکمِ جدید ممکن ہے)

میں نے عرض کیا: مجھے تو ڈر ہے کہ ظہورِ امامِ قائمؑ کے متعلق اللہ تعالیٰ بداء نہ کرے؟

آپؑ نے فرمایا: "امامِ قائمؑ کے لیے بداء نہیں (حکمِ جدید) نہیں ہے اس لیے کہ یہ میعاد سے متعلق ہے

(واللہ لا یخلف وعدہ)

اور اللہ خلافِ وعدہ نہیں کرتا)

وقولہ تعالیٰ "اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ" (بیشک اللہ میعاد کی مخالفت نہیں کرتا) (غیبتہ نعمانی)

(لہ آل عمران آیت ۹)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۳۹) حکومتِ بنی عبّاس میں خروجِ سفیانی ہوگا

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن موسیٰ سے، اُنھوں نے احمد بن ابوحمد سے، اُنھوں نے محمّد بن علی قرشی سے، اُنھوں نے حسن بن ابراہیم سے روایت کی ہے اور حسن بن ابراہیم کا بیان ہے کہ میں نے ایکمرتبہ حضرت ابوالحسن ثانی امام علی الرّضا علیہ السّلام سے عرض کیا: اللہ آپ کو سلامت رکھے، لوگ کہتے ہیں کہ جب بنی عبّاس کی حکومت چلی جائے گی تو سفیانی کا خروج ہوگا؟

قال ؑ: "کذبوا انّه لیقوم وانّ سلطانهم لقائم"

آپؑ نے فرمایا: "وہ غلط کہتے ہیں کہ اس کا خروج ہوگا۔ اور بیشک اُن ہی کی سلطنت میں خروج ہوگا" (یعنی اِس سلطنتِ بنی عبّاس میں نہیں بلکہ دوبارہ جب اِن کی سلطنت قائم ہوگی تب سفیانی کا خروج ہوگا۔)

(غیبتہ نعمانی)

(۱۴۰) بنی عبّاس اور مروانیوں میں جنگ

احمد بن ہوذہ نے ابراہیم بن اسحاق سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے حسین بن ابوالعلاء سے، اُنھوں نے ابن ابویعفور سے روایت کی ہے ابنِ ابویعفور کا بیان ہے کہ حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا کہ:

"انّ لولد العبّاس وللمروانیّ لوقعة بقرقیسا یشیب فیها الغلام الحزوّر، ویرفع الله عنهم النّصر ویوحیٰ الیٰ طیر السماء و سباع الارض: اشبعی من لحوم الجبّارین ثمّ یخرج السّفیانیّ"

ترجمہ "بنی عبّاس اور مروانیوں کے درمیان مقام قرقیسا میں ایسی جنگ چھڑے گی کہ اس میں نوجوان (لڑکے) بوڑھے ہوجائیں گے، اور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے درمیان سے فتح و نصرت کو اُٹھالے گا، اور طائرانِ فضا (آسمانی) اور زمین کے درندوں کی طرف وحی کرے گا کہ ان جبّاروں (ظالموں) کے گوشت سے اپنا پیٹ بھرو۔ اس (واقعے) کے بعد سفیانی خروج کریگا۔"

(غیبتہ نعمانی)

(۱۴۱) سفیانی کا عہدِ حکومت صرف نو ماہ

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے عبّاس بن عامر ابن رباح سے،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے محمّد بن ربیع اقرع سے، اُنھوں نے ہشام بن سالم سے، اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق بن امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"اِذا استولی السفیانیُّ علی الکور الخمس فعدُّوا له تسعة اشهرٍ" وزعم هشام اَنّ الکور الخمس دمشق وفلسطین والاُردن وحمص وحلب " (عنیبۃ نعمانی)

آپ نے فرمایا "جب سفیانی پانچ علاقوں پر قابض ہوجائے گا تو اس کے لیے نو مہینے شمار کرو (اس کے بعد وہ ختم ہوجائیگا)"

(ہشام کا خیال ہے کہ پانچ علاقوں سے مراد، دمشق، فلسطین، اردن، حمص اور حلب ہے۔)

(۱۴۲) خروجِ سفیانی اور اُس کا حشر

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن محمّد سے، اُنھوں نے محمّد بن خالد سے، اُنھوں نے حسن بن مبارک سے، اُنھوں نے ابو اسحاق ہمدانی سے، اُنھوں نے حارث سے، اُنھوں نے حضرت ابوالائمہ امام علی (بن ابوطالبؑ) علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"المهدیُّ اَقبل جعد بخدّهٖ خال یکون مبداه من قبل المشرق، واذا کان ذٰلك خرج السفیانیُّ فیملك قدر حمل امراة تسعة اشهر یخرج بالشّام فینقاد له اهل الشّام اِلّا طوائف من المقیمین علی الحقّ، یعصمهم الله من الخروج معه، ویاُتی بَالمدینة بجیش جرّار، حتّی اذا انتهٰی الی بیداء المدینة خسف الله به وذالك قول الله عزّوجلّ فی کتابه۔ "وَلَوْ تَرٰی اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّکَانٍ قَرِیْبٍ" (سورۃ السبا آیت ۵۱)

ترجمہ: "امام مہدی کی آنکھیں اُبھری ہوئی، بال گھنگھریالے اور رُخسار پر ایک تل ہوگا وہ مشرق سے ظہور کریں گے۔ جب ایسا ہوگا تو سفیانی شام میں خروج کرے گا اور ایک عورت کے مدّتِ حمل کے برابر یعنی نو ماہ حکومت کریگا۔ تمام اہلِ شام اسکی اطاعت کرلیں گے سوائے چند کے جو حق پر قائم رہیں گے اور اللہ تعالیٰ اُنھیں سفیانی کے ساتھ خروج سے بچالیگا۔ اور وہ ایک فوجِ جرّار لیکر مدینہ کی طرف بڑھے گا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جب مدینہ سے متّصل بیابان میں پہونچے گا تو بیابان کی زمین شق ہو جائے گی اور سارا لشکر اس میں دھنس جائے گا۔ اسی کے متعلّق اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ارشاد فرمایا ہے:

"اور اے کاش، تم دیکھتے اُن (باطل پرستوں) کو، جب وہ گھبرائے ہوئے ہوں گے اور کوئی جائے فرار نہ پائیں گے اور قریب ہی سے اُنھیں لے لیا جائیگا (لے لیے جائیں گے)۔" (ترجمہ سورۂ سبا آیت ۵۱)

(غیبتہ نعمانی)

(۱۴۳) خروجِ یمانی اور سفیانی کی مثال

علی بن احمد نے عبید اللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے ابراہیم بن ہاشم سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے ہشّام بن سالم سے اور ہشّام نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق ؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"اَلیمانیُّ والسفیانیُّ کفرسَیْ رِھانٍ"

"(خروجِ) یمانی اور سفیانی (کی مثال ایسی ہے جیسے) گھوڑ دوڑ کے دو گھوڑے" یعنی دونوں کا خروج ساتھ ساتھ ہوگا۔ (غیبتہ نعمانی)

(۱۴۴) ظہور کی علامات

علی بن احمد نے عبید اللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن موسیٰ سے، اُنھوں نے احمد بن ابواحمد سے، اُنھوں نے اسماعیل بن عیّاش سے، اُنھوں نے مہاجر بن حلیم سے، اُنھوں نے مغیرہ ابن سعد سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"اذا اختلف رمحان بالشام لم تنجل الّا عن اٰیۃ من اٰیات اللہ" قیل: وما ھی یا امیر المومنین؟

قال ؑ: "رجفۃ تکون بالشام یھلک فیھا اکثر من مائۃ الف یجعلہ اللہ رحمۃ للمومنین وعذابًا علی الکافرین فاذا کان کذالک فانظروا الیٰ اصحاب البراذین الشھب المحذوفۃ والرایات الصُّفر تقبل من المغرب حتّیٰ تحل الشام وذالک عند الجزع الاکبر والموت الاحمر۔ فاذا کان ذالک فانظروا خسف قریۃ من قریٰ دمشق یقال لھا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حرشا (خریشا) فاذا کان ذالك خرج ابن اکلة الاکباد من الوادی حتّی یستوی علیٰ منبر دمشق فاذا کان ذالك فانتظروا خروج المهدیؑ ۴ " (غیبتہ نعمانی)

ترجمہ: " جب شام میں دو نیزے ٹکرائیں گے تو اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی منجلی (اور واضح) ہوگی۔"

میں نے عرض کیا: یا امیر المومنین! وہ کیا ہوگی؟

آپ نے فرمایا: " شام میں زلزلہ آئے گا جس میں ایک لاکھ سے زیادہ آدمی ہلاک ہوں گے۔ یہ مومنین کے لیے رحمت اور کافروں کے لیے عذاب ہوگا۔ جب ایسا ہو تو تم دیکھو گے کہ مغرب کی جانب سے کچھ لوگ ایسے سرخ گھوڑوں پر سوار ہو کر آئیں گے جن کے چھوٹے چھوٹے کان اور چھوٹی چھوٹی دم ہوں گی اور زرد جھنڈے ہوں گے، پھر قتل کا بازار گرم ہوگا اور چیخ و پکار مچے گی، جب ایسا ہو تو تم دیکھو گے کہ دمشق کے قریوں میں سے ایک قریہ زمین میں دھنس گیا ہوگا جس کا نام "حرشا (خریشا)" ہے۔ جب ایسا ہوگا تو ہندہ جگر خوارہ کا فرزند وادی سے خروج کرے گا اور آکر منبر دمشق پر بیٹھے گا اور جب ایسا ہو تو اُس وقت امام مہدی علیہ السلام کا انتظار کرو۔"
(غیبتہ نعمانی)

(۱۴۵) لشکرِ سفیانی

محمد بن ہمام نے فزاری سے، اُنھوں نے حسن بن وہب سے، اُنھوں نے اسماعیل بن اَبان سے، اُنھوں نے یونس بن یعقوب سے روایت کی ہے یونس کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ:

" اذا خرج السفیانی بعث جیشاً الینا وجیشاً الیکم فاذا کان کذالك فائتونا علی صعب وذلول " (غیبتہ نعمانی)

آپؑ نے فرمایا " جب سفیانی خروج کرے گا تو ایک لشکر ہماری جانب اور ایک لشکر تم لوگوں کی طرف بھیجے گا۔ جب ایسا ہو تو تم لوگ ہماری جانب چلے آنا۔ "

(۱۴۶) سفیانی کا حلیہ اور اوصافِ رذیلہ کا ذکر

ابنِ عقدہ نے حمید بن زیاد سے، اُنھوں نے علی بن صباح سے، اُنھوں نے ابو علی حسن بن محمدؑ سے، اُنھوں نے جعفر بن محمدؑ سے، اُنھوں نے ابراہیم بن عبدالحمید سے، اُنھوں نے ابو ایوب خزاز

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سے، اُنھوں نے محمّد بن مسلم سے اور اُنھوں نے حضرت ابو جعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"السفیانی احمر اشقر ازرق لم یعبد اللہ قطّ ولم یر مکّۃ ولا المدینۃ قطّ یقول: یا ربّ ثاری والنّار، یا ربّ ثاری والنّار"

ترجمہ "سفیانی، سُرخی مائل بھورے اور نیلے رنگ کا ایک آدمی ہوگا جس نے نہ کبھی اللہ کی عبادت کی ہوگی اور نہ اُس نے کبھی مکّہ و مدینہ دیکھا ہوگا اور بار بار کہے گا "پروردگار میں انتقام لوں گا خواہ میں جہنّم میں چلا جاؤں۔ پروردگار میں انتقام لوں گا خواہ میں جہنّم ہی میں چلا جاؤں۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۴۷) علائمِ ظہورِ قدرے تفصیلاً

روضۃ الکافی میں محمّد بن یحییٰ نے احمد بن محمّد سے، اُنھوں نے اپنے بعض اصحاب اور علی بن ابراہیم سے، علی بن ابراہیم نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ ابو عمیر سے، اُنھوں نے محمّد بن ابو حمزہ سے، اُنھوں نے حمران سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادقؑ کے سامنے شیعوں کی حالتِ زار کا ذکر آیا تو آپ نے خود اپنا حال بیان فرمایا:

فقال ؑ: "اِنّی سرت مع ابی جعفر (المنصور) وھو فی مرکبہ وھو علی فرس وبین یدیہ خیل ومن خلفہ خیل وانا علی حمار الیٰ جانبہ"

فقال لی: یا اباعبداللہ! قد کان ینبغی لک ان تفرح بما اعطانا اللہ من القوّۃ وفتح لنا من العزّ ولا تخبر النّاس انّک احقّ بھذا الامر منّا واھل بیتک فتغربنا بک وبھم۔

قال: فقلتُ: ومن رفع ھذا الیک عنّی فقد کذب۔

فقال: اَتحلف علیٰ ما تقول

ترجمہ: "ایک مرتبہ ابو جعفر منصور (دوانیقی) اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ کہیں جا رہا تھا اسکے آگے اور پیچھے سواروں کا دستہ تھا۔ وہ خود گھوڑے پر سوار تھا اور میں اُس کے پہلو میں ایک گدھے پر سوار تھا۔ اسی دوران وہ میری طرف متوجّہ ہوا اور بولا ہائے ابو عبداللہ! اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو قوّت و عزّت عطا کی ہے اس پر آپ کو خوش ہونا چاہیے، نہ کہ آپ یہ کہیں کہ تم اور تمہارے اہلِ بیت اس حکومت کے ہم لوگوں سے زیادہ اس حکومت کے حقدار ہیں اس سے تو ہم ان کے اور تمہارے ساتھ بدی پر مجبور ہوتے ہیں۔ میں نے کہا: یہ کسی نے جھوٹ بولا ہے۔ اُس نے کہا: حلف سے کہو:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ: فقلتُ: "اِنَّ النّاس سحرة - یعنی - یحبّون اَن یفسدوا قلبك علیّ - فلا تمکّنهم من سمعك فانّا الیك احوج منك الینا -
فقال لی: تذکر یوم سألتك: "هل لنا ملك؟" نعم، طویلٌ عریضٌ شدید فلا تزالون فی مهلة من اَمرکم، وفسحة من دنیاکم حتّی تصیبوا منّا دِماً حراماً فی شهر حرام فی بلد حرام؟؟"
فعرفتُ اَنّه قد حفظ الحدیث:
فقلتُ: لعلّ اللّٰه عزّ وجلّ ان یکفیك فانّی لم اَخصّك بهٰذا انّما هو حدیث رویته - ثمّ لعلّ غیرك من اهل بیتك اَن یتولّی ذٰلك فسکت عنّی -

ترجمہ: "میں نے کہا: لوگ بہت شعبدہ باز ہیں اور وہ یہ چاہتے ہیں کہ تمہارے دل میں میری طرف سے برائی ڈالدیں۔ تم اِن سنی سنائی باتوں پر اعتبار نہ کرو اس لیے کہ جتنی تمھیں میری ضرورت ہے اس سے زیادہ مجھے تمہاری ضرورت ہے۔
منصور نے کہا: کیا آپ کو یاد ہے ایکدن میں نے آپ سے دریافت کیا تھا کہ کیا ہم لوگوں کے لیے حکومت ہے؟ آپ نے کہا تھا کہ ہاں، بڑی لمبی چوڑی حکومت ہوگی اور تم لوگوں کو اس کے لیے اللہ کی طرف سے مہلت ملے گی۔ اور تمہاری دنیا میں تمھیں کشادگی ملے گی، یہانتک کہ تم لوگ شہر محترم (مدینہ) کے اندر ماہِ محترم میں ہمارے ایک محترم شخص کا خون بہاؤ گے۔؟
پس میں سمجھ گیا کہ میری وہ بات اس کو یاد ہے اس لیے میں نے جواب دیا۔ پھر تو میری صفائی کے لیے یہی بات تمہارے لیے کافی ہونی چاہیے، اور یہ بات صرف تم سے متعلق نہیں ہے بلکہ میں نے ایک حدیث کی روایت کی تھی ہو سکتا تھا کہ تمہارے ہی خاندان میں سے کسی اور شخص کو یہ حکومت ملتی..... یہ سنکر وہ خاموش ہوگیا۔
"فلمّا رجعت الی منزلی اتانی بعض موالینا، فقال: جعلت فداك واللّٰه لقد رایتك فی موکب ابی جعفر وانت علی حمار وهو علی فرس وقد اشرف علیك بکلّمك کاَنّك تحته: فقلت بینی وبین نفسی: هٰذا حجة اللّٰه علی الخلق وصاحب هٰذا الامر الّذی یقتدی به وهٰذا الاٰخر یعمل بالجور، ویقتل اولاد الانبیاء ویسفك الدماء فی الارض بما لا یجب اللّٰه وهو فی مرکبه وانت علی حمار فدخلنی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

من ذالك شك حتى خفت على دينى ونفسى ـ

قال : فقلت: لو رايتَ من كان حولى، وبين يدى ومن خلفى وعن يمينى وعن شمالى من الملائكة لاحتقرته واحتقرت ما هو فيه ـ

فقال: الآن سكن قلبى ـ ثم قال : الى متى هؤلاء يملكون ؟ اومتى الراحة منهم ؟

فقلت: أليس تعلم ان لكل شئ مدة ؟

قال : بلى

فقلت: هل ينفعك علمك ؟ إنّ هذا الامر اذا جاء كان اسرع من طرفة العين. انّك لو تعلم حالهم عند الله عزّ وجلّ وكيف هى؟ كنت لهم أشدَّ بغضاً ولو جهدت وجهد اهل الارض ان يدخلوهم فى اشدّ ما هم فيه من الاثم لم يقدروا فلا يستفزّنك الشيطان فانّ العزّة لله ولرسوله وللمؤمنين ولكنّ المنافقين لا يعلمون ـ

الا تعلم انّ من انتظر امرنا وصبر على ما يرى من الاذى والخوف هو غداً فى زمرتنا ـ

(الف) فاذا رأيت الحقّ قد مات وذهب اهله ورأيت الجور قد شمل البلاد ، ورأيت القرآن قد خلق واحدث فيه ما ليس فيه ووُجّه على الاهواء، ورأيت الدّين قد انكفّا كما ينكفئ الاناء

(١) ـــــ ورأيت اهل الباطل قد استعلوا على أهل الحقّ ورأيت الشرّ ظاهراً لا ينهى عنه ويعذّر اصحابه ورايت الفسق قد ظهر واكتفى الرّجال بالرّجال والنّساء بالنّساء ورأيت المومن صامتاً لا يقبل قوله : ورأيت الفاسق يكذب ولا يردّ عليه كذبه وفريته ورأيت الصغير يستحقر بالكبير ، ورأيت الارحام قد تقطّعت، ورأيت من يمتدح بالفسق يضحك منه ولا يردّ عليه قوله ـ

(٢) ـــــ ورأيت يعطى ما تعطى المرأة ، ورأيت النّساء يتزوّجن النساء

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ورأيت الثناء قد كثر، ورأيت الرّجل ينفق المال في غيرِ طاعة الله فلا ينهى ولا يؤخذ على يديه ورأيت الناظر يتعوّذ بالله ممّا يرى المؤمن فيه من الاجتهاد، ورأيت الجار يؤذى جاره وليس له مانع.

(٣) ـــــ ورأيت الكافر فرحًا لما يرى في المؤمن مرحًا لما يرى في الارض من الفساد، ورأيت الخمور تشرب علانية ويجتمع عليها من لا يخاف الله عزّ وجلّ، ورأيت الامر بالمعروف ذليلًا ورأيت الفاسق فيما لا يحبّ الله قويًّا محمودًا، ورأيت اصحاب الآيات يحقّرون ويحتقر من يحبّهم، ورأيت سبيل الخير منقطعًا وسبيل الشرّ مسلوكًا، ورأيت بيت الله قد عُطِّل و يؤمر بتركه، ورأيت الرّجل يقول ما لا يفعله.

(٤) ـــــ ورأيت الرّجال يتسمّنون للرّجال والنّساء للنّساء ورأيت الرّجل معيشته من دبره، ومعيشة المرأة من فرجها ورأيت النّساء يتّخذن المجالس كما يتّخذها الرّجال.

(٥) ـــــ ورأيت التّأنيث في ولد العبّاس قد ظهر واظهروا الخضاب وامتشطوا كما تمتشط المرأة لزوجها، واعطوا الرّجال الاموال على فروجهم، وتنوفس في الرّجل وتغاير عليه الرّجال وكان صاحب المال أعزّ من المؤمن، وكان الرّبا ظاهرًا لا يعيّر وكان الزّنا تمتدح به النّساء.

(٦) ـــــ ورأيت المرأة تصانع زوجها على نكاح الرّجال ورأيت اكثر النّاس وخير بيت من يساعد النساء على فسقهنّ ورأيت المؤمن مَحزونًا محتقرًا ذليلًا، ورأيت البدع و الزّنا قد ظهر، ورأيت النّاس يعتدّون بشاهد الزّور ورأيت الحرام يحلّل، ورأيت الحلال يحرّم، ورأيت الدّين بالرّأى، وعُطّل الكتاب واحكامه، ورأيت اللّيل لا يستخفى به من الحرمة على الله.

(٧) ـــــ ورأيت المؤمن لا يستطيع أن ينكر إلّا بقلبه، ورأيت

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

العظيم من المال ينفق فى سخط الله عزّ وجلّ ۔

(٨) ـــــ ورأيت الولاة يقرّبون اهل الكفر ويباعدون اهل الخير، ورأيت الولاة يرتشون فى الحكم، ورأيت الولاية قبالة لمن زاد۔

(٩) ـــــ ورأيت ذوات الارحام ينكحن، ويكتفى بهنّ ورأيت الرّجل يقتل على (التهمة وعلى) الظّنّة ويغار على الرّجل الذكر فيبذل له نفسه وماله، ورأيت الرّجل يعيّر على إتيان النساء، ورأيت الرّجل يأكل من كسب امرأته من الفجور، يعلم ذلك ويقيم عليه، ورأيت المرأة تقهر زوجها، وتعمل مالا يشتهى وتنفق على زوجها۔

(١٠) ـــــ ورأيت الرّجل يكرى امراته وجاريته ويرضى بالدّنىّ من الطّعام والشراب، ورأيت الايمان بالله عزّ وجلّ كثيرة على الزّور، ورأيت القمار قد ظهر، ورأيت الشّراب تباع ظاهرًا ليس عليه مانع، ورأيت النساء يبذلن انفسهنّ لاهل الكفر، ورأيت الملاهى قد ظهرت يمرّ بها لا يمنعها احدٌ احدًا، ولا يجترىء احد على منعها ورأيت الشريف يستذلّه الّذى يخاف سلطانه، ورأيت اقرب النّاس من الولاة من يمتدح بشتمنا اهل البيت، ورأيت من يحبّنا يزوّر ولا يقبل شهادته، ورأيت الزّور من القول يتنافس فيه۔

(١١) ـــــ ورأيت القرآن قد ثقل على النّاس استماعه، وخفّ على النّاس استماع الباطل ورأيت الجار يكرم الجار خوفًا من لسانه، ورأيت الحدود قد عطّلت وعمل فيها بالاهواء، ورأيت المساجد قد زخرفت، ورأيت اصدق النّاس عند الناس المفترى الكذب، ورأيت الشّرّ قد ظهر والسعى بالنميمة، ورأيت البغى قد فشا، ورأيت الغيبة تستملح ويبشّر بها النّاس بعضهم بعضًا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(١٢) ـــــ ورأيت طلب الحجّ والجهاد لغير الله ، ورأيت السلطان يُذلّ للكافر المؤمن ، ورأيت الخراب قد أُديل من العمران ورأيت الرّجل معيشته من بخس المكيال والميزان ورأيت سفك الدّماء يستخفّ بها۔

(١٣) ـــــ ورأيت الرّجل يطلب الرياسة لعرض الدنيا ويشهّر نفسه بخبث اللّسان ليتقى وتسند اليه الامور، ورأيت الصلاة قد استخفّ بها ، ورأيت الرّجل عنده المال الكثير لم يزكّه منذ ملكه ، ورأيت الميت ينشر من قبره ويؤذى وتباع أكفانه ورأيت الهرج قد كثر۔

(١٤) ـــــ ورأيت الرّجل يمسى نشوان ، ويصبح سكران لا يهتمّ بما (يقول) النّاس فيه ورأيت البهائم تنكح ، ورأيت البهائم تفرس بعضها بعضًا ، ورأيت الرّجل يخرج الى مصلّاه ويرجع وليس عليه شيء من ثياب ، ورأيت قلوب النّاس قد قست وجمدت أعينهم، وثقل الذّكر عليهم ورأيت السُّحت قد ظهر بتنافس فيه ، ورأيت المصلّى إنّما يصلّى ليراه الناس۔

(١٥) ـــــ ورأيت الفقيه يتفقّه لغير الدّين يطلب الدّنيا والرّئاسة ، ورأيت النّاس مع من غلب ، ورأيت طالب الحلال يذمّ ويعيّر ، وطالب الحرام يمدح ويعظّم ورأيت الحرمين يعمل فيهما بما لا يحبّ الله لا يمنعهم مانع ولا يحول بينهم وبين العمل القبيح أحد ورأيت المعارف ظاهرة فى الحرمين۔

(١٦) ـــــ ورأيت الرّجل يتكلّم بشيء من الحقّ ويأمر بالمعروف وينهى عن المنكر فيقوم اليه من ينصحه فى نفسه فيقول هذا عنك موضوع ، ورأيت النّاس ينظر بعضهم الى بعض ويقتدون باهل الشرور، ورأيت مسلك الخير وطريقه خالياً لا يسلكه أحد ، ورأيت الميت يهنّأ به فلا يفزع له أحد

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(١٧) ـــــ ورأيت كل عام يحدث فيه من البدعة والشرّ اكثر مما كان ، ورأيت الخلق والمجالس لا يتابعون الا الاغنياء ورأيت المحتاج يعطى على الضحك به ، ويرحم لغير وجه الله ، ورأيت الآيات فى السماء لا يفزع لها احد ، ورأيت النّاس يتنافسون كما تنافس البهائم ، لا ينكر احد منكرًا تخوّفًا من النّاس ، ورأيت الرّجل ينفق الكثير فى غير طاعة الله ، ويمنع اليسير فى طاعة الله ـ

(١٨) ـــــ ورأيت العقوق قد ظهر ، واستخفّ بالوالدين ، وكانا من اسوء النّاس حالًا عند الولد ويفرح بأن يفترى عليهما

(١٩) ـــــ ورأيت النساء قد غلبن على الملك وغلبن على كلّ امر ، لا يؤتى إلّا مالهنّ فيه هوى ، ورأيت ابن الرّجل يفترى على ابيه ، ويدعو على والديه ، ويفرح بموتهما ، ورأيت الرّجل اذا مرّ به يوم ولم يكسب فيه الذّنب العظيم من فجور او بخس مكيال او ميزان او غشيان حرام او شرب مسكر كئيبًا حزينًا يحسب انّ ذلك اليوم عليه وضيعة من عمره ـ

(٢٠) ـــــ ورأيت السلطان يحتكر الطعام ، ورأيت اموال ذوى القربى تقسم فى الزّور ويتقامر بها ويشرب بها الخمور ورأيت الخمر يتداوى بها ، وتوصف للمريض ويستشفى بها ، ورأيت النّاس قد استووا فى ترك الامر بالمعروف والنهى عن المنكر وترك التديّن به ، ورأيت رياح المنافقين واهل النفاق دائمة ، ورياح اهل الحق لا تحرك ـ

(٢١) ـــــ ورأيت الاذان بالاجر والصّلاة بالاجر ، ورأيت المساجد محتشية ممّن لا يخاف الله مجتمعون فيها للغيبة واكل لحوم اهل الحقّ ويتواصفون فيها شراب المسكر ، ورأيت السكران ان يصلّى بالنّاس فهو لا يعقل ولا يشان بالسكر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

واذا سکر اکرم واتقی وخیف، وترک لایعاقب ویعذّر بسکرہ۔

(۲۲) ـــــ ورأیت من اکل اموال الیتامیٰ یحدّث، ورأیت القضاۃ یقضون بخلاف ما امر اللہ، ورأیت الولاۃ یأتمنون الخونۃ للطمع، ورأیت المیراث قد وضعتہ الولاۃ لاھل الفسوق والجرءۃ علی اللہ یأخذون منہم ویخلّونہم وما یشتہون، ورأیت المنابر یؤمر علیہا بالتّقوی ولا یعمل القائل بما یأمر۔

(۲۳) ـــــ ورأیت الصلاۃ قد استخفّ باوقاتہا، ورأیت الصدقۃ بالشفاعۃ لایراد بہا وجہ اللہ وتعطی لطلب النّاس، ورأیت الناس ھمّھم بطونہم وفروجہم، لایبالون بما اکلوا وبما نکحوا، ورأیت الدّنیا مقبلۃ علیہم ورأیت اعلام الحقّ قد درست۔

(ھدایت) ـــــ فکن علیٰ حذر واطلب من اللہ عزّوجلّ النّجاۃ و اعلم انّ النّاس فی سخط اللہ عزّوجلّ (وانّما یمہلہم لامر یرادبہم، فکن مترقبًا! واجتہد لیراک اللہ عزّوجلّ فی خلاف ما ھم علیہ، فان نزل بہم العذاب وکنت فیہم، عجّلت الیٰ رحمۃ اللہ، وان اخّرت ابتلوا و کنت قد خرجت ممّا ھم فیہ، من الجرءۃ علی اللہ عزّوجلّ واعلم انّ اللہ لایضیع اجر المحسنین: وانّ رحمۃ اللہ قریبٌ من المحسنین۔"

ترجمہ: ـــــ "

"اب جب میں اپنے گھر واپس ہوا، تو میرا ایک دوست ادریس میرے پاس آیا اور بولا: (مولا وآقا) میں آپ پر قربان، میں نے ابوجعفر (منصور دوانیقی) کے گھوڑسواروں کے درمیان اور اس کی ہمرکابی میں آپ کو دیکھا کہ آپ تو گدھے پر سوار ہیں اور وہ گھوڑے پر۔ اور وہ آپ سے اس طرح (کبر ونخوت کے انداز میں) مڑ مڑ کر آپ سے باتیں کر رہا تھا گویا آپ اُس کے ماتحت و ملازم ہیں، معًا میں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اپنے دل میں کہا کہ یہ تو ساری مخلوق پر اللہ کی طرف سے حجّت ہیں اور ایسے صاحبِ امر ہیں جن کی اقتدا کی جائے اور یہ (کمبخت و بدبخت) ظلم پرور، انبیاء کی اولاد کو قتل کرتا ہے اور زمین پر خون بہاتا ہے جو اللہ عزّ وجلّ کو ناپسند ہے، اپنے گھوڑے پر سوار ہے، اور یہ (امامؑ) گدھے پر۔ یہ دیکھ کر میرے دل میں شک سا پیدا ہوا اور خطرہ بھی لاحق ہوا کہ میں بیدین نہ ہو جاؤں۔؟

پس میںؑ نے کہا: "کاش، تم میرے آگے، میرے پیچھے اور میرے راست و چپ ملائکہ کی فوج دیکھ لیتے تو تمھاری نظر میں ابوجعفر (منصور دوانیقی) اور اس کا وہ سارا لاؤ لشکر حقیر اور ہیچ ہو جاتا۔

یہ سنکر اُس نے کہا، جی ہاں، اب میرے دل کو سکون میسّر ہوا ہے، مگر یہ بھی تو فرمائیے کہ یہ سب لوگ کبتک حکومت کرتے رہیں گے؟ اور ان ظالموں سے کب چھٹکارا نصیب ہوگا؟

میںؑ نے کہا: کیا تم نہیں جانتے کہ ہر شے کی ایک مدّت مقرّر ہے؟

اُس نے کہا: جی ہاں۔

میںؑ نے کہا: پھر اگر تمھیں مزید معلوم ہو جائے تو اُس سے تمکو کیا فائدہ ہوگا۔ اور سنو! وقت جب آئے گا تو بس پلک جھپکنے سے بھی کم عرصے میں (سب معاملہ درہم و برہم ہو جائیگا) کاش تمھیں یہ معلوم ہو جاتا کہ اللہ عزّ وجلّ کی نظر میں یہ لوگ کتنے بُرے اور بدبخت ہیں تو پھر تم ان سے اس سے بھی زیادہ نفرت کرنے لگتے، اور اگرچہ یہ لوگ شدید گناہوں میں مبتلا ہیں مگر اس کے باوجود اگر تم اور تمام اہلِ زمین ملکر ان کی حکومت کو ختم کرنے کی کوشش کریں تو بھی ختم نہیں کر سکتے (اِس لیے کہ ان کے لیے مدّت مقرّر ہے) لہٰذا: دیکھو! کہیں شیطان تمھیں فریب میں مبتلا نہ کر دے اور عزّت تو صرف اللہ اور اُس کے رسولؐ اور مومنین کے لیے ہے لیکن منافقین اس کو نہیں سمجھتے۔

کیا تمھیں نہیں معلوم: جو شخص ہمارے صاحب امر کا انتظار کرے اور وہ خوف اور اذیتیں جو وہ دیکھ رہا ہے اُن پر صبر کرے تو وہ کل (بروز قیامت) ہمارے گروہ میں ہوگا۔

(اب سوال یہ کہ ہمارا صاحبِ امر کب آئے گا) تو سنو!

ترجمہ (الف) "جب تم دیکھو کہ حق بالکل بے جان ہو چکا ہے اور اہلِ حق دنیا سے رخصت ہو گئے اور دیکھو کہ ظلم و جور (کا بادل) سارے شہروں پر چھا گیا ہے، جب دیکھو کہ قرآن مجید کو فرسودہ و کتابِ کہنہ سمجھ لیا گیا ہے اور اس میں وہ نئی نئی باتیں پیدا کی جا رہی ہیں جو اسمیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نہیں ہیں اور اپنی خواہشات کے مطابق اس کی توجیہات بیان کی جارہی ہیں، اور جب دیکھو دین کو اس طرح الٹ پلٹ دیا گیا ہے جس طرح پانی کو الٹ پلٹ دیا جاتا ہے،

(۱) ـــــــ اور جب دیکھو کہ اہلِ باطل، اہلِ حق پر چھا گئے ہیں، اور جب دیکھو کہ برائیاں کھلے عام ہو رہی ہیں اور انھیں کوئی روکنے والا نہیں ہے اور برائی کرنے والا معذرت بھی نہیں چاہتا، اور جب دیکھو کہ فسق و فجور کھلم کھلا ہو رہا ہے، اور مرد پر مرد، اور عورت پر عورت اکتفاء کر رہی ہے، اور دیکھو کہ مومن بیچارہ اور خاموش ہو کر رہ گیا ہے اسکی بات کوئی نہیں مانتا، اور دیکھو کہ فاسق جھوٹ بول رہا ہے اور اسکی تردید نہیں کی جاتی۔ اور دیکھو کہ چھوٹے بڑوں کی تحقیر کر رہے ہیں، اور دیکھو کہ قطع رحم کیا جا رہا ہے اور دیکھو کہ فسق و فجور کی تعریف اور مدح کی جارہی ہے اور کوئی اس کی تردید کرنے والا نہیں ہے۔

(۲) ـــــــ اور دیکھو کہ لڑکوں کو بھی اس طرح مہر دیا جا رہا ہے جیسے عورت کو مہر دیا جاتا ہے، اور عورتیں، عورتوں سے تزویج و نکاح کرتی ہیں، اور دیکھو کہ عورتوں کی کثرت ہو گئی ہے، اور دیکھو کہ مرد اپنا مال غیر اطاعتِ خدا میں صرف کر رہے ہیں مگر انھیں منع نہیں کیا جاتا، اُن کا ہاتھ نہیں پکڑا جاتا، اور دیکھو کہ ایک پڑوسی دوسرے پڑوسی کو ستا رہا ہے اور کوئی مانع نہیں ہے۔

(۳) ـــــــ اور جب دیکھو کہ مومن کا حالِ زار دیکھ کر کافر خوش ہو رہا ہے اور وہ زمین پر فتنہ و فساد دیکھ کر شیخی سے اِترا رہا ہے، اور دیکھو کہ شراب علانیہ پی جانے لگی ہے اور وہ لوگ جو خوفِ خدا سے نہیں ڈرتے شراب نوشی پر ایکا کیے ہیں، اور دیکھو کہ امر بالمعروف (نیکی کا حکم) کرنے والا ذلیل سمجھا جانے لگا، اور جب فاسق وہ کام کرنے لگا جو اللہ کو پسند نہیں اور اُس کی تعریف کی جاتی ہے، اور دیکھو کہ صاحبانِ آیات، اور اُن سے محبت رکھنے والوں کی تحقیر کی جاتی ہے، اور دیکھو کہ خیر اور نیکی کے راستے بند ہیں اور شر کے راستے کھلے ہوئے ہیں، اور دیکھو کہ اللہ کا گھر بالکل معطّل اور اُسے چھوڑنے کا حکم دیا جاتا ہے، اور دیکھو کہ لوگ جو کہتے ہیں اُس پر خود عمل نہیں کرتے۔

(۴) ـــــــ اور جب دیکھو کہ مرد، مرد کے لیے اور عورت، عورت کے لیے آراستہ کی جانے لگی ہیں، بالکل اسی طرح جیسے کسی عورت کو اُس کے شوہر کے لیے آراستہ کیا جاتا ہے، اور دیکھو کہ لوگ اپنے ساتھ (اپنی دُبر میں) بدفعلی کے لیے مال خرچ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کرتے ہیں اور عورتوں نے بے حیائی کو اپنی معیشت قرار دیا ہے، اور دیکھو کہ عورتیں، مردوں کی طرح مجالس میں جاتی ہیں۔

(۵) _____ اور جب دیکھو کہ اولادِ عباس میں نسوانیت ظاہر ہو رہی ہے خضاب لگا رہے ہیں اور وہ اسطرح کنگھی کرتے ہیں جسطرح عورتیں اپنے شوہروں کیلئے کرتی ہیں اور لوگوں کو خود سے بدفعلی کرانے کیلئے پیسے دیتے ہیں اور اُن لوگوں میں آپس میں نفسا نفسی کا عالم ہے اور مومن سے زیادہ، دولت مندوں کی عزّت کی جاتی ہے، اور سود خوری عام ہے، اس کو عیب نہیں سمجھا جاتا، اور زناکاری عورتوں کے لیے قابلِ تعریف (فیشن) ہو گئی ہے۔

(۶) _____ اور جب دیکھو کہ عورت خود اپنے شوہر کو مرد سے بدفعلی کرنے کی طرف رغبت دلاتی ہے، اور دیکھو کہ بہترین خاندان (ہائی فیملی) وہ سمجھا جاتا ہے جو اپنی عورتوں کی فسق و فجور کے لیے ہمّت افزائی کرے، اور دیکھو کہ مومن غمزدہ ہے اور لوگ اس کو حقیر و ذلیل سمجھتے ہیں، اور دیکھو کہ بدعت اور زنا عام ہے لوگ جھوٹی گواہیوں کے عادی ہو گئے ہیں، حرام کو حلال اور حلال کو حرام کر دیا گیا ہے، قرآن کے احکام معطّل کر دیے گئے ہیں، اور دین کو قیاس پر اور بالکل اپنی رائے پر محمول کر دیا ہے، اور اللہ کی نافرمانی اور گناہ کے لیے رات کے پردے کی بھی ضرورت نہیں سمجھی جاتی ہے۔

(۷) _____ اور جب دیکھو کہ مومن زبان نہیں کھول سکتا کہ کسی کو بُرائی سے روک سکے اور وہ اپنے دل ہی دل میں کُڑھ رہا ہے، اور دیکھو کہ مال کا ایک بڑا حصّہ اللہ عزّ و جلّ کی ناراضگی کے لیے خرچ کیا جا رہا ہے۔

(۸) _____ اور جب دیکھو کہ حکّامِ وقت اہلِ کفر کو اپنے قریب اور اہلِ خیر (نیکوں) کو اپنے سے دور رکھتے ہیں، اور احکام جاری کرنے کے لیے بھی رشوت طلب کرتے ہیں اور دیکھو کہ ملازمت اُسے دی جاتی ہے جو زیادہ رشوت دے۔

(۹) _____ اور جب دیکھو کہ عورتیں، عورتوں سے نکاح کرنے لگی ہیں اور اسی پر اکتفا کر رہی ہیں، اور دیکھو کہ مرد صرف تہمت اور شُبہ کی بناء پر قتل کیے جاتے ہیں، اور لوگ اپنے ساتھ بدفعلی کے لیے رقم دیتے ہیں، اور دیکھو کہ عورت سے مباشرت کو مرد کے لیے معیوب سمجھا جاتا ہے، اور مرد اپنی عورت سے پیشہ کراتا، اُسی کمائی پر گذارہ کرتا اور باوجود علم کے اس پر راضی رہتا ہے، اور دیکھو کہ عورت اپنے شوہر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کو ڈانٹ ڈپٹ کرتی ہے اور وہ کام کرتی ہے جو شوہر کو ناپسند ہیں اور اپنے شوہر کا خرچ اپنے کسب سے چلاتی ہے۔

(۱۰) ـــــــ اور جب دیکھو کہ مرد اپنی زوجہ یا اپنی کنیز کو کرائے پر چلاتا ہے، اور لقمۂ حرام اور شراب کو پسند کرتا ہے، اور اللہ پر ایمان کا اکثر دارومدار جھوٹ اور مکّاری پر ہے، اور کھلے بندوں جُوا کھیلا جاتا ہے، کھلّم کھلّا شراب فروشی ہوتی ہے اور اس کا روکنے والا بھی کوئی نہیں ہے، اور دیکھو کہ عورتیں خود کو کافروں کے حوالے کر رہی ہیں، اور لہو ولعب (کھیل کود، راگ رنگ وغیرہ) عام طور پر جاری ہے اور کوئی روکنے والا ان افعال سے منع کرنے اور روکنے کی جرأت نہیں رکھتا، طاقت اور قوّت والا شریفوں کو ذلیل کرتا ہے، اور دیکھو کہ والیانِ سلطنت کا سب سے زیادہ مقرّب وہی بن جاتا ہے جو ہم اہلِ بیتؑ کو بُرا کہے، اور جب ہمارے دوستوں کو جھوٹا اور مکّار سمجھا جانے لگا اور اُن کی گواہی قبول نہیں کی جاتی، اور جب جھوٹ بولنے اور مکّاری کرنے میں ایکدوسرے پر سبقت لیجانے کی کوششیں کی جائیں۔

(۱۱) ـــــــ اور جب دیکھو کہ قرآن مجید کی تلاوت کا سُننا لوگوں پر بار ہے، اور دیکھو کہ سنتہائے باطل کا سُننا لوگوں کو بہت پسند ہے، ظالم وجابر کا اکرام اُس کا پڑوسی اس لیے کرتا ہے کہ وہ اُس کی زبان سے ڈرتا ہے، اور شریعت کی مقرّر کردہ سزائیں معطّل ہیں اور ان میں اپنی خواہش کے مطابق عمل ہوتا ہے، اور دیکھو کہ مسجدوں کو خوب آراستہ کیا گیا ہے، اور لوگوں کے نزدیک سب سے زیادہ سچّا وہ ہے جو جھوٹ اور افترا سے کام لیتا ہو، شر اور غیبت وچغلخوری کھلے عام ہوگئی ہے، بغاوت اور نافرمانی علانیہ ہو رہی ہے، اور غیبت بطور خوشخبری سنائی جاتی ہے۔

(۱۲) ـــــــ اور جب دیکھو کہ حج اور جہاد غیرِ خدا کی خوشنودی کے لیے کیا جا رہا ہے، اور سلطانِ وقت ایک کافر کو خوش کرنے کے لیے مومن کو ذلیل کرتا ہے، اور دیکھو کہ تعمیر پر تخریب غالب ہے، اور دیکھو کہ ناپ تول میں کمی اور کھوٹ اور اشیاء میں ملاوٹ لوگوں کی معیشت اور پیشہ بن گیا ہے، اور جب کسی کا خون بہانا معمولی سی بات ہے۔

(۱۳) ـــــــ اور جب دیکھو کہ لوگ دنیاوی ریاست بڑھانے کے لئے سرداری حاصل کرتے ہیں، وہ اپنی بدزبانی سے خود کو مشتہر کرتے ہیں، تاکہ اُن سے ڈرا جائے اور تمام اُمور میں لوگ بس انہی کی طرف رُجوع کریں۔ اور جب دیکھو کہ نماز کا مذاق اُڑایا جانے لگا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور دیکھو کہ لوگوں نے بہت زیادہ مال جمع کر لیا ہے مگر زکوٰۃ کبھی ادا نہیں کی
اور دیکھو کہ میّت کو قبر سے نکال کر اُسے اذیّت دی جاتی ہے اور اس کا کفن بیچا
جا رہا ہے۔ اور دیکھو کہ ہرج مرج میں اضافہ ہو رہا ہے۔ (لہ، فتنہ و فساد)

(۱۴) ـــــــ اور جب دیکھو کہ لوگ صبح و شام شراب کے نشے میں چور رہتے ہیں اور
اُنھیں پروا نہیں ہے کہ اور لوگ اُسے دیکھیں گے، اور دیکھو کہ جانوروں کا بھی
نکاح و بیاہ رچایا جانے لگا ہے، اور دیکھو کہ ایک جانور دوسرے کو پھاڑ کھاتا ہے
اور دیکھو کہ آدمی اپنے مصلّے پر جاتا ہے اور پلٹ کر آتا ہے مگر اس کے جسم پر کوئی
لباس نہیں، اور دیکھو کہ لوگوں کے دل سخت ہو گئے ہیں، آنکھیں پتھرا گئیں
اور ذکرِ خدا اُن کی طبیعت پر بار ہے، اور دیکھو کہ حرام کاری کھُل کر کی جا رہی
ہے، بلکہ باہم مقابلہ ہوتا ہے (کہ کون حرام کاری میں فرسٹ اور کون سیکنڈ
ہے تاکہ انعام حاصل کرے) اور دیکھو کہ نماز پڑھنے والا دوسروں کو دکھانے
کے لیے نماز پڑھتا ہے۔

(۱۵) ـــــــ اور جب دیکھو کہ فقیہ حصولِ دنیا اور طلبِ ریاست و منفعت کے لیے
فقہ کا علم حاصل کرتا ہے دین کے لیے نہیں، اور دیکھو کہ لوگ اُسی کا ساتھ دیتے
ہیں جس کو غلبہ حاصل ہو رہا ہے، حرام کمانے والوں کی تعریف اور مدح کی جاتی
ہے، اور دیکھو کہ حرمین شریفین (مکّہ و مدینہ) میں ایسے کام کیے جانے لگے ہیں
جن کو اللہ پسند نہیں کرتا، اور ارتکابِ ناپسندیدہ پر اُنھیں کوئی منع کرنے والا
بھی نہیں ہے، اُن کے درمیان اور اُن اعمالِ قبیح کے درمیان کوئی حائل ہونے
والا بھی نہیں ہے، اور دیکھو کہ حرمین شریفین میں گانا بجانا کھُلے عام ہو رہا ہے۔

(۱۶) ـــــــ اور جب دیکھو کہ ایک شخص حق بات کہہ رہا ہے نیکی کا حکم دے رہا ہے،
بُرائی سے روک رہا ہے اور اُس کے مقابلے پر دوسرا شخص اُٹھ کر کہتا ہے کہ
یہ سب کچھ تم اپنی طرف سے، اپنے دل سے کہہ رہے ہو (یہ حکم خدا اس طرح نہیں ہے)
اور لوگ ایکدوسرے کا منھ دیکھ رہے ہیں، اور اہلِ شر کی پیروی کرنے پر لوگوں
نے گٹھ جوڑ کر لیا ہے، اور دیکھو کہ خیر اور بھلائی کا راستہ خالی پڑا ہوا ہے اس پر
کوئی چلنے والا نہیں ہے، اور دیکھو کہ میّت پر کوئی رونے والا نہیں، بلکہ اس کا
استہزاء و مذاق اُڑایا جا رہا ہے۔

(۱۷) ـــــــ اور جب دیکھو کہ بدعتوں اور شرارتوں میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے، اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دیکھو کہ محتاجوں کو دیتے بھی ہیں لیکن ان کا مذاق اُڑایا جاتا ہے، اللہ کی خوشنودی یا اُس کے حکم کے لیے نہیں دیا جاتا اور اُن پر غیر خدا کے لیے رحم وکرم کیا جارہا ہے۔ اور جب دیکھو کہ آسمان پر نشانیاں ظاہر ہو رہی ہیں اور اُن سے کوئی خوفزدہ نہیں ہے، اور دیکھو کہ لوگ جانوروں کی طرح جفتی کھاتے ہیں اور لوگوں کے ڈر سے کوئی اُن کو منع کرنے والا نہیں ہے، اور دیکھو کہ لوگ اللہ کی نافرمانی میں تو کثیر مال صَرف کر رہے ہیں اور اطاعتِ خدا میں تھوڑا سا مال خرچ کرنے کو منع کر رہے ہیں۔

(۱۸) ——— اور جب دیکھو کہ نافرمانی علانیہ ہونے لگی، اور والدین کو ذلیل کیا جانے لگا ہے اور اُن پر افترا پردازی کر کے خوش ہوتے ہیں

(۱۹) ——— اور جب دیکھو کہ عورتیں ملک پر غالب ہیں، ہر معاملے میں مردوں کے اوپر حاوی ہیں، ہر کام اُن ہی کی مرضی سے ہوتا ہے، اور جب دیکھو کہ بیٹا اپنے باپ پر غلط الزام لگاتا ہے، اور اپنے والدین کے لیے بددعا کرتا ہے اور اُنکی موت پر خوش ہوتا ہے، اور دیکھو کہ آدمی پر ایک دن ایسا گذر گیا کہ جس میں وہ کوئی گناہِ عظیم نہ کر سکا ہو جیسے فجور و بدکاری، ناپ تول میں کمی، شراب نوشی وغیرہ تو اُس کو بڑا دُکھ اور رنج ہو رہا ہے اور سمجھتا ہے کہ میرا یہ دن تو بالکل بیکار گذر گیا۔

(۲۰) ——— اور جب دیکھو کہ بادشاہ خود بھی اشیاءِ خورونوش کی ذخیرہ اندوزی میں ملوّث ہو رہا ہے، اور دیکھو کہ اپنے عزیزوں اور قرابتداروں کا مال دھوکے سے تقسیم کر لیا جاتا ہے اور اُس مال سے قمار بازی اور شراب نوشی کی جاتی ہے۔ اور دیکھو کہ مریض کا علاج شراب سے کیا جانے لگا اور مریض کو اس کے فوائد بتائے جاتے ہیں، اور دیکھو کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور دیانتداری کو ترک کیے ہوئے ہیں، جب دیکھو کہ نفاق کی ہوائیں مسلسل چل پڑی ہیں، اور اہلِ حق کی ہوائیں ساکن ہو چکی ہیں۔

(۲۱) ——— اور جب دیکھو کہ اذان کہنے اور نماز پڑھانے کی اُجرت لی جاتی ہے اور مسجد ایسے لوگوں سے بھری ہوتی ہے جو خوفِ خدا نہیں رکھتے، اور مسجد میں اُن کا مجمع صرف اس لیے ہے کہ غیبت کریں اور اہلِ حق کا گوشت کھائیں اور شراب کی تعریف اور توصیف بیان کریں، اور دیکھو کہ نشے کی حالت میں لوگوں کو نماز پڑھائی جاتی ہے اور اس کو بُرا نہیں سمجھا جاتا، بلکہ اگر وہ نشے میں ہو تو اس کی زیادہ عزّت ہوتی ہے اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُس سے ڈرا جاتا ہے" لوگ اُس سے خوفزدہ ہیں اور اُس کی شراب نوشی اور نشے کے بارے میں طرح طرح کے عذر بہانے اور تاویلات پیش کی جاتی ہیں۔

(۲۲) ——— اور جب دیکھو کہ یتیموں کا مال کھانا قابلِ تعریف کام سمجھا جا رہا ہے اور دیکھو کہ فیصلے اللہ کے احکام کے خلاف کیے جانے لگے، اور دیکھو کہ والیٔ سلطنت خیانت اور طمع کرنے لگے، بادشاہ اہلِ فسق و فجور کو میراث عطا کر رہا ہے اور اللہ کے خلاف جرأت کی جانے لگی، اور جو چاہتے ہیں کرتے ہیں کوئی منع کرنے والا نہیں، اور دیکھو کہ منبروں سے زہد و تقویٰ کی گفتگو ہو رہی ہے لیکن خود حکم دینے والا عمل سے خالی ہے (صرف دوسروں کو حکم دیتا ہے)۔

(۲۳) ——— اور جب دیکھو کہ نماز کو اس کے وقت پر نہیں پڑھا جاتا اور اوقاتِ نماز کی بے قدری کی جاتی ہے، اور دیکھو کہ صدقہ دیا بھی جاتا ہے تو خدا کی خوشنودی کے لیے نہیں بلکہ لوگوں کی خوشنودی کے لیے، اور دیکھو کہ لوگوں کو صرف اپنے پیٹ اور خواہشاتِ شہوانی کی فکر ہے وہ یہ نہیں سوچتے کہ کیا کھا رہے ہیں اور کس سے نکاح کر رہے ہیں، اور دیکھو کہ لوگوں کے پاس دولتِ دنیا خوب آ رہی ہے اور جب دیکھو کہ حق کا پرچم کہیں بلند نہیں ہو رہا ہے۔

حکمِ امام ۴: پس تم کو چاہیے کہ اُس وقت تم ڈرتے رہو اور اللہ عزّ و جلّ سے اپنی نجات کی دعا کرتے رہو، اور یہ سمجھ لو کہ سب غضبِ الٰہی کی لپیٹ میں ہیں مگر اُس نے ان لوگوں کو اپنی کسی مصلحت کی بنا پر مہلت دے رکھی ہے، پھر تم انتظار کرو کہ اللہ عزّ و جلّ تمھیں وہ دکھا دے جو ان سب کے برخلاف ہے۔

اب: اگر ان پر عذاب نازل ہو اور تم اُن کے درمیان موجود تو فوراً وہاں سے بھاگ نکلو، تو اللہ تم پر رحم کرے گا، ورنہ وہاں رہے تو تم خود بھی اس عذاب کی لپیٹ میں آ جاؤ گے۔ اور یہ یاد رکھو کہ:

"اللہ عزّ و جلّ نیکی کرنے والوں کے ثواب کو کبھی ضائع نہیں کرتا، اور اللہ کی رحمت نیکی کرنے والوں کے بالکل قریب ہے۔" (کافی)

(سورۂ توبہ ۱۲۰ - سورۂ نساء ۵۶)

۱۴۸ علائمِ ظہور بزبانِ رسول اللہؐ

جابر ابن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہؐ کے ساتھ آپؐ کے آخری حج (حجۃ الوداع) کے موقع پر میں نے بھی حج کیا، جب آنحضرتؐ تمام مناسکِ حج سے فارغ ہوئے تو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کعبے سے رخصت ہونے کے لیے کعبے کے پاس تشریف لائے۔ آپؐ نے درِ کعبہ کے حلقے کو پکڑا اور بلند آواز سے ارشاد فرمایا: اَیُّھَا النَّاس ! (اے لوگو!

آپؐ کی یہ آواز سن کر اہلِ مسجد اور اہلِ بازار سب جمع ہو گئے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا:

سنو! میں وہ باتیں بتاتا ہوں جو میرے بعد رونما ہوں گی، لہٰذا جو اِس وقت یہاں موجود ہیں وہ ان باتوں کو دوسروں تک پہنچا دیں، جو یہاں موجود نہیں ہیں۔

یہ فرما کر آپ پر گریہ طاری ہو گیا، آپؐ کو دیکھ کر سارا مجمع رونے لگا۔ جب گریہ موقوف ہوا تو

قَالَ ﷺ: "اعلموا رحمکم اللہ انَّ مثلکم فی ھٰذا الیوم کمثلِ ورق لاشوک فیہ الیٰ اربعین ومائۃ سنۃ ثمّ یاتی من بعد ذٰلک شوک و ورق الیٰ مائتیٰ سنۃ ثمّ یاتی من بعد ذالک شوک لا ورق فیہ حتّیٰ لایریٰ فیہ اِلّا سلطان جائرٌ اوغنیٌّ بخیل اوعالم مراغب فی المال اوفقیر کذّاب او شیخٌ فاجر اوصبیٌّ وقحٌ او امراۃٌ رعناءُ"

ثمّ بکیٰ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

(۱) فقام الیہ سلمان الفارسیؓ وقال: یارسول اللہؐ! اخبرنا متیٰ یکون ذالک؟

فقالؐ: "یاسلمانؓ اذا قلّت علماؤکم، وذھبت قرّاؤکم وقطعتم زکاتکم واظھرتم منکراتکم، وعلت اصواتکم فی مساجدکم وجعلتم الدُّنیا فوق رؤوسکم والعلم تحت اقدامکم والکذب حدیثکم والغیبۃ فاکھتکم، والحرام غنیمتکم ولا یرحم کبیرکم صغیرکم، ولا یوقّر صغیرکم کبیرکم۔

فعند ذالک تنزل اللّعنۃ علیکم ویجعل باسکم بینکم ویبقی الدّین بینکم لفظًا بالسنتکم۔

فاذا اوتیتم ھٰذہِ الخصال توقّعوا الرّیح الحمراء اَومسخًا او قذفًا بالحجارۃ وتصدیق ذالک فی کتاب اللہ عزّوجلّ: (الآیت) "قُلْ ھُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓی اَنْ یَّبْعَثَ عَلَیْکُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِکُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِکُمْ اَوْ یَلْبِسَکُمْ شِیَعًا وَّیُذِیْقَ بَعْضَکُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ کَیْفَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّھُمْ یَفْقَھُوْنَ۔" (سورۃ انعام ۶ آیت ۶۵)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(٢) فقام اليه جماعة من اصحابه فقالوا: يا رسول الله ﷺ اخبرنا متىٰ يكون ذٰلك ؟

(٣) فقال ﷺ: "عند تأخير الصلوات، واتّباع الشهوات وشرب القهوات، وشتم الآباء والأمّهات.

(٤) حتّى ترون الحرام مغنماً، والزّكاة مغرماً، واطاع الرّجل زوجته، وجفا جاره وقطع رحمه وذهبت رحمة الاكابر وقلّ حياء الاصاغر وشيّدوا البنيان وظلموا العبيد والاماء وشهدوا بالهوىٰ وحكموا بالجور ويسبّ الرّجل اباه ويحسد الرّجل اخاه ويعامل الشّركاء بالخيانة وقلّ الوفاء وشاع الزّنا وتزيّن الرّجال بثياب النّساء وسلب عنهنّ قناع الحياء ودبّ الكبر في القلوب كدبيب السمّ في الابدان وقلّ المعروف وظهرت الجرائم وهوّنت العظائم وطلبوا المدح بالمال وانفقوا المال للغناء وشغلوا بالدّنيا عن الاخرة، وقلّ الورع وكثر الطّمع والهرج والمرج، واصبح المؤمن ذليلاً ومنافق عزيزاً، مساجدهم معمورة بالاذان وقلوبهم خالية من الايمان، واستخفّوا بالقرآن، وبلّغ المؤمن عنهم كلّ هوان.

(٥) فعند ذٰلك ترى وجوههم وجوه الآدميّين وقلوبهم قلوب الشياطين، كلامهم احلى من العسل وقلوبهم امرّ من الحنظل، فهم ذئاب وعليهم ثياب، ما من يوم الّا

(٦) يقول الله تبارك وتعالىٰ:

"اَفَبِيْ تغترّون ؟ اَمْ عَلَيَّ تَجْتَرِؤُن ؟ ؟" "وَاَفَحَسِبْتُمْ

(٧) اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْن" (سورہ مومنون آیت ١١٥)

فَوَعِزَّتِي وَجَلَالِي، لَوْلَا مَنْ يَّعْبُدُنِي مُخْلِصاً مَا اَمْهَلْتُ مَنْ يَّعْصِيْنِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّ لَوْلَا وَرَعُ الْوَرِعِيْنَ مِنْ عِبَادِي لَمَا اَنْزَلْتُ مِنَ السَّمَاءِ قَطْرَةً وَّ لَا اَنْبَتُّ وَرَقَةً خَضْرَاءَ فَوَاعَجَبَاهُ لِقَوْمٍ اِلٰهُهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَطَالَتْ اٰمَالُهُمْ وَقَصُرَتْ اٰجَالُهُمْ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَيَطْمَعُونَ فِي مُجَاوَرَةِ مَوْلَاهُمْ وَلَا يَصِلُونَ إِلَىٰ ذَٰلِكَ إِلَّا بِالْعَمَلِ وَلَا يُتِمُّ الْعَمَلَ إِلَّا بِالْعَقْلِ "

ترجمہ:

آپؐ نے فرمایا: "اللہ تم لوگوں پر رحم کرے یہ سمجھ لو کہ آجکل تمھاری مثال اُس پودے کے مانند ہے جس میں صرف پتّے ہی پتّے ہیں کوئی کانٹا نہیں ہے اور یہ صورت ۱۴۰ سنہ تک رہے گی، پھر اس میں پتّے اور کانٹے دونوں پیدا ہوں گے اور یہ صورت ۲۰۰ سنہ تک رہے گی۔ اس کے بعد اس (پودے) میں صرف کانٹے ہی کانٹے پیدا ہونگے پتّا ایک بھی نہ ہوگا یعنی اس (زمانے) میں ظالم وجابر بادشاہ، دولتمند بخیل دنیا کے حریص عالم، جھوٹے فقیر، فاسق بوڑھے، بدچلن لڑکے اور رعونت رکھنے والی عورت کے سوا کوئی نظر نہ آئے گا۔"

یہ فرما کر آپؐ نے پھر گریہ فرمایا:

(۱) یہ سنکر سلمانؓ فارسی اُٹھے اور عرض کیا: یا رسول اللہؐ! ایسا کب ہوگا؟

آپؐ نے فرمایا: "اے سلمان! ایسا اُس وقت ہوگا جب تم میں علماء کی قلّت ہوگی، قرآن مجید کے قاری گذر جائیں گے، جب تم زکوٰۃ دینا بند کردوگے، علانیہ گناہوں کا ارتکاب کرنے لگو گے، مسجدوں میں شور وغل مچاؤ گے، دولتِ دنیا کو اپنے سروں پر اور علم کو پاؤں کے نیچے رکھو گے، تمھاری باتیں جھوٹ پر مبنی ہوں گی، غنیمت کو تفریح جان لوگے، حرام کی کمائی کو غنیمت سمجھو گے۔ تمھارے بڑے تمھارے چھوٹوں مہربانی نہ کریں گے اور تمھارے چھوٹے تمھارے بڑوں کی عزّت نہ کریں گے اُسوقت تم پر لعنتیں برسیں گی، تمھارے اندر آپس میں لڑائی جھگڑے ہوں گے اور دین کا صرف لفظ رہ جائے گا جو صرف تمھاری زبانوں پر ہوگا۔

جب تم میں یہ باتیں آجائیں تو پھر تم اُمید رکھو کہ سرخ آندھیاں آئیں گی، صورتیں مسخ ہوجائیں گی، پتھروں کی بارش ہوگی اور اس کی تصدیق اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اس طرح فرمائی ہے:

ترجمۂ آیت: "کہدیجیے: وہ اس بات پر قادر ہے کہ تم پر، تمھارے اوپر سے یا تمھارے پاؤں کے نیچے سے عذاب بھیجے، یا تمھیں گروہ بندی میں ملوّث کرکے ایک (گروہ) کو دوسرے (گروہ) سے ضرر کا مزا چکھائے۔ دیکھو تو سہی ہم کس طرح آیات کو کھول کر بیان کرتے ہیں۔ شاید (کاش) کہ وہ سمجھ سکیں۔" (انعام آیت ۶۵)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲) یہ سنکر صحابہ کی ایک جماعت اُٹھی اور عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ سب کچھ کب ہوگا؟
آپؐ نے ارشاد فرمایا: "یہ سب اُس وقت ہوگا جب تم لوگ نماز میں تاخیر اور لیت ولعل (یعنی
(۳) تساہلی اور لاپروائی) کرنے لگوگے اور اپنی خواہشات کی پیروی کروگے، قہوہ[1]
(شراب) پینے لگوگے، اپنے باپوں اور ماؤں کو گالیاں دینے لگوگے۔
(۴) یہانتک کہ مالِ حرام کو غنیمت اور زکوٰۃ کو نقصان سمجھنے لگوگے۔ مرد اپنی
زوجہ کا تابع اور اطاعت گذار ہوگا، پڑوسی پر ظلم وجفا کی جائے گی، رشتے داروں
سے بدسلوکی ہونے لگے گی، بزرگوں میں مہربانی نہ رہے گی، خُردوں میں شرم وحیا
کی قلت ہوگی، مستحکم عمارتیں تعمیر کی جائیں گی، غلاموں اور کنیزوں پر ظلم ہوگا
اپنی خواہشات کے مطابق شہادتیں ہوں گی، ناانصافی سے فیصلے ہوں گے۔ بیٹا
اپنے باپ کو گالیاں دے گا، بھائی اپنے بھائی سے حسد کرے گا، شریکِ کار
بددیانتی کریں گے، بیوفائی بڑھ جائے گی، زناکاری عام ہوجائے گی، مرد عورتوں
کا لباس پہنیں گے، عورتوں کی ردائے حیا چھن جائے گی، تکبّر لوگوں کے قلوب
میں اسطرح پھیل جائے گا جیسے جسم میں زہر پھیلتا ہے، نیکیاں کم ہونے لگیں
گی، جرائم میں ترقی ہوجائے گی، رقم دیکر لوگ اپنی تعریف چاہیں گے، گانے بجانے
پر مال صَرف کیا جائے گا، آخرت کو چھوڑکر لوگ دنیا طلبی میں مشغول ہوجائیں گے
تقویٰ کی کمی ہوجائے گی، حرص ولالچ بڑھ جائے گا، مومن کو ذلیل اور منافق کو
عزت دار سمجھا جائے گا، مساجد اذان سے معمور ہوں گی مگر لوگوں کے قلوب ایمان
سے خالی ہوں گے، قرآن کو معمولی وسُبک سمجھا جائے گا، مومن کو لوگوں سے
بہرصورت توہین نصیب ہوگی۔
(۵) اُس وقت تم دیکھوگے کہ ان لوگوں کی صورتیں تو آدمیوں جیسی ہوں گی مگر
اُن کے قلوب شیاطین کے قلوب کی مانند ہوں گے، اُن کی گفتگو شہد سے زیادہ
شیریں، مگر دل اندر اُن (زہر) سے زیادہ تلخ ہوں گے، وہ درحقیقت بھیڑیے
ہوں گے جو انسانوں کا لباس پہنے ہوں گے۔ ہر روز اللہ تبارک وتعالیٰ انھیں
(۶) پکار کر کہے گا۔ "تم لوگ مجھ سے دھوکہ کر رہے ہو یا واقعاً مجھ سے گستاخ ہوگئے ہو"
آیت کا ترجمہ: "کیا تم سمجھتے ہو کہ ہم نے تمھیں بیکار پیدا کیا ہے اور اب تم لوگ ہمارے
پاس پلٹ کر نہ آؤگے۔" (ترجمہ سورہ مومنون ۱۱۵)
(۷) میں اپنی عزّت وجلال کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر تم میں ہمارے چند مخلص بندے

[1] القھوۃ - الخمر: قہوہ بمعنی خمر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نہ ہوتے جو خلوص سے ہماری عبادت کرتے ہیں تو ان گناہگاروں کو چشم زدن کے لیے بھی مہلت نہ دیتا۔ اگر چند متقیوں کا تقوی نہ ہوتا تو آسمان سے ایک قطرہ پانی کا نہ برساتا اور نہ زمین سے ایک پتا نباتات کا اُگاتا۔ پس بڑا تعجب ہے اس قوم پر جس نے مال و دولت کو اپنا خدا سمجھ لیا ہے، اُن کی تمنائیں اور آرزوئیں بڑی طویل و عریض ہیں مگر عمریں بڑی کم ہیں، چاہتے ہیں کہ اپنے مالک کا تقرب حاصل کریں مگر یہ بغیر عمل کے ممکن نہیں اور عمل بغیر عقل کے ناتمام ہے۔"

(جامع الاخبار)

(۱۴۹) بنی عباس کا زوال

علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے اسحاق بن عمار سے اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"لا ترون ما تحبّون حتّی یختلف بنو فلان فیما بینھم، فاذا اختلفوا طمع النّاس وتفرّقت الکلمۃ وخرج السفیانیّ"

"تم لوگ جو کچھ چاہتے ہو وہ اُس وقت تک نہ ہوگا، جبتک بنی فلان کے اندر پھوٹ نہ پڑ جائے۔ اُن کی باہمی چپقلش کو دیکھ کر لوگ ان کی حکومت چھیننے کی لالچ نہ کریں، اور جبتک کلمہ میں اختلاف نہ ہو جائے اور سفیانی خروج نہ کرے۔"

(کافی)

(۱۵۰) شیعوں کا حالِ زار

عدّہ نے احمد بن محمّد سے، احمد نے ابنِ ابی نجران سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے اُنھوں نے ابوالجارود سے، اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے

قالؑ: "لا ترون الّذی تنظرون، حتّی تکونوا کالمعزی المواۃ الّتی لا یبالی الخابس این یضع یدہ منھا لیس لکم شرف ترفونہ ولا سناد تسندون الیہ امرکم۔"

آپؑ نے فرمایا: "تم لوگ جس امر کا انتظار کر رہے ہو وہ اُس وقت تک نہ دیکھ سکو گے جبتک کہ تم لوگ اُن بے جان بکروں کے مانند نہ جاؤ کہ شیر جس پر چاہے پنجہ مار دے جبتک تم میں کوئی ہنر و شرف نہ رہ جائے کہ جس سے تم ترقی کرو، جبتک تم میں کوئی ایسی مرکزی شخصیت نہ ہو کہ تم اس کی طرف اپنے امور میں رجوع کرو۔"

(کافی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۵۱) دنیا کا بُرا حال

عدّہ نے سہل سے، اُنھوں نے موسیٰ بن عمر صیقل سے، اُنھوں نے ابوشعیب محاملی سے، اُنھوں نے عبداللہ بن سلیمان سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام کا ارشاد ہے کہ:

"لیاتینّ علی النّاس زمانٌ یظرف فیہ الفاجر ویقرب فیہ الماجن ویضعف فیہ المنصف"

قال فقیل لہ: "متیٰ ذاک یا امیرالمومنینؑ؟

فقالؑ: "اذا اتّخذت الامانۃ مغنمًا والزّکوٰۃ مغرمًا والعبادۃ استطالۃ" والصّلۃ منًّا"

قالؑ فقیل لہ: متیٰ ذالک یا امیرالمومنین؟

فقالؑ: اذا تسلّطنَ النساء وسلّطن الاماء واُمّر الصّبیان

"لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا جس میں فاسق وفاجر کو اچھّا سمجھا جائے گا بے حیا و بے شرم کو تقرّب نصیب ہوگا، منصف مزاج کو کمزور سمجھا جائے گا۔"

آپؑ سے عرض کیا گیا: یا امیرالمومنینؑ! ایسا کب ہوگا؟

آپ نے فرمایا: جب دوسرے کی امانت کو مالِ غنیمت، زکوٰۃ کو نقصان، عبادت کو بے سوُد اور لاطائل[1] رشتہ داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کو احسان سمجھ لیا جائیگا"

عرض کیا گیا: یہ سب کب ہوگا؟ یا امیرالمومنینؑ!

آپؑ نے فرمایا: جب عورتوں اور کنیزوں کا تسلّط ہوگا، جب کمسن بچّوں کو امیر و حاکم بنایا جائے گا۔" (کافی)

(۱۵۲) ایک بدصورت اعرابی کی لشکرکشی

عدّہ نے سہل سے، سہل نے اسماعیل بن مہران سے، اُنھوں نے محمّد بن منصور سے خزاعی سے، اُنھوں نے علی بن سوید اور محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن حسین سے، اُنھوں نے ابنِ بزیع سے، اُنھوں نے اپنے چچا حمزہ سے، اُنھوں نے علی بن بن سوید اور حسن بن محمّد سے، اُنھوں نے محمّد بن احمد نہدی سے، اُنھوں نے اسماعیل بن مہران سے اُنھوں نے محمّد بن منصور سے، اُنھوں نے علی بن سوید سے روایت ہے کہ اُنھوں نے حضرت ابوالحسن امام موسیٰ کاظمؑ کو جبکہ

[1] قریبی رشتہ دار

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؑ قید خانے میں تھے خط لکھا اور آپؑ سے چند مسائل دریافت کیے، آپؑ نے اُس کے جو جوابات دیے اُن میں سے ایک یہ بھی تھا:

"اِذا رأیت المشوّہ الاعرابی فی جحفل جرّار فانتظر فَرَجَك وَلشیعتك المومنین، واذا انکسفت الشمس فارفع بصرك الی السماء وانظر ما فعل اللہ عزّ وجلّ بالمومنین، فقد فسّرت لك جملًا جملًا وصلّی اللہ علیٰ محمّد وآلہ الاخیار"

ترجمہ: "جب تم ایک بدصورت اعرابی کو ایک لشکر جرّار میں دیکھو تو اُس وقت اپنے لیے اور اپنے مومنین شیعوں کے لیے فرج وکشادگی کا انتظار کرو۔ اور جب آفتاب کو گہن لگے تو اپنی نگاہ اُٹھا کر آسمان کی طرف دیکھو کہ اللہ عزّ وجلّ نے مومنین کے ساتھ کیا کیا ہے۔ میں نے یہ بات تم کو مجملًا بتادی ہے۔ اور اللہ محمدؐ اور ان کی آلِ اخیار پر اپنی رحمت نازل فرمائے۔" (کافی)

(۱۵۳) امام مہدیؑ، سفیانی کو قتل کریں گے

حمید بن زیاد نے عبید اللہ دہقان سے، عبید اللہ نے طاطری سے، طاطری نے محمد بن زیاد سے، محمدؐ نے ابان سے، ابان نے صباح بن سیابہ سے، صباح نے ابنِ خنیس سے اور ابن خنیس روایت کرتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ عبد السّلام بن نعیم اور سدیر وغیرہ کے بہت سے خطوط لیکر حضرت ابو عبد اللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ یہ اُسوقت کی بات ہے جب (ابو مسلم خراسانی کا) سیاہ پوش لشکر اولادِ بنی عبّاس کے ظہور سے پہلے ظاہر ہوا تھا۔ آپ نے ان خطوط کو زمین پر پھینکدیا، اس میں تحریر تھا کہ ہم لوگ اِس معاملے میں آپ کی طرف رجوع کرتے ہیں

قالؑ: "اُفٍّ اُفٍّ ما اَنا لھٰؤلاء بامام اَما یعلمون اَنّہ انّما یقتل السفیانیؑ"

آپؑ نے فرمایا: "افسوس افسوس، میں ان لوگوں کا امام نہیں، کیا ان لوگوں کو نہیں معلوم کہ وہ (صاحب امر) سفیانی کو قتل کرے گا۔" (کافی)

(۱۵۴) امام مہدیؑ، امام حسینؑ کی نویں پُشت میں ہونگے

جابر ابن عبد اللہ انصاری سے روایت ہے کہ نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا

"مِنّا مہدیُّ ھٰذہ الاُمّۃ اذا صارت الدّنیا ھرجًا ومرجًا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وتظاهرت الفتن وتقطّعت السُّبل واَغار بعضهم علیٰ بعض فلا کبیر یرحم صغیرًا ولا صغیر یوقّر کبیرًا، فیبعث اللّٰہ عند ذالک مہدیًّا، التّاسع من صلب الحسینؑ یفتح حصون الضّلالۃ وقلوبًا غُفلا یقوم فی الدّین فی اٰخر الزّمان کما قمت بہ فی اوّل الزّمان ویملأُ الارض عدلًا کما ملئت جورًا۔"

آپؐ نے فرمایا وہ اس امت کا مہدیؑ ہم اہلِ بیت میں سے ہوگا۔ جب ساری دنیا ہرج و مرج[1] میں مبتلا ہوگی، ہر طرف فتنے سر اُٹھائیں گے، ہر جانب رہزنی کا دور ہوگا ایک دوسرے پر ڈاکہ زنی کرے گا، نہ بڑا چھوٹے پر مہربانی کرے گا اور نہ چھوٹا بڑے کی توقیر کرے گا، تو اللہ تعالیٰ ہم میں سے ایک مہدیؑ کو بھیجے گا جو نسلِ حسینؑ میں نویں پشت میں ہوگا۔ وہ گمراہی کے قلعوں اور غافل دلوں کو فتح کرے گا۔ اور وہ دین کو آخرِ زمانہ میں اسی طرح قائم کرے گا جس طرح ابتدائی زمانے میں قائم ہوا تھا اور زمین کو عدل و انصاف سے اسی طرح بھر دیگا جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوگی۔" (کفایہ)

(۱۵۵) از خطبۂ لؤلؤ امیر المومنینؑ

علقمہ بن قیس سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ امیر المومنین علیہ السلام نے ہم لوگوں کو منبرِ کوفہ سے ایک خطبہ دیا جو "خطبۂ لؤلؤ" کے نام سے مشہور ہے۔ اس خطبے میں جہاں آپ نے اور بہت سی باتیں فرمائیں، وہاں آخر میں یہ بھی ارشاد فرمایا:

"اَلَا وانّی ظاعن عن قریب ومنطلق الی المغیب فارتقبوا الفتنۃ الاُمویّۃ والمملکۃ الکسرویّۃ واِماتۃ ما احیاہ اللّٰہ واِحیاء ما اَماتہ اللّٰہ واتّخذوا صوامعکم بیوتکم وعضّوا علیٰ مثل جمر الغضا واذکروا اللّٰہ کثیرًا فذکروہ اَکبر لو کنتم تعلمون۔

ثمّ قالؑ: وتبنی مدینۃ یقال لہا الزَّوراء بین دجلۃ ودجیل و الفرات، فلو رأیتموہا مشیّدۃ بالجص والاُجر منخرقۃ بالذّہب والفضّۃ واللّازورد والمرمر والرُّخام وابواب العاج، والخیم والقبّاب والستّارات۔

[1] فتنہ و فساد

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وقد علیت بالسّاج والعرعر والصّنوبر والشّب و شیدت بالقصور وتوالت علیها ملك بنی شیصان (شیطان) اربعة وعشرون ملکًا، فیهم السّفاح والمقلاوس والجبوح والخروع والمظفّر والمونّث، والنّظار والکبش والمهتور والعثّار والمصطلم والمستصعب والعلّام والرهبانی و الخلیع والسیّار والمترف والکدید والاکتب والمسرف والاکلب والوسیم والصیلام والعینوق۔

وتعمل القبّة الغبراء ذات الفلاة الحمراء وفی عقبها قائم الحق یسفر عن وجهه بین الاقالیم کالقمر المضیٔ بین الکواکب الدّریّة۔

اَلَا وانّ لخروجه علامات عشرة اوّلها طلوع الکوکب ذی الذّنب ویقارب من الحادی وتقع فیه هرج ومرج وشغب وتلك علامات الخصب۔

ومن العلامة اِلی العلامة عجب، فاذا انقضت العلامات العشرة اِذ ذالك یظهر القمر الازهر وتمّت کلمة الاخلاص لِلّٰه علی التوحید " (الکفایة)

ترجمہ: "آگاہ ہوجاؤ، میں عنقریب کوچ کرنے والا اور پردے میں جانے والا ہوں اب تم اسکی اُمید رکھو کہ بنی اُمیّہ کے فتنے ہوں گے کسریٰ جیسی سلطنت ہوگی جس چیز کو اللہ نے زندہ کیا ہے، وہ مردہ کردی جائے گی اور جسے اللہ نے مردہ کیا ہے وہ زندہ کی جائے گی۔ اب اپنے گھروں کو اپنا عبادت خانہ بنالینا اور دانتوں سے انگارے چبانا اور بہت زیادہ اللہ کا ذکر کرتے رہنا، اس لیے کہ اللہ کا ذکر بہت عظمت والی چیز ہے اگر تم سمجھ لو۔

پھر فرمایا: دیکھنا دجلہ و دجیل و فرات کے درمیان مقام زوراء پر ایک شہر آباد ہوگا۔ کاش تم دیکھتے کہ اس میں ایسے پختہ مکانات ہوں گے جو اینٹ اور چونے سے بنے ہوئے ہوں گے جن کو سونے چاندی، لاجورد، سنگ مرمر، سنگ رخام سے زینت دی گئی ہوگی، اس میں ہاتھی دانت کے دروازے ہوں گے، خیمے اور قبّے اور طرح طرح کے پردے ہوں گے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ان میں ساگوان و سرو اور صنوبر ہیں، اس میں بہت سے قصر ہیں اور بنی شیصان (شیطان) کے چوبیس سلاطین اس کے والی ہوں گے جن کے یہ نام ہیں: سفاح، مقلاص و جموح و خدوع و منظف و مونث و نظار و کبش و مہتور، و غشار و مصطلم، و مستعصب، و علام و رہبانی و خلیع و سیار و مترف، و کدید و اکتب، و مرف، و اکلب، و وسیم و صیلام و عینوق۔

اور ایک خاکستری رنگ کا قبہ سرخ صحرا میں تعمیر کیا جائے گا جس کے عقب میں قائمؑ بالحق ہوں گے جن کا چہرہ اس طرح چمکتا ہوگا جیسے ستاروں کے درمیان چاند۔

اور آگاہ رہو کہ اس کے ظہور کی دس علامات ہیں۔ سب سے پہلے دمدار ستارہ طلوع ہوگا اس کے بعد عجیب سے عجیب تر علامتیں ظاہر ہوں گی، یہانتک کہ دس علامات ظاہر ہو چکیں گی، تب وہ چمکتا ہوا چاند (امام قائمؑ) نمودار ہوگا، اور اللہ تعالیٰ کا کلمۂ توحید اتمام کو پہونچے گا۔" (کفایہ)

(۱۵۶) مطلعِ فجر اور مطلعِ آفتاب ایک ہی ہوتا ہے

سالم ابی خدیجہ نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت بیان کی، سالم کا بیان ہے کہ ایک شخص نے آپؑ سے یہ سوال کیا تھا اور میں بھی سُن رہا تھا۔ آپ اس کا جواب دے رہے تھے۔ سائل نے عرض کیا کہ میں فجر کی نماز پڑھنے کے بعد بقدر واجب ذکرِ الٰہی کرتا ہوں پھر چاہتا ہوں کہ لیٹ رہوں اور طلوعِ آفتاب سے پہلے سو رہوں، مگر میں اس کو ناپسند کرتا ہوں۔

آپؑ نے فرمایا: یہ کیوں؟

اس نے عرض کیا: اس لیے کہ کہیں آفتاب اپنے مطلع کو چھوڑ کر کسی دوسرے مطلع سے طالع نہ ہو جائے

آپؑ نے فرمایا: نہیں اس میں کوئی ابہام نہیں ہے۔ دیکھو! جس جگہ سے فجر طالع ہوتی ہے وہیں سے آفتاب بھی طالع ہوگا۔ لہٰذا جب تم ذکرِ الٰہی کر چکو تو اب تمھارے سو رہنے میں کوئی حرج نہیں۔"

قولِ امامؑ کا عربی متن یہ ہے:

" لیس بذالك خفاء، انظر من حیث یطلع الفجر، فمن ثَمَّ تطلع الشمس، لیس علیك من حرج اَن تنام اذا کنت قد ذکرت اللہ۔" (تہذیب جلد ۱۔ صہ ۲۲۷۔ اور استبصار جلد ۱ صہ ۱۷۷)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۵۷) پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے

علی بن بابویہ نے محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن احمد سے، صفوان بن یحییٰ نے معاویہ بن عمّار سے، اُنھوں نے ابی عبیدہ خدّاء سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے ظہور صاحب الامرؑ کے بارے میں دریافت کیا کہ یہ کب ہوگا ؟

قال ؑ " اِنْ کنتم تؤمّلون اَن یجیئکم من وجہ فلا تنکرونہ "

آپؑ نے فرمایا " جب تم لوگوں کو یہ اُمید ہے کہ وہ بہرصورت آئے گا تو پھر پریشان ہونے کی کیا بات ہے ۔"

(کتاب الامۃ والتبصرہ)

○ قربِ قیامت میں چند امراض

ہارون بن موسیٰ نے محمّد بن موسیٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن علی بن خلف سے، اُنھوں نے موسیٰ بن ابراہیم سے، اُنھوں نے حضرت امام موسیٰؑ بن امام جعفر صادقؑ سے، اور آپؑ نے اپنے پدر بزرگوار سے، اور اُن جناب نے اپنے آبائے کرام سے اور اُن جناب نے فرمایا کہ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا :

" ظہور البواسیر وموت الفجاءۃ والجذام من اقتراب الساعۃ "

" قربِ قیامت میں مرضِ بواسیر، و مرگِ مفاجات اور جذام ظاہر ہونگے "

(کتاب الامۃ و التبصرۃ)

(۱۵۸) حکومت بنی عبّاس کے بعد ہی فرَج اور کشادگی کا زمانہ آئے گا۔

کتاب "الملاحم" بطائنی میں ابوبصیر سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس سے کہیں بالاتر ہے کہ وہ زمین کو بغیر امامِ عادل کے چھوڑ دے تو میں نے عرض کیا : مولا ! میں آپ پر قربان، کوئی ایسی بات تو بتائیں جس سے دل کو سکون ہو۔

قال ؑ " یا اباحمّد ! لیس یری اُمّۃ محمّدؐ فرجًا ابدًا مادام لولد بنی فُلان ملک حتّی ینقرض ملکہم فاذا انقرض ملکہم اَتاح اللہ لاُمّۃ محمّدؐ برجل منّا اھل البیت یشیر بالتّقیٰ ویعمل بالھدیٰ ولا یاخُذ فی حکمہ الرُّشا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

واللہ اِنّی لَاَعرفہ باسمہ واسم اَبیہ ، ثمّ یأتینا الغلیظ القصرۃ ، ذوالخال والشامتین القائد العادل ، الحافظ لمّا استودع یملأُھا عدلاً وقسطاً کما ملأُھا الفجار جورًا وّ ظلمًا ۔" (اقبال الاعمال)

آپؑ نے فرمایا "اے ابو محمدؑ! امتِ محمدؐ کو اُس وقت تک فرج وکشادگی نصیب نہ ہوگی جبتک کہ بنی فُلان کی حکومت ختم نہیں ہوجاتی۔ جب ان کی حکومت ختم ہوجائے گی تو اللہ تعالیٰ امتِ محمدؐ کو ہم اہلِ بیت میں سے ایک ایسا شخص عطا کرے گا جو متقی ہوگا، عامل بہ ہدایت ہوگا اور رشوت ستانی نہیں کرے گا۔

اور خدا کی قسم، میں اس کا اور اس کے والد کا نام بھی جانتا ہوں۔ پھر اس کے بعد ایک شخص آئے گا جو گداز بدن، میانہ قد ہوگا اس کے رُخسار پر تل ہوگا، دوش پر زلفیں ہوں گی۔ وہ تمام (انبیاءؑ کی) امانتوں کا محافظ ہوگا اور زمین کو عدل و داد سے اس طرح بھر دے گا جس طرح ظالموں اور فاجروں نے اُسے ظلم وجور سے بھر رکھا ہوگا۔"

(۱۵۹) شام میں تین جھنڈوں کا اجتماع

سیّد علی بن عبدالحمید کی کتاب "سرورِ اہلِ ایمان" میں مرقوم ہے کہ جابر نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ آپؑ نے فرمایا:

قال ع "الزم الارض ولا تحرك يدًا ولا رِجلًا حتى ترىٰ علامات اذكرها لك ، وما اَراك تدرك ذالك ، اختلاف بين العباد ومناد ينادى من السماء وخسف فى قرية من قُرى الشام بالجابية ونزول التُرك الجزيرة ونزول الرُوم الرَملة واختلاف كثير عند ذالك فى كلِّ ارض حتّى تخرب الشّام ويكون سبب ذالك اجتماع ثلاث رايات فيه : رأية الاصهب ورأية الابقع و رأية السفيانىِّ۔

آپؑ نے فرمایا: "تم بالکل ہاتھ پاؤں نہ ہلاؤ، زمین پکڑے رہو جبتک وہ علامات ظاہر نہ ہوجائیں جنھیں میں بیان کرتا ہوں، اگرچہ مجھے نظر نہیں آتا کہ تم اُس وقت تک رہو گے: بندوں میں اختلاف، آسمان سے منادی کی ندا، شام کے ایک قریہ "جابیہ" کا زمین

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں دھنس جانا، ترک کا جزیرہ میں وارد ہونا، رومیوں کا رملہ میں نازل ہونا اور اُس وقت ساری روئے زمین پر اختلاف ہی اختلاف، اور ملکِ شام کی بربادی اور اس کا سبب یہ کہ وہاں تین جھنڈے جمع ہو جائیں گے۔ اصہب کا جھنڈا، ابقع کا جھنڈا اور سفیانی جھنڈا۔" (سرورِ اہلِ ایمان)

(۱۶۰) شام میں تین جھنڈوں سے ڈرو

برید نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے آپ نے فرمایا:

قال ؑ "یا برید! اتق جمع الاصہب"

قلتُ: وما الاصہب؟

قال ؑ: "الابقع"

قلتُ: وما الابقع؟

قال ؑ: "الابرص، واتق السفیانی واتق الشریدین من ولد فلان یاتیان مکۃ، یقسمان بہا الاموال یتشبہان بالقائم علیہ السلام. واتق الشذاذ من آلِ محمدؐ"

قلتُ: ویرید بالشذاذ الزیدیۃ لضعف مقالتہم وامّا کونہم من آلِ محمدؐ لانہم من بنی فاطمۃ۔"

ترجمہ: فرمایا "اے برید! اصہب کے اجتماع سے ڈرتے رہنا۔

میں نے عرض کیا: اصہب کیا ہے؟

فرمایا: ابقع

میں نے عرض کیا: ابقع سے بھی واقف نہیں ہوں۔؟

فرمایا: "ابرص اور سفیانی سے بھی ڈرنا۔ فلاں کی اولاد میں ان دونوں سے ڈرنا جو گھر سے نکالے ہوئے ہیں وہ مکہ میں آئیں گے اور وہاں اموال تقسیم کر کے امام قائم ؑ سے مشابہت کی کوشش کریں گے اور اُس شخص سے بھی ڈرنا جو آلِ محمدؐ میں سے ہوگا مگر ان سے کنارہ کش ہو گیا ہے۔

(غالباً اس سے آپ کی مراد زیدیہ ہیں جو آلِ محمدؐ میں سے شمار ہوتے ہیں اس لئے کہ اولادِ فاطمہؑ ہیں)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۶۱) حضرت محمد حنفیہؒ سے روایت

باسناد، احمد بن عمیر بن مسلم نے محمد بن سنان سے، اُنھوں نے ابو جارود سے اُنھوں نے محمد بن بشر ہمدانی سے روایت کی ہے محمد بن بشر ہمدانی کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت محمد بن حنفیہؒ سے عرض کیا: میں آپ پر قربان، میں نے سنا ہے کہ آلِ جعفر کا بھی ایک جھنڈا ہوگا اور آلِ فُلان کا بھی ایک جھنڈا ہوگا۔ کیا اس کے متعلق آپ کو بھی کچھ معلوم ہے؟

قال ؑ: "اما رایۃ بنی جعفر فلیست بشئ واما رایۃ بنی فُلان (فانّ) لھم ملکًا یقرّبون فیہ البعید و یبعّدون فیہ القریب عسر لیس فیھم یسیر تصیبھم فیہ فزعات و رعدات کلّ ذالک ینجلی عنھم کما ینجلی السحاب حتّی اذا اَمنوا و اطمأنّوا وظنّوا انّ ملکھم لا یزول فیصیح فیھم صیحۃ فلم یبق لھم راع یجمعھم ولا داع یسمعھم، و ذالک قولہ تعالیٰ:

آیۃ "حَتّٰٓی اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَھَا وَازَّیَّنَتْ وَظَنَّ اَھْلُھَآ اَنَّھُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَیْھَآ اَتٰھَآ اَمْرُنَا لَیْلًا اَوْ نَھَارًا فَجَعَلْنٰھَا حَصِیْدًا کَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ کَذٰلِکَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ" (سورۂ یونس آیت ۲۴)

(ترجمہ روایت) "

فرمایا: "آلِ جعفر کا جھنڈا تو کسی شمار میں نہیں، ہاں۔ بنی فُلان کا جھنڈا، تو وہ حکومت کریگا اور اس حکومت میں نزدیک کے لوگ دور اور بعید کے لوگ قریب کیے جائیں گے ان لوگوں پر بڑی سختی ہوگی، نرمی کا نام بھی نہ ہوگا۔ اس میں اُن لوگوں کو گرج اور چمک کا بھی سامنا ہوگا، مگر یہ سب بادل کی طرح چھٹ جائیں گے اور جب اُن کو ہر طرح سے اطمینان ہوگا اور وہ یہ سمجھ لیں گے کہ اب ہماری حکومت کو زوال نہیں تو اُن کے اندر ایک آواز بلند ہوگی جس کی وجہ سے نہ اُن میں کوئی گلہ بان باقی رہے گا جو سب کو جمع کرے گا اور نہ کوئی ایسا پکارنے والا ہوگا جس کی بات سب سُنیں اور اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

ترجمۂ آیت "حتیٰ کہ زمین نے اپنے زیورات اخذ کر لیے اور مزین ہوگئی اور اہلِ زمین نے گمان کیا کہ بلاشبہ وہ اس پر قادر ہیں، ناگہاں ہمارا (عذاب) حکم کسی رات یا کسی دن کو آپہنچا پس ہم نے اُسے اسطرح

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کاٹ ڈالا جیسے کہ وہ کل تھی ہی نہیں، ہم اپنی آیتوں کو اس طرح تفصیل سے بیان کرتے ہیں، اُن لوگوں کے واسطے جو غور و فکر کرنے والے ہیں۔")

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، کیا اس کے لیے کوئی وقت مقرر ہے؟

فرمایا: نہیں، اس لیے کہ اللہ کا علم وقت مقرر کرنے والوں پر غالب ہے۔ دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ سے تیس دن کا وعدہ کیا، مگر اس میں دس دن کا مزید اضافہ فرما دیا اور یہ بات نہ حضرت موسیٰؑ کو بتائی اور نہ بنی اسرائیل کو۔ جب تیس دن پورے ہو گئے تو بنی اسرائیل نے کہا کہ موسیٰؑ نے ہمیں دھوکا دیا اور انھوں نے گوسالہ کی پرستش شروع کر دی۔ (اس لیے کوئی وقت مقرر نہیں بتایا جا سکتا۔)

ثم قال ع: "ولاکن اذا کثرت الحاجة والفاقة فی الناس، وانکر بعضهم بعضًا فعند ذلك توقعوا امر الله صباحًا و مساءً"

ترجمہ: "لیکن جب لوگوں کی حاجات میں کثرت اور فقر و فاقہ میں زیادتی ہو جائے اور بعض بعض سے انکار کرے تو اُس وقت توقع رکھو کہ امر الٰہی صبح یا شام آیا ہی چاہتا ہے۔"

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، فقر و فاقہ تو میں سمجھ گیا، مگر انکار کی بات سمجھ میں نہیں آئی؟

آپ نے فرمایا: "ایک شخص اپنے دوست کے پاس کسی ضرورت کے لیے جائے تو اس کا دوست اُس سے اِس طرح بات نہیں کریگا جس طرح پہلے کرتا تھا بلکہ اب اس کا لہجہ بدلا ہوا ہوگا۔"

○ سفیانی انھیں گھاس کیطرح کاٹ ڈالے گا

انھیں اسناد کے ساتھ عثمان بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے بکر بن محمد ازدی سے، اُنھوں نے سدیر سے روایت کی ہے اور سدیر نے کہا کہ مجھ سے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "یا سدیر! الزم بیتك وکن حلسًا من احلاسه واسکن ماسکن اللیل والنهار فاذا بلغ انّ السفیانیّ قد خرج فارحل الینا ولو علی رجلك"

"قلتُ: جعلت فداك هل قبل ذلك شئ؟

قال ع: "نعم،" (و اشار بیده بثلاث اصابعه الی الشام)

وقال ع: "ثلاث رایات، رایة حسنیّة ورایة امویّة ورایة قیسیّة

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فيناهم (على ذٰلك) إذ قد خرج السفيانيُّ فيحصدهم حصد الزَّرع ما رأيت مثله قطُّ "

آپ نے فرمایا: " اے سدیر تم اپنے گھر میں بیٹھے رہو اور (اسطرح) جمے رہو (جسطرح یہ زمین اور آسمان جمے ہوئے اور ساکن ہیں)۔ اور جب تمھیں سفیانی کے خروج کی خبر پہنچے تو فوراً ہمارے پاس پہنچو خواہ تم کو پا پیادہ چل کر ہی پہنچنا پڑے۔

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، کیا اس سے پہلے بھی کچھ ہوگا؟

آپ نے فرمایا: "ہاں"

پھر اپنی تین انگلیوں سے شام کی طرف اشارہ کیا اور۔۔

فرمایا: " تین جھنڈے ہوں گے، حسنی جھنڈا، اموی جھنڈا اور قیسیہ جھنڈا۔ ابھی یہ لوگ اسی حال میں ہوں گے کہ سفیانی خروج کرے گا اور ان لوگوں (تینوں) کو گھاس کی طرح کاٹ کر رکھ دے گا۔ " (روضۃ الکافی ص۲۶۴)

(۱۶۲) حیرہ اور کوفہ کے درمیان قتلِ عام

جابر نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ع: " یا جابر! لا یظهر القائمُ حتّیٰ یشمل اهل البلاد فتنة یطلبون منها المخرج، فلا یجدونه، فیکون ذالك بین الحیرة و الکوفة، قتلاهم فیها علی السریٰ وینادی منادٍ من السماء۔ "

آپ ع نے فرمایا: " اے جابر! امام قائم علیہ السلام کا ظہور اس وقت ہوگا جب حیرہ و کوفہ کے درمیان اہلِ بلاد فتنوں میں گھرے ہوتے ہوں گے اور اس سے نکلنے کی راہ تلاش کرتے ہوں گے اور اُن کے مقتولین ندی کے کنارے پڑے ہونگے کہ اتنے میں آسمان سے ایک منادی ندا دے گا۔ "

(۱۶۳) سفیانی اور اولادِ شیخ کا خروج

اپنے اسناد کے ساتھ حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک طویل روایت منقول ہے جس میں آپ ع نے فرمایا کہ:

" لا یکون ذٰلك حتّیٰ یخرج خارج من آلِ ابی سفیان یملك تسعة اشهر کحمل المرأة، ولا یکون حتّیٰ یخرج من وُلد الشیخ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فیسیر حتّی یقتل ببطن النّجف۔ فواللہ کانّی انظر الیٰ رماحہم وسیوفہم واَمتعتہم اِلیٰ حائط من حیطان النّجف، یوم الاثنین، و یستشہد یوم الاربعاء۔"

آپؑ نے فرمایا: "ظہور امام قائمؑ" اُس وقت ہوگا جب آلِ ابی سفیان میں سے ایک خروج کرنے والا نواہ 'عورت کے مدّتِ حمل کے برابر' حکومت کرلے گا۔ اور یہ اس وقت ہوگا جب اولادِ شیخ میں سے ایک شخص خروج کرے گا اور نجف کے درمیان قتل کردیا جائے گا۔ خدا کی قسم گویا میں اُن کے نیزوں، تلواروں اور اُن کے سارے سامانوں کو نجف کے ایک باغ میں دیکھ رہا ہوں۔ یہ دن پیر (دوشنبہ) کا ہوگا اور وہ چہارشنبہ (بدھ) کو قتل کردیا جائے گا۔"

(۱۶۴) اُسوقت جائے امن مکّہ ہوگا

ابوحمزہ ثمالی سے روایت ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا کہ:

"اذا سمعتم باختلاف الشام فیما بینہم فالہرب من الشام فانّ القتل بہا والفتنۃ"

قلتُ: الیٰ ایّ البلاد ؟

فقالؑ: الیٰ مکّۃ فانہا خیر بلاد یہرب الناس الیہا

قلتُ: فالکوفۃ ؟

قالؑ: الکوفۃ ما ذا یلقون ؟ یقتل الرّجال اِلّا شامحٌ ولکن الویل لمن کان فی اطرافہا، ما ذا یمرُّ علیہم من اذیٰ بہم وتسبی بہا رجال ونساء واحسنہم حالا من یعیر الفرات ومن لا یکون شاہدًا بہا۔ قال: فما تری فی سکّان سوادہا ؟

فقالؑ: بیدہ یعنی لا

ثمّ قالؑ: الخروج منہا خیر من المقام فیہا"..... قلتُ: کم یکون ذالک

قالؑ: ساعۃ واحدۃ من نہار ..... قلتُ: ما حال من یؤخذ منہم

قالؑ: لیس علیہم بأس اما انّہم سینقذہم اقوام حالہم عند اہل الکوفۃ یومئذ قدر، اما لا یجوّزون بہم الکوفۃ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؑ نے فرمایا: "جب تم سنو کہ اہلِ شام کے درمیان باہم اختلاف پیدا ہو گیا ہے تو شام سے بھاگ نکلو۔ اس لیے کہ پھر وہاں فتنہ اور خونریزی ہوگی۔"

میں نے عرض کیا: وہاں سے بھاگ کر میں کس شہر میں جاؤں؟

آپؑ نے فرمایا: "مکّہ چلے جانا، اس لیے کہ وہ بہترین شہر ہے لوگ بھاگ کر وہیں پناہ لیں گے

میں نے عرض کیا: اور کوفہ؟

آپؑ نے فرمایا: کوفے پر کیا اُفتاد آئے گی، تمھیں معلوم ہے؟ شامیوں کے سوا وہاں کے باشندوں میں مردوں کو قتل کیا جائے گا اور اس کے اطراف میں رہنے والوں پر تو افسوس ہی افسوس ہے کہ اُن کے اوپر کیا مصائب گذر جائیں گے۔ وہاں کے مرد اور عورتوں کو قیدی بنا لیا جائے گا۔ مگر سب سے اچھا وہ رہے گا جو فُرات کو عبور کر کے اُس پار ہو جائے اور اس کا مشاہدہ ہی نہ کرے (کہ وہاں کیا ہو رہا ہے)

میں نے عرض کیا: سوادِ کوفہ کے رہنے والوں کے متعلق کیا رائے ہے؟

آپؑ نے فرمایا: وہاں قیام کرنے سے بہتر ہے کہ وہاں سے نکل جائیں۔

میں نے عرض کیا: یہ سب کتنے عرصے میں ہو جائے گا؟

آپؑ نے فرمایا: صرف دن کی ایک ساعت میں۔

میں نے عرض کیا: اور جو لوگ اُن میں سے گرفتار ہوں گے اُن کا کیا حشر ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: اُن کو کوئی گزند نہ پہونچے گی۔ اس لیے کہ ان کو وہ لوگ چھڑا لیں گے جن کی قدر و منزلت اہلِ کوفہ کے نزدیک اُس وقت نہ ہوگی، اور انھیں گرفتار کر کے کوفے سے باہر نہیں لیجایا جائے گا۔"

(۱۶۵) عربی مہینوں کی خصوصیات

انھیں اسناد کے ساتھ حسین بن ابوالعلاء نے ابوبصیر سے روایت کی ہے اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے اُن جناب سے عرض کیا:

"سألته عن رجب؟ قالؑ: ذلك شهر كانت الجاهليّة تعظّمه وكانوا يسمّونه الشهر الأصمّ۔

قلتُ: شعبان؟ قالؑ: تشعّبت فيه الامور۔

قلتُ: رمضان؟ قالؑ: شهر الله تعالىٰ وفيه ينادى باسم صاحبكم واسم ابيه

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قلتُ: فَشوّال ؟ قالؑ: فیه یشول امر القوم۔
قلتُ: فَذوالقعدة ؟ قالؑ: یقعدون فیه۔
قلتُ: فَذوالحجّة ؟ قالؑ: ذٰلك شهر الدَّم۔
قلتُ: فالمحرّم ؟ قالؑ: یحرّم فیه الحرام ویحلّ فیه الحرام۔
قلتُ: صفر وربیع ؟ قالؑ: فیهما خزی فظیع، وامر عظیم۔
قلتُ: جمادی ؟ قالؑ: فیها الفتح من اوّلها اِلیٰ اٰخرها۔

ترجمہ: "میں نے ماہِ رجب کے متعلق دریافت کیا ؟ تو فرمایا یہ وہ مہینہ ہے کہ ایّامِ جاہلیّت میں بھی اس کو معظّم سمجھا جاتا تھا اور اہلِ عرب اس کو ماہِ اصم کہتے تھے (بہرا مہینہ)۔
میں نے عرض کیا: اور شعبان ؟۔ فرمایا: اِس میں تمام اُمور درست ہو جاتے ہیں۔ (شاخیں پھوٹتی ہیں)
میں نے عرض کیا: اور رَمضان ؟ فرمایا: یہ تو اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے اسی میں تو تمھارے صاحب امرؑ کے نام کا اُن کے والد بزرگوار کے نام کے ساتھ آسمان سے اعلان ہوگا۔
میں نے عرض کیا: پھر شوّال ؟ فرمایا: اس میں قوم کے کام سمٹ جاتے ہیں۔
میں نے عرض کیا: اور ذوالعقدہ ؟ فرمایا: اس میں قوم بیٹھی رہتی ہے۔
میں نے عرض کیا: ذی الحجّہ ؟ آپؑ نے فرمایا: یہ خون کا مہینہ ہے (قربانی کا)
میں نے عرض کیا: اور محرّم ؟ آپؑ نے فرمایا: اس میں حلال حرام ہوتا ہے اور حرام حلال۔
میں نے عرض کیا: اور صفر و ربیع اوّل و ربیع الثّانی ؟ فرمایا: اس میں شرم ہی شرم اور مصیبت ہی مصیبت ہے اور ایک بڑا حادثہ ہے۔
میں نے عرض کیا: اور جمادی ؟ آپؑ نے فرمایا: اس میں فتح ہے اوّل میں بھی اور آخر میں بھی۔

(۱۶۶) جب خروجِ سفیانی ہو، تو.....

انھیں اسناد کے ساتھ اسماعیل بن مہران سے، اُنھوں نے ابن عمیرہ سے، اور اُنھوں نے حضرمی سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام سے عرض کیا کہ جب سفیانی کا خروج ہوگا تو اُس وقت ہم لوگ کیا کریں ؟

قالؑ: "تغیب الرّجال وجوهها منه ولیس علی العیال بأس، فاذا ظهر علی الاکوار الخمس یعنی کور الشّام فانفروا الیٰ صاحبکم"

آپؑ نے فرمایا: "تم میں جتنے مرد ہیں وہ تو روپوش ہو جائیں، اور اہل و عیال کو کوئی گزند نہیں ہوگا۔ جب وہ شام کے پانچوں علاقوں پر قبضہ کرلے تو تم لوگ اپنے صاحبِ امرؑ کے پاس چلے جانا۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۶۷) صاحب منبرِ سلونی نے فرمایا...؟

اصبغ بن نباتہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سُنا آپؑ لوگوں سے خطاب فرما رہے تھے کہ:

(۱) یقول للناس وہو: سلونی قبل اَن تفقدونی لِاَنّی بطرق السماء اعلم من العلماء وبطرق الارض اعلم من العالم، اَنا یعسوب الدّین اَنا یعسوب المؤمنین وامام المتّقین ودیّان النّاس یوم الدّین، اَنا قاسم النّار، وخازن الجِنان، وصاحب الحوض والمیزان، وصاحب الاَعراف فلیس منّا اِمام اِلّا وھو عارف بجمیع اَھل ولایتہ، وذالک قولہ عزّوجلّ:

(آیت:) "اِنَّمَآ اَنتَ مُنذِرٌ وَّلِکُلِّ قَومٍ ھَادٍ" (سورۃ الرعد آیت ۷)

(۲) اَلا اَیُّھَا النّاس! سلونی قبل اَن تفقدونی (فانّ بین جوانحی علماً جمّاً فسلونی قبل اَن) تشخر برِجلھا فتنۃ شرقیّۃ وتطأ فی خطامھا بعد موتھا وحیاتھا وتشبّ نار بالحطب الجزل من غربیّ الارض، رافعۃ ذیلھا تدعو یا ویلھا لرحلہ ومثلھا، فاذا استدار الفلک، قلتم مات اوھلک، بِاَیّ وادٍ سلک، فیومئذ تاویل ھٰذہِ الاٰیۃ:

(آیت:) "ثُمَّ رَدَدنَا لَکُمُ الکَرَّۃَ عَلَیھِم وَاَمدَدنٰکُم بِاَموَالٍ وَّبَنِینَ وَجَعَلنٰکُم اَکثَرَ نَفِیرًا" (سورہ بنی اسرائیل آیت ۶)

(۳) ولذالک اٰیات وعلامات، اَوّلھنّ اِحصار الکوفۃ بالرّصد والخندق، وتخریق الروایا فی سکک الکوفۃ وتعطیل المساجد اربعین لیلۃ وکشف الھیکل وخفق رایات حول المسجد الاکبر تھتزّ، القاتل والمقتول فی النّار، وقتل سریع، وموت ذریع وقتل النّفس الزّکیّۃ بظھر الکوفۃ فی سبعین والمذبوح بین الرّکن والمقام وقتل الاَسقع صبرًا فی بیعۃ الاصنام:

(۴) وخروج السفیانیّ برأیۃ حمراء اَمیرھا رجل من بنی کلب واثنی عشر الف عنان من خیل السفیانیّ یتوجّہ اِلیٰ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مكّة والمدينة اميرها رجل من بنى اُميّة يقال له: خزيمة
اطمس العين الشمال على عينه ظفرة غليظة يتمثّل بالرّجال
لا ترد له راية حتّى ينزل المدينة فى دار يقال لها: دار
ابى الحسن الاُموى ويبعث خيلاً فى طلب رجل من آل محمّد
وقد اجتمع اليه ناس من الشيعة يعود الى مكّة اَميرها
رجل من غطفان اذا توسّط القاع الاَبيض خسف بهم فلا
ينجو الاّ رجل يحوّل الله وجهه الى قفاه لينذرهم ويكون
اية لمن خلفهم ويومئذ تأويل هذه الاية: (سورة السبا ٥١
(آيت:) " وَلَوْ تَرٰى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ "
(٥) وَيبعث مائة وثلاثين الفاً الى الكوفة وينزلون
الرَّوحاء والفارق فيسير منها ستّون الفاً حتّى ينزلوا الكوفة
موضع قبر هود عليه السلام بالنخيلة، فيهجمون اليهم يوم
الزّينة واميرالناس جبّارٍ عنيد، يقال له: الكاهن الساحر
فيخرج من مدينة الزّوراء اليهم امير فى خمسة آلاف من
الكهنة ويقتل على جسرها سبعين الفاً حتّى تحمى الناس
من الفرات ثلاثة ايّام من الدّماء ونتن الاجساد ويسبى
من الكوفة سبعون الف بكر لا يكشف عنها كفٌّ ولا قناع
حتّى يوضعن فى المحامل ويذهب بهنّ الى الثّويّة
وهى الغرىّ
(٦) ثمّ يخرج من الكوفة مائة الف ما بين مشرك و
منافق، حتّى يقدموا دمشق لا يصدُّهم عنها صادٌّ و
هى اِرم ذات العماد ويقبل رايات من شرقىّ الارض
غير معلمة ليست بقطن ولا كتّان ولا حرير، مختوم فى
رأس القناة بخاتم السيّد الاكبر يسوقها رجل من آل محمّد
تظهر بالمشرق، وتوجد ريحها بالمغرب كالمسك الاَذفر
يسير الرُّعب اَمامها بشهر حتّى ينزلوا الكوفة طالبين بدماء
آبائهم

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۷) فبینما هم علی ذلک اِذ اَقبلت خیل الیمانی والخراسانی یستبقان کانّهما فرسَی رهان شعث غبر جرد اصلاب نواطی و اَقداح اِذا نظرت اَحدهم برجله باطنه فیقول: لاخیر فی مجلسنا بعد یومنا هذا اللّٰهمّ فانّا التّائبون و هُمُ الابدال الذین وصفهم الله فی کتابه العزیز:
" اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ " (البقرة ۲۲۲)
وَنظراؤهم من اٰلِ محمّد۔

(۸) ویخرج رجل من اهل نجران یستجیب للامام فیکون اوّل النصاریٰ اِجابة فیهدم ببیعته ویدقّ صلیبه فیخرج بالموالی وضعفاء الناس، فیسیرون الی النّخیلة باعلام هدیٰ فیکون مجمع الناس جمیعًا فی الارض کلها بالفاروق فیقتل یومئذ مابین المشرق والمغرب ثلاثة اٰلاف الف یقتل بعضهم بعضًا فیومئذ تاویل هٰذه الاٰیة
" فَمَا زَالَتْ تِلْكَ دَعْوَاهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِیْدًا خٰمِدِیْنَ " بالسیف۔ (سورہ الانبیاء آیت ۱۵)

(۹) وینادی منادٍ فی شهر رمضان من ناحیّة المشرق عند الفجر: یا اَهل الهدیٰ اجتمعوا! وینادی منادٍ من قبل المغرب بعد مایغیب الشفق: یا اَهل الباطل اجتمعوا: ومن الغد عند الظهر تتلوّن الشمس وتصفر فتصیر سوداء مظلمة، ویوم الثالث یفرّق الله بین الحق والباطل وتخرج دابّة الارض وتقبل الرُّوم الی ساحل البحر عند کهف الفتیة، فیبعث الله الفتیة من کهفهم مع کلبهم، منهم رجل یقال له: ملیخا واٰخر خملاها و هما الشاهدان المسلّمان للقائم علیه السّلام

(امیر المومنین ؑ نے فرمایا) ۔۔۔ وہ ۔۔۔

ترجمۂ روایت "اے لوگو! مجھ سے جو پوچھنا چاہتے ہو سوال کرو قبل اس کے کہ مجھے تم نہ پا سکو۔ کیونکہ مجھے آسمان کے راستوں کا تمام علماء سے زیادہ علم ہے اور میں زمین کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

راستوں کا تمام جاننے والوں میں سب سے بہتر جاننے والا ہوں۔ میں دین کا یعسوب (سردار) ہوں، میں مومنوں کا یعسوب (امیر) ہوں، اور میں متقیوں کا امام ہوں، اور میں بروزِ قیامت لوگوں کا حساب وکتاب لینے والا ہوں، میں قاسمِ نار اور خازنِ جنّت ہوں، میں حوضِ کوثر کا صاحب و مالک ہوں اور صاحبِ میزان ہوں، میں صاحبِ اعراف ہوں اور ہم میں سے ہر امام اپنے تمام اہلِ ولایت (محبّوں) کو جاننے والا ہوگا۔ اسی کیلئے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

(ترجمۂ آیت) "اس کے سوا نہیں ہے کہ آپؐ ایک نذیر وتنبیہ کرنے والے ہیں اور ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہوا کرتا ہے۔" (رعدؔ ۱۳ آیت ۷)

(۲) آگاہ ہو اے لوگو! مجھ سے سوال کرو جو تم چاہو۔ قبل اس کے کہ تم مجھ کو نہ پاسکو۔ اس لیے کہ میرے سینے میں علم کے خزینے موجود ہیں، لہٰذا سوال کرو مجھ سے، قبل اس کے کہ مشرق سے ایک فتنہ اُٹھے اور خونخوار کتّے کی طرح اپنی ہی ٹانگ کو پھاڑ کھائے اور مغرب سے ایک آگ بلند ہو جو بڑی بڑی لکڑیوں کو جلا ڈالے اور تم چیختے ہی رہ جاؤ کہ ہائے وہ (صاحبؑ امر) کہاں گئے، بلکہ آسمان کی گردش دن بھی لائے گی کہ تم لوگ کہو گے کہ وہ (صاحبِ امر) یا تو مر گئے یا کسی دوسری وادی میں چلے گئے۔ اور اسی دن اس آیت کی تاویل بھی تمھارے سامنے آئے گی: (سورۂ بنی اسرائیل ۱۷ آیت ۶)

(ترجمۂ آیت) "پھر ہم نے تمھیں اُن کے اوپر غلبہ عطا کر کے تمھارے دن پھیر دیے اور ہم نے اموال اور بیٹوں سے تمھاری مدد کی اور تمھیں کثرتِ اولاد عطا کی"

(۳) اور اُن کے ظہور کے لیے بہت سی علامتیں رونما ہوں گی۔ پہلی علامت کوفے کا خندق و رصد سے حصار۔ کوفے کی گلیوں میں مشکیزوں کا پھٹنا، مساجد کا چالیس شب معطّل رہنا، ہیکل ومجسّمے کا انکشاف، سب سے بڑی مسجد کے اطراف مختلف جھنڈوں کا لہرانا، جس میں قاتل ومقتولین دونوں جہنّمی ہوں گے، بہت تیزی کے ساتھ قتل اور پھانسی کی موت ہوگی، پُشتِ کوفہ پر ستّر آدمیوں میں نفسِ زکیّہ کا قتل، رُکن ومقام کے درمیان ایک شخص کا ذبح کیا جانا، بُت خانے میں ایک سفید سر والے کو قید کر کے قتل کرنا۔

(۴) اور سُرخ جھنڈے کے ساتھ سفیانی کا خروج، جس کا سردار لشکرِ بنی کلب

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں سے ایک شخص ہوگا اور بارہ ہزار سواروں کا ایک لشکر سفیانی کی فوج میں سے مکّہ اور مدینہ روانہ ہوگا جس کا سردار بنی اُمیّہ میں سے ایک شخص "حزیمہ" نامی ہوگا جو بائیں آنکھ سے کانا ہوگا اس کی آنکھ پر سخت قسم کا (آنکھ میں گہرا اور واضح قسم کا) ناخنہ (ناخونہ) ہوگا جس کے جھنڈے کو کوئی روک نہ سکے گا اور وہ مدینے میں ایک گھر میں ٹھہرے گا جس کا نام دارِ ابوالحسن اموی ہوگا۔ پھر وہ آلِ محمدؐ کے ایک شخص کی تلاش میں ایک فوج کا دستہ روانہ کرے گا اور اس کے پاس شیعوں کا ایک گروہ جمع ہوجائے گا جو اُسے مکّہ کیطرف پلٹادیگا اس کا سردار بنی غطفان کا ایک شخص ہوگا۔ جب وہ سفید بیابان کے وسط میں پہونچے گا تو زمین دھنس جائیگی سب کا سب دستہ اس میں سما جائے گا سوائے ایک شخص کے کوئی نہ بچے گا اور اس کا بھی چہرہ پُشت کی طرف مڑجائے گا تاکہ لوگ اسے دیکھ کر ڈریں کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا چہرہ موڑ کر کیسی سخت سزا دی ہے۔ اور آئندہ عبرت حاصل کریں۔ اُس دن لوگوں کو اِس آیت کی تاویل کا پتہ چلے گا:

ترجمۂ آیت: "اور اے کاش، تم دیکھتے اُن (باطل پرستوں) کو جبکہ وہ گھبرائے ہوئے ہوں گے اور کوئی جائے فرار نہ پائیں گے اور قریب ہی سے وہ لے ڈالے جائیں گے۔" (سورۂ سبا آیت ۵۱)

(۵) اور (سفیانی) ایک لاکھ تیس ہزار کا لشکر کوفہ بھیجے گا جو روحاء اور فارق میں پڑاؤ ڈالے گا، اس میں سے ساٹھ ہزار فوجی کوفہ میں محلّۂ نخیلہ میں حضرت ھود علیہ السّلام کی قبر کے پاس خیمہ زن ہوں گے، پھر لوم زینت لوگ ان پر یلغار کریں گے اور ان لوگوں کا سردار ایک جبّار عنید و سرکش ہوگا جسے کاہن و ساحر کہکر پکارا جائے گا اور وہ شہر زوراء سے اُن پر خروج کرے گا جسکے ساتھ پانچ ہزار کاہن ہوں گے اور وہ وہاں کے پُل پر ستّر ہزار آدمیوں کو قتل کریگا، تین دن تک دریائے فرات خون سے رنگین رہے گا اس میں لاشیں سڑیں گی، کوفے سے ستّر ہزار لڑکیاں قید کرکے محملوں میں بٹھا کر انھیں مقامِ ثوبیہ "غری" لیجایا جائے گا۔

(۶) پھر کوفے سے ایک لاکھ افراد نکلیں گے جن میں مشرک و منافق سب ہی ہوں گے اور وہ دمشق پہونچیں گے، انھیں روکنے والا کوئی نہ ہوگا اور وہی ارم ذات العماد ہے۔ اور زمین کے مشرقی حصّے سے کچھ جھنڈے آئیں گے جنکا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھریرا نہ تو سوتی ہوگا اور نہ کتان کا، نہ ریشمی۔ اس کے اوپر "سید اکبر" کی مہر لگی ہوگی جس کی قیادت آلِ محمدؐ میں سے ایک شخص کریگا جو مشرق سے ظاہر ہوگا۔ اس کے پھریرے کی خوشبو مغرب تک پہونچے گی وہ خوشبو مِسک (مُشک) جیسی ہوگی، اُس کے آگے آگے ایک ماہ کی مسافت تک رعب و دبدبہ چلے گا اور وہ اپنے آبائے کرام کے خون کا انتقام لینے کے لیے کوفے میں نزول اجلال فرمائے گا۔

(۷) ابھی وہ لوگ اسی حال میں ہوں گے کہ خراسانی اور یمانی کا گروہ آگے بڑھے گا اور ایک دوسرے پر سبقت لیجانے کی کوشش کرے گا اور جب انہیں سے ایک دیکھے گا تو کہے گا کہ اب آج کے بعد بیٹھنے میں کوئی بھلائی نہیں، پروردگار! "ہم لوگ توبہ کرتے ہیں۔" اور یہی وہ ابدال ہیں کہ جنکا اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب عزیز میں ذکر فرمایا ہے: (سورۃ البقرۃ آیت ۲۲۲) کا ترجمہ:

ترجمۂ آیت: "بیشک اللہ توبہ کرنے والوں سے محبّت رکھتا ہے اور پاک و پاکیزہ لوگوں کو پسند کرتا ہے۔" ۔ اور وہ آلِ محمدؐ کی فرد کے منتظر ہوں گے۔

(۸) پھر اہلِ نجران میں سے ایک شخص نکلے گا جو امامؑ کی دعوت پر لبّیک کہیگا اور وہ نصاریٰ میں سے پہلا شخص ہوگا جو لبّیک کہیگا اور وہ اپنا کلیسا منہدم کردیگا اور صلیب کو توڑ ڈالے گا اور موالیوں اور ضعفاء کو لیکر نکلے گا اور علم ہدایت لیے ہوئے نخیلہ پہونچے گا اور مقامِ فاروق پر تمام دنیا کے انسانوں کا مجمع ہوگا اور وہ آپس میں ایکدوسرے کو قتل کریں گے اور اس دن تین لاکھ آدمی قتل ہوں گے، اور اُس دن اس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی: (سورۂ انبیاء آیت ۱۵)

ترجمۂ آیت: "پس اُن کی یہ پکار جاری رہی، یہانتک کہ ہم نے اُنھیں کٹی ہوئی کھیتی (اور) بجھی ہوئی راکھ بنا دیا۔" ۔ تلوار کے ذریعے سے۔

(۹) ماہِ رمضان میں صبح کے وقت مشرق سے ایک منادی ندا کرے گا: "اے اہلِ ہدایت! تم سب ایک جگہ جمع ہو جاؤ"۔ پھر مغرب سے شام کے وقت جبکہ شفق کی سُرخی ختم ہو جاتے گی، ایک منادی ندا دیگا کہ اے اہلِ باطل تم سب بھی ایک جگہ اکٹھے ہو جاؤ۔ اور اس کے دوسرے ہی دن ظہر کے وقت آفتاب کا رنگ بدلے گا، پہلے زرد ہو جاتے گا، پھر سیاہ اور تیسرے دن اللہ تعالیٰ حق و باطل کو جدا جدا کردے گا اور دابّۃ الارض کا ظہور ہوگا، اور روم بڑھ کر ساحلِ سمندر تک آجائے گا، جہاں اصحابِ کہف محوِ خواب ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ اصحابِ کہف

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کو مع اُن کے کُتّے کے مبعوث فرمائے گا جنمیں سے ایک مرد کا نام ملیخا اور دوسرے کا نام خملاھا ہے۔ اور یہ دونوں امام قائم علیہ السّلام کی امامت کو تسلیم کرلیں گے اور اُن کے گواہ بنیں گے۔" (العدد)

(۱۶۸) علائمِ ظہور بروایت سلمانؓ فارسی

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت امیر المومنین علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوا، اُسوقت آپ تنہا تشریف فرما تھے میں نے عرض کیا یا امیر المومنینؑ! آپؑ کی اولاد میں سے امام قائمؑ کب تشریف لائیں گے؟ یہ سنکر آپؑ نے ایک ٹھنڈی سانس لی اور فرمایا: "لا یظہر القائمؑ حتیّ یکون اُمور الصبیان، ویضیع حقوق الرّحمٰن، ویتغنّی بالقرآن، فاذا قتلت ملوك بنی العبّاس اُولی العمی والالتباس، اصحاب الرّمی عن الاقواس بوجوہ کالنّراس، وخربت البصرۃ، ھنالك یقوم القائم من وُلد الحسین علیہ السّلام" (العدد)

ترجمہ "وہ اس وقت ظہور کریں گے جب بچّوں کی حکمرانی ہونے لگے اور حقوق اللہ کو ضائع کیا جائے گا، اور قرآن کو گانے کے طور پر پڑھا جائے گا، جب سلاطین بنی عبّاس کو قتل کیا جانے لگے گا، بصرہ برباد ہوگا، اُس وقت (امام) حسینؑ کی اولاد میں سے امام قائمؑ کا ظہور ہوگا۔"

(۱۶۹) بہت سی علامات ظاہر ہوچکیں

کتاب العدد میں مرقوم ہے کہ:

"قد ظہر من العلامات عدّۃ کثیرۃ مثل: خراب حائط مسجد الکوفۃ، وقتل اھل مصر امیرھم، وزوال ملك بنی العبّاس علی ید رجل خرج علیھم من حیث بدا ملکھم وموت عبد اللہ آخر ملوك بنی العبّاس، وخراب الشامات ومدّ الجسر ممّا یلی الکرخ ببغداد، کلّ ذلك فی مدّۃ یسیرۃ وانشقاق الفرات وسیصل الماء انشاء اللہ الی ازقۃ الکوفۃ۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ روایت: "امام قائمؑ کے ظہور کی جو علامات بتائی گئی ہیں اکثر ظاہر ہو چکی ہیں، مثلاً مسجدِ کوفہ کی دیوار کا منہدم ہونا، اہلِ مصر کا اپنے امیر کو قتل کرنا۔ بنی عبّاس کی حکومت کا ایک ایسے شخص کے ہاتھوں زوال جس نے اُن کے اوپر یورش کی اور ان کی حکومت کو ختم ہی کر دیا، اور بنی عبّاس کے آخری بادشاہ کی موت اور شام کے علاقوں کی تباہی، محلّہ کرخ (کوفہ) سے متّصل جسرِ بغداد کا بڑھنا۔ یہ سب مختصر سی مدّت ہی میں ظہور پذیر ہو گیا اور دریائے فرات میں انشقاق ہو چکا ہے انشاءاللہ اس کا پانی کوفے کی گلیوں میں بھی جا پہنچے گا۔"

(۱۷۰) خروجِ یمانی وسفیانی

حسین بن ابراہیم قزوینی نے محمّد بن وہبان سے، اُنھوں نے احمد بن ابراہیم سے، اُنھوں نے حسن بن علی زعفرانی سے، اُنھوں نے برقی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے ہشام بن سالم سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کے سامنے سفیانی کا ذکر ہوا تو آپؑ نے فرمایا:

"اَمّا الرّجال فتواری وجوهها عنه واَمّا النّساء فلیس علیهنّ بأس۔" (امالی شیخ)

"اس وقت مرد تو روپوش ہو جائیں گے اور عورتوں کو کوئی گزند نہ پہونچیگا۔"

و

★ ان ہی اسناد کے ساتھ ہشام بن سالم سے یہ بھی روایت ہے کہ جب طالبِ حقّ نے خروج کیا تو حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام سے عرض کیا گیا کہ امید ہے کہ یہ یمانی ہو آپؑ نے فرمایا: "لا، الیمانی یتوالی علیّاً ؑ وهذا یبرأ منه"

(نہیں، یمانی تو حضرت علیؑ سے تولّا رکھتا ہوگا اور یہ اُن کا دشمن اور تبرّا رکھتا ہے)

و

★ اور ان ہی اسناد کے ساتھ ہشّام بن سالم سے یہ روایت بھی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام نے فرمایا:

"الیمانی والسفیانی کفرسی رهان"

(یمانی اور سفیانی کا خروج گھوڑ دوڑ کے دو گھوڑوں کی طرح (ساتھ ساتھ) ہی ہوگا۔)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۷۱) دجّال کو سولی دی جائے گی

شیخ احمد بن فہد کتاب المہذّب وغیرہ میں ان ہی اسناد کے ساتھ معلّیٰ بن خنیس سے روایت کی ہے کہ معلّیٰ بن خنیس نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ

قال: "یوم النیروز ھو الیوم الذی یظھر فیہ قائمنا اھل البیت وولاۃ الامر، ویظفرہ اللہ تعالیٰ بالدّجّال فیصلبہ علیٰ کناسۃ الکوفۃ"

ترجمہ "آپؑ نے فرمایا: یوم نوروز وہ دن ہے جس میں ہم اہلِ بیتؑ کے قائمؑ وولیٔ امر ظہور کرینگے اور اللہ تعالیٰ انھیں دجّال پر فتح وظفر عطا فرمائے گا اور وہ دجّال کو کناسہ کوفہ میں سولی پر لٹکائیں گے

(۱۷۲) مَلاءِ اعلیٰ میں کس امر پر اختلاف ہوا حدیثِ معراج میں انکشافِ امر

کتاب المحتضر میں حسن بن سلیمان نے شیخ صالح ابومحمّد حسن کی کتاب المعراج کے حوالے سے نقل کیا ہے ان ہی کی اسناد کے ساتھ صدوقؒ سے، اُنھوں نے ابنِ ادریس سے اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے سہل سے، اُنھوں نے محمّد بن آدم نسائی سے، اُنھوں اپنے والد آدم بن ابوایاس سے، اُنھوں نے مبارک بن فضالہ سے، اُنھوں نے وہب بن منبّہ سے مرفوعاً اور اُنھوں نے ابنِ عبّاس سے روایت کی ہے کہ ابنِ عبّاس کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا:

"اِنّہ لمّا عرج بی ربّی جلّ جلالہ، اَتانی النّداء: یامُحمّدؐ! قُلتُ: لبّیک ربّ العظمۃ لبّیک، فاَوحیٰ الیّ: یامحمّدؐ! فیم اختصم الملاءُ الاعلیٰ؟

قلتُ: اِلٰھی! لاعلم لی" فقال لی: یامحمّدؐ! ھل اتّخذت من الاٰدمیّین وزیرًا واَخًا ووصیًّا من بعدک؟

فقلتُ: الٰھی! ومن اَتّخذ؟ تخیّر انت لی یا الٰھی!

فَاَوحیٰ اِلیّ: یامحمّدؐ! قد اخترت لک من الاٰدمیّین عَلِیَّ بن ابیطالبؑ

فقلتُ: اِلٰھی! ابن عمّی؟ فاَوحیٰ اِلیّ: یامحمّدؐ! اِنّ عَلِیًّا وارثکَ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ووارث العلم من بعدك وصاحب لوائك لواء الحمد يوم القيامة وصاحب حوضك، يسقى من ورد عليه من مومنى اُمّتك۔

(٢) ثمّ اوحىٰ اِلىَّ اَنّى قد اَقسمت علىٰ نفسى قسمًا حقًّا لا يشرب من ذٰلك الحوض مبغض لك ولاهل بيتك وذُرّيّتك الطّيّبين، حقًّا حقًّا) اقولُ يامحمّد! لاَدخلنّ الجنّة جميع امّتك اِلّا من اَبىٰ۔

(٣) فقلتُ: اِلٰهى واَحد يأبى دخول الجنّة؟

فاَوحىٰ اِلىَّ: بلىٰ يأبىٰ۔

قلتُ: وكيف يأبى؟

فاَوحىٰ اِلىَّ: يامحمّد! اخترتك من خلقى واخترت لك وصيًّا من بعدك وجعلته منك بمنزلة هارون من موسىٰ اِلّا اَنّه لا نبىّ بعدك والقيت محبّته فى قلبك وجعلته اَبًا لولدك فحقّه بعدك علىٰ اُمّتك كحقّك عليهم فى حياتك فمن جحد حقّه جحد حقّك ومَن اَبىٰ اَن يواليه فقد اَبىٰ اَن يدخل الجنّة۔

(٤) فخررت لله عزّوجلّ ساجدًا شكرًا لما اَنعم علىّ فاذا منادٍ ينادى، يامحمّد! ارفع راسك، سلنى اُعطك

فقلتُ: اِلٰهى اَجمع امّتى من بعدى علىٰ ولاية عَلِىّ بن ابيطالب ليردوا علىّ جميعًا حوضى يوم القيامة۔

(٥) فاَوحىٰ اِلىَّ: يامحمّد! اِنّى قد قضيت فى عبادى ان اخلقهم وقضائى ماض فيهم لاَهلك به من اَشاء واَهدى به من اَشاء وقد اٰتيته علمك من بعدك وجعلته وزيرك وخليفتك من بعدك علىٰ اَهلك و اُمّتك عزيمة منّى: لا يدخل الجنّة من اَبغضه و عاداه واَنكر ولايته من بعدك فمن اَبغضه اَبغضك ومن اَبغضك اَبغضنى ومن عاداه فقد عاداك ومن عاداك فقد عادانى، ومن اَحبّه فقد اَحبّك ومن

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اَحبّك فقد اَحبّنی ۔

(٦) وقد جعلت (له) هٰذه الفضيلة واعطيتك اَن اَخرج من صلبه اَحد عشر مهديًّا كلّهم من ذرّيّتك من البكر البتول ، اٰخر رجل منهم يصلّی خلفه عيسٰی ابن مريم ، يملؤ الارض عدلًا كما ملئت جورًا وظلمًا اُنجی به من الهلكة واهدی به من الضلالة واُبری به الاعمٰی واَشفٰی به المريض ۔

(٧) قلتُ : اِلٰهی ! فمتٰی يكون ذٰلك ؟

فاَوحی اِلَیَّ عزَّوجلَّ : يكون ذٰلك اذا رفع العلم وظهر الجهل وكثر القرّاء وقلّ العمل وكثر القتل (القتل) وقلّ الفقهاء الهادون وكثر فقهاء الضّلالة الخونة وكثر الشعراء ۔

(٨) واتّخذ اُمّتك قبورهم مساجد وحليت المصاحف وزخرفت المساجد وكثر الجور والفساد وظهر المنكر واَمر اُمّتك به ونهوا عن المعروف واكتفی الرّجال بالرّجال والنساء بالنساء وصارت الامراء كفرة واولياؤهم فجرة واعوانهم ظلمة وذوو الرائی منهم فسقة ۔

(٩) وعند (ذٰلك) ثلاثة خسوف ، خسف بالمشرق وخسف بالمغرب ، وخسف بجزيرة العرب وخراب البصرة علٰی يدی رجل من ذرّيّتك يتبعه الزّنوج وخروج ولد من وُلد الحسن بن علی ؑ وظهور الدّجّال يخرج بالمشرق من سجستان ، وظهور السفيانی ۔

(١٠) فقلت : اِلٰهی ! وما يكون بعدی من الفتن ؟

فاَوحٰی اِلَیَّ : واَخبرنی ببلاء بنی اُميّة وفتنة ولد عمّی وما هو كائن اِلٰی يوم القيامة ، فاَوصيت بذٰلك ابن عمّی حين هبطت اِلی الارض واَدّيت الرّسالة فَلِلّٰه الحمد علٰی ذٰلك كما حمده النبيّون وكما حمده كلّ شیءٍ قبلی وما هو خالقه الٰی يوم القيامة ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: (ترجمۂ حدیثِ معراج)

"جب میرا پروردگار مجھے معراج پر لے گیا تو آواز آئی تو میں نے عرض کیا: حاضر ہوں تیری بارگاہ میں اے صاحبِ عظمت پروردگار! میں حاضر ہوں؛ تو اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی: اے محمدؐ! تمھیں معلوم ہے کہ مَلأِ اعلیٰ میں کس امر پر اختلاف ہوا تھا۔؟

میں نے عرض کیا: پروردگارا! مجھے تو اس کا علم نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے مجھ سے ارشاد فرمایا: اے محمدؐ! کیا آدمیوں میں سے اپنا کوئی وزیر، اور بھائی اور اپنا وصی بھی منتخب و مقرّر کیا ہے؟ اپنے بعد (کے لیے)۔؟

میں نے عرض کیا: پروردگار! اور اے میرے معبود! میں کس کو منتخب کروں؟

پس میری طرف وحی فرمائی: اے محمدؐ! میں نے علیؑ بن ابی طالبؑ کو آدمیوں میں سے تمھارے لیے منتخب کر دیا ہے۔

میں نے عرض کیا: اے میرے معبود! کیا میرے چچا زاد (بھائی) کو؟

پس میری طرف وحی فرمائی: اے محمدؐ! بلاشبہ تمھارے بعد علیؑ ہی تمھارا وارث اور تمھارے علم کا وارث اور قیامت کے دن تمھارا حاملِ لواء، یعنی لواءِ حمد کا اُٹھانے (اور بلند کرنے) والا، اور تمھارے حوض (کوثر) کا ساقی ہوگا۔ تمھاری اُمّت میں سے جو مجھ پر ایمان لانے والا وہاں وارد ہوگا وہ (علیؑ) اُسے آبِ کوثر سے سیراب کرے گا۔

اور یہ بھی وحی کی گئی: (اے محمدؐ) میں نے اپنے نفس و ذات کی قسم کھائی ہے کہ جو بھی تمھارا (۲) دشمن، تمھارے اہلِ بیتؑ کا دشمن اور تمھاری پاکیزہ ذرّیّت کا دشمن ہوگا، وہ اس حوض (کوثر) سے پانی نہیں پیے گا۔ اور اے محمدؐ! میں سچ ہی سچ کہتا ہوں کہ تمھاری ساری اُمّت کو داخلِ جنّت کروں گا سوائے ان لوگوں کے جو جنّت میں داخل ہونے سے انکار کریں گے۔

(۳) میں نے عرض کیا: اے میرے معبود! بھلا کوئی جنّت میں جانے سے بھی انکار کرے گا؟

وحی کی گئی میری طرف: ہاں ہاں انکار کرے گا۔

میں نے عرض کیا: کوئی کیسے انکار کرے گا؟

میری طرف وحی آئی: اے محمدؐ! میں نے اپنے تمام بندوں اور مخلوق میں تم کو منتخب کیا اور تمھارے بعد کے لیے تمھارا ایک وصی بھی منتخب فرما لیا ہے اور اس کو تم سے وہی نسبت و منزلت عطا فرمائی جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی۔ سوائے اِسکے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ تمہارے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اور میں نے اس کی محبّت تمہارے دل میں ڈال دی تمہارے فرزندوں کا اسے والد بنایا، پس تمہارے بعد تمہاری اُمّت پر اس کو وہی حق حاصل ہوگا جو تمھیں اپنی زندگی میں اُن لوگوں کے اوپر حاصل ہے۔ اب جو اُس کے حق سے انکار کرے گا، اُس نے گویا تمہارے حق سے انکار کیا۔ جس نے اُس کی ولایت سے انکار کیا گویا اُس نے جنّت میں جانے سے انکار کیا۔

(۴) یہ سنکر میں نے اللہ کا شکر ادا کرنے کے لیے فوراً سر سجدے میں رکھدیا کہ اللہ کا یہ بہت بڑا کرم ہے۔ اتنے میں ایک مُنادی نے ندا دی کہ اے محمدؐ! اپنے سر کو سجدے سے اُٹھا لو۔ تم مجھ سے جو مانگو گے میں عطا کروں گا۔

میں نے عرض کیا: اے میرے معبود! میری ساری اُمّت کو علیؑ بن ابی طالبؑ کی ولایت متحد کردے تاکہ یہ سب کے سب قیامت کے دن میرے پاس میرے حوض (کوثر) پر وارد ہوں۔

(۵) پس وحی کی گئی میری طرف: اے محمدؐ! میں نے اپنے بندوں کے لیے اُن کو پیدا کرنے سے قبل ہی فیصلہ کرلیا ہے اور میرا فیصلہ اُن میں نافذ ہو کر رہے گا کہ میں جس کو چاہوں گا اس (علیؑ) کی وجہ سے ہلاک کروں گا اور جسے چاہوں گا اس کی وجہ سے ہدایت دوں گا۔ اور میں نے تمہارے بعد تمہارا علم اس کو عطا فرما دیا ہے اور اس کو تمہارا وزیر بنایا ہے، تمہارے بعد تمہارے اہل اور تمہاری اُمّت پر اس کو تمہارا خلیفہ مقرر فرما دیا ہے۔ اور یہ میں نے طے کرلیا ہے کہ جو اس سے بغض اور دشمنی رکھے گا اور اس کی ولایت سے انکار کرے گا وہ جنّت میں ہرگز نہ جائیگا "اور یہ سمجھ لو کہ": جس شخص نے اس (علیؑ) سے عداوت کی اُس نے گویا تم سے عداوت کی، اور جس نے تم سے عداوت کی، گویا اُس نے مجھ سے عداوت کی۔ اور جس نے اُس سے محبّت کی اُس نے تم سے محبّت کی، اور جس نے تم سے محبّت کی اُس نے مجھ سے محبّت کی۔

(۶) اور میں نے اُس (علیؑ) کے لیے یہ فضیلت بھی قرار دی ہے، اور یہ کہ اُس کے صلب سے اگیارہ مہدی پیدا کروں گا۔ اور یہ سب کے سب تمہاری ذرّیت اور بتولؑ کی اولاد میں سے ہوں گے جن میں آخری مہدیؑ وہ ہوگا جس کے پیچھے عیسیٰؑ ابنِ مریمؑ نماز پڑھیں گے اور وہ زمین کو عدل و داد سے اس طرح بھر دے گا جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔ میں اُس کے ذریعے سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لوگوں کو ہلاکت سے نجات دوں گا اور گمراہی سے ہدایت کی طرف لاؤں گا، اور اس کے ذریعے سے اندھوں کو آنکھیں اور بیماروں کو شفا بخشوں گا۔

میں نے عرض کیا: اے میرے معبود! یہ کب ہوگا؟

پس میری طرف وحی آئی کہ یہ اُس وقت ہوگا جب علم دنیا سے اُٹھ جائے گا، جہل چھا جائیگا قاریوں کی کثرت ہوگی، عمل کم ہوگا، قتل زیادہ ہوگا، ہدایت کرنے والے فقہاء کم اور گمراہ اور خیانت کرنے والے فقہاء کی کثرت ہوگی اور شعراء کی زیادتی ہوگی۔

(۸) (یہ اُس وقت ہوگا جب) تمھاری اُمّت قبروں کے اوپر مساجد تعمیر کریگی مصاحف (قرآن مجید) آراستہ ہوں گے، مسجدوں کی زینت و آرائش ہوگی ظلم و فساد کی بہتات اور گناہ علانیہ کیے جائیں گے اور تمھاری اُمّت کو برائی اور گناہ کا حکم دیا جائے گا اور انھیں نیکیوں سے روکا جائے گا، مرد پر مرد اکتفا کریں گے اور عورت، عورت پر اکتفا کرے گی۔ امراء و حکّام کافر ہوں گے اور اُن کے حوالی و موالی فاجر ہوں گے اور اُن کے اعوان و انصار ظالم ہونگے اور اُن کے مشیر فاسق ہوں گے۔

(۹) اس وقت تین مقامات کی زمین دھنس جائے گی۔ ایک مشرق کیطرف اور دوسری مغرب میں اور تیسری جزیرۃ العرب میں۔ اور تمھاری ذرّیت میں سے ایک شخص کے ہاتھوں بصرہ برباد ہوگا، جس کی پیروی زنوج کریں گے اور اولادِ حسن میں سے ایک شخص ظہور کریگا، اور دجّال ظاہر ہوگا جو مشرق کی جانب سجستان سے نکلے گا اور سفیانی خروج کرے گا۔

(۱۰) میں نے عرض کیا: میرے معبود! میرے بعد کیا کیا فتنے رونما ہوں؟

پس مجھ پر وحی ہوئی، اور مجھے بنی اُمیّہ کی آفت اور میرے چچا (عبّاس) کی اولاد کے فتنے کے بارے میں بتایا گیا، اور قیامت تک ہونے والے واقعات کے متعلق بھی بتایا گیا۔ الغرض جب میں معراج سے زمین پر واپس آیا تو میں نے اپنے ابن عم (حضرت علیؑ) کو اس کی وصیّت و ہدایت کی اور اللہ کا پیغام اُن تک پہنچایا میں اس بات پر اللہ کی حمد کرتا ہوں جس طرح انبیاءِ ماسلف نے اس کی حمد کی ہے جسطرح مجھ سے قبل لوگ اسکی حمد کر چکے ہیں اور جسطرح وہ تمام چیزیں جو قیامت تک پیدا ہونے والی اُس کی حمد و تعریف کریں گی۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۷۳) حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا...

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"یأتی علی الناس زمان لا یقرب فیہ إلا الماحل ولا یظرّف فیہ إلا الفاجر ولا یضعّف فیہ إلا المنصف یعدّون الصدقہ فیہ غرمًا وصلۃ الرحم منًا والعبادۃ استطالۃ علی الناس فعند ذالك یکون السلطان بمشورۃ الإماء وإمارۃ الصبیان وتدبیر الخصیان۔" (نہج البلاغہ)

ترجمہ "لوگوں پر ایک ایسا بھی زمانہ آئے گا کہ جس میں چغلخور مقرب ہوگا، فاجر کو ہوشیار اور زیرک سمجھا جائے گا، انصاف پسند کو کمزور کہا جائے گا صدقہ دینے کو نقصان میں شمار کیا جائے گا، اعزاء کے حقوق کی ادائیگی کو احسان سمجھا جائے گا، عبادت لوگوں پر گراں ("ناگوار") ہوگی، اُس وقت حکومت کنیزوں کے مشوروں سے ہوگی، بچے امیر اور حاکم ہوں گے، خواجہ سرا (نامرد) انتظامِ حکومت سنبھالیں گے۔" (نہج البلاغہ)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار

باب ۲۶

بست و ششم

حالاتِ یومِ ظہور

ANSAR

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باب ۲۶

حالاتِ یومِ ظہور

(۱) ظہور جمعہ کے دن ہوگا

اَبی نے سعد سے، سعد نے ابنِ یزید، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے اور اُنھوں نے متعدد لوگوں سے روایت کی ہے کہ: حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"یخرج قائمنا اھل البیتؑ یوم الجمعۃ الخبر"

"ہم اہلِ بیتؑ کا قائمؑ جمعہ کے دن ظہور وخروج کریگا" (الخصال)

(۲) سب سے پہلے حضرت جبرئیلؑ بیعت کریں گے

اَبی نے محمدؐ عطار سے، اُنھوں نے اشعری، اُنھوں نے موسیٰ بن عمر سے، اُنھوں نے ابنِ سنان سے، اُنھوں نے ابوسعید قمّاط سے، اُنھوں نے بُکیر بن اَعین سے اور بُکیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے حجر الاسود اور اس رُکن کے متعلق جس میں حجر الاسود رکھا ہوا ہے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"ومن ذالك الرّكن يهبط الطّير على القائم عليه السّلام فاوّل من يبايعه ذالك الطّير، وهو والله جبريلؑ والى ذالك المقام يسند ظهره، وهو الحجّة والدليل على القائمؑ، وهو الشاهد لمن وافى ذالك المكان تمام الخبر

ترجمہ "اور اسی رُکن سے ایک طائر امام قائم علیہ السلام کے پاس اُترے گا اور وہ طائر سب سے پہلے ان کی بیعت کرے گا اور وہ طائر خدا کی قسم حضرت جبرئیلؑ ہوں گے اور امام قائمؑ اپنی پشت کو ٹیک لگائے ہوئے کھڑے ہوں گے اور یہ امام قائمؑ کی حجّت و دلیل ہے اور جو شخص اُس کے پاس جائے گا وہ اُس کے سامنے امام قائمؑ کی گواہی دے گا۔"

(علل الشرائع)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

③ امامِ عصر کسی کی رعایا نہ ہوں گے

حنّان بن سدیر نے اپنے والد سدیر بن حکیم سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابوسعید عقیصی سے اور اُنھوں نے حضرت امام حسن بن علی (علیہما السّلام) سے روایت کی ہے کہ:

آپؑ نے فرمایا: "ما منّا احد اِلّا ویقع فی عنقہ بیعۃ لطاغیۃ زمانہ الا القائم الذی یصلّی خلفہ روح اللہ عیسٰی بن مریمؑ فانّ اللہ عزّ وجلّ یخفی ولادتہ ویغیب شخصہ لئلّا یکون لاحد فی عنقہ بیعۃ اذا خرج، ذالک التاسع من ولد اخی الحسینؑ ابن سیّدۃ الاماء یطیل اللہ عمرہ فی غیبتہ ثمّ یظہرہ بقدرتہ فی صورۃ شابٍّ ذواربعین سنۃ ذالک لیعلم انّ اللہ علٰی کلّ شیءٍ قدیر" (للاحتجاج)

ترجمہ: "ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جو اپنے زمانے کے کسی ظالم کے تحتِ حکومت نہ ہو، سوائے اس امام قائمؑ کے جس کے پیچھے حضرت عیسٰیؑ بن مریمؑ نماز پڑھیں گے۔ اللہ برتر و بزرگ اسی لیے ان کی ولادت اور ان کی ذات کو غائب رکھے گا، تاکہ وہ کسی کے زیرِ حکومت نہ رہیں۔ یہ میرے بھائی حسینؑ کی اولاد میں سے نویں پشت میں ہوں گے اور ایک کنیز (سیّدۃ الاماء) کے بطن سے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی غیبت میں ان کی عمر کو طویل کرے گا اور جب وہ ظہور کریں گے تو دیکھنے میں معلوم ہوگا کہ یہ چالیس سال کے جوان ہیں۔ یہ اس لیے کہ جان لیا جائے کہ اللہ تعالیٰ بلاشبہ ہر شے پر قادر ہے۔"
(احتجاج)

④ حٰمٓ عسٓقٓ کی تفسیر، اس میں سنِ امام قائمؑ پوشیدہ ہے

احمد بن علی اور احمد بن ادریس دونوں نے محمّد بن احمد علوی سے، اُنھوں نے عمر کیؒ سے، اُنھوں نے محمّد بن جمہور سے، اُنھوں نے سلیمان بن سماعہ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن قاسم سے، اُنھوں نے یحییٰ بن میسرہ خثعمی سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے اُن جناب کو فرماتے ہوئے سنا: "(یقولؑ) (حٰمٓ) عسٓقٓ عداد سنی القائمؑ،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

و "ق" جبل محیط بالدنیا من زمرّد اخضر وخضرۃ السماء من ذلک الجبل وعلم کلّ شیء فی "عسق"

ترجمہ: "آپؑ نے فرمایا: "حٰمٓ عسق امام قائم علیہ السلام کے سن کے اعداد ہیں اور "ق" ایک پہاڑ ہے جو زمرّد سبز کا ہے جو ساری دنیا کو گھیرے ہوئے ہے اور آسمان پر سبزی درحقیقت اسی پہاڑ کا عکس ہے۔ اور ہر شے کا علم "عسق" میں مضمر ہے۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

⑤ امامِ عصرؑ بوقت ظہور جوان ہوں گے

ابن سعد نے ازدی سے روایت کی ہے اور ازدی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں اور ابوبصیر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ہمارے ساتھ عبدالعزیز بھی تھے۔ میں نے عرض کیا: مولا!

"انت صاحبنا؟

فقالؑ: انّی لصاحبکم!؟

ثمّ: اخذ جلدۃ عضدہ فمدّھا:

فقال: انا شیخ کبیر و صاحبکم شابٌّ حدث"

ترجمہ: "کیا آپ ہمارے صاحب الامر ہیں؟

فرمایا: میں تمہارا امام ہوں۔

پھر: آپ نے اپنے بازو کی جلد پکڑی اور اسے کھینچ کر فرمایا:

دیکھو" میں بہت بوڑھا ہوں (جھریاں پڑی ہوئی ہیں) اور تمہارا صاحبؑ الامر تو جوان ہوگا۔" (قرب الاسناد)

⑥ امامِ عصرؑ کی حکومت چالیس سال رہیگی

زید بن وہب جہنی نے حضرت امام حسنؑ بن علی بن ابی طالب (علیہم السلام) سے اور آپؑ نے اپنے والد بزرگوار سے روایت کی ہے:

قالؑ "یبعث اللہ رجلاً فی اٰخر الزّمان وکلب من الدّھر وجہل من النّاس یؤیّدہ اللہ بملائکتہ ویعصم انصارہ وینصرہ بآیاتہ ویظھرہ علی الارض حتّی یدینوا طوعًا او کرھًا یملأ الارض

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عدلاً وقسطاً ونوراً وبرهاناً یدین له عرض البلاد وطولها
لا یبقیٰ کافر الّا امن ولا طالح الّا صلح وتصطلح فی ملکه
السّباع ، وتخرج الارض نبتها وتنزل السماء برکتها و
تظهر له الکنوز یملك ما بین الخافقین اربعین عاماً
فطوبیٰ لمن ادرك ایّامه وسمع کلامه ۔" (کتاب الاحتجاج)

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: "آخرِ زمانہ میں اللہ تعالیٰ ایک شخص کو مبعوث فرمائے گا جو مرکزِ زمانہ اور لوگوں میں غیر معروف ہو جس کی تائید و نصرت اللہ اپنے فرشتوں سے کریگا اس کے انصار و مددگاروں کی حفاظت کرے گا، اپنی آیات و نشانیوں سے اس کی مدد کرے گا اور وہ ساری روئے زمین پر غالب آئے گا، لوگ بخوشی یا مجبوراً بہرحال دین کو قبول کریں گے، وہ زمین کو عدل و داد سے، نور و برہان سے بھر دیگا، کوئی کافر بغیر ایمان لائے، اور بد اطوار بغیر اصلاح قبول کیے ہوئے نہ رہے گا۔ اس کی حکومت میں درندے بھی درست ہو جائیں گے، اور زمین اپنی ساری نباتات اُگا دے گی، آسمان سے برکتیں نازل ہوں گی، زمین کے اندر مدفون خزانے اُس پر ظاہر ہو جائیں گے اور ساری دنیا پر چالیس سال تک حکومت کرے گا؛ خوش نصیب ہوگا وہ شخص جو اُس کے دورِ حکومت کو پائے اور اُس کے کلام کو سُنے۔" (کتاب الاحتجاج)

⑦ صرف ایک شب میں اقتدار قائم ہوگا

محمّد بن ابراہیم بن اسحاق نے حسین بن ابراہیم بن عبداللہ بن منصور سے، اُنھوں نے محمّد بن ہارون ہاشمی سے، اُنھوں نے احمد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے احمد سلیمان دہاوی سے، اُنھوں نے معاویہ بن ہشام سے، اُنھوں نے ابراہیم بن محمّد ابنِ حنفیہؒ سے، اُنھوں نے اپنے والد محمّد سے، اُنھوں نے اپنے والد بزرگوار حضرت امیر المومنین صلوات اللہ علیہ سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ:

"المہدیُّ منّا اھل البیت یصلحہ اللہ لہ امرہ فی لیلۃٍ"

ترجمہ "مہدی ہم اہلِ بیتؑ میں سے ہوگا اللہ ایک ہی شب میں اس کا اقتدار اور اسکی حکومت قائم کردے گا۔"

(اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

⑧ امامِ زمانہؑ کا بوقتِ ظہور ارشاد ہوگا

طالقانی نے (ابنِ ہمام) سے، اُنھوں نے جعفر بن مالک سے، اُنھوں نے حسن ابنِ محمّد بن سماعہ سے، اُنھوں نے احمد بن حارث سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے اور آپؑ نے اپنے والد بزرگوار حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"اذا قائمُ القائمؑ: قال: "فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا وَّجَعَلَنِي مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ" (الشعراء، آیت ۲۱)

ترجمۂ روایت: "جب امام قائم علیہ السّلام ظہور کریں گے تو (حضرت موسیٰؑ کی طرح) یہ کہیں گے"

ترجمۂ آیت: "پس میں تم میں سے راہِ فرار اختیار کر گیا، جب میں تم سے خوفزدہ ہو گیا تھا اور میرے پروردگار نے مجھے حکمت عطا کی اور مجھے مرسلین میں سے قرار دیا۔"

(اکمال الدین)

⑨ آپؑ کا ظہور آفتاب سے زیادہ روشن ہوگا

اَبی اور ابنِ ولید نے سعد اور حمیری اور احمد بن ادریس سے، ابن سب نے ابنِ عیسیٰ و ابنِ ابی خطّاب و محمّد بن عبدالجبّار اور عبداللہ بن عامر سے، ان سب نے ابنِ ابونجران سے، اُنھوں نے محمّد بن مساور سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر جعفی سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ میں نے اُن جناب کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ "ایّاکم والتنویہ اَما واللہ لیغیبنّ امامکم سنینا من دھرکم ولیمحّص حتّیٰ یقال مات او ھلك بِاَیّ وادٍ سلك ولتدمعنّ علیہ عیون المؤمنین ولتکفأنّ کما تکفأ السُّفن فی امواج البحر فلا ینجو الّا من اخذ اللہ میثاقہ وکتب فی قلبہ الایمان وایّدہ بروحٍ منہ ولترفعنّ اثنتا عشرۃ رایۃ مشتبھۃ لا یدریٰ اَیٌّ من اَیٌّ۔

قال: فبکیتُ:

فقالؑ لی: ما یبکیکَ یا اباعبداللہ؟

فقلتُ: وکیف لا اَبکی وانت تقول ترفع اثنتا عشرۃ رایۃ مشتبھۃ لا یدریٰ اَیٌّ من اَیٌّ؟ فکیف تصنع؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال : فنظر الی شمس داخلة فی الصُّفّة

فقالؑ : یا اباعبداللہ تریٰ ھٰذہِ الشمس ؟

قلتُ: نعم ۔

قالؑ : واللہ لَاَمرنا اَبین من ھٰذہِ الشمس "

ترجمہ: فرمایا " دیکھو ! اس بات کو مشتہر نہ کرنا ۔ خدا کی قسم تمھارا امام قائمؑ ۴ برسوں تک غیب کے پردے میں پوشیدہ رہے گا ' اور اتنی طویل مدّت تک غائب رہے گا کہ لوگ کہنے لگیں گے "وہ مر گئے یا ہلاک ہو گئے یا کسی دوسری وادی میں چلے گئے " مومنین کی آنکھوں سے اُن کے لیے آنسو جاری ہوں گے اور وہ ایسے تھپیڑے کھائیں گے جیسے کوئی کشتی سمندر میں تھپیڑے کھاتی ہے ۔ اس (دَور) میں بس وہی شخص (اپنا ایمان) سلامت رکھ سکے گا جس سے روزِ ازل اللہ نے عہد و میثاق لے لیا ہے اور اس کے دل پر ایمان نقش کر دیا ہے ۔ اور روح[1] الایمان سے اسکی مدد کی ہے ، اُن کے ظہور کے وقت بارہ جھنڈے لہراتے ہونگے اور یہ پتہ بھی نہ چلے گا کہ حق کا جھنڈا کونسا ہے اور باطل کا کونسا جھنڈا ہے ، لوگ اشتباہ میں پڑ جائیں گے ۔

راوی کا بیان ہے کہ یہ سنکر میں رونے لگا ۔

آپؑ نے دریافت کیا : کیوں گریہ کرتے ہو ؟

میں نے عرض کیا : کیونکر نہ گریہ کروں جبکہ آپؑ یہ فرماتے ہیں کہ بارہ جھنڈے بلند ہوں گے جو مشتبہ حالت میں ہوں گے پتہ نہ چلے گا کہ کونسا جھنڈا کس کا ہے ۔ یہ صورت ہو گی تو اُس وقت ہم لوگ کیا کریں گے ۔ ؟

یہ سنکر آپؑ نے روشندان سے آفتاب کو دیکھا

پھر فرمایا : اے اباعبداللہ ! تم اس آفتاب کو دیکھتے ہو نا ؟

میں نے عرض کیا : جی ہاں ۔

آپؑ نے فرمایا : امام قائمؑ بخدا ' اس سے بھی زیادہ واضح و روشن ہو گا ۔ (اس میں پریشانی کی کیا بات ہے ۔) (اکمال الدّین)

* غیبتہ نعمانی میں بھی ابن ابی نجران نے محمّد بن عیسیٰ و عبداللہ بن عامر و ابن ابوخطّاب کے حوالے سے اور ان سب نے جمیری و جعفر بن محمّد بن مالک نے محمّد بن ہمام کے حوالے سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے ۔

[1] روح سے مراد روح الایمان

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ غیبتہ طوسی میں احمد بن ادریس نے ابن قتیبہ سے، اُنھوں نے ابنِ شاذان سے اُنھوں نے ابنِ ابی نجران سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔

★ (محمد یعقوب) کلینی نے محمد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے احمد بن محمد سے، اُنھوں نے عبدالکریم سے اور اُنھوں نے ابنِ ابی نجران سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

(۱۰) درحقیقت ہر امام "قائم بامراللہ" ہے

سنانی نے اسدی سے، اُنھوں نے سہل سے، اور سہل نے عبدالعظیم حسنی سے روایت کی ہے کہ عبدالعظیم کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت محمد تقی بن حضرت علی بن موسیٰ سے عرض کیا، میرا خیال ہے کہ اہلِ بیتِ محمد میں سے آپ ہی وہ امام قائم ہوں گے جو زمین کو عدل و داد سے بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔؟

فقال ع: یا ابا القاسم! ما منّا الّا قائم بامرِ اللہ عزّوجلّ وھاد الی دینہ ولکنّ القائم الّذی یطھر اللہ بہ الارض من اھل الکفر والجحود ویملؤھا عدلاً وقسطاً ھو الّذی یخفی علی النّاس ولادتہ ویغیب عنھم شخصہ ویحرم علیھم تسمیتہ وھو سمیّ رسول اللہ وکنیّہ وھو الّذی تطوی لہ الارض ویذلّ لہ کلّ صعب ویجتمع الیہ اصحابہ عدّۃ اھل بدر ثلاثۃ عشر رجلاً من اقاصی الارض وذٰلک قول اللہ عزّوجلّ:

"ایت" "اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰہُ جَمِیْعًا اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" (سورہ البقرۃ آیت ۱۴۸)

فاذا اجتمعت لہ ھٰذہ العدّۃ من اھل الاخلاص اظھر امرہ، فاذا اکمل لہ العقد وھو عشرۃ الاف رجل خرج باذن اللہ عزّوجلّ، فلا یزال یقتل اعداء اللہ حتّی یرضی اللہ عزّوجلّ۔

قال عبدالعظیم: فقلت لہ: یا سیّدی! وکیف یعلم انّ اللہ قد رضی؟

قال ع: یلقی فی قلبہ الرّحمۃ فاذا دخل المدینۃ اخرج اللّات و العزّی فاحرقھما۔

ترجمۂ روایت: "آپ نے فرمایا: اے ابوالقاسم! ہم میں سے تو ہر امام قائم بامراللہ ہے اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُس کے دین کی طرف ہدایت کرنے والا ہے لیکن وہ امام قائمؑ جو زمین کو اہلِ کفر اور منکرین سے پاک کردے گا اور زمین کو عدل و داد سے بھر دے گا، وہ، وہ ہوگا جسکی ولادت اور ذات کو لوگوں سے پوشیدہ رکھا جائے گا اور جس کا نام لینا بھی حرام ہوگا، وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا ہمنام ہوگا اور ہم کنیت ہوگا وہی وہ ہوگا جس کے لیے زمین سمٹے گی، ہر سختی اُس کے لیے آسان ہوگی، زمین کے دور دراز خطّوں سے اس کے اصحاب جنکی تعداد اصحاب بدر کے برابر تین سو تیرہ ہوگی اس کے پاس جمع ہوں گے۔ اسی کے لیے اللہ عزّ وجلّ کا ارشاد ہے:

ترجمۂ آیت: "جہاں کہیں بھی تم ہو (گے) اللہ تم سب کو جمع کر کے لے آئے گا بیشک اللہ ہر شے کے اوپر قادر ہے" (البقرۃ ۱۴۸)

جب آپ کے یہ سارے اصحاب جمع ہو جائیں گے تو آپ اپنی حکومت کا اعلان فرمائیں گے اور جب دس ہزار آدمی آپ کے ہاتھ پر بیعت کریں گے تب آپ اللہ عزّ وجلّ کے حکم سے خروج فرمائیں گے اور دشمنانِ خدا کو قتل کرنا شروع کریں گے اور اتنا قتل کریں گے کہ اللہ عزّ وجلّ راضی ہو جائے گا۔"

عبدالعظیم کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: اے میرے سردار! اُنھیں (امام قائمؑ کو) یہ کیسے علم ہو جائے گا کہ اللہ راضی ہو گیا؟

آپؑ نے فرمایا: وہ (اللہ تعالیٰ) ان کے دل میں رحم ڈال دے گا اور جب وہ مدینہ پہونچیں گے تو لات و عزّیٰ (بُتوں) کو نکال کر جلا ڈالیں گے۔" (اکمال الدین)

★ کتاب الاحتجاج میں بھی عبدالعظیم کی یہی روایت مرقوم ہے۔

(۱۱) "فَاِذَا نُقِرَ فِی النَّاقُوْرِ" کی تفسیر

ایک جماعتِ رواۃ نے ابومفضّل سے، اُنھوں نے محمّد حمیری سے، اُنھوں نے اپنے والد سے اُنھوں نے ابن ابوخطّاب سے، اُنھوں نے موسیٰ بن سعدان سے، اُنھوں نے عبداللہ بن قاسم سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے روایت کی ہے کہ اور مفضّل بن عمر کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے جابر کی تفسیر کے متعلّق دریافت کیا:

فقالؑ: "لا تحدّث به السّفله فیذیعونه اَمَا تقرأ کتاب الله "فَاِذَا نُقِرَ فِی النَّاقُوْرِ" (سورہ مدّثّر آیت ۸)

اِنَّ منّا اِمَامًا مستترًا فاذا اراد الله اظهار امره نکت فی قلبه

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نکتہ فظہر فقام بأمر اللہ ۔" (غیبۃ طوسی)

ترجمۂ روایت: "سفلوں اور پشت ذہنیت والوں سے ان کی تفسیر بیان نہ کرنا، ورنہ وہ اس کو مشتہر کردیں گے۔ کیا تم نے قرآن میں یہ آیت نہیں پڑھی ہے:

ترجمۂ آیت: "پس جب صور میں پھونکا جائے گا۔" (مدثر آیت ۸)

بلاشبہ ہم میں سے ایک امام پوشیدہ ومستور ہوگا اور جب اللہ کا ارادہ ہوگا کہ اپنے امر کو ظاہر کرے تو اُن کے دل میں یہ بات ڈالدے گا پس وہ ظاہر ہوں گے اور اللہ کے حکم سے قیام کریں گے۔ (کھڑے ہوں گے) (غیبۃ طوسی)

★ رجال کشی میں بھی آدم بن محمد بلخی نے علی بن حسن بن ہارون دقاق سے، اُنھوں نے علی بن احمد سے، اُنھوں نے احمد بن علی بن سلیمان سے، اُنھوں نے ابنِ فضّال سے، اُنھوں نے علی بن حسان سے اور اُنھوں نے مفضّل سے یہی روایت بیان کی ہے جو مرقوم ہے۔ (رجال کشی)

(۱۲) "اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ ..." کی شانِ نزول

محمد بن عبّاس نے عبداللہ بن اسد سے، اُنھوں نے ابراہیم بن محمد سے اُنھوں نے احمد بن معمر اسدی سے، اُنھوں نے محمد بن فضیل سے، اُنھوں نے کلبی سے، اُنھوں نے ابوصالح سے اور اُنھوں نے ابنِ عبّاس سے اللہ عزّ وجلّ کے اس قول (آیت):

لہ "اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ۔" (سورۃ الشعراء، آیت ۴)

کی تفسیر میں روایت کی ہے کہ اُنھوں نے کہا:

قال: "هٰذه نزلت فينا وفي بني اُميّة؛ تكون لنا دولة تذلّ اَعناقهم لنا بعد صعوبة وهوان بعد عزّ"

اُنھوں نے کہا: "یہ آیت ہم لوگوں کے متعلق اور بنی اُمیّہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے ہمارے خاندان کو اقتدار حاصل ہوگا اور بنی اُمیّہ کی گردنیں ذلّت کے ساتھ جُھک جائیں گی۔

ترجمۂ آیت لہ: "اگر ہم چاہیں تو ہم اُن پر آسمان سے کوئی آیت (معجزہ) نازل کردیں جس کے سامنے عاجزی کے ساتھ اُن کی گردنیں جُھک جائیں۔" (شعراء-۴)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۳) آیت: اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ... کی شانِ نزول

محمّد بن عبّاس نے احمد بن حسن بن علی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن اسماعیل سے، اُنھوں نے حنّان بن سدیر سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ اُن جناب سے اللہ عزّ وجلّ کے اس قول (آیت):

الآیۃ "اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِیْنَ ۝" (الشعراء آیت ۴)

کے متعلق دریافت کیا

قالؑ: "نزلت فی قائم آلِ محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ینادی باسمه من السماء"

ترجمہ "یہ آیت حضرت قائم آلِ محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ اُن کے نام کا آسمان سے اعلان ہوگا۔" (کنزجامع الفوائد)

(۱۴) آیت: اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ.... کی شانِ نزول

محمّد عبّاس نے حسین بن احمد سے، اُنھوں نے محمّد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے یونس سے اُنھوں نے صفوان سے، اُنھوں نے ابوعثمان سے، اُنھوں نے معلّیٰ بن خنیس سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے اور اُن جناب نے فرمایا کہ حضرت امیرالمومنینؑ کا ارشاد ہے کہ:

قالؑ: "انتظروا الفرج فی ثلاث"

قیل: وما هنّ؟

قالؑ: "اختلاف اهل الشام بینهم، و الرایات السود من خراسان والفزعة فی شهر رمضان"

قیل له: وما الفزعة فی شهر رمضان؟

قالؑ: "امّا سمعتم قول اللہ عزّوجلّ فی القرآن:

"اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِیْنَ ۝" (الشعراء آیت ۴)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ: "اِنّہ یخرج الفتاۃ من خدرھا و یستیقظ النّائم و یفزع الیقظان۔" (کنز جامع الفوائد)

ترجمہ: "تین علامتوں کے ظاہر ہونے کے بعد فرج و ظہورِ امام قائمؑ کا انتظار کرنا۔"

عرض کیا گیا: وہ تین علامتیں کیا ہیں؟

فرمایا: "اہلِ شام کا آپس میں اختلاف، خراسان کی طرف سے سیاہ جھنڈوں کا نمودار ہونا، اور ماہِ رمضان میں فزع (خوف)۔"

دریافت کیا گیا: ماہِ رمضان میں خوف کیسا؟

فرمایا: "کیا تم لوگوں نے اللہ عزّ و جلّ کا یہ قول قرآن مجید میں نہیں سنا ہے کہ:

"اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْھِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَۃً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُھُمْ لَھَا خٰضِعِیْنَ" (الشعراء آیت ۴)

ترجمہ روایت: "یعنی اُس وقت عورتیں پردے سے نکل پڑیں گی اور خوابیدہ لوگ نیند سے جاگ اُٹھیں گے اور خوف سے کانپنے لگیں گے۔" (کنز جامع الفوائد)

(۱۵) آیت: اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ.... کی تفسیر

حسین بن عبید اللہ نے بزوفری سے، اُنھوں نے احمد بن ادریس سے، اُنھوں نے ابنِ قتیبہ سے، اُنھوں نے فضل بن شاذان سے، اُنھوں نے ابن فضّال سے، اُنھوں نے مثنّیٰ حنّاط سے، اُنھوں نے حسن بن زیاد صیقل سے روایت کی ہے کہ اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق ابنِ امام محمّد باقرؑ علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: "اِنّ القائم لا یقوم حتّیٰ ینادی مناد من السماء تسمع الفتاۃ فی خدرھا و یسمع اھل المشرق و المغرب و فیہ نزلت ھٰذہ الاٰیۃ:

"اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْھِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَۃً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُھُمْ لَھَا خٰضِعِیْنَ" (الشعراء آیت ۴)

آپ نے فرمایا "بلاشبہ حضرت امام قائم علیہ السّلام کا ظہور اس وقت تک نہ ہوگا جبتک کہ ایک منادی آسمان سے ندا نہ دے گا جسے پردے میں پردہ نشین عورتیں اور تمام مشرق اور مغرب والے سُنیں گے۔ اسی کے لیے یہ آیت نازل ہوئی ہے: (آیت مذکور ہے)

یعنی: اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ ..... خٰضِعِیْنَ" (شعرا آیت ۴)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۶) امامِ عصرؑ کے لیے پیری نہیں ہے

طالقانی نے احمد بن علی انصاری سے، اُنھوں نے ہِروی سے روایت کی ہے اور ہِروی کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت امام رضا علیہ السّلام سے دریافت کیا کہ آپ حضرات کے امام قائمؑ کی کیا پہچان ہوگی

قالؑ: "علامتہ اَن یکون شیخ السِّنِ شابَّ المنظر حتّی اَنَّ النّاظرِ الیہ لیحسبہ ابن اربعین سنۃ اَو دونہا وَاِنَّ من علامتہ اَن لا یہرم بمرور الاّیام واللّیالی علیہ حتّی یاتی اَجلہ۔" (اکمال الدین)

آپؑ نے فرمایا: "اُن کی پہچان یہ ہے کہ وہ بہت کبیر السّن ہونے کے باوجود جوان نظر آئینگے اور دیکھنے والا یہ سمجھے گا کہ یہ زیادہ سے زیادہ چالیس سال کے ہوں گے۔

دوسری پہچان یہ ہے کہ خواہ کتنا ہی زمانہ گذر جائے مرتے دم تک بوڑھے نہ ہوں گے۔" (اکمال الدین)

(۱۷) آپؑ کا ظہور بروز عاشورا ہوگا

ابنِ ادریس نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے اہوازی سے، اُنھوں نے بطائنی سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوجعفر علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"یخرج القائمؑ یوم السبت یوم عاشورا الیوم الذی قتل فیہ الحسین علیہ السّلام"

"امام قائم علیہ السّلام بروز شنبہ یوم عاشورا، جس دن امام حسین علیہ السّلام قتل کیے گئے تھے، ظہور وخروج فرمائیں گے۔" (اکمال الدین)

(۱۸) سب سے پہلے جبرئیلؑ بیعت کریں گے

ابن الولید نے صفّار سے، اُنھوں نے ابنِ یزید سے، اُنھوں نے ابن ابوعمیر سے، اُنھوں نے ابان بن عثمان سے، اُنھوں نے ابان تغلب سے، اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ: آپؑ نے ارشاد فرمایا:

"اِنَّ اَوّل مَن یبایع القائمؑ جبریلؑ ینزل فی صورۃ طیر ابیض

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فیبایعہ ثمّ یضع رجلہٗ علیٰ بیت اللہ الحرام و رجلاً علیٰ بیت المقدس ثمّ ینادی بصوت طلق ذاق تسمعہ الخلائق (آیۃ): "اَتیٰ اَمرُ اللہِ فَلَا تَستَعجِلُوہُ" (سورۂ نحل آیت ۱)

ترجمہ: "امام قائمؑ کی سب سے پہلے جبرئیل بیعت کریں گے وہ ایک سفید طائر کی شکل میں نازل ہوں گے، ایک پاؤں خانۂ کعبہ پر رکھیں گے اور ایک پاؤں اُن کا بیت المقدّس پر ہوگا اور ایک بلند اور خوش کُن آواز کے ساتھ اعلان کریں گے کہ:

ترجمۂ آیت "اللہ کا امر قریب ہے پس اس کے لیے جلدی مت کرو۔" (نحل آیت ۱)

"

★ ایک دوسری روایت میں ابان بن تغلب نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام سے اور حضرت امام ابوجعفر محمّد باقر علیہ السّلام سے بھی اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (تفسیر عیاشی)

(۱۹) آپؑ کی فوج کے ہر سپاہی کی تلوار کے اوپر ایک کلمہ تحریر ہوگا

ان ہی اسناد کے ساتھ ابان بن تغلب سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا: "سیاتی فی مسجدکم ثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر رجلاً۔ یعنی مسجد مکّۃ۔ یعلم اھل مکّۃ انّہ لم یلد (ھم) اٰباؤھم ولا اجدادھم، علیھم السّیوف، مکتوب علیٰ کلّ سیف کلمۃ تفتح الف کلمۃ، فیبعث اللہ تبارک وتعالیٰ ریحاً فتنادی بکلّ واد: ھٰذا المھدیؑ یقضی بقضاء داؤد وسلیمان علیھما السّلام لا یرید علیہ بیّنۃ۔"

ترجمہ: "عنقریب تمہاری مسجد (خانۂ کعبہ) میں تین سو تیرہ (۳۱۳) اشخاص ایسے آئیں گے جنکے متعلّق اہلِ مکّہ کو قطعی علم نہ ہوگا کہ وہ کب پیدا ہوئے اور ان کے آباء و اجداد کون ہیں۔ اُن کے پاس تلواریں ہوں گی، ہر تلوار پر ایک کلمہ مرقوم ہوگا جس سے ہزار ہزار کلمے پیدا ہوں گے، پھر اللہ تعالیٰ ایک ہوا کو مبعوث فرمائے گا جو ہر وادی میں پکار کر اعلان کرے گی کہ یہ مہدیؑ ہیں۔ حضرت داؤدؑ و سلیمانؑ کے مانند فیصلہ کریں گے اور کسی سے گواہ طلب نہ کریں گے۔" (اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۰) ہر تلوار پر ہزار کلمے تحریر ہوں گے

غیبۃ نعمانی میں علی بن حسین نے محمّد بن یحییٰ عطّار سے، اُنھوں نے محمّد بن حسن رازی سے، اُنھوں نے محمّد بن علی کوفی سے، اُنھوں نے اسماعیل بن مہران سے، اُنھوں نے محمّد بن ابوحمزہ سے، اور اُنھوں نے ابان بن تغلب سے ایسی ہی روایت مذکور ہے مگر اس میں یہ ہے کہ:

"مکتوب علیها الف کلمة کلّ کلمة مفتاح الف کلمة"

"ہر تلوار پر ہزار کلمے تحریر ہوں گے اور ہر کلمے سے ہزار کلمے برآمد ہوں گے۔"

(غیبۃ نعمانی)

(۲۱) اصحابِ امامؑ کی بادلوں پر سواری

ماجیلویہ نے اپنے چچا سے، اُنھوں نے برقی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے روایت کی ہے، مفضّل کا بیان ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا:

"لقد نزلت هٰذه الاية فی المفتقدين من اصحاب القائمؑ وقوله عزّوجلّ "اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا" (سورہ بقرہ آیت ۱۴۸)

انّهم المفتقدون عن فرشهم ليلًا، فيصبحون بمكّة وبعضهم يسير فی السّحاب نهارًا يعرف اسمه واسم ابيه وحليته ونسبه" قال: فقلتُ: جعلت فداك اَيّهما اعظم ايمانًا؟ قالؑ: "اَلّذی يسير فی السحاب نهارًا" (اکمال الدین)

ترجمۂ روایت: "امام قائمؑ کے اصحاب کی شان میں یہ آیت نازل ہوئی ہے:

ترجمۂ آیت: "جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم سب کو لے آئے گا" (بقرۃ ۱۴۸)

ترجمۂ روایت: "وہ (اصحابِ امام) رات کے وقت اپنے اپنے فرشِ خواب سے اچانک غائب ہوجائیں گے اور صبح مکّہ میں جا پہنچیں گے اور کچھ لوگ تو دن کے دن بادلوں پر سوار ہوکر (خدمتِ امامؑ) میں) حاضر ہوں گے۔ جن کے نام، اُن کے والد کے نام، اُن کا حلیہ اور اُن کا نسب امام جانتے ہوں گے۔"

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، ان دونوں میں از روئے ایمان کون افضل ہے؟

آپؑ نے فرمایا: وہ لوگ، جو دن کے وقت بادلوں پر سوار ہوکر آئیں گے۔"

(اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۲) آپؑ دیکھنے میں تیس سال کے معلوم ہونگے

محمدؐ بن ہمام نے جعفر بن محمدؐ بن مالک سے، اُنھوں نے عمر بن طرخان سے، اُنھوں نے محمدؐ بن اسماعیل سے، اُنھوں نے علی بن عمر بن علی بن حسین سے، اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"اِنَّ ولیَّ اللہ یعمر عمر ابراھیمؑ خلیل عشرین ومائۃ سنۃ ویظھر فی صورۃ فتیٰ موفّق ابن ثلاثین سنۃ۔"

ترجمہ: "بلاشبہ حضرت ولی اللہ (امام عصرؑ) وقتِ ظہورؑ حضرت ابراہیمؑ کی عمر کی طرف جو ایکسو بیس سال تھی مگر وہ دیکھنے میں ایک تیس سالہ جوان معلوم ہوتے تھے، تیس سال کے جوان ہوں گے۔ (غیبۃ طوسی)

(۲۳) ابتداء میں لوگ آپؑ کا انکار کریں گے

محمدؐ بن ہمام نے حسن بن علی عاقولی سے، اُنھوں نے حسن بن علی بن ابو حمزہ سے اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابو بصیر سے، اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"لو خرج القائمؑ لقد انکرہ الناس، یرجع الیھم شابًا موفّقًا فلا یلبث علیہ اِلّا کلُّ مؤمن اَخذ اللہ میثاقہ فی الذَّرِّ الاوّل" (غیبۃ طوسی)

ترجمہ "جب امام قائمؑ کا ظہور ہوگا، تو لوگ اُن کے ماننے سے انکار کریں گے، اور آپ اُن کی طرف بھرپور جوان کی صورت میں جائیں گے، لیکن وہ مومن کہ جس سے اللہ تعالیٰ نے عالمِ ذر میں عہد و میثاق لیلیا ہے، فوراً مان لیگا۔"
(غیبۃ طوسی)

(۲۴) لوگ تو امام عصرؑ کو کبیر السن خیال کریں گے

علی بن حسین مسعودی نے محمدؐ عطّار سے، اُنھوں نے محمدؐ بن حسن وازی سے، اُنھوں نے محمدؐ بن علی کوفی سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے ابنِ جبلہ سے، اُنھوں نے بطائنی سے اور بطائنی نے حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام سے مذکورہ بالا روایت کے مثل روایت نقل کی ہے۔ لیکن اس میں یہ مزید ہے کہ سب سے بڑی آزمائش یہ ہے کہ لوگ کبیر السن خیال کریں گے۔[1]

[1] غیبۃ نعمانی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۵) ندائے آسمانی کیلئے ابوجعفر منصور کی روایت

الغضائری نے بزوفری سے، اُنھوں نے احمد بن ادریس سے، اُنھوں نے ابن قتیبہ سے، اُنھوں نے ابن شاذان سے، اُنھوں نے اسماعیل بن صباح سے، اُنھوں نے کہا کہ میں نے ایک بزرگ سے سنا کہ سیف بن عمیرہ نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ میں ابوجعفر منصور (دوانیقی) کے پاس تھا میں نے اس کو کہتے ہوئے سنا کہ:

"یا سیف بن عمیرۃ لابد من منادٍ ینادی باسم رجل من وُلد ابی طالبؑ من السماء"

فقلت: یرویہ احد من الناس ؟

قالؑ: والذی نفسی بیدہ لسمیعَ اُذنی منہ یقول: لابُدّ من منادٍ ینادی باسم رجل من السماء۔

قلتُ: یا امیرالمومنین! اِنّ ھٰذا الحدیث ما سمعت بمثلہ قطّ

فقال: یا سیف! اذا کان ذٰلک فنحن اوّل من یجیبہ اَمّا اِنّہ احد بنی عمّنا۔

قلت: اَیّ بنی عمّکم ؟

قال: رجل من وُلد فاطمۃ علیہا الصّلوٰۃ والسّلام۔

ثمّ قال: یا سیف! لولا اَنّی سمعت اباجعفرؑ محمّد بن علیؑ یحدّثنی بہ ثمّ حدّثنی بہ اھل الدّنیا ما قبلت منھم ولکنّہ محمّد بن علیؑ

ترجمہ "اے سیف بن عمیرہ! لابدی ولازمی ہے کہ ابوطالبؑ کی اولاد میں سے ایک شخص کے نام کا اعلان آسمان سے ہو۔"

میں نے پوچھا: کیا اس کے متعلق کسی شخص نے کوئی روایت نقل کی ہے ؟

اُس نے کہا: اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے میں نے اپنے کانوں سے سنا ہے کہ آسمان سے ایک شخص کے نام کا اعلان ہوگا۔

میں نے عرض کیا: اے امیرالمومنین! مگر میں نے تو اس قسم کی کوئی حدیث کبھی نہیں سنی۔

"ابوجعفر منصور" نے کہا: اے سیف! جب ایسا کوئی اعلان ہوگا تو میں سب سے پہلے اس آواز پر لبّیک کہوں گا، لیکن یہ کہ وہ میرے چچا کی اولاد میں سے کسی کا نام ہوگا۔

میں نے پوچھا: آپ کے کونسے چچا کی اولاد ؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

منصور نے کہا: وہ اولادِ فاطمہ سلام اللہ علیہا میں سے ہوگا۔
پھر کہا: اے سیف! اگر یہ بات میں نے ابوجعفر محمدؑ (باقر) بن علیؑ سے نہ سنی ہوتی تو اگر ساری دنیا بھی کہتی تو اعتبار نہ کرتا، مگر یہ بات تو محمدؑ بن علیؑ (امام محمد باقرؑ) نے کہی ہے۔ (پھر کیسے نہ اعتبار کروں)۔ (غیبتہ طوسی)

و،

★ کتاب الارشاد میں علی بن بلال نے محمد بن جعفر مؤدّب سے، اُنھوں نے احمد بن ادریس سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (ارشاد)

(۲۶) اصحابِ امام قائمؑ ہی اُمّتِ معدودہ ہیں

علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں منصور بن یونس سے اُنھوں نے اسماعیل بن جابر سے، اُنھوں نے ابوخالد سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے مندرجہ ذیل آیات کے متعلق سنا:
"فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا" (سورۃ البقرۃ ۱۴۸)
آپؑ نے فرمایا: اِس آیت میں "خَيْرَاتٍ" سے مراد "ولایت" ہے۔
اور اللہ تعالیٰ کا یہ قول: اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا: اس سے مراد امام کے تین سو تیرہ اصحاب ہیں اور وہی خدا کی قسم "گِنا گِنایا گروہ" یعنی اُمّت معدودہ ہے قالؑ: "يجتمعون والله فى ساعة واحدة قزع كقزع الخريف" یعنی (یہ لوگ خدا کی قسم ایک ساعت میں اس طرح جمع ہوجائیں گے جیسے برسات کے بادل جمع ہوجاتے ہیں۔) (کافی)

(۲۷) قبل از ظہور چند حتمی اُمور

(غط) احمد بن ادریس نے ابنِ قتیبہ سے، اُنھوں نے ابنِ شاذان سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے ثمالی سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا (آپ کے پدر بزرگوار) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ سفیانی کا خروج حتمی امر ہے، آسمانی ندا حتمی امر ہے، آفتاب کا مغرب سے طلوع ہونا امرِ حتمی ہے اور بہت سی باتوں کے لیے وہ جناب فرمایا کرتے تھے کہ یہ امر حتمی ہے۔
امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"واختلاف بنی فلان من المحتوم وقتل النفس الزکیۃ من المحتوم وخروج القائم من المحتوم"

قلتُ: وکیف یکون النداء؟

قالؑ: ینادی مناد من السماء اوّل النّہار یسمعہ کلّ قوم بالسنتہم

"اَلَا اِنَّ الْحَقَّ فِیْ عَلِیٍّ وَ شِیْعَتِہٖ"

ثمّ ینادی ابلیس فی آخر النّہار من الارض:

"اَلَا اِنَّ الْحَقَّ فِی عثمان و شیعتہ"

فعند ذالک یرتاب المبطلون" (غیبۃ طوسی)

ترجمہ روایت: "اور بنی فلان کے مابین اختلاف بھی امرِ حتمی ہے اور قتلِ نفس زکیہ بھی حتمی امر ہے اور امام قائمؑ کا ظہور بھی امرِ حتمی ہے۔"

میں نے عرض کیا: ندائے آسمانی کیسی ہوگی؟

آپؑ نے فرمایا: صبح کے وقت ایک منادی آسمان سے ندا دے گا کہ:

"آگاہ ہو جاؤ، حق علیؑ اور اُن کے شیعوں میں ہے۔"

پھر شام کے وقت ابلیس ندا دے گا:

"آگاہ ہو جاؤ، حق عثمان اور اُن کے شیعوں میں ہے۔"

ابلیس کی اس ندا کو سنکر اہلِ باطل شک میں پڑ جائیں گے۔ (غیبۃ طوسی)

"

★ کتاب الارشاد میں بھی ابنِ شاذان سے اسی کے مثل روایت ہے۔ (ارشاد)

(۲۸) آفتاب سے ایک جسیم نمودار ہوگا اور....

غط (غیبۃ طوسی) میں سعد نے حسن بن علی زیتونی اور حمیری، سے ایک ساتھ اور اُنھوں نے احمد ابنِ ہلال سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے اور اُنھوں نے حضرت ابوالحسن امام علی الرّضا علیہ السّلام سے ایک طویل حدیث نقل کی ہے جسے ہم یہاں بقدرِ ضرورت مختصراً بیان کرتے ہیں: قالؑ: لابدّ من فتنۃ صمّاء صیلم یسقط فیہا کلّ بطانۃ و ولیجۃ، وذالک عند فقدان الشیعۃ الثالث من ولدی یبکی علیہ اہل السماء واہل الارض وکم من مؤمن متأسّف حرّان حزین عند فقد الماء المعین کأنّی بہم اَسرَّ ما یکونون

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وقد نودوا نداء یسمعه من بُعد کما یسمعه من قرب
یکون رحمة للمومنین وعذابًا علی الکافرین "

فقلتُ : ایُّ نداء هو ؟

قال ؑ : ینادون فی رجب ثلاثة اصوات من السماء صوتًا منها :

" اَلَا لعنة اللہ علی القوم الظّالمین "

والصوت الثانی : " اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ یا معشر المومنین "

والصوت الثالث یرون بدنًا بارزًا نحو عین الشمس :

" ھٰذا امیر المومنین قد کرّ فی ھلاك الظالمین "

وفی روایة الحمیریّ : والصوت بدن یری فی قرن الشمس یقول :

" اِنَّ اللہ بعث فلانًا فاسمعوا له واطیعوا "

وقالا : جمیعًا فعند ذالك یأتی النّاس الفرج وتودُّ النّاس لو کانوا احیاء ویشفی اللہ صدور قوم مؤمنین ۔" (غیبۃ طوسی)

ترجمۂ روایت :

" یہ لازمی وضروری ہے کہ آئندہ ایک سخت اذیّت رساں اور مصیبتناک فتنہ کھڑا ہو جس میں ساری رازداریاں ختم ہوجائیں گی، اور یہ اُس وقت ہوگا جب ہمارے تیسرے فرزند سے شیعہ محروم ہوجائیں گے (یعنی امام حسن عسکری ؑ کی وفات کے بعد) جس پر اہلِ آسمان اور اہلِ زمین گریہ کریں گے اور کتنے ہی مومنین چشمۂ آبِ شیریں کے غائب ہونے پر متاسّف، مغموم اور محزون رہیں گے، گویا میں دیکھ رہا ہوں اُن کا بے حال ہونا کہ اتنے میں ان کے لیے ایک ندا آئے گی جس کو دور والے بھی اسی طرح سنیں گے جیسے قریب والے ۔ یہ ندا مومنین کے لیے رحمت ہوگی اور کافروں کے لیے عذاب ۔

میں نے عرض کیا : وہ ندا کیا ہوگی ؟

آپ ؑ نے فرمایا : ماہِ رجب میں تین مرتبہ آواز آئے گی ۔

پہلی آواز یہ ہوگی : " اَلَا لعنة اللہ علی القوم الظالمین "

دوسری آواز یہ ہوگی : " اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ یا مَعْشَرَ المومنین "

تیسری آواز کے وقت سورج سے ایک جسم نمودار ہوگا اور آواز آئے گی :

" ھٰذا امیر المومنین قد کرّ فی ھلاك الظّالمین "

اور ایک روایت میں حمیری کا بیان ہے کہ ایک جسم سورج سے نمودار ہوگا اور وہ یہ کہے گا کہ :

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"اللہ تعالیٰ نے فلاں کو بھیجا ہے اس کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو"
اور اُس وقت لوگوں کو فرج وکشادگی نصیب ہوگی، بلکہ مُردے بھی تمنّا کریں گے کہ کاش
ہم زندہ ہوتے اور مومنین کے قلوب کا رنج وغم دور ہو جائے گا۔" (غیبتہ طوسی)

"

نی : غیبتہ نعمانی میں محمّد بن ھمام نے احمد بن مابنداد اور حمیری سے ایک ساتھ اور ان
دونوں نے احمد بن ھلال سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے (غیبتہ نعمانی)

(۲۹) ۲۳ تاریخ کو نام کا اعلان عاشورِ محرم کو ظہور

غط : الفضل نے محمّد بن علی کوفی سے، اُنھوں نے وہیب بن حفص سے، اُنھوں نے
ابوبصیر سے روایت کی ہے اور ابوبصیر نے بیان کیا کہ حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام نے فرمایا:

"اِنَّ القائم صلوات اللہ علیہ ینادی باسمہ لیلۃ ثلاث وعشرین
ویقوم یوم عاشورا یوم قتل فیہ الحسین بن علیؑ علیہ السّلام"

"۲۳ تاریخ کو امام قائم علیہ السّلام کے نام کا اعلان ہوگا اور یوم عاشورا محرم
جس دن امام حسین علیہ السّلام کو قتل کیا گیا، ظہورِ امام قائمؑ ہوگا۔"
(غیبتہ طوسی)

(۳۰) رُکن ومقام کے درمیان بیعت

غط : الفضل نے محمّد بن علی سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے حَیّ بن
مروان سے، حَیّ نے علی بن مہزیار سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام
نے ارشاد فرمایا:

"کانّی بالقائم یوم عاشورا یوم السبت قائمًا بین الرکن و
المقام بین یدیہ جبریلؑ ینادی : البیعۃ للہ فیملأھا
عدلًا کما ملئت ظلمًا وجورًا۔"

ترجمہ "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السّلام روز شنبہ عاشورا کے دن
رُکن ومقام کے درمیان کھڑے ہیں اور اُن کے سامنے حضرت جبریلؑ یہ
اعلان کر رہے ہیں کہ " اللہ کے لیے ان کی بیعت کرو، یہ زمین کو عدل وقسط
سے اسی طرح بھر دیں گے جس طرح یہ ظلم وجور سے بھری ہوئی تھی۔"

غط = (غیبتہ طوسی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۳۱) آسمان و زمین سے اعلان

غط: الفضل نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے علی بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا:

قالؑ "خروج القائم من المحتوم"

قلتُ: وکیف یکون النّداء؟

قالؑ: ینادی منادٍ من السماء اوّل النہار: "اَلَا اِنَّ الحقَّ فی علیٍّؑ وَشِیْعَتِہٖ" ثمّ ینادی ابلیس فی آخر النہار: اَلَا اِنَّ الحقَّ فی عثمان وشیعتہ" فعند ذالک یرتاب المبطلون"

آپؑ نے فرمایا: "امام قائمؑ کا ظہور حتمی امر ہے"

میں نے عرض کیا: اُن کے ظہور کا اعلان کیسے ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: آسمان سے ایک منادی صبح کے وقت ندا دے گا کہ "ہوشیار ہو جاؤ حق حضرت علیؑ اور ان کے شیعوں میں ہے"

پھر: شام کے وقت ابلیس اعلان کرے گا کہ: "آگاہ ہو جاؤ حق عثمان اور ان کے شیعوں میں ہے۔"

یہ اعلان سنکر اہلِ باطل شک میں پڑ جائیں گے۔ غط = (غیبۃ طوسی)

(۳۲) اعلانِ جبرئیلؑ کو سب سُنیں گے

غط: (غیبۃ طوسی) میں ہے کہ الفضل نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے ابوایوب سے، اُنھوں نے محمّد بن مسلم سے، اور ان کا بیان ہے کہ:

"ینادی منادٍ من السماء باسم القائم فیسمع ما بین المشرق الی المغرب، فلا یبقیٰ راقد اِلّا قام، ولا قام اِلّا قعد، ولا قاعد اِلّا قام علیٰ رِجلیہ من ذٰلک الصوت، وھو صوت جبرئیل الرّوح الامین"

محمّد بن مسلم نے کہا: "آسمان سے ایک منادی امام قائمؑ کے نام کا اعلان کرے گا جسکو تمام اہلِ مشرق و مغرب سُنیں گے جسکو سنکر سونے والے جاگ اُٹھیں گے، جو کھڑا ہوگا وہ بیٹھ جائیگا، بیٹھا ہوا کھڑا ہو جائے گا۔ اور یہ آواز حضرت جبریل روح الامین کی ہوگی"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۳۳) امام قائمؑ کے تین نام

فضل نے اسماعیل بن عیاش سے، اُنھوں نے اعمش سے، اُنھوں نے ابی وائل سے، اُنھوں نے حذیفہ سے روایت کی ہے کہ حذیفہ کا بیان ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے حضرت امام مہدی علیہ السلام کا ذکر ہو رہا تھا کہ میں نے سنا کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا:

"اِنَّہٗ یبایع بین الرُّکنِ والمقامُ اسمہٗ احمدؐ وعبداللہ والمہدیؑ فہٰذہ اَسماؤہٗ ثلاثتہا" (غیبۃ طوسی)

"اُن (امام مہدیؑ) کی بیعت رُکن و مقام کے درمیان ہوگی، اُن کے تین نام ہیں، احمدؐ، عبداللہؑ اور مہدیؑ"

(۳۴) امام قائمؑ کی حکومت ۳۰۹ سال ہوگی

فضل نے علی بن عبداللہ سے، اُنھوں نے عبدالرحمٰن بن ابی عبداللہ سے، اُنھوں نے ابوالجارود سے روایت کی ہے، اُنھوں نے بیان کیا کہ حضرت امام محمدؑ باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ:

"اِنَّ القائمؑ یملک ثلاثَ ثمائۃَ وتسعَ سنین کما لبث اھل الکہف فی کہفہم، یملأُ الارض عدلاً وقسطاً کما ملئت ظلماً وجوراً ویفتح اللہ لہ شرق الارض وغربہا، ویقتل النّاس حتّٰی لا یبقیٰ اِلّا دین محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یسیر بسیرۃ سلیمانؑ بن داؤدؑ" "غط = (غیبۃ طوسی)"

امامؑ نے فرمایا "بلاشبہ امام قائم علیہ السلام تین سو نو (۳۰۹) سال حکومت کریں گے جتنے عرصے تک اصحابِ کہف کے غار میں رہنے کی خبر ہے۔ وہ اپنے دورِ حکومت میں زمین کو عدل و انصاف سے اسطرح بھر دیں گے جسطرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اُن کو سارے شرق و غربِ زمین پر فتح عطا فرمائے گا اور لوگوں کو اتنا قتل کریں گے کہ سوائے دینِ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کوئی دین باقی نہ رہے گا۔ وہ حضرت سلیمانؑ ابنِ داؤدؑ کی طرح حکومت کریں گے) سیرت پر عمل کریں گے۔" (غیبۃ طوسی)

(غطہ بمعنی غیبۃ طوسی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۳۵) امامِ قائمؑ کی مدّتِ حکومت

فضل نے عبداللہ بن قاسم حضرمی سے، اُنھوں نے عبدالکریم بن عمرو خثعمی سے، اور خثعمی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے دریافت کیا کہ حضرت امام قائم علیہ السّلام کتنے عرصے تک حکومت کریں گے ؟

قالؑ: "سبع سنین یکون سبعین سنة من سنیکم هٰذه" (الارشاد)

آپؑ نے فرمایا: "سات سال (حکومت کریں گے) مگر یہ سات سال تم لوگوں کے ستّر سال کے برابر ہوں گے۔"

"شا بمعنی (ارشاد)"

(۳۶) آپؑ کا ظہور طاق سال ہی میں ہوگا

ابنِ محبوب نے علی بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے، اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قالؑ "لا یخرج القائمؑ الّا فی وتر من السنین سنة احدی او ثلاث او خمس او سبع او تسع" (الارشاد ص۲۴۱)

آپؑ نے فرمایا: "امام قائم علیہ السّلام کا ظہور طاق سالوں میں سے کسی سال میں ہی ہوگا جیسے، ایک، تین، پانچ، سات یا نو" (یعنی جو سال دو سے تقسیم نہ ہو)

(۳۷) ظہور کے بعد تمام ممالک کے شیعہ آپؑ کے پاس جوق در جوق جمع ہونگے

ابی سمینہ نے حضرت ابوالحسن علیہ السّلام کے غلام سے روایت بیان کی ہے اُن کا (غلام کا) بیان ہے کہ میں نے حضرت امام ابوالحسن علیہ السّلام سے قولِ خدا کے متعلق دریافت کیا: قولہ: "اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا" (سورۃ البقرۃ ۱۴۸)

(جہاں کہیں بھی تم ہوگے، تم کو اللہ یکجا جمع کردیگا)

قالؑ: "وذلك والله ان لو قد قام قائمنا یجمع الله الیه شیعتنا من جمیع البلدان" (شی = تفسیر عیاشی)

آپؑ نے فرمایا: "بخدا جب ہمارے قائمؑ ظہور کریں گے تو اللہ تعالیٰ ہمارے شیعوں کو تمام ممالک سے ان کے پاس جمع کردیگا۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۳۸) آپ کی حیات پر شک کیا جائیگا

عبدالواحد بن عبداللہ نے احمد بن محمد بن رباح سے، اُنھوں نے احمد بن علی حمیری سے انھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عبدالکریم بن عمرو اور محمد بن فضیل سے، اُنھوں نے حمّاد بن عبدالکریم جلّاب سے روایت نقل کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کے سامنے امام قائم علیہ السّلام کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا:

فقالؑ: "امّا اِنّہ لو قد قام لقال النّاس اَنّیٰ یکون ھٰذا وقد بلیت عظامہ مذ کذا وکذا" (نی = غیبۃ نعمانی)

پس آپؑ نے فرمایا کہ (امام قائمؑ کا) بلاشبہ جب ان کا ظہور ہوگا تو لوگ کہیں گے کہ بھلا یہ قائمؑ کہاں ہو سکتے ہیں، اُن کو تو پیدا ہوئے بھی ایک عرصہ گذر چکا ہے ابتک تو اُن کی ہڈّیاں بھی گل چکی ہوں گی۔"

(۳۹) اِمامِ قائمؑ ظہور کے بعد اِس آیتِ مندرجہ ذیل کی تلاوت فرمائیں گے

محمّد بن ہمام نے جعفر بن محمّد سے اُنھوں نے حسن بن (محمّد بن) سماعہ سے، اُنھوں نے حارث انماطی سے، اُنھوں مفضّل سے۔ (ابنِ عقدہ نے قاسم بن محمّد سے، اُنھوں نے عبیس بن ہشّام سے، اُنھوں نے ابنِ جبلہ سے، اُنھوں نے احمد بن نضر سے اور اُنھوں نے مفضّل سے روایت نقل کی ہے کہ:

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا کہ:

"اِنَّ لصاحب ھٰذا الامر غیبۃ یقول فیھا:

(الآیۃ) "فَفَرَرْتُ مِنْکُمْ لَمَّا خِفْتُکُمْ فَوَھَبَ لِیْ رَبِّیْ حُکْمًا وَّجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ" (غیبۃ نعمانی) (الشعراء آیت ۲۱)

(ترجمۂ روایت) "بیشک صاحب الامرؑ جب غیبت کے بعد ظہور فرمائیں گے تو اس آیت کی تلاوت فرمائیں:

(ترجمۂ آیت) "پس میں تم میں سے بھاگ نکلا جب میں تم سے ڈرتا تھا اور میرے پروردگار نے مجھے حکمت عطا فرمائی اور مجھے مرسلین میں سے قرار دیا۔" (ابن عقدہ) (غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ عبدالواحد بن عبداللہ نے احمد بن محمد بن رباح سے، اُنھوں نے احمد بن علی حمیری سے، اُنھوں نے حسن بن ایوب سے، اُنھوں نے عبدالکریم خثعمی سے، اُنھوں نے احمد بن حارث سے، اُنھوں نے مفضّل سے اور مفضّل سے حضرت ابوعبداللہؑ سے اور آپ نے اپنے پدرِ بزرگوار حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

(۴۰) ندائے آسمانی اور اعلان ابلیسی،

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے عمر بن عثمان سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عبداللہ بن سنان سے روایت کی ہے کہ عبداللہ کا بیان ہے کہ میں حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کی خدمت میں ایک مرتبہ موجود تھا کہ آپ سے ایک شخص نے عرض کیا کہ عوام الناس ہم پر طعنہ زنی کرتے ہیں کہ تم لوگوں کا اعتقاد ہے کہ تمھارے صاحب الامر کے نام کا اعلان ایک منادی آسمان سے کرے گا۔

یہ سنکر حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام جو تکیے کا سہارا لگائے ہوئے تھے سیدھے ہوکر بیٹھ گئے اور ارشاد فرمایا: اچھا؛ تو پھر تم لوگ اس روایت کو میری طرف سے مت بیان کرو، بلکہ میرے پدرِ بزرگوار کی طرف منسوب کرکے بیان کرو، اس میں تم پر کوئی حرج نہیں ہوگا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے اپنے پدرِ بزرگوار حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا: آپؑ نے فرمایا:

یقولؑ: "واللہ انّ ذٰلك فی کتاب اللہ عزّ وجلّ لبیّن حیث یقول:

"اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ"۔ (سورۃ ۲۶ شعراء آیت ۴)

فلا یبقیٰ فی الارض یومئذ احد الّا خضع وذلّت رقبته لها فیؤمن اهل الارض اذا سمعوا الصّوت من السّماء: "اَلَا اِنَّ الْحَقَّ فِیْ عَلِیٍّ بن ابی طالبؑ وشیعته" فاذا کان الغد صعد ابلیس فی الهواء حتّیٰ یتوارٰی عن اهل الارض ثمّ ینادی:

"اَلَا اِنَّ الحقّ فی عثمان بن عفّان وشیعته فانّه قُتل مظلومًا فاطلبوا بدمه"۔

قالؑ: فَيُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ عَلَى الْحَقِّ وهو نداء

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الاوّل و یرتاب یومئذ الذین فی قلوبھم مرض والمرض واللہ عداوتنا ، فعند ذالک یتبرّؤون منّا و یننا ولونا فیقولون " اِنَّ للمنادی الاوّل سحر من سحر اھل ھذا البیت" ثمّ تلا ابوعبد اللہ ثمّ تلا ابوعبداللہ علیہ السّلام قول اللہ عزّ وجلّ :

(الایۃ) " وَاِنْ یَّرَوْا اٰیَۃً یُّعْرِضُوْا وَیَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ " (القمر آیت ۲)

(غیبۃ نعمانی)

ترجمۂ روایت : " خدا کی قسم یہ بات (ندائے آسمانی) خدا کی کتاب میں صاف صاف، اللہ عزّوجلّ ترجمۂ آیت : ارشاد فرماتا ہے " اگر ہم چاہتے تو ہم اُن پر آسمان سے کوئی آیت نازل کرتے جس کے سامنے عاجزی کے ساتھ ان کی گردنیں جھک جائیں۔"

چنانچہ جس دن یہ (آسمانی ندا) ہوگی روئے زمین پر ہر شخص اطاعت قبول کرلیگا اور عاجزی کے ساتھ اپنی گردن جھکا دیگا اور جب اہلِ زمین آسمان کی اس آواز کو سنیں گے کہ : " آگاہ ہو حق علیؑ ابنِ ابیطالبؑ اور ان کے شیعوں میں ہے" تو ایمان لائیں گے۔ دوسرے دن ابلیس ہوا (فضا) میں بلند ہوگا اور اہلِ زمین کی نگاہوں سے چھپ کر یہ اعلان کریگا کہ " آگاہ ہو کہ حق عثمان بن عفّان اور ان کے شیعوں میں ہے وہ مظلوم قتل کیے گئے، اُن کے خون کا انتقام لو۔ پس وہ لوگ جو صاحبِ ایمان ہوں گے، پہلے ہی اعلان آسمانی پر ثابت قدم رہیں گے، مگر وہ لوگ کہ جن کے دلوں میں مرض ہوگا اور وہ مرض خدا کی قسم ہماری عداوت ہے، وہ شک میں پڑ جائیں گے اور ہم سے برأت کا اظہار کرنے لگیں گے، ہمیں بُرا کہنے لگیں گے کہ پہلا اعلان اس گھرانے والوں کا سحر و جادو ہے "

یہ فرما کر حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام نے اللہ عزّ وجلّ کے قول کی تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے : (ترجمۂ آیت) " اور اگر وہ لوگ کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو روگردانی کرتے ہیں اور کہنے لگتے ہیں کہ یہ تو مسلسل جادو ہے۔" (سورۂ قمر آیت ۲) (غیبۃ نعمانی)

★ ابنِ عقدہ نے محمّد بن مفضّل اور سعدان بن اسحاق اور احمد بن حسین (اور محمّد بن احمد قطوانی) سب نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عبداللہ بن سنان سے اسی کے مثل روایت بیان کی ہے۔ (غیبۃ نعمانی)

★ ابنِ عقدہ نے قاسم بن محمّد بن حسین بن حازم سے، اُنھوں نے عبیس بن ہشّام سے، اُنھوں نے ابنِ جبلہ سے، اُنھوں نے عبدالصمد بن بشیر سے اور اُنھوں نے کہا کہ امامؑ سے یہ سوال عمارہ ہمدانی نے کیا تھا[1]

[1] جو اوپر روایت میں مذکور ہوا ہے اس کے جواب میں حضرت ابوعبداللہؑ نے یہ روایت بیان فرمائی (غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۴۱) آسمانی ندا کا ذکر قرآن میں ہے

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے احمد بن عمر حلبی سے حلبی نے حسین بن موسیٰ سے، اُنھوں نے فضیل بن محمدؐ سے، اور فضیل نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قالؑ: "اَمَا (اِنَّ) النّداء الاوّل من السماءِ باسم القائمؑ فی کتاب اللہ لبیّن"

فقلتُ: این هو اصلحک اللہ؟ (الشعراء آیت ۱)

فقالؑ "فی "طٰسٓمٓ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبُ الْمُبِیْنِ" (القصص آیت ۱)

قولہٗ: "اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِیْنَ" (سورہ الشعراء آیت ۴)

قالؑ: "اِذا سمعوا الصّوت اَصبحوا وکانّما علیٰ رؤسهم الطیر"

ترجمۂ روایت "یقیناً آسمان سے امام قائمؑ کے نام کے اعلان کا ذکر تو قرآن مجید میں موجود ہے۔"

میں نے عرض کیا: "وہ ذکر کہاں ہے، اللہ آپ کا بھلا کرے؟

آپ نے فرمایا: "طٰسٓمٓ تلک اٰیٰت الکتٰب المبین" میں اس کا ذکر ہے

اور اس آیت میں بھی:-

ترجمۂ آیت "اگر ہم چاہتے تو آسمان سے اُن پر کوئی آیت نازل کرتے جس کے سامنے عاجزی سے اُن کی گردنیں خم ہو جاتیں۔" (الشعراء آیت ۴)

پھر فرمایا: "جب لوگ اس آواز کو سنیں گے تو ایسے دم بخود ہو جائیں گے جیسے اُن کے سروں کے اوپر طائر بیٹھے ہوئے ہیں۔" (غیبتہ نعمانی)

(۴۲) کتابِ جدید پر بیعت

ابنِ عقدہ نے احمد بن یوسف سے، اُنھوں نے اسماعیل بن مہران سے، اُنھوں نے (ابنِ) بطائنی سے اُنھوں نے (اپنے والد اور وہب سے) اُنھوں نے ابوبصر سے روایت کی ہے اور ابوبصیر نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے کہ

قالؑ: "اذا صعد العبّاسیؑ اعواد منبر مروان اُدرج ملک بنی العبّاس وقالؑ، قال لی ابیؑ: یعنی الباقر علیہ السلام: "لابُدَّ لنا من اذربیجان لایقوم

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لها شیٔ فاذا کان ذالك فکونوا احلاس بیوتکم (والبدوا ما البدنا) والنداء (وخسف) بالبیداء فاذا تحرّك متحرّك فاسعوا الیه ولو حبواً، واللہ لکانّی انظر الیه بین الرکن و المقام یبایع الناس علی کتاب جدید علی العرب شدید

وقال: ویل للعرب من شر قد اقترب۔" (غیبتہ نعمانی)

آپ نے فرمایا "جب مروان کے منبر کی سیڑھیوں پر عباسی چڑھیں تو عباس کے خاندان کی حکومت کا خاتمہ ہو جائے گا۔"

نیز فرمایا: میرے پدر بزرگوار یعنی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: "اور یہ بھی لازمی ہے کہ آذربیجان سے ہمارے لیے کوئی تحریک اُٹھے گی۔ جب ایسا ہوگا تو تم اپنے گھروں میں ہی بیٹھے رہنا جس طرح ہم خانہ نشین ہیں۔ آسمان سے ندا آئیگی اور بیابان میں زمین دھنس جائے گی، جب ظہور کرنے والا ظہور کرے تو تم فوراً اس کے پاس پہنچنے کی کوشش کرنا خواہ گھٹنوں کے بل ہی جانا پڑے۔ بخدا میں گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ جیسے وہ رُکن و مقام کے درمیان لوگوں سے کتابِ جدید پر بیعت لے رہا ہے۔ جو عرب کے لیے بہت گراں گذرے گا۔

"اور فرمایا: افسوس کہ عرب شر سے بہت قریب ہیں۔" (غیبتہ نعمانی)

(۴۳) ندائے آسمانی سُنکر لوگ بیعت کریں گے

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے محمد اور احمد سے (یعنی دونوں بھائیوں سے)، ان دونوں نے علی بن یعقوب سے، اُنھوں نے ہارون بن مسلم سے، اُنھوں نے عبید بن زرارہ سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"ینادی باسم القائم علیہ السلام فیؤتی وھو خلف المقام، فیقال له: قد نودی باسمك فما تنتظر؟ ثم یؤخذ بیده فیبایع۔"

"جسوقت (آسمان سے) امام قائم علیہ السلام کا نام پکارا جائے گا اسوقت آپ مقام (ابراہیمؑ) کے پیچھے ہونگے۔ ان سے کہا جائیگا کہ آپ کے نام کا اعلان تو ہو چکا ہے اب آپ کو کس بات کا انتظار ہے پھر آپکا ہاتھ پکڑ کر آپکی بیعت کی جائے گی" (غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۴۴) قبل از ظہور حتمی اُمور

وبہذا الاسناد: ہارون مسلم نے (ابو) خالد قمّاط سے، اُنھوں نے حمران بن اعین سے، اور حمران نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قالؑ: "من المحتوم الذی لابدّ ان یکون قبل قیام القائم خروج السفیانی وخسف بالبیداء وقتل النفس الزکیّۃ والمنادی من السماء"

آپ نے فرمایا: "وہ حتمی امور جو قیام قائم علیہ السّلام سے پہلے ظہور پذیر ہوں گے وہ سفیانی کا خروج، بیابان کا زمین میں دھنس جانا، قتلِ نفسِ زکیّہ اور ندائے آسمان ہے۔"

(غیبۃ نعمانی)

(۴۵) شیطان بھی اعلان کرے گا

ابن عقدہ نے احمد بن یوسف بن یعقوب سے، اُنھوں نے اسماعیل بن مہران سے، اُنھوں نے حسن بن علی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے اور وہب بن حفص سے، اُنھوں ناجیہ عطّار سے اور اُنھوں نے کہا کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا

قالؑ "اِنَّ المنادی ینادی: اَنَّ المہدیَّ فُلان بن فُلان باسمہ واسم اَبیہ، فینادی الشیطان اِنَّ فُلانًا وشیعتہ علی الحقِّ، یعنی رجلاً من بنی اُمیّۃ"

(غیبۃ نعمانی)

آپؑ نے فرمایا: "بلاشبہ (آسمان سے) ندا آئے گی کہ فُلان بن فُلان (امام) مہدی ہیں۔ اور ادھر شیطان، بنی اُمیّہ میں سے ایک شخص کے لیے اعلان کریگا کہ فُلان اور اُس کے شیعہ حق پر ہیں۔"

(غیبۃ نعمانی)

(۴۶) علیؑ اور اُن کے شیعہ کامیاب ہیں: نِدا:

ابن عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے عبّاس بن عامر سے، اُنھوں نے ابن بُکیر سے، اُنھوں نے زُرارہ سے اور زرارہ نے بیان کیا کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: "ینادی منادٍ من السماء اِنَّ فُلانًا ھو امیر، وینادی منادٍ اِنَّ عَلِیًّا وَّ شیعتہ (ھم) الفائزون"

(غیبۃ نعمانی)

قلتُ: فمن یقاتل المہدیَّ بعد ھٰذا؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فقالؑ: اِنَّ الشّیطان ینادی: "اِنَّ فُلانًا وشیعتہ (ھم) الفائزون لرجل من بنی اُمیّۃ"

قلتُ: فمن یعرف الصادق من الکاذب؟

قالؑ: یعرفہ الّذین کانوا یروون ویقولون اِنّہٗ یکون قبل اَن یکون ویعلمون انّہم ھم المحقّون الصّادقون"

آپؑ نے فرمایا "وہ آسمان سے ایک منادی ندا دیگا کہ آگاہ رہو "فُلان امیر ہے اور ایک منادی ندا کرے گا کہ علیؑ اور ان کے شیعہ ہی کامیاب ہیں۔"

میں نے عرض کیا: پھر اس اعلان کے بعد امام مہدی علیہ السّلام سے جنگ کون کرے گا؟

آپؑ نے فرمایا: مگر اس (اعلان) کے بعد شیطان، بنی اُمیّہ کے ایک شخص کے لیے اعلان کریگا کہ "آگاہ رہو، فُلان اور اس کے شیعہ کامیاب ہیں۔"

میں نے عرض کیا: پھر پتہ کیسے چلے گا کہ سچّا کون ہے اور جھوٹا کون ہے؟

آپؑ نے فرمایا: اس ندا کے ہونے سے پہلے لوگ اس کی روایت کرتے چلے آرہے ہیں (اس طرح کے دو اعلان ہوں گے) ان کو علم ہو جائے گا کہ ان میں کون سچّا ہے"۔

(غیبتہ نعمانی)

(۴۷) تو پھر امام مہدیؑ سے جنگ کون کریگا؟

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے (حسن بن علی بن یوسف سے) اُنھوں نے مثنیٰ سے، اُنھوں نے زرارہ سے اور اُنھوں نے کہا کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا: خدا آپ کو سلامت رکھے، مجھے تعجّب ہے جب بیابان میں لشکر کا دھنس جانا، آسمان سے ندا، جیسی علامات کو دیکھ لیں گے تو پھر امام قائمؑ سے ان تمام باتوں کے باوجود کون جنگ کرے گا؟

فقالؑ: "اِنَّ الشیطان لا یدعھم حتّیٰ ینادی کما نادی برسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم یوم العقبۃ" (غیبتہ نعمانی)

پس آپؑ نے فرمایا: "وہ شیطان کب چھوڑ دے گا وہ بھی تو اعلان کریگا جس طرح اس نے یومِ عقبہ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے برخلاف اعلان کیا تھا۔"

(۴۸) سچّا اعلان کونسا ہوگا؟ اعتراض

ابن عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے محمّد بن عبداللہ سے، اُنھوں نے ابن ابوعمیر سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے ہشّام بن سالم سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا کہ اسحاق کا بھائی حریری ہم لوگوں پر اعتراض کرتا اور کہتا ہے کہ تم لوگ اس بات کے قائل ہو کہ اُس وقت دو طرح کا اعلان ہوگا، پھر کیسے پتہ چلے گا کہ سچّا کون ہے اور جھوٹا کون ؟

فقالؑ: "قولوا له : اِنَّ الّذی اخبرنا بذٰلك وانت تنكر اَنَّ هٰذا یكون هو الصّادق "

(غیبتہ نعمانی)

آپؑ نے فرمایا: "اُس سے کہو کہ تم لوگ تو اعلان کے منکر ہو، مگر جن لوگوں نے اس کی خبر دی ہے کہ وہ اعلان ہوگا تو اسی سے پتہ چل جائے گا کہ یہ خبر دینے والا سچّا ہے۔"

(۴۹) اعلانات کے اوقات

ان ہی اسناد کے ساتھ ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ حضرت امام ابوعبداللہ علیہ السّلام نے فرمایا:

"هما صیحتان : صیحة فی اوّل اللیل وصیحة فی اٰخر اللیلة الثانیة۔"

قال فقلت : كیف ذٰلك ؟

فقالؑ: واحدة من السماء وواحدة من ابلیس۔

فقلتُ: كیف تعرف هٰذه من هذه ؟

فقالؑ: یعرفها من كان سمع بها قبل ان تكون ۔"

آپؑ نے فرمایا "اُس وقت دو اعلان ہوں گے، ایک اعلان اوّلِ شب میں اور دوسرا اعلان آخرِ شب میں ہوگا۔"

اس نے کہا، میں نے پوچھا: یہ اعلان کیسے ہوگا ؟

فرمایا : پہلا اعلان آسمان سے ہوگا اور دوسرا اعلان ابلیس کرے گا

میں نے عرض کیا: پھر ان دونوں میں کیسے پتہ چلے گا کہ یہ اعلان کس کا ہے ؟

فرمایا: وہ شخص جس نے پہلے ہی سے سنا ہوا ہے (کہ اسطرح کے دو اعلان ہوں گے پہلا حق دوسرا باطل) تو اُس کو علم ہو جائے گا وہ اسے پہچان لیگا کہ پہلا اعلان کونسا ہے۔"

(غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۵۰ اعلانِ حق سے کون متعارف ہوگا

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن خالد سے اُنھوں نے ثعلبہ بن میمون سے، اُنھوں نے عبدالرّحمٰن بن مسلمہ سے روایت کی ہے اور عبدالرّحمٰن نے بیان کیا کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا کہ ہم پر لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ جب دو طرح کے اعلان ہوں گے تو کیسے پتہ چلے گا کہ حق کون سا اور باطل کونسا ہے؟

آپ نے فرمایا: پھر تم لوگوں نے اس اعتراض کا کیا جواب دیا؟

میں نے عرض کیا: ہم اس کا کوئی جواب نہ دے سکے۔

فقال: قولوا لهم: يصدّق بها اذا كانت من كان مؤمنًا بها قبل ان تكون قال الله عزّ وجلّ:

الآیت: "اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝" (سورہ یونس آیت ۳۵)

آپ نے فرمایا: "ان لوگوں کو یہ جواب دو: اس اعلان کے ہونے سے پہلے جو شخص اس پر ایمان رکھتا ہے وہی حق و باطل میں فرق سمجھ لے گا۔ چنانچہ اللہ عزّوجلّ کا ارشاد ہے:

ترجمۂ آیت: "پس کیا وہ شخص جو حق کی طرف ہدایت کرتا ہے اِس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ اُس کی پیروی کی جائے یا وہ شخص جو ہدایت نہیں کرسکتا بلکہ ہدایت کیا جاتا ہے؟ پھر تمھیں کیا ہوگیا ہے کیسا حکم لگاتے ہو؟" (یونس ۳۵ پ ۱۱)

۵۱ ندائے آسمانی امامِ زمانہؑ کے نام سے ہوگی

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی کی کتاب جو "رجب" کے حوالے سے، اُنھوں نے محمّد بن عمر بن یزید اور محمّد بن ولید بن خالد خزّاز سے، اُنھوں نے حمّاد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن سنان سے روایت کی ہے، عبداللہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا:

يقولؑ: "اِنَّهٗ ينادى باسم صاحب هٰذا الامر منادٍ من السماء: اَلْاَمْرُ لِفُلان بن فُلان فَقِيْمَ القتال"

آپ نے فرمایا: بیشک صاحب الامرؑ کے نام کے ساتھ ایک منادی آسمان سے ندا دیگا کہ فُلان بن فُلان صاحب الامر ہیں پس کس لیے جنگ کرتے ہیں" (غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۵۲ خبردار ہوجاؤ... جنگ کیوں کرتے ہو

ابوسلیمان نے احمد بن ہودہ باہلی سے، اُنھوں نے ابراہیم بن اسحاق بنہاوند (سنہ ۲۷۳ھ میں) سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد انصاری سے، اُنھوں نے ماہِ رمضان سنہ ۲۲۹ھ میں عبداللہ بن سنان سے بہ روایت کی اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے سنا کہ آپ نے فرمایا:

یقول: "لایکون ھذا الامر الّذی تمدّون اعینکم الیہ حتّیٰ ینادی منادٍ من السماء: اَلَا اِنَّ فُلانًا صاحب الامر فعلام القتال؟"

آپ نے فرمایا: "وہ امر جس کی طرف تم لوگ اپنی نگاہیں مرکوز کیے ہوتے ہو وہ اسوقت تک ظاہر نہ ہوگا جبتک کہ ایک منادی آسمان سے یہ ندا نہ کرے گا کہ "آگاہ ہوجاؤ کہ فُلان صاحب الامر ہے، پھر جنگ کیوں کرتے ہو؟" (غیبتہ نعمانی)

۵۳ لوگ بھاگ کر حرم میں پناہ لیں گے

ابنِ عقدہ نے محمّد بن مفضّل اور سعدان بن اسحاق اور احمد بن حسین اور محمّد بن احمد سب سے، اُنھوں نے حسن بن محبوب سے، اُنھوں نے عبداللہ بن سنان سے روایت کی ہے عبداللہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقول: "یشتمل الناس موت وقتل حتّیٰ یلجأ الناس عند ذالک الی الحرم: فینادی منادٍ صادق من شدّۃ القتل والقتال؟ صاحبکم فُلان"

آپ نے فرمایا: "اس وقت لوگ موت اور قتل اور جنگ میں مبتلا ہوں گے اور بھاگ کر حرم میں پناہ لیں گے تو ایک سچّا منادی ندا کرے گا کہ یہ قتل وقتال کیوں کرتے ہو، تمہارا صاحب الامر فُلان ہے۔" (غیبتہ نعمانی)

۵۴ لَیَسْتَخْلِفَنَّھُمْ فِی الْاَرْضِ کی تفسیر

محمّد بن ہمام نے فزاری سے، اُنھوں نے اشعری سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے اُنھوں یونس بن ظبیان سے اور یونس نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ: قال: "اذا کان لیلۃ الجمعۃ اھبط الرّبّ تبارک وتعالیٰ ملکًا الی السماء الدّنیا، فاذا طلع الفجر نصب لِمُحَمّدٍ وعلیٍّ والحسنؑ والحسینؑ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

منابر من نور عند البیت المعمور ، فیصعدون علیہا ویجمع لہم الملائکۃ والنبیّین والمؤمنین ویفتح ابواب السماء فاذا زالت الشمس قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم " یا ربِّ میعادک الّذی وعدت فی کتابک وہو ہٰذہ الآیۃ :"

" وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّہُمْ فِی الْاَرْضِ کَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِہِمْ " (سورۃ النور آیت ۵۵)

ویقول الملائکۃ والنبیّون مثل ذالک ثمّ یخرّ محمّدؐ وعلیؑ والحسنؑ والحسینؑ سُجّدًا ثم یقولون "یاربِّ اغضب فانّہ قد ہتک حریمک وقتل اصفیاؤک واُذلّ عبادک الصالحون ؛" فیفعل اللہ ما یشاء وذالک وقت معلوم۔" (غیبتہ نعمانی)

ترجمۂ روایت : "آپؐ نے فرمایا کہ شبِ جمعہ میں اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کو آسمانِ دنیا پر اُتارے گا اور طلوعِ فجر کے وقت حضرت محمدؐ وعلیؑ وحسنؑ وحسینؑ کے لیے چند نوری منبر بیتِ معمور کے قریب نصب کیے جائیں گے اور یہ حضرات اُن پر بیٹھیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کے لیے ملائکہ، انبیاءؑ اور مومنین کا مجمع فراہم کرے گا اور آسمان کے دروازے کھول دے گا، پھر زوالِ آفتاب کے وقت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم عرض کریں گے کہ پروردگارا ! وہ وعدہ جو تو نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے کہ :

ترجمۂ آیت : " اللہ نے تم میں سے اُن لوگوں سے جو کہ ایمان لائے اور اعمالِ صالح بجالائے وعدہ کیا ہے کہ وہ بالضرور اُن کو زمین میں خلیفہ بنائے گا جس طرح کہ اُن سے قبل والوں کو اُس نے خلیفہ بنایا تھا ۔" (نور ۵۵)

اب اس وعدے کو پورا کرنے کا وقت آگیا، اور یہی بات (آنحضرتؐ کی تصدیق میں) تمام انبیاء اور ملائکہ بھی کہیں گے ۔ اس کے بعد حضرت محمدؐ وعلیؑ وحسنؑ وحسینؑ سجدے میں چلے جائیں گے اور اس کے بعد عرض کریں گے کہ پروردگارا ! ان لوگوں نے بڑی ہتک حرمت کی ہے تیرے منتخب بندوں کو قتل کیا ہے، تیرے صالح بندوں کو ذلیل کیا ہے، ان پر غضب نازل فرما۔ تو اللہ تعالیٰ اس وقتِ معلوم پر جو چاہے گا کرے گا۔" (غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۵۵) امامؑ کا نام لیکر ندا ہوگی

احمد بن ہوذہ نے ابراہیم بن اسحاق سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا کہ:

قال: "ینادی باسم القائمؑ یا فُلان بن فُلان۔" (قُم) فی المصدر ص۱۴۸)

آپؑ نے فرمایا: "(ندائے آسمانی میں) امام قائمؑ کا نام پکارا جائے گا کہ اے فلان بن فلان" (غیبۃ نعمانی اور المصدر میں (قُم) کا اضافہ ہے۔ یعنی اے فلان بن فلان کھڑے ہوجاؤ)

(۵۶) ظہور بروز عاشور

ان ہی اسناد کے ساتھ ابوبصیر سے روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: "یقوم القائمؑ یوم عاشوراء" (غیبۃ نعمانی)

"امام قائمؑ یومِ عاشوراء ظہور فرمائیں گے"

(۵۷) علامتِ ظہور، شام میں فتنہ برپا ہوگا

ابنِ عقدہ نے محمّد بن مفضّل اور سعدان بن اسحاق اور احمد بن حسین بن عبدالملک اور محمّد بن احمد سب سے، اُنھوں نے یعقوب بن سرّاج سے، اُنھوں نے جابر سے، اور جابر نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ ایکمرتبہ آپ نے مجھ سے فرمایا:

"یا جابر! لا یظہر القائمؑ حتّی یشمل الشّام فتنۃ یطلبون المخرج منہا فلا یجدونہ ویکون قتل بین الکوفۃ والحیرۃ قتلوہم علیٰ سواء وینادی مناد من السّماء" (غیبۃ نعمانی)

"اے جابر! امام قائمؑ اس وقت تک ظہور نہ کریں گے جبتک کہ شام میں ایک فتنہ برپا نہ ہوجائے، جس سے لوگ نکل بھاگنے کی کوشش کریں گے مگر انھیں کوئی راہِ فرار نہ ملے گی۔ اور کوفہ و حیرہ کے درمیان زبردست خونریزی ہوگی اور آسمان سے ایک منادی ندا دے گا۔" (غیبۃ نعمانی)

(غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۵۸) دمشق سے ایک آواز

ان ہی اسناد کے ساتھ ابنِ محبوب نے علاء سے، علاء نے محمدؑ سے، محمدؑ نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ؑ: "توقّعوا الصّوت یأتیکم بغتۃ من قبل دمشق فیہ لکم فرج عظیم"

آپؑ نے فرمایا "اُمید رکھو کہ دمشق کی جانب سے ایک آواز اچانک بلند ہوگی جس میں تمھارے لیے بڑی فرج وکشادگی ہوگی۔" (غیبتہ نعمانی)

(۵۹) مدّتِ حکومتِ امام قائمؑ

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے حسن بن علیؑ بن یوسف سے اُنھوں نے اپنے والد اور محمدؑ بن علی سے اور اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے احمد بن عمر حلبی سے، اُنھوں نے حمزہ بن حمران سے، اُنھوں نے ابنِ ابویعفور سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "ملک القائم تسع عشرۃ سنۃ واشہر"

آپؑ نے فرمایا: "امام قائمؑ کی حکومت انیس۱۹ سال چند ماہ رہے گی۔" (غیبتہ نعمانی)

(۶۰) مدّتِ حکومتِ امام قائمؑ

ابوسلیمان بن ہوذہ نے نہاوندی سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد انصاری اُنھوں نے ابنِ ابویعفور سے، اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "ملک القائمؑ منّا تسع عشرۃ سنۃ واشہر"

"ہم میں سے امام قائمؑ انیس سال اور چند ماہ حکومت کریں گے"

(۶۱) مدّتِ حکومتِ امام قائمؑ

ابنِ عقدہ نے محمد بن مفضّل بن ابراہیم اور سعدان بن اسحاق ابنِ سعید اور احمد بن حسین بن عبدالملک اور محمد بن احمد بن حسین سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عمرو بن ثابت سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور اُنھوں نے جابر بن یزید جعفی اور جابر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر بن علی علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ:

قال ؑ: "وَاللہ لیملکنَّ رجل منّا اھل البیت ثلاث مائۃ سنۃ ویزداد تسعًا"

قالَ فقلتُ له: متیٰ یکون ذٰلك ؟

قال ؑ: "بعد موت القائمؑ" قُلتُ له: وکم یقوم القائمؑ فی عالمه حتّی یموت ؟

قال ؑ: "تسع عشرۃ سنۃ من یوم قیامه الی یوم موته" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ:۔ "بخدا ہم اہلِ بیت میں سے ایک مرد تین سو سال تک حکومت کرے گا لیکن اس میں نو سال کا اور اضافہ کر دیا جائے گا۔" [1]

اُس نے کہا کہ میں نے عرض کیا: یہ کب ہوگا ؟

آپ نے فرمایا: امام قائم علیہ السلام کی موت (رحلت) کے بعد۔

میں نے آپ سے عرض کیا: امام قائم علیہ السلام کتنے عرصے تک حکومت کر کے وفات پائیں گے ؟

آپ ؑ نے فرمایا: اُن کے قیام و ظہور سے اُن کی وفات و موت تک اُنیس ۱۹ سال کا عرصہ ہوگا۔" [1] (غیبۃ نعمانی)

(۶۲) مدّتِ حکومتِ امام قائمؑ

علی بن احمد نے عبید اللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے بعض اپنے آدمیوں سے، اُنھوں نے احمد بن حسن سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے احمد بن عمر بن سعید سے، اُنھوں نے حمزہ بن حمران سے، اُنھوں نے ابنِ ابویعفور سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت بیان کی ہے کہ:

قال ؑ: "اِنَّ القائمَ یملك تسع عشرۃ سنۃ واشھرًا" (غیبۃ نعمانی ص ۱۸۰)

آپ ؑ نے فرمایا: "حضرت امام قائم ؑ انیس ۱۹ سال اور چند ماہ حکومت کریں گے"

(۶۳) امام قائمؑ حجرِ اسود کے پاس کھڑے ہونگے

محمد بن یحییٰ وغیرہ نے محمد بن احمد سے، اُنھوں نے موسیٰ بن عمر سے، اُنھوں نے محمد بن سنان سے، اُنھوں نے ابوسعید قمّاط سے، اُنھوں نے بکیر بن اعین سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ ایکمرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ حجرِ اسود

[1] ممکن ہے اس روایت میں راوی کو تسامح ہو گیا ہو اور امامؑ کے الفاظ نہ سمجھ سکا ہو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

خانۂ کعبہ کے جس رُکن پر رکھا ہوا ہے، یہ یہاں کیوں رکھا گیا ہے کسی دوسری جگہ کیوں نہیں رکھ دیا گیا؟

قال ؑ: "اِنَّ اللہ تعالیٰ وضع الحجر الاسود، وھی جوھرۃ اُخرجت من الجنّۃ الیٰ آدمؑ فوضعت فی ذالک الرُّکن لعلّۃ المیثاق و ذالک اَنّہ لما اَخذ من بنی آدم من ظھورھم ذرّیّتھم حین اخذ اللہ علیھم المیثاق فی ذالک المکان و فی ذالک المکان تراءی لھم و من ذالک المکان یھبط الطیر علی القائم علیہ السّلام فاوّل من یبایعہ ذالک الطیر و ھو واللہ جبرئیل والی ذالک المکان یسند القائمؑ ظھرہ، وھو الحجّۃ والدّلیل علی القائمؑ۔"

ترجمہ:۔ آپؑ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے اس کو یہاں پر رکھا ہے۔ دراصل یہ ایک ایسا پتھر ہے جسکو اللہ تعالیٰ نے جنّت سے حضرت آدمؑ کے پاس بھیجا تھا اور میثاق کی وجہ سے اس رُکن کے پاس رکھ دیا گیا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جب بنی آدم سے جبکہ وہ ابھی صُلبوں میں تھے، عہد و میثاق لیا تو اسی مقام پر لیا گیا اور اسی مقام پر حضرت امام قائمؑ کے لیے ایک طائر اُترے گا اور سب سے پہلے وہ طائر آپ کی بیعت کرے گا، اور وہ بخدا جبرئیلؑ امین ہوں گے اور اسی مقام پر امام قائمؑ اپنی پشت ٹیکے ہوئے کھڑے ہوں گے اور یہ امام قائمؑ کے لیے حجّت اور دلیل ہے۔" (کافی جلد ۴ صفحہ ۱۸۴)

(۶۴) اعلانِ حق کی پہچان

ابو علی اشعری نے محمّد بن عبدالجبّار سے، اُنھوں نے ابنِ فضّال اور حجّال دونوں سے، اُنھوں نے ثعلبہ سے، اُنھوں نے عبدالرّحمان بن مسلم جریری سے اور اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا کہ ہم لوگوں کو جھٹلایا جاتا ہے اس بات پر کہ اُس وقت دعوٰی صحیحہ (اعلان) ہوں گے، لوگ کہتے ہیں کہ تم یہ کیسے پہچانو گے کہ حق کا اعلان کونسا ہے اور باطل کا اعلان کونسا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: پھر تم نے اُن لوگوں جواب کیا دیا؟

میں نے عرض کیا: ہم تو کوئی جواب نہ دے سکے۔

قالؑ: "قولوا: یصدّق بھا اذا کانت من کان یؤمن بھا من قبل: اِنّ اللہ یقول ﴿ اَفَمَنْ یَّھْدِیْٓ اِلَی الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا یَھِدِّیْٓ اِلَّآ اَنْ یُّھْدٰی فَمَا لَکُمْ کَیْفَ تَحْکُمُوْنَ ﴾[1]

(غیبتِ نعمانی)

[1] = سورۂ یونس ۳۵

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ ابنِ عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن خالد سے اُنھوں نے ثعلبہ سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (غیبۃ نعمانی)

★ کافی میں ابوعلی اشعری نے محمّد سے، اُنھوں نے ابنِ فضّال اور حجّال سے، اُنھوں نے داؤد بن فرقد سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (کافی)

(۶۵) ندائے آسمانی، ابودوانیق کی روایت

کافی میں، علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ ابی نجران وغیرہ سے، اُنھوں نے اسمٰعیل بن صباح سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک شیخ کو ذکر کرتے ہوئے سُنا کہ مجھ سے سیف بن عمیرہ نے بیان کیا کہ ایکمرتبہ میں ابودوانیق[1] کے ہمراہ تھا اُس نے ازخود مجھے مخاطب کرکے کہا کہ:

"یاسیف بن عمیرۃ لابدّ من منادینادی باسم رجل من وُلد ابیطالبؑ (قلتُ: یرویہ اَحد من الناس؟ قال: والّذی نفسی بیدہ لسمعتُ اُذنی منہ یقول: لابُدّ من منادینادی باسم رجل)

قلتُ: یا امیرالمؤمنین! اِنّ ھٰذا الحدیث ما سمعت بمثلہ قطّ؟

فقال لی: یاسیف! اِذا کان ذٰلک فنحن اوّل من یجیبہ امّا اِنّہ اَحد بنی عمّنا؛ قلت: اَیُّ بنی عمّکم؟ قال: رجل من وُلد فاطمۃ۔ ثمّ قال: یاسیف! لولا اَنّی سمعت اباجعفر محمّد بن علیؑ یقولہ ثمّ حدّثنی بہ اھل الارض ما قبلتہ منھم ولکنّہ ھو محمّد بن علیؑ" (کافی)

ترجمہ: "اے سیف بن عمیرہ! یہ لازمی امر ہے کہ اولادِ ابوطالبؑ میں سے ایک شخص (کی حکومت کے لیے آسمان سے) ایک منادی ندا کریگا۔

میں نے کہا: کیا راویوں میں سے کسی نے اِس قسم کی کوئی روایت بیان کی ہے؟

اُس نے کہا: اُس ذات کی قسم جسکے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے میں نے اپنے اِن کانوں سے اُن کو کہتے ہوئے سنا کہ ایک مرد کے نام سے (آسمان سے) ندا آئے گی۔

میں نے عرض کیا: یاامیرالمؤمنین! یہ حدیث یا اسی قسم کی کوئی حدیث تو میں نے کبھی نہیں سنی۔

پس اُس نے مجھ سے کہا: اے سیف! جب یہ ندا ہوگی تو میں سب سے پہلے اس پر لبّیک کہوں گا، مگر صرف یہ ہے کہ وہ میرے چچا کی اولاد میں سے ہوگا۔

[1] ابوجعفر منصور دوانیقی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا: آپ کے کونسے چچا کی اولاد میں سے ہوگا ؟
اُس نے کہا: وہ ندا اولادِ فاطمہؑ میں سے ایک مرد کے لیے آئے گی (پھر کہا) اے سیف!
"اگر میں خود حضرت ابوجعفر امام محمد باقر بن علیؑ علیہ السلام کو بیان کرتے ہوئے
نہ سُنتا تو روئے زمین پر اگر کوئی بھی کہتا تو میں اس کو باور نہ کرتا، مگر یہ حدیث
تو محمدؑ (باقر) بن علیؑ سے سنی ہے۔" (کافی)

(۶۶) امامِ زمانہؑ کے پاس تبرکاتِ رسولؐ ہونگے

محمد بن یحییٰ نے احمد بن محمدؐ سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے یعقوب سرّاج سے اور اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ (فرزندِ رسولؐ!) آپؑ کے شیعوں کو فرج و کشادگی کب نصیب ہوگی ؟

فقال ؑ: "اذا اختلف وُلد العبّاس و وهى سلطانهم وطمع فيهم (من لم يكن يطمع فيهم) وخلعت العرب اعنّتها ورفع كلّ ذى صيصية صيصية وظهر الشّامىّ واقبل اليمانىّ وتحرّك الحسنىّ وخرج صاحب هٰذا الامر من المدينة الى مكّة بتراث رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم۔

فقلتُ: ما تراث رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم ؟

قالؑ: سيف رسول اللهؐ ودرعه وعمامته وبرده وقضيبه ورايته ولأمته وسرجه حتّى ينزل مكّة فيخرج السيف من غمده ويلبس الدّرع وينشر الرّاية والبردة والعمامة ويتناول القضيب بيده ويستأذن الله فى ظهوره فيطّلع على ذٰلك بعض مواليه فيأتى الحسنىّ فيخبره الخبر فيبتدر الحسنىّ الى الخروج فيثب عليه اهل مكّة فيقتلونه ويبعثون برأسه الى الشام۔

فيظهر عند ذٰلك صاحب هٰذا الامر فيبايعه النّاس ويتّبعونه ويبعث الشّامىّ عند ذٰلك جيشًا الى المدينة فيهلكهم الله عزّوجلّ دونها ويهرب يومئذ من كان بالمدينة من وُلد علىّ عليه السّلام الى مكّة فيلحقون بصاحب

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

هٰذا الامر و یقبل صاحب هٰذا الامر نحو العراق و یبعث جیشاً الی المدینة فیأمن اَهلها و یرجعون الیها ۔" (کافی)

ترجمہ: "آپؑ نے فرمایا:"

"جب اولاد عبّاس کے درمیان سلطنت کے لیے اختلاف ہوگا اور ایسے لوگ بھی سلطنت کی طمع کریں گے جنھیں سلطنت کا خیال بھی نہ آیا ہوگا۔ عرب والوں کے ہاتھ سے عنانِ سلطنت جاتی رہے گی اور ایک شخص اس پر اپنا پنجہ مارے گا ایک شامی خروج کرے گا اور یمانی پیشقدمی کرے گا، ایک مرد حسنی حرکت میں آجائے گا، پھر حضرت صاحب الامر کا ظہور ہوگا۔ وہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے تمام تبرّکات لیے ہوئے مدینہ سے مکّہ تشریف لائیں گے۔

میں نے عرض کیا: (فرزندِ رسولؐ!) رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے تبرّکات کیا ہوں گے۔؟

آپؑ نے فرمایا: آنحضرتؐ کی سیف، زرہ، عمامہ، ردا، عصا، پرچم، زرہ مخصوص اور زین۔ آپ جب مکّہ پہونچیں گے تو تلوار، سیف کو نیام سے نکال لیں گے، زرہ کو زیب جسم فرمائیں گے، رایت کا پھریرا کھولدیں گے، ردا دوش پر ڈالیں گے اور عمامہ سرِ اقدس پر رکھیں گے، ہاتھ میں عصا لیں گے پھر اللہ تعالیٰ سے ظہور کی اجازت طلب کریں گے، اسکی اطّلاع آپ کے کسی موالی و محب کو ہوجائے گی تو وہ ایک مرد حسنی کے پاس جائے گا اور اُسے خبر دے گا (کہ ظہور کا حکم ہوچکا ہے) یہ سنکر وہ حسنی جلدی سے خروج کریگا تو اہلِ مکّہ اس پر جھپٹ پڑیں گے اور اسے قتل کرکے اُسکا سر کاٹ کر شام بھیج دیں گے۔

اُس وقت صاحب الامر ظہور کریں گے اور لوگ اُن کی بیعت کریں گے۔

یہ خبر سنکر شامی اپنی ایک فوج مدینہ بھیجے گا، مگر مدینہ پہونچنے سے قبل ہی اللہ اس فوج کو ہلاک کردے گا۔ اس وقت اولادِ علیؑ میں سے جتنے لوگ مدینہ میں ہوں گے وہ مکّہ چلے جائیں گے اور صاحب الامر سے وابستہ ہوجائینگے پھر صاحب الامر وہاں سے عراق جائیں گے اور وہاں سے ایک فوج مدینہ والوں کی حفاظت کے لیے روانہ کریں گے، وہ فوج اہلِ مدینہ کو امن و پناہ دے گی شہر چھوڑ کر چلے جانے والے واپس مدینہ پہونچ جائیں گے۔" "

(کافی)

غیبتہ نعمانی میں اسناد کے ساتھ ابنِ محبوب سے بھی اسی کے مثل روایت ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۶۷) حضرت زید بن علیؑ کے لیے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

"کافی" میں علی نے اپنے والد سے انھوں نے صفوان بن یحییٰ سے، انھوں نے عیص بن قاسم سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا: تم لوگ خدائے واحد لاشریک سے ڈرو اور اپنے نفسوں پر نگاہ رکھو۔

ثم قالؑ " فواللہ اِنّ الرجل لیکون لہ الغنم فیہا الرّاعی فاذا وجد رجلا ھو اعلم بغنمہ من الذی ھو فیہا یخرجہ ویجیٔ بذالک الّذی ھو اعلم بغنمہ من الّذی کان فیہا۔

ثم قالؑ: واللہ لو کانت لاحدکم نفسان یقاتل بواحدۃ یجرّب بہا ثمّ کانت الاُخریٰ باقیۃ فعمل علی ما قد استبان لہا ولکن لہ نفس واحدۃ اذا ذھبت فقد واللہ ذھبت التوبۃ فانتم احقّ اَن تختاروا لانفسکم ان اَتاکم اٰت منّا فانظروا علیٰ اَیّ شیٔ تخرجون ؟ ولا تقولوا خرج زید، فاِنّ زیدًا کان عالمًا وکان صدوقًا ولم یدعکم اِلیٰ نفسہ اِنّما دعاکم الی الرِّضیٰ من اٰل محمّدؐ ولو ظھر لوَفی بما دعاکم اِلیہ اِنّما خرج الیٰ سلطان مجتمع لینقضہ۔

فالخارج منّا الیوم الیٰ ایّ شیٔ یدعوکم ؟ الی الرِّضیٰ من آل محمّدؐ ؟ فنحن نشھدکم انّا لسنا نرضیٰ بہ وھو یعصینا الیوم ولیس معہ اَحد وھو اذا کانت الرایات والاَلویۃ اَجدر ان لا یسمع منا اِلّا (مع) من اجتمعت بنو فاطمۃ معہ فواللہ ما صاحبکم اِلّا من اجتمعوا علیہ، اذا کان رجب فاقبلوا علی اسم اللہ عزّوجلّ واِن اَحببتم ان تتاَخّروا الیٰ شعبان فلا ضیر، واِن اَحببتم اَن تصوموا فی اھالیکم فلعلّ ذالک ان یکون اَقویٰ لکم وکفاکم بالسفیانیّ علامۃ "

(کافی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ: "خدا کی قسم اگر تم میں سے کسی کے پاس دو نفس ہوتے تو وہ ایک نفس سے مقاتلہ کرتا اور تجربہ حاصل کرتا (کہ قتل کے بعد کیا ہوتا ہے) اور دوسرا نفس رکھتا اور اپنے تجربے کے مطابق عمل کرتا، لیکن نفس تو ایک ہی ہے اگر وہی چلا گیا تو پھر توبہ کا موقع بھی ہاتھ سے گیا۔ لہٰذا تم لوگ زیادہ حقدار ہو اس امر میں کہ اپنے نفس کے لیے کونسا کام پسند کرتے ہو، اور اگر ہم میں سے کوئی مرد خروج کرتا ہے تو دیکھو اور سوچ لو کہ تم لوگ کس بات پر خروج کر رہے ہو۔؟ اور تم یہ مت کہو کہ زیدؑ نے خروج کیا تھا اس لیے کہ زیدؑ عالم تھے، صاحبِ صدق وصفا تھے اُنھوں نے اپنے نفس کے لیے کسی کو دعوت نہیں دی تھی بلکہ اُنھوں نے تو تم لوگوں کو آلِ محمدؐ کی رضا کی طرف دعوت دی تھی۔

اب آج جو ہم میں سے ایک شخص[1] جو خروج کر رہا ہے بتاؤ کہ وہ کس بات کی طرف دعوت دے رہا ہے؟ کیا وہ آلِ محمدؐ کی رضا کی طرف دعوت دے رہا ہے؟ تو پھر سنو! ہم گواہی دیتے ہیں کہ ہم لوگ اُس کے اِس اقدام سے راضی نہیں، وہ ہماری بات نہیں مان رہا ہے۔ اُس کے ساتھ کوئی نہیں ہے۔ ہم میں سے کوئی خواہ کتنے ہی پھریرے وعلَم لیکر نکلے وہ اس لائق نہیں کہ اُس کی بات سنی جائے سوائے اس کے جس پر سارے بنی فاطمہؑ مجتمع ہو جائیں۔ خدا کی قسم تمھارا صاحبِ امر وہی ہوگا جس پر سارے بنی فاطمہؑ مجتمع ہوں گے۔ چنانچہ جب ماہِ رجب آئے تو اللہ کا نام لیکر آگے بڑھ جانا اور اگر تاخیر کرنا چاہو تو شعبان تک تاخیر کرنے میں کوئی ہرج نہیں، تاخیر کر سکتے ہو، اور اگر چاہتے ہو کہ اپنے اہل وعیال میں رہ کر روزہ رکھ لو تو شاید میرے خیال میں تم لوگوں کے لیے یہ زیادہ بہتر ہے اور تمھارے لیے ظہور کی علامت تو ایک سفیانی کا خروج ہی کافی ہے۔" (کافی)

[1] محمد بن عبداللہ بن حسن مثنیٰ کو ابو جعفر منصور نے خروج کیلئے منتخب فرمایا تھا اور محمدؐ وغیرہ کے خروج کے بعد قتل ہوا۔

(۶۸) ظہورِ قائمؑ سے قبل ہم میں سے خروج کرنیوالا ہلاک ہوگا

"کافی" میں علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے حمّاد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے ربعی سے مرفوعًا، اُنھوں نے حضرت علی ابن الحسینؑ علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"واللہ لا یخرج واحد منّا قبل خروج القائم اِلّا کان مثلہٗ مثلُ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فرخ طار من وکرہ قبل اَن یستوی جناحاہ فاخذہ الصبیان فعبثوا بہ ۔"
(کافی)

آپؑ نے فرمایا "بخدا، قبلِ ظہورِ امام قائمؑ ہم میں سے جو بھی خروج کرے گا اس کی مثال ایسی ہی ہوگی جیسے کسی چڑیا کا بچہ جس کے ابھی پوری طرح بازو مضبوط بھی نہ ہوئے ہوں اور وہ اپنے گھونسلے سے نکل پڑے اور بچے اس کو پکڑ کر اُس کے ساتھ کھیلنے لگیں ۔"
(کافی)

(۶۹) زمانۂ غیبتِ میں ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟

احمد بن محمدؒ نے ابنِ عیسٰی سے، اُنھوں نے بکر بن محمدؒ سے، اُنھوں نے سدیر سے روایت کی ہے، اور سدیر کا بیان ہے کہ مجھ سے حضرت ابو عبداللہؑ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: "یا سدیر! الزم بیتک وکن حلسًا من احلاسہ واسکن ماسکن اللیل والنہار، فاذا بلغک اَنَّ السفیانی قد خرج فارحل اِلینا ولو علی رِجلک ۔"
(کافی)

ترجمہ "اے سدیر! اپنے گھر میں رہا کرو اور بالکل خانہ نشین ہو جاؤ جبتک یہ دن اور رات ساکن و خاموش ہیں تم بھی خاموش رہو، مگر جب تمھیں یہ خبر ملے کہ سفیانی نے خروج کیا، تو فوراً ہمارے پاس آجاؤ خواہ تمھیں پیدل ہی چلکر کیوں نہ آنا پڑے ۔"
(کافی)

(۷۰) پانچ کتابوں میں ایک سی روایت

(بیف) روی نداء المنادی من السماء باسم المہدی علیہ السلام وجوب طاعتہ "احمد بن المنادی فی کتاب "الملاحم" وابونعیم الحافظ فی کتاب "اَخبار المہدی" وابن شیرویہ الدیلمی فی کتاب "الفردوس" وابوالعلاء الحافظ فی کتاب "الفتن" ۔

ترجمہ: "روایت کی گئی، کہ "آسمان سے ایک منادی امام مہدی علیہ السلام کے نام سے ندا دے گا اور یہ کہ آپؑ اطاعت واجب ہے ۔"
اس روایت کو احمد بن منادی نے کتاب "الملاحم" میں اور حافظ ابونعیم نے اپنی کتاب "اخبار المہدی" میں، اور ابنِ شیرویہ دیلمی نے اپنی کتاب "فردوس الاخبار" میں اور حافظ ابو العلاء نے اپنی کتاب "الفتن" میں نقل کیا ہے ۔"[1]

([1] بحوالہ کتاب الطرائف)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۷۱) سَنُرِيهِمْ اٰيَاتِنَا ... کی تفسیر

سہل نے ابنِ فضّال سے، اُنھوں نے ثعلبہ سے، اُنھوں نے طیّار سے اور طیّار نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے قولِ خدا:

"سَنُرِيهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ط..." (سورہ حٰمٓ السجدۃ آیت ۵۳)

ترجمۂ آیت: "عنقریب ہم اُن کو کائنات میں اور خود اُن کے نفسوں میں اپنی نشانیاں دکھلائیں گے، حتّٰی کہ اُن پر حق واضح ہوجائے گا کہ بیشک یہی بات حق ہے..."

کی تفسیر کے متعلق روایت بیان کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قال: "خسف ومسخ وقذف"

قال قلتُ: "حتّٰى يتبيّن لهم"

قال: دَعْ ذَا ذٰلك قيام القائم"

ترجمۂ روایت: "آپ نے فرمایا: "اس سے مراد خسف (زمین کا دھنسنا) مسخ ہوجانا (ایک شخص کا) اور پتّھروں کی بارش ہونا ہے۔"

میں نے عرض کیا: اور "حتّٰى تبيّن لهم" سے کیا مراد ہے۔

آپؑ نے فرمایا: اسے چھوڑو، یہ ظہورِ امامِ قائم علیہ السّلام کے متعلق ہے۔" (کافی)

(۷۲) وقتِ ظہور کی ایک خاص علامت

ابوالفضل شیبانی نے کلینی سے، اُنھوں نے محمّد عطّار سے، اُنھوں سلمہ ابنِ خطّاب سے، اُنھوں نے محمّد طیالسی سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیرہ اور صالح بن عقبہ دونوں سے اکٹھے، اُنھوں نے علقمہ بن محمّد حضرمی سے اور علقمہ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے، اور آپ نے اپنے آباءِ کرام و حضرت علی علیہم السّلام سے روایت کی ہے کہ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا:

قال رسول اللہ: "يا علیؑ! إنّ قائمنا اذا خرج يجتمع اليه ثلاثمائة و ثلاثة عشر رجلاً عدد رجال بدر فاذا حان وقت خروجه يكون له سيف مغمود نادا السيف: قم يا ولیّ اللہ! فاقتل اعداء اللہ۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ: رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا: اے علیؑ! جب ہمارا قائم ظہور کریگا تو اصحابِ بدر کی تعداد کے برابر تین سو تیرہ آدمی اُن کے پاس جمع ہو جائیں گے اور جب وقتِ خروج آئے گا تو آپ کی تلوار خود بخود نیام سے باہر نکل آئے گی اور آواز دے گی: اے اللہ کے ولی! اُٹھیے اور دشمنانِ خدا کو قتل کیجیے۔" (کفایہ)

(۷۳) بوقتِ ظہورِ امامِ زمانہؑ کی شان

اختصاص میں ہے کہ ہم سے بیان کیا محمدؐ بن معقل قرمیسینی نے، اُنھوں نے محمدؐ بن عاصم سے، اُنھوں نے علی ابن الحسینؑ سے، اُنھوں نے محمدؐ بن مرزوق سے، اُنھوں نے عامر سرّاج سے، اُنھوں نے سفیان ثوری سے، اُنھوں نے قیس بن مسلم سے، اُنھوں نے طارق بن شہاب سے، اُنھوں نے حذیفہ سے روایت نقل کی ہے حُذیفہ کا بیان ہے کہ میں حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

یقولؐ: "اذا کان عند خروج القائم ینادی منادٍ من السماء، ایّھا النّاس! قطع عنکم مدّۃ الجبّارین وولیُّ الامر خیر اُمّۃ محمدؐ فالحقوا بمکّۃ، فیخرج النّجباء من مصر والابدال من الشّام وعصائب العراق رھبان باللیل، لیوث بالنھار کانّ قلوبھم زبر الحدید فیبایعونہ بین الرکن والمقام۔

قال عمران بن الحصین: یا رسولؐ اللہ! صف لنا ھٰذا الرجل؟

قالؐ: ھو رجل من وُلد الحسینؑ کانّہ من رجال شنسوۃ علیہ عباءتان قطوانیّتان اسمہ اسمی، فعند ذٰلک تفرخ الطیور فی اوکارھا والحیتان فی بحارھا وتمدُّ الانھار وتفیض العیون وتنبت الارض ضعف اُکلھا ثمّ یسیر مقدمتہ جبرئیلؑ وساقتہ اسرافیلؑ فیملأُ الارض عدلاً وقسطاً کما ملئت جورًا وظلمًا۔" (اختصاص)

آپؐ نے فرمایا "جب ظہورِ امام قائمؑ کا وقت آئے گا تو آسمان سے ایک منادی ندا دے گا اے لوگو! اب تم پر جابروں اور ظالموں کے تسلط کی مدّت ختم ہو گئی۔ اب اُمّتِ محمدؐ کی بہترین ہستی ولیُ امر ہیں جاؤ اور مکّہ میں ان سے ملو۔"

یہ سنکر: نجبائے مصر اور ابدالِ شام اور عصائبِ عراق نکل کھڑے ہوں گے جو شب کو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

راہب و عابد اور دن کے وقت شیر ہوں گے، اُن کے دل فولاد جیسے ہوں گے اور مکہ آکر رُکن و مقام کے درمیان حضرت صاحب الامر کی بیعت کرینگے

عمران بن حصین نے عرض کیا: یا رسول اللہؐ! کچھ اس مرد (صاحب الامرؑ) کے متعلق بھی ارشاد فرمائیے؟

آپؐ نے ارشاد فرمایا: وہ امام حسین علیہ السلام کی اولاد میں سے ہوں گے، اُن کا نام میرا نام ہوگا ان کے ظہور کے بعد چڑیاں اپنے گھونسلوں میں خوب بچے نکالیں گی، دریاؤں میں مچھلیاں بکثرت پیدا ہوں گی۔ دریاؤں میں پانی خوب لہریں مارے گا، جگہ جگہ پانی کے چشمے بھی اُبلیں گے، زمین ضرورت سے زیادہ غلّہ اُگائے گی۔ جب وہ چلیں گے تو آگے آگے جبرئیلؑ ہوں گے اور پیچھے اُن کے اسرافیلؑ ہوں گے اور وہ زمین کو عدل و داد سے اس طرح بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوگی۔" (اختصاص)

(۷۴) ظہور کی پانچ علامتیں

کافی میں، محمد بن یحییٰ نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے علی بن حکم سے، اُنھوں نے ابوایوب خزّاز سے، اُنھوں نے عمر بن حنظلہ سے اور اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: "خمس علامات قبل قیام القائم: الصیحة، والسفیانیؔ و الخسف و قتل النفس الزکیّة، والیمانیؔ"

فقلتُ: جعلت فداك إن خرج احد من اهل بیتك قبل هٰذه العلامات اخرج معه؟

قالؑ: لا

فلمّا كان من الغد تلوت هٰذه الآیة:

(الآیة) "إِنْ نَّشَأْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ" (سورۃ الشعراء آیت ۴)

فقلتُ له: اَهِیَ الصیحة؟

فقالؑ: اَمَا لو كانت خضعت اعناق اعداء الله" (کافی)

ترجمۂ روایت: "آپؑ نے فرمایا: امام قائمؑ کے ظہور سے قبل پانچ علامتیں ظاہر ہونگی۔ صیحہ (ندائے آسمانی) سفیانی، خسف (زمین کا شق ہونا) قتلِ نفسِ زکیہ اور یمانی (کا خروج)۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، ان علامات کے ظاہر ہونے سے پہلے اگر آپ کے اہلِ بیت میں سے کوئی شخص خروج کرے تو کیا ہم اُس کا ساتھ دیں؟

آپ نے فرمایا: نہیں۔

پھر میں نے دوسرے دن اس آیت کی تلاوت کی: اِنْ نَّشَاْ..... خٰضِعِیْنَ "

ترجمۂ آیت: "اگر ہم چاہیں تو آسمان سے اُن پر معجزہ نازل کردیں اور اُن کی گردنیں ذلّت کے ساتھ جُھک جائیں۔" (الشعراء ۴)

اور عرض کیا کہ اس سے مراد صیحہ ہے؟

آپؑ نے فرمایا: (ہاں) اگر اس سے خدا کے دشمنوں کی گردنیں جُھک جائیں۔ (کافی)

(۷۵) دو طرح کی ندا ہوگی

محمد بن یحییٰ نے احمد بن محمدؐ سے، اُنھوں نے ابن فضّال سے، اُنھوں نے ابوجمیلہ سے اُنھوں نے محمد بن علی حلبی سے اُنھوں نے کہا کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے سُنا: یقولؑ: "اختلاف بنی العبّاس من المحتوم، والنّداء من المحتوم، و خروج القائمؑ من المحتوم"

قلتُ: وکیف النّداء؟

قالؑ: ینادی منادٍ من السماء اوّل النّهار "اَلَا اِنَّ عَلِیًّا وشیعته هم الفائزون" قالؑ: وینادی منادٍ آخر النّهار "اَلَا اِنَّ عثمان وشیعته هم الفائزون"

(ترجمہ) آپ نے فرمایا: "بنی عبّاس میں اختلاف حتمی امر ہے، ندائے آسمانی امرِ حتمی ہے اور امام قائمؑ کا ظہور امرِ حتمی ہے۔

میں نے عرض کیا: ندا کیسی ہوگی؟

آپؑ نے فرمایا: "دن کی ابتداء میں آسمان سے ایک منادی ندا دیگا، "آگاہ ہوجاؤ کہ علیؑ اور اُن کے شیعہ ہی کامیاب ہیں۔" پھر دن کے آخر (شام کے وقت) میں ایک منادی ندا دے گا کہ آگاہ رہو عثمان اور اُن کے شیعہ ہی کامیاب ہیں۔" (کافی)

(۷۶) جب تم صبح کیوقت اُٹھو گے تو.....؟

سیّد علی ابن عبدالحمید نے اپنے اسناد کے ساتھ بحوالہ احمد بن محمدؐ ایادی مرفوعاً اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے عبداللہ بن عجلان سے روایت کی ہے، اُنھوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ ہم نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کے سامنے حضرت قائم علیہ السّلام کا ذکر کیا کہ ہمیں کس طرح پتہ چلے کہ اُن کا خروج ہوگیا۔؟

آپؑ نے فرمایا: " یصبح احدکم وتحت رأسہ صحیفۃ علیھا مکتوب

" طاعتہٗ معروفۃ "

" جب تم لوگ (صبح کے وقت) اُٹھو گے تو تمھارے تکیہ کے نیچے سے ایک پرچہ نکلے گا جس پر تحریر ہوگا: "طاعتہ معروفۃ" یعنی (ان کی اطاعت کرنا ہی نیکی اور بہتر ہے)

(۷۷) آپؑ کے علم کے پھریرے کی عبارت ؟

فضل بن شاذان سے روایت ہے، اُنھوں نے کہا کہ:

" یکون فی رایۃ المھدیؑ علیہ السّلام " اسمعوا و اطیعوا "

امام مہدی علیہ السّلام کے علم کے پھریرے پر تحریر ہوگا: "سنو اور اطاعت کرو"

(۷۸) " تمام بزرگوں کے وارث امامؑ زمانہ ہیں "

اور اسناد کے ساتھ فضل نے ابنِ محبوب سے اور ابنِ محبوب نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السّلام سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ:

قالؑ: " اذا خسف بجیش السفیانی الیٰ اَنْ قال: والقائم یومئذ بمکۃ عند الکعبۃ مستجیراً بھا، یقولُ: " اَنَا وَلِیُّ اللّٰہِ اَنَا اولیٰ باللّٰہِ وبمحمدؐ فمن حاجّنی فی اٰدمؑ فاَنا اولی النّاس باٰدمؑ، ومن حاجّنی فی نوحؑ فاَنا اولی النّاس بنوحؑ ومن حاجّنی فی ابراھیمؑ فاَنا اولیٰ النّاس باِبراھیمؑ، ومن حاجّنی فی محمدؐ فاَنا اولی النّاس بمحمدؐ ومن حاجّنی فی النّبیّین فانا اولی النّاس بالنبیّین اِنّ اللہ تعالیٰ یقول:"

" اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰٓی اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰھِیْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ۝ ذُرِّیَّۃًۢ بَعْضُھَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ "

(سورہ آل عمران ۳۳)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فانا بقیّۃ ادمؑ وخیرۃ نوحؑ ومصطفیٰ ابراھیم وصفوۃ محمّدؐ الا ومن حاجّنی فی کتاب اللہ فانا اولی الناس بکتاب اللہ الا ومن حاجّنی فی سنّۃ رسولؐ اللہ فانا اولی الناس بسنّۃ رسول اللہ وسیرتہ وانشد اللہ من سمع کلامی لمّا یبلغ الشاھد الغائب۔

فیجمع اللہ لہ اصحابہ ثلاثۃ وثلاثۃ عشرۃ رجلاً فیجمعھم اللہ علیٰ غیر میعاد قزع کقزع الخریف۔

ثمّ تلا ھذہ الآیۃ: "اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللہُ جَمِیْعًا" (البقرۃ ۱۴۸)

فبایعونہ بین الرکن والمقام ومعہ عھد رسول اللہؐ قد توارثت علیہ الآباء فان اشکل علیھم من ذالک شیء فانّ الصّوت من السماء لا یشکل علیھم اذا نودی باسمہ واسم ابیہ۔"

ترجمۂ روایت: "آپؑ نے سفیانی کے لشکر کے زمین میں دھنس جانے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ: اس دن حضرت قائم علیہ السّلام مکّہ میں خانۂ کعبہ کے پاس یہ کہتے ہوئے ہوں گے کہ "میں اللہ کا ولی ہوں، میں اللہ اور محمّدؐ کا زیادہ حقدار ہوں۔ اگر کوئی مجھ سے حضرت آدمؑ کے متعلّق بحث کرے تو میں ثابت کروں گا کہ میں آدمؑ کا تمام لوگوں سے زیادہ حقدار ہوں، اگر کوئی حضرت نوحؑ کے متعلّق مجھ سے بحث کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں نوحؑ کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں، جو شخص حضرت ابراہیمؑ کے متعلّق مجھ سے بحث کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں حضرت ابراہیمؑ کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں، اور جو شخص حضرت محمّدؐ مصطفیٰ کے متعلّق بحث کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں محمّدؐ کا تمام لوگوں سے زیادہ حقدار ہوں، اور جو شخص دیگر انبیاءؑ کے متعلّق مجھ سے بحث کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں انبیاءِ کرام کا تمام لوگوں سے زیادہ حقدار ہوں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ترجمۂ آیت: "بیشک اللہ نے آدمؑ و نوحؑ اور آلِ ابراہیمؑ اور آلِ عمرانؑ کو منتخب کیا تمام عالمین پر، اُن میں سے بعض، بعضوں کی ذرّیت ہیں اور اللہ سُننے والا جاننے والا ہے۔"

میں بقیّۂ آدمؑ ہوں، میں منتخبِ نوحؑ ہوں، میں برگزیدۂ ابراہیمؑ ہوں اور میں صفوۃ و برگزیدۂ محمّدؐ ہوں۔ آگاہ ہو، اگر کوئی مجھ سے کتابِ خدا کے بارے میں بحث کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں اللہ کی کتاب کا سب سے زیادہ مستحق ہوں، آگاہ ہو، اگر کوئی مجھ سے سنّتِ رسول اللہؐ کے متعلّق بحث کریگا تو میں ثابت کروں گا کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں سنّتِ رسول خدا ؐ کا سب سے زیادہ حقدار ہوں، میں خدا کا واسطہ دیتا ہوں کہ اِس وقت جو لوگ میری یہ باتیں سن رہے ہیں وہ اُن لوگوں تک پہونچادیں جو یہاں موجود نہیں ہیں۔"

اس کے بعد، اللہ تعالیٰ اُن (امام قائمؑ) کے تین سو تیرہ اصحاب کو اُن کے پاس اسطرح جمع کردے گا جیسے موسمِ برسات کے بادل ایک کے پیچھے ایک۔

پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی: (سورہ بقرۃ آیت ۱۴۸)

ترجمۂ آیت: "جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم سب کو ایک جگہ جمع کردیگا"

اس کے بعد لوگ اُن کی بیعت رکن و مقام کے مابین کریں گے۔ اُن کے پاس رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے تمام تبرکات ہوں گے جو بتواتر نسلاً بعد نسلٍ (یعنی اُن کے آباء واجداد سے) اُن تک پہونچے ہیں، اور اگر اُن تبرکات کے بعد بھی کسی کو پہچاننے میں دشواری واشکال درپیش ہوگا تو پھر آسمانی ندا سے ساری مشکل دور ہوجائے گی جب اُن کا نام اُن کے والد کے نام کے ساتھ پکارا جائے گا۔"

(۷۹) امام زمانہؑ کیلئے براق لایا جائیگا

اپنے اسناد کے ساتھ حضرت علی ابن الحسینؑ علیہ السّلام سے روایت ہے کہ آپ نے امام قائم علیہ السّلام کے ذکر میں ایک طویل حدیث میں فرمایا کہ

قالؑ "فیجلس تحت شجرۃ سمرۃ فیجیئہ جبرئیل فی صورۃ رجل من بنی کلب، فیقول: یا عبداللہ! ما یجلسك ھٰھنا؟ فیقول: یا عبداللہ! انّی انتظرانک یأتینی العشاء فاخرج فی دبرہ الیٰ مکّۃ واکرہ ان اخرج فی ھٰذا الحرّ۔ قال: فیضحك فاذا ضحك عرفہ انّہ جبرئیل۔ قال: فیأخذ بیدہ ویصافحہ ویسلّم علیہ ویقول لہ: قم و یجیئہ بفرس یقال لہ البراق فیرکبہ ثمّ یأتی الیٰ جبل رضوی فیأتی محمّدؐ وعلیؑ فیکتبان لہ عہداً منشوراً یقرؤہ علی الناس ثمّ یخرج الیٰ مکّۃ والناس یجتمعون بہا۔

قالؑ "فیقوم رجل منہ فینادی ایّہا النّاس! ھٰذا طلبتکم قد جاءکم یدعوکم الیٰ ما دعاکم الیہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم: قال:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فیقومون ، قال : فیقوم هو بنفسه ، فیقول : ایها النّاس ! اَنَا فُلان بن فُلان ، اَنا ابن نبیِّ الله ، ادعوکم الیٰ ما دعاکم الیه نبیُّ الله ۔

فیقومون الیه لیقتلوه ، فیقوم ثلاثمائة و بنیف علی الثلاثمائة فیمنعونه منه خمسون من اهل الکوفة و سائرهم من اَفناء النّاس لا یعرف بعضهم بعضًا اجتمعوا علیٰ غیر میعاد ۔ "

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "۔۔۔۔ پھر امام قائمؑ ایک ببول کے درخت کے نیچے بیٹھ جائیں گے، اتنے میں حضرت جبرئیلؑ ان کے پاس ایک مرد بنی کلب کی شکل میں آئیں گے اور کہیں گے، اے بندۂ خدا! تم یہاں کیوں بیٹھے ہو؟

آپ فرمائیں گے اے اللہ کے بندے! مجھے انتظار ہے کہ شام ہو جائے تو مکّہ جاؤں اس دھوپ اور گرمی کی تمازت میں مجھے چلنا پسند نہیں۔

یہ سنکر جبرئیلؑ ہنس پڑیں گے۔ اُنھیں ہنستا ہوا دیکھ کر آپ پہچان لیں گے کہ یہی جبرئیلؑ ہیں پھر جبرئیلؑ آگے بڑھ کر اُن کا ہاتھ پکڑ کر مصافحہ کریں گے، سلام کریں گے اور کہیں گے اچھا: اب اُٹھیے۔ پھر گھوڑا لائیں گے جس کو "براق" کہتے ہیں، اُس پر اُنھیں سوار کریں گے اور اُن کو لیکر جبل رضوی پہونچیں گے اور وہاں حضرت محمدؐ و علیؑ تشریف لائیں گے اور یہ دونوں اُن کو ایک منشور لکھکر دیں گے تاکہ لوگوں کے سامنے پڑھ کر سنائیں، یہ منشور لیکر امام قائمؑ مکّہ آئیں گے تو لوگ اُن کے پاس جمع ہو جائیں گے۔

پھر اُن میں سے ایک شخص اُٹھ کر اعلان کرے گا: اے لوگو! تم لوگ جسکی تلاش میں تھے وہ آگیا، یہ اُسی چیز کی طرف دعوت دے رہے ہیں جسکی طرف حضرت رسول اللہؐ دعوت دیا کرتے تھے۔

یہ سنکر لوگ کھڑے ہو جائیں گے، امام قائمؑ بھی کھڑے ہوں گے اور فرمائیں گے کہ: اے لوگو! میں فلان بن فلان ہوں، میں اللہ کے نبیؐ کا فرزند ہوں، میں تم لوگوں کو اسی امر کی طرف دعوت دیتا ہوں جس کی طرف اللہ کے نبیؐ نے تمہیں دعوت دی تھی آپ کے اِس اعلان پر لوگ آپؑ کو قتل کرنے کے لیے بڑھیں گے تو تین سو سے کچھ زائد آدمی جنمیں پچاس آدمی کوفہ کے ہوں گے باقی ماندہ دوسرے لوگ جو مختلف اطراف کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہوں گے اور وہ ایکدوسرے کو پہچانتے بھی ہوں گے مختلف اوقات میں آئے ہوئے ہوں گے وہ سب اُٹھ کر آپ کی حفاظت کریں گے اور قتل سے بچائیں گے۔

(۸۰) مقامِ ذی طویٰ میں انتظار

ابوبصیر نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: "اِنّ القائم ینتظر من یومہ ذی طوی فی عدّۃ اھل بدر ثلاث مائۃ وثلاثۃ عشر رجلاً حتّی یسند ظھرہ الی الحجر ویھزّ الرایۃ المغلّبۃ"

ترجمہ: "اس دن سے امام قائم علیہ السّلام اپنے تین سو تیرہ اصحاب کے ساتھ مقامِ ذی طویٰ میں انتظار کریں گے، پھر حجرِ اسود کی طرف اپنی پشت کر کے کھڑے ہوں گے اور اپنا پرچم لہرائیں گے۔"

(۸۱) آنحضرتؑ امام قائمؑ کو کتابِ جدید دیں گے

ابوبصیر نے حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام کی ایک طویل حدیث میں یہ روایت بھی بیان کی ہے کہ: "یقول القائمؑ لاصحابہ: یا قوم اِنّ اھل مکّۃ لا یریدوننی ولکنّی مرسل الیھم لاحتج علیھم بما ینبغی لمثلی ان یحتجّ علیھم۔

فیدعو رجلاً من اصحابہ فیقول لہ: امض الی اھل مکّۃ فقل: یا اھل مکّۃ انا رسول فلان الیکم وھو یقول لکم انّا اھل بیت الرحمۃ ومعدن الرّسالۃ والخلافۃ ونحن ذرّیّۃ محمّد وسلالۃ النّبیّین واَنّا قد ظلمنا واضطھدنا وقُھرنا وابتُزّ منّا حقّنا منذ قبض نبیّنا اِلیٰ یومنا ھٰذا فنحن نستنصرکم فانصرونا۔

فاذا تکلّم ھٰذا الفتیٰ بھٰذا الکلام اَتوا الیہ فذبحوہ بین الرُّکن والمقام، وھی النفس الزکیّۃ، فاذا بلغ ذٰلک الامام قال لاصحابہ: اَلا اَخبرتکم اَنّ اھل مکّۃ لا یریدوننا، فلا یدعونہ حتّیٰ یخرج فیھبط من عقبۃ طویٰ فی ثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر رجلاً

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عدّة اهل بدر حتّیٰ یأتی المسجد الحرام، فیصلّی فیه عند مقام ابراهیمؑ اربع رکعات، و یسند ظهره الی الحجر الاسود، ثمّ یحمد الله و یثنیٰ علیه و یذکر النّبیّؐ و یصلّی علیه و یتکلّم بکلام لم یتکلّم به اَحد من النّاس۔

فیکون اوّل من یضرب علیٰ یده و یبایعه جبریلؑ و میکائیل و یقوم معهما رسولُ الله و امیر المؤمنینؑ فیدفعان الیه کتاباً جدیداً هو علی العرب شدید بخاتم رطب فیقولون له: اعمل بما فیه و یبایعه الثلاثمائة و قلیل من اهل مکّة۔

ثمّ یخرج من مکّة حتّیٰ یکون فی مثل الحلقة۔

قلتُ: و ما الحلقة؟ قال: عشرة آلاف رجل، جبرئیل عن یمینه و میکائیل عن شماله، ثمّ یهزّ الرّایة الجلیّة و ینشرها و هی رایة رسول اللهؐ السّحابة و درع رسول الله السّابغة و یتقلّد بسیف رسول اللهؐ ذی الفقار۔

و خبرٌ اخر: ما من بلدة اِلّا یخرج معه منهم طائفة اِلّا اهل البصرة فانّه لا یخرج معه منها اَحد۔"

ترجمہ: "امام قائم علیہ السّلام اپنے اصحاب سے فرمائیں گے، اے قوم! یہ اہلِ مکّہ مجھے تسلیم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے لیکن میں ان کے پاس اپنا ایک قاصد بھیجوں گا تاکہ اُن پر حجّت تمام کردوں۔

پھر آپؑ اپنے اصحاب میں سے ایک کو بُلا کر فرمائیں گے کہ تم اہلِ مکّہ کے پاس جاؤ اور کہو کہ اے اہلِ مکّہ! میں فُلان کا فرستادہ و قاصد ہوں وہ تم لوگوں سے یہ فرماتے ہیں کہ میں اہلِ بیتِ رحمت اور معدنِ رسالت و خلافت ہوں، میں ذرّیتِ محمّدؐ اور انبیاءؑ کا خلاصہ ہوں۔ جب سے ہمارے نبیٔ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے وفات پائی اُس وقت سے آجتک مسلسل ہم پر ظلم و ستم کیا جاتا رہا ہے ہم مقہور کیے گئے، ہمارا حق ہم سے چھین لیا گیا ہم تم لوگوں سے مدد چاہتے ہیں تم لوگ ہماری مدد کرو۔

(نفسِ زکیّہ) جب یہ جوان اُن لوگوں تک جاکر یہ پیغام پہونچائے گا تو وہ اسے پکڑ کر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رکن و مقام کے درمیان ذبح کردیں گے، اور یہی نفسِ زکیہ ہے۔ جب یہ خبر امام قائمؑ کو پہونچے گی تو آپؑ اپنے اصحاب سے فرمائیں گے۔ کیا میں نے تم سے نہیں بتایا تھا کہ یہ اہلِ مکّہ ہمیں تسلیم نہیں کریں گے؟ پھر آپ اصحاب بدر کی تعداد کے مطابق تین سو تیرہ آدمیوں کو لیکر عقبہ طوٰی سے اُتر کر مسجدِ حرام میں تشریف لائیں گے اور مقامِ ابراہیمؑ پر چار رکعت نماز پڑھیں گے۔ پھر حجرِ اسود سے پشت لگا کر کھڑے ہوں گے اور حمد و ثنائے الٰہی بجا لائیں گے، نبیٔ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا ذکر کریں گے اُن پر دُرود بھیجیں گے اور ایک ایسا خطبہ دیں گے کہ آجتک ایسا خطبہ کسی نے نہ دیا ہوگا۔

اس خطبے کے بعد سب سے پہلے جو شخص آپ کے ہاتھ پر رکھ کر بیعت کریگا وہ جبرئیلؑ اور پھر میکائیلؑ ہوں گے اور ان ہی دونوں کے ساتھ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اور امیرالمومنین علیہ السّلام بھی کھڑے ہوں گے، آپؑ حضرت امام قائمؑ علیہ السّلام کو ایک کتابِ جدید حوالے کریں گے، جو اہلِ عرب کیلئے بہت شدید ہوگی اور اُس کے اوپر تازہ مہر لگی ہوگی اور امام قائمؑ سے فرمائیں گے کہ اس تحریر کے اندر جو کچھ ہے اس پر عمل کرنا ہے۔ پھر تین سو آدمی (آپ کے اصحاب) اور اہلِ مکّہ میں سے چند لوگ آپ کی بیعت کریں گے۔

پھر آپ مکّہ سے برآمد ہوں گے تو ایک حلقہ کے اندر ہوں گے۔ میں نے عرض کیا: حلقہ کیا؟ آپ نے فرمایا: دس ہزار آدمیوں کا ایک حلقہ ہوگا، حضرت جبرئیلؑ داہنے جانب اور حضرت میکائیلؑ آپ کے بائیں جانب ہوں گے۔ پھر آپ اپنا پُرجلال عَلَم لہرائیں گے اور وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا علَم ہوگا جس کا نام سحابہ ہے اور آپؑ کی زرہ سابغہ زیبِ تن کریں گے اور رسول اللہؐ کی سیف ذی الفقار کو کمر میں لٹکائیں گے۔ "

"— ایک دوسری روایت میں ہے کہ ہر شہر کے کچھ لوگ آپؑ کے ساتھ ہونگے سوائے بصرہ کے، وہاں سے آپ کے ساتھ کوئی نہ ہوگا۔ "

(۸۲) امامِ قائمؑ کے لشکریوں کی شان

فضیل بن یسار نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ قالؑ: " لہ کنز بالطالقان ما ہو بذہب ولا فضّۃ، وراۃ لم تنشر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

منذ طويت، ورجال كأنّ قلوبهم زبر الحديد لا يشوبها شكّ في ذات الله أشدّ من الحجر، لو حملوا على الجبال لأزالوها، لا يقصدون براياتهم بلدة إلّا خرّبوها، كأنّ على خيولهم العقبان يتمسّحون بسرج الإمام عليه السلام يطلبون بذلك البركة، ويحفّون به يقونه بأنفسهم في الحروب، و يكفونه ما يريد فيهم۔

رجال لا ينامون اللّيل، لهم دويٌّ في صلاتهم كدويّ النّحل، يبيتون قياما على اطرافهم و يصبحون على خيولهم رهبان باللّيل ليوث بالنّهار، هم أطوع له من الأمة لسيّدها كالمصابيح كأنّ قلوبهم القناديل، وهم من خشية الله مشفقون يدعون بالشهادة و يتمنّون أن يقتلوا في سبيل الله، شعارهم: يالثارات الحسين، إذا ساروا بسير الرّعب أمامهم مسيرة شهر يمشون الى المولى إرسالا، بهم ينصر الله إمام الحقّ۔"

ترجمہ: "امام قائم علیہ السلام کے ساتھ طالقان کا ایک خزانہ ہوگا جو سونے چاندی کا نہیں ہوگا، اور وہ علم ہوگا کہ جب سے لپیٹا گیا ہے ابھی تک نہیں کھولا گیا۔ کچھ مرد ہوں گے جن کے دل گویا فولاد کے بنے ہوئے ہوں گے جنہیں شک کا شائبہ بھی نہ ہوگا اور وہ اللہ کے معاملہ میں (فی سبیل اللہ) پتھر سے بھی زیادہ سخت ہوں گے وہ ایسے (ہمت والے) ہوں گے کہ اگر پہاڑوں پر بھی حملہ آور ہوں تو انھیں بھی اُن کی جگہ سے ہٹا دیں، اور جس شہر کا بھی رُخ کریں گے اس کو تہس نہس کر دیں گے اور حصولِ برکت اور دل میں قوت پیدا کرنے کے لیے امام قائم علیہ السلام کی زین کو بوسہ دیتے جائیں گے۔ آپؑ ان لوگوں سے جو توقع رکھیں گے وہ اسے پورا کریں گے وہ ایسے مرد ہوں گے کہ راتوں کو نہ سوئیں گے نمازوں میں مشغول رہیں گے، اُن کی تلاوت کی آوازیں اس طرح سنائی دیں گی جیسے شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔ کھڑے کھڑے رات بسر کریں گے اور صبح کو اپنے گھوڑوں پر سوار ہو جائیں گے رات کو راہب و زاہد ہوں گے اور دن کو شیروں کی طرح نر ہوں گے۔ ایک کنیز اپنے آقا کی جتنی اطاعت کرتی ہے اس سے بھی زیادہ یہ اپنے امام کے مطیع ہوں گے اُن کے قلوب (ایمان کے لحاظ سے) مثل اُن قندیلوں کے ہوں گے جنہیں چراغ روشن ہوں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وہ اللہ سے ڈرتے ہوں گے، وہ شہادت کو دعوت دیں گے، اُنھیں تمنّا ہوگی کہ راہِ خدا میں قتل ہو جائیں، اُن کا نعرہ ہوگا: "یالثارات الحسینؑ"۔ یعنی "امام حسینؑ کے خون کا انتقام" جب کسی طرف کوچ کریں گے تو اُنکا رُعب ایک ماہ کی مسافت تک آگے آگے (دور دور تک) ہوگا۔ ان ہی کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ امامِ حق کی نصرت کرے گا۔"

(۸۳) بعدِ خروج عملِ امامِ زمانہؑ

اپنے اسناد کے ساتھ کابلی سے اور کابلی نے حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے، آپؑ نے فرمایا:

"یبایع القائم بمکّۃ علیٰ کتاب اللہ وسنۃ رسولہ ویستعمل علیٰ مکّۃ، ثمّ یسیر نحو المدینۃ فیبلغہ انّ عاملہ قتل فیرجع الیھم فیقتل المقاتلۃ، ولا یزید علیٰ ذٰلک ثمّ ینطلق فیدعو الناس بین المسجدین الی کتاب اللہ و سنّۃ رسولہ ولولایۃ لعلیّ ابن ابیطالبؑ والبرآءۃ من عدوّہ حتّیٰ یبلغ البیداء فیخرج الیہ جیش السفیانی فیخسف اللہ بھم

وفی خبر اٰخر: یخرج الی المدینۃ فیقیم بھا ما شاء ثمّ یخرج الی الکوفۃ ویستعمل علیھا رجلاً من اصحابہ فاذا نزل الشفرۃ جاءھم کتاب السفیانی ان لم تقتلوہ لاقتلنّ مقاتلیکم ولاَسبینّ ذراریکم فیقبلون علیٰ عاملہ فیقتلونہ

فیاُتیہ الخبر فیرجع الیھم فیقتلھم ویقتل قریشاً حتّیٰ لا یبقیٰ منھم اِلّا اَکلۃ کبش ثمّ یخرج الی الکوفۃ ویستعمل رجلاً من اصحابہ فیقبل وینزل النجف۔"

ترجمہ: "مکّہ میں امام قائم علیہ السّلام کی بیعت کتابِ خدا اور سنّت رسولِ خدا پر کی جائے گی۔ پھر آپ مکّے میں اپنی طرف سے ایک عامل مقرّر کر کے مدینہ تشریف لیجائیں گے تو آپ کو خبر ملے گی کہ آپ کے عاملِ مکّہ کو قتل کر دیا گیا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ سُنکر آپ مکّہ واپس آئیں گے اور اُس کے قاتلوں کو قتل کریں گے۔ پھر مکّہ اور مدینہ کے درمیان لوگ کو کتابِ خدا اور سنّتِ رسولِ خدا اور علیؑ ابنِ ابیطالبؑ کی ولایت اور اُن کے دشمنوں سے برأت کی دعوت دینے چلیں گے، یہانتک کہ بیداء (صحرا) میں پہونچیں گے تو سفیانی کا لشکر آپ پر خروج کرے گا اور لشکرِ سفیانی بیداء (صحرا) میں پہونچ کر زمین میں دھنس جائیگا

ایک دوسری روایت میں ہے کہ آپ مدینہ تشریف لیجائیں گے اور وہاں کچھ دنوں قیام کریں گے پھر کوفہ تشریف لے جائیں گے اور مدینہ میں اپنے اصحاب میں سے کسی کو عامل مقرّر فرمائیں گے، جب آپ مقامِ شفرہ پر پہونچیں گے، تو اہلِ مدینہ کو سفیانی کا خط ملے گا کہ، اگر تم لوگوں نے اُن کے عامل کو قتل نہ کیا تو ہم پہونچ کر تم سب کو قتل کردیں گے اور تمھارے اہل و عیال کو قیدی بنالیں گے۔ لہٰذا اہلِ مدینہ آپؑ کے عامل کو قتل کردیں گے۔

جب آپ کو اس کی اطّلاع پہونچے گی تو پلٹ کر آئیں گے اور ان لوگوں کو اور قریش کو اتنا قتل کریں گے کہ بس بکری کے چارے کے برابر رہ جائینگے اور وہاں اپنے اصحاب میں سے کسی کو اپنا عامل مقرّر کرکے کوفہ جائیں گے اور پھر نجف اشرف میں منزل فرمائیں گے۔"

(۸۴) یومِ نوروز یومِ ظہورِ امامؑ

شیخ احمد بن فہد نے اپنی کتاب "المہذّب" میں اور دوسروں نے اپنی اپنی کتابوں میں اپنے اپنے اسناد کے ساتھ معلیٰ بن خنیس سے روایت تحریر کی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا:

"یوم النیروز ھو الیوم الّذی یظھر فیہ قائمنا اھل البیت وولاۃ الامر و یظفرہ اللہ تعالیٰ بالدّجال فیصلبہ علیٰ کناسۃ الکوفۃ وما من یوم نیروز الّا و نحن نتوقّع فیہ الفرج لانّہ من ایّامنا خفظتہ الفرس و ضیّعتموہ۔"

ترجمہ: "یوم نوروز وہ دن ہے جسمیں ہم اہلِ بیت کا قائمؑ ظہور کریگا، اور اُنھیں دجّال پر فتح ہوگی اور وہ دجّال کو کناسہ کوفہ میں سولی پر چڑھا دیں گے اور ہر سال نوروز کو ہم لوگ فرج و کشادگی کی اُمید رکھتے ہیں اس لیے کہ یہ ہمارا دن ہے جسکی اہلِ فارس نے حفاظت کی اور تم لوگوں نے اسے ضائع کردیا۔"

(المہذّب)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com/

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار

باب ۲۷
بست و ہفتم

سیرت و اخلاق امامِ زمانہ۔
تعدادِ اصحاب اور اُن کے
حالات

ANSAR

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باب ۲۷

سیرت واخلاق امامِ زمانہؑ۔ تعدادِ اصحاب اور اُن کے حالات

(۱) نظامِ زمینداری کا خاتمہ۔

ہارون نے ابنِ زیاد سے اور ابنِ زیاد نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اور آپ نے اپنے پدرِ بزرگوار سے روایت نقل کی ہے کہ:

قالؑ: "اذا قام قائمنا اضمحلّت القطائع فلا قطائع۔"

آپؑ نے فرمایا: "جب ہمارا قائم ظہور کریگا تو زمین کے نظامِ مالگذاری ومقاطعہ کو ختم کردیگا"

(قرب الاسناد)

(۲) تین جدید احکام کا نفاذ

ابنِ موسیٰ نے حمزہ بن قاسم سے، اُنھوں نے محمد بن عبداللہ بن عمران سے، اُنھوں نے محمد بن علی ہمدانی سے، اُنھوں نے علی بن ابی حمزہ سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام اور حضرت امام ابوالحسن علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ دونوں حضرات نے فرمایا کہ:

"لو قد قام القائم لحکم بثلاث لم یحکم بہا احد قبلہ: یقتل الشیخ الزانی ویقتل مانع الزکاۃ، ویورث الاخ اخاہ فی الاظلّۃ"

"جب امام قائم علیہ السلام ظہور کریں گے تو تین احکامات ایسے جاری کریں گے کہ اُن سے قبل کسی نے جاری نہ کیے ہوں گے۔ یعنی۔ بوڑھا شخص اگر زنا کرے تو اُس کو قتل کردیا جائے، زکوٰۃ دینے سے انکار کرنے والے کو قتل کردیا جائے عالمِ ارواح میں اخوّت پر بھی ایک بھائی دوسرے بھائی کا وارث قرار پائے گا"

(الخصال)

(۳) امامِ زمانہ کے ساتھ نو قبیلوں کے افراد ہونگے

ابی نے سعد بن یزید سے، اُنھوں نے مصعب بن یزید سے، اُنھوں نے عوام ابوزبیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبد امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"یقبل القائم علیہ السلام فی خمسۃ واربعین رجلاً من تسعۃ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

احیاء: من حیّ رجل ومن حیّ رجلان، ومن حیّ ثلاثة
ومن حیّ اربعة، ومن حیّ خمسة ومن حیّ ستّة
ومن حیّ سبعة، ومن حیّ ثمانیة ومن حیّ تسعة
ولا یزال کذالك حتّی یجتمع له العدد" (الخصال)

ترجمہ: "امام قائم علیہ السلام نو قبیلوں میں سے پینتالیس آدمیوں کے ساتھ ظہور فرمائیں گے۔ ایک قبیلے سے ایک آدمی آئے گا، دوسرے قبیلے سے دو، تیسرے قبیلے سے تین، چوتھے قبیلے سے چار، پانچویں قبیلے سے پانچ، چھٹے قبیلے سے چھ، ساتویں قبیلے سے سات، آٹھویں قبیلے سے آٹھ، نویں قبیلے سے نو افراد آتے رہیں اور یہ تعداد پوری ہوگی۔" (الخصال)

(۴) علم کا پھریرا اور تلوار امامِ زمانہ سے اللہ کے حکم سے گویا ہوں گے

احمد بن ثابت دوالیبی نے محمد بن علی بن عبدالصمد سے، انھوں نے علی بن عاصم سے انھوں نے ابوجعفر ثانی حضرت امام علی النقی علیہ السلام سے اور آپ نے اپنے آباء کرام سے روایت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُبی بن کعب سے امام قائم علیہ السلام کے متعلق فرمایا کہ:

"اِنّ اللہ تعالیٰ رکّب فی صلب الحسن علیہ السلام (امام حسن عسکری) نطفة مبارکة زکیّة طیّبة طاهرة مطهّرة، یرضی بها کلّ مومن ممّن قد اَخذ اللہ میثاقه فی الولایة ویکفر بها کلّ جاحد فهو امام تقیّ نقیّ سارّ مرضیّ هادٍ مهدیّ یحکم بالعدل ویأمر به یصدّق اللہ عزّوجلّ ویصدّقه اللہ فی قوله

یخرج من تهامة[1] حین تظهر الدلائل والعلامات وله کنوز لا ذهب ولا فضّة اِلّا خیول مطهّمة، ورجال مسوّمة یجمع اللہ له من اقاصی البلاد علیٰ عدّة اهل بدر ثلاثمائة وثلاثة عشر رجلا معه صحیفة مختومة فیها عدد اصحابه بأسمائهم و بلدانهم وطبائعهم وحلاهم وکناهم کدّادون محدّون فی طاعته۔

فقال له اُبی: وما دلائله وعلاماته یا رسول اللہ؟

[1] مکہ معظمہ سے حجاز کا علاقہ تہامہ کہلاتا ہے، اسکی نسبت سے تہامی ہے۔ (دونوں کو تہامہ بھی کہتے ہیں)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ لہٗ عَلَمٌ اِذا حان وقت خروجہ انتشر ذٰلک العلم من نفسہ و انطقہ اللہ عزّوجلّ، فناداہ العَلَم: اخرج یا ولیَّ اللہ فاقتل اعداء اللہ، وھما ایتان، وعلامتان۔

وله سیف مغمد، فاذا حان وقت خروجہ اقتلع ذٰلک السیف من غمدہ وانطقہ اللہ عزّوجلّ فناداہ السیف: اخرج یا ولیَّ اللہ فلا یحلُّ لک اَن تقعد عن اعداء اللہ فیخرج و یقتل اعداء اللہ حیث ثُقِفہم ویقیم حدود اللہ ویحکم بحکم اللہ یخرج وجبرئیل عن یمینہ ومیکائیل عن یسرتہ وسوف تذکرون ما اقول لکم ولو بعد حین وافوِّض امری الی اللہ عزّوجلّ

یا اُبیُّ! طوبیٰ لمن لقیہ، وطوبیٰ لمن اَحبّہ وطوبیٰ لمن قال بہ ینجّیہم من الہلکۃ وبالاقرار باللہ وبرسولہ وبجمیع الائمّۃ یفتح اللہ لہم الجنّۃ مثلہم فی الارض کمثل المسک الّذی یسطع ریحہ فلا یتغیّر ابدًا ومثلہم فی السماء کمثل القمر المنیر الذی لا یطفأ نورہ ابدًا۔

قال اُبی: یا رسول اللہ! کیف حال بیان ھٰؤلاء الائمّۃ عن اللہ عزّوجلّ؟

قالؐ: انّ اللہ تعالیٰ انزل عَلَیَّ اثنتی عشر صحیفۃ اسم کلّ امام علیٰ خاتمہ وصفتہ فی صحیفتہ۔"

ترجمہ: "بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے صُلبِ امام حسن (عسکری) علیہ السّلام میں ایک ایسا مبارک زکی، طیّب، طاہر، مطہّر نطفہ ودیعت قرار دیا ہے جس کا ہر وہ مومن مُقِر ومحب ہوگا جس سے اللہ تعالیٰ نے اُس کی ولایت کا عہد ومیثاق لے لیا ہوگا اور جس سے ہر کافر ومنکرِ "خدا ورسولؐ" انکار کرے گا۔ وہ امام ہوگا، صاحبِ تقویٰ اور صاحبِ طہارت ہوگا، وہ راضی برضائے الٰہی اور ہادی ومہدی ہوگا، وہ عدل کے ساتھ حکومت کرے گا اور عدل کا حکم دے گا، وہ اللہ کے قول کی تصدیق کرنے والا ہوگا اور اللہ برتر وبزرگ اُس کے قول کو سچّا کر دکھائے گا۔

وہ سرزمین تہامہ[1] سے اس وقت خروج کرے گا جب اس کے ظہور کی تمام علامات ظاہر ہو چکی ہوں گی، اُس کے پاس خزانے ہوں گے، مگر سونے اور چاندی کے نہیں، بلکہ حَسین وخوبصورت گھوڑے اور نشاندار سواروں کے خزانے

[1] مکّہ معظّمہ اور حجاز کے کچھ علاقے کو تہامہ کہتے ہیں، وہاں کے باشندے کو تہامی کہتے ہیں جیسا کہ آنحضرتؐ کو تہامی کہا جاتا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جو مختلف ممالک سے اصحابِ بدر کی تعداد کے مطابق تین سو تیرہ (۳۱۳) جمع ہوں گے۔
اُس امام کے پاس ایک صحیفہ مُہر شدہ ہوگا جس میں اُس کے اصحاب کے نام اور
اُن شہروں کے نام، اُن کی طبیعت و مزاج، اُن کے حُلیے اور اُن کی کُنیت بھی تحریر
ہوگی۔ وہ اپنے امام کی اطاعت میں انتہائی انہماک اور جدوجہد سے کام لیں گے۔

یہ سنکر اُبی نے عرض کیا: یا رسول اللہؐ! اُس (امام) کے دلائل و علائم کیا ہیں؟
آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: اُس کے پاس ایک عَلَم ہوگا، جب وقتِ خروج آئے گا تو اُس کا پھریرہ ازخود
کھُل جائے گا اور اللہ تعالیٰ اُسے قوّت گویائی عطا فرمائے گا تو وہ عَلَم اس طرح کلام
کریگا کہ: "اے اللہ کے ولی! خروج کیجیے اور اللہ کے دشمنوں کو قتل کیجیے۔"
(پھریرے کا ازخود کھُل جانا اور امام سے کلام کرنا) یہ دو نشانیاں اور علامتیں
ہوگئیں۔

پھر اُن کی سیف نیام میں ہوگی لیکن جب وقتِ خروج آئے گا تو سیف بھی ازخود
نیام سے باہر نکل آئے گی اور اللہ برتر و بزرگ اُس کو بھی قوّت کلام عطا فرمائے گا
تو اس طرح "اپنے امام" سے کلام کرے گی کہ "اے اللہ کے ولی! اب آپ نکل کھڑے
ہوں، اب آپ کے لیے اللہ کے دشمنوں کو چھوڑ کر اس طرح بیٹھے رہنا جائز نہیں"۔
یہ سنکر آپ (علم و سیف لیے ہوتے) نکل کھڑے ہوں گے اور اُس وقت خدا کے دشمنوں کو جہاں
بھی پائیں گے قتل کریں گے، حدودِ الٰہی کو قائم کریں گے، احکامِ خدا کو نافذ کریں گے
جبرئیل اُن کے داہنے جانب اور میکائیل بائیں جانب ہوں گے۔ اور جو میں تم سے
کہتا ہوں اسے آئندہ یاد کرو، اگرچہ کچھ دنوں بعد ہی سہی، اور میں اپنا معاملہ تو اللہ
غالب و بزرگ کے ہی سپرد کرتا ہوں۔

اے اُبی! خوش نصیب ہے وہ جو اُس (امام) سے ملاقات کریگا، سعادتمند ہے وہ جو
اُن سے محبّت کریگا، اور خوش قسمت ہے وہ جو اُن کی امامت کا قائل رہے گا،
وہ ہلاکت سے محفوظ رہیگا اور اللہ اور اُس کے رسولؐ اور تمام ائمّہؑ کے اقرار
کیوجہ اللہ عزّ و جلّ اُس کے لیے جنّت کے دروازے کھول دیگا۔ اُن لوگوں کی
مثال روئے زمین پر مشک کے مانند ہوگی جس کی خوشبو دور تک پھیلتی ہے، وہ
کبھی خراب نہیں ہوتی، اور آسمان پر اُن کی مثال چمکتے اور منوّر قمر کی طرح ہے جسکی
روشنی و نور کبھی ماند نہیں پڑتا، نہ بُجھتا ہے۔

اُبی نے عرض کیا: یا رسولؐ اللہ! ان ائمّہ طاہرین کا کچھ حال و اوصاف بیان فرمائیے؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؑ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بارہ صحیفے نازل فرمائے ہیں، اور ہر امام کا جو صحیفہ ہے اُس کے اختتام پر اُس کا نام اور اوصاف مرقوم ہیں۔" (عیون الاخبار)

۵ شبِ معراج امامؑ قائمؑ کا تذکرہ

ابنِ سعید ہاشمی نے فرات سے، اُنھوں نے محمّد بن احمد ہمدانی سے، اُنھوں نے عبّاس بن عبداللہ بخاری سے، اُنھوں نے محمّد بن قاسم بن ابراہیم، سے، اُنھوں نے ہروی سے اور اُنھوں نے حضرت امام علی الرضا علیہ السّلام سے، اور آپؑ نے اپنے آبائے کرام سے روایت کی ہے کہ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا:

"لمّا عرج بی الی السماء نودیت یا محمّد!
فقلتُ: لبّیک ربّی وسعدیک تبارکت وتعالیت۔
فنودیت: یا محمّد! اَنت عبدی وَ اَنا ربّک فایّای فاعبد وعلَیَّ فتوکّل، فانّک نوری فی عبادی ورسولی الی خلقی وحجّتی علیٰ بریّتی لک ولمن تبعک خلقت جنّتی، ولمن خالفک خلقت ناری، ولِاَوصیائک اَوجبت کرامتی ولشیعتهم اوجبت ثوابی۔
فقلت: یاربِّ ومن اَوصیائی؟
فنودیت: یا محمّد! اَوصیاؤک المکتوبون علیٰ ساق عرشی فنظرت فنظرتُ، واَنا بین یدی ربّی جلّ جلاله اِلیٰ ساق العرش فرأیتُ اثنی عشر نورًا فی کلِّ نور سطر اَخضر علیه اسم وصیّ من اوصیائی اَوّلهم علیُّ بن ابی طالبؑ واٰخرهم مهدیُّ اُمّتی۔
فقلتُ: یاربِّ هٰؤلاءِ اَوصیائی بعدی؟
فنودیت: یا محمّد! هٰؤلاءِ اولیائی واَحبّائی واصفیائی وحُجَجی بعدک علیٰ بریّتی وهم اوصیاؤک وخلفاؤک وخیر خلقی بعدک وعزّتی وجلالی لَاُظهرنّ بهم دینی ولاُعلینّ بهم کلمتی ولَاُطهرنّ الارض باٰخرهم من اَعدائی ولَاُملکنّه مشارق الارض ومغاربها، ولَاُسخرنّ له الرّیاح ولَاُذلّلنّ له السّحاب الصعاب، ولَاُرقینّه فی الاَسباب ولَاُنصرنّه بجندی ولَاُمدّنّه بملائکتی حتّیٰ یعلن دعوتی ویجمع

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الخلق علیٰ توحیدی ثمّ لاُدیمنّ ملکہ و لاُداولنّ الاَیّام
بین اولیائی اِلیٰ یوم القیامۃ "۔ (علل الشرائع، عیون الاخبار)

آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: "جب شبِ معراج مجھے آسمان پر لیجایا گیا تو آواز آئی اے محمدؐ!
میں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! میں حاضر ہوں، تری بابرکت اور عالی بارگاہ میں۔
آواز آئی: اے محمدؐ! تم میرے بندے ہو میں تمھارا ربّ ہوں، صرف میری ہی عبادت
کرنا اور مجھ ہی پر توکّل اور بھروسہ کرتے رہنا، (دیکھو!) تم میرے بندوں میں میرے
نور ہو، میری مخلوق کی طرف میرے پیغامبر و فرستادہ ہو، میرے بندوں میں میری
حجّت ہو، میں نے تمھارے اور تمھاری پیروی کرنے والوں کے لیے اپنی جنّت
اور تمھاری مخالفت کرنے والوں کے لیے اپنی جہنّم پیدا کی ہیں، تیرے اوصیاء
کے لیے کرامت اور اُن کے شیعوں کے لیے ثواب مقرّر کیا ہے۔
میں نے عرض کیا: پروردگارا! میرے اوصیاء کون ہیں؟
آواز آئی: اے محمدؐ! تمھارے اوصیاء کے نام ساقِ عرش پر مرقوم ہیں۔
(یہ سنکر) میں نے بارگاہِ پروردگاری میں سامنے کھڑے کھڑے ساقِ عرش پر نظر ڈالی
تو دیکھا کہ اس پر بارہ نور ہیں اور ہر نور میں سبز رنگ کی ایک سطر ہے، اور ہر
سطر میں میرے اوصیاء میں سے ایک وصی کا نام تحریر ہے جنمیں سے پہلا نام
علیؑ ابنِ ابی طالبؑ کا ہے اور آخری نام میری امّت کے امام مہدیؑ کا ہے۔
میں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! کیا یہی میرے بعد میرے اوصیاء ہوں گے؟
آواز آئی: (ہاں) اے محمدؐ! یہی (انوار) میرے اولیاء، میرے حُبدار، میرے برگزیدہ
اور تمھارے بعد میری مخلوق پر میری حجّت ہیں، یہی (انوار) تمھارے بعد
تمھارے جانشین، اور تمھارے خلیفہ و نائب اور مخلوقات میں سب سے بہتر
ہیں۔ میں اپنی عزّت و جلالت کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان ہی کے ذریعے
سے اپنے دین کو غالب اور کلمے کو بلندی و رفعت بخشوں گا، اور ان میں سے
آخری (تاجدارِ وصایت و ولایت) کے ذریعے سے زمین کو اپنے دشمنوں سے
پاک کردوں گا، اور اُس کو زمین کے تمام مشارق و مغارب پر اقتدار عطا کردوں گا
اس کے لیے ہوا کو مسخّر کروں گا، بادلوں کو اس کا مطیع و فرمانبردار بنا دوں گا،
سارے وسائل پر اس کو قابو دوں گا، اپنی فوج سے اس کی نصرت کروں گا، اپنے
فرشتوں سے اسکی مدد کراؤں گا، تاکہ وہ میری طرف لوگوں کو بالاعلان دعوت دے سکے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور میری توحید پر ساری مخلوق کو جمع کر دے گا، میں اُس کی سلطنت کو ہمیشگی اور دوام بخشوں گا اور قیامت تک میرے ان اولیاء کے درمیان یہ سلطنت چلتی رہے گی۔ (علل الشرائع، عیون الاخبار)

۶ امام حسینؑ کے دشمنوں کا قتل

ہمدانی نے علی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ہروی سے روایت کی ہے کہ ایک دفعہ میں نے حضرت ابوالحسن امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ فرزندِ رسولؐ! آپ اس حدیث کے متعلق کیا ارشاد فرماتے ہیں جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ "جب امام قائمؑ ظہور فرمائیں گے تو وہ جنابِ امام حسین علیہ السلام کے قاتلوں کی اولادوں کو اُن کے باپ داداؤں کے جرائم کی پاداش میں قتل کریں گے"؟

آپؑ نے ارشاد فرمایا: ہاں ایسا ہی ہوگا۔

میں نے عرض کیا: مگر اللہ تعالیٰ کا ارشاد تو یہ ہے کہ:

"لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی" (سورۃ الانعام آیت ۱۶۴)

(کوئی ایک دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا)

پھر اس کے کیا معنیٰ؟

آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ہر قول سچا ہے، "بات یہ ہے کہ"

"ولکن ذراری قتلة الحسین علیہ السلام یرضون بفعال اٰبائھم ویفتخرون بھا، "ومن رضیٰ شیئًا کان کمن اٰتاہ ولو اَنّ رجلا قتل بالمشرق فرضی بقتلہ رجل بالمغرب لکان الراضی عند اللہ عزّوجلّ شریک القاتل وانّما یقتلھم القائم علیہ السلام اذا خرج لرضاھم بفعل اٰبائھم"

قال: قلت لہ: بأیّ شیٔ یبدأ القائم منکم اذا قام؟

قال: یبدء ببنی شیبة فیقطع ایدیھم لِاَنّھم سرّاق بیت اللہ عزّوجلّ۔"

آپؑ نے فرمایا "ولیکن امام حسین علیہ السلام کے قاتلوں کی اولادیں اپنے باپ داداؤں کے اُن تمام افعال پر راضی ہوں گی بلکہ اس پر فخر کریں گی۔" اور یہ قاعدہ ہے کہ جو شخص کسی بات پر راضی ہے گویا وہ بھی اس میں شریک ہے، اور یہ اُن کی اولادوں کی بات ہے،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اگر ایک شخص مشرق میں کسی کو قتل کردے اور دوسرا شخص مغرب میں اُس کے قتل پر خوشی و رضامندی کا اظہار کرے تو اللہ کے نزدیک وہ راضی ہونے والا شخص بھی اس کے قتل میں شریک ہے۔ لہٰذا امام قائم علیہ السلام جب ظہور کرینگے تو اُن لوگوں کو اسی لیے قتل کریں گے کہ وہ اپنے باپ داداؤں کے اس فعل پر راضی تھے۔

میں نے عرض کیا: جب امام قائمؑ خروج کریں گے تو آپ سزا دینے کا کام کہاں سے شروع کرینگے؟

آپؑ نے فرمایا: وہ بنی شیبہ سے شروع کریں گے، اُن کے ہاتھ قلم کریں گے، اس لیے کہ وہ لوگ بیت اللہ کے چور ہیں۔" (علل الشرائع۔ عیون الاخبار)

⑦ جفرِ احمر سے مراد؟

حمزہ بن یعلی نے محمدؐ بن فضیل سے، اُنھوں نے ربعی سے، اُنھوں نے رفید غلامِ ابنِ ہبیرہ سے، روایت کی ہے، رفید کا بیان ہے کہ میں نے ایکمرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ سے عرض کیا: فرزندِ رسولؐ! میں آپ پر قربان، کیا امام قائم علیہ السلام بھی اہلِ سواد کے ساتھ وہی برتاؤ کریں گے جو حضرت علی امیرالمومنینؑ ابنِ ابیطالبؑ نے کیا تھا؟

آپ نے فرمایا: "لا، یا رفید اِنَّ عَلِیَّ بن ابی طالبؑ عَلَیْہِ السَّلام سار فی اھل السواد بما فی الجفر الابیض و اِنَّ القائمَ یسیر فی العرب بما فی الجفر الاحمر"

قال: فقلتُ: جعلت فداك وما الجفر الاحمر؟

قال: فاَمَرَّ اَصبعہ علیٰ حلقہ، "فقالؑ: ھٰکذا" یعنی الذّبح۔

ثمّ قالؑ: یا رفید! اِنَّ لِکُلِّ اَھل بیت نجیبًا شاھدًا علیھم شافعًا علیٰ مثالھم"۔

ترجمہ: "فرمایا: نہیں، اے رفید! حضرت علی ابنِ ابی طالبؑ علیہ السلام نے اہلِ سواد کے ساتھ وہ سلوک کیا تھا جو جفرِ ابیض میں تھا۔ امام قائم علیہ السلام عرب کے ساتھ وہ برتاؤ کریں گے جو جفرِ احمر میں ہے۔"

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، جفرِ احمر کیا ہے؟

یہ سنکر آپ نے اپنی انگلی اپنے گلے پر پھیری، اور فرمایا: اس طرح۔

یعنی ذبح کردیں گے۔"

(بصائر الدرجات)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۸ مَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا کی تفسیر

ابی اور ابنِ ولید دونوں نے سعد سے، سعد نے برقی سے، برقی نے ابوزہیر شبیب بن انس سے اور اُنھوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کے بعض اصحاب سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ ابوحنیفہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کے پاس آئے تو امامؑ نے اُن سے دریافت فرمایا کہ بتاؤ اللہ تعالیٰ کے اِس قول "سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ" (سبا آیت ۱۸) کا کیا مطلب ہے؟ اور زمین پر وہ خطّہ کہاں ہے؟

ابوحنیفہ نے کہا: میرا خیال ہے کہ مکّہ و مدینہ کے درمیان کا خطّہ ہے (جسمیں لوگ دن رات امن سے گذرتے ہیں۔

یہ سنکر امام جعفر صادق علیہ السّلام اپنے اصحاب کی طرف متوجّہ ہوئے اور فرمایا: تم لوگ بھی جانتے ہو کہ مکّہ اور مدینہ کے درمیان لوگ راستے میں لوٹ لیے جاتے ہیں، اُن کے اسباب چھین لیے جاتے ہیں اور اُن کی جان کا خطرہ رہتا ہے بلکہ بعض بعض تو قتل بھی کر دیے جاتے ہیں؟

اصحاب نے کہا: جی ہاں، ایسا تو برابر ہوتا ہے۔

یہ سنکر ابوحنیفہ خاموش رہے، امام جعفر صادق علیہ السّلام نے پھر فرمایا: اے ابوحنیفہ! اچھا یہ بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ کے اِس قول: کا کیا مطلب ہے؟:

"وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا" (آلِ عمران ۹۷)

(اور جو اسمیں داخل ہوا وہ امن میں ہے)

وہ کونسا مقام ہے کہ کوئی اس میں داخل ہو تو اس کے لیے امن ہے؟

ابوحنیفہ نے کہا: خانۂ کعبہ۔

امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: کیا تمھیں معلوم ہے کہ جس وقت عبداللہ بن زبیر نے خانۂ کعبہ میں پناہ لی تو حجّاج بن یوسف نے منجنیق سے سنگباری کر کے کعبہ کی بیحرمتی کی اور عبداللہ بن زبیر کو قتل کر دیا، کیا وہاں ابنِ زبیر کو امن ملا؟

یہ سنکر ابوحنیفہ خاموش ہو گئے۔ جب ابوحنیفہ وہاں سے اُٹھ کر چلے گئے تو ابوبکر حضرمی نے عرض کیا میں آپ پر قربان، ان دونوں کا کیا جواب ہے؟

آپؑ نے فرمایا: یا ابابکر "سِيْرُوْا ..... اٰمنين" فقالَ: مع قائمنا اهل البيت "جو ہم اہلِ بیت کے قائمؑ کیساتھ چلے گا وہ امن میں ہوگا۔ اور "وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا" سے مراد۔ جو اُنکی بیعت کریگا، اُنکے حلقے میں داخل ہوگا اُنکے اصحاب میں شامل ہوگا وہ امن کے ساتھ رہے گا۔ (علل الشرائع)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

⑨ حضرت محمدؐ رحمت ہیں اور قائمؑ نقمت

ماجیلویہ نے اپنے چچا سے، اُنھوں نے برقی سے، برقی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمد بن سلیمان سے، اُنھوں نے داؤد بن نعمان سے، اُنھوں نے عبدالرحیم قصیر سے روایت کی ہے اُنکا بیان ہے کہ مجھ سے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے ایکمرتبہ فرمایا کہ:

" امّا لو قام قائمنا لقد ردّت اِليه فُلانة حتّى يجلدها الحدّ وحتّى ينتقم لابنة محمّد فاطمة منها۔

قلت: جعلت فداك ولم يجلدها الحدّ؟

قال: لفريتها على اُمّ ابراهيم صلى الله عليه۔

قلت: فكيف اَخّره الله للقائم عليه السلام؟

فقال له: اِنّ الله تبارك وتعالى بعث محمّداً صلى الله عليه وآله رحمة وبعث القائم عليه السلام نقمة "

ترجمہ: " جب ہمارا قائم قیام کرے گا تو فُلانہ اُن کے پاس لوٹائی جائے گی تاکہ وہ اُس کو کوڑے لگائیں اور فاطمہؑ بنتِ محمدؐ کا انتقام لیں۔

میں نے عرض کیا: سزا میں اُس کو کوڑے کیوں لگائیں گے؟

آپؑ نے فرمایا: اُس لیے کہ اُس نے اُمِّ ابراہیم پر جھوٹ اور افترا کیا تھا۔

میں نے عرض کیا: پھر اللہ نے اُس کی سزا کو مؤخر کیوں کردیا؟

آپؑ نے فرمایا: اُس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رحمت کے لیے مبعوث فرمایا تھا اور امامِ قائم علیہ السلام کو نقمت کے لیے۔" (علل الشرائع)

⑩ امامِ قائمؑ وارثِ انبیاءؑ ہیں

ابی نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے منصور بن یونس سے، اُنھوں نے ابوخالد کابلی سے روایت کی ہے ابوخالد کابلی کا بیان ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

" والله لكاَنّي انظر الى القائم عليه السلام وقد اسند ظهره الى الحجر ثمّ ينشد الله حقّه ثمّ يقول:

يقول القائم: اَيّها النّاس من يحاجّني في الله فاَنا اولى بالله۔

ايّها النّاس من يحاجّني في اٰدم فاَنا اولى باٰدم۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اَیُّھا النّاس ! مَن یحاجّنی فی نوحٍ فاَنا اَولیٰ بِنوحٍ
اَیُّھا النّاس ! مَن یحاجّنی فی ابراھیم فاَنا اَولیٰ بابراھیم
اَیُّھا النّاس ! مَن یحاجّنی فی موسیٰ فاَنا اَولیٰ بموسیٰ
اَیُّھا النّاس ! مَن یحاجّنی فی عیسیٰ فاَنا اَولیٰ بعیسیٰ
اَیُّھا النّاس ! مَن یحاجّنی فی محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم
فاَنا اَولیٰ بمحمّد ، اَیُّھا النّاس ! مَن یحاجّنی فی کتاب اللہ فاَنا اولیٰ بکتاب اللہ۔

ثمّ ینتھی الی المقام فیصلّی رکعتین و ینشد اللہ حقّہ۔

ثمّ قال ابوجعفر علیہ السّلام : ھو واللہ المضطرّ فی کتاب اللہ فی قولہ :

(الاٰیۃ) " اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ وَیَجْعَلُکُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ط (سورۃ النمل آیت ۶۲)

فیکون اَوّل من یبایعہ جبرئیل ثمّ الثّلاث مائۃ والثّلاثۃ عشر، فمن کان ابتلی بالمسیر وافی، ومن لم یبتل بالمسیر فُقد عن فراشہ ، وھو قول اَمیر المؤمنین صلوات اللہ علیہ : " ھم المفقودون عن فرشھم " وذالک قول اللہ عزّوجلّ :

(الاٰیۃ) " فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرَاتِ ط اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰہُ جَمِیْعًا "

قال ع : الخیرات : الولایۃ۔

وقال فی موضع اٰخر :

الاٰیۃ) " وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْھُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓی اُمَّۃٍ مَّعْدُوْدَۃٍ " (ھود آیت ۸)

وھم واللہ اصحاب القائم علیہ السّلام یجتمعون واللہ الیہ فی ساعۃ واحدۃ فاذا جاء الی البیداء یخرج الیہ جیش السفیانی فیامر اللہ الارض فتاخذ باقدامھم وھو قولہ :

(الاٰیۃ سورۃ السبا ۵۱ تا ۵۴) " وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّکَانٍ قَرِیْبٍ ۙ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِہٖ ج (یعنی القائم من اٰل محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ) وَاَنّٰی لَھُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّکَانٍۢ بَعِیْدٍ ج وَقَدْ کَفَرُوْا بِہٖ مِنْ قَبْلُ ج وَیَقْذِفُوْنَ بِالْغَیْبِ مِنْ مَّکَانٍۢ بَعِیْدٍ ۔ وَحِیْلَ بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ مَا یَشْتَھُوْنَ (یعنی اَلّا یعذّبوا) کَمَا فُعِلَ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بِاَشْیَاعِھِمْ مِّنْ قَبْلُ (یعنی من کان قبلہم ھلکوا) اِنَّھُمْ کَانُوْا فِیْ شَکٍّ مُّرِیْبٍ۔" (سورۃ السبا آیت ۵۱ تا ۵۴)

(تفسیر علی بن ابراہیم)

آپ نے فرمایا "خدا کی قسم! گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائمؑ اپنی پشت حجرِ اسود سے لگائے ہوئے کھڑے ہیں اور لوگوں کو اللہ کے حق کا واسطہ دیتے ہیں اور کہتے ہیں

★ اے لوگو! جو شخص مجھ سے اللہ کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کروں گا کہ میں اللہ کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں۔

★ اے لوگو! جو شخص مجھ سے حضرت آدمؑ کے بارے میں بحث کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں آدمؑ کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں۔

★ اے لوگو! جو شخص مجھ سے حضرت نوحؑ کے بارے میں بحث کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں حضرت نوحؑ کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں۔

★ اے لوگو! جو شخص مجھ سے حضرت ابراہیمؑ کے بارے میں بحث کرے گا تو میں ثابت کرونگا کہ میں حضرت ابراہیمؑ کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں۔

★ اے لوگو! جو شخص مجھ سے حضرت موسیٰؑ کے بارے میں بحث کرے گا تو میں ثابت کرونگا کہ میں حضرت موسیٰؑ کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں۔

★ اے لوگو! جو شخص مجھ سے حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں بحث کرے گا تو میں ثابت کرونگا کہ میں حضرت عیسیٰؑ کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں۔

★ اے لوگو! جو شخص مجھ سے حضرت محمدؐ کے بارے میں بحث کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں حضرت محمدؐ کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں۔

★ اے لوگو! جو شخص مجھ سے اللہ کی کتاب (قرآن مجید) کے بارے میں بحث کرے گا تو میں ثابت کروں گا کہ میں اللہ کی کتاب کا تمام لوگوں میں سب سے زیادہ حقدار ہوں۔

اس کے بعد آپ مقام حضرت ابراہیمؑ کے پاس جاکر دو رکعت نماز ادا کریں گے اور لوگوں کو اللہ کے حق کی قسم دیں گے۔

پھر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا قول ہے: "اَمَّنْ ..... الارض" (ترجمہ آیت): "بھلا وہ کون ہے جو مضطر و پریشان کی دعاء کو قبول کرتا ہے جب وہ اُسے پکارتا ہے اور مصیبت کو دفع کرتا ہے اور جو تم کو زمین پر جانشین بناتا ہے"۔ ؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"اس آیت میں خدا کی قسم "مضطر" سے مراد امام قائمؑ کی ذات ہے۔"
پھر سب سے پہلے حضرت جبرئیلؑ ان کی بیعت کریں گے اِس کے بعد تین سو تیرہ اشخاص بیعت کریں گے۔ کچھ لوگ خود سے چل کر پہونچیں گے اور کچھ راتوں رات اپنے بستروں سے غائب ہو جائیں گے، اور انھیں لوگوں کے متعلق حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ: "یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے بستروں سے غائب ہو جائیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ کا قول ہے:

(ترجمۂ آیت) "پس تم نیکیوں میں سبقت کرو، جہاں کہیں بھی تم ہو، اللہ تم سب کو جمع کر کے لے آئے گا۔" (بقرہ ۱۴۸)

آپؑ نے فرمایا: اس آیت میں خیرات سے مراد ولایت ہے۔
نیز دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

(ترجمۂ آیت) "اور اگر ہم اُن سے ایک معیّن مدّت تک عذاب کو ملتوی کر دیں۔۔۔" (سورۂ ہودؑ ۸)

اس آیت میں بخدا امّۃ معدودۃ سے مراد اصحاب امام قائمؑ ہیں جو ایک ساعت میں آپ کے پاس جمع ہو جائیں گے۔
پھر جب وہاں سے چلکر اپنے اصحاب کے ساتھ آپؑ بیداء (بیاباں) میں آئیں گے تو سفیانی ان پر خروج کرے گا، اور (اُس وقت) اللہ تعالیٰ زمین کو حکم دیگا کہ "ان لوگوں کو پیروں کی طرف سے (شق ہو کر) لے لے۔ (نگل لے)۔
(اور سفیانی کا لشکر زمین میں سما جائے گا) اسی کے متعلق اللہ کا قول ہے:

ترجمۂ آیات: "اور کاش کہ تم دیکھتے اُن (اہلِ باطل) کو جبکہ وہ گھبرائے ہوئے ہوں گے اور کوئی جائے فرار نہ پائیں گے اور قریب ہی سے لے لیے (نگل لیے) جائیں گے اور وہ کہتے ہوں گے کہ ہم اس (حق والے گروہ) پر ایمان لے آئے (یعنی قائم آل محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ پر) مگر اب دور مقام سے اُن کی اُس تک رسائی کیسے ممکن ہے، جبکہ وہ پہلے اُس کا انکار کرتے رہے اور دور ہی بیٹھے غیب کے متعلق بلا تامّل اٹکل سے باتیں بناتے رہے۔ اور ان لوگوں کے مابین اور ان چیزوں کے درمیان جن کی وہ خواہش کرتے تھے ایک آڑ قائم کر دی جائیگی (یعنی عذاب کی آڑ) جسطرح اُن سے قبل اُنہی جیسے گروہوں کے ساتھ کیا گیا تھا۔ (یعنی جو لوگ اِن سے پہلے ہلاک کر دیے گئے) بلاشبہ وہ پریشان کُن شک میں مبتلا تھے۔" (ترجمہ سورہ سبا ۳۴ آیت ۵۱ تا ۵۴)

(سورۂ سبا آیت ۵۱ تا ۵۴)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱) حکومتِ امامِ قائمؑ کی اک جھلک

کتاب "الخصال" میں ہے کہ: حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"بنا یفتح اللہ وبنا یختم اللہ وبنا یمحو ما یشاء وبنا یثبت و بنا یدفع اللہ الزمان الکلب، وبنا ینزل الغیث، فلا یغرنکم باللہ الغرور، ما انزلت السماء قطرۃ من ماء منذ حسبہ اللہ عزوجل ولو قد قام قائمنا لانزلت السماء قطرھا ولاخرجت الارض بناتھا ولذھبت الشحناء من قلوب العباد واصطلحت السباع والبھائم حتی تمشی المرأۃ بین العراق الی الشام، لا تضع قدمیھا الا علی النبات وعلی راسھا زنبیلھا لا یھیجھا سبع لا تخافہ۔"

ترجمہ: "ہم لوگوں سے ہی اللہ نے ابتداء کی ہے اور ہم پر ہی اللہ تعالیٰ ختم فرمائیگا اللہ تعالیٰ ہمارے ذریعے سے ہی جو چاہتا ہے محو فرماتا ہے اور ہمارے ہی واسطے سے اللہ جو باقی رکھتا ہے (تحریر کرتا ہے) اللہ تعالیٰ ہم لوگوں کے واسطے سے قحط سالی دور کر دیتا ہے اور ہمارے واسطے سے ہی اللہ تعالیٰ پانی برساتا ہے۔ دیکھو فریب میں مبتلا نہ رہو، جب سے اللہ نے روکدیا ہے آسمان نے ایک قطرہ پانی نہیں برسایا، ہاں، مگر ہمارا قائم جب قیام کریگا تو آسمان پانی بھی برسائے گا اور زمین اپنے پودے بھی اگائے گی، بندوں کے دلوں سے کینہ و دشمنی بھی دور ہوگی، درندوں اور چوپاؤں میں صلح و آشتی بھی پیدا ہو جائے گی۔ اور ایسا امن و امان کا دور ہوگا، ایسی سرسبزی و شادابی کا عہد ہوگا کہ اگر کوئی عورت اپنی ٹوکری سر پر رکھے ہوئے عراق سے شام کی طرف روانہ ہو تو اس کے قدموں کے نیچے سبزہ ہی سبزہ ہوگا اور وہ بیخوف چلی جائے گی کوئی درندہ بھی اُس کو نہ ستائے گا۔ (الخصال)

(۱۲) ہمارے شیعوں کی ساری مصیبتیں ختم ہو جائینگی

ابنِ ولید نے صفّار سے، اُنھوں نے حسن بن علی بن عبداللہ بن مغیرہ سے، اُنھوں نے عباس بن عامر سے، اُنھوں نے ربیع بن محمدؐ سے، اُنھوں نے حسن بن ثویر بن ابی فاختہ سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے حضرت امام علی بن حسینؑ علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"قال ؑ : " اذا قام قائمنا اذهب الله عزّ وجلّ عن شيعتنا العاهة وجعل قلوبهم كزُبر الحديد وجعل قوّة الرّجل منهم قوّة اربعين رجلاً ويكونون حكّام الارض وسنامها " (الخصال)

آپ نے فرمایا: "جب ہمارا قائم اُٹھ کھڑا ہوگا تو اللہ برتر و بزرگ ہمارے شیعوں کی ساری مصیبتیں دور کر دے گا اُن کے دل فولاد کے مانند ہو جائیں گے۔ ایک ایک شخص میں چالیس چالیس آدمیوں کی طاقت آجائے گی اور روئے زمین پر وہی حاکم ہوں گے۔"

(۱۴) فضائلِ مسجدِ سہلہ اور امام قائم ؑ کا قیام

شیخ صدوقؒ نے محمّد بن علی بن مفضّل سے، اُنھوں نے احمد بن محمّد بن عمّار سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے حمدان فلانسی سے، اُنھوں نے محمّد بن جمہور سے، اُنھوں نے مریم بن عبداللہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق صلوات اللہ علیہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قال ؑ : يا ابامحمّد (ابي بصير) كاني ارى نزول القائم في مسجد السّهلة باهله وعياله -

قلتُ : يكون منزله ؟

قال ؑ : نعم، هو منزل ادريس ؑ وما بعث الله نبيّاً الّا وقد صلّى فيه والمقيم فيه كالمقيم في فسطاط رسول الله صلّى الله عليه وآله وما من مؤمن ولا مؤمنة الّا وقلبه يحنّ اليه وما من يوم ولا ليلة الّا والملائكة يأوون اليه هذا المسجد، يعبدون الله فيه يا ابامحمّد ! اما اني لو كنت بالقرب منكم ما صلّيت صلاة الّا فيه ثمّ اذا قام قائمنا انتقم الله لرسوله ولنا اجمعين " (قصص الانبياء)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "اے ابومحمّد! گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم ؑ مسجدِ سہلہ میں مع اپنے اہل و عیال کے وارد ہوئے ہیں۔

میں نے عرض کیا: کیا مسجدِ سہلہ میں اُن کی منزل و جائے قیام ہوگی ؟

آپ ؑ نے فرمایا: ہاں، یہ مقام حضرت ادریس ؑ کی بھی منزل و جائے قیام رہ چکا ہے۔ اللہ تعالےٰ نے جس نبی کو بھی مبعوث فرمایا اُس نے اس مسجد میں نماز پڑھی ہے۔ اِس میں قیام

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے خیمۂ اقدس میں قیام کیا ہو۔ ہر مومن اور ہر مومنہ کا دل اس مسجد کی طرف رجوع ہوتا ہے۔ نیز ہر دن اور ہر رات اس مسجد میں ملائکہ آتے ہیں اور اس میں عبادت کرتے ہیں۔ اے ابو محمدؑ! اگر میں تم لوگوں کے قرب وجوار میں رہتا تو اس مسجد کے سوا کسی اور جگہ ایک نماز بھی نہ پڑھتا۔ پھر یہ کہ جب ہمارا قائم قیام کرے گا (اٹھ کھڑا ہوگا) تو وہ دنیا والوں سے (خدا و رسولؐ کے دشمنوں سے) اللہ کا اور اس کے رسولؐ کا اور ہمارا انتقام لیگا۔"

(قصص الانبیاء)

(۱۴) شیبہ کی اولاد پر حدِ سرقہ جاری ہوگی

اَبی نے سعد سے، اُنھوں نے احمد بن محمدؒ سے، اُنھوں نے علی بن حسن تیمی سے، اُنھوں نے اپنے بھائیوں محمدؒ و احمد سے، اُنھوں نے علی بن یعقوب ہاشمی سے، اُنھوں نے مروان بن مسلم سے، اُنھوں نے سعید بن عمر جعفی سے، اُنھوں نے اہلِ مصر میں سے ایک شخص سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

قالؑ: "اَمَا اِنَّ قائمنا لو قد قام لقد اخذ بنی شیبة و قطع اَیدیہم وطاف بہم، وقال: ھٰؤلاء سرّاق اللہ (علل الشرائع)

آپؑ نے فرمایا: جب ہمارا قائم قیام کرے گا (اٹھ کھڑا ہوگا) تو اولادِ شیبہ کو گرفتار کر کے ان کے ہاتھ کاٹے گا اور انھیں بازاروں میں گھمائے گا اس لیے کہ یہ لوگ اللہ کے چور ہیں۔"

(۱۵) امامِ قائمؑ کی ہمراہی میں فضیلتِ جہاد

شیخ مفیدؒ نے ابنِ قولویہ سے، اُنھوں نے کلینیؒ سے، اُنھوں نے علی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے یقطینی سے، اُنھوں نے یونس سے، اُنھوں نے عمرو بن شمر سے، اُنھوں نے جابرؒ سے اُنھوں نے حضرت ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

قالؑ: "من اَدرک قائمنا فقتل معہ کان لہ اَجر شہیدین و من قتل بین یدیہ عدوًّ النا کان لہ اَجر عشرین شہیدًا"

آپؑ نے فرمایا: جس شخص کو ہمارے قائم کا عہد ملے اور اُن کی ہمراہی میں قتل ہو جائے تو اُسے دو شہیدوں کا ثواب ملے گا اور جو شخص امام قائمؑ کے ہمراہ ہمارے کسی ایک دشمن کو بھی قتل کرے گا اس کو بیس شہیدوں کا اجر ملے گا۔" (امالی شیخ مفیدؒ)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۶) امامِ قائمؑ اور علمِ کتاب و سنّت

قال ابوجعفر علیہ السّلام " اِنَّ العلم بکتاب اللہ عزّوجلّ وسنّۃ نبیّہ صلّی اللہ علیہ وآلہ لینبت فی قلب مہدیّنا کما ینبت الزّرع علی احسن نباتہ ، فمن منکم حتّی یراہ فلیقل حین یراہ " اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ بَیْتِ الرَّحْمَۃِ وَالنُّبُوَّۃِ وَ مَعْدِنَ الْعِلْمِ وَمَوْضِعَ الرِّسَالَۃِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَقِیَّۃَ اللّٰہِ فِیْ اَرْضِہٖ ۔ " (کتاب العدد)

ترجمہ : " حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا : بلاشبہ اللہ کی کتاب اور سنّتِ نبی اللہ ؐ کا علم ہمارے قائم کے دل میں اس طرح روئید ہوگا (اُگے گا) جسطرح کوئی بہت عمدہ زراعت اُگتی ہے ۔ اگر تم میں سے کوئی شخص اُس وقت باقی رہے اور اُنھیں دیکھے تو یہ کہے :

(ترجمۂ سلام) سلامتی (نازل) ہو آپ کے اوپر اے اہلِ بیتِ رحمت و نُبوّت اور علم کے ذخیرے (کان) اور رسالت کی جگہ و مقام ، سلامتی ہو آپ کے اوپر اے اللہ کے بقیّہ اس کی زمین میں ۔ " (کتاب العدد)

(۱۷) احادیثِ ائمّہؑ صعب و مستصعب ہوتی ہیں

احمد بن محمّد نے جعفر بن محمّد کوفی سے ، اُنھوں نے حسن بن حمّاد طائی سے ، اُنھوں نے سعد سے ، اور سعد نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ :

قالؑ : " حدیثنا صعب مستصعب لا یحتملہ اِلّا مَلَکٌ مقرّبٌ اَوْ نبیٌّ مُرسَلٌ اَوْ مؤمنٌ ممتحن او مدینۃ حصینۃ " فاذا وقع امرنا وجاء مہدیّنا کان الرّجل من شیعتنا اَجرٰی من لیث واَمضٰی من سنان یطأ عدوّنا برجلیہ ویضربہ بکفّیہ ، وذلک عند نزول رحمۃ اللہ وفرجہ علی العباد ۔ "

ترجمۂ روایت (بصائر الدرجات)

آپ نے فرمایا " ہماری احادیث مشکل ہی نہیں بلکہ بہت ہی مشکل ہیں (جن کا سمجھنا مشکل ترین امر ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ان کو برداشت کرنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں ہے) ان کا متحمّل سوائے مقرّب فرشتے ، نبیٔ مرسل یا وہ مومن ہوسکتا جس (کے قلب) کی آزمائش (اللہ نے ایمان کے ذریعے) کرلی ہو۔ اِن کے علاوہ دوسرا متحمّل نہیں ہوسکتا۔ (سُنو!) جب ہماری حکومت ہوگی اور ہمارا مہدیؑ ظہور کریگا تو ہمارے شیعوں میں سے ہر شخص شیر سے زیادہ جرأتمند ، نیزے سے زیادہ تیز ہوگا جو ہمارے دشمنوں کو اپنے پاؤں تلے کچل دیگا اور اپنے ہاتھوں سے پیٹے گا اور یہ اسوقت ہوگا جب اللہ کی رحمت نازل ہوگی اور بندوں پر فرج وکشادگی کے باب کھلیں گے ۔" (بصائرالدرجات)

(۱۸) امام قائمؑ جفرِ احمر پر عمل کریں گے

احمد بن محمدؒ نے ابنِ سنان سے ، اُنھوں نے ابوہبیرہ کے غلام رفید سے اور رفید نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ آپؑ نے مجھ سے ارشاد فرمایا :

قالؑ " یا رفید! کیف انت اذا رأیت اصحاب القائمؑ قد ضربوا فساطیطھم فی مسجد الکوفۃ ، ثمّ اخرج المثال الجدید علی العرب شدید ۔

قال ، قلتُ : جعلت فداک ما ھو؟

قالؑ : الذّبح ۔

قال ، قلتُ : بأیّ شیءٍ یسیر فیھم بما سار علیؑ بن ابی طالبؑ علیہ السّلام فی اھل السّواد ؟

قالؑ : لا ۔ یا رفید! اِنّ علیاًؑ سار بما فی الجفر الابیض وھو الکفّ ، وھو یعلم انّہ سیظھر علی شیعتہ من بعدہ ، و انّ القائمؑ یسیر بما فی الجفر الاحمر وھو الذّبح وھو یعلم انّہ لا یظھر علی شیعتہ ۔

آپ نے فرمایا : " اے رفید! اُس وقت تیرا (تم لوگوں) کا کیا حال ہوگا ، جب تو دیکھے گا کہ اصحابِ قائم علیہ السّلام نے اپنے خیمے مسجد کوفہ میں لگاتے ہیں ، پھر وہ ایک مثال جدید نکالیں گے جو اہلِ عرب پر بہت سخت ہوگی ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان وہ کیا ہے ؟

آپ نے فرمایا: ذبح۔

میں نے عرض کیا: کیا وہ اُن لوگوں کے ساتھ حضرت علیؑ ابنِ ابی طالبؑ کی سیرت پر عمل کریں گے ؟

آپ نے فرمایا: نہیں، اے رفید! حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ نے جو کچھ جفرِ ابیض میں تھا اس پر عمل کیا، اور وہ عمل تلوار کو روک لینا تھا۔ حالانکہ وہ جانتے تھے کہ وہ میرے بعد میرے شیعوں پر کیا کیا ظلم وستم کرے گا اور امام قائم علیہ السلام ان لوگوں کے ساتھ وہ سلوک کریں گے جو جفرِ احمر میں ہے اور وہ "ذبح" ہے، کیونکہ وہ جانتے ہوں گے کہ اب یہ ہمارے شیعوں پر کوئی زیادتی نہ کر سکے گا۔ (بصائر الدرجات)

(۱۹) امام قائمؑ کے پاس عصائے موسیٰؑ ہے

سلمہ بن خطّاب نے عبداللہ بن محمّد سے، اُنھوں نے منیع بن حجّاج بصری سے، اُنھوں نے مجاشع سے، اُنھوں نے معلّیٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن فیض سے، اُنھوں نے محمّد بن امام محمّد باقر بن امام علیؑ علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قالؑ: "کان عصیٰ موسیٰؑ لآدمؑ، فصارت الیٰ شعیبؑ، ثمّ صارت الیٰ موسیٰؑ بن عمرانؑ وانّما لعندنا، وانّ عهدی بها انفاً وهی خضراء کهیئتها حین انتزعت من شجرها، وانّها لتنطق اِذا استنطقت، اُعدّت لقائمنا لیصنع کما کان موسیٰؑ یصنع بها، وانّها لتروع وتلقف ما یأفکون وتصنع کما تؤمر، وانّها حیث اَقبلت تلقف ما یأفکون تفتح لها شفتان اِحداهما فی الارض والاخریٰ فی السّقف وبینهما اربعون ذراعاً وتلقف ما یأفکون بلسانها۔" (اکمال الدین)

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: "حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جو عصا تھا وہ حضرت آدمؑ کا تھا، پس اُن سے وہ عصا حضرت شعیب علیہ السلام تک پہونچا، پھر وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ملا اور اب وہ عصا ہمارے پاس ہے اور اب تک ایسا ہی سرسبز ہے گویا ابھی درخت سے توڑا گیا ہے، جب اس سے کلام کرنے کو کہا جاتا ہے تو کلام بھی کرتا ہے۔ یہ ہمارے قائم علیہ السلام کے لیے رکھا ہوا ہے تاکہ وہ اس سے وہی کام لیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے لیا تھا اور وہ اس

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کو جو حکم دیں گے وہ اس پر عمل کرے گا، اور جب وہ آگے بڑھے گا تو جتنی بھی کرشمہ سازیاں ہوں گی سب کو ہڑپ کر جائے گا، اس کے دو ہونٹ اس قدر بڑے ہیں کہ جب وہ منھ کھولتا ہے تو ایک لب زمین پر اور دوسرا چھت پر ہوتا ہے ان دونوں لبوں کا درمیانی فاصلہ چالیس ذراع[1] (ہاتھ) ہو جاتا ہے اور جو چیز مقابلے آئے گی سب کو نگل لے گا۔" (بصائر الدرجات)

"

★ اَبی نے محمد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے سلمہ سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔ (اکمال الدین)

(۲۰) آنحضرتؐ کی زرہ امام قائمؑ کے جسم پر ہوگی

ابراہیم نے برقی سے، اُنھوں نے بزنطی وغیرہ سے، اُنھوں نے ابوایوب خزّاز سے، ابوایوب نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے اُن جناب سے عرض کیا: (فرزندِ رسولؐ!) میں آپ پر قربان ہو جاؤں، میری دلی تمنّا ہے کہ ذرا میں آپ کے سینۂ مبارک و مقدّس کو مَس کروں۔

آپؑ نے ارشاد فرمایا: "کر لو"

اجازت پاکر (بڑی مسرّت سے) میں نے اُن جناب کے سینۂ اقدس اور دوشِ مبارک کو مَس کیا۔

آپؑ نے ارشاد فرمایا: مگر اے ابومحمدؑ! اس کی کیا حاجت تھی؟

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، میں نے آپؑ کے پدرِ گرامی قدر کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ امامِ قائمؑ کا سینۂ مبارک کشادہ ہوگا، دونوں کاندھوں کے درمیان کی کشادگی کافی ہوگی۔

آپؑ نے ارشاد فرمایا: اے ابومحمدؑ! میرے پدرِ عالی قدر نے حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زرہِ مبارک زیبِ تن فرمائی تو وہ زمین تک لٹک آئی، پھر میں نے پہنی تو میرے لیے بھی ایسی ہی ثابت ہوئی۔ اب وہ زرہ امام قائمؑ کے لیے محفوظ ہے اور وہ اُن کے جسم پر اسی طرح ٹھیک آئے گی جس طرح حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے جسمِ مطہّر پر ٹھیک تھی۔ (علاوہ ازیں یہ کہ میرا سن چالیس سال سے زائد ہو چکا ہے) جبکہ امام قائمؑ وہ ہوں گے جن کا سن چالیس سال سے زیادہ کا نظر نہ آئے گا۔

(عربی متن یہ ہے) فقالؑ: یا ابا محمد! انّ اَبی لبس درع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وکانت تسحب علی الارض وانّی لبستہا فکانت وکانت وانّہا تکون من القائمؑ

[1] کہنی سے بیچ کی اُنگلی تک، کو ذراع۔ یا ہاتھ کہتے ہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کما کانت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ مشمرۃ کانہ ترفع نطاقہا بحلقتین، ولبس صاحب ھذا الامر من جاز اربعین "

(بصائر الدرجات)

(۲۱) امام قائمؑ حضرت داؤدؑ کے مانند مقدمات کے فیصلے کیا کریں گے

عبداللہ بن جعفر نے محمد بن عیسیٰ سے اُنھوں نے یونس سے، اُنھوں حریز سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقول: "لن تذھب الدنیا حتی یخرج رجل منا اھل البیت یحکم بحکم داؤد وآل داؤدؑ لا یسأل الناس بینۃ" (بصائر الدرجات)

آپؑ نے فرمایا: "دنیا اُس وقت تک ختم نہ ہوگی جبتک کہ ہم اہل بیت میں سے ایک ایسا مرد (نہ پیدا ہو جائے) خروج نہ کرے جو حضرت داؤدؑ اور آلِ داؤد علیہ السلام کی طرح فیصلے نہ کرے، وہ کسی مقدمے میں کسی سے ثبوت طلب نہ کرے گا۔ (ہر شخص کا فیصلہ اپنے علم کی بنیاد پر کرے گا۔) (بصائر الدرجات)

(۲۲) امام زمانہؑ کے فیصلے

احمد بن محمد نے ابن سنان سے، اُنھوں نے ابان سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا: "لا یذھب الدنیا حتی یخرج رجل منی یحکم بحکومۃ آل داؤدؑ لا یسأل عن بینۃ، یعطی کل نفس حکمھا"

"دنیا اُس وقت تک ختم نہ ہوگی جبتک کہ ہم میں سے ایک ایسا مرد نہ پیدا ہو جائے جو آل داؤدؑ کی حکومت کی طرح حکومت نہ کرے، وہ کسی بھی مقدمے میں کسی سے ثبوت طلب نہ کرے گا، بلکہ ہر شخص کا فیصلہ خود (اپنے علم) سے کرے گا۔" (بصائر الدرجات)

(۲۳) وہ ابوالخطاب ہی ہو سکتا ہے؟

محمد بن حسین نے صفوان بن یحییٰ سے، اُنھوں نے ابوخالد قماط سے، اُنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حمران بن اعین سے روایت کی ہے، حمران کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا آپ لوگ انبیاء ہیں ؟

قالؑ: "لا۔" قلتُ: فقد حدّثنی من لا اتّہم انّکُ قلتَ: انّکم انبیاء؟

قالؑ: من ھو ابوالخطّاب ؟ قال قلتُ: نعم"

قالؑ: کنتَ اذاً اھجر ؟ قال قلتُ: فبما تحکمون ؟

قالؑ: نحکم بحکم آلِ داؤدؑ

آپؑ نے فرمایا: "نہیں۔" میں نے عرض کیا: مگر میں نے ایک معتبر شخص سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ آپ لوگ انبیاء ہیں ؟

آپؑ نے فرمایا: "وہ ابوالخطّاب ہوگا (جس نے یہ حرکت کی ہے) ؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ (اُسی نے کہا ہے)

آپؑ نے فرمایا: اِسی لیے تم بھی بَدیان بکنے لگے۔

میں نے عرض کیا: پھر آپ حضرات فیصلے کس بِناء پر کرتے ہیں ؟

آپؑ نے فرمایا: "جس بِناء پر آلِ داؤدؑ فیصلے کیا کرتے تھے اُسی بِناء پر ہم بھی فیصلے کرتے ہیں۔"

(۲۴) امام زمانہؑ انبیاءؑ کی طرح فیصلے کرینگے

محمد بن عیسیٰ نے محمد بن اسماعیل سے، اُنھوں نے منصور بن یونس سے، اُنھوں نے فضیل الاعور سے، اُنھوں نے ابوعبیدہ سے، ابوعبیدہ نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "اِذا قام قائمُ آلِ محمدؐ حکم بحکم داؤدؑ و سلیمانؑ لا یسأل النّاس بیّنۃ"

آپؑ نے فرمایا: "جب (حضرت) قائمِ آلِ محمدؐ ظہور و قیام کریں گے تو وہ بھی حضرت داؤدؑ اور (حضرت) سلیمانؑ کی طرح (مقدّمات کا) فیصلہ کریں گے اور کسی مقدّمے میں کسی سے ثبوت طلب نہیں کریں گے۔" (بصائر الدرجات)

(۲۵) امام قائمؑ فصلُ الخطاب

حسن بن ظریف سے روایت ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایکمرتبہ حضرت ابومحمدؑ امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت میں ایک خط لکھا اور دریافت کیا کہ جب حضرت

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام قائم علیہ السّلام ظہور فرمائیں گے تو آپؑ لوگوں کے فیصلے کس بنیاد پر کیا کریں گے ؟ اور ارادہ کیا تھا کہ چوتھیہ بخار کے لیے بھی دریافت کروں گا، مگر بھول گیا۔

جواب آیا: " سألت عن الامام، فاذا قام بقضی بین النّاس بعلمہ کقضاءِ داؤد علیہ السّلام لا یسأل البیّنۃ "

ترجمہ: " تم نے امام قائم علیہ السّلام کے متعلق دریافت کیا ہے۔ تو سنو! جب آپ ظہور کریں گے تو لوگوں کے فیصلے اپنے علم کی بناء پر کیا کریں گے جس طرح حضرت داؤد علیہ السّلام فیصلے کرتے تھے، اور آپ کسی سے ثبوت طلب نہیں کریں گے۔ (اور آپ کا فیصلہ بھی حضرت داؤدؑ کی طرح فصل الخطاب ہوگا)۔ (بصائر الدرجات)

(۲۶) سورۂ رحمٰن کی آیت ۴۱ کی تفسیر

ابراہیم بن ہاشم نے سلیمان دیلمی سے، اُنھوں نے معاویہ دُہنی سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے قولِ خدا:

" یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمَاهُمْ فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ " (سورہ رحمٰن ۴۱)

کے متعلق روایت بیان کی ہے کہ آپ نے فرمایا: اے معاویہ بتاؤ کہ لوگ اس آیت کے متعلق کیا کہتے ہیں میں نے عرض کیا: لوگ کہتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ قیامت کے دن مجرموں کو اُن کی پیشانیوں سے شناخت کرے گا اور اُن کے متعلق حکم دے گا کہ ان کے سر کے بال اور ان کی ٹانگیں پکڑ کر جہنّم میں ڈالدیا جائے۔

آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جس نے ان مجرموں کو پیدا کیا ہے اور جو بھی اس کی مخلوق ہیں وہ ان کے پہچاننے کے لیے نشانی کا محتاج کیسے ہو سکتا ہے ؟

میں نے عرض کیا: پھر اس کا کیا مطلب ہے ؟

آپؑ نے فرمایا: " لو قام قائمنا اَعطاہ اللہ السیماء فیأمر بالکافر فیؤخذ بنواصیھم واقدامھم ثمّ یخبط بالسیف خبطا "

ترجمہ " جب ہمارا قائمؑ قیام کرے گا تو اللہ تعالیٰ اُن کو ایک سیما (نشانی) بتادیگا اس کے ذریعے سے پتہ چل جائے گا کہ کافر کون ہے اور آپ حکم دیں گے کہ کافر کے بال اور اس ٹانگ پکڑ کر گھسیٹتے ہوئے لائیں گے اور اس کو تہِ تیغ کریں گے "

(بصائر الدرجات)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۷) امامِ زمانہؑ کی سواری میں ابرِ صعب ہوگا

احمد بن محمدؒ نے ابنِ سنان سے، اُنھوں نے ابوخالد اور ابوسلام سے اور اُنھوں نے سورہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

قالؑ: اما انّ ذاالقرنین قد خُیّر السحابین فاختار الذّلول وذخر لصاحبکم الصعب "

قال قلتُ: وما الصعب؟

قالؑ: ما کان من سحاب فیہ رعد وصاعقۃ اَو برق فصاحبکم یرکبہ اَمّا اِنّہ سیرکب السحاب ویرقی فی الاسباب اسباب السماوات السبع والارضین السبع، خمس عوامر واثنتان خرابان "

(بصائرالدرجات)

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا " ذوالقرنین کو دو سحابوں (بادلوں) میں سے ایک کو اپنی سواری کے لیے منتخب کرنے کا اختیار دیا گیا تو اُنھوں نے نرم ومتواضع سحاب کو منتخب کرلیا۔ اور صعب وسخت سحاب کو تمھارے صاحبِ امرؑ کے لیے محفوظ کردیا گیا ہے۔

میں نے عرض کیا: سحابِ صعب (سخت بادل) کسے کہتے ہیں؟

آپ نے فرمایا: یہ وہ ابر ہے جس میں گرج وچمک ہو بجلیاں کوندتی ہوں۔ وہ تمھارے صاحبِ امرؑ کی سواری ہوگا آپؑ ابر پر سوار ہوکر ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں کی سیر کریں گے جنمیں سے پانچ زمینیں آباد ہوں گی اور دو زمینیں غیر آباد ہونگی "

(اختصاص) (بصائرالدرجات)

★ احمد بن محمدؒ نے علی بن سنان سے، اُنھوں نے عبدالرحیم سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (بصائرالدرجات)

(اختصاص)

(۲۸) امامِ قائمؑ کی مخصوص سواری

محمد بن ہارون نے سہل بن زیاد ابویحییٰ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

اِنّ اللہ خیّر ذاالقرنین السحابین الذّلول والصّعب فاختار الذّلول وھو مالیس فیہ برق ولا رعد ولو اختار الصّعب لم یکن

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لہ ذالك لانّ اللہ ادّخرہ للقائم علیہ السّلام "

ترجمہ: آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ذوالقرنین کو نرم اور سخت دو طرح کے بادلوں میں سے ایک منتخب کر لینے کا اختیار دیا تو انھوں نے نرم بادل کو منتخب کیا جس میں گرج و چمک نہیں ہوتی، اگر وہ سخت کو منتخب کرتے تو یہ اُن کے لیے ممکن نہ تھا اس لیے سخت (رعد و برق والے) بادل کو اللہ تعالیٰ نے حضرت امام قائم علیہ السّلام کے تابعِ فرمان رکھا ہے۔ (اختصاص و بصائر الدرجات)

(۲۹) حضرت امام علی بن موسیٰ علیہ السّلام کا حکم

ہمدانی نے علی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے علی بن معبد سے، اُنھوں نے حسین ابن خالد سے روایت کی ہے کہ حضرت امام علی بن امام موسیٰ الرّضا علیہ السّلام نے فرمایا:

قالؑ: " لا دین لمن لا ورع لہ ولا ایمان لمن لا تقیّۃ لہ
اِنّ اَکرَمَ عِندَ اللہِ عزّوجلّ اَعمَلَکُم بِالتَّقِیَّۃِ قَبلَ
خُرُوجِ قَائِمِنَا فَمَن تَرَکَہَا قَبلَ خُرُوجِ قَائِمِنَا فَلَیسَ مِنّا
فقیل لہ: یا ابن رسول اللہ! ومن القائم منکم اھل البیت؟
قالؑ: الرّابع من ولدی ابن سیّدۃ الاماء یطھّر اللہ بہِ
الارض من کلِّ جور و یقدّسہا من کلِّ ظلم وھو الّذی
یشکّ النّاس فی ولادتہ وھو صاحب الغیبۃ قبل
خروجہ، فاذا خرج اَشرقتِ الارض بنور ربّہا ووضع
میزان العدل بین النّاس، فلا یظلم اَحد اَحدًا۔
وھو الّذی تطوی لہ الارض، ولا یکون لہ ظلّ
وھو الّذی ینادی مناد من السماءِ باسمہ، یسمعہ
جمیع اھل الارض بالدّعاءِ الیہ، یقول: "اَلَا اِنّ
حجّۃ اللہ قد ظھر عند بیت اللہ فاتّبعوہ فانّ الحقّ
معہ وفیہ"، وھو قول اللہ عزّوجلّ:
(الآیۃ) " اِن نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْھِم مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَۃً
فَظَلَّتْ اَعْنَاقُھُمْ لَھَا خٰضِعِیْنَ " (الشعراء آیۃ ۴)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ: "آپ نے فرمایا: جس شخص میں ورع اور تقویٰ (گناہوں سے بچنا) نہیں اُس میں دین نہیں جس میں تقیہ نہیں، اس میں ایمان نہیں، اللہ کے نزدیک تم لوگوں میں سب سے زیادہ مکرّم وہ ہے جو ہمارے امامِ قائمؑ کے ظہور سے قبل تقیہ پر عمل کرتا رہے، جو شخص ظہورِ امام قائمؑ سے قبل تقیہ ترک کردے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

آپؑ سے عرض کیا گیا: فرزندِ رسولؐ! آپ اہل بیت میں سے امامِ قائمؑ کون ہے؟

آپؑ نے فرمایا: میری نسل میں سے چوتھا۔ اور اللہ تعالیٰ اُن کے ذریعے سے زمین کو ہر طرح کے ظلم وجور سے پاک کرے گا، یہی وہ ہوں گے جن کی ولادت میں لوگوں کو شک رہے گا، اُن کے لیے ظہور سے پہلے غیبت ہے جب اُن کا ظہور ہوگا تو زمین پروردگار کے نور سے جگمگا اُٹھے گی، عدل کی ترازو لوگوں کے درمیان نصب کردی جائے گی اور کوئی شخص کسی دوسرے پر ظلم نہیں کرسکے گا۔

یہی وہ ہوں گے جن کے لیے طی الارض ہوگا (زمین سمٹ جائیگی) اُن کے جسم کا سایہ نہ ہوگا، یہی وہ ہوں گے کہ ایک منادی جن کے نام کا آسمان سے اعلان کرے گا اور تمام لوگوں کو اُن کی طرف دعوت دے گا جس کو تمام اہلِ زمین سُنیں گے، اور وہ منادی کہے گا کہ:

"آگاہ ہوجاؤ کہ حجّتِ خدا نے خانۂ کعبہ کے پاس ظہور کیا ہے تم لوگ اُن کی پیروی کرو کیونکہ حق اُن کے ساتھ ہے اور اُن میں (حق) ہے۔"

چنانچہ اللہ برتر و بزرگ نے ارشاد فرمایا ہے:

ترجمۂ آیت: "اگر ہم چاہتے تو ان لوگوں پر آسمان سے ایک معجزہ نازل کردیتے پس ذلّت سے اُن کی گردنیں جُھک جاتیں۔" (الشعراء آیت ۴)

(اکمال الدین)

★ کتاب اعلام الوریٰ میں علی سے اسی کے مثل ایک روایت ہے۔

(۳۰) امامِ قائمؑ کی جسمانی قوّت

ہمدانی نے علی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ریّان بن صلت سے روایت کی ہے، ان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السّلام سے عرض کیا کہ: (فرزندِ رسولؐ!) کیا آپ صاحب الامر ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں "اَنا صاحب ھٰذا الامر، ولٰکنّی لستُ بالّذی اَملأُھا عدلاً کما

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ملئت جورًا وکیف اکون ذاک علی ما تریٰ من ضعف بدنی؟
وانّ القائم هوالّذی اذا خرج کان فی سنّ الشیوخ، و منظر
الشّباب قویًّا فی بدنه حتّیٰ لو مدّ یده الیٰ اعظم شجرة
علیٰ وجه الارض لقلعها، ولو صاح بین الجبال لتدکدکت
صخورها یکون معه عصا موسیٰ وخاتم سلیمان، ذاک الرّابع
من ولدی یغیبه الله فی ستره ماشاء الله، ثمّ یظهره فیملأ
به الارض قسطًا وّعدلًا کما ملئت جورًا وّظلمًا۔" (اعلام الوریٰ)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "ہاں، میں صاحب الامر تو ہوں، مگر وہ صاحب الامر نہیں جو زمین کو عدل وداد سے اس طرح بھر دیگا جس طرح وہ ظلم وجور سے بھری ہوگی، اور میں وہ صاحب الامر بھلا کیسے ہوسکتا ہوں، تم تو دیکھتے ہو کہ میں جسمانی طور پر کتنا کمزور ہوں، جبکہ وہ صاحب الامر اور قائم تو ایسا ہوگا جس کا سن تو بوڑھوں جیسا مگر شکل وصورت جوانوں جیسی ہوگی، اس کے بدن میں اتنی قوّت ہوگی کہ اگر وہ چاہے گا تو بڑے سے بڑے تناور درخت کو زمین سے اکھاڑ کر پھینک دے گا، اور پہاڑوں کے درمیان چیخ مارے گا تو ان کی چٹانیں ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں گی، اُس کے پاس حضرت موسیٰؑ کا عصا اور حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی ہوگی، وہ میری نسل میں چوتھی پشت میں تولّد ہوگا، اللہ تعالیٰ جبتک چاہے گا اس کو پردۂ غیب میں رکھے گا۔ اس کے بعد اس کا ظہور ہوگا اور وہ زمین کو قسط وعدل سے بھر دے گا جس طرح وہ اس سے پہلے ظلم وجور سے بھری ہوئی ہوگی۔" (اعلام الوریٰ)

★ اعلام الوریٰ میں ایک اور روایت اس اضافہ کے ساتھ ہے لوگ منادی کی ندا کو بعید وقریب سے یکساں سنیں گے جو مومنوں کے لیے تو باعثِ رحمت ہوگی مگر کافروں کے لیے عذاب۔ (اعلام الوریٰ)

(۳۱) ذوالقرنین کی غیبت

مظفّر علوی نے ابنِ عیّاشی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے (محمّد بن نصیر سے،) اُنھوں نے محمّد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے (حمّاد بن عیسیٰ سے) اُنھوں نے عمرو بن شمر سے، اُنھوں نے جابر جعفی سے، اُنھوں نے جابر انصاری سے، اور جابر انصاری کا بیان ہے کہ میں نے حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو فرماتے ہوئے سنا: آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ : "اِنَّ ذاالقرنین کان عبدًا صالحًا جعلہ اللہ حجّۃ علیٰ عبادہ فدعا قومہ الی اللہ عزّوجلّ وامرھم بتقواء فضربوہ علی قرنہ فغاب عنھم زمانًا حتّی قیل مات او ھلک بایِّ وادٍ سلک ۔ثمّ ظھر ورجع الی قومہ فضربوہ علیٰ قرنہ۔ اَلَا وفیکم من ھو علیٰ سنّتہ۔ وَاِنَّ اللہ عزّوجلّ مکّن لہ فی الارض و آتاہ من کلِّ شیءٍ سببًا ، وبلغ المشرق والمغرب ، واِنَّ اللہ تبارک وتعالیٰ سیجری سنّتہٗ فی القائمؑ من وُلدی ویبلغہ شرق الارض وغربھا حتّی لایبقیٰ سھل ولا موضع من سھل ولاجبل وطئہ ذوالقرنین اِلَّا وطئہ ویظھر اللہ لہ کنوز الارض ومعادنھا وینصرہ بالرُّعبِ یملأُ الارض عدلًا وَّ قسطًا کما ملئت جورًا وظلمًا۔

آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

ترجمہ "ذوالقرنین ایک عبدِ صالح تھے اللہ تعالیٰ نے اُن کو اپنے بندوں پر حجّت قرار دیا تھا، اُنھوں نے اپنی قوم کو اللہ عزّوجلّ کی طرف دعوت دی اور اُنھیں تقویٰ اختیار کرنے کے لیے کہا، مگر ان لوگوں نے اُن کے سر پر مارا (زخمی کردیا)۔ چنانچہ وہ ایک زمانے تک اُن سے غائب رہے، یہانتک کہ لوگ سمجھ گئے کہ وہ مرگئے یا کسی جگہ ہلاک ہوگئے یا وہ کسی وادی میں چلے گئے۔ مگر پھر اُنھوں نے ظہور کیا اور اپنی قوم کے پاس آئے، اُنھوں نے دوبارہ اُن کے سر پر ضرب لگائی مگر ان چند لوگوں کے علاوہ جو سنّتِ ذوالقرنین پر قائم تھے۔ پھر اللہ عزّوجلّ نے روئے زمین پر ذوالقرنین کو اقتدار دیا اور ہر چیز کا سبب و وسیلہ عطا کیا، وہ مشرق و مغرب تک جا پہونچے۔ اور اللہ عزّت و بزرگی والا ذوالقرنین کا یہی طریقہ و سنّت میرے فرزند امام قائمؑ میں بھی جاری کریگا، وہ بھی زمین کے مشرق و مغرب تک پہونچیں گے، کوئی میدانی علاقہ یا کوئی پہاڑی علاقہ ایسا باقی نہ رہے گا جسمیں ذوالقرنین کے قدم پہونچے ہوں اور اُن کے قدم نہ پہونچیں۔ ان کے لیے زمین اپنے خزانے اور معدنیات اُگل دے گی۔ اللہ عزّوجلّ رعب و دبدبے سے ان کی نصرت کرے گا، وہ زمین کو عدل و انصاف سے اسطرح بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔"

(اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۳۲) مساجد کے میناروں کی تعمیر بدعت ہے

سعد نے ابو ہاشم جعفری سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابو محمدؑ امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا، آپؑ نے ارشاد فرمایا:

قالؑ: اِذَا قام القائمؑ اَمر بهدم المنار والمقاصير الّتی فی المساجد"

فقلتُ فی نفسی: لِاَیِّ معنی هٰذا؟

فاَقبل علَیَّ فقالؑ: معنی هٰذا اَنّها محدّثة مبتدعة لم یبنها نبیؐ ولا حجّة" (غیبۃ طوسی)

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: "جب امام قائمؑ ظہور و قیام کریں گے تو مسجدوں کے تمام مینار اور مقصورے منہدم کرا دیں گے۔"

میں نے اپنے دل میں کہا: اس کے کیا معنی؟ (ایسا کیوں ہوگا)

فوراً آپؑ میری طرف متوجہ ہوتے اور فرمایا: اس کے معنی یہ کہ یہ تمام چیزیں بدعت ہیں۔ یہ مینار اور مقصورہ نہ کبھی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تعمیر کرایا اور نہ کسی حجّتِ خدا نے۔"

(غیبۃ طوسی)

(۳۳) لشکرِ امامِ زمانہؑ کی تعداد

ابنِ ادریس نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے اہوازی سے، اُنھوں نے ابو عمیر سے، اُنھوں نے ابو ایّوب سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ اہلِ کوفہ میں سے ایک شخص نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ امام قائم علیہ السلام کے ساتھ خروج کرنے والے کتنے لوگ ہوں گے۔ کہا جاتا ہے کہ اُن کی تعداد اہلِ بدر کی تعداد کے برابر تین سو تیرہ (۳۱۳) ہوگی؟

آپؑ نے فرمایا: "مَا یخرج اِلّا فی اُولی قوّة وما یکون اُولوالقوّة اَقلّ من عشرة آلاف"

"وہ صاحبِ قوّت ہو کر خروج کریں گے اور صاحبِ قوّت ہونے کے لیے کم از کم دس ہزار افراد کی ضرورت ہوگی۔" (اکمال الدین)

(۳۴) اصحابِ امامِ قائمؑ کی تعداد

عطّار نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ ابو خطّاب سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے ابوخالد قمّاط سے، اُنھوں نے ضریس سے، اُنھوں ابوخالد کابلی سے اور ابوخالد کابلی نے حضرت سیّد العابدین امام علی بن الحسینؑ علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

"المفقودون عن فرشهم ثلاثمائة وثلاثة عشر رجلاً عِدَّة أهل بدر فيصبحون بمكّة وهو قول الله عزّ وجلّ: (الآية) "أَيْنَمَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللهُ جَمِيعًا" (سورہ بقرۃ ۱۴۸)

آپؑ نے فرمایا "وہ لوگ جو اپنے بستروں سے غائب ہوں گے اُن کی تعداد اصحابِ بدر کی تعداد کے برابر تین سو تیرہ ہوگی اور وہ صبح ہوتے مکہ جا پہونچیں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ عزّ وجلّ نے ارشاد فرمایا ہے:

ترجمۂ آیت: "جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تمھیں یکجا جمع کردے گا۔" (بقرہ ۱۴۸)

امامؑ نے فرمایا "وهم اصحاب القائمؑ" (اور وہی اصحابِ قائمؑ)

(اکمال الدین)

(۳۵) آپؑ کے ظہور کا علم کیسے ہوگا؟

ابنِ ولید نے محمّد عطّار سے، اُنھوں نے ابنِ ابوخطّاب سے، اُنھوں نے صفوان بن یحییٰ سے، اُنھوں نے منذر سے، اُنھوں نے بکّار بن ابوبکر سے، اُنھوں نے عبداللہ بن عجلان سے روایت کی ہے، اور اُنھوں نے کہا کہ ہم لوگ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کی خدمت میں (بیٹھے ہوئے) ظہورِ حضرت امام قائم علیہ السّلام کا ذکر کر رہے تھے، اثنائے گفتگو میں نے آنجناب سے دریافت کیا کہ ہمیں اُن حضرت کے ظہور کا علم کیسے ہوگا؟

قالؑ: "يصبح احدكم وتحت رأسه صحيفة عليها مكتوب "طاعة معروفة"

آپؑ نے فرمایا: "تم لوگ سو رہے ہوگے کہ تمھارے سرہانے سے (تکیوں کے نیچے سے) ایک ایک رقعہ رکھا ہوا (برآمد) ہوگا جس پر تحریر ہوگا کہ: "طاعة معروفة" یعنی اطاعت کے لیے تیار ہو جاؤ۔

(اکمال الدّین)

(۳۶) لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ کی تاویل

ابنِ متوکّل نے سعد آبادی سے، اُنھوں نے برقی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے علی بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے روایت بیان کی ہے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے کہ آپ نے اللہ عزّ وجلّ کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اِس قول: "هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهٖ وَلَوْ کَرِهَ الْمُشْرِکُوْنَ" (سورۂ توبہ آیت ۳۳) (سورۂ الصف آیت ۹)

کے متعلق ارشاد فرمایا:

"وَاللہ ما نزل تاویلها بعد ولا ینزل تاویلها حتی یخرج القائمؑ فاذا خرج القائم لم یبق کافر باللہ العظیم ولا مشرک بالامام الّا کرہ خروجہ حتی لو کان کافر او مشرک فی بطن صخرۃ لقالت: یا مؤمن فی بطنی کافر فاکسرنی واقتله" (اکمال الدین)

ترجمۂ آیت "۔ وہ وہی ذات (اقدس) ہے جس نے اپنے رسول کو دینِ حق کے ساتھ (سورۂ توبہ ۹ آیت ۳۳) بھیجا، تاکہ وہ اُسے ہر دین پر غالب کردے، اگرچہ مشرکین کو کتنا ہی ناگوار ہو"

اس آیت کے بارے میں آپ نے ارشاد فرمایا کہ:

ترجمۂ روایت: "بخدا جب سے یہ آیت نازل ہوئی آجتک نہ اس کی تاویل سامنے آئی، اور جبتک امام قائمؑ کا ظہور نہ ہو، نہ اس کی تاویل سامنے آئے گی۔ ہاں جب ان کا ظہور ہوگا تو نہ کوئی کافر باللہ باقی رہے گا اور نہ کوئی مشرک بالامام جو اُن کے ظہور کو پسند نہ کرے، اور اگر کوئی کافر یا مشرک خوفزدہ کسی پتھر کی چٹان کے نیچے بھی جا چھپے گا تو وہ پتھر کی چٹان پکار کر کہے گی کہ "اے مومن! میرے نیچے ایک کافر یا مشرک چھپا ہوا ہے تم مجھے توڑ کر اسے نکالو اور قتل کردو" (اکمال الدین)

(۳۷) مکّہ سے نجف کیطرف امام قائمؑ کی روانگی حجرِ موسیٰؑ کے ساتھ ہوگی

ماجیلویہ نے محمد عطّار سے، اُنھوں نے ابنِ عیسیٰ اور ابنِ ابوخطّاب سے ایک ساتھ، اُنھوں نے محمد بن سنان سے، اُنھوں نے ابوالجارود سے اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ؑ: "اذا خرج القائم علیہ السّلام من مکّۃ ینادی منادیہ: "الا لا یحملنّ احد طعاماً ولا شراباً وحمل معه حجر موسیٰؑ بن عمرانؑ وهو وقر بعیر فلا ینزل منزلاً الّا انفجرت منه عیون، فمن کان جائعاً شبع ومن کان ظمآناً روی، و رویت دوابّهم حتی ینزلوا النجف من ظهر الکوفة"

(اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؑ نے فرمایا: "حضرت امام قائم علیہ السلام جب مکہ سے روانہ ہوں گے تو اُن کی جانب سے ایک منادی اعلان کرے گا کہ کوئی شخص اپنے ساتھ کھانے پینے کا سامان لیکر نہ چلے۔ کیونکہ امام قائم کے ساتھ حجرِ حضرت موسیٰ ہوگا جو ایک اونٹ پر بار ہوگا، اور آپ جس منزل پر قیام فرمائیں گے اُس حجرِ موسیٰؑ سے مختلف چشمے پھوٹ نکلیں گے جس سے ہر بھوکا شکم سیر ہوگا اور ہر پیاسے شخص اور اُن کی سواری کے جانوروں کی بھی پیاس بجھے گی، یہانتک کہ آپ منزل بہ منزل چل کر پشتِ کوفہ سے ہوتے ہوئے نجف پہونچیں گے۔" (اکمال الدین)

غیبتہ نعمانی میں بھی محمد بن ہمام اور محمد بن حسن بن جمہور سے، اُنھوں نے حسن بن محمد بن جمہور سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں سلیمان بن سماعہ سے اور اُنھوں نے ابوالجارود سے مذکورہ روایت نقل کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

اور بصائرالدرجات میں بھی محمد بن حسین نے موسیٰ بن سعدان سے، اُنھوں نے عبداللہ بن قاسم سے، اُنھوں نے ابوسعید خراسانی سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اور آپؑ نے اپنے پدرِ عالی قدرؑ سے اسی قسم کی روایت نقل کی ہے۔ (بصائرالدرجات)

(۳۸) امام قائم صاحبِ معرفت ہونگے

ابنِ ولید نے صفّار سے، اُنھوں نے ابنِ یزید سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے ابان بن عثمان سے، اُنھوں نے ابان بن تغلب سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"اذا قام قائم علیہ السلام لم یقم بین یدیہ احد من خلق الرحمٰن الا عرفہ صالح ھو ام طالح؟ الا وفیہ آیۃ للمتوسمین وھی السبیل المقیم"

ترجمہ "جب امام قائم علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو رحمٰن کی مخلوق میں سے جو بھی آپ کے سامنے آئے گا آپ اُسے فوراً پہچان لیں گے کہ نیک کون ہے اور بد کون ہے، آگاہ ہو، اس میں بھی اہلِ فکر و نظر کے لیے نشانی ہے اور یہ ایک صحیح و مقیم راستہ ہے" (اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۳۹) اسلام میں دو خون ہیں ... ؟

انہی اسناد کے ساتھ ابنِ تغلب سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق ؑ نے ارشاد فرمایا: "دمانِ فی الاسلام حلال من اللہ عزّ وجلّ لا یقضی فیھا احد بحکم اللہ عزّ وجلّ حتّی یبعث اللہ القائمُ من اھل البیت فیحکم فیھا بحکم اللہ عزّ وجلّ لا یرید فیہ بیّنۃ : الزّانی المحصن یرجمہ ومانع الزکاۃ یضرب رقبتہ " (اکمال الدین)

ترجمہ "اسلام میں دو خون حلال ہیں، مگر آجتک حکمِ خدا کے مطابق کسی نے اس کا فیصلہ نہیں کیا، البتہ جب ہم اہلِ بیت میں سے امام قائم ؑ ظہور کریں گے تو وہ حکمِ خدا کو جاری کریں گے اور کسی سے ثبوت طلب نہیں کریں گے۔ ایک زنا محصنہ (زانیٔ محصن، یعنی وہ زانی جس کی زوجہ موجود ہو اور وہ زنا کرے۔ (شادی شدہ) تو امام قائم ؑ اُس کے رجم کا حکم دیں گے (سنگسار کا حکم ہوگا) دوسرا وہ شخص جو زکاۃ دینے سے انکار کرے گا تو اس کی گردن مار دینے کا حکم دیں گے۔"
(اکمال الدین)

(۴۰) نصرتِ امام قائم کیلئے فرشتوں کا نزول

انہی اسناد کے ساتھ ابنِ تغلب سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"کانّی انظر (الی) القائم علیٰ ظہر نجف (فاذا استوی علیٰ ظہر النّجف) رکب فرسًا ادھم ابلق بین عینیہ شمراخ ثم ینتقض بہ فرسہ یبقی اھل بلدۃ اِلّا وھم یظنّون انّہ معھم فی بلادھم، فاذا نشر رایۃ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم انحطّ علیہ الف مَلَک وثلاثۃ عشر مَلَکًا کلّھم ینتظرون القائمَ ؑ وھم الّذین کانوا مع نوح علیہ السّلام فی السفینۃ والّذین کانوا مع ابراھیم الخلیل علیہ السّلام حیث اُلقیٰ فی النّار وکانوا مع عیسیٰ علیہ السّلام حین رفع، واربعۃ آلاف مسوّمین ومُردفین وثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر ملکًا یوم بدر واَربعۃ آلاف مَلَک الّذین ھبطوا یریدون القتال مع الحسینؑ بن علیؑ فلَمْ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یؤذن لہم فصعدوا فی الاستیذان وھبطوا وقد قتل الحسین علیہ السلام فہم شعث غبر یبکون عند قبر الحسینؑ الی یوم القیامۃ وما بین قبر الحسینؑ الی السماء مختلف الملائکۃ۔"

(اکمال الدین)

آپؑ نے فرمایا: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السلام پشتِ نجف پہونچے ہیں، اور جب آپ پشتِ نجف پر پہونچیں گے تو ایک چتکبرے گھوڑے پر سوار ہوں گے جس کی پیشانی پر ایک سفید لکیر ہوگی۔ آپ کا گھوڑا ایک جھرجھری لے گا، اہلِ شہر میں سے ہر ایک شخص یہی سمجھے گا کہ یہ بھی ہم ہی لوگوں میں سے کوئی شخص ہے، مگر جب آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علَم کا پھریرا لہرائیں گے تو تیرہ ہزار وہ ملائکہ آسمان سے اُتریں گے جو ابتک امام قائمؑ کا انتظار کر رہے تھے۔

یہی ملائکہ حضرت نوحؑ کے ساتھ آپکی کشتی میں تھے، اور یہی ملائکہ جب حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں ڈالا جا رہا تھا تو آپ کے ساتھ تھے، اور یہی ملائکہ جب حضرت عیسیٰؑ کو آسمان پر اُٹھایا گیا تو آپ کے ساتھ تھے۔ نیز چار ہزار فرشتے ایسے گھوڑوں پر سوار ہوں گے جن پر نشان لگا ہوا اور دوہری سواریوں والے ہوں گے۔ پھر تین سو تیرہ وہ جو جنگِ بدر میں شریک تھے، اور چار ہزار فرشتے وہ بھی ہوں گے جو یوم عاشورا امام حسین علیہ السلام کی نصرت کرنا چاہتے تھے مگر امامؑ نے ان کو اجازت نہ دی تھی تو وہ پرواز کر گئے تھے اور اللہ تعالیٰ سے اجازت حاصل کر کے قبرِ حسینؑ پر مغموم و سوگوار اور گریہ کناں تا قیامت مجاور بنے ہوئے ہوں گے اور قبرِ حسینؑ سے آسمان کے درمیان ان فرشتوں کی آمد و رفت ہوتی رہتی ہے۔

(اکمال الدین)

(۴۱) حضرت جبرئیلؑ آپکے علمبردار ہوں گے

انہی اسناد کے ساتھ ابنِ تغلب نے ثمالی سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"(کانّی) انظر الی القائم قد ظہر علیٰ نجف الکوفۃ فاذا ظہر علی النجف نشر رایۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ عمودھا من عمد

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عرش اللہ تبارك وتعالیٰ وسائرھا من نصرھا اللہ جلّ جلالہ
لا یہوی بھا الیٰ احد الّا اھلکہ اللہ عزّوجلّ "

قال: قلتُ: تکون معہ او یؤتی بھا ؟

قالؑ: بل یؤتی بھا یاتیہ بھا جبریل علیہ السّلام "

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السّلام پشتِ نجف پر نمودار ہوئے، اور اُنھوں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا وہ علمِ مبارک لہرایا جس کا عمود، عرش کے عمودوں میں سے ایک ہے اور اس کو لیکر جدھر جا رہے ہیں اللہ جلّ جلالہ وہاں مشرکوں اور کافروں کو ہلاک کر رہا ہے۔

میں نے عرض کیا: کیا امام قائمؑ وہ علَم خود اُٹھائے ہوتے ہوں گے یا کوئی اور آپ کے ساتھ ہوگا ؟

آپؑ نے فرمایا: حضرت جبرئیلؑ اُٹھائے ہوتے آپؑ کے ساتھ ساتھ ہوں گے۔"

(اکمال الدّین)

(۴۲) منبرِ کوفہ سے خطبۂ امامِ زمانہؑ

ماجیلویہؒ نے اپنے چچا سے، اُنھوں نے ایک کوفی سے، کوفی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے، اور مفضّل نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے، کہ آپؑ نے فرمایا:

"کانّی انظر الی القائمؑ علیٰ منبر الکوفۃ وحولہ اصحابہ ثلاث مائۃ وثلاثۃ عشر رجلاً عدّۃ اھل بدر وھم اصحاب الالویۃ وھم حکّام اللہ فی ارضہ علیٰ خلقہ حتّی یستخرج من قبائہ کتاباً مختوماً بخاتم من ذھب عھد معھود من رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم فیجفلون عنہ اِجفال الغنم، فلا یبقیٰ منھم اِلّا الوزیر واحد عشر نقیباً کما بقوا مع موسیٰؑ بن عمرانؑ

فیجولون فی الارض فلا یجدون عنہ مذھباً فیرجعون الیہ واللہ اِنّی لاَعرف الکلام الّذی یقولہ لھم فیکفرون بہ "

(اکمال الدّین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپ نے فرمایا: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السلام منبرِ کوفہ پر تشریف فرما ہیں

ترجمۂ روایت: اور آپ کے گرد آپ کے اصحاب ہیں جن کی تعداد اصحابِ بدر کے برابر تین سو تیرہ (۳۱۳) ہے جنہیں سے ہر ایک صاحبِ علم ہے اور یہی لوگ تمام روئے زمین پر اللہ کی طرف سے حکومت کریں گے۔ اسی دوران آپ نے اپنی قبائے مبارک سے ایک کتاب نکالی جس کے اوپر سونے کی انگوٹھی سے مہر لگی ہوگی جس پر حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عہدنامہ تحریر ہوگا، اسے دیکھ کر لوگ اس طرح بھاگ کھڑے ہوں گے جیسے بھیڑوں کا گلہ بھاگتا ہے۔ اور ایک وزیر اور گیارہ نقیبوں کے سوا وہاں کوئی نہ رہ جائے گا جیسا کہ حضرت موسیٰؑ کے ساتھ اُن کے وزیر اور گیارہ نقیب رہ گئے تھے، مگر وہ بھاگ کھڑے ہونے والے ساری زمین میں پھریں گے، انھیں راستہ نہ ملے گا تو پھر آپ کے پاس ہی واپس آئیں گے (حضرت موسیٰ کی قوم کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا تھا وہ بھی راہ نہ پاتے تھے اور جہاں سے چلتے تھے واپس وہیں پہونچ جاتے تھے)۔

اور بخدا میں جانتا ہوں کہ آپؑ اُن لوگوں سے کیا فرمائیں گے جس کی وجہ سے وہ لوگ انکار و گریز کریں گے۔" (اکمال الدین)

(۴۳) اصحابِ امام قائمؑ کے فضائل

اَبی نے سعد سے، اُنھوں نے احمد بن حسین سے، اُنھوں نے محمّد بن جمہور سے، اُنھوں نے احمد بن اَبی ہراسہ سے، اُنھوں نے ابراہیم بن اسحاق سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے عمرو بن شمر سے، اُنھوں نے جابر سے، اور جابر نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "کَاَنّی بِاَصحاب القائمؑ وقد اَحاطوا بما بین الخافقین، لیس من شیءٍ اِلّا وھو مطیع لھم، حتّی سباع الارض وسباع الطیر تطلب رضاھم (فی) کلِّ شیءٍ، حتّی تفخر الارض علی الارض وتقول: مرَّ بی الیوم رجل من اصحاب القائمؑ۔"

(ترجمہ) آپ نے فرمایا: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ اصحاب قائمؑ ساری دنیا پر چھا گئے ہیں دنیا کی ہر چیز اُنکی مطیع ہے یہانتک کہ زمین کے درندے اور فضا کے پرندے بھی اُنکی رضا کے طالب ہیں زمین کا ایک حصّہ دوسرے پر فخر کرکے کہتا ہے کہ آج اصحابِ قائمؑ میں سے ایک شخص میری طرف سے گذرا ہے۔" (اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۴۴) اوصافِ اصحابِ امام قائمؑ

ابنِ مسرور نے ابنِ عامر سے، اُنھوں نے اپنے چچا سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے اُنھوں نے علی بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"ماکان یقول لوط علیہ السلام:

(الآیۃ) "لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ" (ھود آیت ۸۰)

اِلَّا تمنّیاً لقوۃ القائم علیہ السلام ولذکر اِنَّ شدّۃ اصحابہ فاِنَّ الرّجل منھم یعطی قوّۃ اربعین رجلاً واِنَّ قلبہ لاَشدُّ من زُبر الحدید ولو مرّوا بجبال الحدید لقطعوھا ولا یکفّون سیوفھم حتّی یرضی اللہ عزّ وجلّ" (اکمال الدین)

ترجمۂ روایت: "حضرت لوط علیہ السلام جو یہ فرمایا کرتے تھے کہ:

ترجمۂ آیت: "کاش! مجھ میں تمھارے مقابلے کی قوت ہوتی یا میرا کوئی زبردست پشتِ پناہ ہوتا" (سورۂ ہود آیت ۸۰)

ترجمۂ روایت: "تو دراصل وہ تمنا کرتے تھے حضرت امام قائم علیہ السلام کی اور یاد کرتے تھے اصحابِ امام قائم علیہ السلام کی طاقت کو، کیونکہ اصحابِ امام قائمؑ میں سے ہر ایک کو چالیس مردوں کی طاقت عطا ہوگی اور ہر ایک کا قلب فولاد سے بھی زیادہ قوی و مضبوط ہوگا، اگر وہ فولادی پہاڑوں کی طرف سے بھی ہو کر گذریں گے تو انھیں بھی کاٹ کر رکھدیں گے۔ وہ اپنی تلواریں اُس وقت تک نہ روکیں گے جبتک اللہ عزّت و بزرگی والا راضی نہ ہو جائے۔"

(اکمال الدین)

(۴۵) وارثِ مواریثِ انبیاءؑ

ماجیلویہ نے محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن حسین سے، اُنھوں نے محمّد بن اسماعیل سے، اُنھوں نے ابواسماعیل سرّاج سے، اُنھوں نے جعفر بن بشیر سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے

یقول "اَتدری ما کان قمیص یوسف علیہ السلام؟

قال: قلتُ: "لا" قال: اِنَّ ابراھیم علیہ السلام لمّا اُوقدت لہ النّار

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نزل اِلیہ جبرئیل بالقمیص والبسہ ایّاہ فلم یضرّہ معہ حرّ ولا برد فلمّا حضرتہ الوفاۃ جعلہ فی تمیمۃ وعلّقہ علیٰ اسحاق علیٰ یعقوبؑ فلمّا ولد یوسفؑ علّقہ علیہ وکان فی عضدہ حتی کان من امرہ ما کان۔

فلمّا اخرجہ یوسفؑ من التمیمہ وجد یعقوبؑ ریحہ وھو قولہ عزّ وجلّ:

(الایۃ) "اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنَ" (سورۂ یوسف ۹۴)

قالؑ: "فھو ذلک القمیص الذی من الجنّۃ۔

قلتُ: جعلت فداک فالیٰ من صار ھٰذا القمیص؟

قالؑ: اِلیٰ اھلہ وھو مع قائمنا اذا خرج، ثمّ قالؑ: کلّ نبیٍّ ورث علمًا او غیرہ فقد انتھیٰ اِلیٰ محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم۔"

(اکمال الدّین)

ترجمۂ روایت:

آپؑ نے فرمایا: "کیا تم جانتے ہو کہ قمیصِ حضرت یوسفؑ کیا ہے؟

میں نے عرض کیا: "نہیں"

آپؑ نے فرمایا: جب حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے لیے آگ روشن کی گئی تو حضرت جبرائیل وہ قمیص لیکر نازل ہوئے اور انھیں وہ قمیص پہنادی جس سے ان کو گرمی اور سردی کوئی ضرر نہ پہونچا سکی۔ جب حضرت ابراہیمؑ کا وقتِ وفات قریب آیا تو آپؑ نے اُسے ایک تعویذ میں لپیٹ کر رکھدیا اور پھر حضرت اسحاقؑ کے گلے میں ڈالدیا۔ اور حضرت اسحاقؑ نے اُسے حضرت یعقوبؑ کے گلے میں حمائل کردیا، اور جب یوسفؑ تولّد ہوئے تو حضرت یعقوبؑ نے اُس کو حضرت یوسفؑ کے بازو کے اوپر باندھ دیا۔ پھر اس کا اثر جو کچھ ہوا وہ سب کو معلوم ہے۔

حضرت یوسفؑ نے اس قمیص ابراہیمی کو تعویذ سے نکالا تو حضرت یعقوبؑ کو اُسکی خوشبو محسوس ہوئی اور اُنھوں نے کہا:

(ترجمۂ آیت): "بلاشبہ مجھے یوسفؑ کی خوشبو محسوس ہو رہی ہے اگر تم مجھے سٹھیایا ہوا خیال نہ کرو۔" (یوسف آیت ۹۴)

"یہ وہ قمیص ہے، جو جنّت سے آئی تھی۔"

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، اب وہ قمیص کس کے پاس ہے؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؑ نے فرمایا: وہ اس کے پاس ہے جو اُس کا اہل ہے، اور جب امام قائمؑ ظہور کریں گے تو وہ اُن کے پاس ہوگی۔

پھر فرمایا: ہر نبی کی علمی اور غیر علمی میراث حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی ہے۔" (اکمال الدین)

★ کتاب "الخرائج والجرائح" میں بھی مفضل سے اسی کے مثل روایت ہے۔

(۴۶) امام قائمؑ کے پیشِ نظر دنیا کی مثال

انہی اسناد کے ساتھ مفضل بن عمر نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"اِنّہٗ اذا تناھت الاُمور الیٰ صاحب ھٰذا الامر رفع اللہ تبارک وتعالیٰ لہ کلّ منخفض من الارض وخفّض لہ کلّ مرتفع حتّیٰ تکون الدّنیا عندہ بمنزلۃ راحتہ فأیّکم لو کانت فی راحتہ شعرۃ لم یبصرھا۔" (اکمال الدین)

ترجمہ: "جب حضرت امام قائم صاحبُ الامر کی حکومت ہوگی تو اللہ صاحبِ برکت وبرتر زمین کے ہر پست کو بلند اور ہر بلند کو پست کر دیگا اور آپ کے سامنے یہ دنیا ایک ہتھیلی کے مانند ہوگی اور کون ایسا شخص ہے جس کی ہتھیلی پر بال رکھا ہوا ہو اور وہ اُسے نہ دیکھ سکے۔" (اکمال الدین)

(۴۷) امام قائمؑ کے دستِ مبارک کا اعجاز

ابنِ مسرور نے ابنِ عامر سے، اُنھوں نے معلّیٰ سے، اُنھوں نے وشّاء سے، اُنھوں نے مثنّیٰ حنّاط سے، اُنھوں قتیبہ اعشی سے، اُنھوں نے ابنِ ابولیفور سے، اُنھوں نے مولی بنی شیبان سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ع: "اذا قام قائمنا وضع یدہ علیٰ رؤس العباد، فجمع بھا عقولھم وکملت بھا احلامھم" ——— (اکمال الدین)

ترجمہ "جب ہمارے قائمؑ ظہور کریں گے تو جس کے سر پر اپنا دستِ مبارک رکھ دیں گے اُس کی عقل درست اور ادراک وفہم مکمل ہو جائے گی۔"
(اکمال الدین)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ (کا) = کافی میں بھی حسین بن محمدؒ نے معلّیٰ سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔

(۴۸) مومنین اپنی قبروں میں ایکدوسرے کو ظہورِ امامِ زمانہؑ کی مبارکباد دیں گے

حسین بن محمد بن عامر نے احمد بن اسحاق سے، اُنھوں نے سعدان بن مسلم سے، اُنھوں نے عمر بن ابان بن تغلب سے، اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: کأنّی بالقائم علیہ السّلام علیٰ نجف الکوفۃ وقد لبس درع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم فینفض هوبها فتستدیر علیہ، فیغشیها بخداجۃ من استبرق ویرکب فرسًا ادهم بین عینیہ شمراج، فیتنفض بہ انتفاضۃ لایبقیٰ اهل بلاد الّا وهم یرون أنّہ معهم فی بلادهم فینشر رایۃ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ عمودها من عمود العرش وسائرها من نصر اللہ، لایهوی بها الیٰ شیٔ ابدًا الّا اهلکہ اللہ فاذا هزها لم یبق مؤمن الّا صار قلبہ کزبر الحدید ویعطی المؤمن قوّۃ اربعین رجلًا ولایبقیٰ مؤمن میّت الّا دخلت علیہ تلک الفرحۃ فی قبرہٖ وذالک حیث یتزاورون فی قبورهم ویتباشرون بقیام القائم فینحطّ علیہ ثلاثۃ عشر آلاف ملک وثلاثمائۃ عشر ملکًا۔

قلت: کلّ هٰؤلاء الملائکۃ؟

قالؑ: نعم الّذین کانوا مع نوحؑ فی السفینۃ والّذین کانوا مع ابراهیمؑ حین اُلقی فی النار، والّذین کانوا مع موسیٰ حین فلق البحر لبنی اسرائیل والّذین کانوا مع عیسیٰ حین رفعہ اللہ الیہ و اربعۃ آلاف ملک مع النّبیّ صلّی اللہ علیہ وآلہ مسوّمین وألف مردفین وثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر ملائکۃ بدریّین واربعۃ آلاف ملک هبطوا یریدون القتال مع الحسین بن علیّ علیهما السّلام، فلم یؤذن لهم فی القتال فهم عند قبرہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شُعث غبر یبکونہ الی یوم القیامۃ ، و رئیسھم ملک یقال لہ : منصور فلا یزورہ زائر اِلّا استقبلوہ ولا یودّعہ مودّع اِلّا شیّعوہ ولا یمرض مریض اِلّا عادوہ ولا یموت میّت اِلّا صلّوا علیٰ جنازتہ ، واستغفروا لہ بعد موتہ وکلّ ھٰؤلاء فی الارض ینتظرون قیام القائم الی وقت خروجہٖ "

(کامل الزیارۃ)

ترجمہ :

آپؑ نے فرمایا: "گویا، میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائمؑ نجفِ کوفہ میں ہیں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زرہ مبارک زیبِ تن کیے ہوئے ہیں اور اس کو کمخواب کے ایک لباس سے ڈھانپے ہوئے ایک ایسے سرمئی گھوڑے پر سوار ہیں جس کی پیشانی پر ایک سفید سی لکیر ہے ، آپ کو دیکھ کر سب لوگ یہ گمان کریں گے کہ یہ بھی ہمارے ہی اہلِ شہر میں سے ہیں ۔ اتنے میں آپ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا وہ علم مبارک لہرائیں گے جس کا چوب عرش کے چوبوں میں سے ایک ہے اسے دیکھ کر ہر مومن کا دل فولاد کی طرح مضبوط و قوی ہو جائے گا ، اور اس کو چالیس مَردوں کی طاقت ہو جائے گی ، بلکہ جو مومن مر چکا ہوگا وہ بھی اپنی قبر میں خوش ہو جائیگا وہ ایک دوسرے سے قبر میں ملاقات و زیارت کریں گے اور امام قائم علیہ السّلام کے ظہور کی خوشخبری سنائیں گے ، اور مبارکباد دیں گے ۔ پھر آپ پر تیرہ ۱۳ ہزار اور ۳۱۳ فرشتے نازل ہوں گے ۔

میں نے عرض کیا: وہ سب کے سب فرشتے ہی ہوں گے ؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں ، وہ وہی فرشتے ہوں گے جو حضرت نوحؑ کے ساتھ سفینے میں تھے حضرت ابراہیمؑ کے ساتھ آگ میں ڈالے جانے کے وقت تھے ، حضرت موسیٰؑ کے ساتھ بنی اسرائیل کے لیے دریا کو شگاف دیتے وقت تھے ، حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ آسمان پر اُٹھائے جانے کے وقت تھے اور چار ہزار وہ فرشتے ہوں گے جو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے ساتھ اور تین سو تیرہ وہ فرشتے ہوں گے جو جنگِ بدر میں شریک تھے ، اور چار ہزار وہ فرشتے ہوں گے جو اس مقصد سے نازل ہوئے تھے کہ ہم حضرت امام حسین بن علیؑ علیہ السّلام کے ساتھ آپ کے دشمنوں سے جنگ کریں گے ، مگر امام حسینؑ نے انھیں جنگ کی اجازت نہیں دی تھی ، اور اب وہ آپ کی قبر پر بال پریشان ، سروں پر خاک اُڑاتے ہوئے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قیامت تک آنسو بہاتے رہیں گے جنکے سردار کا نام منصور ہے اور جو شخص آپ کی زیارت کے لیے آتا ہے یہ سب اُس کا استقبال کرتے ہیں اور جب وہ وہاں سے زیارت کر کے رخصت ہوتا ہے تو یہ کچھ دور تک اس کے ساتھ جاتے ہیں، جب کوئی بیمار پڑتا ہے تو یہ اُس کی عیادت کرتے ہیں، جب کوئی مرتا ہے تو یہ اُس کی نمازِ جنازہ پڑھتے اور بعدِ موت اُس کے لیے دعائے مغفرت بھی کرتے ہیں، اور یہ سب کے سب اسی سرزمین پر امام قائم علیہ السلام کے ظہور کے وقت کا انتظار کر رہے ہیں۔" (کامل الزیارۃ)

غیبتہ نعمانی میں بھی عبدالواحد نے محمدؐ بن جعفر سے، اُنھوں نے ابوجعفر ہمدانی سے اُنھوں نے موسیٰ بن سعدان سے، اُنھوں نے عبداللہ بن قاسم سے اور اُنھوں نے عمر بن ابان سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

اور ابنِ عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے حسن اور محمدؐ ابنَیْ علی بن یوسف سے، اُنھوں نے سعدان بن مسلم سے، اور اُنھوں نے ابنِ تغلب سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

(۴۹) امام قائمؑ کی نصرت غیر مسلم بھی کرینگے

فضل نے علی بن حکم سے، اُنھوں نے مثنیٰ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ:

قالؑ: "لینصرنّ اللہ ھذا الامر بمن لا خلاق لہ، ولو قد جاء امرنا لقد خرج منہ من ھو الیوم مقیم علیٰ عبادۃ الاوثان"

آپؑ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ حضرت صاحب الامرؑ کی نصرت ایسے لوگوں سے بھی کرائے گا جن کا کوئی دین و مذہب نہ ہوگا، اور جب صاحب الامر ظہور کریں گے تو ایسے لوگ بھی جو ابتک بُت پرستی کرتے تھے وہ بُت پرستی ترک کر کے آپکے ساتھ ہو جائیں گے۔" (غیبتہ طوسی)

(۵۰) قبل از قیامت کوفہ میں مومنین کا اجتماع

فضل نے حمّانی سے، اُنھوں نے محمدؐ بن فضیل سے، اُنھوں نے اجلح سے اُنھوں نے عبداللہ بن ہذیل سے روایت کی ہے کہ "جبتک تمام مومنین کوفہ میں جمع نہ ہو جائیں گے قیامت نہیں آئے گی"[1]

[1] (غیبتہ طوسی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۵۱ مومنین کا کوفہ میں اجتماع

(غط) فضل نے ابنِ عمیر اور ابنِ بزیعؒ سے، اُنھوں نے منصور بن یونس سے، اُنھوں نے اسمٰعیل بن جابر سے، اُنھوں نے ابوخالد کابلی سے، اور ابوخالد نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "اذا دخل القائم الکوفۃ لم یبق مؤمن الّا وھو بھا او یجئ الیھا وھو قول امیر المومنین علیہ السّلام ویقول لاصحابہ: "سیروا بنا الی ھٰذہ الطاغیہ فیسیر الیہ" (غیبۃ طوسی)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "جب امام قائم علیہ السّلام کوفہ میں نزولِ اجلال فرمائیں گے تو ہر مومن کوفہ میں یا تو پہلے سے ہوگا یا وہاں پہونچ جائے گا۔ چنانچہ حضرت امیر المومنینؑ کے ارشاد کے بموجب حضرت امام قائمؑ اپنے اصحاب سے فرمائیں گے اس سرکش وطاغی (سفیانی) سے جنگ کے لیے ہمارے ساتھ چلو۔" (غیبۃ طوسی)

۵۲ کوفہ کی آبادی میں توسیع

رواۃ کی ایک جماعت نے تلعکبری نے علی بن حبشی سے، اُنھوں نے جعفر بن محمد بن مالک سے، اُنھوں نے احمد بن ابونعیم سے، اُنھوں نے ابراہیم بن صالح سے، اُنھوں نے محمد بن غزال سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: "قالؑ" "انّ قائمنا اذا قام اشرقت الارض بنور ربّھا واستغنی العباد من ضوءِ الشمس ویعمر الرجل فی ملکہ حتّی یولد لہ الف ذکر، لا یولد فیھم انثیٰ ویبنیٰ فی ظھر الکوفۃ مسجداً لہ الف باب ویتّصل بیوت الکوفۃ بنھر کربلا وبالحیرۃ حتّی یخرج الرّجل یوم الجمعۃ، علیٰ بغلۃ سفواء یرید الجمعۃ فلا یدرکھا۔" (غیبۃ طوسی)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "ہمارے قائم جب ظہور کریں گے تو زمین اپنے پروردگار کے نور سے روشن ہوجائے گی اور بندگانِ خدا کو آفتاب کی روشنی کی ضرورت نہ رہے گی، اُنکی مملکت میں ہر ایک شخص اتنی طویل عمر پائے گا کہ ایک ایک فرد سے ہزار ہزار (ایکہزار) فرزند پیدا ہوں گے، بیٹی پیدا نہ ہوگی۔ آپ مسجدِ کوفہ سے باہر ایک ایسی مسجد

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تعمیر کرائیں گے جس کے ایکہزار دروازے ہوں گے اور کوفے کے مکانات نہرِ کربلا سے متصل ہوجائیں گے اور آبادی اتنی وسیع ہوجائے گی کہ اگر کوئی شخص بروزِ جمعہ اپنے بغلہ (خچّر) پر سوار ہوکر چلے تو اس کو نمازِ جمعہ نہیں ملے گی۔"

(غیبتہ طوسی)

(۵۳) لوگوں پر زیردست رقّت طاری ہوگی

ابو محمّد محمّدی نے محمّد بن علی بن فضل سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن ابراہیم بن مالک سے، اُنھوں نے ابراہیم بن بنان خثعمی سے، اُنھوں نے احمد بن یحییٰ بن معتمر سے، اُنھوں نے عمرو بن ثابت سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے ایک طویل حدیث نقل کی ہے جسمیں آپ نے فرمایا:

قالؑ: "یدخل المہدیؑ الکوفۃ وبہا ثلاث رایات قد اضطربت بینہا، فتصفولہ فیدخل حتّی یأتی المنبر ویخطب ولا یدری النّاس ما یقول من البکاء وہو قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کأنّی بالحسنیِّ والحسینیِّ وقد قاداہا فیسلّمہا الی الحسینیِّ فیبایعونہ فاذا کانت الجمعۃ الثانیۃ، قال النّاس: یابن رسولؐ اللہ الصلوٰۃ خلفک تضاہی الصلوٰۃ خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ والمسجد لا یسعنا،

فیقولؑ: أنا مرتادلکم فیخرج الی الغریِّ فیخطّ مسجدًا لہ الف باب یسع النّاس علیہ اصیص ویبعث فیحفر من خلف قبر الحسین علیہ السّلام لہم نہرًا یجری الی الغریّین حتّی ینبذ فی النجف ویعمل علیٰ فوہتہ قناطیر وأرحاء فی السبیل، وکأنّی بالعجوز وعلیٰ رأسہا مکتل فیہ برٌّ حتّی تطحنہ بکربلاء

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "جب حضرت امام مہدی علیہ السّلام کوفہ میں داخل ہوں گے تو وہاں تین جھنڈے لہرا رہے ہوں گے، لوگ آپ کیلئے راستہ چھوڑ دیں گے اور آپ منبر پر جاکر خطبہ دیں گے اور لوگوں پر ایسی رقّت طاری ہوگی کہ کسی کی سمجھ میں نہ آئے گا کہ آپ کیا فرما رہے ہیں۔ پھر لوگ آپ کی بیعت کریں گے۔ جب دوسرا جمعہ آئے گا تو لوگ عرض کریں گے کہ: فرزندِ رسولؐ! آپ کے پیچھے نماز ادا کرنا ایسا ہی ہے گویا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے پیچھے نماز پڑھنا ہے، مگر یہ مسجد اتنے بڑے مجمع کیلئے ناکافی ہے،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپ فرمائیں گے: اچھا، تو میں تم لوگوں کے لیے ایک دوسری مسجد کا انتظام کرتا ہوں۔
یہ فرما کر، آپ کوفہ سے باہر نکلیں گے اور ایک ایسی مسجد کی تعمیر کے لیے زمین پر
خطوط کھینچیں گے جس کے ایکہزار باب ہوں گے جو اتنی وسیع ہوگی کہ
تمام مجمع کے لیے کافی ہو جائے۔ پھر آپ آدمیوں کو بھیجیں گے کہ وہ قبرِ
امام حسین علیہ السلام کی پشت کی طرف سے ایک نہر کھودیں، اور
نجف و حیرہ کی طرف لیجائیں اور جہاں جہاں ضرورت ہو راستے کیلئے
پل تعمیر کریں۔
اور گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ ایک بوڑھی عورت اپنے سر پر گیہوں سے
بھری ہوئی ٹوکری رکھے ہوئے آٹا پسوانے کے لیے کربلا جا رہی ہے۔" (غیبتہ طوسی)

"

★ اعلام الوری اور کتاب الارشاد میں بھی عمرو بن شمر نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے اسی کے مثل روایت بیان کی ہے۔

(۵۴) مسجدِ سہلہ امامِ قائم کی قیامگاہ ہوگی

فضل نے عثمان بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے صالح بن ابو اسود سے اور اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ کے سامنے مسجدِ سہلہ کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا: "اَمَا اِنَّہ منزل صاحبنا اذا قدم باَھلہ"

"مسجدِ سہلہ تو ہمارے صاحب الامر کی منزل ہوگی جب وہ اپنے
اہل و عیال کو لیکر یہاں آئیں گے۔" (غیبتہ طوسی)

★ کتاب "کافی" میں محمد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے عثمان سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (کافی)

(۵۵) امامِ قائم کو سلام کرنے کا طریقہ

فضل نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عمرو بن شمر سے، اُنھوں نے جابر سے اور جابر نے حضرت ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے آپ نے ارشاد فرمایا:
"جب تم میں سے کوئی ہمارے قائمؑ سے ملاقات کرے تو ان الفاظ میں اُن کو سلام کرے:
"السّلام علیکم یا اھل بیت النّبوّۃ، ومَعدِنَ العِلمِ وَمَوضِعَ الرِّسالۃِ" (غیبتہ طوسی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۵۶) اصحابِ امام قائمؑ کی آزمائش

فضل نے عبدالرحمٰن بن ابوہاشم سے، اُنھوں نے علی بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے، اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "اِنَّ اصحاب موسیٰ ابتلوا بِنہر وھو قولہ اللہ عزّ وجلّ:

(الآیہ) "اِنَّ اللہَ مُبتَلِیکُم بِنَہَرٍ" (بقرہ آیت ۲۴۹)

وَاِنّ اصحاب القائم یبتلون بمثل ذٰلک۔"

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اصحاب کو ایک نہر کے ذریعے سے آزمایا گیا تھا۔ چنانچہ اللہ (صاحبِ عزّت و بزرگی) کا ارشاد ہے:

ترجمۂ آیت: "بیشک اللہ تعالےٰ تم کو ایک نہر کے ذریعے سے آزماتے گا"۔ (بقرہ ۲۴۹)

اور یقیناً اصحابِ امام قائم علیہ السلام بھی اسی طرح آزمائے جائیں گے۔"

(غیبتہ طوسی)

★ علی بن حسین نے محمّد عطّار سے، اُنھوں نے محمّد بن حسن رازی سے اُنھوں نے محمّد بن علی کوفی سے، اور اُنھوں نے ابنِ ابوہاشم سے اسی کے مثل روایت بیان کی ہے۔ (غیبتہ طوسی)

(۵۷) مسجدالحرام اور مسجدالرّسولؐ کی دوبارہ تعمیر

فضل نے عبدالرحمان سے، اُنھوں نے ابنِ ابوحمزہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے:

قالؑ: "القائم یہدم المسجد الحرام حتّیٰ یردّہ الیٰ اساسہ ومسجد الرّسول صلّی اللہ علیہ وآلہ الیٰ اساسہ ویردّ البیت الیٰ موضعہ واقامہ علیٰ اساسہ وقطع ایدی بنی شیبۃ السّرّاق وعلّقہا علی الکعبۃ۔"

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "امام قائمؑ مسجدالحرام اور مسجدِ رسولؐ دونوں کو منہدم کرا کے دوبارہ ان دونوں کو ان کی اصل بنیادوں پر تعمیر کرائیں گے، اور بنی شیبہ کے ہاتھ قلم کریں گے اور اسے کعبہ پر لٹکائیں گے، کیونکہ (کعبہ کے) چور ہیں۔

(غیبتہ طوسی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۵۸) وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ کی تفسیر

فضل نے علی بن حکیم سے، اُنھوں نے سفیان جریری سے، اُنھوں نے ابوصادق سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: " دولتنا آخر الدُّول ولن یبقیٰ اھل بیت لھم دولۃ اِلّا ملکوا قبلنا لئلّا یقولوا اذا رأوا سیرتنا: اذا ملکنا سرنا مثل سیرۃ ھٰؤلاء وھو قول اللہ عزّ وجلّ:

الآیۃ: " وَ الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ " (سورہ اعراف ۱۲۸)

ترجمہ: (اور عاقبت تو پرہیزگاروں کے لیے ہے)

ترجمۂ روایت: "آپ نے فرمایا: ہمارا عہدِ حکومت تو سب کے بعد ہی آئے گا، ہم سے قبل ہر خاندان اور قبیلے کو حکومت کرنے کا موقع دیا جا چکے گا، تاکہ ہمارے دورِ حکومت کو دیکھ کر کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ اگر ہمیں حکومت کرنے کا موقع ملا ہوتا تو ہم بھی ایسا ہی طریقہ اختیار کرتے۔ چنانچہ اللہ عزّ وجلّ کا ارشاد ہے " وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ " (سورہ قصص آیت ۸۳)

(۵۹) نیا نظامِ حکومت

فضل نے عبدالرحمان بن ابوہاشم اور حسن بن علی سے، اُنھوں نے ابوخدیجہ سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: " اذا قام القائمؑ جاء بأمر غیر الحقّ کان "

ترجمہ " جب امامِ قائم ظہور کریں گے تو وہ ایسا نظام حکومت لائیں گے جو اِس سے قبل نہ ہوگا

(۶۰) حدیثِ امیرالمومنینؑ کا ایک جزو

فضل نے علی بن حکم سے، اُنھوں نے ربیع بن محمد مسلی سے، اُنھوں نے سعد بن طریف سے، اُنھوں نے اصبغ بن نباتہ سے، اور اُنھوں نے امیرالمومنینؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

قالؑ: حتّیٰ انتھیٰ الیٰ مسجد الکوفۃ وکان مبیّنًا بخزف ودنان وطین

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فقالؑ: ویل لمن هدمك وویل لمن سهّل هدمك وویل لبانیك بالمطبوخ، المغیّر قبلة نوح، طوبیٰ لمن شهد هدمك مع قائم اهل بیتی اولئك خیار الامة مع ابرار العترة۔" (غیبۃ طوسی)

آپ نے ایک طویل حدیث میں فرمایا: "جب امام قائمؑ مسجدِ کوفہ پہونچیں گے جسکی چہار دیواری اُسوقت پختہ اینٹوں اور گارے سے بنی ہوگی تو اسے دیکھ کر فرمائیں گے: ویل ہو اُس کے لیے جس نے تجھے منہدم کیا، ویل ہو اُس کے لیے جس نے تیرے انہدام میں آسانی فراہم کی، اور ویل ہو اُس کے لیے جس نے تجھے پختہ اینٹوں سے بنایا، اور حضرت نوحؑ کے قبلہ کو بدلا، اور خوش نصیب وہ لوگ ہونگے جو میرے اہلِ بیت کے امام قائمؑ کے ساتھ انہدام کا مشاہدہ کریں گے وہی لوگ بہترین امت ہیں جو عترتِ ابرار کے ساتھ ہوں گے۔" (غیبۃ طوسی)

(۶۱) مسجدِ کوفہ کی ازسرِ نو تعمیر

فضل نے عبدالرحمان بن ابو ہاشم سے، اُنھوں نے علی بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے اور ابوبصیر کی ایک طویل حدیث کو یہاں مختصراً بیان کرتے ہیں کہ:

قال "اذا قام القائمؑ دخل الکوفة وامر بهدم المساجد الاربعة حتّی یبلغ اساسها ویصیّرها عریشاً کعریش موسیٰ ویکون المساجد کلّها جمّاء لاشرف لها کما کان علی عهد رسول اللهؐ وآله ویوسّع الطریق الاعظم فیصیر ستّین ذراعاً ویهدم کلّ مسجد علی الطریق، ویسد کلّ کوّة الی الطریق وکلّ جناح وکنیف ومیزاب الی الطریق ویأمر الله الفلك فی زمانه فیبطئ فی دوره حتّی یکون یوم فی ایّامه کعشرة ایّام والشهر کعشرة اشهر والسنة کعشر سنین من سنیکم۔

ثمّ لا یلبث الّا قلیلاً حتّی یخرج علیه مارقة الموالی برمیلة السّکرة عشرة الاف شعارهم: یاعثمانؓ یا عثمانؓ! فیدعوا رجلاً من الموالی فیقلّده سیفه

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فیخرج الیهم فیقتلهم حتّی لا یبقیٰ منهم احد ثمّ یتوجه الیٰ کابل شاه وهی مدینة لم یفتحها احد قطّ غیره فیفتحها ثمّ یتوجّه الی الکوفة ، فینزلها ویکون داره ویهرج سبعین قبیلة من قبائل العرب۔

* و فی خبر آخر انّه یفتح قسطنطینیة والرومیة وبلاد وبلاد الصین۔

ترجمہ : " جب امام قائم علیہ السلام کا ظہور ہوگا اور وہ کوفہ میں نزولِ اجلال فرمائیں گے تو چاروں مسجدوں کو بنیاد تک منہدم کردینے کا حکم دیں گے اور حضرت موسیٰ ؑ کے عریشے کی طرح اس پر عریشہ و سائبان بنا دیں گے ۔ کیونکہ مسجدوں کی ایسی تعمیر میں کوئی شرف نہیں ، عہدِ رسولؐ میں جیسی مسجدیں تھیں ویسی ہی بنائیں گے اور شاہراہوں کو اتنا چوڑا وکشادہ کریں گے کہ اُن کا عرض ساٹھ ہاتھ ہوجائے ، راستے میں جو مسجدیں پڑیں گی ان کو منہدم کرادیں گے ، راستے کی طرف کھلا ہوا ہر روشندان ، چھجّے ، پرنالے اور بیت الخلاء کو بند کرادیں گے اور اللہ تعالیٰ آسمان کو حکم دیگا کہ وہ اُن کے دورِ حکومت میں اپنی گردش کو کم کردے ، چنانچہ اُسوقت کا ایکدن تمہارے دس دن ، ایک مہینہ دس مہینوں اور ایک سال تمہارے دس سال کے برابر ہوں گے۔

تھوڑے ہی دنوں بعد اُن پر دس ہزار مارقین رمیلہ وسکرہ سے خروج کریں گے اور ان کا نعرہ یا عثمانؓ ! یا عثمانؓ ہوگا۔ تو آپ اپنے موالیوں میں سے ایک کو بلا کر اس کی کمر میں اپنی تلوار حمائل کردیں گے وہ اکیلا ہی ان سب کو قتل کردے گا ، ان میں سے کوئی ایک فرد بھی نہ بچیگا

پھر آپ کابل شاہ کا رُخ کریں گے ، یہ وہ شہر ہے جسے آجتک کسی نے فتح نہیں کیا ۔ بس آپ ہی اس کو فتح کریں گے ، اس کے بعد آپ کوفہ واپس تشریف لائیں گے اور وہاں منزل فرمائیں گے اور عرب کے ستّر قبیلوں کو تہِ تیغ کریں گے۔

(غیبتہ طوسی)

* اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ آپ قسطنطنیہ اور روم اور چین کے شہروں کو بھی فتح کریں گے ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۶۲) اہلِ عرب کیلئے بدترین دَور ؟

فضل نے علی بن اسباط سے، اُنھوں نے اپنے والد اسباط بن سالم سے، اُنھوں نے موسیٰ اَبّار سے، اور موسیٰ اَبّار نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

اَنّہٗ قالؑ: " اتّق العرب فاِنّ لھم خبر سوء امّا اِنّہٗ لم یخرج مع القائم منھم واحد "

آپؑ نے فرمایا " اہلِ عرب کو ڈرنا چاہیئے کیونکہ ان کے لیے وہ بہت بُرا زمانہ آنے والا ہے اس لیے کہ امامِ قائمؑ کے ساتھ اُن میں سے کوئی فردِ واحد بھی خروج نہ کریگا۔"

(غیبتہ طوسی)

(۶۳) امام قائمؑ کے اصحاب جوان ہونگے

فضل نے عبدالرحمان بن ابوہاشم سے، اُنھوں نے عمر بن ابومقدام سے، اُنھوں نے عمران بن ظبیان سے، اُنھوں نے حکیم بن سعد سے، اور اُنھوں نے حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: " اصحاب المھدیؑ شباب لا کھول فیھم الّا مثل کحل العین و الملح فی الزاد واقلّ الزاد الملح "

آپ نے ارشاد فرمایا: " امام مہدیؑ کے اصحاب سب جوان ہوں گے، اُن میں بوڑھا کوئی نہ ہوگا مگر بہت ہی کم جیسے آنکھ میں سُرمہ یا جیسے کھانے میں نمک اور ظاہر ہے کہ کھانے میں سب سے کم چیز تو نمک ہی ہوتا ہے۔ (غیبتہ طوسی)

"

★ غیبتہ نعمانی میں علی بن حسین سے، اُنھوں نے محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن حسن رازی سے، اُنھوں نے محمّد بن علی کوفی سے، اُنھوں نے عبدالرحمان بن ابوہاشم سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی ص۱۷۰، غیبتہ شیخ ص۲۹۸)

(۶۴) بیعت امامؑ درمیانِ رُکن و مقام

فضل نے احمد بن عمر بن مسلم سے، اُنھوں نے حسن بن عقبہ نہمی سے، اُنھوں نے ابواسحاق البناء سے، اُنھوں نے جابرؓ جعفی سے روایت کی ہے، اور جابر کا بیان ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے حضرت امام قائم علیہ السّلام کے بارے میں ارشاد فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ : "یبایع القائم بین الرکن و المقام ثلاثمائۃ و نیّف عدّۃ اھل بدر، فیھم النّجباء من اھل مصر و الابدال من اھل الشام و الاخیار من اھل العراق فیقیم ماشاء اللہ اَن یقیم۔"

آپ نے فرمایا: "حضرت امام قائم علیہ السلام کی بیعت رکن و مقام کے درمیان اصحابِ بدر کی تعداد کے برابر تین سو تیرہ (۳۱۳) آدمی کریں گے جنمیں کچھ شرفائے اہلِ مصر کچھ ابدال اہلِ شام اور اہلِ عراق کے نیک لوگ ہوں گے اور جب اللہ چاہے گا وہاں سے خروج کریں گے۔" (غیبۃ طوسی)

(۶۵) "یَاْتِ بِکُمُ اللہُ ..." کی تفسیر

فضل نے محمد بن علی سے، انھوں نے وہیب بن حفص سے، انھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ : "کان امیرالمومنینؑ یقول : لایزال النّاس ینقصون حتّی لا یقال : اللہ: فاذاکان ذٰلک ضرب یعسوب الدّین بذنبہ فیبعث اللہ قومًا من اطرافھا و یجیئون قزعًا کقزع الخریف واللہ اِنّی لَاَعرفھم واَعرف اسماءھم وقبائلھم واسم امیرھم، وھم قوم یحملھم اللہ کیف شاء من القبیلۃ الرجل والرجلین حتّی بلغ تسعۃ۔ فیتوافون من الآفاق ثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر رجلاً عدّۃ اھل بدر وھو قول اللہ تعالیٰ : (الآیۃ :) "اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللہُ جَمِیْعًا اِنَّ اللہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" (سورہ بقرہ آیت ۱۴۸)

حتّی اَنَّ الرّجل لیحتبی فلا یحلّ حبوتہ حتّی یبلغہ اللہ ذالک" (غیبۃ طوسی)

آپ نے فرمایا "حضرت امیرالمومنین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ لوگ گھٹتے گھٹتے اتنے ہوجائیں گے کہ اللہ کا نام تک لینے والا کوئی نہ رہے گا تو اس وقت دین کا سردار اُٹھ کھڑا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اطراف و جوانب سے ایک گروہ کو بھیجے گا جو موسمِ برسات کے بادلوں کے ٹکڑوں کی طرح آکر جمع ہوجائینگے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور خدا کی قسم میں یہ بھی جانتا ہوں کہ ان کے نام کیا ہیں، وہ کس قبیلے سے ہوں گے، ان کے سردار کا کیا نام ہوگا اور اللہ جس طرح چاہے گا انھیں اُٹھائے گا، کسی قبیلے سے ایک، کسی سے دو، کسی سے تین، کسی سے چار کسی سے پانچ، کسی سے چھ، کسی سے سات، کسی سے آٹھ اور کسی سے نو۔ اسطرح وہ اہلِ بدر کی تعداد کے برابر تین سو تیرہ جمع ہو جائیں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ترجمۂ آیت: "جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم کو ایک جگہ جمع کر دے گا۔ بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔" (سورۂ بقرہ ۱۴۸)

(۶۶) ہم سے جنگ کرنے والا دجّال کا ساتھی

حضرت امام علی رضا علیہ السّلام نے اپنے آبائے کرام سے روایت کی ہے کہ حضرت علی بن ابی طالبؑ علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا:

قالؑ "من قاتلنا فی اٰخر الزّمان فکانّما قاتلنا مع الدّجّال"

قال ابوالقاسم طائی: سألتُ علیّ بن موسیٰ الرّضا علیہ السّلام عمّن "قاتلنا فی اٰخر الزّمان"؟

قالؑ: من قاتل صاحب عیسیٰؑ بن مریمؑ وھو المھدی علیہ السّلام۔"

ترجمہ "جو شخص آخری زمانے میں ہم سے جنگ کرے گا، وہ گویا دجّال کے ساتھ ہو کر ہمارے ساتھ جنگ کرے گا۔"

ابوالقاسم طائی نے کہا کہ میں نے حضرت امام علی بن موسیٰ الرّضا علیہ السّلام سے دریافت کیا کہ آخرِ زمانہ میں آپ حضرات میں سے کس سے جنگ کرے گا؟

آپؑ نے فرمایا: حضرت عیسیٰؑ بن مریمؑ کے ساتھی یعنی امام مہدی علیہ السّلام سے جنگ کریگا"

(صحیفۃ الرّضا)

(۶۷) زادِ سفر کے بدلے حجرِ موسیٰؑ ساتھ ہوگا

ابوسعید خراسانی نے حضرت امام جعفر صادقؑ بن امام محمّد باقر علیہ السّلام سے، اور آپؑ نے اپنے پدرِ بزرگوار سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا کہ:

"اذا قام القائم بمکّۃ و اراد ان یتوجّہ الی الکوفۃ نادی منادیہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

" اَلَا لا یحمل احد منکم طعامًا ولا شرابًا ویحمل حجر موسیٰ الذی انبجست منه اثنتی عشرة عینًا فلا ینزل منزلًا اِلّا نصبه ، فانبجست منه العیون فمن کان جائعًا شبع ومن کان ظمآن روی فیکون زادهم حتّی ینزلوا النجف من ظاهر الکوفة ، فاذا نزلوا ظاهرها انبعث منه الماء واللبن دائمًا ، فمن کان جائعًا شبع ومن کان عطشانًا روی ۔ "

ترجمہ : "آپؑ نے فرمایا : امام قائمؑ مکّہ میں ظہور فرمائیں گے اور وہاں سے کوفہ جانے کا ارادہ کریں گے تو آپ کا ایک منادی ندا دے گا : " آگاہ ہو جاؤ ، جو شخص ہمارے ساتھ چلنے کا ارادہ رکھتا ہے وہ اپنے ہمراہ کوئی کھانے یا پینے کی چیز نہ لے جائے " اور آپ اپنے ساتھ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا وہ حجر (پتّھر) رکھ لیں گے جس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے تھے ، اور جب کسی منزل پر قیام کریں گے تو اُسے ایک جگہ نصب کر دیں گے ۔ پھر اس سے مختلف چشمے پھوٹ نکلیں گے ، جو بھوکا ہوگا وہ اس سے شکم سیر ہوگا جو پیاسا ہوگا اُس سے اُس کی پیاس بُجھے گی اور یہی اُن لوگوں کے لیے زادِ سفر ہوگا ، یہانتک کہ آپ اُن سب کو لیکر نجفِ کوفہ کے باہر منزل فرمائیں ، اور وہاں بھی اُس سے مسلسل پانی اور دودھ جاری رہے گا جس سے بھوکے شکم سیر ہوں گے اور پیاسے اپنی تشنگی بُجھائیں گے ۔" (الخرائج والجرائح)

(۶۸) بیمار شفا پائیں گے

محمّد بن عبدالحمید سے روایت ہے ، اُنھوں نے ابوجمیلہ سے ، اُنھوں ابوبکر حضرمی سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ :

قالؑ : " من ادرک قائم اهل بیتی مَن ذی عاهة برأ ومن ذی ضعف قوی "

آپؑ نے فرمایا : " جو شخص ہم اہلبیت کے قائم سے ملاقات کرے گا ، اگر بیمار ہوگا تو شفایاب ہوگا اور جو کمزور و ناتوان ہوگا وہ قوی و طاقتور ہو جائے گا ۔" (الخرائج والجرائح)

(۶۹) اصحابِ قائم کیسے ہوں گے ؟

ابوبکر حضرمی نے عبدالملک بن اعین سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابوجعفر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام محمد باقر علیہ السلام کی مجلس سے اُٹھا تو اپنے ہاتھ کا سہارا لیکر اُٹھا اور اپنی کمزوری و ناتوانی پر رو پڑا، پھر عرض کیا: (فرزندِ رسولؐ!) مجھے تو تمنّا ہے کہ صاحب الامرؑ کا دور آجائے تو میں طاقتور اور قوی ہو جاؤں۔

فقالؑ "اَمَا ترضون اَنّ اعداءکم یقتل بعضھم بعضًا وانتم آمنون فی بیوتکم اِنّہ لو کان ذٰلک اُعطی الرَّجل منکم قوّۃ اربعین رجلًا، وجعل قلوبکم کزبر الحدید، لو قد فتم بھا الجبال فلقتھا وانتم قوّام الارض وخزّانھا۔"

آپؑ نے فرمایا: "کیا تم لوگ اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تمھارے دشمن خود ہی آپس میں ایکدوسرے کو قتل کریں اور تم لوگ امن و سکون سے اپنے گھروں میں بیٹھے رہو، اور اگر جنگ کا موقع آیا بھی تو تم میں سے ہر شخص کو چالیس مردوں کی طاقت عطا کردی جائے گی اور تمھارے دل فولاد کے مانند ایسے بنا دیے جائیں گے کہ اگر تم ارادہ کرو تو پہاڑ کے بھی ٹکڑے ٹکڑے کر دو۔ تم ہی لوگ تو زمین کا انتظام چلاؤ گے اور اس کے خزانہ دار بنو گے۔" (الخرائج والجرائح)

★ کافی میں محمد بن یحییٰ نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے اہوازی سے، اُنھوں نے فضالہ سے، اُنھوں نے ابنِ عمیر سے، اُنھوں حفرمی سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (کافی)

(۷۰) ہمارے شیعوں کے اوصاف

محمد بن عیسیٰ نے صفوان سے، اُنھوں نے عمرو بن شمر سے، اُنھوں نے جابر سے، جابر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، آپ نے فرمایا:

قالؑ "اِنّ اللہ نزع الخوف من قلوب شیعتنا واسکنہ قلوب اعدائنا فواحدھم امضیٰ من سنان واَجری من لبث یطعن عدوّہ برمحہ ویضربہ بسیفہ ویدوسہ بقدمہ۔"

آپ نے فرمایا "(ظہورِ قائمؑ کے بعد) اللہ تعالیٰ ہمارے شیعوں کے دلوں سے خوف نکالدیگا اور ہمارے دشمنوں کے دلوں میں خوف جاگزیں کردیگا۔ ہمارے ان شیعوں میں سے ہر ایک نیزے سے زیادہ تیز اور شیر سے زیادہ جرأت مند ہوگا، اپنے دشمنوں پر نیزے سے وار کریگا، اپنی تلوار سے اس کے ٹکڑے کریگا اور اپنے پاؤں کے نیچے اُسے مسل دیگا۔ (الخرائج والجرائح)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۷۱) امامِ قائم کی مسیحائی

محمّد بن عیسٰی نے صفوان سے، اُنھوں نے مثنّیٰ سے، اُنھوں نے ابوخالد کابلی سے، اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے:

قالؑ: "اذا قام قائمنا وضع یدہ علیٰ رؤس العباد فجمع بہ عقولھم واکمل بہ اخلاقھم"

آپؑ نے فرمایا: "جب ہمارا قائم ظہور کرے گا تو (جس شخص کے سر پر) اگر لوگوں کے سروں پر (ہاتھ پھیر دیں یا) ہاتھ رکھ دیں گے تو ان کی عقلیں درست اور اخلاق کامل ہو جائیں گے۔" (الخرائج والجرائح)

(۷۲) شیعوں کی قوّتِ سماعت وبصارت

ایوب بن نوح نے عبّاس بن عامر سے، اُنھوں نے ربیع بن محمّد سے، اُنھوں نے ابوربیع شامی سے روایت کی ہے، اور ابوربیع شامی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سُنا:

یقولؑ: "اِنّ قائمنا اذا قام مدّ اللہ لشیعتنا فی اسماعھم وابصارھم حتّیٰ (لا) یکون بینھم وبین القائم برید یکلّمھم فیسمعون وتنظرون الیہ وھو فی مکانہ"

آپ فرماتے تھے کہ "جب ہمارے قائم کا ظہور ہوگا تو اللہ تعالیٰ ہمارے شیعوں کی قوّتِ سماعت اور قوّتِ بصارت میں اتنا اضافہ کردے گا کہ ان لوگوں اور امام قائم کے درمیان قاصد کی ضرورت نہ رہے گی، امام اپنے مقام پر بیٹھے بیٹھے جو کچھ فرمائیں گے وہ یہ لوگ سنیں گے اور جب نظر اُٹھائیں گے تو اپنے امامؑ کی زیارت کرلیں گے۔"

(الخرائج والجرائح)

"

کتاب کافی میں ابوعلی اشعری نے حسن بن علی کوفی سے، اُنھوں نے عبّاس بن عامر سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (کافی)

(۷۳) پورا علم ستائیس حرف پر مشتمل ہے جنمیں...؟

موسیٰ بن عمر نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے صالح بن حمزہ سے، اُنھوں نے ابان سے اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ابان نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قال: "العلم سبعة وعشرون حرفًا فجميع ما جاءت به الرّسل حرفانِ فلم يعرف النّاس حتّى اليوم غير الحرفين فاذا قام قائمنا اخرج الخمسه والعشرين حرفًا فبثّها في النّاس و ضمّ اليها الحرفين حتّىٰ يبثها سبعة وعشرين حرفًا۔"

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: "علم ستائیس۲۷ حروف پر مشتمل ہے، تمام انبیاء و رُسل جو کچھ لائے وہ صرف دو حروف ہیں اور تمام لوگ دو حروف سے زیادہ کچھ نہیں جانتے۔ جب حضرت امام قائم علیہ السلام ظہور کریں گے تو باقی پچیس۲۵ حروف کو ظاہر کریں گے اور اسے دو حرفوں میں ملا دیں گے اور پورے ستائیس۲۷ حروف کے علم کو پھیلائیں گے۔"

(الخرائج والجرائح)

(۷۴) امام قائمؑ کے فیصلے

سعد نے یقطینی سے، اُنھوں نے صفوان سے، اُنھوں نے ابوعلی خراسانی سے، اور اُنھوں نے ابان بن تغلب سے، ابان نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"کانّی بطائرٍ ابیض فوق الحجر فیخرج من تحته رجل یحکم بین النّاس بحکم آل داوٗدؑ وسلیمان لا یبتغی بیّنة"

ترجمہ: "گویا میں ایک سفید طائر کو دیکھ رہا ہوں جو حجرِ اسود پر بیٹھا ہوا ہے اور اُس کے نیچے سے ایک شخص ظاہر ہوا ہے جو لوگوں کا فیصلہ بالکل آلِ داوٗدؑ و سلیمانؑ کے مانند کر رہا ہے اور کسی سے ثبوت نہیں طلب کر رہا ہے۔"

(الخرائج والجرائح)

(۷۵) امام قائمؑ کے لشکر کی روانگی

حجّال نے ثعلبہ سے، اُنھوں نے ابوبکر حضرمی سے، اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے:

قالؑ: "کانّی بالقائم علیہ السّلام علیٰ نجف الکوفة وقد سار الیها من مکّة فی خمسة آلاف من الملائکة جبرئیلؑ عن یمینه ومیکائیلؑ عن شماله والمؤمنون بین یدیه وهو یفرّق الجنود فی البلاد"

(الارشاد)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؑ نے فرمایا: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السلام مکہ سے نجف کوفہ تشریف لاتے ہیں اور آپ کے جلو میں پانچہزار ملائکہ ہیں حضرت جبرئیلؑ آپ کے داہنے جانب اور حضرت میکائیلؑ بائیں جانب ہیں اور مومنین آگے آگے ہیں اور وہ حضرت اپنے لشکر مختلف ممالک کی طرف روانہ کر رہے ہیں۔" (الارشاد)

(۷۶) بیرونِ کوفہ ایک مسجد کی تعمیر جس میں ایکہزار دروازے ہوں گے

مفضّل سے روایت ہے کہ میں نے خود حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: "اِذا قام قائم آل محمدؐ بنیٰ فی ظهر الکوفة مسجدًا له الف باب و اتّصلت بیوت الکوفة بنهر کربلا"

آپ فرما رہے تھے کہ "جب امام قائم آل محمدؐ ظہور کریں گے تو آپ بیرونِ کوفہ ایک ایسی مسجد تعمیر کریں گے جس میں ایکہزار دروازے ہوں گے اور کوفہ کی عمارتیں اور کربلا کی نہر متّصل ہو جائیں گی۔" (الارشاد)

(۷۷) آپؑ کے دورِ حکومت میں کوئی حاجتمند نہ ہوگا

عبدالکریم خثعمی سے روایت ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ حضرت امام قائم علیہ السلام کتنے عرصے تک حکومت کریں گے؟

فقالؑ: سبع سنین، یطول الایّام و اللّیالی حتّیٰ تکون السّنة من سنیه مقدار عشر سنین من سنیکم فیکون (سنو) مُلکه سبعین سنة من سنیکم هٰذه۔"

واذا آن قیامه مطر النّاس جمادی الاٰخرة و عشرة ایّام من رجب، مطرًا لم تر الخلائق مثله فینبت الله به لحوم المؤمنین و ابدانهم فی قبورهم و کانّی انظر الیهم مقبلین من قبل جهینه ینفضون شعورهم من التّراب

و روی المفضّل بن عمر قال سمعتُ اباعبدالله علیہ السلام یقول:

"انّ القائمنا اذا قام اشرقت الارض بنور ربّها و استغنی العباد

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عن ضوء الشمس، وذهبت الظلمة ويعمر الرّجل
فی مُلکه حتّیٰ یولد له الف ذکر لاتولد فیهم انثیٰ و
وتظهر الارض کنوزها حتّیٰ تراها النّاسَ علیٰ وجهها و
یطلب الرّجل منکم من یصله بماله ویأخذ من زکاة
لا یوجد أحد یقبل منه ذٰلك استغنی النّاس بما
رزقهم الله من فضله "

ترجمہ:
آپؑ نے فرمایا: "سات سال (حکومت کریں گے) مگر اُس زمانے میں دن و رات اسقدر طویل کر دیے جائیں گے کہ اُس وقت کا ایک سال تمہارے آجکل کے دس سال کے برابر ہوگا اور اسیطرح آپ کے سات سال کی حکومت تمہارے آجکل کے ستر سال کے برابر ہوگی۔

اور جب قیامت کے آنے کا وقت قریب ہوگا تو جمادی الآخر سے لیکر دس رجب تک ایسی بارش ہوگی کہ لوگوں نے ایسی بارش کبھی نہ دیکھی ہوگی۔ اُس بارش میں مومنین کے (مردہ) ابدان اور گوشت کو اُن کی قبور میں اللہ تعالیٰ پیدا کر دے گا۔ اور میں دیکھ رہا ہوں گویا مومنین اپنی قبروں سے مٹی جھاڑتے ہوئے سر نکال رہے ہیں۔

نیز مفضّل بن عمر نے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادقؑ کو فرماتے ہوئے سنا: آپ نے فرمایا:

"جب بلاشبہ ہمارا قائم ظہور کرے گا تو زمین اپنے پروردگار کے نور سے ضیا بار اور جگمگا اُٹھے گی اور لوگوں کو آفتاب کی روشنی کی ضرورت نہ رہیگی لوگ اس سے مستغنی ہو جائیں گے، دنیا سے تاریکی دور ہو جائے گی آپکی حکومت میں ایک ایک شخص کی عمر اتنی طویل ہوگی کہ اُس سے ایک ایک ہزار لڑکے پیدا ہوں گے اور لڑکی کوئی پیدا نہ ہوگی۔ زمین اپنے خزانے اُگل دے گی، اور لوگ ان خزانوں کو روئے زمین پر مشاہدہ کریں گے۔ اور لوگ تلاش کریں گے کہ کوئی ایسا نادار شخص مل جائے جس کے ساتھ مالی سلوک کیا جا سکے، کوئی زکوٰۃ کی رقم لینے والا شخص نہ ملے گا (سب غنی ہوں گے) اور اللہ نے جو رزق اُنکو عطا فرمایا ہے وہ اس کی وجہ سے کسی قسم کے مال یا امداد کے حاجتمند نہ ہوں گے۔"

(الارشاد)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۷۸) جبرئیلؑ سب سے پہلے بیعت امامؑ کریں گے

مفضّل بن عمر سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ کو فرماتے ہوئے سُنا:

یقولؑ: "اِذا اَذِنَ اللہ عزّ وجلّ للقائمؑ فی الخروج، صعد المنبرَ دَعا النّاس الیٰ نفسہٖ وناشدھم باللہ ودعاھم الیٰ حقّہٖ وان یسیر فیھم بِسیرۃِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ ویعمل فیھم بعملہ، فیبعث اللہ جلّ جلالہ جبریل علیہ السّلام حتّیٰ یاتیہ فینزل علَی الحطیم ثمّ یقول لہ: الیٰ ایِّ شیءٍ تدعو؟ فیخبرہ القائمؑ علیہ السّلام فیقول جبریل علیہ السّلام اَنا اوّل مَن یبایعک ابسط یدک، فیمسح علیٰ یدہٖ، وقد وافاہ ثلاثمائۃ وبضعۃ عشر رجلاً فیبایعونہ ویقیم بمکّۃ حتّیٰ یتمّ اصحابہ عشرۃ آلاف انفس ثمّ یسیر منھا الی المدینۃ" (الارشاد)

آپؑ نے فرمایا "جب اللہ عزّت وجلالت والا، امام قائمؑ کو اذنِ ظہور فرمائیگا تو آپ منبر پر تشریف لیجائیں گے اور لوگوں کو اپنی طرف دعوت دیں گے اور اللہ کا واسطہ دیکر لوگوں کو اپنے حق کی طرف بلائیں گے اور اُنھیں بتائیں گے کہ ہم تم لوگوں کے ساتھ وہ سیرت اختیار کریں گے جو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ کی سیرت تھی اور وہی عمل کریں گے جو رسول اللہؐ کا عمل تھا۔

پھر اللہ جلالت و بزرگی والا جبرئیلؑ کو بھیجے گا وہ آکر خطیم پر نازل ہونگے اور امام قائمؑ سے کہیں گے کہ آپ، لوگوں کو کس چیز کی طرف بلاتے ہیں؟ اور حضرت قائمؑ اُنھیں بتائیں گے تو وہ کہیں گے کہ سب سے پہلے میں آپکی بیعت کرتا ہوں اپنا ہاتھ بڑھائیں۔ وہ اپنا ہاتھ آگے بڑھائیں گے تو وہ اُنکے ہاتھ سے اپنا ہاتھ مسح کریں گے اُس وقت تین سو تیرہ آدمی بڑھیں گے اور آپ کی بیعت کریں گے اور جبتک آپ سے بیعت کرنے والے دس ہزار نہ ہو جائیں گے آپ مکّہ میں قیام کریں گے اس کے بعد آپ وہاں سے مدینہ روانہ ہوں گے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۷۹) اہلِ قریش کا قتل

عبداللہ بن مغیرہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"اذا قام القائم من آلِ محمد علیہ السلام اقام خمسمائة من قریش فضرب اعناقهم، ثمّ اقام خمسمائة (فضرب اعناقهم، ثمّ خمسمائة) اُخریٰ حتّیٰ یفعل ذٰلكَ سِتّ مرّات۔" قلتُ: ویبلغ عدد هٰؤلاء هٰذا؟ قال: "نعم منهم ومن موالیهم۔" (الارشاد)

ترجمہ: "جب حضرت قائم آلِ محمد علیہ السلام ظہور فرمائیں گے تو قریش کے پانچسو آدمیوں کو کھڑا کرکے اُن کی گردن ماردیں گے، پھر ان میں سے پانچسو کو کھڑا کریں گے اور اُن کی گردنیں بھی ماردیں گے اور اسی طرح چھ مرتبہ پانچ پانچ سو آدمیوں کو کھڑا کرکے اُن کی گردنیں ماردیں گے۔

میں نے عرض کیا: اُس وقت اتنی تعداد میں قریشی موجود ہوں گے؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں، وہ ہوں گے اور اُن کے موالی بھی ہوں گے۔" (ارشاد)

(۸۰) بنی شیبہ کے ہاتھ کاٹے جائیں گے

ابوبصیر سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: "اذا قام القائم هدم المسجد الحرام حتّیٰ یردّه الیٰ اساسه وحوّل المقام الی الموضع الّذی کان فیه وقطع ایدی بنی شیبة وعلّقها علی باب الکعبة وکتب علیها هٰؤلاء سرّاق الکعبة"

ترجمہ: "جب حضرت امام قائم علیہ السلام ظہور فرمائیں گے تو مسجد الحرام کو منہدم کرکے اس کو اصل بنیاد پر از سرِ نو تعمیر کریں گے اور مقام (ابراہیمؑ) کو موجودہ جگہ سے اُٹھاکر اس جگہ رکھیں گے جو واقعاً اس کی جگہ تھی اور بنی شیبہ کے ہاتھ قلم کرکے خانۂ کعبہ کے دروازے پر لٹکادیں گے اور اس پر ایک یہ کتبہ آویزاں کریں گے کہ "یہ سب خانۂ کعبہ کے چور تھے"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۸۱) فرقۂ بُتریّہ زیدیّہ اور منافقوں کا قتل

ابو الجارود نے حضرت ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السّلام سے ایک طویل حدیث روایت کی ہے جس میں یہ ہے:

قال: "اذا قام القائم علیہ السّلام سار الی الکوفۃ، فیخرج منہا بضعۃ عشر آلاف انفس یدعون البُتریّۃ[1] علیہم السلاح فیقولون لہ: "ارجع من حیث جئت فلاحاجۃ لنا فی بنی فاطمۃ فیضع فیہم السیف حتّی یاتی علی آخرہم ثمّ یدخل الکوفۃ فیقتل بہا کلّ منافق مرتاب ویہدم قصورہا ویقتل مقاتلیہا حتّی یرضی اللہ عزّ وعلا۔" (الارشاد)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "جب حضرت امام قائم علیہ السّلام کوفہ کی جانب تشریف لیجائیں گے تو کوفہ سے بُتریّہ[1] زیدیہ فرقے کے دس ہزار سے زیادہ مسلح افراد نکلیں گے اور آپ سے کہیں گے کہ: تم جہاں سے آئے ہو وہیں واپس جاؤ ہمیں بنی فاطمہؑ کی ضرورت نہیں۔" چنانچہ آپ اُن سب کو تہِ تیغ کردیں گے اُن میں سے کوئی بھی نہ بچے گا۔ اس کے بعد داخلِ کوفہ ہوکر تمام منافقوں کو قتل کریں گے اُن کے قصور و محلات کو مسمار و منہدم کریں گے یہانتک کہ اللہ عزّت و بلندی والا راضی ہوجائے گا۔" (ارشاد)

(۸۲) جدید احکامات جاری ہونگے

ابو خدیجہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق نے ارشاد فرمایا:

"اذا اقام القائم علیہ السّلام جاء بامر جدید کما دعی رسول اللہؐ فی بدو الاسلام الی امر جدید"

فرمایا آپ نے "جب حضرت امام قائم علیہ السّلام ظہور فرمائیں گے تو جس طرح حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ابتدائے اسلام میں جدید احکامات جاری کیے تھے، آپؑ بھی اسی طرح جدید احکام جاری کریں گے۔" (ارشاد)

---

[1] بُتریہ فرقہ کا تعلق مغیرہ بن سعد سے ہوگا جسکو ابتر کے نام سے پکارا جاتا ہے، یہ فرقہ زیدیہ کا ایک گروپ ہوگا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۸۳) عدل واسلام کا بول بالا ہوگا

علی بن عقبہ نے اپنے والد سے روایت کی ہے:

قال ابیہ: "اذا قام القائم علیہ السلام حکم بالعدل وارتفع فی ایّامہ الجور و آمنت بہ السبل و اَخرجت الارض برکاتہا، وردّ کلّ حقّ الیٰ اھلہ ولم یبق اھل دین حتّی یظھروا الاسلام ویعترفوا بالایمان، اَمَا سمعت اللہ سبحانہ یقول:

(آیۃ) "وَلَہٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْھًا وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ" (آل عمران آیت ۸۳)

ترجمہ:- اس کے والد نے کہا: "جب امام قائم علیہ السلام ظہور فرمائیں گے تو عدل کی حکمرانی ہوگی اور اُن کے دور میں ظلم وجور ختم ہوجائے، راستے پُرامن وامان ہوں گے، زمین اپنی تمامتر برکتیں اور خزانے اُگل دے گی، ہر حقدار کو اس کا حق واپس دلایا جائے گا اور تمام ادیان کے لوگ اسلام قبول کرلیں گے اور ایمان کا اعتراف کریں گے کیا تم نے اللہ سبحانہ کا یہ قول نہیں سنا ہے:

(ترجمۂ آیت) "اور جو کوئی بھی آسمانوں اور زمین میں ہیں (اُنھوں نے) خوشی سے یا جبراً اُسی (اللہ) کے سامنے سرِ تسلیم خم کیے ہیں اور وہ اُسی کی طرف لوٹ کر جائیں گے۔" (ترجمۂ آل عمران آیت ۸۳)

ثم قال: "وحکم بین الناس بحکم داؤدؑ وحکم محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم فحینئذ تظھر الارض کنوزھا وتبدی برکاتہا ولا یجد الرّجل منکم یومئذ موضعًا لصدقتہ ولا لبرّہ لشمول الغنی جمیع المومنین۔

ثمّ قال: "اِنّ دولتنا آخر الدّول ولم یبق اھل بیت لھم دولۃ الّا ملکوا قبلنا لئلّا یقولوا اذا رأوا سیرتنا اِذا ملکنا سرنا بمثل سیرۃ ھٰؤلاء وھو قول اللہ تعالیٰ:

(آیۃ) "وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ" (قصص: ۸۳) (الاعراف ۱۲۸)

ترجمۂ روایت:

پھر اس نے کہا: "اور امام قائم علیہ السلام، حضرت داؤدؑ اور حضرت محمدؐ (جن پر نازل ہوں آپؐ پر اور آپؐ کی آل پر)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کے فیصلوں کی طرح فیصلے کریں گے' اُسوقت زمین اپنے خزانے اُگل دے گی اور اُس کی برکتیں اور قوّتِ نشو و نما نمودار ہو جائے گی۔ اُس دور میں تمام مومنین غنی اور دولت مند ہوں گے، کسی کو کوئی صدقہ و خیرات لینے والا نہ ملے گا۔

پھر کہا: " ہمارا دورِ حکومت آخری دورِ حکومت ہوگا' اور ہم سے پہلے ہر کُنبے اور قبیلے کو حکومت کا موقع دیا جائے گا' تاکہ ہمارے دورِ حکومت کو دیکھکر کوئی شخص یہ نہ کہہ سکے کہ اگر ہم لوگوں کو حکومت کا موقع ملتا تو ہم لوگ بھی یہی کرتے جو کچھ یہ لوگ کر رہے ہیں۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

(ترجمہ آیت) " اور عاقبت تو پرہیزگاروں کیلئے ہی ہے " (اعراف ۱۲۸، قصص ۸۳)

(ارشاد)

(۸۴) کوفے کی چار مساجد کا انہدام

ابو بصیر نے حضرت ابو جعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے ایک طویل حدیث روایت کی ہے جس میں یہ بھی مذکور ہے:

قالؑ " اذا قام القائمؑ، سار الی الکوفۃ فہدم بہا اربعۃ مساجد ولم یبق مسجد علی الارض لہ شرف اِلّا ہدمہا و جعلہا جمّاء و وسّع الطریق الاعظم وکسر کلّ جناح خارج عن الطریق و ابطل الکنف و المیازیب اِلی الطرقات ولا یترکؑ بِدعۃ اِلّا ازالہا ولا سُنّۃ اِلّا اَقامہا و یفتتح قسطنطینیۃ والصّین وجبال الدّیلم، فیمکث علیٰ ذٰلک سبع سنین مقدار کلّ سنۃ عشر سنین من سنیکم ہٰذہ ثمّ یفعل اللہ ما یشاء۔

قال: قلت لہ: جعلت فداک فکیف تطول السنون؟

قالؑ: " یأمر اللہ تعالیٰ الفَلَک باللّبوث، وقلّۃ الحرکۃ فتطول الایّام لذٰلک والسنون "

قال: قلت لہ: اِنّہم یقولون: اِنّ الفَلَک اذا تغیّر فسد۔؟

قالؑ ذٰلک قول الزّنادقۃ فامّا المسلمون فلا سبیل لہم اِلیٰ ذٰلک

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وقد شقّ اللہ القمر لنبیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وردّ الشمس من قبلہ لیوشع بن نون، وأخبر بطول یوم القیامۃ ہ "وَاِنَّہٗ کَاَلْفِ سَنَۃٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ"۔"

ترجمۂ روایت: "جب امام قائم علیہ السلام ظہور فرمائیں گے تو آپ کوفہ جائیں گے، اور وہاں کی چار مسجدوں کو منہدم کرادیں گے اور زمین پر کوئی بڑی شاندار مسجد ایسی نہ رہے گی جس کو منہدم نہ کرادیں، شاہراہوں کو وسیع کرادیں گے، راستے جتنے چھجے (یا لکونی) اور پرنالے نکلے ہوئے ہوں گے اور بیت الخلاء جو راستے کی طرف بنے ہوئے ہوں گے ان سب کو مسمار کرادیں گے، ہر بدعت کو ختم اور ہر سنّت کو جاری فرمائیں گے قسطنطنیہ اور چین و جبالِ دیلم کو فتح کرینگے اس طرح آپ سات سال تک حکومت کریں، جس کا (آپ کی حکومت کا) ہر سال تمھارے دس سال کے برابر ہوگا، اُس کے بعد اللہ جو چاہے گا کریگا۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، یہ سال اسقدر طویل کیسے ہوجائیں گے؟ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ آسمان کو حکم دیگا کہ وہ اپنی حرکت کو کم کردے اس لیے دن طویل ہوجائیں گے اور جب دنوں کو طول ہوگا تو سال خود بخود طویل ہوجائیں گے۔

میں نے عرض کیا: مگر لوگ تو یہ کہتے ہیں کہ اگر آسمان کے نظام میں ذرا بھی تبدیلی واقع ہوئی تو وہ فاسد و تباہ ہوجائے گا۔؟

آپؑ نے فرمایا: یہ قول زنادقہ کا ہے۔ مگر مسلمانوں کو اس کے تسلیم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ کے لیے چاند کو شق (کرکے دو ٹکڑے) کیا اور اس سے قبل حضرت یوشع بن نون کے لیے آفتاب کو پلٹادیا، پھر یہ کہ قیامت کے دن کے متعلق اُس نے خود ارشاد فرمایا ہے کہ:

"بیشک وہ (دن) تمھارے حساب کے مطابق ایک ہزار سال کے برابر ہوگا۔"

(۱۵) قرآن کی تعلیم تنزیل کی مطابق ہوگی (ارشاد)

جابر نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "اذا قام القائم (علیہ السلام) آل محمدؐ ضرب فساطیط لمن یعلّم الناس القرآن علیٰ ما انزل اللہ جلّ جلالہ فاصعب ما

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یکون علیٰ من حفظہ الیوم لِاَنّہ یخالف فیہ التالیف "

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: "جب امام قائم آلِ محمدؐ علیہ السلام ظہور کریں گے تو قرآن پڑھانے والوں کے لیے ہر طرف خیمے نصب کر دیے جائیں گے جو لوگوں کو قرآن کی تعلیم اسی ترتیب سے دیں گے جس طرح اللہ جلّ جلالہ نے نازل فرمایا ہے۔ اور اس صورت سے حافظانِ قرآن کو بڑی دقّت و دشواری پیش آئے گی، اِس لیے کہ اُنھوں نے موجودہ ترتیب سے قرآن حفظ کیا ہے۔" (ارشاد)

(۱۶) مقدمات کے فیصلے الہام کے ذریعے ہونگے

عبداللہ بن عجلان سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: "اذا قام قائم آلِ محمدؐ علیہ السلام حکم بین النّاس بحکم داؤدؑ لا یحتاج الیٰ بیّنۃ یلہمہ اللہ تعالیٰ فیحکم بعلمہ ویخبر کُلّ قوم بما استبطنوہ ویعرف ولیّہ من عدوّہ بالتوسّم

قال اللہ سُبحانہٗ:

آیۃ "اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِیْنَ ۝ وَاِنَّهَا لَبِسَبِیْلٍ مُّقِیْمٍ ۝" (سورہ ۱۵ الحجر ۷۵-۷۶)

ترجمۂ روایت: "جب حضرت قائم آل محمدؐ علیہ السلام ظہور فرمائیں گے تو لوگوں کے مقدمات کا فیصلہ حضرت داؤدؑ کی طرح کریں گے، آپؑ فیصلے کے لیے ثبوت کے محتاج نہیں ہوں گے، بلکہ اپنے علم کی بناء پر فیصلہ کریں گے اللہ تعالیٰ آپؑ پر الہام فرمائے گا۔ آپؑ بتائیں گے کہ کس کے دل میں کیا بات چھپی ہوئی ہے وہ اپنے دوست اور دشمن کو توسّم و قیافے سے پہچان لیں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ وسبحانہٗ ارشاد فرماتا ہے:

ترجمۂ آیت "بلاشبہ اس میں صاحبانِ فہم و فراست کے لیے نشانیاں (عبرتیں) ہیں اور وہ (بستی تباہ شدہ) اب بھی سرِ راہ قائم ہے۔" (الحجر ۷۵-۷۶)

(۱۷) آپؑ کا دورِ حکومت اُنیس ۱۹ سال ہوگا

(الارشاد) روی اَنَّ مدّۃ دولۃ القائمؑ تسعۃ عشر سنۃ یطول

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ایّامها وشهورها علیٰ ما قدّمناہ ، وھٰذا اَمر مغیّب عنّا وانّما القیٰ الینا ، منہ مایفعلہ اللہ تعالیٰ بشرط یعلمہ من المصالح المعلومۃ جلّ اسمہ فلسنا نقطع علیٰ احد امرین وان کانت الرّوایۃ بذکر سبع سنین اظہر واکثر۔" (ارشاد)

ترجمہ: "روایت کی گئی ہے کہ امام قائم علیہ السلام کا دورِ حکومت انیس۱۹ سال ہوگا اور اس کے دن اور مہینے جیسا کہ پہلے مذکور ہے طویل ہوں گے اور یہ ایک رازِ قدرت ہے جو ہم لوگوں سے پوشیدہ ہے مگر جو کچھ ہمیں بتایا گیا وہ یہی ہے۔ ویسے وہ (اللہ تعالیٰ) اپنی مصلحت کو خود ہی بہتر جانتا ہے ہم لوگ قطعی طور پر کچھ نہیں کہہ سکتے کہ آپ کی مدّت حکومت ان دونوں میں سے کیا ہوگی۔ اور سات سال والی روایات اظہر و اکثر ہیں۔" (ارشاد)

(۸۸) بخدا اگر ہماری حکومت ہوتی تو ؟

معلی بن خنیس سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے عرض کیا: کاش یہ حکومت آپ حضرات کی ہوتی تو ہم لوگ خوب عیش سے بسر کرتے ؟

قالؑ: "واللہ لو کان ھٰذا الامر الینا لما کان الّا اکل الجشب و لبس الخشن۔" (دعوات راوندی)

آپؑ نے فرمایا: "بخدا اگر یہ حکومت ہماری ہوتی تو تم لوگوں کو موٹا کھانا اور موٹا پہننا پڑتا۔"

•

★ مفضّل بن عمر سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا:

"لو کان ھٰذا الامر الینا لما کان الّا عیش رسول اللہؐ وسیرۃ امیر المومنینؑ"

"اگر ہماری حکومت ہوتی تو وہی طرزِ زندگی اختیار کرنی پڑتی جو رسول اللہؐ کی تھی اور اسی سیرت کو اپنانا پڑتا جو امیر المومنینؑ کی تھی۔"

(دعوات راوندی)

(۸۹) "وَلَہٗ اَسْلَمَ ..... کی شانِ نزول

رفاعہ بن موسیٰ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادقؑ کو اس آیت "وَلَہٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْھًا"[1] کی

[1] آل عمران ۸۳

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تفسیر میں ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ:

قال: اِذَا قام القائم لا یبقیٰ ارض اِلَّا نودی فیھا شھادۃ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ "۔

آپ نے فرمایا: جب امام قائم علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو زمین کا کوئی حصہ ایسا باقی نہ رہے گا کہ جہاں سے یہ گواہی کی آواز بلند نہ ہو کہ:

" نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور بیشک وتحقیق محمدؐ اللہ کے رسول ہیں"

(تفسیر عیاشی)

(۹۰) بہرحال اسلام قبول کرنا پڑیگا

ابن بکیر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوالحسن امام علی الرضا علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے اس قول: " وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا " کے متعلق دریافت کیا، تو آپ نے فرمایا:

قال: " اُنزلت فِی القائم علیہ السلام اذَا خرج بالیھود والنصاریٰ والصابئین والزنادقۃ واھل الردّۃ والکفّار فی شرق الارض وغربھا، فعُرض علیھم الاسلام فمن اسلم طوعًا اٰمرہ بالصّلوٰۃ والزّکاۃ ومایؤمر بہ المسلم ویجب اللہ علیہ، ومن لم یسلم ضرب عنقہ حتّیٰ لا یبقیٰ فی المشارق والمغارب احد الّا وحّد اللہ۔

قلتُ لہ: جعلتُ فداک اِنّ الخلق اکثر من ذٰلک؟

فقالؑ: انّ اللہ اذا اراد امرًا قلّل الکثیر وکثّر القلیل۔ "

(تفسیر عیاشی)

ترجمہ:

آپ نے فرمایا: یہ آیت حضرت امام قائم علیہ السلام کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ جب آپ ظہور فرمائیں گے تو سارے شرق وغرب کے یہودیوں، نصرانیوں، زنادیق اہلِ ارتداد اور کفّار کے سامنے اسلام پیش کریں گے، جو اس کو خوشی سے قبول کرلیگا تو اُسے نماز وزکوٰۃ اور ان تمام احکامات پر عمل کا حکم دیں گے جو ایک مسلمان پر واجب التعمیل ہیں، اور جو اللہ چاہتا ہے۔ اور جو اسلام قبول نہیں کریگا اسکی گردن ماردیں گے، پھر شرق وغرب تک اللہ کو ایک ماننے والوں کے سوا کوئی نہ رہے گا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، مگر مسلمانوں سے زیادہ تو دوسری قومیں ہیں (ان سب پر کیسے غالب آئیں گے؟)

آپ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ ارادہ کریگا تو قلیل کو کثیر اور کثیر کو قلیل بنا دیگا۔"

(تفسیر عیاشی)

(۹۱) علامات بعدِ ظہور

عبدالاعلیٰ حلبی نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قال: "یکون لصاحب هٰذا الامر غیبة فی بعض هٰذه الشعاب — ثمّ اَومأ بیده الی ناحیة ذی طوی۔ حتّی اذا کان قبل خروجه بلیلتین انتهی المولی الّذی یکون بین یدیه حتّی یلقی بعض اَصحابه، فیقول: کم انتم هٰهنا؟ فیقولون نحو من اربعین رجلاً فیقول: کیف انتم لو قد رأیتم صاحبکم؟ فیقولون: واللہ لو یأوی بنا الجبال لآویناها معه ثمّ یأتیهم من القابلة فیقول لهم: اَشیروا الیّ ذوی اَسنانکم و اخیارکم عشرة، فیشیرون له اِلیهم فینطلق بهم حتّی یأتون صاحبهم ویعدهم الی اللّیلة التی تلیها۔

ثمّ قال ابوجعفر: واللہ لکاَنّی النظر الیه وقد اَسند ظهره اِلی الحجر، ثمّ یَنشد اللہ حقّه ثمّ یقول: یا اَیّها النّاس! مَن یحاجّنی فِی اللہ فَاَنَا اولی النّاس باللہِ۔ یا اَیّها النّاس مَن یحاجّنی فِی آدمؑ فاَنا اولی النّاس بآدمؑ۔ یا اَیّها النّاس مَن یحاجّنی فِی نوحٍؑ فاَنا اولی النّاس بِنوحؑ۔ یا ایّها النّاس مَن یُحاجّنی فی ابراهیمؑ فانا اولی النّاس بابراهیم۔ یا ایّها النّاس مَن یُحاجّنی فی موسیٰؑ فاَنا اولی النّاس بموسیٰؑ۔ یا ایّها النّاس (مَن یُحاجّنی فی عیسیٰؑ فاَنا اولی النّاس بعیسیٰؑ۔ یا ایّها النّاس مَن یُحاجّنی فی محمّدٍ صلّی اللہ علیه وآله وسلّم فانا اولی الناس بمحمّدٍؐ یا ایها الناس) من یُحاجّنی فی کتاب اللہ فانا اولی النّاس بکتاب اللہ۔

ثمّ ینتهی الی المقام فیصلّی عنده رکعتین ثمّ ینشد اللہ حقّه

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثمّ قالَ ابوجعفر عليه السّلام : هو والله المضطرُّ في كتاب الله وهو قول الله
" آمَّن يُجيبُ المُضطَرَّ اِذا دَعاهُ وَيَكشِفُ السُّوءَ
وَيَجعَلُكُم خُلَفاءَ الأَرضِ " (سورہ النمل آیت ٦٢)
وجبرئيل على الميزاب في صورة طائر ابيض، فيكون اوّل
خلق الله يبايعه جبرئيل ويبايعه الثلاثمائة والبضعة
عشر رجلاً۔

قال: قال ابوجعفر عليه السّلام فمن ابتلى في المسير وافاه في تلك السّاعة و
من لم يبتل بالمسير فقد عن فراشه

ثمّ قالَ: هو والله قول عليّ بن ابي طالب عليه السّلام المفقودون عن
فرشهم وهو قول الله - " وَاستَبِقُوا الخَيرَاتِ اَينَمَا تَكُونُوا
(آية) يَأتِ بِكُمُ اللهُ جَمِيعًا " (سورة البقرة آيت ١٤٨)
اصحاب القائم الثلاثمائة والبضعة عشر رجلاً،

قال: وهم والله الأُمّة المعدودة الّتي، قال الله في كتابه
(آية) " وَلَئِن اَخَّرنَا عَنهُمُ العَذَابَ اِلَى اُمَّةٍ مَّعدُودَةٍ " (هود آیہ)

قالَ: يجتمِعُونَ في ساعة واحدة قزعًا كقزع الخريف فيصبح
بمكّة، فيدعوا النّاس الى كتاب الله وسنّة نبيّه صلى الله
عليه وآله وسلّم فيجيبه نفر يسير ويستعمل على مكّة ثمّ
يسير فيبلغه انّ قد قتل عامله فيرجع اليهم فيقتل
المقاتلة لا يزيد على ذلك شيئًا۔ يعني السبي۔
ثمّ ينطلق فيدعوا النّاس الى كتاب الله وسنّة نبيّه
عليه وآله السّلام والولاية لِعَلِيّ بن ابي طالب عليه السّلام
والبراءة من عدوّه، ولا يسمّى احدًا حتّى ينتهي
الى البيداء، فيخرج اليه جيش السفياني فيأمر الله
الارض فيأخذهم من تحت اقدامهم وهو قول الله:
(آية) " وَلَو تَرَى اِذ فَزِعُوا فَلَا فَوتَ وَاُخِذُوا مِن
مَّكَانٍ قَرِيبٍ وَّقَالُوا اٰمَنَّا بِهٖ " (سورة السبا: ٥١)
يعني: بقائم آل محمّد " وَقَد كَفَرُوا بِهٖ " يعني بقائم آل محمّد

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الى آخر السورة ۔

فلا يبقى منهم الّا رجلان يقال لها و تر و وتيرة من مراد وجوههما فى اَقفيتهما يمشيان القهقرى يخبران النّاس بما فُعل باَصحابهما۔

ثمّ يدخل المدينة فيغيب عنهم عند ذٰلك قريش وهو قول عَلِيّ بن ابى طالب عليه السّلام :

(قولُه) " والله لودّت قريش اى عندها موقفًا واحدًا جزر جزور بكلِّ ما ملكت وَكُلِّ ما طلعت عليه الشمس او غربت "

ثمّ يحدث حدثًا فاذا هو فعل ذٰلك قالت قريش: اخرجوا بنا الى هٰذه الطاغية ، فوالله اَن لو كان مُحَمَّدِيًّا ما فعل ، ولو كان علويًّا ما فعل ، ولو كان فاطميًّا ما فعل فيمنحه الله اَكتافهم، فيقتل المقاتلة ويسبى الذّرّيّة ثمّ ينطلق حتّى ينزل الشقرة فيبلغه اَنّهم قد قتلوا عامله فيرجع اليهم فيقتلهم مقتلة ليس قتل الحرّة اليها بشئ ثمّ ينطلق يدعو النّاس الى كتاب الله وسنّة نبيّه والولاية لِعَلِيّ بن ابى طالب صلوات الله عليه و البراءة من عدوّه ، حتّى اذا بلغ الى الثعلبيّة قام اِليه رجل من صلب ابيه وهو من اشدّ النّاس ببدنه ، و آشجعهم بقلبه ما خلا صاحب هٰذا الاَمر فيقول : يا هٰذا ما تصنع ؟ فوالله انّك لتجفل النّاس اِجفال النّعم افبعهد من رسول الله صلّى الله وآله وسلم اَم بماذا ؟ فيقول المولى الّذى ولّى البيعة : والله لتسكتنّ اَو لَاَضربنّ الّذى فيه عيناك ۔

فيقول (له) القائم : اسكت يا فُلان اِى وَالله اِنّ معى عهدًا من رسول الله هات لى (يا) فلان العيبة اوالزنفيلجة فيأتيه بها فيقرؤه العهد من رسول الله فيقول : جَعلنى الله

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فداك اَعطنى راسك اُقبّله فيعطيه راسه ، فيقبّلُ بين عينيه ثمّ يقول : جعلنى الله فداك ، جدِّدلنا بيعة فيجدِّدلهم بيعة ـ

قالَ ابوجعفر عليه السّلام : لكاَنّى اَنظر اليهم مصعدين من نجف الكوفة ثلاث مائة وبضعة عشر رجلاً كاَنّ قلوبهم زبر الحديد . جبرئيل عن يمينه وميكائيل عن يساره يسير الرُّعب امامه شهرًا وخلفه شهرًا اَمدّهُ الله بخمسة آلاف من الملائكة مسوّمين حتّى اِذا صعد النجف قال لاَصحابه : تعبّدوا ليلتكم هٰذه فيبيتون بين راكع وساجد ، يتضرّعون اِلى الله حتّى اذا اصبحَ ، قالَ : خذوا بنا طريق النخيلة وعلى الكوفة خندق مخندق قلت : خندق مخندق ، قال : اى والله حتّى ينتهى الى مسجد ابراهيم عليه السّلام بالنخيلة ، فيصلّى فيه ركعتين فيخرج اليه من كان بالكوفة من مرجئها وغيرهم من جيش السفيانىّ فيقول لاَصحابه : استطردوالهم ، ثمّ يقول : كرّوا عليهم ؛ قال

قالَ ابوجعفر عليه السّلام (و) لايجوز والله الخندق منهم مخبر ثمّ يدخل الكوفة فلا يبقىٰ مؤمن اِلّا كان فيها اَوحنّ اليها ، وهوقول امير المؤمنين علىّ عليه السّلام ، ثمّ يقول لاَصحابه : سيروا اِلى هٰذه الطاغية ، فيدعو الى كتاب الله وسنّة نبيّه صلّى الله عليه وآله ، فيعطيه السفيانى من البيعه سلمًا ، فيقول له كلب وهم اخواله : ماهٰذا ؟ ما صنعت ؟ والله ما بنايعك على هٰذا اَبدًا ، فيقول : ما اَصنع ؟ فيقولون : استقبله فيستقبله ثمّ يقول له القائم صلّى الله عليه : خذ حذرك فانّنى اَدّيت اليك و اَنا مقاتلك ، فيصبح فيقاتلهم ، فيمنحه الله اكتافهم و يأُخذ السفيانى اَسيرًا فينطلق به (و) يذبحه بيده ـ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثمّ یرسل جریدۃ خیل الی الرّوم لیستحضروا بقیّۃ بنی اُمیّۃ فاذا انتھوا الی الرّوم قالوا: اَخرجوا الینا اھل ملّتنا عندکم فیأبون و یقولون: واللہ لا نفعل فیقول الجریدۃ واللہ لو اَمرنا لقاتلناکم، ثمّ یرجعون الیٰ صاحبھم فیعرضون ذٰلک علیہ، فیقول: انطلقوا فاَخرجوا الیھم اصحابھم فانّ ھٰؤلاء قد اَتوا بسلطان عظیم وھو قول اللہ:

(آیۃ) "فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا ھُمْ مِّنْھَا یَرْکُضُوْنَ ۝ ۱۲ لَا تَرْکُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰی مَآ اُتْرِفْتُمْ فِیْہِ وَمَسٰکِنِکُمْ لَعَلَّکُمْ تُسْئَلُوْنَ ۝ ۱۳" (سورہ الانبیاء)

قالَ: یعنی الکنوز الّتی کنتم تکنزون:

(آیۃ) "قَالُوْا یٰوَیْلَنَآ اِنَّا کُنَّا ظٰلِمِیْنَ ۝ ۱۴ فَمَا زَالَتْ تِّلْکَ دَعْوٰھُمْ حَتّٰی جَعَلْنٰھُمْ حَصِیْدًا خٰمِدِیْنَ ۝ ۱۵" (سورۃ الانبیاء)

لا یبقیٰ منھم مخبر۔

ثمّ یرجع الی الکوفۃ فیبعث الثلاث مائۃ والبضعۃ عشر رجلًا الی الآفاق کلّھا فیمسح بین اکتافھم وعلیٰ صدورھم فلا یتعایون فی قضاء ولا تبقیٰ ارض اِلّا نودی فیھا شھادۃ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللہِ وھو قولہ:

(آیۃ) "وَلَہٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْھًا وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۝" (آل عمران آیت ۸۳)

ولا یقبل صاحب ھٰذا الامر الجزیۃ کما قبلھا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وھو قول اللہ:

(آیۃ) "وَقَاتِلُوْھُمْ حَتّٰی لَا تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ وَّیَکُوْنَ الدِّیْنُ کُلُّہٗ لِلّٰہِ" (سورۃ البقرۃ-۱۹۳)

قالَ ابوجعفر علیہ السّلام: یقاتلون واللہ حتّیٰ یوحّد اللہ ولا یشرک بہ شیءٌ وحتّیٰ یخرج العجوز الضعیفۃ من المشرق ترید

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

المغرب ولا ینہاھا احد ویخرج اللہ من الارض بذرھا
وینزل من السماء قطرھا ویخرج النّاس خراجھم
علی رقابھم الی المھدی ویوسّع اللہ علی شیعتنا
ولولا ما یدرکھم من السعادۃ لبغوا۔
فبینا صاحب ھذا الامر قد حکم ببعض الاحکام وتکلّم
ببعض السنن اِذ خرجت خارجۃ من المسجد
یریدون الخروج علیہ، فیقول لاَصحابہ: انطلقوا
فیلحقونھم فی التمارین فیاُتونہ بھم اَسرٰی فیاُمر
بھم فیذبحون، وھی آخر خارجۃ یخرج علی قائم
آل محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم۔ (تفسیر عیاشی)

(ترجمہ)

ترجمۂ روایت "حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے فرمایا: امام صاحب الامر علیہ السّلام ان ہی گھاٹیوں میں سے کسی گھاٹی میں غیبت اختیار کریں گے۔" یہ فرماکر آپ نے اپنے ہاتھ سے ذی طوی کی طرف اشارہ کیا، پھر فرمایا: جب آپ کے ظہور میں دو راتیں باقی رہ جائیں گی تو آپ کا ایک خاص ملازم آپ کے کسی صحابی کے پاس آئے گا اور پوچھے گا کہ آپ لوگ یہاں کتنے افراد ہیں؟ وہ جواب دیگا کہ ہم لوگ چالیس آدمی ہیں۔ پھر وہ پوچھے گا، اگر آپ لوگ اپنے صاحب الامر کو دیکھ لیں تو کیا کریں گے؟ اُنھوں نے جواب دیا: واللہ اگر وہ حضرت یہاں سے چلکر کسی پہاڑ میں پناہ لیں گے تو ہم بھی آنحضرتؑ کے ساتھ ہی ہوں گے۔
پھر دوسری شب کو وہ دوبارہ اُن کے پاس آکر کہے گا، آپ لوگ اپنے تمام ساتھیوں سے مشورہ کرلیں۔ چنانچہ وہ لوگ آپس میں مشورہ کرکے آئینگے تو وہ ملازم اُنھیں لیکر صاحب الامر علیہ السّلام کی خدمت حاضر ہوگا، اور آپ ان لوگوں سے آئندہ شب کا وعدہ کریں گے۔
پھر حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام نے فرمایا: واللہ گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ حضرت صاحب الامر علیہ السّلام اپنی پشت حجرِ اسود سے ٹیکے ہوئے کھڑے ہیں اور اللہ کے حق کا واسطہ دیکر لوگوں سے مخاطب ہوکر فرماتے ہیں:
اے لوگو! جو کوئی مجھ سے اللہ کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کردوں گا کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں تمام لوگوں میں اللہ کا سب سے زیادہ حقدار ہوں۔
اے لوگو! جو کوئی مجھ سے حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کردوں گا کہ میں تمام لوگوں میں حضرت آدمؑ کا سب سے زیادہ حقدار ہوں۔
اے لوگو! جو کوئی مجھ سے حضرت نوح علیہ السلام کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کردوں گا کہ میں تمام لوگوں میں حضرت نوحؑ کا سب سے زیادہ حقدار ہوں۔
اے لوگو.....! جو کوئی مجھ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کردوں گا کہ میں تمام لوگوں میں حضرت ابراہیمؑ کا سب سے زیادہ حقدار ہوں۔
اے لوگو.....! جو کوئی مجھ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کردوں گا کہ میں تمام لوگوں میں حضرت موسیٰ کا سب سے زیادہ حقدار ہوں۔
اے لوگو.....! جو کوئی مجھ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کردوں گا کہ میں تمام لوگوں میں حضرت عیسیٰؑ کا سب سے زیادہ حقدار ہوں۔
اے لوگو.....! جو کوئی مجھ سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کردوں گا کہ میں تمام لوگوں میں حضرت محمدؐ کا سب سے زیادہ حقدار ہوں۔
اے لوگو.....! جو کوئی مجھ سے کتابِ خدا (قرآن مجید) کے متعلق بحث کریگا تو میں ثابت کردوں گا کہ میں تمام لوگوں میں کتابِ خدا کا سب سے زیادہ حقدار ہوں
الغرض، یہ خطبہ دیکر آپ مقامِ ابراہیمؑ پر آئیں گے اور وہاں دو رکعت نماز ادا کریں گے۔ اس کے بعد پھر لوگوں کو اللہ کے حق کا واسطہ دیں گے۔

پھر حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: خدا کی قسم کتابِ خدا کی اس آیت:

"اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَیَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ط" (نحل ۶۲)

ترجمۂ آیت: "بھلا وہ کون ہے جو مضطر کی دعا قبول کرتا ہے جب وہ اُسے پکارتا ہے اور اور مصیبت کو دور کرتا ہے، اور جو تمھیں زمین پر خلیفہ بناتا ہے۔"

(اِس آیت) میں "مضطر" کا ذکر ہے، اس سے مراد یہی صاحب الامرؑ ہیں۔
حضرت جبرئیلؑ ایک سفید طائر کی شکل میں میزاب پر بیٹھے ہوں گے اور مخلوقِ خدا میں سب سے پہلے آپ ہی بیعت کریں گے۔ پھر تین سو کچھ آدمی آپکی بیعت کریں گے
پھر حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: پس جو شخص چلکر آسکتا ہے وہ فوراً اُسی وقت آپ کے پاس حاضرِ خدمت ہوجائے گا اور جو (بہت دور ہوگا) نہیں آسکتا تو وہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شب کو اپنے بستر سے اُٹھالیا جائے گا۔ اِنھیں لوگوں کے متعلق حضرت امیر المومنینؑ نے ارشاد فرمایا ہے: " وہ اپنے بستروں سے غائب ہوجائیں گے "
اور انھیں کے بارے میں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی قدر ہے:

ترجمۂ آیت: " اور سبقت کرو کارہائے خیر میں جہاں کہیں بھی تم ہو گے اللہ تمکو ایک جگہ جمع کردے گا۔ " (بقرہ ۱۴۸)

یعنی: جمیع اصحابِ قائم علیہ السلام تین سو تیرہ افراد ہوں گے۔ بخدا یہی امتِ معدودہ ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں ارشاد فرمایا ہے:

ترجمۂ آیت: " اور اگر ہم اُن سے ایک معیّن مدت تک عذاب کو ملتوی کردیں " (ہود۔ ۸)

آپ نے فرمایا: یہ سب کے سب ایک ساعت میں اس طرح جمع ہوجائیں گے جس طرح برسات کے موسم میں بادلوں کے بکھرے ہوئے ٹکڑے یک بیک جمع ہوجاتے ہیں اور مکّہ میں صبح کریں گے۔ پھر آپ لوگوں کو کتابِ خدا اور سنّتِ رسول اللہ پر عمل کی دعوت دیں گے، مگر آپ کی اس دعوت پر بہت کم لوگ لبّیک کہیں گے، اور آپ مکّہ میں ایک شخص کو اپنا عامل مقرّر فرما کر وہاں سے روانہ ہوں گے مگر دورانِ راہ ہی آپ کو اُس کے قتل کردیے جانے کی اطلاع ملے گی، چنانچہ آپ واپس مکّہ پہونچیں گے اور اہلِ مکّہ سے جنگ کریں گے مگر کسی کو قیدی نہ بنائیں گے۔
اس کے بعد پھر آپ روانہ ہوں گے اور کتابِ خدا، سنّتِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ اور علی ابنِ ابو طالبؑ علیہ السلام کی ولایت اور آپ کے دشمنوں سے برأت و بیزاری کی طرف لوگوں کو دعوت دیں گے، مگر کسی کا نام نہیں لیں گے۔ اس طرح آپ مقام بیداءِ مدینہ پہونچیں گے۔ وہاں لشکرِ سفیانی آپ کے مدِ مقابل آئے گا تو اللہ تعالیٰ زمین کو حکم دے گا، زمین شق ہوجائے گی اور اس کا سارا لشکر اس میں سما جائے گا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے:

ترجمۂ آیت: " اور کاش کہ تم دیکھتے اُن (باطل پرستوں) کو جبکہ وہ گھبرائے ہوئے پھریں گے اور قریب ہی سے لے لیے جائیں گے اور کہیں گے کہ ہم ایمان لے آئے۔ " (سبا ۳۴۔ ۵۱)۔

یعنی قائم آلِ محمدؐ پر ایمان لے آئے۔ (وقد کفروا بہ) حالانکہ اس سے قبل وہ قائم آلِ محمدؐ کے ماننے سے انکار کرچکے تھے۔ (جب اللہ کا عذاب اُن پر آپڑا اور وہ زمین میں دھنسنے لگے تو خوفِ عذاب سے ایمان لانا بے سود تھا)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس لشکر میں سے وتر اور وتیرہ دو آدمیوں کے سوا کوئی نہ بچے گا اور اُنکے بھی منہ پشت کی طرف پھر جائیں گے اور وہ لوگوں کو جا کر بتائیں گے کہ ہمارے ساتھیوں کے ساتھ کیا پیش آیا۔

اس کے بعد حضرت الامر مدینہ میں داخل ہوں گے تو قریش، اہلِ مدینہ سے کہیں گے کہ "ہمارے ساتھ اس سرکش سے جنگ کے لیے چلو۔ خدا کی قسم اگر یہ محمدیؐ ہوتا تو ہرگز ایسا نہ کرتا، اگر علویؑ ہوتا تو ہرگز ایسا نہ کرتا، اگر فاطمیؑ ہوتا تب بھی ایسا نہ کرتا" تب آپ ان لوگوں سے جنگ کریں گے۔ ان کی اولادوں کو قید کرلیں گے اس کے بعد آپ وہاں سے چلکر مقام شقرہ پہونچیں گے تو اطلاع ملے گی کہ آپ کے عامل کو لوگوں نے قتل کر دیا ہے۔ لہٰذا آپ واپس آئیں گے اور ایسا قتلِ عام کریں گے کہ واقعۂ حرّہ بھی اس کے سامنے کچھ نہ ہوگا۔

اس کے بعد پھر کتابِ خدا، سنّتِ رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اور حضرت علی بن ابی طالبؑ علیہ السّلام کی ولایت اور آپ کے دشمنوں سے بیزاری کیطرف لوگوں دعوت دیں گے۔ وہاں سے چلکر آپ منزل ثعلبہ پر پہونچیں گے تو آپ کے پدر بزرگوار کے صلب سے پیدا ہونے والا ایک شخص آپ کے سامنے آئے گا جو جسمانی طور پر بڑا طاقتور ہوگا، بڑا شجاع و بہادر ہوگا، وہ کہے گا کہ یہ آپ کیا کر رہے ہیں، واللہ آپ تو ان کو جانوروں کی طرح ہنکا رہے ہیں کیا آپ کے پاس رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا کوئی عہدنامہ ہے یا کوئی اور چیز؟

پس آپ کا ملازمِ (غلامِ) خاص، کہے گا، خاموش ہوجا، ورنہ تیرا سر توڑ دوں گا لیکن آپ اپنے ملازمِ خاص سے کہیں گے۔ اے فلان خاموش رہ، میرے پاس رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا عہدنامہ موجود ہے جو فلان تھیلے میں رکھا ہوا ہے جاکر لے آ۔

جب ملازمِ خاص لیکر آئے گا تو آپ اُس شخص کے سامنے وہ عہدنامہ پیش کریں گے وہ اس کو لیکر پڑھے گا اور کہے گا، میں آپ پر قربان، ذرا آپ اپنا سرِ اقدس میری طرف کیجیے تاکہ میں بوسہ دے لوں۔ آپ اپنا سرِ اقدس اس کی طرف بڑھائیں گے تو وہ آپکی پیشانی مبارک کا بوسہ لیگا، پھر کہے گا، میں آپ پر قربان، میں تجدیدِ بیعت کا خواہاں ہوں۔ اور آپ اس سے بیعت لیں گے۔

حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا: گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ تین سو تیرہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اصحاب کے لشکر ساتھ، جنکے دل گویا فولاد کے بنے ہوئے ہونگے، جبرئیلؑ آپ کے داہنے جانب اور میکائیلؑ بائیں جانب، سوئے نجفِ کوفہ روانہ ہیں اور آپ کا رعب و دبدبہ ایک ماہ کی مسافت تک آگے آگے اور ایک ماہ کی مسافت تک عقب میں لوگوں پر چھایا ہوا ہوگا اور اللہ تعالیٰ آپ کی مدد کے لیے پانچ ہزار فرشتے ساتھ کر دے گا۔ جب آپ نجفِ اشرف وارد ہوں گے تو اپنے اصحاب سے فرمائینگے اس شب میں تم لوگ یہاں عبادت کرو۔ تو وہ سب لوگ وہاں شب بھر رکوع اور سجود میں بسر کریں گے۔ جب صبح ہوگی تو آپ اُنھیں نخیلہ چلنے کا حکم دیں گے اور سب لوگ وہاں سے نخیلہ میں مسجدِ ابراہیمؑ پہونچیں گے، وہاں دو رکعت نماز پڑھیں گے کہ اتنے میں کوفہ سے کچھ مرجئ اور کچھ سفیانی کے لشکری آپ کی طرف بڑھیں گے تو آپ اپنے اصحاب سے فرمائیں گے کہ تم لوگ ان کی گھات میں رہو، پھر حملہ کرنے کا حکم دیں گے۔ بالآخر آپ کوفہ میں داخل ہوں گے، سفیانی سے جنگ ہوگی، اور سفیانی کو گرفتار کر کے آپ کے سامنے پیش کیا جائے گا آپ خود اپنے ہاتھ سے اس کو ذبح کریں گے۔

اس کے بعد آپ کچھ سواروں کا ایک دستہ روم کیلئے روانہ کریں گے (جہاں بنی امیہ کے بقیہ لوگ بھاگ کر پناہ لیے ہوں گے) کہ انھیں ہمارے حوالے کردو۔ جب وہ انھیں آپ کی تحویل میں دینے سے انکار کریں گے تو آپ خود اپنے اصحاب کے ساتھ وہاں پہونچیں اور اُن لوگوں کو گھاس کی طرح کاٹ کر رکھ دیں گے۔ [1]

پھر آپ کوفہ واپس آئیں گے اور اپنے تین سو تیرہ اصحاب کو دنیا کے مختلف حصوں میں روانہ کریں گے اور اُن کے شانوں اور سینوں پر ہاتھ پھیریں گے پھر انھیں کسی امر کے فیصلے میں کوئی دقت پیش نہ آئے گی اور پھر زمین کے ہر حصے اور ہر خطے میں یہ کلمہ شہادت ہوگا: اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

---

[1] ترجمۂ آیت: "فَلَمَّآ اَحَسُّوْا ..... خٰمِدِيْنَ" (انبیاء ۱۲ تا ۱۵) (مع اشارۂ آیت)

پس جب انھیں ہمارے عذاب کا احساس ہوا تو وہ وہاں سے بھاگ کھڑے ہوئے۔ مت بھاگو، لوٹ آؤ، اپنے مساکن اور اُس عیش و راحت کی طرف جو تمہیں مہیا کیا گیا تھا تاکہ تمھاری جواب طلبی کیجائے۔ اُن لوگوں نے کہا، ہائے افسوس ہم پر بیشک ہم ظالم تھے اور اُن کی یہ پکار جاری رہی یہاں تک کہ ہم نے انھیں کٹی ہوئی کھیتی اور بجھی ہوئی راکھ بنا دیا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرت صاحب الامر علیہ السلام کسی کافر سے کوئی جزیہ قبول نہیں کریں گے جس طرح حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبول کر لیا تھا اور کافروں سے صلح کر لی تھی بلکہ آپ اللہ تعالیٰ کے اِس قول پر عمل کریں گے :

آیت مع " وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ط " (بقرۃ ۱۹۳)

ترجمہ : اور اُن سے جنگ کرو یہاں تک کہ فساد باقی نہ رہے اور دین اللہ کے لیے (خالص) ہو جائے "

حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ بخدا وہ لوگ اسقدر جنگ کریں گے کہ سب اللہ کی توحید کا اقرار کرنے لگیں گے، کوئی مشرک باقی نہ رہ جائے گا اور دنیا میں ایسا امن و امان ہوگا، کہ اگر ایک بوڑھی عورت مشرق سے مغرب کا سفر اختیار کرنا چاہے تو اُس کے لیے کوئی رکاوٹ یا دقت نہ ہوگی۔ اللہ تعالیٰ زمین سے ہر بیج کو اُگا دے گا، اور آسمان سے بارش برسائے گا، لوگ اپنے اپنے خراج کی رقوم وغیرہ اپنے کاندھوں پر رکھ کر امام مہدی علیہ السلام کے پاس خود حاضر ہوں گے اور اُس وقت اللہ تعالیٰ ہمارے شیعوں کو خوشحالی نصیب فرمائے گا۔

پھر ایک مرتبہ حضرت امام صاحب الزمان علیہ السلام اپنے احکامات لوگوں میں جاری کریں گے اور بعض سنتوں کے متعلق گفتگو فرما رہے ہوں گے کہ بیرونِ مسجد سے ایک شور و غوغا بلند ہوگا، کچھ لوگ آپ پر حملہ آور ہونا چاہیں گے لیکن آپ اپنے اصحاب سے فرمائیں گے کہ "ان کی سرکوبی کرو" آپ کے اصحاب اُنھیں راستے ہی میں جا لیں گے اور گرفتار کر کے آپ کی خدمت میں پیش کریں گے۔ چنانچہ آپ کے حکم سے ان سب کو قتل کر دیا جائے گا، اور یہ آخری خروج ہوگا جو آپ پر کیا جائے گا۔ "

(تفسیر عیاشی)

★ غیبت نعمانی میں بھی ابن عقدہ نے محمد بن علی سے، اُنھوں نے ابن بزیع سے اور مجھ سے بیان کیا منصور بن یونس نے اُنھوں نے اسماعیل بن جابر سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔ (غیبتہ نعمانی)

(۹۲) امامِ زمانہؑ کچھ لوگوں کو زندہ کر کے قبروں سے برآمد کرینگے

مفضل بن عمر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ: "اذا قام قائم آلِ محمدؐ استخرج من ظهر الکعبة سبعة وعشرین رجلاً، خمسة وعشرین من قوم موسیٰؑ الذین یقضون بالحقّ وبه یعدلون وسبعة من اصحاب الکهف ویوشعؑ بن نون وصیّ موسیٰؑ ومومن آلِ فرعونؑ وسلمانؑ الفارسیؓ وابا دجانة الانصاری ومالکؑ الاشترؓ۔"

آپؑ نے فرمایا: "جب قائم آلِ محمدؐ ظہور فرمائیں گے تو آپ پشتِ کعبہ سے ستائیس آدمیوں کو، قومِ موسیٰؑ کے پچیس آدمیوں کو جو حق کے ساتھ عدل و فیصلے کیا کرتے تھے اور اصحابِ کہف میں سے سات آدمیوں کو، اور یوشعؑ (بن نون) وصیِ موسیٰؑ کو، اور مومنِ آلِ فرعون کو، اور سلمانؓ فارسی، ابو دجانہ انصاری اور مالکؑ بن اشتر کو زندہ کر کے قبروں سے نکالیں گے۔" (تفسیر عیاشی)

"

★ کتاب "الارشاد" میں بھی مفضّل سے بہ تغیرِ الفاظ بہ سلسلۂ رجعت اسی کے مثل روایت منقول ہے۔ (الارشاد)

(۹۳) اِسلام سارے ادیان پر غالب ہوگا

(شی) عن ابی المقدام، عن ابی جعفر علیہ السلام فی قول اللہ: "لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ" یکون اَنْ لا یبقیٰ اَحدٌ اِلّا اَقرَّ بِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ۔" (تفسیر عیاشی)

★ "وقال فی خبر آخر: عنہ: قالؑ لیظهره الله فی الرَّجعةِ" (تفسیر عیاشی)

ترجمۂ روایت

(تفسیر عیاشی) میں ابو مقدام نے حضرت ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے قولِ خدا: (آیۃ) "لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ" (توبہ۔ ۳۳)

(ترجمۂ آیت) "(تاکہ اُسے ہر دین پر غالب کر دے۔ اگرچہ مشرکین کو ناگوار ہی کیوں نہ ہو)"

کے متعلق روایت کی ہے۔ آپؑ نے فرمایا، ظہورِ امام قائمؑ کے دور میں بغیر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کی رسالت کا اقرار کیے کوئی باقی نہ رہے گا۔" (تفسیر عیاشی)

★ اور آپؑ ہی نے ایک دوسری روایت میں فرمایا: رجعت میں اللہ تعالیٰ اسلام کو تمام ادیان پر غالب کرے گا۔ (تفسیر عیاشی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۹۴) بالآخر شرک و کفر کو ترک کرنا ہی پڑیگا

(شی) عن سماعۃ، عن ابی عبد اللہ علیہ السلام "

(آیۃ) "هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ " (توبۃ-۳۳)

قالؑ: اِذَا خَرَجَ القائمُ لم یبق مشرك بِاللّٰہ العظیم ولا کافر اِلّا کرہ خروجه۔" (تفسیر عیاشی)

(تفسیر عیاشی) سماعہ نے حضرت ابو عبداللہ (امام جعفر صادق) علیہ السلام سے قولِ خدا:

ترجمۂ آیت: "وہ وہی ذاتِ (اقدس) ہے جس نے اپنے رسولؐ کو دینِ حق کے ساتھ بھیجا، تاکہ اُسے (اسلام کو) ہر دین پر غالب کر دے۔ اگرچہ مشرکوں کو کتنا ناگوار گذرے۔" (توبہ - ۳۳)

آپؑ نے فرمایا: جب حضرت امام قائمؑ ظہور فرمائیں گے تو ہر مشرک و کافر کو بہ جبر و اکراہ شرک و کفر سے نکلنا پڑے گا۔" (تفسیر عیاشی)

(۹۵) امامِ قائمؑ اور اُن کے اصحاب کا مَسکن

سعدؓ ابن عمر سے روایت ہے کہ حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کی مجلس میں ایک شخص کہہ رہا تھا کہ صالح اور عیسیٰ بن علی کا گھر ابھی صحیح و سالم ہے، وہ دورِ بنی عبّاس کا ذکر کر رہا تھا۔ تو دوسرے شخص نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اس کو برباد کرے یا ہمارے ہاتھوں برباد کرا دے۔

قالؑ: "لا تقل هكذا بل یكون مساكن القائم واصحابه"

اما سمعت اللہ یقول:

(آیۃ) "وَسَكَنْتُمْ فِیْ مَسٰكِنِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ " (ابراہیم - ۴۵)

(ترجمۂ روایت)

آپ نے فرمایا: "ایسا نہ کہو، یہ تو امام قائمؑ اور اُن کے اصحاب کا مسکن ہوگا"۔ قولِ خدا ہے کہ (ترجمۂ آیت) (حالانکہ تم انہی کے مَسکنوں میں مقیم ہوتے، جنہوں نے کہ اپنے نفسوں پر ظلم کیا تھا۔) ..... (ترجمہ سورۂ ابراہیم - ۴۵)

(تفسیر عیاشی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۹۶) ابدالِ شام اور اشرافِ عراق کا اجتماع

جعابی نے ابنِ عقدہ سے، ابنِ عقدہ نے عمر بن عیسیٰ بن عثمان سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے خالد بن عامر بن عبّاس سے، اُنھوں نے محمّد بن سوید اشعری سے روایت کی ہے اور اشعری کا بیان ہے کہ ایکمرتبہ ہم اور فطر بن خلیفہ حضرت امام جعفر بن امام محمّد بن الصادق علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے ہماری طرف کچھ کھجوریں بڑھائیں، ہم نے کھانا شروع کیا، بعدہٗ کچھ کھجوریں آپ نے فطر کو بھی دیں، تو اُس نے آپ سے دریافت کیا کہ:

(فرزندِ رسولؐ!) ابدالِ اہلِ شام اور اشرافِ اہلِ کوفہ (عراق) کے متعلق جو حدیث ابوطفیل سے مروی ہے کہ "اللہ تعالیٰ جس دن ان لوگوں کو یکجا جمع کرے گا وہ ہمارے دشمنوں کے لیے بدترین دن ہوگا"؟

قالؑ "رحمکم اللہ بنا یبدأ البلاء، ثمّ بکم، وبنا یبدأ الرّخاء ثمّ بکم رحم اللہ من حبّبنا الی النّاس ولم یکرّھنا الیھم"

آپؑ نے فرمایا: "اللہ تم پر رحم کرے سنو! پہلے ہم بلاء و مصیبت میں مبتلاء ہوتے ہیں پھر تم لوگ۔ اسی طرح پہلے ہمارے لیے خوشحالی آئے گی پھر تم لوگوں کے لیے اللہ رحم کرے اُس پر جو لوگوں کے دلوں میں ہماری محبت پیدا کرے، دشمنی اور نفرت نہ پیدا کرے۔" (مجالس مفید)

(۹۷) امامِ قائمؑ میں چار انبیاءؑ کی شباہت

علی بن احمد نے عبید اللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن جبلہ سے، اُنھوں نے ابن بطائنی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا:

قالؑ: "فی صاحب ھذا الامر سبہ من اربعۃ انبیاءؑ: شبہ من موسیٰؑ وشبہ من عیسیٰؑ وشبہ من یوسفؑ وشبہ من محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ۔

فقلتُ: ما شبہ موسیٰؑ؟

قالؑ: "خائفٍ یترقّب"

قلتُ: وما شبہ عیسیٰؑ؟ فقالؑ: قیل فیہ ما قیل فی عیسیٰؑ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قلتُ: فما شبه یوسفؑ ؟: قالؑ: السّجن و الغیبه -

قلتُ: وما شبه محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ ؟

قالؑ: اذا قام سار بسیرة رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ اِلّا اَنّهٗ یُبیّن آثار محمّدؐ ویضع السّیف ثمانیة اشهر هرجًا حتّی یرضی اللہ

قلتُ: فکیف یعلم رضا اللہ ؟

قالؑ: یلقی اللہ فی قلبه الرحمة -" (غیبۂ نعمانی)

(ترجمۂ روایت:) اس صاحب الامرؑ میں چار انبیاء کی مشابہت ہوگی - کچھ مشابہت حضرت موسیٰؑ سے ہوگی، کچھ حضرت عیسیٰؑ سے، کچھ حضرت یوسفؑ سے اور کچھ مشابہت حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ سے ہوگی -

میں نے عرض کیا: حضرت موسیٰؑ سے کیا مشابہت ہوگی ؟

آپؑ نے فرمایا: خوف (کی وجہ سے مصر چھوڑ کر دور نکل گئے تھے) اور (وقت کا) انتظار کرتے رہے تھے) اور یہ بھی -

میں نے عرض کیا: اور حضرت عیسیٰؑ سے کیا مشابہت ہوگی ؟

آپؑ نے فرمایا: جو کچھ عیسیٰؑ کے لیے کہا گیا، وہی ان کے لیے کہا جائیگا -

میں نے عرض کیا: اور حضرت یوسفؑ سے کس امر میں مشابہت ہوگی ؟

آپؑ نے فرمایا: قید اور غیبت -

میں نے عرض کیا: اور حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے کس امر میں مشابہت ہوگی ؟

آپؑ نے فرمایا: جب یہ ظہور کریں گے تو وہی سیرت اختیار کریں گے جو رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت تھی - اور حضرت محمّدؐ کے تمام آثار و نشانیوں کو پیش کریں گے - آٹھ ماہ تک (کفّار و مشرکین کو) قتل کرتے رہیں گے یہانتک کہ اللہ تعالیٰ اُن سے راضی ہو جائے گا -

میں نے عرض کیا: اُنھیں یہ کیسے معلوم ہو جائے گا کہ اب اللہ راضی ہو گیا ؟

آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اُن کے دل میں رحم ڈال دے گا - " (غیبۂ نعمانی)

(۹۸) امام قائمؑ کے ساتھ اہلِ عرب کی قلّت ہوگی

ابنِ عقدہ نے احمد بن یوسف جعفی ابوالحسن کی کتاب سے، اُنھوں نے اسماعیل بن مہران سے (کتاب میں نقل کیا) اور اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے اپنے والد اور وہب سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

"مع القائم علیہ السّلام من العرب شیٔ یسیر، فقیل لہ: اِنّ من یصف ھذا الامر منھم لکثیر؟

قال: لابُدّ للنّاس من ان یمحصّوا و یمیّزوا و یغربلوا، و سیخرج من الغربال خلق کثیر۔" (غیبتِ نعمانی)

ترجمہ: "امام قائم علیہ السّلام کے ساتھ عرب کے بہت کم لوگ رہیں گے۔

عرض کیا گیا: مگر ان میں امام قائمؑ کی توصیف کرنے والے لوگ تو زیادہ ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: لوگوں میں سے لازمی ہے کہ چھانٹا، پرکھا اور چھلنی میں چھانا جائے گا، اور جب چھلنی میں چھان لیا جائے گا تو اس میں سے بہت سے لوگ نکل جائیں گے۔"

(غیبتِ نعمانی)

(۹۹) شانِ ظہور اور خروج

احمد بن محمد بن سعید نے یحییٰ بن زکریّا سے، اُنھوں نے یوسف ابنِ کلیب سے اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے ابنِ حمید سے، اُنھوں نے ثمالی سے روایت کی ہے، اُنھوں نے بیان کیا کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السّلام (بن علیؑ) کو فرماتے ہوئے سنا کہ:

یقول "لو قد خرج قائم آل محمدؐ علیہ السّلام لنصرہ اللہ بالملائکۃ المسوّمین و المردفین و المنزلین و الکرّوبین، یکون جبرائیل اَمامہ و میکائیل عن یمینہ و اسرافیل عن یسارہ و الرُّعب مسیرۃ شھر اَمامہ وخلفہ وعن یمینہ و عن شمالہ و الملائکۃ المقرّبون حذاہ، اوّل من یتّبعہ محمدؐ صلّی اللہ علیہ وآلہ وعَلِیٌّ علیہ السّلام الثانی، ومعہ سیف مخترط یفتح اللہ لہ الرُّوم والصین والترک و الدّیلم و السند والھند وکابل شاہ و الخزر۔

یا اباحمزۃ! لا یقوم القائم علیہ السّلام اِلّا علی خوف شدیدٌ و زلازل وفتنۃ وبلاء یصیب النّاس، وطاعون قبل ذٰلک وسیف قاطع بین العرب، واختلاف شدید بین النّاس وتشتّت فی دینھم وتغیّر من حالھم حتّی یتمنّی المتمنّی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الموت صباحًا وَ مساءً من عظم ما یریٰ من کلب النّاس واَکل
بعضهم بعضًا ، وخروجه اذا خرج عند الایاس والقنوط۔
فیا طوبیٰ لمن ادرکه وکان من انصارہ ، والویل کُلّ
الویل لمن خالفه وخالف اَمرہ ، وکان من اعدائه۔
ثمّ قالؑ : یقوم بِاَمرجدید وسنّة جدیدة وقضاء جدید ، عَلَی
العرب شدید ، ولیس شانُه اِلّا القتل ، ولا یستتیب
اَحدًا ولا تاْخذہ فی اللہ لومة لائم۔" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ روایت :
آپ نے فرمایا "جب حضرت قائم آل محمدؐ علیہ السّلام خروج فرمائیں گے تو اللہ تعالیٰ ملائکہ مسوّمین (نشان شدہ) و مُردفین (ایک کے پیچھے ایک) و مُنزلین (نازل ہونے والے) اور کروبین (مقرّب فرشتے) ان کی مدد کے لیے نازل فرمائے گا۔ حضرت جبرئیلؑ ان کے آگے آگے ہوں گے، میکائیلؑ داہنے جانب اور اسرافیلؑ بائیں جانب اور رُعب و دبدبہ ایک ماہ کی مسافت تک آگے آگے اور ایک ماہ کی مسافت تک پیچھے پیچھے، ایک ماہ کی مسافت تک داہنے جانب اور ایک ماہ کی مسافت تک بائیں جانب۔ پھر ملائکہ مقرّبین آپ کے پیچھے ہوں گے اور آپ کے عقب میں سب سے پہلے حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اور آنحضرتؐ کے عقب میں دوسرے حضرت علی علیہ السّلام ہوں گے۔ آپ کے ہاتھ میں برہنہ تلوار ہوگی، تو اس طرح اللہ آپ کو روم، چین، ترک، دیلم، سند، ہند، کابل شاہ اور خزر پر فتح عنایت کریگا۔

اے ابوحمزہ (ثمالی)! امام قائم علیہ السّلام اُس وقت ظہور کریں گے جب لوگ شدید خوف زلزلوں، فتنوں اور بلاؤں میں مبتلا رہوں گے اور آپ کے ظہور سے قبل طاعون کی وبا پھیلے گی۔ اہلِ عرب کے درمیان باہم شدید اختلاف اور کشیدگی پیدا ہوگی، تلواریں چلیں گی، دین میں انتشار ہوگا اور ان کا ایسا بُرا حال ہوگا کہ لوگ صبح و شام موت کی تمنائیں کریں گے، اس لیے کہ دیکھ رہے ہوں گے کہ ایک دوسرے کو کھائے جا رہا ہے، ظلم ڈھا رہا ہے۔ آپ اُس وقت خروج کریں گے جب لوگوں پر مایوسی اور نا اُمیدی چھائی ہوئی ہوگی۔
خوش نصیب ہے وہ شخص جس کو امام قائم علیہ السّلام کا عہد مل جائے اور اُن کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انصار میں شامل ہو جائے۔ اور ویل و افسوس ہے اس پر جو اُن کی مخالفت کرے اُن کا حکم نہ مانے، اُن کے دشمنوں میں شامل ہو جائے۔

پھر فرمایا: آپ ظہور کریں گے تو امرِ جدید و سنتِ جدیدہ، فیصلۂ جدید کے ساتھ، جو اہلِ عرب کے لیے بہت گراں ہوگا، کیونکہ اُن کا کام صرف قتل ہوگا، وہ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پروا نہیں کریں گے۔" (غیبتِ نعمانی)

(۱۰۰) اہلِ قریش کا قتلِ عام

ابنِ عقدہ نے قاسم بن محمد بن حسین سے، اُنھوں نے عبیس بن ہشام سے، اُنھوں نے ابنِ جبلہ سے، اُنھوں نے علی بن ابو مغیرہ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن شریک سے اُنھوں نے بشر بن غالب اسدی سے روایت کی ہے، اُنھوں نے کہا کہ مجھ سے حضرت امام حسین ابنِ علیؑ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ:

"یا بشر! ما بقاء قریش اذا قدّم القائم المہدیؑ منہم خمسمائۃ رجل فضرب اعناقہم صبرًا ثمّ قدّم خمسمائۃ فضرب اعناقہم (صبرًا) ثمّ قدّم خمسمائۃ فضرب اعناقہم صبرًا؟

قال فقلتُ: (لہ) اصلحک اللہ أیبلغون ذٰلک؟

فقالؑ الحسین بن علی علیہما السلام ان مولی القوم منہم۔"

(غیبتِ نعمانی)

(ترجمہ) آپ نے فرمایا: "اے بشر! امام قائم علیہ السلام کے سامنے قریش کے پانچسو آدمی گرفتار ہو کر آئیں گے تو اُن کی گردن ماردی جائے گی۔ پھر پانچسو گرفتار ہو کر آئیں گے، اُن کی بھی گردن ماردی جائے گی، پھر پانچسو گرفتار ہو کر آئیں گے اُن کی بھی گردن ماردی جائے گی۔

میں نے عرض کیا: خدا آپ کا بھلا کرے کیا اُن کی اتنی تعداد ہوگی؟

پس امام حسین بن علیؑ علیہ السلام نے فرمایا: قوم کے غلاموں کا شمار بھی قوم ہی میں ہوتا ہے۔"

(غیبتِ نعمانی)

(۱۰۱) ایک فیصلہ

ابنِ عقدہ نے محمد بن مفضّل بن ابراہیم سے، اُنھوں نے محمد بن عبداللہ بن زرارہ سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے حارث بن مغیرہ اور ذریح المحاربی سے روایت کی ہے دونوں کا بیان ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"ما بقی بیننا وبین العرب اِلّا الذّبح" واَومأ بیدہ الی حلقہ"

ترجمہ "ہمارے اور اہلِ عرب کے مابین سوائے ذبح کے اور کچھ باقی نہیں ہے"۔ اور (یہ فرماکر آپ نے) اپنے حلق (گردن) کی طرف اشارہ کیا۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۰۲) خانۂ کعبہ کے لیے ایک نذر

علی بن حسین نے محمّد عطّار سے، اُنھوں نے محمّد بن حسن رازی سے، اُنھوں نے محمّد بن علی صیرفی سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے محمّد بن علی خثعمی سے، اُنھوں نے صدیر صیرفی سے، اُنھوں نے اہلِ جزیرہ میں سے ایک شخص سے روایت کی ہے، اُس کا بیان ہے کہ:

"میں نے خانۂ کعبہ کے لیے ایک کنیز کی نذر مانی تھی لہٰذا میں نذر پوری کرنے کے لئے کنیز کو لیکر مکّہ معظّمہ پہونچا اور وہاں خانۂ کعبہ کے حاجیوں اور خادموں سے ملا اور اُن سے اپنی نذر کے متعلق بیان کیا تو جس سے بھی اس نذر کا مسئلہ بیان کیا، اُس نے یہی کہا کہ وہ کنیز مجھے دیدو تمھاری نذر سمجھ لو کہ اللہ نے قبول کرلی۔ ہر ایک کا یہ جواب سنکر میرے دل میں اُلجھن سی پیدا ہوگئی۔ میں نے اس کا ذکر اہلِ مکّہ میں سے اپنے دوست سے کیا۔ اُس نے کہا: میری بات مانوگے؟

میں نے کہا: ہاں۔ مان لوں گا۔

اُس نے کہا: دیکھو! وہ ایک شخص حجرِ اسود کے پاس بیٹھا ہوا ہے جس کے گرد لوگ جمع ہیں۔ وہ ابوجعفر (امام) محمّد (باقر) بن علیؑ بن حسینؑ علیہ السلام ہیں۔ اُن سے اپنا یہ مسئلہ بیان کردو اور جو کچھ حل وہ بتائیں اُس پر عمل کرو۔

راوی کا بیان ہے: میں اُن جناب کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اللہ آپ پر رحمت نازل فرمائے میں ایک شخص جزیرے کا باشندہ ہوں، میرے ساتھ ایک کنیز ہے جس کو اپنی ایک نذر پوری کرنے کیلئے خانۂ کعبہ کی نذر کرنا چاہتا ہوں۔ میں جب اس کو یہاں لے کر آیا اور اس کا تذکرہ حاجیوں اور خادموں سے کیا تو ہر شخص یہی کہتا ہے کہ یہ کنیز مجھے دیدو، اللہ تمھاری نذر قبول کرلیگا۔ سب کا یہ مطالبہ سنکر میرے دل میں بڑی اُلجھن ہوئی۔ (اب آپ کی خدمت میں آیا ہوں)

قالَ (ابوجعفر علیہ السلام): یا عبداللہ! اِنَّ البیت لا یأکل ولا یشرب فبع جاریتک

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

واستقص وانظر اهل بلادك ممّن حجّ هٰذا البيت فمن عجز منهم عن نفقة فاعطه حتّى يقوى على العود الىٰ بلادهم ۔"

ترجمہ (حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے) فرمایا: اے بندۂ خدا! خانۂ کعبہ نہ تو کھاتا ہے نہ پیتا ہے۔ تم کنیز کو فروخت کر دو اور وہ رقم اپنے اہلِ وطن حاجیوں میں سے جسے دیکھو کہ اخراجات کے لیے اُس کے پاس کچھ رقم گھٹ گئی اُس کو دیدو تاکہ وہ اپنے وطن واپس جا سکے۔"

پھر اُس نے کہا: میں نے اُن جناب کے فرمانے پر عمل کیا۔

اِس کے بعد میں حبس حاجب اور خادمِ حرم سے ملا، اُس نے مجھ سے یہی پوچھا کہ تو نے کنیز کا کیا حل تلاش کیا؟

میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے جو کچھ فرمایا تھا، وہی بتا دیا۔

"وہ کہنے لگے کہ وہ تو (معاذاللہ) جاہل و کذّاب ہے۔ پتہ نہیں کہ وہ یہ کیسے کہتا ہے۔"

پھر میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کے پاس جا کر اُن لوگوں کی باتیں بتا دیں۔ آپ نے فرمایا: اچھا، اُنکی باتیں تو تم نے مجھ سے بیان کر دیں، کیا میری بات بھی اُن تک پہنچا دوگے؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں۔

آپ نے فرمایا: اُن سے کہدو:

"قال لكم ابوجعفر كيف بكم لو قد قطعت ايديكم وارجلكم و علّقت فى الكعبة ۔ ثمّ يقال لكم: نادوا نحن سرّاق الكعبة"

ترجمہ "حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام تم لوگوں سے فرماتے ہیں کہ اُس وقت تمھارا کیا حال ہوگا جب تمھارے ہاتھ پاؤں کاٹ کر خانۂ کعبہ پر لٹکا دیے جائیں گے اور تم لوگوں سے کہا جائے گا کہ اعلان کرو کہ ہم لوگ خانۂ کعبہ کے چور تھے۔"

چنانچہ جب میں وہاں سے اُٹھنے لگا کہ جا کر اُن لوگوں تک آپ کا پیغام پہونچا دوں تو آپ نے فرمایا: مگر میں خود ایسا نہیں کروں گا، بلکہ ہم اہلِ بیت میں سے ایک مرد ایسا کام انجام دے گا۔

(غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۰۴) غارِ انطاکیہ سے کتبِ آسمانی برآمد کریں گے

انہی اسناد سے محمد بن علی نے، انھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عمرو بن شمر سے اُنھوں نے جابر سے روایت کی ہے کہ جابر نے بیان کیا کہ ایک شخص نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقرؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: اللہ آپ کا بھلا کرے، یہ پانچسو درہم زکوٰۃ کے ہیں جو میں نے اپنے مال سے نکالے ہیں، آپ لے لیں۔

قال لہ ابوجعفرؑ: خذھا انت فضعھا فی جیرانک من اھل الاسلام والمساکین من اخوانک المسلمین۔

ثمّ قالؑ: اذا قام القائم اھل البیت قسّم بالسویّۃ وعدل فی الرّعیّۃ فمن اطاعہ فقد اطاع اللہ، ومن عصاہ فقد عصی اللہ وَانّما سمّی المھدیّ لانّہ یھدی الیٰ امر خفیّ۔ وَیستخرج التّوراۃ وسائر کتب اللہ عزّوجلّ من غار بانطاکیۃ ویحکم بین اھل التّوراۃ بالتّوراۃ وبین اھل الانجیل بالانجیلِ وبین اھل الزّبور بالزّبورِ وبین اھل القرآن بالقرآن، ویجمع الیہ اموال الدّنیا من بطن الارض وظھرھا فیقول للناس: تعالوا الی ما قطعتم فیہ الارحام وسفکتم فیہ الدّماء الحرام وارکبتم فیہ ما حرّم اللہ عزّوجلّ، فیعطی شیئاً لم یعطہ احد کان قبلہ ویملأ الارض عدلاً وقسطاً ونوراً کما ملئت ظلماً وَجوراً وَشرّاً۔" (عنیبۃ نعمانی)

ترجمہ: حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے اس سے فرمایا: تم اسے اپنے پاس رکھو اور تمھارے قرب وجوار میں جو مسلمان ہیں وہ تمھارے اسلامی برادر ہیں اُن میں سے جو مساکین ومفلس ہوں، اِن کو اُنہی میں تقسیم کر دینا۔

پھر فرمایا: جب ہم اہلِ بیت میں سے امام قائم ظہور کریں گے تو وہ سب پر برابر برابر تقسیم کریں گے اور اپنی رعایہ کے ساتھ عدل سے کام لیں گے۔ جس نے ان کی اطاعت کی، اُس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے اُن کی نافرمانی کی، اُس نے اللہ کی نافرمانی کی۔ اُن کا نام مہدی اس لیے ہے کہ وہ امرِ خفی کی طرف ہدایت کریں گے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور توریت و نیز تمام کتب اللہ عزّ وجلّ (کی نازل کردہ) کو انطاکیہ کے غار سے برآمد کریں گے۔ پھر اہلِ توریت کا فیصلہ توریت کے مطابق، اہلِ انجیل کا انجیل کے مطابق، اہلِ زبور کا زبور کے مطابق اور اہلِ قرآن کا فیصلہ قرآن کے مطابق کریں گے۔ اور شکمِ ارض اور پشتِ زمین کی ساری دولت یکجا جمع کر کے لوگوں سے فرمائیں گے، اِدھر آؤ، اِسی چیز کے لیے تو تم لوگ قطع رحم کیا کرتے تھے، ناجائز خون بہایا کرتے تھے اور حرام کاموں میں مشغول رہا کرتے تھے؟ پھر آپ اُن سب کو اتنا کچھ عطا فرمائیں گے کہ اُس سے قبل کسی نے نہ دیا ہوگا، اور زمین کو عدل و انصاف سے اس طرح بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوگی۔" (غیبتِ نعمانی)

(۱۰۴) تابوتِ آدمؑ اور عصاءِ موسیٰؑ کے وارث؟

ابنِ عقدہ نے محمّد بن مفضّل سے اور سعدان بن اسحاق، اور احمد ابن الحسین، اور محمّد قطوانی سب سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عبداللہ بن سنان سے روایت کی ہے عبداللہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: کانت عصیٰ موسیٰؑ قضیب آس من غرس الجنّة، اَتاہ بہا جبرئیل لمّا توجّہ تلقاء مدین وھی و تابوت آدمؑ فی بحیرة طبریّة ولن یبلیا ولن یتغیّرا حتّی یخرجہا القائم اذا قام علیہ السّلام۔" (غیبتِ نعمانی)

آپ فرما رہے تھے کہ "حضرت موسیٰؑ کا عصا، شجرِ آس کی ایک شاخ تھی جو جنّت میں لگا ہوا ہے جسے حضرت جبرئیلؑ اُن کے پاس اُس وقت لائے جب وہ مدائن جانے لگے۔ وہ عصا اور تابوتِ حضرت آدمؑ یہ دونوں بحیرہ طبریہ میں (موجود) ہیں، جو نہ تو بوسیدہ ہوں گے اور نہ متغیّر (ہو کر خراب) ہوں گے۔ جب حضرت امام قائمؑ ظہور کریں گے تو آپ ان دونوں چیزوں کو نکالیں گے۔" (غیبتِ نعمانی)

(۱۰۵) زادِ سفر اور حجرِ موسیٰ علیہ السّلام

احمد بن ہوذہ نے نہاوندی سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے ابوجارود سے ابوجارود نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "اذا ظہر القائم علیہ السّلام ظہر برایة رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وخاتم سلیمان وحجر موسیٰ وعصاہ ، ثمّ یأمر منادیہ فینادی " اَلاَ لَا یحمل رجل منکم طعامًا ولا شرابًا ولا علفًا " فیقول اصحابہ : اِنّہ یرید اَن یقتلنا ، و یقتل دوابّنا مِن الجوع والعطش ، فیسیر و یسیرون معہ ، فاَوّل منزل ینزلہ یضرب الحجر فینبع منہ طعام وشراب وعلف ، فیأکلون و یشربون و دوابّہم حتّی ینزلوا النّجف بظہر الکوفۃ۔"

(غیبۃ نعمانی)

ترجمہ : "جب حضرت امام قائم علیہ السّلام ظہور فرمائیں گے تو آپ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ کا عَلَم مبارک ، حضرت سلیمان علیہ السّلام کی انگوٹھی ، حجرِ حضرت موسیٰ علیہ السّلام اور اُن کے عصاء کو ظاہر کریں گے اور اپنے ساتھیوں میں اعلان کرا دیں گے کہ کوئی شخص اپنے ساتھ بطور زادِ راہ کھانے پینے کی چیزیں اور سواری کے جانوروں کا چارہ نہ لیکر چلے"۔ (یہ سنکر) آپ کے ساتھی کہیں گے کہ "معلوم ہوتا ہے کہ یہ ہمیں اور ہماری سواری کے جانوروں کو بھوکا پیاسا مار ڈالنا چاہتے ہیں"۔ مگر جب آپ پہلی ہی منزل پر قیام فرمائیں گے تو حجرِ موسیٰؑ پر عصاء سے ضرب لگائیں گے تو اُس میں سے کھانا پانی اور سواریوں کا چارہ اُبل پڑے گا اور یہ لوگ اور اُن کے جانور کھائیں پئیں گے اور اسی طرح منزل بہ منزل چلتے ہوئے پشتِ کوفہ یعنی نجف اشرف پہونچ جائیں گے"۔

(غیبۃ نعمانی)

(۱۰۶) امامِ زمانہؑ کی حکومت میں مہینے میں دو بار تنخواہ اور سال میں دو بونس

انہی اسناد کے ساتھ عبداللہ نے ابنِ بکیرؒ سے، اُنھوں نے حمران سے، اور حمران نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قال: "کاَنّنی بدینکم ھٰذا لا یزال مولّیًا یفحص بدمہ ثمّ لا یردّہ علیکم اِلّا رجل منّا اھل البیت فیعطیکم فی السنّۃ عطاءین و یرزقکم فی الشہر رزقین و تؤتون الحکمۃ فی زمانہ حتّی اَنّ المرأۃ لتقضی فی بیتہا بکتاب اللہ تعالیٰ وسنّۃ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم۔" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: "آپ نے فرمایا: گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ ہم اہلِ بیت میں سے ایک شخص آئے گا جو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سال بھر میں دو مرتبہ تم لوگوں کو (بونس) عطا کرے گا اور مہینے میں دو مرتبہ روزی (روزینہ۔ تنخواہ) دے گا، اور اُس کے زمانے میں علم و حکمت تم لوگوں کو اسقدر ملے گی کہ ایک عورت اپنے گھر میں بیٹھی ہوئی کتابِ خدا اور سنّتِ رسولؐ کے مطابق فیصلہ (خود ہی) کرے گی۔" (غیبتِ نعمانی)

۱۰۷ منبرِ کوفہ پر سر بہ مہر عہد نامہ سُنانا

سہل نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے اپنے بعض لوگوں سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "کأنّی بالقائمؑ علی منبر (الکوفة) علیه قباء فیخرج من وریان قبائه کتاباً مختوماً بخاتم (من) ذهب فیفکّه فیقرأه علی الناس فیجفلون عنه اِجفال الغنم فلم یبقِ اِلّا النّقباء فیتکلّم بکلام فلا یلحقون ملجأً حتّی یرجعوا الیه و اِنّی لأعرف الکلام الّذی یتکلم به۔" (کافی)

ترجمہ: "آپؑ نے فرمایا: گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السّلام اپنی قباء زیبِ تن کیے ہوئے منبرِ کوفہ پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ آپ نے اپنی قباء کے اندر سے ایک سربمہر تحریر نکالی، پھر مہر توڑی اور لوگوں کو پڑھ کر سنایا تو لوگ آپ سے اس طرح بدک کر بھاگ رہے ہیں جس طرح بھیڑ بکریاں بدکتی ہیں اور سوائے آپ کے نقیبوں کے کوئی باقی نہ رہا۔ پھر آپ نے ایک ایسی بات کہی جس سے وہ بھاگے ہوئے لوگ مجبوراً واپس آ گئے۔ اور میں جانتا ہوں کہ وہ کیا کہیں گے۔" (کافی)

۱۰۸ آپ اسلام کو جدید انداز میں پیش کریں گے

عبدالواحد بن عبداللہ نے احمد بن محمّد بن رباح سے، اُنھوں نے احمد بن علی حمیری سے اُنھوں نے حسن بن ایّوب سے، اُنھوں نے عبدالکریم خثعمی سے، اُنھوں نے احمد بن حسن بن ابان سے، اُنھوں نے عبداللہ بن عطا سے، اور اُنھوں نے شیخ الفقہاء (فقہاء میں سب سے بزرگ) یعنی حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ: میں نے ایک مرتبہ اُن جناب سے سیرتِ حضرت امام مہدی علیہ السّلام کے متعلق دریافت کیا:

قالؑ: یصنع ما صنع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ یهدم ما کان قبله

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

كما هدم رسول الله صلى الله عليه وآله امر الجاهلية ويستانف الاسلام جديدًا ۔ "

(غیبتہ نعمانی)

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: آپ وہی کریں گے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا تھا یعنی اپنے پہلے کے تمام رواسم کو ختم کردیں گے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایّام جاہلیّت کے تمام رسم و رواج کو ختم کردیا تھا، اور اسلام کو ایک جدید انداز سے پیش کریں گے ۔ "

(غیبتہ نعمانی)

(۱۰۹) سیرتِ رسولؐ اللہ اور سیرتِ قائمؑ میں فرق

علی بن الحسین نے محمّد عطّار سے، اُنھوں نے محمّد بن حسن رازی سے، اُنھوں نے محمّد علی کوفی سے، اُنھوں نے برزنطی سے، اُنھوں نے ابنِ بکیر سے، اُنھوں نے اپنے والد سے اُنھوں نے زرارہ سے اور زرارہ نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ میں نے آنجناب سے عرض کیا کہ (فرزندِ رسولؐ!) آپ امام قائمؑ کا نام تو بتادیں ؟

فقالؑ: اسمہ اسمی ۔

قلتُ: أيسير بسيرة محمّد صلى الله عليه وآله ۔ ؟

قالؑ: هيهات هيهات يا زرارة مايسير بسيرته ۔

قلت: جعلتُ فداك لِمَ ؟۔

قالؑ: إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله سار في أمّته باللّين كان يتألّف النّاس، والقائم عليه السّلام يسير بالقتل، بذلك أمر في الكتاب الّذي معه: أن يسير بالقتل ولا يستتيب أحدًا، ويل لمن ناواه ۔ "

(غیبتہ نعمانی)

آپؑ نے فرمایا: اُن کا نام میرا نام ہوگا ۔

میں نے عرض کیا: کیا آنجنابؑ کی سیرت بھی حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی سیرت ہوگی ؟

آپؑ نے فرمایا: افسوس، افسوس، اے زرارہ ! وہ آنحضرتؐ کی سیرت پر عمل نہ کریں گے ۔

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، یہ کیوں ؟

آپؑ نے فرمایا: یہ اس لیے کہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنی امّت کے ساتھ نرمی اور تالیفِ قلوب کا سلوک کیا، مگر امام قائمؑ تو قتل کرینگے اور اسی کا اُن کو حکم دیا گیا ہوگا اس کتاب میں جو اُنکے پاس ہوگی، اس میں سیرتِ قتل کا حکم ہوگا، توبہ قبول نہ ہوگی، ویل ہے اُس پر جس نے اُن سے منھ موڑا ۔ (غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱۰) سیرتِ امامِ قائم علیہ السلام

محمّد بن علی کوفی نے عبدالرحمان بن (ابی) ہاشم سے، اُنھوں نے ابوخدیجہ سے اور ابو خدیجہ نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ امیرالمومنینؑ کا ارشاد ہے: "کان لی اَن اقتل المولّی واُجہّز علی الجریح، ولکن ترکت ذٰلک للعاقبۃ من اصحابی ان جُرحوا لم یُقتلوا، والقائمُ لہ اَن یقتل المولّی و یجہّز علی الجریح۔" (غیبتہ نعمانی)

ترجمہ: "میرے لیے یہ ممکن تھا کہ منھ موڑنے والے کو قتل کردوں اور زخمیوں کی مرہم پٹّی کردوں، مگر میں نے اپنے اصحاب کے انجام کے پیشِ نظر ایسا نہیں کیا کہ اگر یہ زخمی ہوجائیں تو قتل نہ کیے جائیں، مگر امام قائمؑ منھ موڑنے والے کو قتل کریں گے اور زخمیوں کو دفن (تجہیز) کردیں گے۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۱۱) امامِ قائمؑ کے شیعہ تاابد غالب رہیں گے

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے محمّد بن خالد سے، اُنھوں نے ثعلبہ ابنِ میمون سے، اُنھوں نے حسن بن ہارون سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ معلی بن خنیس نے آپ سے دریافت کیا کہ:

(فرزندِ رسول!) کیا امام قائم علیہ السلام حضرت علی علیہ السلام کی سیرت (عفو و درگذر) کے خلاف سیرت اختیار کریں گے؟

آپ نے فرمایا: "نعم، و ذالک اَنّ علیًّا سار بالمنِّ و الکفِّ لِاَنّہٗ علم اَنّ شیعتہ سیظہر علیہم من بعدہٖ و اَنّ القائمَ اذا قام سار فیہم بالسیف والسبی، و ذٰلک اَنّہٗ یعلم اَنّ شیعتہ لم یظہر علیہم من بعدہٖ ابدًا۔" (غیبتہ نعمانی)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: ہاں، اور یہ اِس لیے کہ حضرت ابوالائمہ علی علیہ السلام نے مہربانی اور درگذر کی سیرت اختیار کی تھی اس لیے کہ آپ کو معلوم تھا کہ میرے بعد میرے شیعہ مغلوب ہوجائیں گے اور امام قائم علیہ السلام جب ظہور فرمائیں گے تو آپ عوام النّاس کے ساتھ قتل اور قید کا برتاؤ کریں گے اس لیے کہ آپ کو یہ معلوم ہوگا کہ (میرے بعد) اُن کے بعد اُن کے شیعہ تاابد مغلوب نہ ہوں گے۔" (غیبتہ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ "تہذیب" میں صفار نے محمد بن عبدالجبار سے، انھوں نے ابن فضال سے، انھوں نے ثعلبہ سے اسی کے مثل روایت کی ہے

(۱۱۲) اسلامی احکام کی تجدید ہوگی

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن سے، انھوں نے اپنے والد سے، انھوں نے رفاعہ سے، انھوں نے عبداللہ بن عطا سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے دریافت کیا کہ جب حضرت امام قائم علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو آپؑ لوگوں کے ساتھ کیا سلوک کریں گے؟

فقال: "یہدم ما قبلہ کما صنع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ویستأنف الاسلام جدیدًا۔" (غیبۃ طوسی)

آپؑ نے فرمایا: "آپؑ اپنے سے قبل کے جاری شدہ رسم و رواج کو ختم کردیں گے جس طرح حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا تھا۔ اور ایک جدید طرز سے اسلام پیش کریں گے۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۱۳) قتل کی ابتداء قریشیوں سے ہوگی

علی بن الحسین نے محمد عطار سے، انھوں نے محمد بن حسن سے، انھوں نے محمد بن علی کوفی سے، انھوں نے بزنطی سے، انھوں نے علاء سے، انھوں نے محمد سے، اور محمد نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، ان کا بیان ہے کہ میں نے آنجناب کو فرماتے ہوئے سنا:

یقول: "لو یعلم الناس ما یصنع القائم اذا خرج لأحبَّ اکثرھم ان لا یروہ مما یقتل من الناس، امّا انہ لا یبدء الّا بقریش فلا یأخذ منہا الّا السیف ولا یعطیہا الّا السیف حتی یقول کثیر من الناس: لیس ھذا من آل محمدؐ لو کان من آل محمدؐ لرحم۔" (غیبۃ نعمانی)

آپؑ نے فرمایا: "اگر لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ جب امام قائمؑ ظہور فرمائیں گے تو کیا کریں گے تو پھر اکثر لوگ تو یہی چاہیں گے کہ جسقدر وہ قتل کریں گے (اپنی آنکھوں سے) نہ دیکھیں۔ یہ ضرور ہے کہ آنجناب سب سے پہلے قریش سے شروع کریں گے آپ ان لوگوں سے تلوار کے سوا اور کچھ نہ لیں گے اور تلوار کے سوا اور کچھ نہ دیں گے یہانتک کہ لوگ کہنے لگیں گے کہ یہ شخص آلِ محمدؐ میں سے نہیں ہے، کیونکہ اگر آلِ محمدؐ میں سے ہوتا تو ضرور رحم کرتا۔" (غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱۴) امرِ جدید کے ساتھ ظہور

اپنی اسناد کے ساتھ بزنطی نے عاصم بن حمید حنّاط سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا:

"یقوم القائمؑ بأمرٍ جدید وکتاب جدید وقضاء جدید علی العرب شدید، لیس شأنہ اِلّا بالسیف لا یستتیب أحدًا ولا یأخذہ فی اللہ لومۃ لائم۔" (غیبتہ نعمانی)

"امام قائم علیہ السّلام امرِ جدید و کتابِ جدید اور فیصلۂ جدید کے ساتھ ظہور کریں گے، اور اہلِ عرب پر شدید ہوں گے، وہ سوائے تلوار کے اور کوئی بات نہ کریں گے، کسی کا عذر و توبہ قبول نہ کریں گے۔ وہ ملامت کرنے والے کی ملامت کی اللہ کے بارے میں، پروا نہ کریں گے۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۱۵) لباس اور غذا میں سادگی

اپنی اسناد کے ساتھ محمّد بن علی کوفی نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے بطائنی سے اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"ما تستعجلون بخروج القائمؑ؟ فواللہ ما لباسہ اِلّا الغلیظ ولا طعامہ اِلّا الجشب، وما ھو اِلّا السیف والموت تحت ظلِّ السَّیف۔" (غیبتہ نعمانی)

"تم لوگ امام قائمؑ کے ظہور کے لیے تعجیل کیوں چاہتے ہو؟ خدا کی قسم وہ تو موٹا جھوٹا پہنیں گے، اور روکھی سوکھی کھائیں گے۔ اُن کا کام تو صرف اور صرف تلوار (چلانا) ہے اور تلوار ہی کے زیرِ سایہ موت ہے۔"

(۱۱۶) آپؑ کی غذا نانِ شعیر ہوگی

ابنِ عقدہ نے احمد بن یوسف بن یعقوب سے، اُنھوں نے اسماعیل بن مہران سے اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے اپنے والد اور وہیب سے، اور اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ: "اذا خرج القائم لم یکن بینه وبین العرب وقریش اِلّا السیف (ما یأخذ منها اِلّا السیف) وما یستعجلون بخروج القائمؑ؟ واللہ ما طعامه اِلّا الشعیر الجشب ولا لباسه اِلّا الغلیظ، وما هو اِلّا السیف والموت تحت ظلِّ السیف"۔

(غیبۃ نعمانی)

•

آپؑ نے فرمایا: "جب امام قائمؑ علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو آنجنابؑ کے اور اہلِ عرب و قریش کے درمیان صرف تلوار ہوگی اور تم لوگ ظہور قائمؑ میں تعجیل کیوں چاہتے ہو؟ بخدا اُن جناب کی غذا تو صرف جَو کی بدمزہ روٹی ہوگی اور آپ کا لباس موٹا جھوٹا ہوگا، اور آپ کا کام صرف تلوار ہوگا، اور تلوار ہی کے زیرِ سایہ موت"۔

(غیبۃ نعمانی)

(۱۱۷) آپؑ کا خوف ہر شے پر طاری ہوگا

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے حسن بن علی بن یوسف اور محمد بن علی سے، اُنھوں نے سعدان بن مسلم سے، اُنھوں نے اپنے بعض اشخاص (رجال) سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ آپ نے فرمایا:

"بینا الرَّجل علی رأس القائمؑ علیہ السلام یأمره وینهاه إذ قال: اَدیروه فیدیرونه اِلیٰ قدّامه فیأمر بضرب عنقه فلا یبقیٰ فی الخافقین شیءٌ اِلّا خافه"۔

(غیبۃ نعمانی)

"لوگ گرفتار کر کے آپ کے سامنے پیش کیے جائیں گے اور اُن کی گردن زدنی کا حکم دیں گے اور دنیا میں کوئی شے باقی نہ رہے گی جو آپ سے خوفزدہ نہ ہو"۔

(غیبۃ نعمانی)

•

علی بن احمد بندنیجی نے عبیداللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے برقی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے سعدان بن مسلم سے، اُنھوں نے ہشام بن سالم سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اسی کے مثل روایت نقل کی ہے۔

(غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱۸) قمیصِ رسولؐ امامِ قائمؑ کے جسم پر ہوگی

محمد بن ہمام نے حمید بن زیاد سے، اُنھوں نے حسن بن محمد بن سماعہ سے، اُنھوں نے احمد بن حسن سے، اُنھوں نے اپنے چچا حسین بن اسماعیل سے، اُنھوں نے یعقوب بن شعیب سے اور اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ اُن جناب نے مجھ سے فرمایا:

"اَلَا اُریك قمیص القائم الّذی یقوم علیه ؟

فقلت: بلیٰ ۔ فدعا بقمطر ففتحه واَخرج منه قمیص کرابیس فنشره فاذا فی کمّه الایسر دم ۔

فقال: هٰذا قمیص رسول الله صلّی الله علیه وآله الّذی علیه یوم ضربت رباعیّته وفیه یقوم القائم، فقبّلت الدّم و وضعته علیٰ وجهی ثمّ طواه ابو عبدالله علیه السلام و دفعه ۔"

(غیبتہ نعمانی)

ترجمہ:

آپ نے فرمایا: "کیا میں تمھیں وہ قمیص دکھاؤں جسے پہن کر امام قائمؑ ظہور فرمائیں گے؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ تو آپؑ نے ایک بستہ منگوایا، اُسے کھولا، اُس میں سے ایک قمیص نکالی پھر اُسے پھیلا دیا، تو اُس کی بائیں آستین پر خون لگا ہوا تھا، اُسے دکھا کر آپؑ نے فرمایا: یہ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی وہ قمیص ہے جسے آپؐ اُس دن زیبِ تن کیے ہوئے تھے جس دن آپؐ کے دندانِ مبارک شہید ہوئے تھے۔ یہی قمیص پہن کر امام قائمؑ قیام فرمائیں گے۔

یہ سنکر میں نے اس خون کو بوسہ دیا جو اُس قمیص کی آستین پر لگا ہوا تھا اور میں نے اُس کو اپنے چہرے پر رکھا۔ پھر حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اُس کو طے کر کے رکھ دیا۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۱۹) آیہ "اَتیٰ اَمرُ اللهِ ..." کی تفسیر

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے علی بن حسّان سے، اُنھوں نے عبدالرحمان بن کثیر سے، اور اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے قولِ خدا "اَتیٰ اَمرُ اللهِ فَلَا تستعجلوه"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کے متعلق ارشاد فرمایا:

"ھو امرنا امر اللہ عزّوجلّ (أ) لا نستعجل بہ یؤیّدہ بثلاثۃ اجناد بالملائکۃ والمؤمنین والرّعب وخروجہ کخروج رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وذٰلک قولہ عزّوجلّ: (آیۃ) "کَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ۔" (سورۃ الانفال آیت ۵)

ترجمۂ روایت: "آپ نے فرمایا: "یہی ہمارا امر ہے جو امرِ خدا ہے ہم لوگ اس میں عجلت نہیں چاہتے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی (ہمارے صاحب الامر کی) مدد افواجِ فرشتگان اور مومنین اور رُعب و دبدبہ سے کرے گا، اُن کا خروج بھی رسول اللہ صلعم کے خروج کے مانند ہوگا۔ چنانچہ اللہ عزّوجلّ ارشاد فرماتا ہے کہ:

ترجمۂ آیت (انفال ۵) "وہ جس طرح تیرے پروردگار نے تجھے تیرے گھر سے حق کے ساتھ نکالا، حالانکہ مومنین میں سے ایک گروہ اسے بہت زیادہ ناپسند کرتا تھا۔" (سورۂ انفال آیت ۵)

(۱۲۰) تین سو تیرہ فرشتوں کا نزول

احمد بن ہوذہ نے ابراہیم بن اسحاق سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے اُنھوں نے بطائنی سے اور بطائنی نے (حضرت امام) علیہ السّلام سے روایت کی کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا: "اذا قام القائم علیہ السّلام نزلت الملائکۃ بثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر: ثُلث علیٰ خیول شہب، وثُلث علیٰ خیول بلق وثُلث علیٰ خیول حُوّ"، قلت: وما الحوّۃ؟ قال: الحُمر۔" (غیبۃ نعمانی)

ترجمۂ روایت: "آپ نے ارشاد فرمایا: "جب امام قائم علیہ السّلام ظہور فرمائیں گے تو تین سو تیرہ فرشتے نازل ہوں گے جن میں سے ایک تہائی شہب (سیاہی مائل سفید رنگ کے) گھوڑوں پر، ایک تہائی ابلق (سیاہ اور سفید داغوں والے) گھوڑوں پر، اور ایک تہائی حوّ گھوڑوں پر سوار ہونگے۔"
میں نے عرض کیا: حوّ سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا: سُرخ۔ "احمر" (سُرخ گھوڑے)۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۲۱) ہر سپاہی کیلئے تلوار نازل ہوگی

اور انہی اسناد کے ساتھ بطائنی نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قال: "اذا قام القائم علیہ السلام نزلت سیوف القتال علیٰ کلِّ سیف اسم الرّجل واسم ابیہ"

آپؑ نے فرمایا: "جب امام قائم علیہ السلام ظہور فرمائیں گے (تو آسمان سے آپ کے فوجیوں کے لیے جہاد کے واسطے) تلواریں نازل ہوں گی جن پر ہر فوجی کا نام اور اسکے والد کا نام کندہ ہوگا۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۲۲) فرقۂ مرجئہ کا خیال ہے کہ خون نہ بہے گا

ابن عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے عبّاس بن عامر سے، اُنھوں نے موسیٰ بن بکر سے، اُنھوں نے بشیر نبّال سے، اُنھوں نے علی بن احمد سے، اُنھوں نے عبداللہ بن مسلم سے، اُنھوں نے ایّوب بن نوح سے، اُنھوں نے صفوان سے، اُنھوں نے بشیر سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ جب میں مدینہ گیا تو حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السلام کے بیت الشّرف پر حاضر ہوا، دیکھا کہ دروازے پر ایک خچّر زین کسا ہوا کھڑا ہے۔ چنانچہ میں بیت الشّرف کے ایک طرف جا بیٹھا۔ کچھ دیر کے بعد آپ اندر سے برآمد ہوئے۔ میں نے سلام عرض کیا تو آپ خچّر پر سوار ہو چکے تھے لیکن مجھے دیکھ کر آپ فوراً ہی اُتر پڑے اور میری طرف تشریف لائے اور دریافت فرمایا کہ تم کون ہو؟

میں نے عرض کیا: عراق کا رہنے والا ہوں۔

آپ نے فرمایا: عراق میں کہاں کے باشندہ ہو؟

میں نے عرض کیا: کوفے کا باشندہ ہوں۔

آپ نے فرمایا: اس سفر میں تمھارے ہمراہ کون تھا؟

میں نے عرض کیا: محدّثہ کا ایک گروہ۔

آپ نے فرمایا: محدّثہ کون؟

میں نے عرض کیا: مرجئہ۔

آپ نے فرمایا: کل جب ہمارا قائمؑ ظہور کریگا تو یہ لوگ کس کے پاس پناہ لیں گے؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا: یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر ایسا ہوا تو ہمارے اور تمہارے ساتھ برابر کا انصاف ہوگا۔
آپ نے فرمایا: من تاب، تاب اللہ علیہ ومن اَسرَّ نفاقًا فلا یبعد اللہ غیرہ
ومن اظہر شیئًا اَھرق اللہ دمہ۔
ثم قال: یذبحہم والّذی نفسی بیدہ کما یذبح القصّاب شاتہ
وَاَومأ بیدہ اِلیٰ حلقہ۔
قلتُ: اِنّہم یقولون: اِنّہ اذا کان ذٰلک استقامت لہ الامور فلا
یہرق محجمۃ دم،
فقال: کَلّا والّذی نفسی بیدہ حتّیٰ نمسح وانتم العرق والعلق
واومأ بیدہ الیٰ جبہتہ۔" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: "آپ نے فرمایا: جو توبہ کرلے گا اللہ اُس کی توبہ قبول کرلیگا، مگر جو دل میں نفاق چھپائے ہوئے ہوگا اللہ اُس کو دھتکار دیگا۔ اور اگر کوئی کچھ اور کرنے پر آمادہ ہوگا تو اللہ تعالےٰ اُس کا خون بہا دیگا۔
پھر فرمایا: یعنی۔ اُن کو ذبح کرادیگا، اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، جس طرح قصّاب بکری کو ذبح کرتا ہے۔"
اور یہ فرما کر آپ نے اپنی گردن (حلق) کی طرف اشارہ کیا۔
میں نے عرض کیا: وہ لوگ تو یہ کہتے ہیں کہ جب اُن کی حکومت قائم ہوجائے گی تو وہ کسی کا خون نہ بہائیں گے
آپؑ نے فرمایا: اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، ہرگز ایسا نہیں ہے بلکہ تم لوگ خون اور پسینے میں لت پت (لتھڑے) ہوگے اور ہم اُسے پونچھیں گے۔
یہ فرما کر آپؑ نے اپنی پیشانی کی طرف اشارہ کیا۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۲۳) بڑی خونریزی کے بعد آپکی حکومت قائم ہوگی

ابنِ عقدہ نے محمّد بن سالم سے، اُنھوں نے عثمان بن سعید سے، اُنھوں نے احمد بن سلیمان سے، اُنھوں نے موسیٰ بن بکر سے، اُنھوں نے بشیر نبّال سے یہی روایت کی ہے مگر اسمیں یہ ہے کہ جب میں نے حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام سے عرض کیا کہ مرجئہ کہتے ہیں کہ حضرت امام مہدیؑ جب ظہور فرمائیں گے تو اُن کی حکومت بغیر ایک قطرہ خون بہے آسانی سے قائم ہوجائیگی۔
قالؑ: "کَلّا والّذی نفسی بیدہ لو استقامت لِاَحد عفوًا
لاستقامت لرسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ حین ادمیت رباعیّتہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وشجّ فی وجهه کلّا والّذی نفسی بیده حتّی نمسح نحن وانتم العرق والعلق، ثمّ مسح جبهته۔"

آپؑ نے فرمایا "ہرگز ایسا نہیں ہے، اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، اگر کسی کا اقتدار یونہی قائم ہوجایا کرتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اقتدار سب سے پہلے اسی طرح قائم ہوتا۔ آنحضرتؐ کا اقتدار بھی اُس وقت قائم ہوا جب آپؐ کے دندانِ مبارک شہید ہوئے اور آپؐ کے چہرۂ اقدس پر زخم آئے۔ اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ امام قائمؑ کی حکومت بھی اُس وقت ہی قائم ہوگی جب تم لوگوں کی پیشانیاں خون اور پسینے سے تربہ تر ہوں گی اور ہم اُسے پونچھیں گے۔

پھر آپؑ نے اپنی پیشانی پونچھ کر بتایا کہ اس طرح پونچھیں گے۔" (غیبۂ نعمانی)

(۱۲۴) محنت شاقّہ کے بعد قیامِ حکومت

علی بن احمد نے عبید اللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے حسن بن معاویہ سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عیسیٰ بن سلیمان، اُنھوں نے مفضّل سے روایت کی ہے، مفضّل نے بیان کیا کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا: جب آپ کے سامنے امام قائم علیہ السلام کا ذکر کیا گیا تو میں نے عرض کیا کہ مجھے اُمید ہے کہ امام قائمؑ کی حکومت آسانی سے قائم ہوجائے گی۔؟

آپؑ نے فرمایا: "لا یکون ذٰلك حتّی تمسحوا العرق والعلق"

ترجمہ: "نہیں، یہ حکومت اُسوقت قائم ہوگی جب تم لوگوں کو اپنی پیشانیوں سے خون اور پسینہ پونچھنا پڑے گا۔" (غیبۂ نعمانی)

(۱۲۵) اہلِ حق ہمیشہ سختیوں میں رہے

عبدالواحد بن عبداللہ سے، اُنھوں نے محمّد بن جعفر سے، اُنھوں نے ابنِ ابوخطّاب سے اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے یونس بن ظبیان سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: "اِنّ اھل الحقّ لم یزالوا منذ کانوا فی شدّۃٍ، اَمَا اِنّ ذٰلكَ الی مدّۃ قریبۃ وعاقبۃ طویلۃ۔" (غیبۂ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "اہلِ حق، بلاشبہ جب سے بھی رہے، ہمیشہ شدت اور سختیوں میں رہے مگر یہ سختیاں ایک قریبی مدت تک رہیں، اسکے بعد اسکا انجام بہت طویل ہوگا۔"
(غیبۃ نعمانی)

★ ابنِ عقدہ نے اپنے بعض رجال سے، اُنھوں نے علی بن اسحاق بن عمّار سے اُنھوں نے محمّد بن سنان سے بھی اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (غیبۃ نعمانی)

(۱۲۶) وہ دَور بہت جانفشانی کا ہوگا

علی بن حسین نے محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن حسن رازی سے، اُنھوں نے محمّد بن علی سے، اُنھوں نے معمر بن خلّاد سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امام علی الرِّضا علیہ السّلام کے سامنے حضرت امام قائم علیہ السّلام کا ذکر آیا تو:

فقال ؑ "انتم (الیوم) ارخی بالاً منکم یومئذٍ"

قال: وکیف؟

قال ؑ: "لو قد خرج قائمنا علیہ السّلام لم یکن الّا العلق والعرق (و) القوم علی السروج وما لباس القائم علیہ السّلام الّا الغلیظ وما طعامہ الّا الجشب" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "تم لوگ اِس دور میں زیادہ آرام وچین سے ہو بہ نسبت اُس دور کے"

راوی نے عرض کیا: وہ کیسے؟

آپ ؑ نے فرمایا: جب امام قائم علیہ السّلام ظہور کریں گے تو بڑی عرق ریزی اور خوں ریزی کرنی پڑے گی، قوم کو اپنی سواری کی پشت پر رہنا پڑے گا اور خود امام قائم ؑ کا لباس بہت معمولی (موٹا جھوٹا) اور آپ کا طعام بدمزہ ہوگا۔"
(غیبۃ نعمانی)

(۱۲۷) مظلومیت بھی نعمت ہے

عبدالواحد نے احمد بن ہوذہ سے، اُنھوں نے نہاوندی سے، اُنھوں نے عبداللہ ابن حمّاد سے، اُنھوں نے مفضّل سے روایت کی ہے کہ اُن کا بیان ہے کہ حالتِ طواف میں ایکمرتبہ میں حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کے قریب تھا، آپ ؑ نے نظر اُٹھا کر میری طرف دیکھا وقال ؑ لی: "یا مفضّل مالی اراک مہموماً متغیّر اللّون؟

قال، فقلت لہ: جعلت فداک نظری الی بنی العبّاس، وما فی ایدیھم من

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

هٰذا الملك والسلطان والجبروت، فلو كان ذٰلك لكم لكنّا فيه معكم۔

فقالؑ: "يا مفضّل! امّا لو كان ذٰلك لم يكن الّا سياسة اللّيل و سياحة النّهار واكل الجشب، ولبس الخشن، سبه امير المومنين عليه السّلام والّا فالنّار، فزوى ذٰلك عنّا فصرنا نأكل و نشرب، وهل رأيت ظلامة جعلها الله نعمة مثل هٰذا؟"

(غیبتِ نعمانی)

ترجمہ: اور آپ نے مجھ سے دریافت فرمایا: اے مفضّل! کیا بات ہے میں تم کو کچھ محزون و مغموم پا رہا ہوں اور تمھارے چہرے کا رنگ بھی متغیّر ہے؟

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، میں بنی عبّاس کو دیکھتا ہوں کہ اُن کے ہاتھوں میں سلطنت اور اقتدار و طاقت وغیرہ سبھی کچھ ہے۔ کاش یہ سب کچھ آپ حضرات کے پاس ہوتا تو ہم لوگ بھی آپ حضرات کے ساتھ اس میں شریک ہوتے؟

آپؑ نے فرمایا: اے مفضّل! اگر ایسا ہوتا تو تم لوگوں کو بڑی محنت کرنی پڑتی، راتوں کو لوگوں کی حفاظت اور دنوں کو چکّر لگانا پڑتا، بدمزہ کھانا اور موٹا جھوٹا پہننا پڑتا جیسا کہ حضرت امیر المومنین علیہ السّلام کے دورِ حکومت میں تھا، اور اگر ایسا نہ کرتے تو انجامِ کار جہنّم تھا۔ یہ ذمّے داریاں ہمارے سر سے اُٹھالی گئی ہیں، اِس لیے ہم لوگ مناسب غذا کھاتے پیتے ہیں۔ کیا تم نے کبھی دیکھا ہے کہ ظلم کسی کیلئے باعثِ نعمت بن گیا ہو، جیسا کہ یہ ہے (اِس دور میں ہے)"

(غیبتِ نعمانی)

(۱۲۸) اگر ائمہؑ کو حکومت ملتی...؟

انہی اسناد کے ساتھ عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے عمرو بن شمر سے روایت کی ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کے بیت الشّرف میں حاضر تھا اور بیت الشّرف لوگوں سے (کھچا کھچ) بھرا ہوا تھا، اُن لوگوں میں سے جو شخص آپ سے کچھ دریافت کرتا، آپ اس کا جواب دیتے جاتے تھے اور میں بیت الشّرف کے ایک گوشے میں بیٹھا ہوا رو رہا تھا۔ کہ اسی دوران:

فقالؑ: ما يبكيك يا عمرو!

قلت: جعلت فداك وكيف لا ابكي وهل في هٰذه الامّة مثلك

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

والباب مغلق عليك والستر لمرخى عليك ؟

فقال ؑ: لا تبك يا عمرو ناكل اكثر الطيّب و نلبس اللّبن ولو كان الّذى تقول لم يكن إلّا اكل الجشب ولبس الخشن ، مثل اميرالمؤمنين علىّ بن ابى طالب عليه السّلام و إلّا فمعالجة الاغلال فى النّار "

(غیبتہ نعمانی)

(ترجمہ) پس آپ نے دریافت فرمایا: اے عمرو! کیوں رو رہے ہو؟

میں نے عرض کیا: (فرزندِ رسولؐ!) میری جان آپ پر نثار کیسے نہ رونا آئے کہ آپ جیسا محترم شخص اِس امّت میں کوئی اور بھی ہے؟ اس کے باوجود آپ پر دروازہ بند ہے آپ کی شخصیّت پر پردہ ڈال دیا گیا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: اے عمرو! نہ رو، اِس وقت تو ہم اکثر و بیشتر اچھی اور طیّب غذائیں کھاتے ہیں اور اچھا لباس پہنتے ہیں، اگر وہ ہوتا جو تم کہتے ہو، تو پھر سوائے بدمزہ کھانے اور موٹا کپڑا پہننے کے اور کچھ نہ ہوتا۔ جیسا کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام کا معمول تھا، اور اگر ایسا نہ ہوتا تو (اے عمرو!) معالجہ جہنّم میں زنجیریں ہوتیں۔"

(غیبتہ نعمانی)

(۱۲۹) عَلَمِ رسولؐ کا پھریرا اوراقِ جنّت

انہی اسناد کے ساتھ عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے عبداللہ بن سنان سے اور عبداللہ بن سنان نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر (بن محمّد باقرؑ) الصّادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

" اَبى اللهُ إلّا اَن يخلف وقت الموقّتين ۔

وهى راية رسول الله صلّى الله عليه وآله نزل بها جبرئيل يوم بدر سيربه ثمّ قال ؑ: يا ابامحمّد! ماهى والله من قطن ولا كتّان ولا قزّ ولا حرير

فقلت: من اىّ شىءٍ هى ؟

قال ؑ: من ورق الجنّة ، نشرها رسول الله صلّى الله عليه وآله يوم بدر، ثمّ لفّها ودفعها إلى علىّ عليه السّلام فلم تزل عند علىّ عليه السّلام حتّى كان يوم البصرة ، فنشرها امير المومنين عليه السّلام ففتح الله عليه ثُمَّ لفّها ۔"

وهى عندنا هناك لا ينشرها اَحَدٌ حتّى يقوم القائم ؑ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فاذا قام نشرها فلم يبق فی المشرق والمغرب احد الّا لعنها ويسير الرّعب قدّامها شهرًا (و وراءِها شهرًا) وعن يمينها شهرًا وعن يسارها شهرًا۔

ثمّ قال: يا با محمّد اِنّه يخرج موتورًا غضبان اَسفًا لغضب الله علىٰ هٰذا الخلق عليه قميص رسول الله صلّى الله عليه وآلہ الّذی كان عليه يوم احد وعمامة السحاب، و درع رسول الله صلّى الله عليه وآلہ السابغة، و سيف رسول الله صلّى الله عليه وآلہ ذوالفقار يجرّد السيف علىٰ عاتقه ثمانية اشهر يقتل هرجًا۔

فاوّل ما يبدء ببنی شيبة فيقطع ايديهم ويعلّقها فی الكعبة وينادی منادیه هٰؤلاء سرّاق الله، ثمّ يتناول قريشا فلا يأخذ منها اِلّا السيف، ولا يعطيها اِلّا السيف ولا يخرج القائم ؑ حتّی يقرأ كتابان كتاب بالبصرة وكتاب بالكوفة بالبراءة من علیّ علیہ السلام۔"

آپ نے ارشاد فرمایا: "اللہ نے یہ طے کرلیا ہے کہ وہ، وقت معیّن کرنیوالوں کے خلاف کرے گا۔ اور وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا عَلَم مبارک ہے جس کو حضرت جبرئیل یومِ بدر لیکر نازل ہوئے تھے اور اسے لیکر چلے تھے۔

پھر فرمایا: اے ابو محمّد! بخدا اس عَلَم کا پھریرا نہ سوت کا ہے، نہ کتّان کا، نہ حریر کا، نہ پرنیان کا۔

میں نے عرض کیا: پھر کس چیز کا بنا ہوا ہے۔؟

آپؑ نے فرمایا: اس کا پھریرا جنّت کے اوراق کا ہوگا جسے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے یومِ بدر لہرایا تھا، پھر اُسے لپیٹ کر حضرت علی علیہ السّلام کے حوالے کیا۔ وہ حضرت ابوالائمہ علی علیہ السّلام کے پاس مسلسل رہا، یہانتک کہ جنگ بصرہ (جمل) میں حضرت ابوالائمہ امام علی علیہ السّلام نے وہی پھریرا پھر لہرایا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو فتح عطا فرمائی، اِس کے بعد آپؑ نے اُسے لپیٹ کر رکھدیا۔ اور اب وہ پھریرا اسوقت ہمارے پاس ہے اور حضرت امام قائم علیہ السّلام کے ظہور سے قبل اُسے کوئی نہیں لہرائے گا، جب آپؑ ظہور فرمائیں گے تو وہی اس کو لہرائیں گے جسے دیکھکر مشرق و مغرب کا ہر شخص اُسکو بُرا کہے گا، مگر اُس پھریرے کا رُعب و دبدبہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ایک ماہ کی مسافت کے برابر آگے آگے اور ایک ماہ کی مسافت کے برابر پیچھے پیچھے،
ایک ماہ کی مسافت کے برابر داہنی جانب اور ایک ماہ کی مسافت کے برابر
بائیں جانب چھایا رہے گا۔

پھر آپؑ نے فرمایا: اے ابو محمدؑ! امام قائم علیہ السلام غیظ و غضب کے عالم میں خروج کریں گے اِس لیے کہ اللہ تعالیٰ اس مخلوق پر غضبناک ہوگا۔ آپ وہی قمیص زیبِ تن کیے ہوئے ہوں گے جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یوم (جنگِ) بدر زیبِ تن فرمائی ہوئی تھی، اور آپؑ کے فرقِ اقدس پر عمامہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ اور جسمِ مبارک پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سابغہ نامی زِرہ اور دستِ پاکیزہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلوار ذوالفقار ہوگی جسے آپؑ آٹھ ماہ تک اپنے دوش مبارک پر رکھے ہوتے رہیں گے اور قتلِ عام کریں گے۔

اور یہ قتلِ عام سب سے پہلے بنی شیبہ سے شروع کریں گے، اُن لوگوں کے ہاتھ قطع کریں گے اور خانۂ کعبہ میں لٹکا دیں گے اور اُن کا ایک منادی اعلان کریگا کہ "یہ سب خانۂ کعبہ کے چور تھے۔" اس کے بعد قریش کی گرفتاریاں ہونگی اُن سے بھی سوائے تلوار کے نہ کچھ لیں گے اور سوائے تلوار کے نہ کچھ دیں گے اور جب امام قائم علیہ السلام خروج فرمائیں گے تو آپ دو تحریریں پڑھیں گے ایک تحریر بصرہ میں اور دوسری تحریر کوفہ میں جس کے اندر (لوگوں کی) حضرت ابوالائمہ امام علی علیہ السلام سے برأت کا اظہار ہوگا۔" (غیبتہ طوسی)

(۱۳۰) عَلَمِ رسول اللہؐ جبرئیلؑ لائیں گے

عبدالواحد بن عبداللہ نے محمد بن جعفر سے، اُنھوں نے ابن ابوخطّاب سے، اُنھوں نے محمد بن سنان سے، اُنھوں نے حمّاد بن ابوطلحہ سے، اُنھوں نے (ثابت) ثمالی سے روایت کی ہے کہ ثمالی کا بیان ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا:

"یا ثابت! کانّی بقائم اھل بیتی قد اشرف علی نجفکم ھٰذا
و اَومأ بیدہٖ (الیٰ) ناحیۃ الکوفۃ۔
"فاذا ھو اشرف علیٰ نجفکم نشر رایۃ رسول اللہؐ فاذا ھو
نشرھا انحطّت علیہ ملائکۃ بدر۔"
قلتُ: وما رایۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ: عودها من عمد عرش اللہ ورحمتہ وسائرھا من نصر اللہ لا یھوی بھا الی شیءٍ الّا اھلکہ اللہ۔

قلت: فمخبوءۃ (ھی) عندکم حتّی یقوم القائمؑ فیجدھا ام یُوتی بھا؟

قالؑ: لا بل یوتی بھا۔

قلت: من یاتیہ بھا؟

قالؑ: جبریلؑ۔

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: "اے ثابت! گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ ہمارا قائم اہل بیت تمھارے اس نجف پر نمودار ہوا ہے۔"

(یہ فرما کر آپؑ نے کوفے کی طرف اشارہ کیا۔)

اور جب وہ ظہور فرمائیں گے تو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے عَلَم کو لہرائیں گے اور اس کے لہراتے ہی جنگِ بدر میں شریک فرشتے آسمان سے اُترنے لگیں گے۔

میں نے عرض کیا: رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا عَلَم کیسا ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: اُس کا چوبہ عرش کا اور اللہ کی رحمت کا ایک چوبہ ہوگا اُس کو لیکر اللہ کی نصرت کے ساتھ روانہ ہوں گے، یہ عَلَم جس طرف بڑھے گا ادھر اللہ کے دشمنوں کو ہلاک کردے گا

میں نے عرض کیا: وہ عَلَم آپ حضرات کے پاس امام قائم علیہ السّلام کے ظہور تک پوشیدہ رہیگا اور وہ اس کو (آپ حضرات کے ذریعے سے) پائیں گے یا اُس وقت اُن کے پاس لایا جائے گا؟

آپؑ نے فرمایا: نہیں، بلکہ لایا جائے گا۔

میں نے عرض کیا: وہ عَلَم کون لیکر آئے گا؟

آپؑ نے فرمایا: جبریل علیہ السّلام لیکر آئیں گے۔ (غیبتہ نعمانی)

(۱۳۱) تاویلِ قرآن پر جنگ ہوگی

ابنِ عقدہ نے محمّد بن مفضّل سے، اُنھوں نے محمّد بن عبداللہ بن زرارہ سے، اُنھوں نے محمّد بن مروان سے، اُنھوں نے فضیل سے روایت کی ہے، فضیل کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: "اِنّ قائمنا اذا قام استقبل من جھلۃ النّاس اشدّ ممّا استقبلہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ من جھّال الجاھلیّۃ۔

فقلت: وکیف ذٰلک ؟

قالؑ: اِنّ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ اَتی النّاس وھم یعبدون الحجارۃ والصخور والعیدان والخشب المنحوتۃ ، واِنّ قائمنا اِذا قام اَتی النّاس وکلّھم یتأوّل علیہ کتاب اللہ ، یحتجّ علیہ بہ ثمّ قالؑ : اَمَا واللہ لیدخلنّ علیھم عدلہ جوف بیوتھم کما یدخل الحرّ والقرّ ۔"

(غیبۃ نعمانی)

(ترجمہ:) آپؑ فرما رہے تھے :

"جب ہمارا قائم ظہور کرے گا تو اُنھیں جاہلوں کی طرف سے اس سے بھی زیادہ شدید مزاحمتوں کا سابقہ ہوگا جن مزاحمتوں سے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو دورِ جاہلیّت کے جاہلوں کے ہاتھوں سابقہ پڑا تھا۔

میں نے عرض کیا: (فرزندِ رسولؐ) یہ کیسے ؟

آپؑ نے فرمایا: وہ اس طرح کہ جب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تشریف لاتے تھے تو وہ لوگ پتھروں، چٹانوں، کھجور کے اونچے اونچے درختوں اور لکڑی کے تراشے ہوئے بتوں کی پرستش کیا کرتے تھے اور ہمارا قائم اُس وقت آئے گا جب لوگ اللہ کی کتاب سے غلط تاویلیں اخذ کر کے آپ کے سامنے دلیلیں پیش کریں گے پھر آپؑ نے فرمایا: مگر خدا کی قسم امام قائمؑ ان لوگوں کے گھروں میں اپنا عدل اس انداز سے قائم کریں گے جس طرح اُن کے گھروں میں سردی اور گرمی داخل ہو کر اپنا اثر و نفوذ قائم کر لیتی ہیں۔"

(غیبۃ نعمانی)

(۱۳۲) امام قائمؑ کو مزاحمتوں کا سامنا

عبدالواحد نے محمّد بن جعفر سے، اُنھوں نے ابنِ ابوخطّاب سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے اُنھوں نے حسین بن مختار سے، اُنھوں نے ثمالی سے، روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: اِنّ صاحب ھٰذا الامر لو قد ظھر لقی من النّاس مثل ما لقی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ (واکثر)

(غیبۃ نعمانی)

آپ فرما رہے تھے: "جب صاحب الامر ظہور کریں گے تو اُنکو بھی رسول اللہؐ کی طرح مزاحمتوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بلکہ زیادہ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۳۳) تاویلِ قرآن پر جہاد ہوگا

محمدؐ بن ہمام نے حمید بن زیاد سے، اُنھوں نے حسن بن محمدؐ بن سماعہ سے، اُنھوں نے احمد بن حسن میثمی سے، اُنھوں نے محمدؐ بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے اپنے بعض اصحاب سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ:

"اِنّ القائمؑ علیہ السلام یلقی فی حربہ مالم یلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ لِاَنّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ اَتاھم وھم یعبدون الحجارۃ المنقورۃ والخشبۃ المنحوتۃ، واِنّ القائم یخرجون علیہ فیتأوّلون علیہ کتاب اللہ ویقاتلونہ علیہ۔"

ترجمہ: آپ نے فرمایا "بلاشبہ امام قائم علیہ السلام کو اپنے جہاد میں ایسے دشوار اُمور پیش آئیں گے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی پیش نہ آئے تھے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ اُس دور میں تشریف لائے تھے جب لوگ پتھروں اور لکڑیوں کے تراشے ہوئے بتوں کی پرستش کیا کرتے تھے اور امام قائمؑ اُس وقت ظہور فرمائیں گے جب لوگ اُن کے سامنے کتابِ خدا کی تاویلات پیش کر کے آپ سے برسرِ پیکار ہوں گے۔"

(غیبۃ نعمانی)

(۱۳۴) ظہورِ حق کو کیوں بُرا کہیں گے؟

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ علوی سے، اُنھوں نے محمدؐ بن حسین سے، اُنھوں نے محمدؐ بن سنان سے، اُنھوں نے قتیبہ اعشی سے، اُنھوں نے ابان بن تغلب سے روایت کی ہے اُنکا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: "اذا ظھرت رایۃ الحقّ لعنھا اھل الشرق والغرب، اَتدری لِمَ ذٰلک

قلت: لَا. قالؑ: لِلّذی یلقی النّاس من اھل بیتہ قبل خروجہ"

آپ نے فرمایا: جب حق کا علَم بلند ہوگا تو تمام اہلِ شرق و اہلِ غرب اُس کو بُرا کہیں گے۔ تمھیں معلوم ہے یہ کیوں کہیں گے؟

میں نے عرض کیا (فرزندِ رسولؐ!) مجھے علم نہیں۔

آپؑ نے فرمایا: اُن کے ظہور سے قبل لوگوں کو اُنکے اہلِ خاندان (بنی ہاشم) سے لوگوں کو نقصان پہونچا ہوگا۔"

(غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۳۵) اہلِ مشرق و مغرب مخالفت کریں گے

عبدالواحد نے محمد بن جعفر سے، اُنھوں نے محمد بن حسین سے، اُنھوں نے محمد بن سنان سے، اُنھوں نے قتیبہ سے، اُنھوں نے منصور بن حازم سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ؑ: " رفعت رایة الحقّ لعنها اَهل الشّرق والغرب "

قلتُ له: مِمَّ ذٰلك ؟

قال ؑ: مِمَّا یلقون من بنی هاشم ۔ " (غیبۃ نعمانی)

آپ ؑ نے فرمایا: " جب حق کا عَلَم بلند ہوگا تو تمام اہلِ مشرق و اہلِ مغرب اسکو بُرا کہیں گے "

میں نے عرض کیا: (فرزندِ رسول ؐ!) ایسا کیوں کہیں گے ؟

آپ ؑ نے فرمایا: اس لیے کہ بنی ہاشم کی طرف سے لوگوں (قیامِ حق) کیلئے سختی کیگئی ہوگی جس سے ان کو اذیت پہنچی ہوگی "

(۱۳۶) تیرہ شہروں کے لوگ اور قبیلے جنگ کریں گے (غیبۃ نعمانی)

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ اور احمد بن علی اعلم سے، اُنھوں محمد بن یعقوب صیرفی سے، اُنھوں نے محمد بن صدقہ اور ابنِ اذینہ عبدی اور محمد بن سنان سب سے اور اُنھوں نے یعقوب سرّاج سے، اور یعقوب سرّاج کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا آپ نے فرمایا: " ثلاثة عشر مدینة وطائفة یحارب القائم اهلها و یحاربونه

اهل مكة و اهل المدینة و اهل الشام و بنو اُمیه و اهل البصرة و اهل دمیسان و الاكراد، و الاعراب، و ضبّة و غنی و باهلة و اَزد، و اهل الرّیّ ۔ " (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: " تیرہ شہروں اور قبیلوں کے لوگ امام قائم ؑ سے جنگ کریں گے۔ اہلِ مکّہ، اہلِ مدینہ، اہلِ شام، بنی اُمیّہ، اہلِ بصرہ، اہلِ دمیسان، قوم کرد، اَعراب ضبیہ، غنیّ، باہلہ، ازد اور اہلِ رَے ۔ (غیبۃ نعمانی)

(۱۳۷) امام ششم ؑ نے فرمایا ... ؟

ابنِ عقدہ نے احمد بن زیاد سے، اُنھوں نے علی بن الصباح سے، اُنھوں نے (ابی الحسن بن محمد حضرمی سے) اُنھوں نے علی بن محمد حضرمی سے، اُنھوں نے جعفر بن محمد سے، اُنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ابراہیم بن عبدالحمید سے روایت کی ہے اور ابراہیم بن عبدالحمید کا بیان ہے کہ مجھ سے ایک ایسے شخص نے بیان کیا جس نے خود حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا تھا، آپ فرماتے تھے کہ

"اذا خرج القائم علیہ السلام خرج من ھذا الامر من کان یری انہ (من) اَھلہ و دخل فی سنّہ عبدۃ الشمس والقمر۔" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: "جب امام قائم علیہ السلام ظہور کریں گے تو کچھ لوگ انھیں چھوڑ کر سورج اور چاند کو پوجنے والوں کی سیرت اختیار کرلیں گے۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۳۸) مومنین کو قوت واپس دے دیجائیگی

ابنِ عقدہ نے احمد بن یوسف سے، اُنھوں نے اسماعیل بن مہران سے، اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے مفضل بن محمد سے، اُنھوں نے حریز سے، حریز نے حضرت ابوعبداللہؑ سے اُنھوں نے اپنے والد بزرگوار سے، اور آپؑ نے حضرت امام علی ابن الحسینؑ علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: "اذا قام القائم اَذھب اللہ عن کلِّ مؤمن العاھۃ وردّ الیہ قوّتہ۔" (غیبۃ نعمانی)

کہ آپؑ نے فرمایا: جب امام قائمؑ کا ظہور ہوگا تو کل مومنوں کی ناتوانی دور ہوجائے اور اُنھیں اُن کی قوت واپس دیدی جائے گی۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۳۹) امامؑ قائم مسجدِ کوفہ کا قبلہ درست کریں گے

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن سے، اُنھوں نے حسن اور محمد ابنَیْ (علی بن) یوسف سے اُنھوں نے سعدان بن مسلم سے، اُنھوں نے صباح مزنی سے، اُنھوں نے حارث بن حصیرہ سے، اُنھوں نے حبّہ عرنی سے، حبّہ عرنی نے بیان کیا کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"کانّی انظر الی شیعتنا بمسجد الکوفۃ، وقد ضربوا الفساطیط یعلّمون النّاس القرآن کما اُنزل، اَمّا اِنّ قائمنا اذا قام کسرہ وسوّی قبلتہ۔" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ ہمارے شیعہ مسجدِ کوفہ میں بہت سے خیمے ڈالے ہوئے ہیں اور لوگوں کو قرآن کی تعلیم اس طرح دے رہے جس طرح وہ نازل ہوا تھا، اور جب بلاشبہ ہمارا قائمؑ اُٹھ کھڑا ہوگا تو اُس (مسجد) کو توڑ کر اُس کا قبلہ (ازسرِنو) دُرست کردے گا۔" (غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۴۰) ازسرِنو تعلیمِ قرآن

علی بن حسین نے محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن حسن رازی سے، اُنھوں نے محمّد بن علی کوفی سے، اُنھوں نے عبداللہ بن محمّد الحجّال سے، اُنھوں نے علی بن عقبہ سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: کانّی بشیعة علیؑ فی ایدیہم المثانی یعلّمون النّاس (المستأنف)۔" (غیبۃ نعمانی)

آپؑ نے فرمایا: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ شیعانِ علیؑ کے ہاتھوں میں مثانی (قرآن) ہے اور وہ لوگوں کو ازسرِنو قرآن کی تعلیم دے رہے ہیں۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۴۱) مسجدِ کوفہ میں عجمی قرآن کی تعلیم دیں گے

احمد بن ہوذہ نے نہاوندی سے، نہاوندی نے عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے صباح مزنی سے، اُنھوں نے حارث بن حصیرہ سے، اُنھوں نے ابنِ نباتہ سے روایت کی ہے، اور ابنِ نباتہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوالائمّہ امام علی علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: "کانّی بالعجم فساطیطہم فی مسجد الکوفة یعلّمون النّاس القرآن کما اُنزل۔"

قلت: یاامیرالمومنینؑ! اَولیس ہوکما اُنزل؟

فقالؑ: لا، محی منہ سبعون من قریش باَسمائہم واَسماء آبائہم وما ترک ابولہب اِلّا لِلازراء علیٰ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ لِاَنّہٗ عمّہ۔" (غیبۃ نعمانی)

آپ فرما رہے تھے: گویا میں عجمیوں کو دیکھ رہا ہوں کہ اُن کے بہت خیمے مسجدِ کوفہ میں نصب ہیں اور وہ لوگوں کو تنزیل کے مطابق قرآن کی تعلیم دے رہے ہیں۔"

میں نے عرض کیا: یاامیرالمومنینؑ! کیا یہ قرآن تنزیل کے مطابق نہیں ہے؟

آپ نے فرمایا: نہیں، اس میں ستّر قریشیوں کے نام مع ولدیت موجود تھے جو محو کر دیے گئے ہیں اور ابولہب کا نام اس لیے نہیں محو کیا گیا تاکہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے چٹکی لی جائے، کیونکہ وہ ان کا چچا تھا۔"

(غیبۃ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۴۲) اصحابِ امامؑ قائم کے خیمے مسجدِ کوفہ میں

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے اپنے ایک راوی سے، اُس نے جعفر ابن یحییٰ سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن امام محمد باقرؑ علیہ السلام سے روایت کی ہے:

اَنّہٗ قالؑ: "کیف انتم لو ضرب اصحاب القائمؑ علیہ السلام الفساطیط فی مسجد الکوفان، ثمّ یخرج الیہم المثال المستأنف امر جدید، علی العرب شدید۔" (غیبتہ نعمانی)

کہ آپؑ نے فرمایا: "اُس وقت تم لوگوں کا کیا حال ہوگا جب اصحابِ امام قائمؑ مسجدِ کوفہ میں اپنے خیمے نصب کریں، پھر اُن (مسلمانوں) کے سامنے ایک امرِ جدید پیش کریں گے جو اہلِ عرب پر بہت گراں ہوگا۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۴۳) حکومتِ حق و باطل

محمد بن ہمام نے فزاری سے، فزاری نے ابوطاہر وراق سے، اُنھوں نے عثمان بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے ابوالصباح کنانی سے روایت کی ہے کنانی کا بیان ہے ایک مرتبہ میں حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک بوڑھے شخص نے آکر عرض کیا کہ میرے بیٹے نے میری نافرمانی کی اور مجھ پر ظلم کیا۔

"فقال لہ ابوعبداللہ علیہ السلام: اَو ما علمت اَنَّ للحقّ دولۃ وللباطل دولۃ، وکلاھما ذلیل فی دولۃ صاحبہ، فمن اَصابتہ دولۃ الباطل اقتصّ منہ فی دولۃ الحقّ۔" (غیبتہ نعمانی)

"پس اس سے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا: کیا تمھیں نہیں معلوم کہ کبھی حق کی حکومت ہوتی ہے اور کبھی باطل کی حکومت ہوتی ہے اور یہ دونوں اپنے صاحب کی حکومت میں ذلیل رہتے ہیں۔ لہٰذا جب کسی فرد کو باطل کی حکومت میں مصیبت برداشت کرنی پڑے تو وہ اس وقت قصاص لے گا جب حق کی حکومت آئیگی۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۴۴) اپنے ہاتھ کی ہتھیلی سے ہدایت حاصل کرو

احمد بن ہوذہ نے نہاوندی سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حماد انصاری سے، اُنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

محمد بن جعفرؑ (صادق) سے اور محمدؑ نے اپنے پدرِ بزرگوار حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "اذا قام القائمؑ (بعث) فی اَقالیم الارض فی کُلِّ اِقلیم رجلاً یقول عهدك (فی) کفّك، فاذا ورد علیك مالا تفهمه و لاتعرف القضاء فیه، فانظر الیٰ کفّك واعمل بما فیها۔

قالؑ: ویبعث جندًا الی القسطنطینیة فاذا بلغوا الی الخلیج کتبوا علیٰ اقدامهم شیئًا ومشوا علی الماء (فاذا نظر الیهم الرُّوم یمشون علی الماء) قالوا: هٰؤلاءِ اصحابه یمشون علی الماء فکیف هو؟

فعند ذٰلك یفتحون لهم باب المدینة فیدخلونها فیحکمون فیها بما یریدون۔" (غیبۃ نعمانی)

(ترجمہ:) آپ نے فرمایا: "جب امام قائم علیہ السلام ظہور و قیام فرمائیں گے تو آپ روئے زمین پر جتنے ممالک ہیں ان میں اپنا ایک ایک آدمی روانہ کریں گے اور اس سے فرمائیں گے کہ تمہارے لیے ہدایتیں تمہارے ہاتھ کی ہتھیلی میں ہیں، جب بھی کوئی ایسا معاملہ درپیش ہو کہ جو تمہاری سمجھ میں نہ آئے کہ تم اُس میں کیا فیصلہ کرو، تو تم اپنی ہتھیلی پر نظر کرو اور اس پر جو ہدایت درج ہو پڑھ کر اس پر عمل کرنا۔

لشکر کا سطحِ آب پر چلنا:

نیز فرمایا: کہ امام قائم علیہ السلام ایک فوج قسطنطنیہ روانہ کریں گے جب یہ فوج خلیج تک پہونچے گی تو وہ اپنے (پاؤں کے) تلوں پر کچھ لکھے گی اور پھر وہ فوج سطحِ آب پر چلنے لگے گی۔ جب اہلِ روم یہ منظر دیکھیں گے کہ یہ لوگ سطحِ آب پر چل رہے ہیں تو کہیں گے کہ یہ تو امام قائمؑ کے اصحاب ہیں جو پانی پر چل رہے ہیں تو پھر وہ خود کیسے ہوں گے۔

پس یہ دیکھ کر شہر کا دروازہ کھول دیں گے اور یہ فوجی اس میں داخل ہو کر جو احکام جاری کرنا چاہیں گے کریں گے۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۴۵) اہلِ حق اور باطل پرست میں علیٰحدگی ہو جائیگی

عبدالواحد نے محمد بن جعفر قریشی سے، اُنھوں نے ابنِ ابوخطّاب سے،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے حریز سے، اُنھوں نے ابان بن تغلب سے روایت کی ہے اور ابان بن تغلب کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولُ: لاتذھب الدّنیا حتّی ینادی منادٍ من السماء: "یا اھل الحقِّ اجتمعوا" فیصیرون فی صعید واحد ثمّ ینادی مرّة اُخری "یا اھل الباطل اجتمعوا" فیصیرون فی صعید واحد۔

قلت: فیستطیع ھؤلاء اَن یدخلوا فی ھؤلاء؟

قال ع: لا واللہ و ذٰلک قول اللہ عزّ وجلّ:

"وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ" (آلِ عمران، آیت ۱۷۹)

(غیبتہ نعمانی)

ترجمۂ روایت:

آپ فرمارہے تھے: "دنیا اُس وقت تک ختم نہ ہوگی جبتک کہ ایک منادی آسمان سے یہ ندا نہ دے گا کہ "اے اہلِ حق! تم سب ایک جگہ جمع ہوجاؤ"۔ اور وہ (یہ سنکر) ایک جگہ جمع ہوجائیں گے۔ پھر دوسری مرتبہ ندا ہوگی کہ: "اے اہلِ باطل! تم سب ایک جگہ جمع ہوجاؤ"۔ وہ بھی سب کے سب ایک جگہ جمع ہوجائیں گے۔

میں نے عرض کیا: کیا یہ ممکن ہے کہ یہ لوگ اُن لوگوں میں داخل ہوجائیں؟

آپؑ نے فرمایا: نہیں بخدا، ایسا ممکن نہ ہوگا، اور اس کے لیے قولِ خدا ہے کہ:

ترجمۂ آیت: "وما کان ..... من الطّیّبِ" (آلِ عمران ۱۷۹)

: اور اللہ صاحبانِ ایمان کو اس حالت میں نہیں چھوڑے گا جس میں کہ تم ہو، تاآنکہ وہ پاک لوگوں کو خبیث لوگوں سے الگ نہ کردے"

(۱۴۶) اُس وقت کیلئے بہرصورت تیار رہو تاکہ....؟

ابنِ عقدہ نے احمد بن یوسف سے، اُنھوں نے اسماعیل بن مہران سے، اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے اپنے والد اور وہیب دونوں سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام روایت کی ہے کہ:

قال ع: "لیعدّنّ (نّ) احدکم لخروج القائم ولو سہمًا فانّ اللہ اذا علِم ذٰلک من نیّتہ رجوت لاَن یُنسیٔ فی عمرہ حتّی یدرکہ، ویکون من اعوانہ وانصارہ۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؑ نے فرمایا: "تم لوگوں میں ہر ایک کو چاہیے کہ امام قائم علیہ السلام کے خروج کیلئے اسلحہ فراہم کرکے تیار رہے، خواہ وہ ایک تیر ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ جب اللہ تعالیٰ تمہاری نیت دیکھ لیگا تو ہوسکتا ہے کہ وہ تمہاری عمر میں اتنا اضافہ فرمادے کہ تم اُن کے عہد خروج وظہور کو پالو اور امامِ قائم علیہ السلام کے اعوان وانصار میں شامل ہوجاؤ۔"
(غیبتہ نعمانی)

(۱۴۷) "اسلام غربا سے چلا ہے..."

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے محمدؑ اور احمد (دونوں بھائیوں) ابنَی الحسن سے، ان دونوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ثعلبہ سے اور اُنھوں نے تمام اہلِ کناسہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور اُنھوں نے کامل سے، کامل نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قالؑ: "اِنَّ قائمنا اذا قام دعا النّاس الی امر جدید کما دعا اِلیہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ واِنَّ الاسلام بدا غریبًا و سیعود غریبًا کما بدا فطوبیٰ للغرباء۔" (غیبتہ نعمانی)

آپؑ نے فرمایا: "جب ہمارا قائم ظہور وقیام کرے گا تو لوگوں کو امر جدید کی طرف دعوت دیگا جس طرح رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے امرِ جدید کی دعوت دی تھی۔ اور یہ یاد رہے کہ اسلام غریبوں سے شروع ہوا اور غریبوں ہی میں واپس جائے گا جیسے کہ شروع ہوا تھا اور خوشخبری ہے (کیا کہنا ہے) غربا کیلئے۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۴۸) اور خوشخبری ہے غربا کیلئے

عبدالواحد نے محمدؐ بن جعفر قریشی سے، اُنھوں نے ابنِ ابوخطّاب سے، اُنھوں نے محمد بن سنان سے، اُنھوں نے ابنِ مسکان سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے، اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے:

انّہٗ قالؑ: "الاسلام بدا غریبًا و سیعود غریبًا کما بدا فطوبیٰ للغرباء"

فقلت: اشرح لی ھٰذا اَصلحک اللہ؟

فقالؑ: یستأنف الدّاعی منّا دعاء جدیدًا کما دعاء رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ آپ نے فرمایا: "اسلام غریب سے شروع ہوا اور بالآخر عنقریب غریب ہی کی طرف واپس جائے گا۔ پس خوشخبری ہے غربا کے لیے۔"

میں نے عرض کیا: (فرزندِ رسولؐ!) اللہ آپ کا بھلا کرے، ذرا اس کی وضاحت فرما دیں۔

آپؑ نے فرمایا: ہمارا داعی (اسلام کی طرف بلانے والا) ایک امرِ جدید کی طرف بُلائے گا، جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امرِ جدید کی طرف (جہلائے عرب کو) بُلایا تھا۔ یعنی دعوت دی تھی۔" (غیبتِ نعمانی)

(۱۴۹) اوصافِ امامؑ قائم ناقابلِ بیان ہیں

اور انہی اسناد کے ساتھ ابنِ مسکان نے مالک جہنی سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہم لوگ صاحب الامر علیہ السلام کے ایسے اوصاف بیان کرتے ہیں جو دنیا میں کسی شخص کے اندر نہیں ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: "لا واللہ لا یکون ذلک ابدًا، حتّٰی یکون ھو الّذی یحتجّ علیکم بذلک ویدعوکم الیہ۔" (غیبتِ نعمانی)

"نہیں، بخدا، ایسے اوصاف تم تا ابد بیان نہیں کر سکتے، تاوقتیکہ اُن کے وہ معجزات و اوصاف تمہارے سامنے نہ آجائیں جن سے وہ تم لوگوں پر اپنی حجت قائم کریں گے اور اپنی طرف تم لوگوں کو دعوت دیں گے۔" (غیبتِ نعمانی)

(۱۵۰) حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا قول

عبدالواحد نے احمد بن محمد بن رباح سے، اُنھوں نے محمد بن عباس ابنِ عیسٰی سے، اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے شعیب حدّاد سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے، روایت کی ہے، ابوبصیر کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا قول ہے:

"اِنّ الاسلام بدا غریبًا وسیعود کما بدا فطوبٰی للغربار"

فقالؑ: "بأبا محمد! اذا قام القائم علیہ السلام استأنف دعاء جدیدًا کما دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ۔"۔ قال: فقمت الیہ فقبّلت رأسہ وقلت: اشھد انّک امامی فی الدّنیا والاٰخرۃ اُوالی ولیّک واُعادی عدوّک، وانّک ولیّ اللہ (فقالؑ: رحمک اللہ) (غیبتِ نعمانی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قولِ امیرالمومنینؑ ہے کہ: "اسلام غریب سے شروع ہوا اور غریب ہی کی طرف واپس جائے گا، پس غرباء کے لیے خوشخبری ہے (غرباء کا کیا کہنا) اس کا مطلب سمجھا دیجیے؟
آپؑ نے فرمایا: "اے ابو محمدؑ! سنو! جب امام قائمؑ کا ظہور ہوگا تو وہ دنیا کو امرِ جدید کی طرف دعوت دیں گے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امرِ جدید کی طرف دعوت دی تھی۔"

راوی کا بیان ہے کہ: یہ سنکر میں کھڑا ہو گیا، آپؑ کی پیشانی کو بوسہ دیا اور کہا: "میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؑ دنیا و آخرت دونوں میں میرے امام ہیں، میں آپؑ کے دوستداروں سے دوستی اور آپؑ کے دشمنوں سے دشمنی رکھتا ہوں، آپؑ ولیٔ خدا ہیں۔"
آپؑ نے فرمایا: اللہ تم پر رحم فرمائے۔"

(۱۵۱) عَلَمِ رسول اللہؐ کی خصوصیّت؟

(غیبتِ نعمانی)

محمد بن ہمام نے احمد بن مابنداد سے، اُنھوں نے احمد بن ہلیل سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے ابوالمغرا سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ ابوبصیر نے بیان کیا کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"لمّا التقی امیرالمومنین علیہ السلام واھل البصرۃ نشر الرایۃ رایۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ فتزلزلت اقدامھم فما اصفرّت الشمس حتّی قالوا: اَمتّنا یا ابن ابی طالبؑ فعند ذٰلک۔
قالؑ: لا تقتلوا الاَسراء، ولا تجھّزوا علیٰ جریح، ولا تتّبعوا مولّیاً ومن اَلقی سلاحہ فھو آمن ومن اَغلق بابہ فھو آمن۔
ولمّا کان یوم صفّین، سألوہ نشر الرایۃ فأبی علیھم فتحمّلوا علیہ بالحسنؑ والحسینؑ وعمّارؓ بن یاسر فقال للحسنؑ: یا بُنیَّ اِنَّ للقوم مدّۃ یبلغونھا واِنَّ ھٰذہ رایۃ لا ینشرھا بعدی اِلّا القائمؑ صلوات اللہ علیہ۔"

ترجمہ: "جب امیرالمومنین علیہ السلام کا (جنگ جمل میں) اہلِ بصرہ سے مقابلہ ہوا تو آپؑ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عَلَم مبارک لہرایا۔ یہ دیکھکر حزبِ مخالف کے پاؤں کانپنے لگے اور چِلّا اُٹھے کہ اے ابنِ ابی طالبؑ تم نے تو ہمیں مار ہی ڈالا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اِس کے بعد امیر المومنین علیہ السّلام نے حکم دیا کہ ان کے اسیروں کو قتل نہ کیا جائے، اور زخمیوں کو نہ مارا جائے، بھاگنے والوں کا پیچھا نہ کیا جائے، جو ہتھیار ڈالدے اُس کو امن دیا جائے، اور جو شخص اپنے گھر کا دروازہ بند کر کے بیٹھا رہے اس کے لیے بھی امن و امان ہے۔

مگر جب جنگِ صفین چھڑی تو لوگوں نے عرض کیا کہ آپؑ یہاں بھی حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا علَم مبارک لہرا دیں، اور اس کے لیے امام حسنؑ و امام حسینؑ اور عمّارؓ بن یاسر کے ذریعے سے آپؑ پر زور ڈالا، تو آپؑ نے حضرت امام حسن علیہ السّلام سے فرمایا: اے فرزند! اِس قوم کے لیے ایک مدّت مقرّر ہے، وہ اُس مدّت تک رہیں گے۔ اور یہ علَم مبارک تو میرے بعد سوائے امامِ قائمؑ علیہ السّلام کے اور کوئی نہیں کھولے گا۔" (غیبتِ نعمانی)

(۱۵۲) رسولؐ اللہ کا علَم مبارک امامِ قائمؑ کے ساتھ ہوگا

ابنِ عقدہ نے یحییٰ بن زکریّا بن شیبان سے، اُنھوں نے یونس بن کلیب سے، اُنھوں نے ابنِ بطائنی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے اور ابوبصیر نے بیان کیا کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا:

قالؑ "لا یخرج القائم من مکّة حتّی تکمل الحلقة"

قلت: وکم الحلقة؟

قالؑ: عشرة آلاف: جبرئیلؑ عن یمینه، ومیکائیلؑ عن یساره ثمّ یهزّ الرایة المغلّبة، ویسیر بها، فلا یبقی احد فی المشرق ولا فی المغرب إلّا لعنها۔

ثمّ یجتمعون قزعًا کقزع الخریف من القبائل ما بین الواحد والاثنین والثلاثة والاربعة والخمسه، والستّة، والسبعة، والثمانیة، والتّسعة، والعشرة۔"

آپؑ نے فرمایا: "امام قائمؑ مکّہ سے اس وقت تک خروج نہ کریں گے جبتک کہ آپؑ کا حلقہ پورا نہ ہو جائے۔"

میں نے عرض کیا: آنجنابؑ کے حلقے میں کتنے لوگ ہوں گے؟

آپؑ نے فرمایا: دس ہزار ہوں گے۔ حضرت جبرئیلؑ آپؑ کے داہنے جانب اور میکائیلؑ بائیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جانب ہوں گے اور آپ اس علَمِ مبارک کو کھولیں گے اور اسے لیکر روانہ ہوں گے
تو اُسے دیکھ کر مشرق و مغرب کا کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جو اُنھیں بُرا نہ کہے۔
پھر موسم برسات کے بادلوں کے ٹکڑوں کی طرح مختلف قبائل سے کسی سے ایک، کسی سے
دُو، کسی سے تین، کسی سے چار، کسی سے پانچ، کسی سے چھ، کسی سے سات، کسی سے
آٹھ، کسی سے نو اور کسی سے دس افراد آکر آپ کے پاس جمع ہو جائیں گے۔"
(غیبتِ نعمانی)

(۱۵۳) اصحابِ امامؑ بادلوں پر سوار ہو کر مکّہ وارد ہونگے

ابنِ عقدہ نے علی بن حسن تیملی سے، اُنھوں نے علیؑ کے فرزندوں حسن اور محمّد سے
اُنھوں نے سعدان بن مسلم سے، اُنھوں نے ایک شخص سے، اُس نے مفضّل بن عمر سے روایت کی ہے
مفضّل بن عمر نے بیان کیا کہ:

قال: ابوعبداللہ علیہ السّلام: إذا أذِن الإمام دعا اللہ باسمہ العبرانی
فأتیت لہ صحابتہ الثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر قزعاً کقزع
الخریف وھم اصحاب الألویۃ، منھم من یفقد عن فراشہ
لیلاً فیصبح بمکّۃ، ومنھم من یُری یسیر فی السحاب
نھاراً یعرف باسمہ واسم ابیہ وحلیتہ ونسبہ۔
قلت: جعلت فداک أیّھم اعظم ایماناً؟
قال: الّذی یسیر فی السحاب نھاراً وھم المفقودون وفیھم
نزلت ھٰذہ الآیۃ:
(الآیۃ) "أَیْنَمَا تَکُونُوا یَأْتِ بِکُمُ اللہُ جَمِیعًا" (سورۃ البقرۃ ۱۴۸)
(غیبتِ نعمانی)

ترجمۂ روایت: حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا:
"جب حضرت امام قائم علیہ السّلام کو اذنِ ظہور ہوگا تو آپؑ عبرانی زبان میں اللہ
کے اسم کے ساتھ دُعا کریں گے تو موسم برسات کے بادلوں کے ٹکڑوں کی طرح
تین سو تیرہ افراد مختلف مقامات سے آپہونچیں گے اور یہ سب آپ کے علمبردارانِ
لشکر ہوں گے۔ ان میں سے کچھ راتوں رات اپنے بستروں سے غائب ہو جائینگے
اور صبح ہوتے ہوتے مکّہ پہونچ جائیں گے، کچھ ایسے ہوں گے جو دن کے وقت بادلوں
میں جاتے ہوئے نظر آئیں گے جنکے نام مع ولدیت اور اُن کا حلیہ اور نسب سب کا علم ہے

(۱؎ علی بن یوسف کے فرزندوں حسن اور محمّد سے)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا: اُن میں از روئے ایمان کون بلند ہے ؟

آپؑ نے فرمایا: وہ لوگ، جو دن کے وقت بادلوں میں چلتے ہوئے نظر آئیں گے اور یہی وہ لوگ ہوں گے جنھیں مفقودون (غائب ہوجانے والے)۔ اور قرآن مجید میں اِن ہی کے لیے ارشاد فرمایا ہے:

"اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰہُ جَمِیْعًا" (سورہ بقرہ ۱۴۸)

ترجمہ: جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم سب کو ایک جگہ جمع کردیگا۔

•

★ تفسیرِ عیاشی میں بھی مفضّل سے اسی کے مثل روایت منقول ہے۔

(۱۵۴) مفقودون کون ہیں ؟

عبدالواحد نے محمّد بن جعفر قریشی سے، اُنھوں نے ابنِ ابوخطاب سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے ضریس سے، اُنھوں نے ابوخالد کابلی سے، اُنھوں نے حضرت امام علی ابنِ امام حسینؑ اور حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر (علیہم السّلام) سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: الفقداء قوم یفقدون من فرشہم فیصبحون بمکّۃ وھو قول اللہ عزّ وجلّ:۔

(آیۃ): "اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰہُ جَمِیْعًا" (بقرہ ۱۴۸)

وھم اصحاب القائم علیہ السّلام۔" (غیبۃ نعمانی)

ترجمہ روایت: آپ نے فرمایا: "مفقودون" وہ گروہ ہے جو شب کے وقت اپنے اپنے بستروں سے گم ہوجائیں گے اور صبح کے وقت مکّہ پہونچ جائیں گے۔ چنانچہ اللہ عزّ وجلّ ان ہی لوگوں کے لیے ارشاد فرماتا ہے:

(آیۃ) "اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰہُ جَمِیْعًا۔" (بقرہ ۱۴۸)

(ترجمہ) "جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم کو ایک جگہ جمع کردے گا۔"

اور یہی اصحابِ قائم علیہ السّلام ہیں۔

(۱۵۵) اصحابِ امامِ قائمؑ کے اوصاف

احمد بن ہوذہ نے نہاوندی سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے ابانِ بکیر سے اُنھوں نے ابان بن تغلب سے روایت کی ہے اور ابان بن تغلب کا بیان ہے کہ میں ایک مرتبہ مسجدِ مکّہ میں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرت امام جعفر بن امام محمدؑ علیہ السلام کے ساتھ تھا اور آپ میرا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے اور فرمایا تھا

قالؑ: "یا ابان! سیأتی اللہ بثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر رجلاً فی مسجدکم هذا یعلم اهل مکۃ انہ لم یخلق آباؤهم ولا اجدادهم بعد علیهم السیوف مکتوب علی کلِّ سیف اسم الرَّجل واسم ابیہ وحلیتہ ونسبہ ثمّ یأمر منادیاً فینادی:

"هذا المهدیؑ یقضی بقضاء داؤدؑ وسلیمانؑ لا یسأل علی ذلک بیّنۃ" (غیبۃ نعمانی)

(ترجمہ:)

آپ نے فرمایا: "اے ابان! تمھاری اس مسجد میں اللہ تعالیٰ تین سو تیرہ آدمی ایسے لائے گا جن کے متعلق اہلِ مکہ یہ سمجھتے ہوں گے کہ اُن لوگوں کے آباء و اجداد پیدا ہی نہیں ہوئے، اُن کے کاندھوں پر تلواریں ہوں گی اور ہر تلوار پر، تلوار والے کا نام مع اُس کی ولدیت، اُس کا حلیہ اور اُس کا نسب کندہ ہوگا۔ پھر منادی کو حکم ہوگا اور وہ اعلان کرے گا کہ:

"یہی مہدیؑ ہیں، آپ مقدمات و معاملات کا فیصلہ حضرت داؤدؑ اور حضرت سلیمانؑ کی طرح فرمائیں گے اور اِس کے لیے آپؑ کسی شخص سے کوئی ثبوت و دلیل طلب نہیں کریں گے۔" (غیبۃ نعمانی)

(۱۵۶) آیۂ "اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ" کی تفسیر

علی بن احمد نے عبیداللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے ہارون بن مسلم سے، اُنھوں نے مسعدہ بن صدقہ سے، اُنھوں نے عبدالحمید طویل (طائی) سے روایت کی ہے اور عبدالحمید طویل نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے قرآن مجید کی اِس آیۂ مبارکہ:

"اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ" (سورۃ النمل ۲۷ آیت ۶۲)

کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپؑ نے ارشاد فرمایا:

قالؑ: "اُنزلت فی القائم علیہ السلام وجبرئیلؑ علی المیزاب فی صورۃ طیر ابیض، فیکون اوّل خلق یبایعہ ویبایعہ النّاس ثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر، فمن کان ابتلی بالمسیر وافی تلک الساعۃ ومن (لم یبتل بالمسیر) فقد عن فراشہ وهو قول امیرالمومنین علیہ السلام: "المفقودون عن فرشهم"۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وھو قول اللہ عزّ وجلّ :

(آیۃ) " فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ۚ اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا "

قالؑ : " الخیرات " الولایۃ (لنا اھل البیت) " (بقرہ ۱۴۸)

(غیبۃ نعانی)

(ترجمۂ روایت)

آپؑ نے فرمایا : " یہ آیت حضرت امام قائم علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ حضرت جبرئیلؑ ایک طائرِ سفید کی شکل میں میزابِ خانۂ کعبہ پر بیٹھے ہوں گے اور تمام مخلوقات میں سب سے پہلے وہی امامِ قائم علیہ السلام کی بیعت کریں گے۔ ان کے بعد تین سو تیرہ اشخاص آپ کی بیعت کریں گے۔ اُن میں سے جو چل کر آسکتا ہوگا وہ اُسی وقت وہاں جا پہونچے گا اور جو چل کر نہیں پہونچ سکے گا، وہ اپنے بستر سے ہی غائب کر لیا جائے گا۔ انھیں کے بارے میں امیرالمومنینؑ نے ارشاد فرمایا ہے :

" المفقودون عن فرشھم " (اپنے بستروں سے غائب ہونے والے)

اور ان ہی کے متعلق اللہ بزرگ و عزّت والے کا ارشادِ گرامی قدر ہے :

" فاستبقوا الخیرات . . . . . جَمِيْعًا " (بقرہ ۱۴۸)

ترجمۂ آیت : " پس تم نیکیوں (خیرات) میں سبقت کرو، جہاں کہیں بھی تم ہوگے اللہ تم سب کو جمع کر کے لے آئے گا۔ " (ترجمہ سورۂ بقرہ ۱۴۸)

آپؑ نے فرمایا : " الخیرات " سے مراد " الولایۃ " یعنی ہم اہلِ بیت کی ولایت و دوستی ہے۔ "

(غیبۃ نعانی)

(۱۵۷) تین سو تیرہ اولادِ عجم ہونگے

احمد بن ہوذہ نے نہاوندی سے، انھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، انھوں نے ابوجارود سے روایت کی ہے اور ابوجارود کہتے ہیں کہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا

قالؑ : " اصحاب القائم ثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر رجلاً اولاد العجم بعضھم یحمل فی السحاب نھاراً یعرف باسمہ واسم ابیہ و نسبہ وحلیتہ و بعضھم نائم علی فراشہ فیری فی مکّۃ علی غیر میعاد "

(غیبۃ نعانی)

آپؑ نے فرمایا : " تین سو تیرہ اصحابِ امام قائم علیہ السلام اولادِ عجم ہوں گے جن میں سے بعض دن کے وقت بادلوں پر سوار ہو کر آئیں گے جن کے نام، اُن کے آباء کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نام، اُن کے نسب اور اُن کے حلیے سب معلوم ہیں اور بعض اپنے بستروں پر سوئے ہوئے ہونگے مگر صبح کو وہ مکّہ میں نظر آئیں گے۔" (غیبتہ نعمانی)

(۱۵۸) ثنیہ ذی طُویٰ میں نزولِ اجلال

علی بن حسین نے محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن حسن رازی سے، اُنھوں نے محمّد بن علی کوفی سے، اُنھوں نے علی بن حکم سے، اُنھوں نے بطائنی سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے اور ابوبصیر نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ:

"اَنَّ القائمَ یھبط من ثنیّۃ ذی طُوی فی عدّۃِ اھلِ بدر ثلاثمائۃ وثلاثۃ عشر رجلاً حتّی یسند ظھرہ الی الحجر و یھزُّ الرایۃ الغالبۃ۔

قال علی بن ابی حمزۃ: فذکرت ذٰلک لاَبی الحسن موسیٰ بن جعفرؑ علیھما السّلام۔

فقالؑ: "کتاب منشور" (غیبتہ نعمانی)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: "بلاشبہ و بہ تحقیق امام قائم علیہ السّلام اہلِ بدر کی تعداد کے برابر یعنی تین سو تیرہ آدمیوں کو لیکر ثنیہ ذی طُوی میں نزولِ اجلال فرمائیں گے۔ پھر حجرِ اسود سے اپنی پُشت کو تکیہ لگا کر کھڑے ہونگے اور آپ غالب ہونے والا عَلَم مبارک لہرائیں گے۔"

علی بن حمزہ کا بیان ہے کہ میں نے اس حدیث کا ذکر حضرت ابوالحسن امام موسیٰ بن امام جعفر علیہما السّلام سے کیا تو:

آپؑ نے فرمایا: "کتاب منشور" یعنی کتاب منشور، اسی عَلَم کا پھریرا۔ (ہوگا) (غیبتہ نعمانی)

(۱۵۹) شیعہ نوجوانوں کا اجتماع

احمد بن ہوذہ نے نہاوندی سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے بطائنی سے اور بطائنی نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر بن امام محمّدؑ علیہ السّلام سے روایت کی ہے

قالؑ: "بینا شباب الشیعۃ علیٰ ظھور سطوحھم نیام اذا توافوا الیٰ صاحبھم فی لیلۃ واحدۃ علیٰ غیر میعاد فیصبحون بمکّۃ۔" (غیبتہ نعمانی)

آپ نے فرمایا: "شیعہ نوجوان اپنے گھر کی چھتوں پر محوِ خواب ہونگے کہ اچانک ایک ہی شب میں اپنے صاحب الامرؑ کے پاس مکّہ میں صبح کریں گے۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۶۰) آیۂ "فَسَوْفَ..... کَافِرِیْنَ" کی تفسیر

ابنِ عقدہ نے علی بن فضّال سے، اُنھوں نے محمّد بن حمزہ اور محمّد بن سعید سے، اُنھوں نے عثمان بن حمّاد سے، اُنھوں نے سلیمان بن ہارون عجلی (بجلی) سے روایت کی ہے اور اُن کا بیان ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا:

"اِنَّ صاحب ھٰذا الامر محفوظ له، لو ذهب النّاس جميعًا اَتى الله له باصحابه وهم الذين قال لهم الله عزّ وجلّ:

(الآیۃ) "فَاِنْ یَّکْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَکَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّیْسُوْا بِهَا بِکٰفِرِیْنَ" (سورہ الانعام: ۸۹)

وهم الذين قال الله فيهم:

(الآیۃ) "فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰهُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّهُمْ وَیُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْکٰفِرِیْنَ" (سورۃ المائدہ: ۵۴)

(غیبۃ نعمانی)

(ترجمۂ روایت:) "بلاشبہ صاحب الامر علیہ السّلام اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہیں، اگر سارے لوگ ختم بھی ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ ان کو مع اُن کے اصحاب کے لائے گا، اور ان ہی لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

"فَاِنْ یَّکْفُرْ ..... بِکٰفِرِیْنَ" (انعام ۶: ۸۹)

ترجمۂ آیت: (پس اگر یہ لوگ اس کی ناشکری کریں گے تو ہم یہ نعمت ایسے لوگوں کے سپرد کر دیں گے جو اُس کی ناشکر گذاری کرنے والے نہ ہوں گے)

اور ان ہی لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

(ترجمۂ آیت) (پس عنقریب اللہ (تمھاری جگہ) ایسے لوگوں کو لے آئے گا جن سے وہ محبت کرتا ہے، اور جو اُس سے محبت کرتے ہیں، وہ مومنوں کے ساتھ منکسر مزاج ہوں گے، اور کافروں کے لیے تند مزاج ہوں گے۔) (مائدہ ۵: ۵۴)

(۱۶۱) شیعہ شیر کے مانند بہادر ہوں گے

جابر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قال: "اِنَّ اللّٰه عزّ وجلّ یلقی فی قلوب شیعتنا الرُّعب فاذا قام

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قائمنا وظهر مهدیّنا کان الرّجل اجری من لیث و
امضیٰ من سنان ۔" (کشف الغمّہ)

ترجمہ: فرمایا (اللہ تعالیٰ ہمارے شیعوں کے دلوں میں رُعب ڈالدے گا۔ اور جب ہمارا قائم اُٹھ کھڑا ہوگا اور ہمارا مہدی ظہور کرے گا تو (ان کے شیعوں کا) ہر مرد شیر سے زیادہ بہادر اور نیزے سے زیادہ تیز ہوجائے گا۔)

(کشف الغمّہ)

(۱۶۲) حکمِ خدا کا صحیح نفاذ ہوگا

بہت سے لوگوں نے سہل سے، اُنھوں نے ابن شمّون سے، اُنھوں نے اصم سے اُنھوں نے مالک بن عطیّہ سے، اُنھوں نے ابنِ تغلب سے روایت کی ہے، ابنِ تغلب کا بیان ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا:

"دمان فی الاسلام حلال من اللہ لا یقضی فیہا احد حتّی یبعث اللہ قائمنا اھل البیت، فاذا بعث اللہ عزّ وجلّ قائمنا اھل البیت حکم فیہما بحکم اللہ لا یرید علیہما بیّنۃ: الزّانی المحصن یرجمہ ومانع الزکاۃ یضرب عنقہ۔"

(کافی)

ترجمہ: (دو خون اسلام میں اللہ کی طرف سے حلال ہیں، مگر آجتک کسی نے اس کو نافذ نہیں کیا۔ اب جب ہمارا قائم اہلِ بیت آئے گا تو اس حکم خدا کو نافذ کرے گا اور اس کے لیے کوئی ثبوت و گواہ طلب نہیں کرے گا۔ ایک وہ مرد جسکی زوجہ ہو اور وہ زنا کرے اس کو رجم کا حکم دیں گے، دوسرے زکوٰۃ دینے سے انکار کرنے والے کی گردن مارنے کا حکم نافذ کریں گے۔")

(کافی)

(۱۶۳) ایک عجیب واقعہ

محمّد بن ابوعبداللہ اور محمّد بن حسن نے سہل بن زیاد اور محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے احمد بن محمّد سب نے حسن بن عبّاس بن حریش سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر الثانی (امام تقی علیہ السّلام) سے روایت کی ہے آپ نے فرمایا کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے بیان فرمایا ایک مرتبہ میرے پدر بزرگوار خانۂ کعبہ کا طواف کر رہے تھے کہ ایک شخص سر پر چادر ڈالے ہوئے آپ کا انتظار کرنے لگا، آپ نے اُس کے لیے طواف ترک کر دیا۔ وہ اُنھیں ایک مکان میں جو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کوہِ صفا کے پہلو میں تھا لے گیا، پھر اُس شخص نے ہمارے پاس آدمی بھیجا؛ ہم تین آدمی تھے۔ جب میں پہونچا تو اُس نے کہا: فرزندِ رسولؐ! مرحبا۔
اس کے بعد اُس نے میرے سر پر ہاتھ رکھا اور کہا: اے اپنے آباءِ کرام کے بعد امینِ خدا! بارک اللہ۔
اے ابو جعفرؑ! اگر آپ چاہیں تو مجھ سے بیان کریں یا پھر آپ چاہیں تو میں آپ سے بیان کروں۔ اور اگر آپ چاہیں تو مجھ سے دریافت کریں، اور اگر آپ چاہیں تو میں آپ سے دریافت کروں۔ اور اگر آپ چاہیں تو میری تصدیق کریں اور یا پھر آپ چاہیں تو میں آپ کی تصدیق کروں۔
پھر اُس شخص نے کہا: میں یہ سب کچھ چاہتا ہوں۔
اس کے بعد گفتگو ہوتی رہی یہاں تک کہ اُس شخص نے کہا:

"فوددت انّ عینیکَ تکون مع مہدیّ ھٰذہ الاُمّۃ و الملائکۃ بسیوف آل داؤد بین السماء والارض تعذّب ارواح الکفرۃ من الاموات و یلحق بہم ارواح اَشباھھم من الاحیاء ثمّ اخرج
ثمّ اخرج سیفاً۔ ثمّ قال: ھا انّ ھٰذا منہا۔
قال: فقال ابی: ای والّذی اصطفیٰ محمّداً علی البشر۔
قال: فردّ الرّجل اعتجارہ وقال: اَنا الیاسؑ ما سألتک عن امرک ولی بہ جہالۃ، غیر انّی اَحببت اَن یکون ھٰذا الحدیث قوّۃ لاصحابک وساق الحدیث بطولہ الیٰ اَن قال: ثمّ قام الرّجل و ذھب فلم اَرہ۔"

ترجمہ: "پس میری تمنّا ہے کہ آپ کی دونوں آنکھیں اِس اُمّت کے مہدیؑ کے ساتھ رہیں اور ملائکہ آلِ داؤدؑ کی تلواریں لیے ہوئے زمین و آسمان کے درمیان موجود ہوں اور کفّار کی ارواح پر عذاب کرتے رہیں اور زندوں کی روحوں کو ان سے ملحق کرتے رہیں۔
پھر اُنھوں نے ایک تلوار نکالی اور کہا یہ بھی اُن ہی تلواروں میں سے ایک ہے۔
میرے پدرِ بزرگوار نے فرمایا: ہاں، اُس ذات کی قسم جس نے محمدؐ کو تمام انسانوں میں منتخب فرمایا یہ سنکر اُس شخص نے چادر اپنے سر سے ہٹائی اور کہا کہ میں الیاسؑ (پیغمبرِ خدا) ہوں۔ میں نے آپ کے متعلق جو کچھ پوچھا، وہ اس لیے نہیں کہ میں اس سے ناواقف تھا، بلکہ اِس لیے کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ حدیث آپ کے اصحاب کے لیے قوی ہو جائے۔
اس کے بعد بھی سلسلۂ گفتگو جاری رہا۔ پھر وہ شخص (الیاسؑ) اُٹھا اور چلا گیا اور کسی کو نظر نہ آیا۔" (کافی)

(۱۶۴) حکومتِ امامِ قائم میں شیعوں کا اقتدار

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ

" یکون شیعتنا فی دولۃ القائمؑ علیہ السلام سنام الارض وحکامہا یعطی کلُّ رجل منہم قوّۃ اربعین رجلًا۔"

" حضرت امام قائم علیہ السلام کے دورِ حکومت میں ہمارے شیعہ روئے زمین پر بلند مقام کے مالک اور حکّام ہوں گے۔ اُن میں سے ہر ایک شخص کو چالیس افراد کی قوّت عطا کی جائے گی۔"

حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

" اُلقی الرُّعب فی قلوب شیعتنا من عَدُوِّنا، فاذا وقع اَمرنا وخرج مہدیّنا کان احدھم اَجری من اللّیث وامضیٰ من السنان، یطأ عَدُوّنا بقدمیہ ویقتلہ بکفّیہ۔"

ترجمہ: " اِس وقت تو ہمارے شیعوں کے دلوں میں ہمارے دشمنوں کا خوف ڈالدیا گیا ہے۔ مگر جب ہماری حکومت آئے گی اور ہمارا مہدیؑ ظہور کرے گا تو ہمارے شیعوں میں سے ہر ایک شیر سے زیادہ جری اور بہادر اور نیزے سے زیادہ تیز ہوگا۔ ہمارے دشمنوں کو اپنے پیروں تلے کچل ڈالے گا اور اپنے ہاتھوں سے اس کا گلا کاٹ ڈالے گا۔ (یا۔ دبا دے گا)

○ یہ دَورِ خاموشی کا ہے

اِنہی اسناد کے ساتھ ربعی نے برید عجلی سے روایت کی ہے، اُنھوں نے کہا کہ ایک مرتبہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا گیا کہ کوفہ میں ہمارے اصحاب کی بڑی تعداد ہے۔ اگر آپ انھیں حکم دیں تو وہ آپ کی اطاعت کریں گے اور آپ کے حکم پر چلیں گے۔

فقالؑ: یجیٔ احدھم الیٰ کیس اخیہ فیأخذ منہ حاجتہ؟ فقال: لا

قالؑ: فہم بدمائہم ابخل

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثم قال: اِنَّ النّاس فی ھدنة، نناکحھم ونوارثھم ونقیھم علیھم الحدود ونؤدّی امانا تھم حتّی اذا قام القائم جاءت المزاملة ویأتی الرّجل الی کیس اخیہ فیأخذ حاجتہ لا یمنعہ۔"

(کتاب الاختصاص)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: یہ بتاؤ، کیا یہ بات ممکن ہے کہ ایک برادرِ مومن کسی دوسرے اپنے برادرِ مومن کے تھیلے سے اپنی ضرورت کے مطابق رقم نکال لے اور وہ اُسے منع نہ کرے؟

اُس نے کہا: نہیں، (یہ دور ایسا نہیں ہے)

آپ نے فرمایا: (جب مال میں اتنا بخل ہے) تو کسی کے لیے خون دینے میں تو اِس سے زیادہ بخل اور کنجوسی ہوگی۔

پھر فرمایا: سنو! یہ خاموشی اور جنگ بندی کا دَور ہے اس میں ہم ان لوگوں سے شادی بیاہ کریں گے، ایکدوسرے کے وارث بھی بنیں گے، اُن پر حدود قائم کریں گے اور اُنکی امانتیں بھی واپس کریں گے، مگر جب امام قائمؑ کا ظہور ہوگا تو اصل دوستی اور مرافقت کا وہ دَور ہوگا کہ اُس وقت ایک شخص اگر اپنے کسی بھائی کے تھیلے سے اپنی ضرورت بھر رقم نکال کر لیجائے گا تو وہ اُسے منع نہیں کرے گا۔"

(کتاب الاختصاص)

(۱۶۵) "امیرالمومنین" صرف حضرت علیؑ کے لیے مخصوص لقب ہے

جعفر بن محمّد فزاری نے عمران بن داہر سے روایت بیان کی ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا کہ: کیا ہم لوگ امام قائم علیہ السّلام کو امیرالمومنین کہکر سلام کر سکتے ہیں؟

قالؑ "لا۔ ذالك اسم سمّاہ اللہ امیرالمؤمنینؑ لا یسمّی بہ احد قبلہ ولا بعدہ اِلّا کافر۔"

قال: فکیف نسلّم علیہ؟

قالؑ: تقول: اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا بَقِیَّةَ اللہ۔

ثم قرأ جعفر علیہ السّلام: "بَقِیَّتُ اللہِ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ"

(سورۂ ھود آیت ۸۶) (کافی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپ نے فرمایا: نہیں، یہ نام اللہ تعالیٰ نے خاص امیرالمومنین (حضرت علی علیہ السلام) کیلئے مخصوص فرمادیا ہے۔ آپؑ سے قبل یا آپؑ کے بعد جس نے بھی یہ لقب اختیار کیا، وہ کافر ہوگا۔

اُس نے عرض کیا: پھر ہم اُن کو کیا کہکر سلام کریں گے؟

آپؑ نے فرمایا: تم لوگوں کو چاہیے کہ اس طرح سلام کرو۔ "اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَقِيَّتَ اللّٰه"

اس کے بعد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اِس آیت کی تلاوت فرمائی:

"بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ" (ھود ۱۱ آیت ۸۶)

(اللہ کا بقیہ (نشانی) تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم مومن ہو)

(۱۶۶) اللہ تعالیٰ کا وعدہ پورا ہوگیا

حسین بن علی بن بزیع معنعناً نے زید بن علی سے روایت ہے اُنھوں نے بیان کیا

"اذا قام القائم من آل محمدؐ: یقول: ایھا الناس نحن الذین وعدکم اللہ تعالیٰ فی کتابہ:

(الآیۃ) "اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ" (سورۃ الحج ۲۲ آیت ۴۱)

ترجمۂ روایت "جب قائمِ آلِ محمدؐ ظہور فرمائیں گے تو وہ فرمائیں گے: اے لوگو! ہم وہ ہیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں سے اپنی کتاب قرآن مجید میں وعدہ کیا ہے:

ترجمۂ آیت: کہ: "یہ وہ لوگ ہوں گے کہ جن کو اگر ہم زمین میں اقتدار عطا کریں گے تو وہ نماز قائم کریں گے، زکوٰۃ ادا کریں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور بُرائی سے روکیں گے اور تمام کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔

(۱۶۷) ناصبی، امام قائمؑ کے دورِ حکومت میں؟

قاسم بن عبید معنعناً نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے سورۃ ۲۵ فرقان کی مندرجہ ذیل (آیت ۶۳ تا آیت ۷۶) تیرہ آیتوں کے متعلق دریافت کیا:

(آیت ۶۳) "اَلَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا" ۶۳

ترجمہ: (یہ وہی ہیں جو زمین پر بڑی انکساری سے چلتے ہیں اور جب جاہل لوگ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُن سے مخاطب ہوتے ہیں تو وہ سلامتی کی بات کہتے ہیں (غصّے سے کوئی بات نہیں کرتے)

آیت (۶۴) : " وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ۔ " ۶۴

ترجمہ : (اور وہ ہیں جو اپنے رب کیلئے سجدے اور قیام میں ہی راتیں بسر کرتے ہیں ۔)

(آیت ۶۵) " وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖ (۶۵)

ترجمہ : (اور وہ جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ! ہم سے عذابِ دوزخ کو پھیر دے (یعنی دور ہی رکھ عذابِ دوزخ کو) بلاشبہ اس کا عذاب چمٹ جانے والا ہے ۔)

(آیت ۶۶) " اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۔ ۶۶ "

ترجمہ : (بیشک وہ (جہنّم) نہایت بُرا ٹھکانہ اور (بُری) قیامگاہ و مقام ہے

(آیت ۶۷) " وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ۔ ۶۷ "

ترجمہ : (اور وہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ تو اسراف کرتے ہیں اور نہ ہی بُخل (سے کام لیتے ہیں) اور اُن کی روش اور طریقہ تو متوسّط و میانہ ہے)

(آیت ۶۸) " وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۔ ۶۸ "

ترجمہ : (اور جو خدا کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے، اور کسی ایسے نفس کو قتل نہیں کرتے جسے اللہ نے (قتل کرنا) حرام قرار دیا ہو، مگر حق کے ساتھ، اور نہ وہ کبھی زنا کرتے ہیں، اور جو ایسا فعل کرے گا وہ گناہ کی سزا پائے گا ۔"

(آیت ۶۹) " يُضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ۔ ۶۹ "

ترجمہ : (قیامت کے دن اُس پر عذاب دُوگنا کر دیا جائے گا، اور وہ اُس (جہنّم) میں ہمیشہ ذلیل و خوار ہو کر رہے گا ۔")

(آیت ۷۰) " اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۔ "

ترجمہ : (سوائے اُن کے جنھوں نے توبہ کر لی اور ایمان لے آئے اور اعمالِ صالح بجا لائے، پس وہی ہیں جن کی بُرائیوں کو اللہ نیکیوں میں بدل دے گا اور اللہ تو بخشنے والا رحیم ہے ۔)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(آیت ۷۱) "وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ يَتُوبُ إِلَى اللَّهِ مَتَابًا ۷۱" "

ترجمہ: (اور جس نے توبہ کی، اور اعمالِ صالح بجالایا، پس وہ پلٹے گا اللہ کی طرف (اس طرح) جیسا کہ رُجوع کرنے (پلٹنے) کا حق ہے۔)

(آیت ۷۲) "وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ ۙ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا ۷۲"

ترجمہ: (اور وہ جو کبھی جھوٹ نہیں ہوتے گانے (کی محافل واجتماعات) میں اور جب لغویات (گناہ کی چیزوں) کے پاس سے گذرتے ہیں تو شریفانہ اور بزرگانہ انداز میں گذر جاتے ہیں۔)

(آیت ۷۳) "وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا ۷۳" "

ترجمہ: (اور وہ کہ جب اُنھیں وعظ ونصیحت کی جائے اُن کے پروردگار آیتوں کے ذریعے سے، تو وہ اُن کے خلاف نہیں ہو پڑتے اندھے اور بہرے ہو کر۔)

(آیت ۷۴) "وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ۷۴" "

ترجمہ: (اور وہ جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہمارے لیے ہماری ازواج اور ہماری ذرّیتوں میں سے ہمیں عطا فرما آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں متّقیوں کا امام بنادے۔"

(آیت ۷۵) "أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَامًا ۷۵" "

ترجمہ: (ایسے ہی لوگوں کو جزا دی جائے گی بلند درجہ کی، بوجہ اُس صبر کے جو اُنھوں کیا، اور اُن لوگوں میں ہدیۂ تہنیت اور سلام بھیجا جائے گا۔)

(آیت ۷۶) "خَالِدِينَ فِيهَا ۚ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ۷۶"

ترجمہ: (وہ اُس (جنّت) میں ہمیشہ رہیں گے، جو عمدہ جائے رہائش اور قیام گاہ ہے۔" [1]

آپؑ نے ارشاد فرمایا کہ: "الذین یمشون علی الارض ھونًا" سے مراد اوصیا ہیں جو زمین پر نرم رفتار رکھیں گے، مگر جب امام قائمؑ کا ظہور ہوگا تو تمام ناصبی، (دشمنانِ اہلِ بیتؑ) آپؑ کے سامنے پیش کیے جائیں گے:

[1] سورۂ فرقان کی مذکورہ بالا آیت کی تفسیر "انوار النجف" جلد ۱ میں ملاحظہ فرمائیں گے تو انشاء اللہ ایمان میں اضافہ، بالیدگی اور مزید نورانیت حاصل ہوگی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال ؑ: "فان اقرّ بالاسلام وهی الولایة والّا ضربت عنقه او اقرّ بالجزیة فادّاها کما یؤدّی اهل الذمّة"

آپؑ نے فرمایا: (پس اگر اُنھوں نے اسلام یعنی ولایت کا اقرار کرلیا تو ٹھیک، ورنہ اُنکی گردن ماردی جائے گی، یا پھر یہ کہ وہ جزیہ دینے کا اقرار کریں، اور ذمّی کفّار کی طرح وہ بھی جزیہ ادا کریں۔) (کافی)

(۱۶۸) بنی شیبہ کی سزا

کچھ راویوں نے احمد بن محمدؐ سے، اُنھوں نے علی بن حسن تیمی سے، اُنھوں نے اپنے دو بھائیوں محمدؐ اور احمد سے، اُنھوں نے علی بن یعقوب ہاشمی سے، اُنھوں نے مروان بن مسلم سے اُنھوں نے سعید ابن عمر جعفی سے، اُنھوں نے اہلِ مصر کے ایک شخص سے، اور اُس شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ:

قال ؑ: "اَمَا اِنَّ قائمنا علیہ السّلام لو قد قام لاَخذ بنی شیبة وقطع ایدیهم وطاف بهم۔ وقال: هٰؤلاءِ سرّاق الله" (کافی)

آپؑ نے فرمایا: جب ہمارا قائم علیہ السّلام ظہور کرے گا تو بنی شیبہ کو گرفتار کرائے گا اور اُن لوگوں کے ہاتھ کاٹے گا، اُنھیں بازاروں میں پھرائے جانے حکم دے گا اور یہ مشتہر کرائے گا کہ دیکھو! یہ سب کے سب اللہ کے چور ہیں۔" (کافی)

(۱۶۹) امام قائمؑ کا پہلا عدل؟

محمد بن یحیی وغیرہ سے، اُنھوں نے احمد بن ہلال سے، اُنھوں نے احمد بن محمدؐ سے اُنھوں نے ایک شخص سے، اور اُس شخص نے امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ؑ: "اوّل ما یظهر القائم من العدل اَنْ ینادی منادیه اَنْ یسلّم صاحب النافلة لصاحب الفریضة الحجر الاسود والطواف"

آپؑ نے فرمایا: "امام قائم علیہ السّلام سب سے پہلے عدل کا اظہار اسطرح فرمائیں گے کہ اُن کا منادی یہ اعلان کرے گا کہ صاحبِ نافلہ لوگ صاحبِ فریضہ لوگوں کو حجرِ اسود اور طواف حوالے کریں۔"

(کافی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۷۰) چھت دار مسجدیں

علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ عمیر سے، اُنھوں نے حمّاد سے، اُنھوں نے حلبی سے روایت کی ہے اور حلبی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے دریافت کیا گیا کہ: کیا مُسَقّف (چھت دار) مساجد میں نماز پڑھنا مکروہ ہے؟

فقالؑ: نعم، ولکن لایضرّکم الیوم، ولوقد کان لعدل لرأیتم کیف یصنع فی ذالک۔" (کافی)

آپؑ نے فرمایا: ہاں، مگر آجکل تم لوگوں کے لیے کوئی ہرج نہیں، البتہ جب عدل کا دور آئے گا تو دیکھنا کہ وہ کیا کرتے ہیں۔ (کافی)

(۱۷۱) تصویر دار مسجدیں

حسن بن علی علوی نے سہل بن جمہور سے، اُنھوں نے عبدالعظیم ابن عبداللہ علوی سے اُنھوں نے حسن بن حسین عرنی سے، اُنھوں نے عمرو بن جمیع سے روایت کی ہے، اُنھوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے دریافت کیا کہ تصویر لگی ہوئی مساجد میں نماز کا کیا حکم ہے؟

فقالؑ: اکرہ ذلک، ولکن لایضرّکم الیوم، ولو قد قام العدل لرأیتم کیف یصنع فی ذالک" (کافی)

آپؑ نے فرمایا: "میں اس کو مکروہ سمجھتا ہوں، مگر آجکل تم لوگوں کے لیے کوئی حرج نہیں، البتہ، جب عدل قائم ہوگا تب تم دیکھنا کہ وہ اِس سلسلے میں کیا کرینگے۔" (کافی)

(۱۷۲) مسجدِ کوفہ کے وسط میں چار چشمے

احمد بن محمّد نے یعقوب بن عبداللہ سے، اُنھوں نے اسماعیل بن زید کاہلی کے غلام سے اُس نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ کا ارشاد ہے کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام نے مسجدِ کوفہ کے متعلق ارشاد فرمایا کہ:

قالؑ فی وصف مسجد الکوفۃ:

فی وسطہ عین من دھن وعین من لبن، وعین من ماء، شراب للمؤمنین وعین من ماء طھور للمؤمنین۔" (تہذیب)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امیرالمومنینؑ نے فرمایا: کہ: اس (مسجدِ کوفہ) کے وسط میں ایک چشمہ تیل کا، ایک چشمہ دودھ کا، اور ایک چشمہ پانی کا مومنین کے پینے کے لیے اور ایک چشمہ پانی کا اور ہے جو مومنین کے طہارت (کے کاموں) کے لیے ہے۔" (تہذیب)

(۱۷۳) کوفہ میں چار نئی مساجد تعمیر ہونگی

محمّد بن احمد بن یحییٰ نے محمّد بن حسین سے، اُنھوں نے محمّد بن اسماعیل سے، اُنھوں نے صالح بن عقبہ سے، اُنھوں نے عمرو بن ابو مقدام سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے حبّہ عرنی سے روایت کی ہے، اور حبّہ عرنی نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ امیرالمومنین علیہ السّلام حیرہ تشریف لے گئے فقالؑ: "لیتصلنّ ھٰذہ بھٰذہ ۔" "واُومأ بیدہٖ الی الکوفۃ والحیرۃ" حتّی یباع الذّراع فیما بینھما بدنانیر ولیبنینّ بالحیرۃ مسجداً لہ خمسمائۃ باب یصلّی فیہ خلیفۃ القائم علیہ السّلام لِاَنّ مسجد الکوفۃ لیضیق علیھم ولیصلّینّ فیہ اثناعشر اماماً عدلاً۔"

قلت: یا امیرالمؤمنین! ویسع مسجد الکوفۃ ھٰذا الّذی تصف النّاس یومئذٍ؟

قالؑ: "تبنی لہ اربع مساجد، مسجد الکوفۃ اصغرھا، وھٰذا ومسجدان فی طرفی الکوفۃ، من ھٰذا الجانب وھٰذا الجانب۔" واُومأ بیدہٖ نحو نھر البصریّین والغریّین۔"

آپؑ نے فرمایا: "یہ مقام، اِس مقام سے مل جائے گا۔" یہ فرما کر آپؑ نے حیرہ اور کوفہ کی طرف اشارہ فرمایا۔" (تہذیب)

اور فرمایا: یہانتک کہ ان دونوں کے درمیان کی زمینیں ایک ایک ہاتھ، ایک ایک دینار میں فروخت ہوں گی۔ اور مقامِ حیرہ پر ایک مسجد تعمیر ہوگی جس میں پانچسو دروازے ہوں گے اور اس میں خلیفہ امام قائمؑ نماز پڑھائیں گے، اس لیے کہ مسجد کوفہ (آبادی کے لحاظ سے) تنگ ہو جائے گی، اور اس میں بارہ امام عادل نماز پڑھائیں گے

میں نے عرض کیا: یا امیرالمومنینؑ! یہ مسجدِ کوفہ تو بقولے، بہت وسیع ہے؟

آپؑ نے فرمایا: وہاں تو چار مساجد اس کے علاوہ اور تعمیر ہوں گی اور یہ مسجدِ کوفہ ان سب سے چھوٹی ہوگی۔ یہ مسجد اور دو مساجد کوفہ کے اِس جانب اور اُس جانب اور ہونگی۔" پھر آپؑ نے نہرِ بصریّین اور غریّین کیطرف اشارہ فرمایا۔" (تہذیب)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۷۴) حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ کی طرح امام قائمؑ کے خلاف بھی خروج ہوگا

ابوالحسن بن عبداللہ نے ابنِ ابویعفور سے روایت کی ہے، اُنھوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ کے پاس چند آپ کے اصحاب موجود تھے۔ آپ نے مجھ سے فرمایا: اے ابنِ ابویعفور! کیا تم نے قرآن مجید پڑھا ہے؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں (فرزندِ رسولؐ!) پڑھا تو ہے مگر یہی مروّجہ قرآن مجید۔

آپؑ نے فرمایا: ہاں، ہاں، میں بھی اسی مروّجہ قرآن مجید کے متعلق پوچھ رہا ہوں کسی اور کیلئے نہیں۔

میں نے عرض کیا: بہتر، مگر آپؑ نے یہ کیوں دریافت فرمایا۔؟

قالؑ: "لانّ موسیٰ علیہ السلام حدّث قومہ یحدث لم یحتملوہ عنہ فخرجوا علیہ بمصر، فقاتلوہ فقاتلہم فقتلہم ولانّ عیسیٰ علیہ السلام حدّث قومہ یحدث فلم یحتملوہ عنہ فخرجوا علیہ بتکریت فقاتلوہ فقاتلہم فقتلہم، وھو قول اللہ عزّوجلّ: (سورۂ صف آیت ۱۴)

(آیت) "فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَیَّدْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلٰی عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِیْنَ ۝۱۴

(روایت) وانّہ اوّل قائم یقوم منّا اھل البیت یحدّثکم بحدیث لا تحتملونہ فتخرجون علیہ برمیلۃ الدّسکرۃ فیقاتلکم فیقتلکم، وھی اٰخر خارجۃ تکون۔" (کتاب حسین بن سعید)

ترجمہ روایت:

آپؑ نے فرمایا: اِس لیے کہ حضرت موسیٰؑ علیہ السلام نے اپنی قوم سے ایک بات کہی اور اُن کی قوم اُسے برداشت نہ کرسکی، چنانچہ مصر میں اُن پر چڑھائی کردی اور حضرت موسیٰؑ کو اُن سے جنگ کر کے اُنھیں قتل کرنا پڑا۔ اور اِس لیے (یہ بات تم سے پوچھی کہ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بھی اپنی قوم سے ایک بات کہی اور اُن کی قوم اُسے برداشت نہ کرسکی اور مقام تکریت میں اُن پر چڑھائی کردی، چنانچہ اُنھوں نے بھی اپنی قوم سے جنگ کی اور قتل کرنا پڑا۔ چنانچہ اس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا قول ہے:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(الآیۃ) فَاٰمَنَتْ ..... ظٰهِرِيْنَ ۝ ۱۴ (صف ۶۱ / ۱۴)

ترجمۂ آیت: (پس بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور ایک گروہ نے کفر اختیار کیا۔
پس ہم نے مدد کی ایمان والوں کی اُن کے دشمنوں کے خلاف اور وہ مغلوب ہوئے)

(روایت) پھر ہم اہلِ بیت میں سے ایک قائم جب ظہور کرے گا اور تم لوگوں سے ایک بات کہیگا تو تم لوگ بھی اُسے برداشت نہ کروگے اور تم لوگ مقام رمیلہ میں اس پر خروج کروگے اور وہ بھی تم لوگوں سے جنگ کرے گا اور تمھیں قتل کرڈالے گا۔ اور یہ آخری خروج ہوگا جو امام قائم علیہ السلام پر کیا جائے گا۔" (کتاب حسین بن سعید)

(۱۷۵) ناصبیوں کے ساتھ کیا سلوک ہوگا؟

محمّد بن یحییٰ نے احمد بن محمّد سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے احول سے، اُنھوں نے سلام بن مستنیر سے روایت کی ہے۔ سلام کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو بیان فرماتے ہوئے سنا کہ:

"اذا قام القائم علیہ السلام عرض الایمان علیٰ کُلِّ ناصب فان دخل فیہ بحقیقۃ والّا ضرب عنقہ اَو یؤدّی الجزیۃ کما یؤدّیہا الیوم اھل الذّمّۃ، ویشدُّ علیٰ وسطہ الھمیان، ویخرجہم من الامصار الی السّواد۔" (کافی)

آپ نے فرمایا "جب امام قائم علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو ہر ناصبی (دشمنِ اہلِ بیت) کے سامنے ایمان پیش کیا جائے گا، اگر وہ حقیقتاً داخلِ ایمان ہوگیا تو ٹھیک۔ ورنہ اُس کی گردن ماردی جائے گی، یا جسطرح کافرِ ذمّی آجکل جزیہ ادا کرتا ہے، وہ بھی جزیہ ادا کریگا، اور اپنی کمر میں ہمیاں (روپیوں یا درہم و دیناروں کی تھیلی) باندھ کر اُس دیار سے نکل کر حبش کی طرف چلا جائے گا۔" (کافی)

(۱۷۶) امام قائمؑ کے ظہور کا اہم مقصد؟

علی بن محمّد نے صالح بن ابوحمّاد سے، اُنھوں نے محمّد بن عبداللہ بن مہران سے، اُنھوں نے عبدالملک بن بشیر سے، اُنھوں نے عیثم بن سلیمان سے، اُنھوں نے معاویہ بن عمّار سے، اور معاویہ بن عمّار نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ؑ "اذا تمنّیٰ احدکم القائمَ فلیمنّہ فی عافیۃ فانّ اللہ بعث محمّدًا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم رحمۃ وبیعث القائمؑ نقمۃ۔" (کافی)

آپؐ نے فرمایا: "اگر تم میں سے کوئی امام قائم علیہ السلام کے عہد کے پانے کا متمنّی ہے تو اُسے چاہیے کہ وہ اپنی عافیت کے لیے بھی دعا کرے، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو رحمت اور نرمی کے لیے مبعوث فرمایا تھا اور امام قائم علیہ السلام کو نقمت (و تدارک) کے لیے مبعوث فرمائے گا۔

نوٹ: (کیونکہ لوگوں کو بعثتِ پیغمبرؐ سے ظہورِ امام قائمؑ تک کے طویل زمانے میں اللہ تعالیٰ نے مہلت دی، اگر اس کے بعد بھی لوگ دینِ حق کی طرف مائل نہیں ہوتے اور اپنی ہٹ دھرمی پر ہی اَڑے رہتے ہیں تو پھر اس کا تدارک نقمت ہی ہے۔)

(۱۷۷) آپؑ کا مسکن مسجدِ سہلہ میں ہوگا

ابوبصیر سے روایت ہے اُنھوں نے بیان کیا کہ حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادقؑ نے مجھ سے فرمایا: "یا ابامحمّد کانّی اری نزول القائم علیہ السلام فی مسجد السہلۃ باھلہ وعیالہ۔"

قلت: یکون منزلہ جعلت فداک؟

قالؑ: نعم، کان فیہ منزل اِدریسؑ، وکان منزل ابراھیمؑ خلیل الرّحمٰن، وما بعث اللہ نبیًّا اِلّا وقد صلّی فیہ وفیہ مسکن الخضرؑ (والمقیم فیہ کالمقیم فی فسطاط رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وما من مؤمن ولا مؤمنۃ اِلّا وقلبہ یحنّ الیہ)

قلت: جعلت فداک؟ لایزال القائم فیہ ابدًا؟

قالؑ: نعم۔

قلت: فمن بعدہ؟

قالؑ: ھٰکذا من بعدہ الی انقضاءِ الخلق۔

قلت: فما یکون من اھل الذّمّۃ عندہ؟

قالؑ: یسالمھم کما سالمھم رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ ویؤدّون عن یدٍ وّھم صاغرون۔

قلت: فمن نصب لکم عداوۃ؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فقال: لا یا اباحمد! ما لمن خالفنا فی دولتنا من نصیب اِنَّ اللہ قد اَحلَّ لنا دماءھم عند قیام قائمنا، فالیوم محرَّم علینا وعلیکم ذالك فلا یغرَّنك احد، اذا قام قائمنا انتقم للہ ولرسولہ ولنا اجمعین۔"

(آپؑ نے فرمایا:) "اے ابومحمد! گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائمؑ اپنے اہل وعیال کے ساتھ مسجدِ سہلہ میں اترے ہیں۔

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، کیا وہیں اُن کا مکان ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں، وہیں حضرت ادریس علیہ السلام کا بھی مکان تھا، اور وہیں حضرت ابراہیم خلیل الرحمٰن علیہ السلام کا بھی مکان تھا اور جس نبی کو بھی اللہ نے مبعوث فرمایا اس نے اس میں نماز پڑھی اور وہ حضرت خضر علیہ السلام کا بھی مسکن ہے اس میں قیام کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے خیمے میں قیام کیا اور ہر مومن و مومنہ کا دل اس کی طرف مائل ہوتا ہے۔

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، کیا امام قائم علیہ السلام ہمیشہ اسی میں رہیں گے؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں۔

میں نے عرض کیا: اور اُن کے بعد؟

آپؑ نے فرمایا: اسی طرح دنیا کے ختم ہونے تک۔

میں نے عرض کیا: اور اُن کے دور میں اہلِ ذمّہ (کافر ذمّی) کا کیا ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: جس طرح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے صلح رکھی، وہ بھی اُن سے صلح رکھیں گے مگر وہ جزیہ دیں گے۔

میں نے عرض کیا: اور آپ حضرات کے دشمنوں کا کیا ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: اے ابومحمد! نہیں، ہم لوگوں کے عہدِ حکومت میں ہمارے دشمنوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ امام قائم علیہ السلام کے ظہور کے بعد ان لوگوں کا خون اللہ نے ہمارے لیے حلال کیا ہے جو آجکل ہمارے اور تمہارے لیے حرام ہے۔ تم میں سے کوئی شخص دھوکے میں نہ رہے۔ جب امام قائم علیہ السلام ظہور کریں گے تو وہ اللہ اور اُس کے رسولؐ اور ہم سب کا پورا پورا انتقام لیں گے۔"

(کتاب مزار)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۷۸) ابلیسؑ کی مہلت کا اختتام

کتاب انوار المضیہ میں اسحاق بن عمّار سے روایت ہے کہ میں نے اُن جناب سے "ابلیسؑ کی مہلت، وقتاً معلوماً" "وقتِ معلوم" کے بارے میں دریافت کیا جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کیا ہے "فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ" (سورہ الحجر آیت ۳۷ ۳۸)

قال: "الوقت المعلوم، یوم قیام القائمؑ، فاذا بعثه الله کان فی مسجد الکوفة وجاء ابلیسؑ حتّی یجثو علی رکبتیه، فیقول یا ویلاه من هذا الیوم فیأخذ بناصیته فیضرب عنقه فذلك "یوم الوقت المعلوم" "منتهی اجله"

آپ نے فرمایا: یومِ وقتِ معلوم سے مراد یومِ ظہور امام قائم علیہ السلام۔ جب اللہ تعالیٰ اُن کو مبعوث فرمائے گا اور وہ جناب مسجدِ کوفہ میں ہوں گے تو ابلیس ملعون آئیگا اور اپنے گھٹنوں کے بل بیٹھ جائے گا اور کہے گا، ہائے افسوس آج کا دن (مجھے دیکھنا پڑا۔) تو آپ اس کو پیشانی سے پکڑ لیں گے اور اس کی گردن ماردیں گے بس وہی یومِ وقتِ معلوم ہے اور اس کی مہلت کے دن کا خاتمہ ہے۔

(انوار المضیئہ)

(۱۷۹) رحبہ کوفہ کا دفینہ نکالا جائے گا

ابوالقاسم شعرانی نے مرفوعاً ابنِ ظبیان سے، اُنھوں نے ابن حجّاج، اور ابنِ حجّاج نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: "اذا قام القائمؑ اَتیٰ رحبة الکوفة، فقال برجله هٰکذا واَومأ بیده الی موضع۔ ثمّ قال: احفروا ههنا فیحفرون فیستخرجون اثنی عشر اَلف درع واثنی عشر اَلف سیف واثنی عشر اَلف بیضة، لکلِّ بیضة وجهان ثمّ یدعوا اثنی عشر اَلف رجل من الموالی (من العرب) والعجم، فیلبسهم ذٰلك، ثمّ یقول: من لم یکن علیه مثل ما علیکم فاقتلوه۔"

آپؑ نے فرمایا: "جب امام قائم علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو وہ جناب پاپیادہ (پیدل) رحبۂ کوفہ کی طرف آئیں گے۔" (یہ فرما کر آپ نے ایک جگہ کی طرف اشارہ کیا) پھر فرمایا: وہ حکم دیں گے کہ اس مقام کو کھودو۔ جب لوگ اسکو کھودیں گے تو وہاں سے (اختصاص)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تو بارہ ہزار زرہیں، بارہ ہزار تلواریں اور بارہ ہزار آہنی ٹوپیاں (ہیلمٹ) جن کے دو رُخ ہوں گے برآمد ہوں گے اور اپنے موالیوں میں سے بارہ ہزار عرب اور عجم کے مردوں کو پہننے کے لیے دیں گے پھر اُنھیں حکم دیں گے کہ جس کے جسم پر یہ (اسلحہ) نہ ہوں جو تم نے پہنے ہوئے ہیں، اُسے قتل کر دو۔" (اختصاص)

(۱۸۰) "فَلَمَّا اَحَسُّوْا..... خٰمِدِیْنَ" کی تشریح

علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ فضّال سے، اُنھوں نے ثعلبہ بن میمون سے، اُنھوں نے ابنِ خلیل ازدی سے روایت کی ہے اور ابنِ خلیل ازدی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے قولِ خدا عزّوجلّ:

"فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ۝ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝" (سورہ ۲۱ الانبیاء) ۱۲ تا ۱۵

کے بارے میں ارشاد فرمایا:

"اذا قام القائم علیہ السّلام وبعث الی بنی اُمیّة بالشّام هربوا الی الرّوم فیقول لهم الرّوم: لا ندخلکم حتّی تتنصّروا فیعلّقون فی اعناقهم الصُّلبان ویدخلونهم۔
فاذا نزل بحضرتهم اصحاب القائم علیہ السّلام طلبوا الامان و الصلح، فیقول اصحاب القائم علیہ السّلام: لا نفعل حتّی تدفعوا الینا من قبلکم منّا۔ قال: فیدفعونهم الیهم فذلک قوله تعالٰی (الآیة) "لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ۝"

قال: یسئلهم الکنوز، وهو اعلم بها، قال: فیقولون: (الآیة) "يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝" فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝" بالسیف۔"

ترجمۂ روایت: جب امام قائم علیہ السّلام ظہور فرمائیں گے اور بنی اُمیّہ سے انتقام لینے کے لیے اپنی فوج شام روانہ فرمائیں گے تو وہ بھاگ کر شام سے روم (کافی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

چلے جائیں گے، مگر اہلِ روم اُن سے کہیں گے کہ جبتک تم نصرانی نہ بن جاؤ گے ہمارے ملک میں داخل نہیں ہوسکتے۔ چنانچہ بنی امیّہ اپنے گلے میں صلیب لٹکا لیں گے اور روم میں داخل ہوجائیں گے۔

مگر جب اصحابِ امام قائم علیہ السّلام اُن کے علاقے میں داخل ہوں گے تو اہلِ روم اُن سے امان طلب کریں گے اور صلح چاہیں گے تو اصحابِ قائم انھیں جواب دیں گے کہ ہمارے آدمی بھاگ کر تمھارے یہاں آگئے ہیں جب تک تم لوگ انھیں واپس نہ کروگے ہم تمھیں امان نہ دیں گے اور نہ صلح کریں گے۔

چنانچہ وہ لوگ بنی اُمیّہ کو واپس کردیں گے۔ اِسی کے متعلّق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوا إِلَىٰ مَا أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَاكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْأَلُونَ ۱۳" (سورہ ۲۱ انبیاء ۱۳)

(ترجمۂ آیت) (مت بھاگو، اور پلٹ آؤ اپنے مساکن اور اُس عیش و آسائش کی طرف جو تمھیں دیے گئے تھے۔ تاکہ تم سے جواب طلب کیا جائے۔)

(ترجمۂ روایت) یعنی اُن کے خزانوں کے متعلّق جواب طلب اور پوچھ گچھ کی جائے گی باوجودیکہ وہ خود اُن خزانوں سے واقف ہوں گے۔ پھر وہ لوگ کہیں گے کہ:

"قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ۱۴ فَمَا زَالَتْ تِلْكَ دَعْوَاهُمْ حَتَّىٰ جَعَلْنَاهُمْ حَصِيدًا خَامِدِينَ ۱۵" (انبیاء ۱۴، ۱۵)

ترجمۂ آیت (اُن لوگوں نے کہا۔ ہائے افسوس، ہم پر۔ بیشک ہم ظالم تھے۔ اور اُنکی یہ پکار جاری رہی، جبتک کہ ہم نے انھیں کٹی ہوئی کھیتی اور بجھی ہوئی راکھ نہ بنادیا۔)

یعنی ہم انھیں تلواروں سے کاٹ کر رکھدیں گے (مذکورہ آیت کے مطابق) (کافی)

(۱۸۱) "وَيَكُونَ الدِّينُ ..... لِلّٰہ کی تاویل ...؟"

علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے ابنِ اُذینہ سے، اُنھوں نے محمّد بن مسلم سے، روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے قولِ خدا:

"وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ ج" (سورہ انفال آیت ۳۹) کے متعلّق دریافت کیا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ: "لم یجئ تأویل ھٰذہ الآیۃ بعد، اِنّ رسول اللہِ صلّی اللہ علیہ وآلہ رخّص لھم لحاجتہ وحاجۃ اصحابہ فلو قد جاء تاویلھا لم یقبل منھم ولکنّھم یقتلون حتّی یوحّد اللہ عزّوجلّ وحتّی لا یکون شرک" (کافی)

آپؑ نے فرمایا: "یہ آیت جب سے نازل ہوئی ہے اس کی تاویل ابھی تک نہیں آئی، بلاشبہ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اپنی اور اپنے اصحاب کی ضرورت کی بنا پر رہنے کی اجازت دیدی، مگر جب اس آیت کی تاویل آجائے گی تو پھر ان لوگوں کا عذر قبول نہ ہوگا، اور سب کے سب قتل کر دیے جائیں گے تاکہ شرک باقی نہ رہے اور سب کے سب اللہ کو واحد و یکتا ماننے لگیں۔"

(۱۸۲) امامِ قائمؑ ہر بدی کی نفی کریں گے

حسین بن محمّد نے معلّی سے، اُنھوں نے وشّاء سے، اُنھوں نے علی بن ابونصیر سے روایت کی ہے اور علی بن ابونصیر نے بیان کیا کہ ایک شخص حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا کہ آپ حضرات اہل بیت رحمت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ حضرات کو اس سے مخصوص فرمایا ہے۔؟

فقالؑ لہ: "کذلک والحمد للہ لا ندخل احدًا فی ضلالۃ، ولا نخرجہ من ھدیً اِنّ الدّنیا لا تذھب حتّی یبعث اللہ عزّوجلّ رجلًا منّا اھل البیت یعمل بکتاب اللہ لا یری منکرًا اِلّا انکرہ۔" (کافی)

آپؑ نے اُس سے فرمایا: "ایسا ہی ہے الحمد للہ کہ ہم کبھی گمراہی میں داخل ہی نہیں ہوئے اور نہ کبھی ہدایت سے باہر قدم رکھا۔ دنیا اُس وقت تک ختم نہ ہوگی جبتک کہ اللہ عزّوجلّ ہم اہلِ بیت میں سے ایک ایسے مرد کو نہ بھیجے جو کتابِ خدا پر کماحقہٗ عمل کرے اور وہ جو بھی بدی و بُرائی دیکھے اُس کی نفی کرے۔" (کافی)

(۱۸۳) آپ کے اوپر سایۂ ابر ہوگا

فحّام نے اپنے چچا سے، اُنھوں نے احمد بن عبداللہ بن علی سے، اُنھوں نے عبدالرحمٰن ابنِ عبداللہ سے، اُنھوں نے یحییٰ بن مغیرہ سے، اُنھوں نے اپنے بھائی محمّد سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادقؑ سے، اور آپؑ نے اپنے پدر بزرگوار (حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام) سے حدیثِ لوح میں روایت کی ہے کہ:

"م ح م د یخرج فی آخر الزّمان علیٰ رأسہ غمامۃ بیضاء تظلّہ من الشمس، تنادی بلسان فصیح یسمعہ الثقلین والخافقین: ھو المھدیؑ من آلِ محمّدؐ یملأ الارض عدلاً کما ملئت جورًا۔" (امالی شیخ)

ترجمہ: "م ح م د" آخرِ زمانہ میں ظہور کریں گے اُن کے سر مبارک پر دھوپ سے بچنے کے لیے سفید ابر کا سایہ ہوگا اور فصیح زبان میں ایک آسمانی ندا آئے گی جس کو دونوں جہان کے لوگ سنیں گے کہ یہ مہدیؑ آلِ محمّدؐ ہیں، جو زمین کو عدل و داد سے بھر یں گے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔" (امالی شیخ)

(۱۸۴) میرے بعد امام بارہ ہوں گے

عطّار نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ عبدالجبّار سے، اُنھوں نے محمّد ابنِ زیاد ازدی سے، اُنھوں نے ابان بن عثمان سے، اُنھوں نے ثمالی سے، اُنھوں نے حضرت امام علیؑ ابن امام حسینؑ سے، اور آپؑ نے اپنے پدر بزرگوار (امام حسینؑ) سے، اور آپؑ نے (امام حسینؑ نے) اُنکے جدِّ امجد (حضرت ابوالائمہ امام علیؑ بن ابی طالبؑ) سے روایت بیان کی ہے کہ:

قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ: "الأئمۃ من بعدی اثنا عشر اوّلھم أنت یا علیؑ، وآخرھم القائمؑ الّذی یفتح اللہ تعالیٰ ذکرہ علیٰ یدیہ مشارق الارض ومغاربھا۔"

(اکمال الدین، عیون الاخبار الرّضا، امالی شیخ)

ترجمہ: "حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ: میرے بعد بارہ امام ہونگے جنمیں سب سے پہلے، اے علیؑ! تم ہو اور اُن میں سب سے آخر امام القائمؑ ہوں گے۔ جن کے ہاتھوں پر اللہ تعالیٰ تمام مشارق و مغارب کو فتح کرائے گا۔"

(اکمال الدّین، عیون الاخبار الرّضا، امالی شیخ)

(۱۸۵) بارہ ائمہؑ کے اسمائے گرامی

طالقانی نے محمّد بن ہمام سے، اُنھوں نے احمد بن مابنداد سے، اُنھوں نے احمد بن ہلال سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے مفضّل سے، اُنھوں نے امام جعفر صادق علیہ السّلام سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور امام صادق آلِ محمدؐ نے اپنے آبائے کرام علیہم السلام سے روایت کی ہے اور اُن حضرات نے حضرت نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت سنی ہے کہ:

قالؐ: "لمّا اُسرِیَ بی اَوحی اِلیّ ربّی جلّ جلالہ وساق الحدیث الیٰ اَن قال: فرفعت راسی فاذا اَنا بِاَنوارِ عَلِیٍّؑ وفاطمۃؑ والحسنؑ والحسینؑ وعلیؑ ابن الحسینؑ ومحمّدؑ بن علیؑ وجعفرؑ بن محمّدؑ وموسیٰؑ بن جعفرؑ، وعلیؑ بن موسیٰؑ ومحمّدؑ بن علیؑ وعلیؑ بن محمّدؑ والحسنؑ بن علیؑ والحجّۃؑ بن الحسن القائمؑ فی وسطہم کاَنّہ کوکبٌ دُرّیٌّ۔

قلتؐ: یاربّ من ھٰؤلاءِ؟

قال اللہ: ھٰؤلاءِ الائمّۃ وھٰذا القائمؑ الّذی یحلّ حلالی ویُحرِّم حرامی، وبہ اَنتقم من اعدائی وھو راحۃ لِاَولیائی وھو الّذی یشفی قلوب شیعتک من الظّالمین والجاحدین والکافرین، فیخرج اللاّت والعزّیٰ طریّین فیحرقہما، فلفتنۃ النّاس بہما یومئذٍ اَشدُّ من فتنۃ العجل والسّامریِّ۔" (اکمال الدین، عیون الاخبار)

آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

"شب اسریٰ (شبِ معراج) جب مجھے لیجایا گیا تو میرے پروردگار بزرگ وبرتر نے مجھے وحی فرمائی: (اس کے بعد مضمون بیان فرماتے ہوئے آپؐ نے ارشاد فرمایا) پھر میں نے جب اپنا سر اُٹھایا تو علیؑ و فاطمہؑ وحسنؑ وحسینؑ اور علیؑ ابن الحسینؑ و محمّدؑ بن علیؑ وجعفرؑ بن محمّدؑ وموسیٰؑ بن جعفرؑ، وعلیؑ بن موسیٰؑ، ومحمّدؑ بن علیؑ، وعلیؑ بن محمّدؑ وحسنؑ بن علیؑ کے انوار میری نظر کے سامنے جلوہ گر ہیں جن کے درمیان حضرت حجتؑ بن الحسنؑ قائم کا نور کوکبِ دُرّی کی طرح (بہت زیادہ) منوّر وروشن تھا۔

میں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! یہ کون ہیں؟ (کن کے انوار ہیں)

(آواز آئی) اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: یہ (انوارِ) ائمّہؑ ہیں اور ان کے درمیان وہ (نورِ) قائم ہے جو میرے حلال کردہ کو حلال کرے گا اور میرے حرام کردہ کو حرام قرار دیگا اور اسی کے ذریعے سے میں اپنے دشمنوں سے انتقام لوں گا۔ اور یہ میرے اولیاء کے لیے باعثِ راحت ہوگا اور تمہارے شیعوں کے دلوں کو ظالموں، منکروں اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کافروں سے شفا بخشے گا۔ اور لات وعزّیٰ کو (قبروں سے) نکال کر نذرِ آتش کریگا جن کی وجہ سے اس دن لوگ فتنۂ سامری سے بھی زیادہ شدید فتنہ میں مبتلاء ہونگے۔

(کمال الدین، عیون الاخبار الرّضا)

(۱۸۶) سب سے آخری امامؑ وہ ہوگا؟

اسنادِ سابقہ کے ساتھ بابِ نصِّ ائمّہ اثنا عشر میں حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام نے نبیٔ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے روایت کی ہے کہ:

قالؐ: آخرهم اسمه علیٰ اسمی، یخرج فیملأُ الارض عدلاً کما ملئت جورًا وظلمًا یأتیه الرّجل والمال کدس فیقول: یا مهدیّ اعطنی، فیقول: خذ

(عیبتہ نعمانی)

آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: "سب سے آخری (امام) وہ ہوگا جس کا نام میرا نام ہوگا، وہ ظہور کرے گا اور زمین کو عدل سے اسی طرح بھر دے گا جس طرح وہ ظلم وجور سے بھری ہوگی۔ اس کے سامنے مال و دولت کا ڈھیر لگا ہوگا، لوگ آکر سوال کریں گے کہ اے مہدیؑ! ہمیں کچھ عنایت فرمائیے۔ تو آپ اُس سے فرمائیں گے، جتنا چاہو لے جاؤ۔"

(غیبتہ نعمانی)

(۱۸۷) مجھ سے سب سے زیادہ مشابہ ہوگا

مذکورہ اسناد کے ساتھ ابنِ عبّاس نے نبیٔ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے روایت نقل کی ہے کہ:

قالؐ: "التاسع منهم قائم اهل بیتی ومهدیّ اُمّتی اَشبه النّاس بی فی شمائله واقواله وافعاله، لیظهر بعد غیبة طویلة وحیرة مضلّة، فیعلی امر الله، ویظهر دین الله ویؤیّد بنصر الله، وینصر بملائکة الله فیملأُ الارض عدلاً وقسطًا کما ملئت جورًا وظلمًا۔"

(کفایت)

آنحضرتؐ نے فرمایا: "ان (ائمّہ) میں سے نواں میرے اہلِ بیت کا قائم اور میری اُمّت کا مہدیؑ ہوگا جو خصائل وشمائل، اقوال وافعال میں تمام لوگوں میں مجھ سے سب سے زیادہ مشابہ ہوگا، وہ ایک طویل غیبت کے بعد اور لوگوں کو گمراہ کر دینے والی حیرت کے بعد ظہور کریگا اور امرِ خدا کو بلند اور دینِ خدا کو غالب کرے گا، تائیدِ الٰہی کے ساتھ اللہ کے ملائکہ اسکی نصرت کرینگے وہ زمین کو عدل سے اسی طرح معمور کریگا جسطرح وہ جور وظلم سے بھری ہوگی۔"

(کفایت)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۸۹) امام قائمؑ قریۂ یمن سے ظہور فرمائیں گے[1]

اسانیدِ کثیرہ باب مذکورہ کے ساتھ حضرت ابوالائمہ امام علی صلوات اللہ علیہ نے فرمایا کہ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: بعد عدّ الائمۃ علیہم السّلام، ثمّ یغیب عنہم امامہم ما شاء اللہ ویکون لہ غیبتان احداہما اطول من الاخریٰ ثم التفت الینا رسول اللہ ص فقال رافعًا صوتہ: الحذر الحذر اذا فقد الخامس من ولد السابع من ولدی۔

قال علیؑ: فقلت: یا رسول اللہ ص! فما یکون (حالہ) عند غیبتہ؟

قال ص: یصبر حتّی یأذن اللہ لہ بالخروج۔ فیخرج (من الیمن) من قریۃ یقال لہا: "کرعۃ"؛ علی راسہ عمامتی، متدرّع بدرعی، متقلّد بسیفی ذی الفقار ومنار ینادی: ھٰذا المھدی خلیفۃ اللہ فاتّبعوہ، یملأ الارض قسطًا وعدلًا کما ملئت جورًا وظلمًا وذلک عند ھا تصیر الدّنیا ھرجًا ومرجًا ویغار بعضھم علیٰ بعض، فلا الکبیر یرحم الصغیر، ولا القویّ یرحم الضعیف فحینئذٍ یأذن اللہ لہ الخروج۔"

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ائمہؑ کے اسماء گنواتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ پھر اُن لوگوں کا امام اُن سے غائب ہو جائے گا اور اس کے لیے دو غیبتیں ہونگی ایک غیبت سے دوسری زیادہ طویل ہوگی۔

راوی کا بیان ہے کہ پھر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری طرف متوجہ ہوئے اور بلند آواز سے فرمایا: جب میرے ساتویں فرزند کا پانچواں فرزند غائب ہو جائے تو، بچو، بچو!

حضرت ابوالائمہ علی علیہ السلام نے عرض کیا: یا رسول اللہ ص! زمانۂ غیبت میں امام قائمؑ کا کیا حال ہوگا؟

آپ ص نے ارشاد فرمایا: وہ صبر سے کام لے گا یہانتک کہ اللہ تعالیٰ اس کو ظہور کی اجازت دے گا جب اذن مل جائے گا تو وہ یمن کے ایک قریہ سے جس کو "کرعہ" کہا جاتا ہے ظہور کریگا اس کے سر پر میرا عمامہ ہوگا، جسم پر میری زرہ ہوگی، کمر میں میری تلوار ذوالفقار ہوگی اور ایک منادی ندا کرے گا کہ "یہ مہدیؑ خلیفۂ خدا ہیں، تم لوگ ان کی پیروی کرو، یہ زمین کو قسط و عدل سے بھر دیں گے جس طرح وہ جور و ظلم سے بھری ہے

[1] نمبر ۱۸۸ اصل کتاب میں بھی نہیں ہے یعنی ۱۸۷ کے بعد ۱۸۹ ہے اس لیے ہم نے ۱۸۸ نمبر نہیں ڈالا۔ (مترجم)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور اس وقت دنیا کا یہ حال ہوگا کہ سب لوگ بڑی مصیبت میں مبتلا رہوں گے ایک دوسرے کو ہلاک کرنے کے درپے ہوں گے، نہ بڑے چھوٹوں پر رحم وکرم کریں گے اور نہ کوئی طاقتور کسی کمزور پر مہربانی کرے گا اُس وقت اللہ تعالیٰ اُن کو ظہور کا حکم دے گا۔

۱۹۰ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر سلام کا مطلب

محمّد بن سنان نے داؤد بن کثیر رقّی سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے دریافت کیا کہ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہٖ پر سلام کا کیا مطلب ہے؟

فقال: "اِنَّ اللہ تبارك وتعالیٰ لمّا خلق نبیّہ ووصیّہ وابنتہ وابنیہ وجمیع الائمّۃ وخلق شیعتھم اخذ علیھم المیثاق وان یصبروا ویصابروا ویرابطوا، واَن یتّقوا اللہ۔

ووعدھم اَن یسلّم لھم الارض المبارکۃ والحرم الامن وان ینزّل لھم البیت المعمور، ویظھر لھم السقف المرفوع ویریحھم من عدوّھم والارض التی یبدّلھا اللہ من السّلام ویسلّم ما فیھا لھم "لاشیۃ فیھا" قال:

قال: لاخصومۃ فیھا لعدوّھم واَن یکون لھم فیھا ما یحبّون واَخذ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ علیٰ جمیع الائمّۃ وشیعتھم المیثاق بذلك وانّما السّلام علیہ تذکرہ نفس المیثاق ویجدید لہ علیٰ اللہ لعلّہ اَن یعجّلہ جلّ وعزّ ویعجّل السّلام لکم بجمیع ما فیہ۔"

آپؑ نے فرمایا: "بہ تحقیق اللہ تبارک وتعالیٰ نے جب اپنے نبیؐ اور اُن کے وصیؑ کو، اُن کی دختر اور اُن کے دونوں صاحبزادوںؑ کو، تمام ائمّہؑ اور اُن کے شیعوں کو خلق فرمایا تو ان سے سب سے عہد وپیمان لیا کہ وہ صبر کریں گے اور ایکدوسرے کو صبر کی تلقین کریں گے، آپس میں رابطہ رکھیں گے اور تقویٰ وخوفِ خدا اختیار کیے رہیں گے۔

اور ان سب حضرات نے وعدہ فرمایا کہ ارضِ مبارک وحرمِ امن ان کے سپرد کریگا اُن کے لیے بیتِ معمور نازل کرے گا، ان کے لیے سقفِ مرفوع ظاہر فرمائے گا، اُنکے دشمنوں سے اُنھیں نجات دیگا اور وہ زمین جس کو اللہ نے سلام (سلامتی) سے بدل دیا ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جو کچھ اس میں ہے سب ان کے حوالے کرے گا جس کے لیے اُن کے دشمن کوئی جھگڑا اور مخاصمت نہ کر سکیں گے اور اس میں اُن کو وہ سب کچھ ملیگا جو وہ چاہیں گے۔ چنانچہ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے تمام ائمہؑ اور اُن کے شیعوں سے اس کا عہد و پیمان لیا۔

اب حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر "سلام" اسی عہد و میثاق کی یاد دہانی ہے اور تجدید عہدِ الٰہی ہے تاکہ اس یاد دہانی کی وجہ سے ممکن ہے اللہ تعالیٰ اپنے عہد کو پورا کرنے میں تعجیل فرمائے اور تم لوگوں کو وہ سرزمین سلام اور جو کچھ اس میں ہے مل جائے۔" (کافی)

(۱۹۱) مسجدِ سہلہ مسکنِ امام قائمؑ

مولّف مزارِ کبیر نے اپنے اسناد کے ساتھ ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے مجھ سے ارشاد فرمایا:

"یا ابا محمّد! کانّی اَرٰی نزول القائم فی مسجد السهلة باَهله وعیاله:

قلت: یکون منزله جعلت فداك؟

قال: نعم کان فیه منزل اِدریسؑ وکان منزل ابراهیم خلیل الرّحمان وما بعث الله نبیًّا اِلّا وقد صلّی فیه، وفیه مسکن الخضرؑ والمقیم فیه کالمقیم فی فسطاط رسول الله صلّی الله علیه وآله وما من مؤمن ولا مؤمنة اِلّا وقلبه یحنّ الیه۔

قلت: جعلت فداك: ولا یزول القائم فیه ابدًا؟

قالؑ: نعم۔

قلت: فمن بعده

قالؑ: هٰکذا من بعده اِلی انقضاء الخلق۔

قلت: فما یکون من اهل الذِّمّة عنده؟

قالؑ: یسالمهم کما سالمهم رسول الله صلّی الله علیه وآله وسلّم و یؤدّون الجزیة عن یدٍ وّهم صاغرون۔

قلت: فمن نصب لکم عداوة؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فقال: لا، یا ابا محمّد! ما لمن خالفنا فی دولتنا من نصب اِنَّ اللّٰہ قد اَحلّ لنا دماءھم عند قیام قائمنا، فالیوم محرّم علینا وعلیکم ذٰلک، فلا یغرّنّک اَحد اذا قام قائمنا انتقم لِلّٰہ ولرسولہ ولنا اجمعین۔"

آپ نے فرمایا: "اے ابو محمّد! گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السّلام اپنے اہل و عیال کے ساتھ مسجدِ سہلہ میں وارد و نازل ہوئے ہیں۔

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، کیا وہی ان کا مسکن ہوگا۔؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں، وہی مقام حضرت ادریسؑ کا بھی مسکن تھا، وہی حضرت ابراہیمؑ خلیل الرّحمٰن کا بھی مسکن تھا اور اللہ تعالیٰ نے جس نبی کو بھی مبعوث فرمایا اُس نے اس میں آکر نماز پڑھی، اسی میں حضرت خضرؑ کا بھی مسکن ہے، اور اس میں قیام کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے اُس نے حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے خیمے میں قیام کیا ہو۔ اور ہر مومن و مومنہ کا قلب اِس مسجدِ سہلہ کی طرف مائل ہوتا ہے۔

میں نے عرض کیا: کیا امام قائم علیہ السّلام اس میں ہمیشہ رہیں گے؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں۔

میں نے عرض کیا: اور اُن حضرتؑ کے بعد؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں، اسی طرح اُن حضرتؑ کے بعد بھی وہ لوگ دنیا کے تمام ہوتے تک وہیں آباد رہیں گے۔

میں نے عرض کیا: پھر اُن جنابؑ کے عہدِ حکومت میں اہلِ ذمّہ (کافرِ ذمّی) کے ساتھ کیا سلوک ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: جس طرح حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اُن (ذمّیوں) سے صلح فرمائی تھی اسیطرح یہ بھی اُن (ذمّیوں) سے صلح فرمالیں گے لیکن وہ جزیہ ضرور ادا کریں گے۔

میں نے عرض کیا: اور آپؑ حضرات کے دشمنوں کا کیا ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: نہیں، اے ابو محمّد! ہماری سلطنت میں ہمارے دشمنوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ ظہورِ امام قائمؑ کے وقت اُن دشمنوں کا خون ہمارے لیے مباح ہوگا، مگر آجکل (اِس دور) اُن کا خون (بہانا) ہم پر اور تم لوگوں پر حرام ہے۔ تم میں سے کوئی شخص غلط فہمی میں نہ رہے۔ جب ہمارا قائمؑ ظہور کرے گا تو وہ اللہ کا اور اس کے رسولؐ کا اور ہم سب کا انتقام لے لیگا۔"

(مزارِ کبیر)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۹۲) حضرت امام قائمؑ، آنحضرتؐ کی سیرت پر عمل کریں گے

صفّار نے ابنِ ابی الخطّاب سے، اُنھوں نے جعفر بن بشیر اور محمّد بن عبداللہ بن ہلال سے اُنھوں نے علاء سے، اور علاء نے محمّد سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے سوال کیا کہ جب حضرت امام قائم علیہ السّلام ظہور فرمائیں گے تو وہ جناب کس سیرت پر عمل کریں گے۔؟

فقالؑ: "بسیرۃ ما سار بہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ حتّی یظہر الاسلام

قلت: وما کانت سیرۃ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ ؟

قالؑ: ابطل ما کانت فی الجاھلیّۃ واستقبل النّاس بالعدل وکذلک القائم علیہ السّلام إذا قام یبطل ما کان فی الھدنۃ ممّا کان فی ایدی النّاس ویستقبل بھم العدل:" (تہذیب)

آپؑ نے فرمایا: "(امام قائمؑ) اسی سیرت پر عمل کریں گے جس پر حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمل کیا تھا، یہانتک کہ اسلام غالب آجائے گا۔

میں نے عرض کیا: حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی سیرت کیا تھی ؟

آپؑ نے فرمایا: ایّام جاہلیّت کے جتنے رسم ورواج تھے آنحضرتؐ نے اُن سب کو باطل کردیا تھا اور لوگوں کو عدل کی طرف مائل کیا تھا۔ اسی طرح حضرت امام قائم علیہ السّلام جب ظہور کریں گے تو اُن تمام چیزوں کو باطل کردیں گے جو زمانۂ جنگ بندی میں لوگوں کے درمیان جاری وساری رہیں اور انھیں عدل کی طرف لیجائیں (مائل کریں) گے۔" (تہذیب)

نوٹ: "مخالفین کے اعتراض کا جواب"

ہمارے شیخ وبزرگ حضرت علّامہ طبرسی علیہ الرّحمہ نے اپنی کتاب "اعلام الوریٰ" میں تحریر فرمایا ہے کہ اگر کسی مخالف کی طرف سے یہ کہا جائے کہ اس بات پر اجماع ہے کہ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے بعد کوئی نبی نہیں ہے مگر تم لوگوں کا عقیدہ ہے کہ جب حضرت امام قائم علیہ السّلام ظہور کریں گے تو اہلِ کتاب سے جزیہ قبول نہیں کریں گے، اور جس کی عمر بیس۲۰ سال ہوگئی اور اُس نے علمِ دین حاصل نہیں کیا اُس کو قتل کردیں گے، مساجد ومشاہد کو منہدم کرادیں گے جس طرح حضرت داؤدؑ فیصلے کیا کرتے تھے وہ فیصلے کریں گے۔ اور اسی طرح کی اور بہت سی باتیں جو تم لوگوں کی روایات میں ہیں، تو اس سے تو شریعت بھی منسوخ اور اُس کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

احکامات باطل ہوجائیں گے۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ تم لوگ لفظاً اُن کو نبی نہیں کہتے، مگر معناً اُن کی نبوّت ثابت کرتے ہو۔

اس کا جواب یہ ہے:۔

"جو باتیں اعتراضاً کہی گئی ہیں مثلاً یہ کہ وہ اہلِ کتاب سے جزیہ قبول نہیں کریں گے اور بیس۲۰ سال کی عمر تک جس نے علمِ دین حاصل نہیں کیا اُسے قتل کردیں گے۔ یہ باتیں تو ہمارے یہاں کسی روایت میں نہیں ہیں اور اگر بالفرض کسی روایت میں ہوں بھی تو وہ غیر قطعی اور ناقابلِ اعتبار ہیں۔

رہ گیا مساجد و مشاہد کا انہدام تو اگر ان کی بنیاد تقویٰ کے خلاف اور حکمِ خدا کے خلاف رکھی گئی ہے تو اُس کا انہدام تو شریعت کے عین مطابق ہے اور اِس پر خود حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم بھی عمل کر چکے ہیں۔

اور وہ روایت جس میں یہ ہے کہ وہ جناب آلِ داؤدؑ کی طرح فیصلہ فرمائیں گے اور کسی سے ثبوت و دلیل طلب نہیں کریں گے، تو روایت بھی غیر قطعی ہے۔ اور اگر بالفرض یہ روایت صحیح ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ جناب اپنے علمِ (لدنّی) پر فیصلہ کریں گے، اور یہ بدیہی امر ہے کہ اگر امام یا حاکم مقدمے کا ذاتی علم رکھتا ہوگا تو وہ اپنے علم کے مطابق فیصلہ کرے گا کسی سے کیوں گواہی طلب کرے گا، اور اس سے شریعت کا منسوخ ہونا تو لازم نہیں آتا۔

علاوہ برایں جزیے کا قبول نہ کرنا، یا کسی مقدمے میں ثبوت کا نہ سننا اگر یہ صحیح بھی ہو تو اس سے شریعت کا منسوخ کردینا کیسے لازم آئے گا جبکہ نبیٔ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم یہ ارشاد فرما چکے ہیں کہ امام قائمؑ میری ذرّیت و اولاد میں سے ہوگا اس کی اتّباع اور اس کے احکامات پر عمل واجب ہے۔ تو اگر وہ کوئی ایسا حکم دیں گے جو سابقہ احکامات کے خلاف ہو تو اس سے شریعت کا منسوخ ہونا لازم نہیں ہوسکتا، بلکہ رسولِ خداؐ کے حکم پر عمل ہے جو عینِ شریعت ہے۔ (اعلام الوریٰ)

(۱۹۳) ظہورِ امام قائمؑ کی روایات کو نزولِ عیسیٰؑ سے منسوب کردیا گیا

حسین بن مسعود نے اپنی کتاب "شرح السنّۃ" میں اپنے اسناد کے ساتھ حضرت نبیٔ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا:

قالؐ: والّذی نفسی بیدہ لیوسکنّ اَنْ ینزّل فیکم ابنِ مریمؑ حکماً عدلاً

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ فیفیض المال حتّی لا یقبلہ احد۔"

ثمّ قال: قولہ: اُس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ عنقریب ابنِ مریمؑ حکم اور عدل کے ساتھ تم لوگوں میں نازل ہوں گے۔ صلیب کو توڑ دیں گے خنزیر کو قتل کر دیں گے، جزیہ کو ختم کر دیں گے اور مال کی اسقدر سخاوت کرینگے کہ کوئی قبول کرنے والا نہ ملے گا۔"

اِس کے بعد مذکورہ بالا حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ:

"صلیب کے توڑنے" کا مطلب یہ ہے کہ مذہب نصرانیہ کو باطل کر دیں گے۔ اور حکم" سے مراد، شرعِ اسلام کے مطابق فیصلہ کریں گے۔

"خنزیر کو قتل کرنے" سے مراد، یہ ہے کہ اس کا کھانا، یا اُس سے کوئی اور فائدہ حاصل کرنا حرام اور اس کے قتل کو جائز قرار دیں گے، اس لیے کہ وہ نجس العین ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اسلامی شریعت کے حکم پر اس کو قتل کریں گے کیونکہ وہ طاہر چیز جو نفع بخش ہو اُس کا تلف کرنا مباح نہیں ہے۔

آپؐ کا یہ فرمانا کہ وہ "جزیہ کو اہلِ کتاب سے ختم کر دیں گے" اس کا مطلب یہ ہے کہ اُن سب لوگوں کو اسلام پر لائیں گے۔

چنانچہ: ابوہریرہ نے نبیٔ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے نزولِ عیسیٰؑ کے متعلّق روایت کی ہے کہ:

آپؐ نے ارشاد فرمایا: "ویہلک فی زمانہ الملل کلّہا اِلّا الاسلام ویہلک الدّجّال فیمکث فی الارض اربعین سنۃ ثمّ یتوفّی فیصلّی علیہ المسلمون"

ترجمہ: "اور اُن کے زمانے میں اسلام کے سوا تمام ملّتیں ہلاک (ختم) ہو جائیں گی، دجّال ہلاک ہوگا، پھر حضرت عیسیٰ علیہ السّلام چالیس سال تک زمین پر زندہ رہیں گے اس کے بعد وفات پائیں گے تو مسلمان اُن کی نماز جنازہ پڑھیں گے۔"

آنحضرتؐ کا یہ ارشاد، کہ "امام قائمؑ جزیہ ختم کر دیں گے۔" اس کا مطلب یہ ہے کہ:

"مال و دولت کی فراوانی ہوگی، ایسا کوئی شخص نہ ملے گا جس پر جزیہ کی رقم صرف کی جائے، وہ مال دیں گے مگر اس کا قبول کرنے والا نہ ملے گا۔"

نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا: "اس وقت تم لوگوں کا کیا حال ہوگا جب دیکھو گے کہ ابنِ مریمؑ آسمان سے نازل ہوئے اور تمہارا امام تم میں سے ہے۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

معروضہ : اس طرح کی روایات نہ صرف ہمارے یہاں بلکہ حسین بن مسعود صاحبِ کتاب "شرح السنّۃ" اور ان کے علاوہ دوسرے علماءِ اہلِ سنّت نے بھی سیرتِ حضرت امام قائمؑ میں اس طرح کی بہت سی روایات نقل کی ہیں اور یہ سب باتیں حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی طرف منسوب کردی ہیں۔ مگر اس کے ساتھ یہ بھی تحریر کردیا ہے کہ "اِمامکم منکم" تمہارا امام تم میں سے ہوگا۔

لہٰذا اِس سلسلے میں جو جواب اہلِ سنّت کا ہوگا وہی جواب ہمارا بھی ہے۔ یہ شبہ اور اعتراض دونوں کے لیے مشترک ہے۔

(۱۹۴) حضرت ادریسؑ کے صحیفے میں کیا تحریر ہے؟

علامہ سیّد ابنِ طاوس قدس اللہ روحہٗ نے اپنی کتاب "سعد السّعود" میں تحریر فرمایا ہے کہ میں نے حضرت ادریس علیہ السّلام کے صحیفوں میں جہاں ابلیس کے سوال اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے جواب کا ذکر ہے، لکھا ہے کہ:

ابلیس نے کہا: پروردگار! تو مجھے قیامت کے دن تک کی مہلت دے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: "لا" فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ

" " نہیں" بلکہ تجھے یومِ وقتِ معلوم تک کی مہلت ہے "

اس لیے کہ میں نے حتمی طور پر یہ فیصلہ کرلیا ہے۔ اس دن زمین کو کفر و شرک اور معاصی سے پاک کردوں گا اور اُس وقت کے لیے میں نے ایسے بندے منتخب فرمالیے ہیں جن کے قلوب کا میں نے ایمان و خشوع و ورع و اخلاص و یقین و تقویٰ و صدق، و حلم و صبر و وقار و زہد فی الدّنیا اور اپنی طرف رغبت سے امتحان لے لیا ہے اور میں نے انھیں داعیانِ شمس و قمر اور زمین پر اپنا خلیفہ بنانے کا فیصلہ کرلیا ہے اور انھیں اُس دین کا حاکم بناؤں گا جس کو میں نے اُن کے لیے پسند کیا ہے۔ اس کے باوجود وہ صرف میری عبادت کریں گے، میرے ساتھ کسی کو شریک قرار نہیں دیں گے، وہ نماز قائم کریں گے، زکوٰۃ دیں گے، نیکی کا حکم دیں گے اور برائیوں سے روکیں گے۔

اور ہم اُس زمانے میں زمین پر امانت و دیانت اتاریں گے جس سے کوئی بھی شے کسی شے کو ضرر نہیں پہونچائے گی، کوئی شے کسی شے سے خوف نہیں کھائے گی، درندے اور چرندے آدمیوں کے درمیان گھومتے پھریں گے لیکن کسی کو اذیّت نہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پہونچائیں گے، ہم ہر زہریلے جانور کا زہر دور کر دیں گے، ہر ڈنک مارنے والے کا ڈنک نکال دیں گے، آسمان سے برکتیں نازل کریں گے، زمین کو رونق بخشیں گے اچھے اچھے پودے اُگیں گے جن پر لذیذ و طیّب پھل آئیں گے۔

ہم لوگوں کے دلوں میں رحمت و نرمی ڈالدیں گے جس سے لوگ آپس میں بڑے حسن سلوک کا برتاؤ کریں گے، اور مال برابر برابر تقسیم کریں گے جس کی وجہ سے فقیر غنی ہو جائیں گے اور کوئی کسی پر اپنی بڑائی نہ دکھائے گا۔ بڑا چھوٹے پر رحم کرے گا اور چھوٹا، بڑے کا احترام کرے گا۔ سب لوگ دینِ حق پر چلیں گے، عدل سے کام لیں گے اور عدل سے فیصلہ کریں گے، وہی میرے اولیاء ہیں جن کے لیے ہم نے ایک نبی مصطفٰےؐ کو اور ایک امین مرتضےٰؑ کو منتخب کیا ہے، ہم نے اُن کو نبی بنایا اور ان لوگوں کو اُن کا ولی اور انصار بنایا، یہی وہ امّت و گروہ ہے جسے ہم نے اپنے نبی مصطفٰےؐ کے لیے اور اپنے امین مرتضٰیؑ کے لیے منتخب کیا ہے، ان سب کو میں نے اپنے علمِ غیب میں چھپا رکھا ہے اور اس کا ہونا لابدّی ہے۔ اس دن میں تجھے اور تیرے تمام پیدل اور سواروں کے لشکر کو نیست و نابود کر دوں گا۔ جا اب تجھے یوم وقتِ معلوم تک کے لیے مہلت دیدی گئی۔" (کتاب "سعد السعود" ابنِ طاؤس)

اب عرض یہ ہے کہ یہ جتنی باتیں مذکور ہوئیں مع ابلیس اور اس کے لشکر کے نیست و نابود ہونگے۔ یہ کام حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تک تو وقوع پذیر نہیں ہوا اور نہ آنحضرتؐ کے بعد۔ لہٰذا لازمی ہے کہ یہ امام قائمؑ کے عہد میں وقوع پذیر ہو۔

(۱۹۵) غیبت کی وجہ

سیّد علی ابن عبد الحمید نے اپنی کتاب "غیبۃ" میں اپنے اسناد کے ساتھ حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

(آیۃ) "فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا" (الشعراء ۲۱)

ترجمہ "پس میں تم میں سے فرار (غائب) ہو گیا کیونکہ میں تم سے خائف تھا اور (میرا رب) میرے پروردگار نے مجھے حکم عطا فرمایا۔"

روایت: "خفتکم علیٰ نفسی وجئتکم لمّا اُذن لی ربّی واصلح لی امری"

ترجمۂ روایت "یعنی: مجھے تم لوگوں سے اپنی جان کا خطرہ لاحق تھا، اور اب آیا ہوں جب میرے پروردگار نے مجھے حکمِ ظہور فرمایا ہے اور میرے لیے میرے معاملات کو درست فرما دیا ہے۔"

(بحار الانوار ۲۱ از عبد الحمید)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۹۶) وقتِ ظہور کون ثابت قدم رہیگا

اپنے اسناد کے ساتھ ابوبصیر سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"لو خرج القائم علیہ السلام بعد اَن اَنکرہ کثیر من النّاس یرجع الیھم شابًّا فلا یثبت علیہ اِلّا کلّ مؤمن اخذ اللہ میثاقہ فی الذّر الاوّل"

ترجمہ "بہت لوگ آپؑ کے وجود سے انکار کر چکے ہوں گے اُس وقت امام قائمؑ ظہور فرمائیں گے تو آپؑ عالمِ شباب جوانی میں ہوں گے، اور اُس وقت ایمان پر ہر وہ مومن ثابت قدم رہے گا جس سے اللہ تعالیٰ نے عالمِ ذر میں عہد و میثاق لے لیا ہوگا۔"

اور اپنے اسناد کے ساتھ سماعہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ نے ارشاد فرمایا:

"کانّی بالقائم علیہ السلام علیٰ ذی طُویٰ قائمًا علیٰ رجلیہ حافیًا، یرتقب بسنّۃ موسیٰ علیہ السلام حتّیٰ یأتی المقام فیدعو فیہ"

ترجمہ: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السلام مقامِ ذی طُویٰ سے پاپیادہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی سنّت پر عمل کرتے ہوئے آرہے ہیں اور جب مقام (ابراہیم) پر پہونچیں گے تو وہاں لوگوں کو دعوت دیں گے۔

(۱۹۷) کوفے میں مومنین کا اجتماع

اپنے اسناد کے ساتھ حضرمی نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا:

"جبرئیل عن یمینہ ومیکائیل عن یسارہ وعنہ: قال: اذا قام القائمؑ ودخل الکوفۃ لم یبق مؤمن الّا وھو بھا"

"امام قائمؑ کے داہنے جانب جبرئیلؑ اور بائیں جانب میکائیلؑ ہوں گے۔"

اور آپؑ نے فرمایا: جب امام قائمؑ ظہور فرمائینگے تو کوفہ تشریف لیجائینگے پھر کوئی مومن ایسا نہ ہوگا جو آپ کے ساتھ نہ ہو۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۹۸) مجھے وہ مقام زیادہ پسند ہے جہاں ؟

کتاب فضل بن شاذان میں سعد سے روایت ہے کہ حضرت ابوالائمہ امام علی بن ابوطالبؑ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا؛ اور اس روایت کو سعد نے حضرت ابومحمدؑ امام حسن علیہ السلام سے نقل کیا کہ:

قالؑ: "لموضع الرّجل فی الکوفة أحبُّ الیَّ من دارفی المدینة"

"وہ مقام جہاں اس مرد (امام قائمؑ) کا مسکن ہوگا مجھے مدینہ کے گھر سے زیادہ پسند ہے"۔

و

★ اور سعد بن اصبغ نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ آپ فرماتے تھے کہ: "من کانت له داربالکوفة فیتمسّك بها"

"جس کا گھر کوفہ میں ہو وہ اس سے متمسک رہے، اُسے نہ چھوڑے"۔

(۱۹۹) امام قائمؑ اُس کو شکست دینگے

اپنے اسناد کے ساتھ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ:

"یهزم المهدیُّ علیہ السلام تحت شجرة اغصانها مدلاّة فی الحیرة طویلة"۔

"حضرت امام مہدی علیہ السلام مقام حیرہ میں ایک گھنے درخت کے نیچے (سفیانی) کو شکست دیں گے۔"

(۲۰۰) دو جھاؤ کے درختوں کو نکالکر جلائیں گے ؟

اپنے اسناد کے ساتھ بشیر نبال نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا:

قالؑ "هل تدری اوّل ما یبدء به القائم علیہ السلام۔ ؟"

قلت: لا۔

قالؑ: یخرج هذین رطبین غضّین فیحرقهما ویذریهما فی الرّیح ویکسر المسجد۔ ثمّ۔ قالؑ: انّ رسول اللہؐ

قالؑ عریش کعریش موسیٰ علیہ السلام وذکر انّ مقدم مسجد رسول اللہؐ کان طیناً وجانبه جرید النّخل۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپؑ نے فرمایا: "کیا تمھیں معلوم ہے کہ امام قائمؑ اپنا عمل کہاں سے شروع کریں گے؟
میں نے عرض کیا: (فرزندِ رسولؐ!) مجھے تو علم نہیں ہے۔
آپؑ نے فرمایا: "سب سے پہلے اُن دو[۲] جھاؤ کے جھاڑوں کو (مدفن) سے نکال کر جلا ڈالیں گے، اور اُن کی راکھ کو ہوا میں اڑا دیں گے، اس کے بعد مسجد کو مسمار کریں گے۔
پھر فرمایا: حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا تھا کہ چھپّر کا سائبان جیسے حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا سائبان تھا۔
پھر فرمایا: مسجدِ رسولؐ میں مٹّی کا چبوترہ تھا جس کے ایک طرف کھجور کے تنے کا ستون تھا۔"

(۲۰۱) چہار دیواری کا انہدام

اور اپنے اسناد کے ساتھ اسحاق بن عمّار نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ: اذا قدم القائمُ علیہ السّلام وثب ان یکسر الحائط الّذی علیٰ القبر فیبعث اللہ تعالیٰ ریحًا شدیدۃً وصواعق ورعودًا حتّی یقول النّاس: اِنّما ذالذا، فیتفرّق اصحابہ عنہ حتّی لایبقیٰ معہ احد، فیاخذ المعول بیدہ، فیکون اوّل من یضرب بالمعول ثمّ یرجع اِلیہ اصحابہ اِذا رأوہ یضرب المعول بیدہ، فیکون ذالک الیوم فضل بعضہم علیٰ بعض ویصلبہما ثمّ ینزلہما ویحرّقہما ثمّ یذریہما فی الرّیح

آپؑ نے فرمایا: "جب امام قائمؑ پیشقدمی کریں گے اور قبر کے گرد چہار دیواری کو توڑنے کے لیے آگے بڑھیں گے تو اللہ تعالیٰ شدید آندھی کو گرج و چمک کے ساتھ بھیجے گا۔ لوگ کہنے لگیں گے کہ یہ (آندھی وغیرہ) اسی وجہ سے ہے۔ اور آپؑ کے ساتھی بھی آپ کا ساتھ چھوڑ جائیں گے اور کوئی باقی نہ رہے گا تو آپ کدال (کھدال) خود اپنے ہاتھ میں لیں گے اور آپؑ پہلے شخص ہوں گے جو اس پر کدال (کھدال) چلائیں گے۔ پھر آپ کے ساتھی جب یہ دیکھیں گے تو وہ بھی آجائیں گے اور اُس دن جسقدر جلد اور پہلے جو سبقت کرے گا اس کو اتنی ہی فضیلت حاصل ہوگی اور سب ملکر چہار دیواری کو منہدم کر دیں گے پھر دو[۲] جھاؤ کے جھاڑوں کو نکال کر جلائیں گے اور اُس کی راکھ ہوا میں اُڑا دیں گے۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۰۲) حکومتِ امامِ قائم اور آپکے اصحاب کے اوصاف

اور ان ہی اسناد کے ساتھ حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا

"یملك القائم سبع سنین تکون سبعین سنة من سنیکم هذه"

ترجمہ (امام قائم علیہ السلام کی حکومت سات سال تک رہے گی جو تمہارے ستر سال کے برابر ہوں گے۔)

★ نیز ان ہی جناب (امام جعفر صادق علیہ السلام) سے روایت ہے:

قال ع: "کأنّی انظر إلی القائم علیہ السلام واصحابه فی النجف الکوفة کأنّ علی رؤسهم الطیر قد فنیت ازوادهم وخلقت ثیابهم، قد أثر السجود بجباههم لیوث باللّیل رهبان باللّیل کأنّ قلوبهم زبر الحدید، یعطی الرّجل منهم قوّة اربعین رجلاً لا یقتل احداً منهم إلّا کافر او منافق وقد وصفهم الله تعالیٰ بالتوسّم فی کتابه العزیز بقوله:

(الآیة) "إنّ فی ذٰلك لآیٰت لّلمتوسّمین." (سورۃ الحجر آیت ۷۵)

یعنی (بیشک اس میں باریک بیں لوگوں (اہلِ فراست) کے لیے نشانیاں ہیں)

آپ نے فرمایا:

ترجمۂ روایت: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السلام اور اُن کے اصحاب نجفِ کوفہ میں ہیں اور اس طرح خاموش ہیں گویا اُن کے سروں پر طائر بیٹھے ہوتے ہیں، اُن کا زادِ سفر ختم ہو چکا ہے، اُن کے لباس بوسیدہ اور پرانے ہو گئے ہیں، ان کی پیشانیوں پر سجدوں کے نشان ہیں، دن کے وقت شیر جیسے نظر آتے ہیں اور سب کے وقت عابدانِ شب زندہ دار، اُن کے قلوب گویا فولاد کے بنے ہوئے ہیں۔ اُن میں سے ہر ایک شخص میں چالیس آدمیوں کی طاقت ہے، اُن میں سے ہر ایک سوائے کافر اور منافق کے اور کسی کو قتل نہیں کرتے اور اللہ تعالیٰ نے ان ہی کی صفت کا ذکر قرآن مجید میں بیان فرمایا ہے کہ وہ صاحبانِ فراست ہیں:

"إنّ فی ذٰلك ..... لّلمتوسّمین" (حجر ۷۵)

یعنی (بیشک اس میں صاحبانِ فراست کے لیے نشانیاں ہیں۔)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۰۳ عہدنامۂ رسولؐ آپؑ کی جیب میں ہوگا

عبداللہ بن سنان کا بیان ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

قالؑ: "یقتل القائم علیہ السلام حتّی یبلغ السوق قال یقول له: رجل من ولد ابیه: اِنّكَ لتجفل النّاس اِجفال النعم، فبعهد من رسول الله صلی الله علیه وآله اَو بماذا؟

قالؑ: ولیس فی النّاس رجل اشدُّ منه بأسًا فیقوم الیه رجل من الموالی فیقول له: لتسكتنّ اَولاَضربنّ عنقك فعند ذلك یخرج القائم علیہ السلام عهدًا من رسول الله صلّی الله علیه وآله۔"

آپؑ نے فرمایا: "حضرت امام قائم علیہ السلام جب (دشمنوں کو) قتل کرتے ہوئے بازار میں پہونچیں گے تو آپ کے والد بزرگوار کی اولاد میں سے ایک شخص جس کی قوت و طاقت بہت زیادہ ہوگی وہ اپنی نظیر نہ رکھتا ہوگا، آپؑ سے کہے گا کہ آپ اِن لوگوں کو اس طرح ہنکا رہے ہیں جسطرح جانوروں کو ہنکایا جاتا ہے۔ کیا آپؑ کے پاس حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا کوئی عہدنامہ ہے یا کوئی اور چیز ہے؟ یہ سنکر آپؑ کے موالیوں میں سے ایک شخص کہے گا، خاموش رہو ورنہ میں تمھاری گردن اڑادونگا اُس وقت حضرت امام قائم علیہ السلام اپنی جیب سے حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا عہدنامہ نکال کر اُس کو دکھائیں۔"

(گذشتہ روایت میں یہ بھی ہے کہ: پھر وہ شخص آپؑ کے ہاتھ پر بیعت کرے گا....)

۲۰۴ صحرا میں پھلدار درخت

کابلی نے حضرت امام علی ابن الحسینؑ علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قالؑ "یقتل القائم علیہ السلام من اهل المدینة حتّی ینتهی اِلی الاَجفر ویصیبهم مجاعة شدیدة: قالؑ فیضجّون وقد نبتت لهم ثمرة یأكلون منها ویتزوّدون منها، وهو قوله تعالیٰ شأنه (الآیة) "وَاٰیَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَیْتَةُ اَحْیَیْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ یَاْكُلُوْنَ۔" (سورہ یٰسٓ آیت ۳۳)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثمّ یسیر حتّی ینتهی الی القادسیّة وقد اجتمع النّاس بالکوفة ویبایعوا السفیانیّ۔"

آپؑ نے فرمایا: "امام قائم علیہ السلام جب اہلِ مدینہ کو قتل کرتے ہوئے مقامِ اجفر تک پہونچیں گے تو آپؑ کی فوج شدید بھوک میں مبتلا ہوگی تو وہاں اُن کے لیے پھلدار درخت اُگیں گے اور وہ اُن (پھلوں) کو کھائیں گے اور اُن ہی سے زادِ سفر مہیّا کرلیں گے۔ اور اسی کے متعلّق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ترجمۂ آیت: "اور اُن کے لیے ایک نشانی مردہ زمین ہے کہ جس کو ہم نے زندہ کیا اور ہم نے اس میں سے اناج کو نکالا، جس میں سے وہ کھاتے ہیں۔" (سورۂ یٰسین ۳۳)

ترجمۂ روایت: پھر وہاں سے چلکر قادسیہ پہونچیں گے۔ اُدھر کوفہ میں بہت سے لوگ جمع ہونگے اور سفیانی کی بیعت کرلیں گے۔"

(۲۰۵) دشمنوں سے آپؑ کا برتاؤ کیا ہوگا؟

اپنے اسناد کے ساتھ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے

قالؑ: "یقدم القائم علیہ السّلام حتّیٰ یأتی النّجف فیخرج الیه من الکوفة جیش السفیانی واصحابه، والنّاس معه وذٰلك یوم الاربعاء، فیدعوهم ویناشدهم حقّه ویخبرهم انّه مظلوم مقهور ویقول: من حاجّنی فی الله فانا اولی النّاس بالله۔۔۔" الیٰ اٰخرها تقدّم من هٰذه"۔۔

فیقولون: ارجع من حیث شئت لاحاجة لنا فیك، قد خبّرناکم و اختبرناکم فیتفرّقون من غیر قتال۔

فاذا کان یوم الجمعة یعاودفیجیء سهم فیصیب رجلاً من المسلمین فیقتله فیقال انّ فلاناً قد قتل فعند ذالك ینشر رایة رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ فاذا نشرها انحطّت علیه ملائکة بدر فاذا زالت الشمس هبّت الرّیح له فیحمل علیهم هو واصحابه فیمنحهم الله اکتافهم ویولّون، فیقتلهم حتّی یدخلهم ابیات الکوفة وینادی منادیه الّا لاتتّبعوا موّلیاً ولا تجهّزوا علی جریح ویسیر بهم کما سار علیؑ یوم البصرة"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ روایت: "آپ نے فرمایا: "امام قائم علیہ السلام وہاں سے چلکر نجف اشرف پہونچیں گے اور ادھر کوفہ سے سفیانی، اس کے اصحاب اور اُس کا لشکر نکلے گا وہاں کے لوگ بھی اس کے ساتھ ہوں گے۔ یہ چہار شنبہ کا دن ہوگا۔ امام قائم علیہ السلام ان سب کو پکار کر اپنے حق کا واسطہ دیں گے اور بتائیں گے کہ وہ مظلوم و مقہور ہیں اور فرمائیں گے کہ جو مجھ سے اللہ کے متعلق بحث کرے گا میں ثابت کردوں گا کہ میں تمام لوگوں سے زیادہ اللہ کا حقدار ہوں، وغیرہ وغیرہ (جو اس سے قبل روایات میں مذکور ہے) اور وہ لوگوں جواب دیں گے کہ:

"ہمیں تمھاری ضرورت نہیں ہے تم واپس چلے جاؤ ہم تمھیں بتا چکے ہیں اور تم لوگوں کو آزما چکے ہیں۔"

یہ کہکر وہ لوگ بغیر جنگ کیے منتشر ہو جائیں گے۔

جمعہ کے دن وہ لوگ پھر پلٹ کر آئیں گے اور ایک تیر پھینکیں گے جو مسلمانوں میں سے ایک شخص کو لگے گا اور وہ مر جائے گا اور لوگ کہیں گے کہ فلاں شخص کو قتل کر دیا گیا یہ سنکر امام قائم علیہ السلام حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عَلَمِ مبارک (کا پرچم) کھولیں گے اور اُس کے نشر ہوتے ہی ملائکۂ بدر نازل ہوں گے، زوالِ آفتاب کے وقت سخت آندھی چلے گی جو سفیانی کی فوج پر حملہ کردے گی وہ بھاگ کھڑے ہوں گے اور امام علیہ السلام اُن کو قتل کرنا شروع کردیں گے اور اُنھیں بھگا کر کوفے کے گھروں میں داخل کردیں گے۔ پھر ایک منادی اعلان کرے گا کہ ان بھاگنے والوں کا پیچھا نہ کرو اور زخمیوں کو بھی قتل نہ کرو۔" اور آپؑ ان لوگوں کے ساتھ وہی برتاؤ کریں گے جو حضرت ابوالائمہ امام علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام نے جنگِ بصرہ (جمل) میں کیا تھا۔"

(۲۰۶) سفیانی بیعت کرکے پھر جائے گا

جابر بن زید سے مرفوعاً روایت ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا:

"اذا بلغ السفیانی انّ القائم قد توجّہ الیہ من ناحیۃ الکوفۃ یتجرّد بخیلہ حتّی یلقی القائم فیخرج فیقول: اخرجوا الیّ ابنِ عمّی، فیخرج علیہ السفیانیّ فیکلّمہ القائم علیہ السلام: فیجیء السفیانیّ فیبایعہ۔ ثمّ ینصرف الیٰ اصحابہ،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فیقولون له: ماصنعت ؟

فیقول : اسلمت وبایعت ۔

فیقولون له: قبّح اللہ رأیك بین ما أنت خلیفة متبوع فصرت تابعاً فیستقبله فیقاتله ، ثمّ یمسون تلك اللّیلة ، ثمّ یصبحون لِلقائم علیہ السّلام بالحرب فیقتتلون یومهم ذالك ۔

ثمّ ، اِنّ اللہ تعالیٰ یمنع القائم واصحابه اکتافهم فیقتلونهم حتّی یفنوهم حتّی اَنّ الرّجل یختفی فی الشجرة والحجرة فتقول الشّجرة والحجرة : یا مؤمن ! هٰذا رجل کافر فاقتله فیقتله ۔

قال : فتشبع السباع والطّیور من لحومهم ، فیقیم بها القائم ع ماشاء

ثمّ یقعد بها القائم علیہ السّلام ثلاث رایات : لواءٍ الی القسطنطینیة یفتح اللہ له ۔ ولواءٍ الی الصّین فیفتح له ، ولواءٍ الی جبال الدّیلم فیفتح له ۔"

ترجمۂ روایت : " جب سفیانی کو یہ خبر پہونچے گی کہ امام قائم علیہ السّلام نے اطرافِ کوفہ سے اُسکی طرف کا رُخ کیا ہے تو وہ اپنے ساتھیوں کے حلقے کے ساتھ امام علیہ السّلام کے مقابل جائے گا، تو امام علیہ السّلام فرمائیں گے : میرے ابنِ عم کو میرے پاس بھیجو ۔

چنانچہ : سفیانی اپنے حلقے سے نکل کر آپؑ کے پاس آئے گا ۔ امام قائم علیہ السّلام اُس سے گفتگو فرمائیں گے ، اِس کے بعد وہ آگے بڑھ کر آپؑ کے ہاتھ پر بیعت کرے گا ۔ پھر وہ پلٹ کر اپنے ساتھیوں میں جائے گا تو لوگ پوچھیں گے کہ تم نے کیا کیا ؟

وہ جواب دے گا : میں نے اُن کو تسلیم کر لیا ہے اور اُن کی بیعت کر لی ہے ۔

اُس کے ساتھی کہیں گے : اللہ تیرا منھ کالا کرے ۔ ابھی تک تو تم خلیفہ تھے اور لوگ تمھارے تابع تھے ۔ اب تم تابع بن گئے ۔ تم آگے بڑھ کر اُن سے جنگ کرو ۔

چنانچہ : وہ رات بھر وہیں رہیں گے اور صبح ہوتے ہی جنگ کا آغاز کریں گے اور تمام دن جنگ جاری رہے گی ۔

پھر اللہ تعالیٰ امام قائم علیہ السّلام اور آپؑ کے اصحاب کو اُن لوگوں پر غلبہ عطا فرمائے گا تو یہ (اصحاب امامؑ) اُن لوگوں کو اسقدر قتل کریں گے کہ وہ فنا ہو جائیں گے اور اگر اُنمیں سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کوئی شخص کسی درخت یا پتھر کی چٹان کے نیچے بھی جا چھپے گا تو وہ درخت اور پتھر آواز دے گا کہ "اے مومن! ایک کافر یہاں چھپا ہوا ہے آکر اسے قتل کر دے۔ اور وہ جا کر اُسے بھی قتل کر ڈالیگا اور اُن سب کے گوشت سے درندے اور پرندے اپنے پیٹ بھریں گے۔ پھر امام قائم علیہ السلام جتنے دن چاہیں گے قیام فرمائیں گے اِس کے بعد، امام قائم علیہ السلام تین لشکر تیار کریں گے۔ ایک لشکر قسطنطنیہ روانہ کریں گے اور اللہ تعالیٰ انھیں فتح دے گا، ایک لشکر چین روانہ کریں گے اللہ تعالیٰ انھیں بھی فتح عطا فرمائے گا، اور ایک لشکر جبالِ دیلم روانہ کریں گے وہ لشکر فتحیاب ہوگا۔

* اہلِ روم اسلام قبول کرلیں گے"

اور اپنے اسناد کے ساتھ مرفوعاً ابوبصیر نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے ایک طویل حدیث روایت کی ہے اس میں آپؑ نے ارشاد فرمایا:

قالؑ" وینهزم قوم کثیر من بنی اُمیّہ حتّی یلحقوا بارض الرُّوم فیطلبوا الیٰ ملکہا اَن یدخلوا اِلیہ فیقول لہم الملک: لا ندخلکم حتّی تدخلوا فی دیننا وتنکحونا وننکحکم و تأکلوا لحم الخنازیر و تشربوا الخمر وتحلّقوا الصّلبان فی اَعناقکم والزّنانیر فی اوساطکم۔ فیقبلون ذٰلک فیدخلونہم فیبعث الیہم القائم علیہ السّلام اَن: اَخرجوا ہٰؤلاء الّذین اَدخلتموہم فیقولون: قوم رغبوا فی دیننا وزہدوا فی دینکم فیقول علیہ السّلام اِنّکم ان لم تخرجوہم وضعنا السیف فیکم، فیقولون لہ: ہٰذا کتاب اللہ بیننا وبینکم۔

فیقولؑ: قد رضیت بہ فیخرجون الیہ فیقرأ علیہم واذا فی شرطہ الّذی شرط علیہم اَن یدفعوا الیہ من دخل الیہم مرتدًا عن الاسلام، ولا یردُّ اِلیہم من خرج من عندہم راغبًا الی الاسلام فاذا قرأ علیہم الکتاب ورأوا ہٰذا الشرط لازمًا لہم اَخرجوہم اِلیہ، فیقتل الرِّجال ویبقر بطون الحبالیٰ!! ویرفع الصّلبان فی الرّماح۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قالؑ: واللہ لکانّی انظر الیہ و الیٰ اصحابہ یقتسمون الدّنانیر علی الجحفۃ ثمّ تسلم الرُّوم علی یدہ فیبنی فیہم مسجداً و یستخلف علیہم رجلاً من اصحابہ ثمّ ینصرف۔

(ترجمہ) آپ نے ارشاد فرمایا: "اور بنی اُمیّہ کی ایک کثیر تعداد شکست کھا کر بھاگے گی اور ملک روم پہونچے گی اور وہ لوگ وہاں کے بادشاہ سے ملک میں داخلے کی اجازت چاہیں گے وہ کہے گا: ہم اُس وقت تمہیں داخلے کی اجازت دیں گے جب تم لوگ ہمارا دین قبول کرو، اور تم لوگوں (کی عورتوں) سے نکاح کریں گے اور تم لوگ ہم سے ازدواجی رشتے قائم کرو۔ اور تم لوگوں کو خنزیر کا گوشت کھانا پڑے، شراب پینی ہوگی، گلے میں صلیب اور کمر میں زُنّار باندھو گے۔

چنانچہ: بنی اُمیّہ کے وہ لوگ ساری شرطیں قبول کریں گے اور روم میں داخل ہو جائیں گے پھر امام قائم علیہ السّلام اُن کے پاس پیغام بھیجیں گے کہ جن لوگوں کو تم نے اپنے ملک میں داخل کر لیا ہے انھیں نکالو۔

وہ لوگ جواب دیں گے: اُن لوگوں (بنی اُمیّہ) نے تمہارا دین چھوڑ کر ہمارا دین اختیار کر لیا ہے۔

امامؑ فرمائیں گے: اگر تم لوگ اُن سب کو نہیں نکالو گے تو ہم تم ہی لوگوں کو قتل کر دیں گے۔

وہ لوگ کہیں گے: ہمارے اور آپ کے درمیان کتابِ خدا ہے۔

آپ فرمائیں گے: مجھے منظور ہے بشرطیکہ تم لوگ اُن سب کو ہمارے حوالے کر دو جو اسلام سے مرتد ہو کر تمہارے پاس آ گئے ہیں، مگر تم میں سے جو شخص خود اپنی مرضی سے اسلام قبول کر لیگا، ہم اُس کو بھی واپس نہ کریں گے۔

الغرض: وہ لوگ بنی اُمیّہ کو آپؑ کے حوالے کر دیں گے۔ امام علیہ السّلام ان کے مردوں کو قتل کریں گے، حاملہ عورتوں کے بچّوں کو بھی ختم کریں گے۔

پھر امام محمد باقر علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا:

"گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السّلام کے اصحاب مقام جحفہ پر آپس میں دینار تقسیم کر رہے ہیں۔ اس کے بعد اہلِ روم آپؑ کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیں گے اور اُن کے لیے روم میں ایک مسجد تعمیر کرائیں گے اور اپنے اصحاب میں سے ایک شخص کو وہاں پر اپنا نائب مقرّر فرما کے وہاں سے واپس ہوں گے۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۰۷ چار فیصلے چار انبیاءؑ کے مطابق

ابوبصیر نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ؑ: یقضی القائم بقضایا ینکرھا بعض اصحابہ ممن قد ضرب قدّامہ بالسیف وھو قضاء آدم علیہ السلام فیقدّھم فیضرب اعناقھم ثمّ یقضی الثّانیۃ فینکرھا قوم آخرون فیضرب اعناقھم ثمّ یقضی الثّانیۃ فینکرھا قوم آخرون ممن قد ضرب قدّامہ بالسیف وھو قضاء داؤد علیہ السلام فیقدّمھم فیضرب اعناقھم ثمّ یقضی الثالثۃ فینکرھا قوم آخرون ممن قد ضرب قدّامہ بالسیف وھو قضاء ابراھیم علیہ السلام فیقدّمھم فیضرب اعناقھم ثمّ یقضی الرّابعۃ وھو قضاء محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فلا ینکرھا احد علیہ۔"

آپؑ نے فرمایا: "امام قائم علیہ السلام ایک مقدمے کا فیصلہ حضرت آدم علیہ السلام کے فیصلے کے مطابق کریں گے تو آپ کے کچھ ساتھی اس کی مخالفت کریں گے تو انھیں طلب کرکے اُن کی گردن ماردی جائے گی۔ پھر آپ دوسرا فیصلہ حضرت داؤد علیہ السلام کے مطابق کریں گے تو کچھ لوگ اس کی مخالفت کریں گے تو اُن کی بھی گردن ماردی جائیگی پھر آپؑ تیسرا فیصلہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فیصلے کے مطابق کریں گے تو اُن کی بھی گردن ماردی جائے گی، پھر چوتھا فیصلہ آپؑ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلے کے مطابق کریں گے تو اُس کی کوئی مخالفت نہ کرے گا۔"

۲۰۸ آپؑ نیکوکار و بدکار کو پہچان لیں گے

اپنے اسناد کے ساتھ ابن ثعلب سے روایت ہے کہ:

قال ابوعبداللہ علیہ السلام: اذا خرج القائم علیہ السلام لم یبق بین یدیہ احد الّا عرفہ صالح او طالح۔"

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب امام قائم علیہ السلام ظہور فرمائیں گے تو آپؑ کے سامنے جو شخص بھی آئے گا آپؑ اُسے پہچان لیں گے کہ صالح و نیک ہے یا غیر صالح و بدکار ہے۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۰۹ نبی اور امام کی وحی میں فرق

اپنے اسناد کے ساتھ ابو جارود سے روایت ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ (فرزندِ رسولؐ!) آپ مجھے حضرت صاحب الامر علیہ السلام کے متعلق بتائیے۔؟

قال ؑ: "یمسی من اَخوف النّاس و یصبح من آمن النّاس یوحی الیہ ھٰذا الامر لیلہ و نہارہ"

قال: قلتُ: یوحی اِلیہ یا ابا جعفرؑ! ؟

قال ؑ: یا ابا جارود! اِنّہ لیس وحی نبوّۃ و لٰکنّہ یوحی الیہ کوحیہ الی مریمؑ بنت عمران و الی اُمّ موسیٰؑ و الی النّحل،

یا ابا جارود! اِنّ قائم آلِ محمّدؐ لاَکرم عند اللہ من مریمؑ بنت عمران و اُمّ موسیٰؑ و النّحل۔"

آپؑ نے فرمایا: "اُن کی شب انتہائی خوف کے عالم میں بسر ہوگی اور اُن کا دن (صبح) انتہائی امن اور بیخوفی کے عالم میں بسر ہوگا۔ ان پر شب و روز وحی نازل ہوتی رہیگی

میں نے عرض کیا: اے ابوجعفر (علیہ السلام)! کیا اُن پر بھی وحی نازل ہوگی؟

آپؑ نے فرمایا: اے ابو جارود! اُن پر انبیاءؑ جیسی وحی نہیں ہوگی، بلکہ جس طرح حضرت مریمؑ بنتِ عمرانؑ اور حضرت موسیٰؑ کی والدہ، اور شہید کی مکھی کیطرف وحی نازل ہوئی تھی۔ (اسی طرح اُن پر وحی نازل ہوگی)

اے ابو جارود! بلاشبہ حضرت امام قائم علیہ السلام اللہ کے نزدیک جناب مریمؑ بنتِ عمرانؑ، اُمِ موسیٰؑ اور شہید کی مکھی سے زیادہ مکرّم ہیں۔"

۲۱۰ تلوار کے سوا کچھ نہ ہوگا

اپنے اسناد کے ساتھ مرفوعاً عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ:

قال ابی عبداللہ علیہ السلام: اذا خرج القائم علیہ السلام لم یکن بینہ و بین العرب و الفرس اِلّا السیف لا یأخذھا اِلّا بالسیف و لا یعطیھا اِلّا بہ۔"

حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب حضرت امام قائم علیہ السلام

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ظہور کریں گے تو اُن کے درمیان اور اہلِ عرب و اہلِ فارس کے درمیان سوائے تلوار کے کچھ نہ ہوگا۔ اور وہ سوائے تلوار کے اُن سے کچھ نہ لیں گے اور نہ سوائے تلوار کے انھیں کچھ دیں گے۔"

★ نیز اُن ہی جناب سے یہ روایت ہے کہ:

"لا تذهب الدّنيا حتّى تندرس اسماء القبائل، وينسب القبيلة الى رجل منكم فيقال لها: آل فُلان وحتى يقوم الرّجل منكم الى حسبه ونسبه وقبيلته فيدعوهم فان اَجابوه والّا ضرب اعناقهم۔"

ترجمہ: "دنیا ختم نہ ہوگی جب تک کہ تمام قبائل کے نام نہ مٹ جائیں اور تم لوگوں میں سے کسی کی طرف قبیلہ منسوب ہوگا اور کہا جائے گا کہ یہ آلِ فُلان ہے۔ اور جب کسی کو آلِ فُلان کہہ کر پکارا جائے گا تو اگر اُس نے جواب نہ دیا تو اس کی گردن ماردی جائے گی۔"

(۲۱۱) اراضی کا صحیح مصرف؟

اور اپنے اسناد کے ساتھ ابوخالد کابلی سے روایت ہے کہ:

قال ابوجعفر عليه السّلام: وجدنا فى كتاب على عليه السّلام: اَنّ الارض لِلّٰه يورثها من يشاء من عباده والعاقبة لِلمتّقين فمن اَخذ ارضًا من المسلمين فعمرها فليؤدِّ خراجها الى الامام من اهل بيتى وله ما اَكل منها حتّى يظهر القائم عليه السّلام (من اهل بيتى) بالسيف فيحويها ويخرجهم عنها كما حواها رسول الله صلّى الله عليه وآله الّا ما كان فى اَيدى شيعتنا فانّه يقاطعهم على ما فى اَيديهم ويترك الارض فى ايديهم۔"

ارشاد فرمایا حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے: میں نے کتابِ علی علیہ السلام میں یہ لکھا دیکھا ہے کہ "بلاشبہ پوری زمین اللہ تعالیٰ کی ہے، وہ اپنے بندوں میں سے جسکو چاہے اس کا وارث بنائے اور انجام و عاقبت بخیر متقیوں کے لیے ہے"۔ پس مسلمانوں میں سے اگر کوئی شخص زمین لیکر اُسے آباد کرے تو اُسے چاہیے کہ اُس کی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مالگذاری ہم اہلِ بیتؑ میں سے جو امام ہو اُسے ادا کرے اور جبتک ہم اہلِ بیتؑ میں سے امامِ قائم علیہ السلام ظہور نہیں کرتے، وہ اُس زمین سے کھاتا پیتا رہے کیونکہ جب امام قائم علیہ السلام ظہور کریں گے تو وہ ساری زمین اُن سے ضبط کرلیں گے صرف ہمارے شیعوں کی زمین مقاطعہ پر شیعوں کے پاس رہنے دیں گے۔"

(۲۱۲) دیوار گوش دارد

اور اپنے اسناد کے ساتھ مرفوعاً، جابر سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقرؑ سے روایت نقل کی ہے کہ:

قالؑ: "اوّل ما یبدء القائم علیہ السلام بانطاکیة فیستخرج منها التوراة من غارٍ فیه عصی موسیٰؑ وخاتم سلیمانؑ۔

قالؑ: واسعد النّاس به اهل الکوفة۔

وقالؑ: انّما سمّی المهدیؑ لانّه یهدی الی امرٍ خفیّ حتّی انّه یبعث الی رجلٍ یعلم النّاس له ذنب فیقتله حتّی انّ احدهم یتکلّم فی بیته فیخاف ان یشهد علیه الجدار۔

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: امام قائم علیہ السلام اپنا عمل انطاکیہ سے شروع کریں گے اور وہاں ایک غار سے توریت نکالیں گے اور اُسی میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور حضرت سلیمانؑ کی انگشتری بھی محفوظ ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: اور سب سے زیادہ خوش قسمت تو اہلِ کوفہ ہیں۔

پھر فرمایا: امام قائم علیہ السلام کا نام مہدی اس لیے رکھا گیا ہے کہ وہ تمام اُمورِ پوشیدہ وخفی کی طرف رہنمائی کریں۔ حد یہ ہوگی کہ آپؑ اپنا آدمی بھیجیں گے کہ جاکر فُلاں شخص کو قتل کردو اور لوگوں کو معلوم بھی نہ ہوگا کہ اس کا جُرم کیا تھا جس پر اُسے قتل کیا گیا ہے، نیز ہر شخص اپنے گھر میں بھی بات کرتے ہوئے ڈرے گا کہ کہیں اُس کے گھر کی دیوار ہی اُس کے خلاف گواہی نہ دیدے۔"

* آپؑ کی مدّتِ حکومت میں اضافہ

اور آپ (امام محمد باقر علیہ السلام) ہی سے یہ روایت بھی ہے کہ:

قالؑ: "یملک القائم ثلاثمائة سنة ویزداد تسعاً کما لبث

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اهل الکهف فی کهفهم یملأ الارض عدلاً و قسطاً کما ملئت ظلماً وجورًا فیفتح الله له شرق الارض وغربها و یقتل النّاس حتّی لا یبقیٰ اِلّا دین محمّدؐ (ویسیر) بسیرة سلیمٰن بن داؤدؑ ویدعو الشمس والقمر فیجیبانه، تطوی له الارض و یوحی اِلیه فیعمل بالوحی بأمر الله۔

حضرت امام محمّد باقرؑ نے ارشاد فرمایا:

"امام قائم علیہ السّلام تین سو سال تک حکومت کریں گے اور اس میں سو سال کا اضافہ ہوگا جسطرح اصحاب کہف اپنے غار میں رہے۔

اور وہ زمین کو عدل و قسط سے بھر دیں گے جسطرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوگی اللہ تعالےٰ اُن کو شرق و غرب پر فتح و کامرانی عطا فرمائے گا اور وہ (مخالفِ خدا و رسولؐ) لوگوں کو اتنا قتل کریں گے کہ سوائے دینِ محمّدؐ کے اور کوئی دین باقی نہ رہیگا آپؑ، حضرت سلیمان ابن داؤدؑ کی سیرت پر عمل کریں گے، آپؑ، سورج اور چاند کو آواز دیں گے اور وہ دونوں آپؑ کی آواز پر لبّیک کہیں گے۔ آپؑ کے لیے زمین سمٹ جائے گی، آپؑ کی طرف وحی آئے گی اور آپ بحکمِ خدا وحی پر عمل فرمائیں گے۔

★ ستّر ہزار صدّیقین آپؑ کے ساتھ ہونگے

نیز آپؑ (حضرت امام محمّد باقر علیہ السّلام) ہی سے یہ روایت بھی ہے کہ:

"اذا ظهر القائم و دخل الکوفة بعث الله تعالیٰ من ظهر الکوفة سبعین اَلف صدّیق فیکونون فی اصحابه وانصاره و یردّ السّواد الیٰ اهله، هم اهله ویعطی النّاس عطایا مرّتین فی السنة ویرزقهم فی الشّهر رزقین ویسوی بین النّاس حتّی لا ترٰی مُحتاجًا الی الزّکاة ویجیء اصحاب الزّکاة بزکاتهم الی المحاویج من شیعته فلا یقبلونها فیصرّونها ویدورون فی دورهم، فیخرجون الیهم، فیقولون: لا حاجة لنا فی دراهمکم۔

وساق الحدیث الی ان قال: ویجتمع الیه اموال اهل الدّنیا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

كلّها من بطن الارض وظهرها ، فيقال النّاس : تعالوا الى ما قطعتم فيه الارحام و سفكتم فيه الدّم الحرام وركبتم فيه المحارم ، فيعطى عطاء لم يعطه أحد قبله ۔"

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"جب حضرت امام قائم علیہ السلام ظہور فرمائیں گے تو اللہ تعالیٰ پشت کوفہ سے ستر ہزار صدیقین (آپؑ کی تصدیق کرنے والوں) کو بھیجے گا اور وہ آپؑ کے اصحاب اور انصار میں شامل ہوں گے ۔ آپ ایک سال میں دو مرتبہ (بطور) لوگوں کو عطایا سے نوازیں گے اور ایک مہینے میں دو مرتبہ (بطور تنخواہ) لوگوں کو اتنا وظیفہ دیں گے کہ کوئی رقم زکوٰۃ کا لینے والا نظر نہ آئے گا، زکوٰۃ دینے والے اپنی زکوٰۃ کی رقم لیکر شیعہ محتاجوں (ضرورتمندوں) کو تلاش کریں گے، ایک ایک کے گھر پر جاکر آواز دیں گے اور لوگ اپنے گھروں سے نکلکر کہیں گے کہ ہمیں آپ کی رقم کی احتیاج نہیں ہے

اور اسی حدیث میں آپؑ نے اور بہت کچھ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"اور ساری دنیا کی دولت خواہ وہ زمین کے اوپر ہو یا زمین کے اندر، سب کی سب امام قائم علیہ السلام کے پاس سمٹ کر آجائے گی اور آپؑ لوگوں سے فرمائیں گے کہ: "آؤ، جس دولت کے لیے تم قطع رحم کرتے تھے، آپس میں ایکدوسرے کا خون بہاتے تھے اور اس کے حصول کے لیے ناجائز و حرام طریقے اختیار کرتے تھے وہ آج ہمارے پاس ہے، ہم سے لیجاؤ، پھر اُن لوگوں کو اتنا عطا فرمائیں گے کہ اُن سے قبل کسی نے اتنا (مال وزر) عطا نہ کیا ہوگا۔"

(۲۱۳) ذریعۂ مواصلات (ٹی وی وغیرہ)

اور اپنے اسناد کے ساتھ مرفوعاً ابنِ مسکان نے روایت کی ہے کہ: میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا:

يقولؑ: " اِنَّ المؤمن فی زمان القائم وهو بالمشرق ليرىٰ اَخاه الّذی فی المغرب ، وكذا الّذی فی المغرب يرىٰ اَخاه الّذی فی المشرق ۔"

آپؑ فرما رہے تھے کہ امام قائمؑ کے دور میں اگر کوئی مرد مومن مشرق میں ہوگا اور وہ اپنے برادر کو جو مغرب میں ہوگا دیکھنا چاہے گا تو دیکھ لیگا اور اسی طرح مغرب والا مشرق والے کو دیکھ لے گا۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۱۴) امامِ قائمؑ کی سواری کا گھوڑا

کتاب "العدد" میں حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے:

قال: "کانّی بالقائم علیہ السلام علیٰ ظہر النجف لابسٌ درع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ فیتقلّص علیہ، ثمّ ینتفض بہا فیستدیر علیہ ثمّ یغشی الدّرع بثوب إستبرق ثمّ یرکب فرسًا لہ اَبلق بین عینیہ شمراخ، ینتفض بہ لا یبقیٰ اھل بلد إلّا اَتاھم نور ذٰلک الشمراخ حتّیٰ یکون آیۃ لہٗ، ثمّ ینشر رایۃ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ اذا نشرھا اَضاء لھا ما بین المشرق والمغرب۔

آپؑ نے فرمایا: "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ حضرت امام قائم علیہ السلام پشتِ نجف پر حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی زرہ مبارک پہنے ہوئے اور اُسے لباسِ استبرق سے ڈھانپے ہوئے ایک ایسے گھوڑے پر سوار ہیں جو ابلق (چتکبرا) ہے اور اُسکی پیشانی پر ایک سفید لکیر ہے اور اُس سفید لکیر سے ایسا نور ساطع ہے جسے تمام اہلِ شہر دیکھ رہے ہیں، اور یہی اُن کی سواری کی نشانی ہوگی۔
پھر آپؑ حضرت رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا عَلَمِ مبارک لہرائیں گے جس سے سارا مشرق و مغرب روشن ہو جائے گا۔" (کتاب العدد)

(دُعاء) حضرت حجتؑ کی دُعاء

حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"کانّی بہ قد عبر من وادی السّلام الی مسیل السّہلۃ علیٰ فرس محجّل لہ شمراخ یزھر، یدعو ویقول فی دعائہ:

"گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ امام قائم علیہ السلام ایسے سفید ٹانگوں والے گھوڑے پر سوار ہیں جس کی پیشانی پر سفید سفید سی لکیر بھی ہے وادی السّلام کو عبور کر کے مسجد سہلہ کی طرف روانہ ہیں اور یہ دُعاء پڑھ رہے ہیں:

"لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حَقًّا حَقًّا، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِیْمَانًا وَّصِدْقًا، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ تَعَبُّدًا وَّرِقًّا، اَللّٰھُمَّ مُعِزَّ کُلِّ مُؤْمِنٍ وَّحِیْدٍ، وَمُذِلَّ کُلِّ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جَبَّارٍ عَنِيْدٍ، اَنْتَ كَنَفِيْ حِيْنَ تُعْيِيْنِي الْمَذَاهِبُ، وَ تَضِيْقُ عَلَيَّ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ۔

اَللّٰهُمَّ خَلَقْتَنِيْ وَكُنْتَ غَنِيًّا عَنْ خَلْقِيْ وَلَوْلَا نَصْرُكَ اِيَّايَ لَكُنْتُ مِنَ الْمَخْلُوْبِيْنَ، يَا مُنْشِرَ الرَّحْمَةِ مِنْ مَّوَاضِعِهَا وَمُخْرِجَ الْبَرَكَاتِ مِنْ مَّعَادِنِهَا، وَيَا مَنْ خَصَّ نَفْسَهٗ بِشُمُوْخِ الرِّفْعَةِ، فَاَوْلِيَآؤُهٗ بِعِزِّهٖ يَتَعَزَّزُوْنَ يَا مَنْ وَضَعَتْ لَهُ الْمُلُوْكُ نِيْرَ الْمَذَلَّةِ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ، فَهُمْ مِّنْ سَطَوَاتِهٖ خَآئِفُوْنَ۔

اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ فَطَرْتَ بِهٖ خَلْقَكَ، فَكُلٌّ لَكَ مُذْعِنُوْنَ، اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُنْجِزَ لِيْ اَمْرِيْ وَتُعَجِّلَ لِيْ فِي الْفَرَجِ، وَتَكْفِيَنِيْ وَتَقْضِيَ حَوَائِجِيَ السَّاعَةَ السَّاعَةَ اللَّيْلَةَ اللَّيْلَةَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔"

ترجمۂ دعا:۔

"کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے وہ حق ہی حق ہے، کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے ایمان و تصدیق کے ساتھ، کوئی معبود نہیں ہے سوائے اللہ کے از روئے عبادت اور عاجزی کے۔

اے اللہ! اے اُس مومن کو عزّت بخشنے والے جو اکیلا ہے اور ہر ظالم و سرکش کو ذلیل کرنے والے، جب مختلف راہوں نے مجھے تھکا دیا ہو اور زمین اپنی وسعت کے باوجود مجھ پر تنگ ہو گئی ہو، تو ایسے وقت پر تُو ہی میرے لیے جائے پناہ ہے، اے اللہ! (درحقیقت) تُو مجھے پیدا کرنے کا محتاج نہ تھا، پھر بھی تو نے مجھے خلق فرمایا۔ (یہ تیرا بڑا احسان ہے) اور اگر تیری مدد و نصرت میرے شاملِ حال نہ ہوتی تو میرا شمار بھی یقیناً مغلوب ہو جانے والوں میں ہوتا۔ اے مرکزِ رحمت سے رحمتوں کی بارش کرنے والے اور خیر و برکت کے معدن سے برکتیں پیدا کرنے (نکالنے) والے! اے وہ ذات جس نے رفعت و بلندی کو صرف اپنی ذات کے لیے مخصوص فرما لیا ہے، تیرے اولیاء تیری ہی وجہ سے عزّت پاتے ہیں۔ اے وہ ذات! کہ جس کے سامنے دنیا کے بادشاہوں نے ذلّت کا جوا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اپنی گردن میں ڈال رکھا ہے اور وہ سب تیری سطوت سے خائف و ترساں ہیں (اے میرے پروردگار) میں تجھ سے تیرے اُس اسمِ پاک کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جس کے ذریعے سے تو نے اپنی مخلوقات کو پیدا فرمایا، اور ہر مخلوق تیری تابعِ فرمان ہے۔

میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ تُو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اپنی رحمتیں نازل فرما اور میرے کام کو پایۂ تکمیل تک پہونچا، میرے لیے فرج و فتح میں تعجیل فرما۔ تُو میرے لیے کافی بن جا، اور تُو مجھے عافیت عطا فرما اور اِسی وقت، اسی وقت، اِسی شب اِسی شب میری حاجات کو پورا فرما، بیشک تُو ہر شے پر قادر ہے۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار

باب ۲۸

بست ہشتم

ظہورِ امامؑ کے وقت کیا ہوگا؟

بروایت مفضلؒ بن عمر

ANSAR

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باب ۲۸

ظہورِ امامؑ کے وقت کیا ہوگا

بروایت مفضّلؒ بن عمر

ساعت سے مراد

ہمارے اصحاب نے حسین بن حمدان سے، اُنھوں نے محمّد ابنِ اسماعیل و علی بن عبداللہ الحسنی سے، اُنھوں نے ابی شعیب (و) محمّد بن نُصیر سے، اُنھوں نے عمر بن الفُرات سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے روایت بیان کی ہے اور مفضّلؒ بن عمر کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے اپنے سیّد و سردار حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے دریافت کیا کہ:

- کیا امام مامور منتظر مہدی علیہ السّلام کے ظہور کا کوئی وقت مقرّر ہے جو لوگوں کو بتایا جا سکے؟
- آپؑ نے فرمایا: بخدا ہرگز ایسا نہیں ہے کہ اُن کے ظہور کا ایسا وقت مقرّر ہو جو ہمارے شیعوں کو بتایا جا سکے۔
- میں نے عرض کیا: میرے سیّد و سردار! ایسا کیوں ہے؟
- آپؑ نے فرمایا: یہ وہی وقت و ساعت ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَۃِ اَیَّانَ مُرْسٰھَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُھَا عِنْدَ رَبِّیْ ۚ لَا یُجَلِّیْھَا لِوَقْتِھَاۤ اِلَّا ھُوَ ؕ ثَقُلَتْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ" (سورۂ الاعراف آیت ۱۸۷)

ترجمہ: "وہ آپؐ سے ساعت کے بارے میں سوال کرتے ہیں کہ اس کا ٹھہراؤ کہاں ہے (وہ ساعت کب آئے گی) کہہ دیجیے اس کا علم صرف میرے پروردگار کے پاس ہے کوئی اس کے وقت کو واضح نہیں کر سکتا سوائے اُسی کے وہ آسمانوں اور زمین پر بہت ثقیل و گراں ہوگا۔"

قالؑ: (وھو الساعۃ الّتی قال اللہ تعالیٰ) یعنی:

فرمایاؑ: (اور یہی وہ ساعت ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے (سورہ ۷۹ النّازعات ۴۲) میں فرمایا:)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰهَا" (النّازعات ۷۹ آیت ۴۲)

ترجمہ: (لوگ آپؐ سے ساعت کے بارے میں سوال کرتے ہیں کہ کب واقع ہوگی)

نیز فرمایا: "وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ (سورہ لقمان ۳۱ آیت ۳۴ الزخرف ۴۳ آیت ۶۱)

ترجمہ: (اور ساعت کا علم اُسی کو ہے)

یعنی: یہ نہیں فرمایا کہ اس کا علم کسی اور کے پاس ہے۔

نیز فرمایا: "فَهَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِیَهُمْ بَغْتَةً فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا"

ترجمہ: پس کیا وہ اس چیز کے منتظر ہیں کہ ساعت (قیامت) اچانک انکو آجک لے پس اسکی علامات تو آچکی ہیں (سورہ محمدؐ ۴۷ آیت ۱۸)

پھر فرمایا: "اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَ انْشَقَّ الْقَمَرُ ۝" (القمر ۵۴ آیت ۱)

(ساعت قریب آپہنچی اور چاند شق ہوگیا۔)

پھر فرمایا: "وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِیْبًا ۝" (احزاب ۳۳ آیت ۶۳)

ترجمہ: (اور تو کیا جانے کہ شاید وہ ساعت قریب ہی ہو)

اور اس سے قبل یہ ہے:

"وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ ۝" (شوریٰ ۴۲ آیت ۱۷)

ترجمہ: (اور تجھے کیا پتہ ہے شاید ساعت قریب ہو)

"یَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ الَّذِیْنَ یُمَارُوْنَ فِی السَّاعَةِ لَفِیْ ضَلٰلٍۢ بَعِیْدٍ ۝"

(سورہ شوریٰ ۴۲ آیت ۱۸)

ترجمہ: (جو لوگ اس (ساعت) پر ایمان نہیں رکھتے۔ وہی تو اُس میں تعجیل چاہتے ہیں اور وہ جو ایمان رکھتے ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں۔ اور وہ جانتے ہیں کہ یقیناً وہ برحق ہے، آگاہ ہو جاؤ وہ لوگ جو ساعت کے بارے میں مشکوک ہیں گمراہی میں بہت دور جا چکے ہیں۔)

مفضّل کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ "یُمَارُوْنَ" کا کیا مطلب ہے؟

آپؑ نے فرمایا: یقولون متی ولد؟ ومن رأی؟ واین یکون؟ ومتی یظهر؟ وکلّ ذٰلك استعجالاً لامر الله، وشكّاً فی قضآئه، ودخولاً فی قدرته اولٰئك الّذین خسروا الدّنیا وَاِنَّ للكافرین لشرّ مآب۔")

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یعنی "وہ لوگ کہتے ہیں کہ وہ پیدا ہی کب ہوئے ہیں ؟ اور انھیں دیکھا بھی کس نے ہے ؟ اور وہ رہتے کہاں ہیں ؟ اور وہ کب ظہور کریں گے ؟ اور یہ تمام باتیں امرِ خدا کے لیے عجلت چاہنے ۔ قضائے الٰہی میں شک کرنے اور قدرتِ الٰہی میں دخل دینے کی ہیں ۔ یہی وہ لوگ ہیں جو دنیا میں گھاٹا اٹھانے والے ہیں اور بلاشبہ کافروں کے لیے بُرا ٹھکانہ ہے ۔"

میں نے عرض کیا : تو پھر کیا ان کے ظہور کے لیے کوئی وقت معیّن نہیں کیا گیا ہے ؟

آپؑ نے فرمایا :

"یامفضّل ! لا اوقّت له وقتًا ولا یوقّت له وقت ، اِنَّ من وقّت لمهدیّنا وقتًا فقد شارك الله تعالیٰ فی علمه و ادّعی انّه ظهر علیٰ سرّه ، وما لله من سرّ اِلّا وقد وقع اِلیٰ هٰذا الخلق المعکوس الضّالّ عن الله الراغب عن اولیآء الله وما لله من خبر اِلّا وهم اخصّ به لِسرّه وهو عندهم واِنّما اَلقی الله الیهم لیکون حجّة علیهم

یعنی : (اے مفضّل ! میں ان کے ظہور کے لیے کوئی وقت معیّن نہیں کرتا اور نہ اس کے لیے کوئی وقت معیّن کیا گیا ہے اور جو شخص ہمارے مہدیؑ کے لیے کوئی وقت مقرر کرے گا تو گویا وہ خود کو علم میں خدا کا شریک سمجھتا ہے اور اس کا دعویٰ ہے کہ وہ اللہ کے اسرار پر حاوی اور چھایا ہوا ہے نیز کوئی سرِّ الٰہی عام لوگوں تک نہیں پہنچا جو راہِ راست سے بھٹکے ہوئے اور اولیاء اللہ سے غافل ہیں اور اللہ کی خبر سے ۔ یہی افراد مخصوص ہیں اور وہ انہی کے پاس محفوظ ہے اور خدا ان کو اس لئے الہام کرتا ہے تاکہ ان پر حجّت تمام ہو جائے ۔

•

مفضّل کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا مولا ! مہدیؑ علیہ السّلام کے ظہور کی ابتداء کس طرح ہوگی اور انھیں لوگ کیسے تسلیم کریں گے ؟

آپؑ نے فرمایا :۔ یامفضّل ! یظهر فی شبهة لیستبین ، فیعلو ذکره وَ

"یظهر امره ، ویُنادی باسمه وکنیته ونسبه وَ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یکثر ذٰلک علیٰ افواہ المحقّین و المبطلین و الموافقین
و المخالفین لتلزمہم بمعرفتہم بہ علیٰ اَنّہ قد قصصنا
و دلّلنا علیہ و نسبناہ و سمیناہ و کنّیناہ و قلنا سمّیٌ
جدِّہٖ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم و کنیّہ لئلّا یقول الناس:
ما عرفنا لہ اسمًا ولا کنیۃً و لا نسبًا۔

واللہ لیتحقّق الایضاح بہ و باسمہ و نسبہ و کنیتہٖ
علی اَلسنتہم، حتّی لیسمیّہ بعضہم لبعض کلُّ ذٰلک لزوم
الحجّۃ علیہم، ثمّ یظہرہ اللہ کما وعد بہ جدِّہٖ صلّی اللہ
علیہ وآلہ وسلّم فی قولہ عزّ وجلّ:

" ھُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَہٗ بِالْھُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ
عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَ لَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ ۔" (سورہ توبہ ۳۴)

"

ترجمہ:
آپؑ نے فرمایا: اے مفضل! پہلے لوگ شُبہے میں مبتلا رہیں گے پھر رفتہ رفتہ ان کا ذکر بلند ہوگا (آسمان سے) ان کے نام، اُن کی کنیت اور اُن کے نسب کا اعلان ہوگا اور یہ بات اہلِ حق، اہلِ باطل، موافقین اور مخالفین سب کی زبانوں پر کثرت سے جاری رہے گی تاکہ خود اُن لوگوں پر حجّت قرار پائے اور ہم نے اُن کے حالات اُن کی نشانیاں، اُن کا نام، اُن کی نشانیاں اور اُن کا نسب بیان کر دیا ہے اور کہہ دیا ہے کہ اُن (امام مہدی) کے جدِّ اعلیٰ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے خود ہی اُن کا نام رکھا ہے، اور ان کی کنیت بتائی ہے تاکہ کوئی شخص یہ نہ کہہ سکے کہ ہم لوگ اُن کے نام سے واقف نہ تھے اور نہ اُن کی کنیت و نسب سے۔

خدا کی قسم پوری وضاحت کے ساتھ ان کا نام اُن کی کنیت اور ان کا نسب لوگوں کی زبانوں پر ہوگا اور ہر ایک دوسرے کو اُن کا نام بتائے گا" اور یہی اُن لوگوں پر حجّت تمام ہونے کی بڑی دلیل ہوگی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ آنجنابؑ کے جدِّ بزرگوار صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے وعدے کے مطابق ان کو ظاہر فرمائے گا۔ چنانچہ وہ خود ارشاد فرماتا ہے کہ:

ھُوَالَّذِیْ . . . . . اَلْمُشْرِکُوْنَ" (توبہ ۳۴)

ترجمہ: " وہ وہی ذات ہے جس نے اپنے رسولؐ کو دینِ حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اُسے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہر دین پر غالب کردے، اگرچہ مشرکین کو کتنا ہی ناگوار گذرے۔"

مفضّل کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: اے میرے مولا و آقا! اللہ کے اس قول:

"لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝"

ترجمہ (تاکہ اُسے ہر دین پر غالب کردے، اگرچہ مشرکین کو کتنا ہی ناگوار گذرے)

کی تفسیر بیان فرمائیے:

آپؑ نے فرمایا: اس کی تفسیر اللہ تعالیٰ کے اِس قول میں ہے:

"وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ" (سورہ انفال آیت ۳۹)

ترجمہ: (اور ان سے لڑو یہاں تک کہ فساد باقی نہ رہے۔ اور تمام دین اللہ کے لیے (خالص) ہو جائے۔)

خدا کی قسم! اُس وقت تمام اقوام و مذاہب کے اختلافات برطرف ہو جائیں گے، اور سب کا دین ایک ہو جائے گا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

— "اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۗ" (آلِ عمران آیت ۱۹)

ترجمہ (بیشک، دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے)

— نیز ارشاد ہوتا ہے کہ:

"وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝" (آلِ عمران آیت ۸۵)

ترجمہ: (اور جو کوئی اسلام کے علاوہ کوئی اور دین چاہے گا تو وہ اُس سے ہرگز قبول نہ کیا جائے گا، اور وہ آخرت میں نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہوگا۔)

تمام انبیاءؑ کا دین اسلام ہی تھا

مفضّل کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا اے میرے سردار و آقا! کیا آپؑ کے آباء و اجداد ابراہیمؑ، نوحؑ، و موسیٰؑ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب کا دین اسلام ہی تھا؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں اے مفضّل! ان سب کا دین اسلام ہی تھا۔ کوئی اور نہ تھا۔

میں نے عرض کیا: اے میرے مولا! کہیں قرآن میں بھی اس کا تذکرہ ملتا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں، اوّل سے آخر تک اس کا تذکرہ قرآن مجید میں موجود ہے۔ سب سے پہلے تو یہی آیت کہ: "اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۗ" (آلِ عمران - ۱۹)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

• پھر اللہ تعالیٰ کا یہ قول : (سورہ ۲۲ الحج آیت ۷۸)

" مِلَّةَ اَبِيكُمْ اِبْرٰهِيمَ ۚ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ "

ترجمہ : (یہ تمہارے باپ ابراہیم کا دین ہے اُس نے تمہارا نام مسلم رکھا ہے)

• نیز حضرت ابراہیمؑ و حضرت اسماعیلؑ کے قصّے میں ارشاد ہوا :

" رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ " (سورۃ البقرۃ آیت ۱۲۸)

ترجمہ : (اے ہمارے ربّ ! ہم دونوں کو اپنا مسلم بنائے رکھ اور ہماری ذرّیّت میں سے ایک گروہ کو اپنا مسلم قرار دینا۔)

• اور فرعون کے قصّے میں فرمایا :

" حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ " (سورہ ۱۰ یونس آیت ۹۰)

ترجمہ : (یہاں تک کہ جب وہ غرق ہونے لگا تو اُس نے کہا کہ میں ایمان لایا بیشک وہی (معبود) ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں بھی مسلموں میں سے ہوں۔)

• اور حضرت سلیمان اور بلقیس کے قصّے میں ہے :

" قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝ " (نمل ۲۷ آیت ۳۸)

ترجمہ : (قبل اس کے کہ وہ لوگ میرے پاس مسلمین بن کر آئیں)

• اور بلقیس کا یہ قول :

" وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ " (نمل ۲۷ آیت ۴۴)

ترجمہ (اور اب سلیمان کے ساتھ رب العالمین کے حضور اسلام قبول کرتی ہوں۔)

• اور حضرت عیسیٰؑ کا قول ہے کہ :

" مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ " (آل عمران ۳ - ۵۲)

ترجمہ : (اللہ کی طرف میرا مددگار کون ہوگا ؟ حواریوں نے کہا : ہم ہیں اللہ کے مددگار ہم اللہ پر ایمان لائے اور تو بھی گواہی دے کہ ہم مسلم ہیں۔)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

• اور اللہ تعالیٰ کا قول ہے :

" وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا "

(سورہ آلِ عمران ۸۳)

ترجمہ : (اور جو کوئی بھی آسمانوں اور زمین میں ہے وہ بخوشی یا جبراً اُسی کے آگے سرِ تسلیم خم کیے ہوتے ہیں۔)

• اور حضرت لوطؑ کے قصے میں ہے :

" فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۚ "

(اور ہم نے اُس (بستی) میں سوائے ایک گھرانے کے کسی کو مسلم نہیں پایا۔) (سورۃ: الذاریات آیت ۳۶) پارہ ۲۷ :

• اور اللہ تعالیٰ کا یہ قول :

" قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۔ "

(سورۃ البقرۃ آیت ۱۳۶)

ترجمہ : " کہہ دو کہ ہم اللہ پر اور اُس پر ایمان لائے جو ہم پر نازل کیا گیا ہے اور جو کچھ ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ پر اور اُن کی اولاد پر نازل کیا ہے اور جو کچھ موسیٰؑ و عیسیٰؑ کو اور جو کچھ (دیگر) انبیاءؑ کو اُن کے ربّ کی طرف سے دیا گیا ہے، ہم اُن میں سے کسی ایک کے درمیان کوئی تفریق نہیں کرتے اور ہم اُسی کے مسلم (فرمانبردار) ہیں۔ "

شریعتیں چار ہیں

مفضّل کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا : میرے آقا ! ملّتیں کتنی ہیں ؟

آپؑ نے فرمایا : چار اور اتنی ہی شریعتیں ہیں۔

میں نے عرض کیا : مولا ! آخر مجوس کو مجوس کیوں کہا جاتا ہے ؟

آپؑ نے فرمایا : لِاَنَّهُمْ تمجّسوا فی السریانیّة وادّعوا علیٰ اٰدم وعلیٰ شیث وهو هبة الله انّهما اَطلقا لهم نكاح الاخوات

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

والاخوات والبنات والخالات والعمّات والمحرّمات من النسآء وانّهما امراهم اَن یصلّوا اِلی الشمس حیث وقفت فی السمآء ولم یجعلا لِصلاتهم وقتًا ، و اِنّما هو افتراء علی اللہ الکذب وعلیٰ آدم وشیث علیهما السّلام

(ترجمہ)

آپؑ نے فرمایا: "ان کو سُریانی زبان میں مجوس اس لیے کہتے ہیں کہ یہ لوگ حضرت آدمؑ اور حضرت شیثؑ ہبۃ اللہ پر افترا کرتے ہیں اور (کہتے ہیں کہ) ان دونوں نے ماؤں، بہنوں، دختروں، خالاؤں، پھوپھیوں اور دیگر محرم عورتوں سے نکاح جائز کر دیا ہے اور اِن دونوں نے اُن لوگوں کو حکم دیا ہے کہ جب آفتاب طلوع ہو جائے تو اس کی طرف رخ کر کے عبادت کریں ان کے لیے عبادت کا کوئی وقت مقرّر نہیں کیا ہے حالانکہ یہ اللہ تعالیٰ پر اور حضرت آدمؑ اور حضرت شیثؑ پر افترا اور جھوٹ ہے۔"

یہود، نصاریٰ اور صابیؔ کے معانی ؟

مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا اور قومِ موسیٰؑ کو یہود کیوں کہتے ہیں ؟

آپؑ نے فرمایا: اس لیے کہ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے ان کا قول نقل کیا ہے کہ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ؕ یعنی "ہم نے تیری طرف ہدایت پائی۔" (سورۂ اعراف ۱۵۶)

پھر پوچھا: اور نصاریٰ کو نصاریٰ کیوں کہتے ہیں ؟

آپؑ نے فرمایا: اس لیے کہ حضرت عیسیٰؑ کا قول قرآن مجید میں ہے کہ: (سورۂ آلِ عمران ۳: ۵۲)

" مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَی اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ

ترجمہ " اللہ کی طرف میرا مددگار کون ہے۔ حواریوں نے کہا کہ ہم اللہ کے مددگار ہیں۔"

تو دینِ الٰہی کی نصرت کی وجہ سے ان کا نام نصاریٰ ہو گیا۔

مفضّل کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: مولا و آقا ! صابئوں کو صابی کیوں کہتے ہیں ؟

آپؑ نے فرمایا: اس لیے کہ یہ لوگ انبیاء و مرسلین اور تمام ملّتوں اور شریعتوں کے باطل کرنے کی طرف مائل ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی توحید، انبیاءؑ کی نبوّت، مرسلین کی رسالت اور اوصیاء کی وصایت سے انکار کرتے ہیں نہ ان کی کوئی شریعت ہے نہ کتاب ہے اور نہ کوئی رسول ہے وہ معطّلہ ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

- مفضّل نے کہا: سبحان اللہ، کتنا وسیع ہے یہ علم۔
- آپؑ نے فرمایا: اچھا اے مفضّل! تم یہ میری باتیں میرے شیعوں کو بھی بتا دینا تاکہ وہ دین میں شک نہ کریں۔
- مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا! یہ فرمائیے کہ امام مہدی علیہ السلام زمین کے کس خطّے میں ظہور فرمائیں گے۔؟
- آپؑ نے فرمایا: "لا تراہ عین فی وقت ظہورہ الّا رأتہ کلّ عین فمن قال لکم غیر ھٰذا فکذّبوہ"

یعنی: (وقتِ ظہور اُن کو کوئی ایک آنکھ نہیں دیکھے گی، بلکہ ہر آنکھ دیکھے گی اور جو کوئی اس کے علاوہ کچھ کہے اس کو جھوٹا سمجھو۔)

- مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا! کیا ان کی ولادت کے وقت بھی کوئی ان کو نہ دیکھے گا؟
- آپؑ نے فرمایا:

"بلیٰ واللہ، لیرٰی من ساعۃ ولادتہ الیٰ ساعۃ وفاۃ ابیہ سنتین وتسعۃ اشہر اوّل ولادتہ وقت الفجر من لیلۃ الجمعۃ، لثمان خلون من شعبان سنۃ سبع وخمسین ومائتین الیٰ یوم الجمعۃ لثمان خلون من ربیع الاوّل من سنۃ ستّین ومائتین وھو یوم وفاۃ ابیہ بالمدینۃ الّتی بشاطئ دجلۃ یبنیہا المتکبّر الجبّار المسمّی باسم جعفر الضال الملقّب بالمتوکل وھو المتأکّل لعنۃ اللہ تعالیٰ وھی مدینۃ تدعیٰ بسرّ من رأی وھی ساء من رأی یریٰ شخصہ المؤمن المحقّ سنۃ ستّین ومائتین ولا یراہ المشکّک المرتاب، وینفذ فیہا امرہ ونہیہ ویغیب عنہا فیظہر فی القصر یصابر[1] بجانب المدینۃ فی حرم جدّہ رسول اللہ صلّی اللہ علیٰ آلہ فیلقاہ ھناک من یسعدہ اللہ بالنظر الیہ ثمّ یغیب فی آخر یوم من سنۃ ستّ وستّین ومائتین فلا تراہ عین أحد حتّی یراہ کلّ احد وکلّ عین۔"

---

[1] صابر بفتح الباء کھاجر سکۃ فی مرو قالہ الفیروزآبادی (صَابَر۔ مَرو میں ایک سکّہ ہے)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(ترجمہ)

"ہاں، اُن کی ولادت سے لیکر اُن کے پدرِ بزرگوار کی وفات تک دو سال نو ماہ، وہ دیکھے جا سکیں گے۔ یعنی وقتِ ولادت شبِ جمعہ بوقتِ فجر ۹ر شعبان سنہ ۲۵۷ھ سے لیکر یوم جمعہ ۸ر ربیع الاوّل سنہ ۲۶۰ھ تک جو اُن کے والد بزرگوار کی تاریخِ وفات ہوگی۔ اور ان کی وفات دریائے دجلہ کے کنارے ایک شہر میں ہوگی جس کو ایک جابر و متکبّر نے آباد کیا ہوگا، جس کا نام جعفر اور لقب متوکّل ہوگا، مگر وہ متوکّل نہیں بلکہ متاکّل ہوگا۔ اس شہر کا نام سُرَّ مَن رَأیٰ (یعنی جو دیکھے وہ خوش ہو جائے) ہوگا مگر درحقیقت وہ سَاءَ مَن رَأیٰ (یعنی جو دیکھے وہ غمزدہ ہو جائے) ہے سنہ ۲۶۰ھ تک تو ان کو حقیقی مومن ہی دیکھ سکے گا، ریب و شک کرنے والا نہیں دیکھ سکے گا اور اس عرصے تک اُن کے احکامات امر و نہی جاری رہیں گے۔

اس کے بعد وہ وہاں سے غیبت اختیار کریں گے اور پھر اپنے جد بزرگوار رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے حرم یعنی مدینہ منوّرہ میں قصرِ صابر کے اندر ظاہر ہوں گے۔ اور وہاں اُن سے وہی ملاقات کر سکے گا جسے اللہ تعالیٰ زیارت کی سعادت نصیب کرے گا۔ پھر سنہ ۲۶۶ھ کے آخری دن اس طرح غائب ہوں گے کہ ان کو کوئی نہ دیکھ سکے گا یہاں تک کہ وہ دن آئے گا کہ اُن کو سب لوگ دیکھ سکیں گے

- مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا! اس دوران پھر وہ کس سے گفتگو کریں گے اور اُن سے کون باتیں کرے گا؟
- حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا:

"تخاطبه الملائكة والمؤمنون من الجنّ ويخرج أمره و نهيه الىٰ ثقاته و ولاته و وكلائه ويقعد ببابه محمّد بن نصير النّميريّ في يوم غيبته بصابر ثمّ يظهر بمكّة و والله يا مفضّل كأنّي أنظر إليه دخل مكّة وعليه بردة رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم وعلىٰ رأسه عمامة صفراء وفي رجليه نعلا رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم المخصوفة وفي

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یدہ ھراوتہ علیہ السلام یسوق بین یدیہ عنازًا عجافًا حتّیٰ یصل بہا نحو البیت۔ لیس ثمّ احدٌ یعرفہ و یظہر و ھو شابٌّ۔"

ترجمہ: "امام صادق ؑ نے فرمایا: اُن سے ملائکہ اور قومِ جنّ میں سے مومنین باتیں کریں گے اور ان کے احکام امر و نہی اُن کے ثقات (معتبر علماء) والیوں اور وکیلوں تک پہنچائیں گے۔ اُن کے دربان بروز غیبت محمّد بن نصیر نمیری ہوں گے، مقام صابر میں۔ اس کے بعد وہ مکّہ میں ظہور کریں گے۔

خدا کی قسم اے مفضّل! گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ مکّہ میں داخل ہوئے ہیں، ان کے دوش پر رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی ردائے مبارک ہے سر پہ زرد عمامہ ہے، دونوں پاؤں میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی نعلین ہیں جن میں ٹانکے لگے ہوئے ہیں، اُنکے ہاتھ میں آنحضرتؐ کا عصائے مبارک ہوگا، اُن کے آگے آگے چند لاغر و کمزور بکریاں ہوں گی جنھیں وہ ہانک کر لا رہے ہوں گے۔ اس شان سے وہ خانۂ کعبہ کے پاس پہنچیں گے، مگر کوئی ان کو پہچان نہ سکے گا اور وہ ظہور کے وقت جوان ہوں گے۔

- مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا! وہ عالمِ شباب میں واپس آئینگے یا بڑھاپے میں ظہور کریں گے؟
- آپؑ نے فرمایا:

"سبحان اللہ وھل یعرف ذٰلک؟ یظہر کیف شاء و بایّ صورۃٍ شاء اذا جاء الامر من اللہ تعالیٰ مجدہ وجلّ ذکرہ"

ترجمہ: "پاک ہے اللہ کی ذات، بھلا انھیں کوئی پہچان بھی سکے گا جب امرِ خدا ہوگا تو وہ جس شان سے چاہیں گے آئیں گے اور جس شکل میں چاہیں گے ظاہر ہوں گے۔"

ظہورِ امامِ قائم علیہ السلام

مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا! وہ کہاں اور کس طرح ظہور کریں گے؟

آپؑ نے فرمایا: "یا مفضّل! یظہر وحدہ و یأتی البیت وحدہ ویلج الکعبۃ وحدہ و یجنّ علیہ اللّیل وحدہ فاذا انامت العیون وغسق اللّیل نزل الیہ جبرئیل و میکائیل علیہما السلام

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

والملائكة صفوفًا فيقول له جبرئيل : يا سيّدی ! قولك مقبول ، وأمرك جائز فيمسح عليه السّلام يده على وجهه ويقول : "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَ اَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَیْثُ نَشَآءُ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ"
(سورۃ الزمر آیت ۷۴)

ویقف بین الرّکن والمقام ، فیصرخ صرخة فیقول : یا معاشر نقبائی واهل خاصّتی ومن ذخرهم الله لنصرتی قبل ظهوری علی وجه الارض ! ائتونی طائعین ! فترد صیحة علیه السّلام علیهم وهم علی محاریبهم ، وعلی فرشهم ، فی شرق الارض وغربها فیسمعونه فی صیحة واحدة فی اُذن کلِّ رجل ، فیجیئون نحوها ولا یمضی لهم اِلّا کلمحة بصر ، حتّی یکون کلّهم بین یدیه بین الرُّکن والمقام۔

فیأمر الله عزّوجلّ النّور فیصیر عمودًا من الارض الی السمآء ، فیستضیئ به کلُّ مومن علی وجه الارض ویدخل علیه نور من جوف بیته ، فتفرح نفوس المؤمنین بذٰلك النور وهم لا یعلمون بظهور قائمنا اهل البیت علیه وعلیهم السّلام

ثمّ یصبحون وقوفًا بین یدیه وهم ثلاثمائة وثلاثة عشر رجلاً بعدّة اصحاب رسول الله صلّی الله علیه واله یوم بدر۔"

ترجمہ : "آپؑ نے فرمایا : اے مفضّل ! وہ اکیلے ظہور کریں گے ، اکیلے خانۂ کعبہ تک آئیں گے ، اکیلے کعبہ میں داخل ہوں گے ، اکیلے ہی وہاں رات کو رہیں گے۔ جب رات گہری ہو جائے گی اور سب لوگ سو جائیں گے تو حضرت جبرئیل و میکائیل ؑ صفوفِ ملائکہ کے ساتھ نازل ہوں گے اور جبریلؑ بڑھ کر عرض کریں گے کہ اے سیّد و سردار ! آپ کی دعاء قبول ہوئی ، اب آپ کی حکومت ہوگی۔ یہ سن کر آپ اپنا ہاتھ اپنے چہرے پر ملیں گے اور فرمائیں گے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَیْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ۝" (زمر ۳۹)

ترجمۂ آیت: "تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا، اور ہمیں اس زمین کا وارث بنا دیا۔ ہم جنّت میں جہاں چاہیں رہیں گے۔ کیا ہی اچھا اَجر ہے (نیک) کام کرنے والوں کے لیے۔"

پھر وہ رُکن و مقام کے درمیان کھڑے ہو کر باآواز بلند پکاریں گے: "اے میرے نقیبو! اے میرے مخصوص (دوستو!) اور وہ لوگو! جن کو اللہ تعالےٰ نے میرے ظہور سے پہلے میری نصرت کے لیے روئے زمین پر بچا رکھا ہے میرے پاس فوراً آجاؤ۔ پس یہ لوگ مشرق و مغرب میں جہاں بھی ہوں گے خواہ محرابِ عبادت میں ہوں یا اپنے بستر پر "محوِ خواب" ہوں اس آواز کو سنیں گے اُن کی آواز ہر شخص کے کان میں پہنچے گی اور چشم زدن میں سب کے سب مکّہ پہنچ کر اُن کے سامنے رکن و مقام کے درمیان صف بستہ ہو جائیں گے پھر اللہ تعالیٰ نور کو حکم دے گا اور زمین سے آسمان تک نور کا ایک ستون قائم ہو جائے گا جس سے روئے زمین کے سارے مومنین روشنی حاصل کریں گے اور اُن کے گھروں کے اندر بھی اسی نور کی روشنی ہو گی جس سے مومنین کے دل خوش ہو جائیں گے۔ مگر انھیں اس کا علم نہ ہو گا کہ ہمارے قائم اہلِ بیت علیہ و علیہم السّلام نے ظہور فرمایا ہے۔

پھر یہ لوگ صبح تک امام مہدی علیہ السّلام کے سامنے کھڑے رہیں گے اُنکی تعداد اصحابِ "بدر" کی تعداد کے برابر تین سو تیرہ ہو گی۔

مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا! کیا ان لوگوں کے ساتھ وہ بہتّر افراد بھی ہوں گے جو حضرت امام حسین ابنِ علیؑ علیہ السّلام کے ساتھ قتل کیے گئے تھے؟

امام حسینؑ کے ساتھ بارہ ہزار مومنین

قالؑ "یظهر منهم ابو عبد الله الحسینؑ بن علیؑ فی اثنیٰ عشر اَلْفًا مومنین من شیعةِ علی علیہ السّلام وعلیه عمامة سوداء

ترجمہ: "ان میں سے صرف حضرت ابو عبد اللہ الحسینؑ بن علیؑ ظہور فرمائیں گے جن کے ساتھ بارہ ہزار مومنین شیعانِ علیؑ میں سے ہوں گے۔ آپؑ کے سرِ اقدس پر سیاہ عمامہ ہو گا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال المفضّل : یا سیّدی فبغیر سنّة القائم علیه السّلام بایعوا له قبل ظهوره و قبل قیامه ؟

ترجمہ: مفضّل نے عرض کیا: اے میرے سردار! کیا امام قائم علیہ السّلام کے پہلے بھی ان کے لیے بیعت لی جا سکتی ہے ؟

فقال ع : یامفضّل کلّ بیعة قبل ظهور القائم علیه السّلام فبیعة کفر ونفاق وخدیعة ،لعن الله المبایع لها و المبایع له بل یامفضّل یسند القائم علیه السّلام ظهره الی الحرم و یمدّ یده فتری بیضاء من غیر سوء ویقول: "هٰذه ید الله وعن الله و بامر الله ،ثمّ یتلو هٰذه الایة :

الایة : "اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰی نَفْسِهٖ"

(سورۃ الفتح ایت ۱۰)

بیعت کا بیان

امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: اے مفضّل! ہر وہ بیعت جو قبلِ ظہورِ قائم علیہ السّلام لی جائے گی وہ کفر و نفاق ہے، دھوکا ہے، اللہ کی لعنت ہے اس پر جو اُن کے لیے بیعت لے یا جو اُن سے بیعت طلب کرے۔

"اے مفضّل امام قائم علیہ السّلام اپنی پشت خانۂ کعبہ پر ٹیک کر کھڑے ہوں گے اور اپنا ہاتھ آگے بڑھائیں گے تو کفِ دست سے ایک نور ساطع ہوگا، اور فرمائیں: دیکھو! یہی اللہ کا ہاتھ ہے، اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ تعالیٰ (بیعت کا) حکم دیتا ہے۔ (پھر اِس آیت کی تلاوت کریں گے)

آیت (اِنَّ الَّذِیْنَ ..... نفسه) " (الفتح آیت ۱۰)

ترجمۂ آیت (یقیناً وہ لوگ جنہوں نے آپؑ کی بیعت کی اُنھوں نے تو اللہ کی بیعت کی۔ اللہ کا ہاتھ اُن کے ہاتھ پر ہے۔ پس جس کسی نے عہد شکنی کی تو (وہ) اُس کے اپنے ہی خلاف ہے۔)

ترجمۂ روایت: "پس جو شخص سب سے پہلے ان کی دست بوسی کریں گے وہ جبرئیلؑ ہوں گے۔ پہلے وہ بیعت کریں گے اِس کے بعد ملائکہ اور شرفائے قومِ جنّ اس کے بعد نقباء (امامؑ کے اصحاب وغیرہ) ان کی بیعت کریں گے اور اہلِ مکّہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں ایک شور وغل برپا ہو جائے گا وہ یہ کہیں گے کہ کعبہ کے پہلو میں یہ کون
کون شخص ہے اور اس کے ساتھ کون لوگ ہیں، یہ آثار و نشانیاں کیسی ہیں
جو ہم نے آج شب میں دیکھی ہیں، ایسی نشانیاں تو ہم نے اس سے پہلے کبھی نہیں
دیکھیں۔ پھر لوگ آپس میں کہیں کہ یہ وہی بکریوں کا چرواہا ہے
پھر وہ لوگ آپس میں کہیں گے، دیکھو! اس کے ساتھیوں میں سے کسی کو پہچانو
لوگ کہیں گے کہ نہیں ہم تو صرف اہلِ مکّہ میں سے چار اور اہلِ مدینہ میں سے صرف
چار اشخاص کے سوا اور کسی کو نہیں پہچانتے اور وہ فلان، فلان ہیں۔
اور یہ سب کچھ اس دن اوّل وقت طلوعِ آفتاب میں ہوگا۔ اور جب آفتاب پوری
طرح چمکنے لگے گا تو چشمۂ آفتاب سے ایک منادی انتہائی فصیح زبان میں
ندا کرے گا جسے تمام اہلِ آسمان و زمین سنیں گے کہ اے گروہِ خلائق! یہی
مہدیٔ آلِ محمدؐ ہیں جن کا نام بھی وہی ہے جو اُن کے جدّ حضرت رسول اللہ
صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا نام ہے اور ان کی کنیت (ابوالقاسم) بھی وہی ہے
ان کا سلسلۂ نسب ان کے پدر بزرگوار گیارہویں امام حسن عسکریؑ کے
واسطے سے حضرت امام حسینؑ ابنِ علیؑ سے جا کر ملتا ہے، تم سب لوگ ان کی
بیعت کرو، تو ہدایت پاؤ گے، ان کے حکم کے خلاف ہرگز نہ کرو ورنہ گمراہ
ہو جاؤ گے۔
اس اعلان کے بعد سب سے پہلے جو اُن کی دست بوسی کریں گے وہ ملائکہ ہوں گے پھر
جنّ ہوں گے نقبا رہوں گے، اور کہیں گے کہ ہم نے ندائے آسمانی سنی، ہم
ان کی اطاعت کرتے ہیں۔ اور مخلوقات میں سے جتنے بھی سننے والے ہیں سب
اس ندا کو سنیں گے۔ اور جس ندا کو انھوں نے اپنے کانوں سے سنا اس کے
بارے میں آپس میں ایک دوسرے سے استفسار کریں گے خواہ وہ خشکی میں
ہوں یا سمندر میں، جنگل میں ہوں یا حاضر ہوں۔
پھر جب آفتاب غروب ہونے کے قریب ہوگا تو مغرب کی جانب سے ایک پکارنے
والا پکارے گا کہ "اے گروہِ خلائق! تمھارے پروردگار نے وادیٔ یابس میں
سرزمینِ فلسطین پر ظہور کیا ہے اور وہ عثمان بن عنبسہ اموی یزید بن معاویہ
کی نسل سے ہے۔ تم لوگ اس کی پیروی کرو، ہدایت پاؤ گے، اس کی مخالفت
نہ کرو ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے" اور ملائکہ اور جنّ اور نقباء اس کی رد کریں گے اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اسے جھٹلائیں گے۔
اور کہیں گے کہ ہم نے سنا مگر تمھاری بات نہیں مانتے۔ اُس وقت کوئی شک وریب والا منافق و کافر ایسا نہ ہوگا جو اس آخری ندا کو سن کر گمراہ نہ ہو جائے۔
اور ہمارے سیّد و سردار حضرت امام قائم علیہ السّلام کعبہ کی دیوار سے اپنی پشت ٹیکے ہوئے کھڑے ہوں گے اور کہیں گے: اے گروہِ خلائق سُنو!
"اے گروہِ خلائق سنو! جو شخص حضرت آدمؑ و حضرت شیثؑ کو دیکھنا چاہے وہ مجھے دیکھے میں وہی آدمؑ و شیثؑ ہوں۔ جو شخص حضرت نوحؑ اور اُن کے فرزند سامؑ کو دیکھنا چاہے وہ مجھے دیکھے میں وہی نوحؑ اور سامؑ ہوں۔ اور جو حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کو دیکھنا چاہتا ہو وہ مجھے دیکھے، میں وہی ابراہیمؑ و اسماعیلؑ ہوں، اور جو حضرت موسیٰؑ اور حضرت یوشعؑ کو دیکھنا چاہتا ہو وہ مجھے دیکھے میں وہی موسیٰؑ و یوشعؑ ہوں، اور جو حضرت عیسیٰؑ اور حضرت شمعونؑ کو دیکھنا چاہے وہ مجھے دیکھے میں وہی عیسیٰؑ اور شمعونؑ ہوں۔ آگاہ ہو اور جو شخص حضرت محمدؐ اور حضرت امیر المومنینؑ کو دیکھنا چاہے وہ مجھے دیکھے میں وہی محمدؐ اور امیر المومنینؑ ہوں، آگاہ ہو کہ جو امام حسنؑ و امام حسینؑ کو دیکھنا چاہے، وہ مجھے دیکھے میں وہی حسنؑ و حسینؑ ہوں اور جو امام حسینؑ کی اولاد میں سے جو ائمہ علیہم السّلام ہیں انھیں دیکھنا چاہے وہ مجھے دیکھے میں وہی ائمہ ہوں، میری پکار پر لبّیک کہو اور آؤ میں وہ تمام باتیں تمھیں بتاؤں گا جو بتائی جا چکی ہیں اور وہ باتیں بھی بتاؤں گا جو ابتک نہیں بتائی گئی ہیں۔

امامؑ قائم صحفِ آسمانی کی تلاوت کریں گے

اچھا، جو شخص تم میں سے کتب آسمانی اور صحفِ سماوی کو پڑھے ہوئے ہو وہ سُنے۔ میں پڑھتا ہوں۔ (اس کے بعد آپ اُن صحیفوں کی تلاوت شروع کریں گے جو حضرت آدمؑ اور حضرت شیثؑ پر نازل ہوئے تھے اور حضرت آدمؑ و حضرت شیثؑ ہبۃ اللہ کی اُمّت اُسے سن کر کہے گی کہ ہاں، واللہ یہی وہ مکمّل صحیفے ہیں جو اُنھوں نے ہمیں دکھا دیا جو ہم بھی نہیں جانتے تھے یا جو کچھ ہم سے مخفی رہ گئے تھے یا جو اُن صحیفوں میں سے ساقط کر دیا گیا تھا اور جو اُن میں تحریف اور ردّ و بدل کر دیا گیا تھا۔ پھر آپؑ صحفِ نوحؑ و ابراہیمؑ، و توریت و انجیل اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

زبور کی تلاوت کریں گے تو اہلِ توریت و انجیل و زبور کہیں گے، واللہ یہی تو واقعاً نوحؑ و ابراہیمؑ کے صحیفے ہیں اور ان میں سے ساقط و حذف کر دیے گئے ہیں اور تبدیل و تحریف کر دیے گئے ہیں واللہ یہی توریتِ جامع اور مکمل زبور اور انجیلِ تام ہے اب تک جو ہم لوگ پڑھتے تھے یہ اس سے کہیں بہتر ہے۔
پھر آپؑ قرآن کی تلاوت فرمائیں گے تو مسلمان کہہ اُٹھیں گے کہ واللہ درحقیقت یہی وہ قرآن ہے جسے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرمایا تھا۔ اس میں سے چند آیات ساقط کر دی گئی تھیں اس میں تحریف اور تبدیل سے کام لیا گیا تھا۔

ظہورِ دابّہ

پھر رکن و مقام کے درمیان ایک دابّہ کا ظہور ہوگا اور وہ مومن کی پیشانی پر لکھ دے گا (یہ مومن ہے) اور کافر کی پیشانی پر لکھ دے گا کہ (یہ کافر ہے) پھر امام قائمؑ کے سامنے ایک شخص آئے گا جس کا چہرہ اس کی پشت کی طرف پھرا ہوا ہوگا، اور وہ کہے گا: اے میرے سیّد و سردار! میں بشیر ہوں اور مجھے ایک فرشتے نے حکم دیا ہے کہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر صحرا میں لشکرِ سفیانی کی بیداء میں ہلاکت کی خوشخبری سنا دوں
آپ اس سے فرمائیں گے کہ تم اپنا اور اپنے بھائی کا سارا قصہ بیان کرو۔

بشیر و نذیر دو بھائیوں کے منہ پھر جانے کا قصہ

وہ (بشیر) بیان کرے گا کہ میں اور میرا بھائی دونوں لشکرِ سفیانی میں تھے۔ ہم لوگ دمشق سے نکل کر زوراء پہنچے، اُسے تاراج کیا۔ پھر ہم آگے بڑھے تو کوفہ تباہ کیا، وہاں سے مدینہ پہنچے اُسے برباد کیا، منبرِ رسولؐ کو توڑا مسجدِ رسولؐ میں گھوڑے باندھے جس میں گھوڑوں نے لید کی۔
پھر ہم لوگ تیرہ ہزار آدمی وہاں سے کعبہ کو مسمار کرنے اور وہاں کے بسنے والوں کو قتل کرنے کے ارادے سے نکلے۔ جب ہم لوگ بیداء (صحرا) میں پہنچے، وہاں پڑاؤ ڈالا تو ایک ہاتف نے آواز دی اے صحرا (بیداء)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس ظالم قوم کو نیست و نابود کر دے۔ چنانچہ زمین شق ہو گئی اور سب کے سب اس میں سما گئے اور ان میں سے اس سرزمین پر میرے اور میرے بھائی کے سوائے اور کوئی نہ بچا۔ حد یہ ہے کہ اونٹ کی ایک رسّی تک نہ بچی، سب زمین میں سما گئی۔

پس اسی اثناء میں ایک مَلَک نے ہم دونوں کے منہ پر ایک ایک طمانچہ رسید کیا جس سے ہمارے منہ پشت کی طرف پھر گئے جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں۔ اور میرے بھائی سے کہا اے نذیر! تو دمشق جا کر دمشق جا کر سفیانی ملعون کو ظہورِ امام مہدیؑ کی اطلاع دیدے اور مجھ سے کہا، اے بشیر! تم مکّہ معظّمہ میں جا کر مہدی علیہ السّلام سے ملو اور انھیں ظالموں کی ہلاکت کی خوشخبری دے دو۔ اور اُن کے سامنے اپنے پچھلے بد اعمال سے توبہ کرو۔ وہ تمہاری توبہ قبول کر لیں گے۔

پس یہ سن کر امام علیہ السّلام اُس کے چہرے پر اپنا ہاتھ پھیریں گے، اور وہ ٹھیک ہو جائے گا جیسا تھا۔ اور وہ اُن کی بیعت کرے گا اور اُن کے ساتھ ہی رہے گا۔"

مفضّل نے دریافت کیا: اے میرے سیّد و سردار! کیا اس زمانے میں فرشتے اور جنّ، انسانوں کو نظر آئیں گے؟

آپؑ نے فرمایا: "ای واللہ یا مفضّل! ویخاطبونہم کما یکون الرّجل مع حاشیتہ و اھلہ۔"

ترجمہ: "ہاں، خدا کی قسم اے مفضّل! بلکہ وہ اُن سے اسی طرح بات چیت کریں گے جس طرح اپنے ساتھیوں اور اپنے اہل و عیال سے گفتگو کرتے ہیں۔"

میں نے عرض کیا: اے آقا! پھر وہ لوگ اُن کے ساتھ جائیں گے؟

آپؑ نے فرمایا: "ای واللہ یا مفضّل ولینزلنّ الارض الھجرۃ مابین الکوفۃ و النّجف وعدد اصحابہ علیہ السّلام حینئذ ستّۃ واربعون الفاً من الملائکۃ وستّۃ آلاف من الجنّ وفی روایۃ اُخریٰ: ومثلہا من الجنّ یہم ینصرہ اللہ ویفتح علیٰ یدیہ۔"

ترجمہ: "(فرمایا) ہاں، خدا کی قسم اے مفضّل! وہ کوفہ و نجف کے درمیان سرزمین ہجرت

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پر پڑاؤ ڈالیں گے اور اُس وقت آپؑ کے لشکر میں چھیالیس[۴۶] ہزار فرشتے
اور چھ ہزار (دوسری روایت کے مطابق چھیالیس[۴۶] ہزار جنّ ہوں گے،
ان کے ذریعے سے آپؑ کو اللہ تعالیٰ فتح و نصرت دے گا۔"

مفضّل نے عرض کیا: مولا! پھر اہلِ مکّہ کے ساتھ وہ کیا سلوک فرمائیں گے؟

قال[ع]: "یدعوهم بالحکمة والموعظة الحسنة فیطیعونه و
یستخلف فیهم رجلاً من اهل بیته ویخرج یرید المدینة"

ترجمہ: "آپ نے فرمایا: آپؑ انھیں حکمت اور موعظۂ حسنہ کے ساتھ اپنی طرف بلائیں گے
اور وہ لوگ آپؑ کی اطاعت کرلیں گے۔ پھر آپؑ اپنے اہلِ بیت میں سے
ایک شخص کو مکّہ میں اپنا نائب بنا کر مدینہ جانے کا ارادہ کرکے نکلیں گے۔"

مفضّل نے دریافت کیا: اے سیّد و سردار! وہ کعبہ کے ساتھ کیا سلوک کریں گے؟

امام قائمؑ بیت اللہ کی ازسرِنو تعمیر کریں گے

آپؑ نے فرمایا: "ینقضه فلا یدع منه اِلّا القواعد التی
هی اوّل بیت وضع للناس ببکة فی عهد آدمؑ۔ و
الذی رفعه ابراهیم و اسماعیل ع منها واِنّ الذی
بنیٰ بعدهما لم یبنه نبیٌّ ولا وصیٌّ، ثمّ یبنیه کما
یشاء الله ولیعفینّ آثار الظّالمین بمکّة والمدینة و
العراق وسائر الاَقالیم، ولَیهدمنّ مسجد الکوفة
ولیبنیه علیٰ بنیانه الاوّل، ولیهدمنّ القصر العتیق
ملعون ملعون من بناه۔"

ترجمہ

"آپؑ اس کو (خانۂ کعبہ کو) منہدم کرکے اُن ہی بنیادوں پر اس کی ازسرِنو تعمیر
کریں گے جو بنیاد عہدِ آدمؑ میں مکّہ کے اندر لوگوں کے لیے رکھی گئی تھی اور
جس پر حضرت ابراہیمؑ و اسماعیلؑ نے دیواریں بلند کی تھیں۔ اور ان بنیادوں پر
تو ان دونوں کے بعد کسی نے اس کی تعمیر ہی نہیں کی۔ اس طرح وہ ظالموں کے
بنائے ہوئے تمام آثار مٹا دیں گے مکّہ میں بھی مدینہ میں بھی، بلکہ تمام ممالک میں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اسی طرح وہ مسجد کوفہ کو بھی منہدم کریں گے اور اس کو پہلی بنیاد پر تعمیر کریں گے۔ پھر قصرِ عتیق (پرانے قصر) کو بھی منہدم کریں گے اس لیے کہ اس کی تعمیر کرنے والے ملعون تھے۔"

مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا! کیا امام مہدی علیہ السّلام مکّہ ہی میں قیام کریں گے؟

قال: "لا یا مفضّل! بل یستخلف منہا رجلاً من اھلہ فاذا سار منہا وثبوا علیہ فیقتلونہ، فیرجع الیہم فیأتونہ مہطعین مقنعی رؤسہم یبکون و یتضرّعون و یقولون: یا مہدیَّ آلِ محمّد التوبۃ التوبۃ فیعظہم و ینذرہم و یحذّرہم و یستخلف علیہم منہم خلیفۃ و یسیر فیثبون علیہ بعدہ فیقتلونہ، فیردّ الیہم انصارہ من الجنّ والنقباء و یقولون لہم: ارجعوا فلا تبقوا منہم بشراً الّا من امن، فلولا انّ رحمۃ ربّکم وسعت کلّ شیء وانا تلک الرّحمۃ لرجعت الیہم معکم، فقد قطعوا الاعذار بینہم وبین اللہ، وبینی و بینہم، فیرجعون الیہم فواللہِ لا یسلم من المائۃ منہم واحد. لا واللہ ولا من الف واحد۔"

(ترجمہ)

آپ نے فرمایا: نہیں، اے مفضّل! بلکہ وہاں اپنے اہلِ بیت میں سے اپنا نائب مقرّر کر کے وہاں سے روانہ ہوں گے اور ان کے روانہ ہوتے ہی اہلِ مکہ اُس پر جھپٹ پڑیں گے اور اُسے قتل کر دیں گے۔ یہ خبر سن کر آپؑ واپس آئیں گے تو آپؑ کے سامنے اہلِ مکّہ گردن جھکا کر روتے اور تضرّع وزاری کرتے ہوئے آئیں گے اور کہیں گے کہ "اے مہدیٔ آلِ محمّدؐ! ہم توبہ کرتے ہیں، ہم توبہ کرتے ہیں۔" آپؑ ان لوگوں کو نصیحت فرمائیں گے، عذاب سے ڈرائیں گے اور ان میں پھر ایک اپنا نائب مقرّر کر کے روانہ ہوں گے، اور اُن کے روانہ ہوتے ہی پھر وہ لوگ اس پر یلغار کر کے قتل کر دیں گے۔ تو آپ اپنے انصار میں سے جنّوں اور نقیبوں کو وہاں بھیجیں گے اور انھیں حکم دیں گے کہ وہاں جاؤ اور جو ایمان لائے اُسے چھوڑ دینا اس کے علاوہ ایک فرد کو بھی نہ چھوڑنا، اگر تمھارے ربّ کی رحمت ہر شئ پر محیط نہ ہوتی اور وہ رحمت میں ہوں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تو میں بھی تم لوگوں کے ساتھ چلتا۔ ان لوگوں نے اللہ کے درمیان اور میرے اور اپنے درمیان کوئی عذر نہیں چھوڑا پس خدا کی قسم وہ انصار جن مکہ میں آکر تم میں سے ایک بلکہ ہزار میں سے ایک کو بھی نہ چھوڑیں گے۔"

مفضل نے عرض کیا: مولا یہ تو بتائیں کہ امام مہدی علیہ السلام کا بیت الشرف اور مومنین کے اجتماع کی جگہ کہاں ہوگی؟

قال الصادق علیہ السلام:

" دار ملکه الکوفة و مجلس حکمه جامعها و بیت ماله و مقسم غنائم المسلمین مسجد السهلة و موضع خلواته الذکوات البیض من الغریّین۔"

ترجمہ: "امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

" اُن کا دار الحکومت کوفہ ہوگا۔ جامع مسجد کوفہ سے اُن کے احکامات نافذ ہوں گے اور مسجد سہلہ ان کا بیت المال اور تقسیم غنائم کی جگہ ہوگی۔"

مفضل نے عرض کیا: مولا! کیا تمام مومنین اس وقت کوفہ ہی میں رہیں گے؟

قال علیہ السلام:

" ای واللہ لا یبقی مؤمن الّا کان بها او حوالیها ولیبلغنّ مجالة فرس منها الفی درهم و لیودّنّ اکثر الناس انّه اشتری شبرًا من الارض السبع بشبر من ذهب، والسبع خطّة من خطط همدان، و لیصیرنّ الکوفة اربعة و خمسین میلًا و لیجاورنّ قصورها کربلا و لیصیّرنّ اللہ کربلاء معقلًا و مقامًا تختلف فیه الملائکة والمؤمنون و لیکونن لها شأن من الشّان و لیکونن فیها من البرکات مالو وقف مؤمن و دعا ربّه بدعوة لأعطاه اللہ بدعوته الواحدة مثل ملک الدّنیا الف مرّة۔"

ثمّ تنفّس ابو عبد اللہ علیہ السّلام وقال:

" یا مفضّل انّ بقاع الارض تفاخرت: ففخرت کعبة البیت الحرام علی بقعة کربلا، فاوحی اللہ الیها ان اسکتی کعبة البیت الحرام ولا تفتخری علی کربلا، فانّها البقعة المبارکة الّتی نودی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

موسیٰؑ منہا من الشجرۃ وانّہا الرّبوۃ الّتی اَویت الیہا مریمؑ والمسیحؑ وانّہا الدالیۃ الّتی غسل فیہا راس الحسین علیہ السّلام وفیہا غسلت مریمؑ عیسیٰ علیہ السّلام و اغتسلت من ولادتہا وانّہا خیر بقعۃ عرج رسول اللہ ص منہا وقت غیبتہ ، ولیکونَنّ لشیعتنا فیہا خیرۃ الی ظہور قائمنا علیہ السّلام ۔"

(ترجمہ)

امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: ہاں، خدا کی قسم ہر مومن وہاں یا اس کے اطراف میں رہے گا، وہاں ایک گھوڑے کی جگہ کی قیمت دو ہزار درہم تک پہنچ جائیگی اور اکثر لوگوں کی خواہش ہوگی کہ اگر سبع کی ایک بالشت زمین ایک بالشت سونے پر بھی ملے تو خرید لیں اور سبع ہمدان کے خطّوں میں سے ایک خطّے کا نام ہے. اُس وقت کوفہ کی آبادی چوّن میل تک پھیل جائے گی، اس کے مکانات کربلا سے متصل ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کربلا کی عظمت ایسی بڑھا دے گا کہ ہر وقت ملائکہ اور مومنین وہاں آتے جاتے رہیں گے۔ وہاں کی شان عجیب سی ہوگی، وہاں اتنی برکتوں کا نزول ہوگا کہ اگر کوئی مومن وہاں کھڑا ہو کر اپنے رب کو پکارے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی ایک دعاء کے عوض دنیا کی بادشاہت کے ہزار گنا برابر شے اس کو عطا فرمائے گا۔

کعبہ اور کربلا کی منزلت

پھر حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے ایک ٹھنڈی سانس لی اور فرمایا:
اے مفضّل! ایک مرتبہ زمین کے مختلف خطّوں نے آپس میں تفاخر کیا چنانچہ کعبۂ بیت الحرام نے سرزمینِ کربلا کے مقابلہ پر فخر کیا تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُس کی جانب وحی ہوئی کہ "اے کعبۂ بیت الحرام! چپ ہو جا، کربلا کے مقابلے میں فخر کی بات نہ کر۔ یہ وہ مبارک سرزمین ہے کہ جس میں موسیٰ کو شجرۂ مبارکہ نے آواز دی تھی، یہ وہ جگہ ہے جہاں مریمؑ اور مسیحؑ نے پناہ لی تھی، یہاں پانی کا وہ گھاٹ ہے جس میں حسینؑ کے سر کو دھویا گیا تھا وہیں مریمؑ نے عیسیٰؑ کو غسلِ ولادت دیا تھا اور خود غسل کیا تھا۔ یہ وہی بہترین

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سرزمین ہے جہاں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج پر تشریف لے گئے اور اس سرزمین میں ظہورِ امام قائم علیہ السلام تک ہمارے شیعوں کے لیے بھلائی ہی بھلائی ہے۔"

مدینہ منوّرہ میں آمدِ امامؑ قائم

مفضل نے عرض کیا: مولا و آقا! پھر حضرت امام مہدی علیہ السلام کہاں تشریف لے جائیں گے؟

قال الصّادق علیہ السّلام:

"الیٰ مدینۃ جدّی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فاذا وردھا کان لہ فیھا مقام عجیب یظھر فیہ سرور المؤمنین و خزی الکافرین۔"

ترجمہ: حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"پھر وہ میرے جد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مدینہ تشریف لے جائیں گے۔ جب وہ وہاں وارد ہوں گے تو قیام کریں گے اور ان کے قیام سے مومنین کو عجیب خوشی اور کافروں کو عجیب غم و غصّہ ہوگا۔"

مفضّل نے عرض کیا: مولا! وہ خوشی اور غم کس بات سے ہوگی؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امامِ قائمؑ کی کوفہ کی طرف روانگی

اس کے بعد حضرت امام مہدی علیہ السّلام کوفہ روانہ ہوں گے اور کوفہ و نجف کے درمیان منزل کریں گے، اس وقت آپؑ کے ساتھ آپؑ کے اصحاب، چھیالیس ہزار فرشتے اور چھ ہزار جنّ اور نقباء اور تین سو تیرہ اصحاب (خاص) ہوں گے۔

مفضّل نے عرض کیا مولا! اس وقت دار الفاسقین کا کیا حال ہوگا؟

(ترجمہ)

آپؑ نے فرمایا: "اس پر لعنت برستی ہوگی عذاب میں مبتلا ہوگا فتنے اس کو تباہ و برباد کر کے چھوڑیں گے۔ زرد رنگ کا جھنڈا اور مغرب کے مختلف جھنڈے حزیرے سے یلغار کرنے والا، نیز ہر قریب و بعید کے جھنڈے پہنچکر اُس پر اور وہاں کے رہنے والوں پر مصیبتیں توڑیں گے۔

خدا کی قسم زمانے کی ابتداء سے لیکر آخر تک متمرّد اور سرکش قوموں پر جس جس قسم کے عذاب نازل ہو چکے ہیں وہ سب اس پر نازل ہوں گے بلکہ ایسے ایسے عذاب بھی نازل ہوں گے جنھیں نہ کبھی آنکھوں نے دیکھا اور نہ کانوں نے سنا۔

وہاں تلواروں کا ایک طوفان برپا ہوگا۔ وائے ہو وہاں کے باشندوں پر جو وہاں مقیم رہے گا سمجھ لو بڑا بدبخت ہے، اور جو وہاں سے نکل گیا سمجھ لو اللہ تعالیٰ نے اُس پر رحم فرمایا۔

خدا کی قسم، وہاں کے رہنے والے اس طرح رہیں گے کہ دیکھنے والے کہیں کہ اسی کا نام دنیا ہے۔ اُن کے مکانات جیسے جنّت کے قصور و محل، ان کی لڑکیاں مثل جنّت کی حوروں کے اور لڑکے، جیسے جنّت میں غلمان ہیں وہ سمجھتے ہوں گے کہ اللہ نے بندوں کے لیے جو رزق پیدا کیا ہے وہ تنہا ان ہی لوگوں کے لیے ہے۔

وہ لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت پر کمربستہ ہوں گے ان کے فیصلے قرآن کے بغیر ہوں گے، جھوٹی گواہیاں، شراب خوری، فسق و فجور، حرام کی کمائی اور کشت و خون وہاں اتنا ہوگا کہ ساری دنیا میں کہیں اتنا نہ ہوگا۔

پھر اللہ تعالیٰ ان فتنوں اور ان مختلف جھنڈوں کے ذریعے سے اسے اس طرح

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تباہ کرے گا کہ ادھر سے گذرنے والا گذرے گا تو یہ کہے گا کہ کبھی اس مقام پر زوراء کی آبادی تھی۔

اس کے بعد ایک خوش شکل جوان حسنی دیلم سے خروج کرے گا اور ایک اعلان ہوگا کہ: "اے آلِ محمدؐ! آؤ مظلوموں کی مدد کرو۔" یہ اعلان ضریحِ مبارک کے پاس سے ہوگا۔ اور طالقان میں اللہ کے محفوظ کیے ہوئے خزانے اس کے لیے لبیک کہیں گے۔ وہ خزانہ چاندی سونے کا نہ ہوگا بلکہ کچھ مردِ آہن ہوں گے جو سرخ گھوڑوں پر سوار ہوں گے ان کے ہاتھوں میں حربے ہوں گے جو ظالموں کو قتل کرتے ہوئے وارد کوفہ ہوں گے اور اتنے میں اکثر زمین صاف ہو چکی ہوگی اور اب یہ ان کے لیے جائے پناہ ہوگی۔

اسی دوران اُس مردِ حسنی اور اُس کے اصحاب کو امام مہدی علیہ السلام کی اطلاع ملے گی اور لوگ اُس مردِ حسنی سے عرض کریں گے کہ: فرزندِ رسول! یہ کون ہیں جو ہماری سرحد میں داخل ہو رہے ہیں۔؟

وہ مردِ حسنی جواب دے گا کہ چلو ہمارے ساتھ دیکھیں کہ یہ کون ہیں اور ان کا کیا ارادہ ہے، حالانکہ اس مردِ حسنی کو علم ہوگا کہ وہ امام مہدی علیہ السلام ہیں مگر اپنے اصحاب سے ان کا تعارف کرانے کے لیے وہ ایسا کرے گا۔

چنانچہ وہ مردِ حسنی اپنے اصحاب کے ساتھ امام مہدی علیہ السلام کے پاس آئے گا اور کہے گا: اگر آپ امام مہدیؑ ہیں تو پھر آپ کے پاس آپ کے جدِ امجد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عصا، انگوٹھی، ردائے مبارک، سواری کا دُلدل، ان کا گدھا "یعفور" وہ گھوڑا جس کا نام براق ہے اور[1] حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا مصحف، یہ سب تبرکات کہاں ہیں؟

اور امام مہدی علیہ السلام یہ سب چیزیں نکال کر دکھائیں گے۔ اور ان میں سے سب سے پہلے آپ عصا دکھائیں گے اور اس کو ایک سخت ترین پتھر پر نصب کر دیں گے اور اس میں شاخیں اور پتے نکل آئیں گے۔ اور یہ مردِ حسنی یہ باتیں اس لیے کرے گا تاکہ اپنے اصحاب پر امام مہدیؑ کا فضل و شرف (معجزہ) واضح کر دے اور لوگ اسے دیکھ کر ان کی بیعت کر لیں۔

---

[1] ۔ آپؐ کا ناقۂ عضبا، عمامۂ سحاب، اور درعِ فاضل اور۔۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الغرض اس معجزے کو دیکھ کر وہ مردِ حبشی کہہ اُٹھے گا: اَللّٰہُ اکبر، فرزندِ رسولؐ! آپ اپنا ہاتھ بڑھائیں، میں آپ کی بیعت کرتا ہوں۔ امام مہدیؑ اپنا ہاتھ بڑھائیں گے۔ تو مردِ حبشی اور اس کے ساتھ اُس کا سارا لشکر امام مہدیؑ کی بیعت کرے گا، سوائے اُن چالیس ہزار صاحبانِ مصحف کے جو زیدیہ کے نام سے معروف و مشہور ہوں گے۔

وہ لوگ کہیں گے کہ یہ کوئی بڑا جادو ہے۔

اب موافق و مخالف دو لشکر مدِ مقابل ہو جائیں گے اور امام مہدی علیہ السلام پہلے اس مخالف و منحرف گروہ کو سمجھائیں گے اور تین دن تک انھیں دعوتِ حق دیتے رہیں گے، مگر ان کی سرکشی و نافرمانی بڑھتی ہی جائے گی، جب آپؑ دیکھیں گے کہ یہ لوگ کسی طرح نہیں مانتے تو قتل کا حکم دیں گے اور وہ سب لوگ قتل کر دیے جائیں گے۔ پھر آپؑ اپنے اصحاب کو حکم دیں گے کہ ان مقتولین کے گلے میں لٹکے ہوئے مصحفوں کو ان کے ساتھ ہی چھوڑ دو۔ نہ لو۔ اور جس طرح انھوں نے مصاحف میں تغیّر و تبدّل اور تحریف کی ہے اور ان میں جو حکم ہے اس پر عمل نہیں کیا ہے اسی طرح ان پر حسرت برستی رہے۔"

مفضّل نے عرض کیا: مولا! پھر اس کے بعد امام مہدی علیہ السلام کیا اقدام فرمائیں گے؟

سفیانی ذبح کر دیا جائے گا

قال ع: یثوّر سرایا علی السفیانیّ اِلی دمشق، فیأخذونه و یذبحونه علی الصّخرة"

آپؑ نے فرمایا: "اس کے بعد وہ ایک لشکر دمشق کے لیے روانہ کریں گے وہ لشکر دمشق پہنچ کر سفیانی کو گرفتار کرے گا اور اُسے صخرہ کے مقام پر ذبح کر ڈالے گا۔"

رجعتِ امام حسینؑ اور دیگر اصحاب

ثمّ یظهر الحسین علیه السلام فی اثنی عشر اَلف صدّیق و اثنین و سبعین رجلًا اصحابه یوم کربلا فیالك عندها من کرّة زهراء بیضاء

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ : "اس کے بعد حضرت امام حسین علیہ السلام بارہ ہزار صدیقین اور اپنے کربلا کے بہتر اصحابؓ کے ساتھ رجعت و ظہور فرمائیں گے اور کیا کہنا اُس روشن دور کا۔

رجعتِ حضرت امیر المومنین علیہ السلام

ثمّ یخرج الصدّیق الاکبرؓ امیر المومنین علیّ بن ابی طالب علیہ السلام وینصب له القبّة بالنّجف ویقام ارکانها، رکن بالنّجف ورکن بهجر ورکن بصنعاء ورکن بأرض طیبة لکأنّی انظر الی مصابیحه تشریق فی السماء والارض کأضواء من الشمس والقمر، فعندها تبلی السرائر، وتذهل کلّ مرضعة عمّا أرضعت" الی آخر الآیة،

الآیة: "... تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ أَرْضَعَتْ وَ تَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ"

(سورۃ الحج آیت ۲)

ترجمۂ روایت: "پھر صدیقِ اکبرؓ حضرت امیر المومنین علی ابنِ ابی طالبؑ علیہ السلام خروج کریں گے اور ان کے لیے ایک قبّہ نجفِ اشرف میں نصب ہوگا جس کا ایک ستون نجفِ اشرف میں ہوگا، ایک ستون ہجر میں، ایک ستون صنعاء میں، اور ایک ستون سرزمینِ طیبہ میں ہوگا؛ گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ اُس قبّے کے چراغ آسمان و زمین کے درمیان اس طرح روشنی دے رہے ہیں جیسے آفتاب و ماہتاب کی روشنی ہو۔ اور اسرار کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔

ترجمۂ آیت: "... ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پینے والے (بچّے) کو بھول جائے گی اور ہر حاملہ اپنے حمل کو ساقط کر دے گی اور تُو لوگوں کو مدہوش دیکھے گا، حالانکہ وہ نشے میں مدہوش نہیں ہوں گے بلکہ اللہ کا عذاب بہت شدید ہوگا۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رجعتِ سیّدالاکبر حضرت رسولِ خدا ؐ

ثمّ یخرج السیّد الاکبر محمّدٌ رّسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وآلہ فی انصارہ والمہاجرین ومن آمن بہ وصدّقہ واستشہد معہ ویحضر مکذّبوہ والشاکّون فیہ والرّادّون علیہ والقائلون فیہ انّہ ساحر وکاھن ومجنون وناطق عن الھوٰی ومن حاربہ وقاتلہ حتّی یقتصّ منہم بالحقّ ویجازون بافعالہم منذ وقت ظہور رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ الی ظہور المہدیؑ مع امام امام ووقت وقت، ویحقّ تاویل ھذہ الایۃ:

الآیۃ " وَنُرِیْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَی الَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِی الْاَرْضِ وَنَجْعَلَھُمْ اَئِمَّۃً وَّنَجْعَلَھُمُ الْوٰرِثِیْنَ ۙ وَنُمَکِّنَ لَھُمْ فِی الْاَرْضِ ۙ وَنُرِیَ فِرْعَوْنَ وَھَامٰنَ وَجُنُوْدَھُمَا مِنْھُمْ مَّا کَانُوْا یَحْذَرُوْنَ ۔" (سورۃ ۲۸ القصص آیت ۵-۶)

ترجمۂ روایت: "اس کے بعد سیّدِ اکبر حضرت محمّد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اپنے انصار اور مہاجرین کے ساتھ، نیز ان لوگوں کے ساتھ جو آپؐ پر ایمان لائے اور آپؐ کی تصدیق کرنے والے اور آپ کے ساتھ غزوات میں شریک ہوکر درجۂ شہادت پر فائز ہونے والے رجعت فرمائیں گے۔ اور ان لوگوں کو بھی حاضر کیا جائے گا جنھوں نے آپؐ کی تکذیب کی، آپؐ کی نبوّت میں شک کیا، آپؐ کی بات نہ مانی اور یہ کہتے رہے کہ یہ جادوگر ہیں، کاہن ہیں، مجنون ہیں اور اپنے خواہشِ نفس سے بولتے ہیں۔ نیز وہ لوگ بھی حاضر کیے جائیں گے جنھوں نے آپؐ سے جنگ کی، مقاتلہ کیا؛ اور اُن سے پورا پورا قصاص لیا جائے گا اور ظہورِ رسولؐ سے لیکر ظہورِ امام مہدیؑ تک ہر ایک امامؑ کے دور میں جو جو حرکتیں ان لوگوں نے کی ہیں، اُن سب کا جائزہ لیا جائے گا اور اِس آیت کی تفسیر بھی ظاہر ہوگی اور تاویل بھی۔" (سورۃ ۲۸ القصص آیت ۵-۶)

ترجمۂ آیت: "اور ہم نے چاہا کہ جو زمین میں بے بس کیے گئے تھے اُن پر احسان کریں، اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھیں امام بنادیں اور اُنھیں وارث قرار دیں، اور اُنھیں زمین میں اقتدار بخشیں اور فرعون و ہامان اور ان دونوں کے لشکروں کو وہ دکھادیں جس کا اُنھیں ڈر تھا۔"

مفضّل نے دریافت کیا: مولا! فرعون و ہامان کون؟

فرمایا: فلان و فلان

مفضّل نے عرض کیا: اے میرے آقا! کیا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اور امیر المومنین ع، یہ دونوں بھی امام مہدی ع کے ساتھ ہوں گے؟

فقال ع: "لا بُدَّ اَن یطأ الارض اِی واللہ حتّی ما وراء الخاف، اِی واللہ وما فی الظلمات وما فی قعر البحار، حتّی لا یبقیٰ موضع قدم اِلّا وطئا و اقاما فیہ الدّین الواجب للہ تعالیٰ۔

ترجمہ: "آپؑ نے فرمایا: ضرور ہے کہ یہ دونوں حضرات ساری روئے زمین پر پہنچیں گے بخدا یہاں تک کہ کوہِ قاف کے پیچھے تک اور ظلمات کے اندر سمندر کی گہرائیوں تک۔ غرض کوئی جگہ ایسی نہ ہوگی جہاں ان دونوں کے قدوم میمنت لزوم نہ پہنچیں اور دینِ الٰہی کو قائم نہ کریں۔

"

ثمّ لکأنّی انظر۔ یامفضّل! الینا معاشر الائمّۃ بین یدی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نشکو اِلیہ ما نزل بنا من الاُمّۃ بعدہٗ، وما نالنا من التکذیب والرّدِّ علینا وسبنا و بعننا وتخویفنا بالقتل، وقصد طواغیتہم الولاۃ لاُمورہم من دون الامّۃ بترحیلنا عن الحرمۃ الی دار ملکہم و قتلہم ایّانا بالسّم والحبس، فیبکی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ویقول: یا بنیّ ما نزل بکم اِلّا ما نزل بجدّکم قبلکم۔"

ترجمہ: "پھر گویا اے مفضّل! میں دیکھ رہا ہوں، ہم گروہِ ائمہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے سامنے کھڑے ہیں اور ان کی امّت نے ان کے بعد ہم لوگوں پر جو مظالم ڈھائے اس کی شکایت کر رہے ہیں کہ اس اُمّت نے ہم لوگوں کو کس کس طرح جھٹلایا، ہماری باتوں کو رد کیا، ہمیں گالیاں دیں، لعنتیں کیں، قتل سے ڈرایا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور اُمّت کی آنکھوں کے سامنے اُس وقت کے ظالم والیانِ حکومت نے ہم لوگوں کو وطن سے بے وطن کیا اپنے دارالحکومت میں لے گئے، ہمیں قتل کیا، زہر دیا، قید کیا۔

یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رو رہے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اے فرزندو! جو مصیبتیں تم لوگوں پر نازل ہوتی ہیں، وہ سب تم سے پہلے تمھارے جدّ پر بھی نازل ہو چکی ہیں۔

مصائبِ جناب فاطمہ زہراؑ و امیر المومنینؑ

ثمّ تبتدیٔ فاطمة علیہا السلام وتشکو ما نالہا من ابی بکرؓ وعمرؓ۔ واخذ فدک منہا ومشیہا الیہ فی مجمع من المہاجرین والانصار وخطابہا لہ فی امر فدک، وما ردّ علیہا من قولہ: "انّ الانبیآء لا تورّث واحتجاجہا بقول زکریّا ویحییٰؑ وقصّة داؤدؑ وسلیمان علیہما السّلام؛

وقول عمرؓ: ہاتی صحیفتک الّتی ذکرت انّ اباکِ کتبہا لکِ و اخراجہا الصحیفة واخذہ ایّاہا منہا ونشرہ لہا علیٰ رؤس الاشہاد من قریش والمہاجرین والانصار و سائر العرب وتفلہ فیہا، وتمزیقہ ایّاہا وبکائہا و رجوعہا الی قبر ابیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتمثّلہا بقول بنت صیفی

ترجمہ

سب سے پہلے حضرت فاطمہ صلوات اللہ علیہا شکایت شروع کریں گی اور جو جو اذیتیں ابوبکرؓ اور عمرؓ نے انھیں پہنچائیں، بیان کریں گی۔ یعنی فدک کا ضبط کرنا اور مہاجرین وانصار کے بھرے مجمع میں ان سے اپنا حق طلب کرنا۔ فدک کے معاملے میں ان سے گفتگو کرنا اور اُن کا یہ کہہ کر رد کرنا کہ انبیاء نہ کسی کے وارث ہوتے ہیں نہ اُن کا کوئی وارث ہوتا ہے۔ اور ان معظّمہ کا حضرت زکریّا و یحییٰ وحضرت داؤد وسلیمان کی وراثت کی دلیل میں قرآن مجید کی آیتیں پیش کرنا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھر امیر المومنین علیہ السلام نے اُن تمام مصیبتوں کی شکایت کرنا، جو بعدِ رسولؐ اُن پر ڈھائی گئیں۔

پھر امیر المومنین علیہ السلام کا رسول اللہؐ سے یہ کہنا کہ میرے ساتھ بھی وہی قصہ پیش آیا جو حضرت ہارونؑ کو بنی اسرائیل سے پیش آیا تھا اور میں بھی وہی کہوں گا جو اُنھوں نے حضرت موسیٰؑ سے کہا تھا کہ:

حوالۂ آیت: "ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ ..... قَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ" (الاعراف ۱۵۰)

ترجمۂ آیت: "میرے مانجائے میری قوم نے مجھے کمزور جانا، اور قریب تھا کہ مجھے قتل کر دیتے۔ پس دشمنوں کو مجھ پر ہنسنے (کا موقع) نہ دیجیے اور مجھے ظالم لوگوں کا ساتھی نہ بنائیے۔"

چنانچہ۔ یا رسول اللہؐ! میں نے بھی صبر کیا اور ضبط سے کام لیا، راضی بہ رضائے خدا رہا، حالانکہ ان لوگوں پر حجّت تمام کی تھی اور وہ عہد جو آپؐ نے ان لوگوں سے لیا تھا وہ اپنے عہد کو توڑ چکے تھے۔

یا رسول اللہؐ! میں نے اتنا برداشت کیا جتنا کسی قوم کے اوصیاء میں سے کسی وصی نے اس قدر برداشت کا مظاہرہ نہیں کیا، حد یہ ہے کہ مجھے عبدالرحمان ابنِ ملجم کی تلوار سے قتل کرایا گیا، اور ان لوگوں نے کس طرح میری بیعت کر کے توڑی اس کو اللہ خوب دیکھنے والا ہے۔

اور طلحہ و زبیر کا عائشہ کے ساتھ مکّہ جانا اور یہ ظاہر کرنا کہ حج و عمرہ کو جا رہے ہیں اور وہاں سے ان لوگوں کا بصرہ جانا، اور میرا ان لوگوں کے پاس جانا۔

اور یا رسول اللہؐ! میں نے اُنھیں اللہ کا، آپؐ کا اور قرآن کا واسطہ دیا، مگر اس کے باوجود وہ باز نہ آئے۔ نتیجے میں اللہ نے مجھے ان دونوں پر فتح دی اس جنگ میں بیس ہزار مسلمانوں کا خون بہا، اونٹ کی مہار پر ستّر ہاتھ قطع ہوئے یا رسول اللہؐ! وہ بڑا سخت دن تھا، اتنا سخت دن تو آپؐ کے غزوات میں اور اس کے بعد بھی کبھی مجھے دیکھنا نہیں پڑا، وہ سخت ترین لڑائی تھی جو مجھے لڑنی پڑی، وہ بہت ہی ہولناک تھی، وہ بہت اہم تھی، مگر میں نے صبر کیا جب کہ آپؐ نے مجھے صبر کا حکم دیا تھا اور اللہ نے آپؐ کو صبر کا حکم فرمایا تھا کہ:

حوالۂ آیت: "فَاصْبِرْ كَمَا ..... مِنَ الرُّسُلِ" (سورہ احقاف آیت ۳۵)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ آیت: "پس صبر کر جس طرح کہ اولوالعزم رسول صبر کرتے رہے"۔ (احقاف۔ ۴۶ آیت ۳۵)
اور فرمایا: "وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ" (سورۂ نحل آیت ۱۲۷)
ترجمۂ آیت: "اور صبر کرو، اور آپؐ کا صبر کرنا تو فقط اللہ کی توفیق کے ساتھ ہے"

"

اور درحقیقت یا رسول اللہ! اس آیت کی تاویل جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی امت کے لیے نازل فرمائی تھی، آپؐ کے بعد ظاہر ہوئی۔ یعنی:
حوالۂ آیت: "وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ..... الشّٰكِرِيْنَ" (آلِ عمران ۳ آیت ۱۴۴)
ترجمۂ آیت: "اور محمدؐ ایک رسول ہی ہیں، ان سے قبل بھی کئی رسول گذر چکے ہیں پس اگر وہ مرجائیں یا قتل ہوجائیں تو کیا تم اُلٹے پاؤں پلٹ جاؤ گے، اور جو کوئی اپنے اُلٹے پاؤں پلٹ جاتا ہے وہ اللہ کو ذرا بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اور عنقریب اللہ شکر گذاروں کو جزا دے گا۔"

"

اے مفضل! اس کے بعد امام حسن علیہ السلام اپنے جدِ بزرگوار کے سامنے کھڑے ہوں گے اور عرض کریں گے کہ نانا جان! میں امیرالمومنینؑ کے ساتھ دارالہجرت کوفے میں تھا کہ وہ جناب ابنِ ملجم لعنۃ اللہ علیہ کی تلوار سے قتل کردیے گئے اور نانا جان! جو وصیت آپؐ نے اُن جناب کو فرمائی تھی وہی وصیت اُنھوں نے مجھ سے فرمائی اور جب میرے پدرِ بزرگوار کے قتل کی اطلاع معاویہ کو پہنچی تو اُس نے زیاد لعین کو ایک لاکھ پچاس ہزار فوج کے ساتھ کوفے بھیجا اور حکم دیا کہ مجھے اور میرے بھائی حسینؑ اور میرے سارے بھائیوں اور میرے تمام خاندان کے افراد اور میرے شیعوں اور دوستوں کو گرفتار کرکے ہم سے معاویہ کے لیے بیعت لی جائے اور جو بیعت سے انکار کرے اُس کا سر کاٹ کر معاویہ کے پاس بھیج دیا جائے۔
جب مجھے یہ اطلاع ملی تو میں اپنے گھر سے جامع مسجد کوفہ پہنچا، نماز پڑھی اور منبر پر گیا لوگ خطبہ سننے کے لیے جمع ہوگئے تو میں نے حمد و ثنائے الٰہی کے بعد کہا:
اے گروہِ مردم! (تم دیکھتے ہو کہ) ملک تباہ ہو رہا ہے سارے آثارِ الٰہی کو مٹایا جارہا ہے، کہاں تک صبر کیا جائے، اب تو ان شیاطین کی حرکتیں اور ان خائنوں کی حکومت برداشت سے باہر ہے۔ اب خدا کی حجت تمام ہوچکی، نشانیاں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بالکل واضح ہوگئیں اور اس آیت کی تاویل ہماری توقع کے مطابق سامنے آچکی ہے: "وَمَا مُحَمَّدٌ ..... الشَّاكِرِينَ" (آلِ عمران آیت ۱۴۴)

ترجمۂ آیت: "اور محمدؐ ایک رسول ہی ہیں، ان سے قبل بھی کئی رسول گذر چکے ہیں پس اگر وہ مرجائیں یا قتل کردیے جائیں تو کیا تم اُلٹے پاؤں پلٹ جاؤ گے، اور جو کوئی اپنے اُلٹے پاؤں پلٹ جائے گا وہ اللہ کو ذرا بھی نقصان نہیں نہیں پہنچا سکتا۔ اور عنقریب اللہ شکر گذاروں کو جزا دے گا۔"

"

واللہ میرے جد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وفات پاچکے اور میرے پدر بزرگوار قتل کیے جاچکے، لوگوں کے دلوں میں وساوسِ شیطانی آواز دینے لگے، فتنوں کے کوّے کائیں کائیں کرنے لگے، تم لوگوں نے سنّتِ رسولؐ کی مخالفت کی۔ ہائے افسوس، یہ فتنہ بھی کتنا بہرا اور اندھا ہے کہ کسی کی بات نہیں سنتا اور کسی آواز پر لبّیک نہیں کہتا۔ نفاق کی بات ہر طرف پھیلی ہوئی ہے مخالفین اپنے پرچم ہر طرف لیے چکّر لگا رہے ہیں مارقین کی فوجیں عراق وشام سے بڑھتی چلی آرہی ہیں۔ لہٰذا اللہ تم پر رحم کرے واضح روشنی فیض رساں علم، کبھی نہ بُجھنے والے چراغ اور کبھی نہ چھپنے والے حق کی طرف دوڑ پڑو۔

ایّہا النّاس! خوابِ غفلت سے چونکو۔ اُس ذات کی قسم جس نے دانے کو شگافتہ اور رویندکیلا اُگایا ہے اور اس کو عظمت کی ردا اڑھائی۔ اگر تم میں سے ایک گروہ بھی صفائیِ قلب وخلوصِ نیّت سے، جس میں نفاق کا کوئی دھبّہ اور افتراق کا کھوٹ نہ ہو تو میں قدم قدم پر ان سے تلوار کے ساتھ جنگ کروں گا ان کی تلواروں اور نیزوں اور سواروں کو آگے بڑھنے سے روک دوں گا۔

اللہ تم پر رحم کرے، بولو کیا کہتے ہو؟

مگر اس آواز پر کسی نے لبّیک نہ کہی، سب کے منھ میں جیسے خاموشی کی لجام لگ گئی۔ صرف بیس آدمی مجمع سے اُٹھے اور بولے! فرزندِ رسولؐ! ہمیں صرف اپنی ذات اور اپنی تلواروں پر اختیار ہے، ہم حاضر ہیں۔ آپ کے حکم کی بخوشی تعمیل کریں گے، آپ کی مرضی پر چلیں گے، لہٰذا آپ ہمیں جو چاہیں حکم فرمائیں

یہ سُن کر میں نے اپنے داہنے، بائیں نظر دوڑائی تو سوائے اُن بیس آدمیوں کے اور کوئی بھی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لبّیک کہنے والا نہ تھا۔ تو میں نے اپنے دل میں کہا کہ اب مجھے اپنے جدِّ بزرگوار کی سنّت پر عمل کرنا چاہیے۔ اِس لیے کہ ابتدائی دور میں اگرچہ میرے جدِّ امجد کے ساتھ انتالیس[۳۹] آدمی تھے مگر آپؐ پوشیدہ طور پر عبادت کرتے تھے اور جب چالیس پورے ہوگئے تو آپؐ نے اظہارِ نبوّت فرما دیا۔ بس اسی طرح جب میرے پاس بھی اتنی ہی تعداد میں لوگ ہو جائیں گے تو میں بھی راہِ خدا میں ایسا جہاد کروں گا جو جہاد کا حق ہے۔

پھر میں نے اپنا سر آسمان کی جانب بلند کیا اور عرض کیا: پروردگارا! (تو دیکھتا ہے) میں نے ان لوگوں کو دعوتِ حق دی، انھیں ڈرایا، انھیں نیکی کا حکم دیا اور بُرائی سے منع کیا، مگر یہ لوگ میری دعوتِ حق پر لبّیک کہنے کے لیے تیّار نہ ہوئے، اور نصرت چھوڑ کر بیٹھ رہے، اور میری اطاعت میں کوتاہی کرنے لگے، اور میرے دشمن کی مدد کرنے لگے۔ اے اللہ! تو ان لوگوں پر اپنا ایسا قہر اور ایسا عذاب نازل کر جو ان ظالموں سے ٹل ہی نہ سکے۔ اور یہ کہہ کر میں منبر سے اُتر آیا۔

پھر میں کوفے سے نکلا اور مدینہ روانہ ہوگیا۔ اور اب وہ لوگ میرے پاس آئے اور بیان کرنے لگے۔ معاویہ کا لشکر انبار[۱] اور کوفہ آیا، اُس نے مسلمانوں کو لوٹا اور ان لوگوں کو قتل بھی کیا جو اُس سے جنگ نہیں کر رہے تھے۔ عورتوں اور بچّوں کو تہِ تیغ کیا۔

میں نے کہا: تم لوگ بے وفا ہو۔ مگر اس کے باوجود میں نے کچھ لوگ اور ایک فوجی دستہ روانہ کر دیا۔ مگر معلوم ہوا کہ وہ سب بھی میری بیعت کو توڑ کر معاویہ کے ساتھ جا ملے۔ اور وہی ہوا جو میں نے کہا تھا۔

اس کے بعد امام حسین علیہ السّلام سراپا خون میں ڈوبے اور اپنی معیّت میں قتل ہونے والوں کو اپنے ساتھ لیے ہوئے اُٹھیں گے۔ جب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اُنھیں اس حال میں دیکھیں گے تو زار و قطار گریہ فرمانے لگیں گے اور آپؐ کے گریہ کرنے پر تمام اہلِ آسمان اور تمام اہلِ زمین رو پڑیں گے۔ اور جناب فاطمہ زہراؑ اپنے فرزند کو اس حال میں دیکھ کر ایسی چیخ ماریں گی کہ زمین اور اہلِ زمین لرز اُٹھیں گے۔ امیر المومنین امام حسینؑ کے داہنے جانب مع امام حسنؑ کے ہوں گے اور حضرت فاطمہ زہراؑ اُن کے بائیں جانب ہوں گی اس طرح

---

[۱] انبار:۔ ایک مقام کا نام ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام حسینؑ آگے بڑھیں گے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو اپنے سینے سے لگالیں گے اور فرمائیں گے: "اے حسینؑ میں تم پر قربان اللہ تمھاری آنکھیں ٹھنڈی کرے"۔ اور امام حسینؑ کے دائیں جانب حضرت حمزہؓ شیرِ خدا ہوں گے اور بائیں جانب حضرت جعفرؑ طیّار ہوں گے اور حضرت خدیجہؑ بنتِ خویلد اور حضرت فاطمہؑ بنتِ اسد محسن کو لیے ہوئے آئیں گی۔ وہ زار و قطار رو رہی ہوں گی اور حضرت محسنؑ کی ماں فاطمہؑ زہرا کہیں گی: حوالہ آیت: "ھٰذَا ..... تُوْعَدُوْنَ" (انبیاء ۲۱ آیت ۱۰۳)

حوالہ آیت ۲: "یَوْمَ تَجِدُ کُلُّ نَفْسٍ ..... اَمَدًا بَعِیْدًا ہ" (سورہ آلِ عمران ۳ آیت)

ترجمہ ۱: "یہ ہے تمہارا (وہ) دن جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔" (انبیاء ۲۱ آیت ۱۰۳)

ترجمہ ۲: "جس دن ہر نفس ہر نیک عمل کو جو اس نے کیا، اور ہر بُرے عمل کو جو اُس نے کیا موجود پائے گا (تو وہ) آرزو کرے گا کہ اے کاش، میرے اُس کے مابین ایک طویل دوری ہوتی" (اور اللہ تمھیں اپنی ذات سے ڈراتا ہے)

ترجمہ روایت: یہ بیان کر کے امام جعفر صادق علیہ السلام اسقدر روئے کہ آپؑ کی ریشِ مبارک آنسوؤں سے تر ہوگئی۔

اس کے بعد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس آنکھ کو کبھی خوشی دیکھنا نصیب نہ کرے جو اس ذکر پر آنسو نہ بہائے۔

پھر مفضّل بھی دیر تک روتے رہے۔ پھر عرض کرنے لگے: مولا و آقا میرے! اِن آنسوؤں کا کیا اجر ہے؟

آپؑ نے فرمایا: بے حساب، اگر یہ آنسو کسی حق شناس کی آنکھوں سے نکلیں۔"

مفضل نے پھر عرض کیا: آپ اس آیت " وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۝ بِاَیِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۝ (التکویر ۸۱ آیت ۸ و ۹) کے بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

ترجمہ آیت ۸: اور جب زندہ درگور لڑکی سے پوچھا جائے گا۔

ترجمہ آیت ۹: کہ وہ کس گناہ کی پاداش میں قتل کی گئی تھی۔

قال ع: یا مفضّل و"المودۃ" واللہ محسن لانہ منّا لا غیر فمن قال غیر ھٰذا فکذِّبوہ

ترجمہ: آپ نے فرمایا: اے مفضل "مودۃ" سے مراد بخدا محسن ہیں کوئی اور نہیں ہے اور جو اس کے خلاف کہے اسکو جھوٹا سمجھو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مفضّل نے عرض کیا: اے میرے مولا و آقا! پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟

قال الصادق ؑ: تقوم فاطمة بنت رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم فيقول: اللّهم انجز وعدك وموعدك لى فمن ظلمنى وغصبنى وضربنى وجزعنى بكلّ اولادى، فتبكيها ملائكة السماوات السبع وحملة العرش وسكّان الهواء ومن فى الدُّنيا ومن تحت اطباق الثرى، صائحين صارخين الى الله تعالى، فلا يبقى احد ممن قاتلنا وظلمنا ورضى بما جرى علينا إلّا قتل فى ذلك اليوم ألف قتلة دون من قتل فى سبيل الله، فانه لا يذوق الموت وهو كما قال الله عزّ وجلّ:

الآية "وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ ۝ فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَيَسْتَبْشِرُونَ بِالَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُوا بِهِم مِّنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝" (سورہ ۳ آلِ عمران ۱۶۹-۱۷۰)

"

ترجمۂ روایت: حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: (اس کے بعد) حضرت فاطمہؑ بنتِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرض کریں گی کہ اے اللہ! تو اپنا وعدہ پورا فرما اور جن لوگوں نے مجھ پر ظلم کیا، میرا حق غصب کیا، اور مجھے زد و کوب کیا اور مجھے میری ہر اولاد کے غم میں رُلایا، تو میرا اور ان کا فیصلہ فرما

یہ کلمات سن کر سات آسمانوں کے فرشتے، حاملانِ عرش، فضا میں رہنے والے (سکّانِ فضا) اور اہلِ دنیا اور زمین کے طبقات کے نیچے (تحت الثّریٰ میں) جتنی مخلوق ہے وہ سب رونے لگے گی اور اللہ تعالیٰ سے فریاد کرے گی۔

پھر جن لوگوں نے ہمیں قتل کیا، ہم پر ظلم کیا یا جو ہمارے قتل پر اور ہم پر ظلم کیے جانے پر راضی رہے ہوں گے وہ سب اُس دن ایک ہزار مرتبہ قتل کیے جائیں گے، برخلاف اس کے وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے، ان کے لیے موت نہ ہوگی جیسا کہ اللہ تعالیٰ عزّ وجلّ نے ارشاد فرمایا ہے:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ آیت : اور جو لوگ راہِ خدا میں قتل کیے گئے تم اُن ہرگز مردہ گمان نہ کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے پروردگار کے پاس سے رزق پاتے ہیں (۱۶۹) اور وہ اُس سے بہت خوش ہیں جو اللہ نے اُنھیں اپنے فضل سے عطا فرمایا ہے اور وہ اُن کے بارے میں بہت خوش بشاش ہیں جو ابھی اُن سے نہیں ملے اور اُنکے پیچھے رہ گئے ہیں کہ اُن پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ آزردہ خاطر ہوں گے۔" (آلِ عمران ۳ ۱۶۹-۱۷۰)

رَجعت کا ذکر قرآن میں ہے

مفضّل نے عرض کیا: مولا! مگر آپؑ کے شیعوں میں سے بعض لوگ آپؑ حضرات کی رجعت کے قائل نہیں ہیں؟

فقال ع: انّما سمعوا قول جدّنا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم ونحن سائر الائمّہ نقول:

الآیۃ: "وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ" (سورۃ السجدۃ ۳۲ آیت ۲۱)

قال الصادق ع: العذاب الادنیٰ، عذاب الرّجعۃ والعذاب الاکبر، عذاب یوم القیامۃ۔

الآیۃ: "يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُوا لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔" (سورہ ابراہیم ۱۴ آیت ۴۸)

"

ترجمۂ روایت: آپؑ نے فرمایا: حالانکہ اُنھوں نے ہمارے جد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا قول اور ہم تمام ائمّہؑ کا قول اس آیت کے متعلّق سنا ہے:

ترجمۂ آیت: "اور یقیناً ہم اُنھیں عذابِ ادنیٰ کا مزا چکھائیں گے عذابِ اکبر کے علاوہ۔" (السجدہ ۳۲ آیت ۲۱)

امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا کہ اس آیت میں "عذابِ لادنیٰ" سے مراد رجعت کے زمانے کا عذاب ہے۔ اور "عذاب الاکبر" سے مراد قیامت کے دن کا عذاب ہے۔ جس میں زمین و آسمان بدل دیے جائیں گے: یعنی

ترجمۂ آیت: "جس دن زمین غیرِ زمین میں بدل دی جائے گی اور آسمان بھی، اور سب کے سب ※ خدائے واحد غلبہ والے کے حضور پیش کیے جائیں گے۔" (ابراہیم آیت ۴۸)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مفضّل نے عرض کیا: اے میرے مولا! ہم جانتے ہیں کہ آپ حضرات (گروہِ ائمہ) اللہ تعالیٰ کے اس قول:

(الآیۃ) "نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ط" (سورۃ انعام ۸۳)

ترجمہ: "ہم جس کے درجات چاہتے ہیں بلند کرتے ہیں۔"

نیز فرمایا: "اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ" (انعام ۱۲۴)

ترجمہ: اللہ ہی سب سے بہتر جانتا ہے کہ وہ اپنی رسالت کو کہاں قرار دیتا ہے

اور یہ فرمایا: (الآیۃ) "اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۙ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝" (سورہ ۳ آل عمران ۳۳ ۔ ۳۴)

ترجمہ: "تحقیق اللہ نے آدمؑ کو اور نوحؑ کو اور آلِ ابراہیمؑ کو اور آلِ عمران کو تمام جہانوں پر (فوقیت دیکر) منتخب (برگزیدہ) فرمایا۔ اُن میں سے بعض بعضوں کی ذرّیت ہیں اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔"

(ان تمام آیات) کے بموجب اللہ کے منتخب بندے ہیں۔

قال الصّادق علیہ السّلام: یامفضّل! فاَین نحن فی ھٰذہ الاٰیۃ؟

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: اے مفضّل! اس قرآن میں ہمارا ذکر کہاں ہے؟

مفضّل نے عرض کیا: خدا کی قسم، یہ مندرجہ ذیل آیات بتاتی ہیں:

پہلی آیت: "اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ط وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝" (آل عمران ۶۸)

ترجمہ آیت: "بیشک ابراہیمؑ سے قریب ترین انسانوں میں وہی لوگ ہیں جو اُن کی اور اِس نبی کی اور اُن کی جو ایمان لائے پیروی کرتے ہیں اور اللہ مومنوں کا ولی ہے۔"

دوسری آیت: "مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ط هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ" (الحج: آیت ۷۸)

ترجمہ: (یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ کا دین ہے اُس نے تمہارا نام مسلم رکھا ہے)

تیسری آیت: قولِ حضرت ابراہیمؑ ہے: "وَاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ط" (سورہ ۱۴ ابراہیم ۳۵) یعنی: "اور مجھے اور میرے بیٹوں کو بُت پرستی سے اجتناب کی توفیق دے"

اور ہم لوگوں کو معلوم ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے کبھی چشم زدن کے لیے بھی بُت و مورت کی پرستش نہیں کی اور نہ کبھی شرک کیا۔ نیز اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ
قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ
قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ۝" (سورہ بقرہ: آیت ۱۲۴)

ترجمۂ آیت: "اور جب ابراہیمؑ کی آزمائش اُن کے رب نے چند کلمات سے کی، اور وہ ان میں پورے اُترے تو اُس (اللہ) نے فرمایا: بیشک میں نے تمھیں لوگوں کا امام قرار دیا۔ اُنھوں (ابراہیمؑ) نے عرض کیا: اور میری اولاد میں سے (کس کو یہ عہدۂ امامت عطا ہوگا؟) اُس (اللہ) نے فرمایا: میرا عہد (یہ عہدۂ امامت) ظالموں کو نہیں پہنچے گا۔"

اِس آیت میں "عہد" سے مراد عہدۂ امامت ہے جو کسی ظالم کو نہیں ملے گا۔

آپؑ نے فرمایا: اے مفضّل! تمھیں کیسے معلوم کہ ظالم کو عہدۂ امامت نہ ملے گا؟

مفضّل نے عرض کیا: مولا و آقا! میرا امتحان نہ لیجیے، اس کی مجھ میں طاقت نہیں ہے، میرے علم کو نہ آزمائیے، اِس لیے کہ یہ علم تو ہمیں آپ ہی حضرات سے ملا ہے آپ حضرات سے تو ہم نے فیض حاصل کیا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: اے مفضّل! تم سچ کہتے ہو۔ جو نعمت اللہ تعالیٰ نے تمھیں اس سلسلے میں عطا فرمائی ہے اگر تم اس کا اعتراف نہ کرتے تو آج تم ایسے نہ ہوتے۔

پھر فرمایا: اچھا مفضّل! یہ بتاؤ کہ قرآن مجید میں یہ کہاں ہے کہ کافر ظالم ہے؟

مفضّل نے عرض کیا: جی ہاں اے مولا! اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝" (سورہ البقرۃ آیت ۲۵۴)

اور کافر وہ ہیں جو ظالم ہیں۔[1]

"وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝"

"اور کافر ہی وہ ہیں جو فاسق ہیں"۔

اور جس نے کفر اختیار کیا، فسق کیا یا ظلم کیا اُس کو اللہ تعالیٰ لوگوں کا امام نہیں بنائے گا۔

امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: اے مفضّل! تم نے بڑی اچھی بات کہی۔

اچھا اب یہ بتاؤ کہ تم لوگ ہماری رجعت کے کس طرح قائل ہو جبکہ ہمارے مقصّرین شیعہ تو رجعت کا مطلب یہ سمجھے ہیں کہ اللہ تعالیٰ دنیاوی ملک و سلطنت واپس دے گا

[1] یہ آیت نہیں ہے بلکہ سورۂ مائدہ کی ۴۴ ویں آیت سے مفہوم لیا گیا ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور امام مہدی علیہ السلام کو بادشاہ بنا دے گا۔ مگر ان لوگوں پر وائے ہو ہماری سلطنت اور ہمارا ملک ہم سے چھینا ہی کب گیا جو وہ ہمیں واپس کرے گا۔

مفضّل نے عرض کیا: خدا کی قسم آپ حضرات کی سلطنت اور ملک آپ سے ہرگز چھینا نہیں گیا۔ اس لیے کہ آپ حضرات کا ملک و سلطنت تو نبوّت، رسالت اور وصایت اور امامت ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے مفضّل! اگر ہمارے شیعہ قرآن میں تدبّر اور غور و فکر کرتے تو ہمارے فضائل میں کبھی شک نہ کرتے، کیا ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کا یہ قول نہیں سنا ہے:

الآیۃ: " وَنُرِيدُ أَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الْأَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ ۝ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا مِنْهُم مَّا كَانُوا يَحْذَرُونَ ۝ (سورہ ۲۸ القصص آیت ۵-۶)

ترجمۂ آیت: " اور ہم نے چاہا کہ جو زمین میں بے بس کیے گئے تھے اُن پر احسان کریں اور اُنھیں امام بنائیں اور اُنھیں وارث قرار دیں۔ اور ہم اُنھیں زمین میں اقتدار بخشیں اور فرعون اور ہامان اور اُن دونوں کے لشکروں کو وہ (عذاب) دکھائیں جس کا اُنھیں ڈر تھا۔"

واللہ یا مفضّل! انّ تنزیل ھٰذہِ الآیۃ فی بنی اسرائیل وتاویلھا فینا وانّ فرعون وھامان تیم و عدیّ

ترجمہ: خدا کی قسم اے مفضّل! مندرجہ آیت اگرچہ بنی اسرائیل کے قصّے میں نازل ہوئی ہے مگر اس کی تاویل ہم لوگوں میں ہے اور فرعون و ہامان بنی تیم و عدی کے ہیں (یعنی فلان فلان)

مفضّل نے عرض کیا: اے میرے مولا! متعہ کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں؟

قال الصّادق ؑ: المتعۃ حلال طلق والشاھد بھا قول اللہ عزّوجلّ الآیۃ: " وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُم بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنتُمْ فِي أَنفُسِكُمْ ۚ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلَٰكِن لَّا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرًّا إِلَّا أَن تَقُولُوا قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۚ

(سورہ ۲ البقرۃ: ۲۳۵)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اللہ نے متعہ کو اپنی کتاب میں حلال قرار دیا ہے

قال الصادقؑ: " والمتعة التی احلّها الله فی کتابه واطلقها الرسول عن الله لسائر المسلمین فهی قوله عزّوجلّ: الاٰیة "وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِیْنَ غَیْرَ مُسٰفِحِیْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِیْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فِیْمَا تَرٰضَیْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِیْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ۝"

(سورۃ النساء آیت ۲۴)

والفرق بین المزوّجة والمتعة انّ للزوجة صداقًا وللمتعة اجرة فتمتّع سائر المسلمین علی عهد رسول الله صلّی الله علیه وآله فی الحجّ وغیره، وایّام ابی بکر، واربع سنین فی ایّام عمر، حتّی دخل علی اُخته عفرا فوجد فی حجرها طفلًا یرضع من ثدیها فنظر الی درّة اللبن فی فم الطفل فاغضب واَرعد واربدّ واخذ الطفل علی یده وخرج حتّی اتی المسجد، ورقا المنبر وقال: " نادوا فی الناس اِنّ الصلاة جامعة، وکان غیر وقت صلاة یعلم الناس انّه لامر یریده عمر فحضروا فقال: "معاشر النّاس من المهاجرین والانصار واولاد قحطان من منکم یحبُّ ان یری المحرّمات علیه من النساء ولها مثل هذا الطفل؟ قد خرج من احشائها وهو یرضع علی ثدیها وهی غیر متبعّلة؟ فقال بعض القوم: ما نحبُّ هٰذا؟ فقال: استم تعلمون انّ اُختی عفرا بنت خیثمة اُمّی وابی الخطّاب غیر متبعّلة؟ قالوا بلی، قال فانّی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دخلت عليها فی هذه الساعة ، فوجدت هذا الطفل
فی حجرها فناشدتها انّی لك هذا ؟

فقالت : تمتّعت ۔

فاعلموا سائر الناس ! اَنَّ هٰذه المتعة الّتی کانت حلالاً
للمسلمین فی عهد رسول الله صلّی الله علیه وآله قد رأیت
تحریمها ، فمن اَبی ضربت جنبیه بالسوط فلم یکن
فی القوم منکر قوله : ولا رادٌّ علیه ، ولا قائل لا یأتی
رسول بعد رسول الله اَو کتاب بعد کتاب الله ۔ لا نقبل
خلافك علی الله وعلیٰ رسوله وکتابه : بل سلّموا و رضوا ۔"

ترجمہ

"آپؓ نے فرمایا: "متعہ حلال ہے اور جائز ہے، اس کی دلیل قرآن مجید میں موجود ہے"۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اس کو حلال قرار دیا ہے اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی اجازت تمام مسلمانوں کو دی ہے"

چنانچہ سورۃ النساء کی آیت ۲۴ میں ہے کہ:

ترجمۂ آیت: "اور وہ عورتیں بھی (تم پر حرام ہیں) جو کسی اور کے نکاح میں ہوں سوائے اُن کے جو تمھاری ملکیت ہو جائیں ۔ اللہ کے اس تحریری حکم کی پابندی تم پر واجب ہے اس کے ماسوا (سب عورتیں) تم پر حلال ہیں، بشرطیکہ تم انھیں نیک نیتی سے اپنے اموال کے عوض (مہر ادا کر کے) حاصل کرو نہ کہ بدکاری کی غرض سے، اور اُن میں سے جن عورتوں سے تم نے متعہ کیا، اُنھیں اُن کے مہر جو تم نے مقرّر کیے ہیں ادا کر دو۔ اور تم پر کوئی گناہ نہیں اگر تم باہمی رضامندی سے مہر مقرّر کرنے کے بعد اس (مہر کے) معاملہ میں کوئی سمجھوتہ کر لو۔ بیشک اللہ جاننے والا صاحبِ حکمت ہے۔"

"

ترجمۂ روایت: اور زنِ مزوّجہ اور زنِ ممتوعہ میں فرق یہ ہے کہ مزوّجہ کے لیے مہر ہوتا ہے اور ممتوعہ کے لیے اجرت ۔

چنانچہ: سارے مسلمان عہدِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم میں حج وغیرہ کے موقع پر اور پورے عہدِ حضرت ابوبکرؓ میں اور چار سال تک حضرت عمرؓ بن خطّاب کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دور میں منع کرتے رہے، مگر ایک دن حضرت عمرؓ اپنی بہن عفرا کے پاس پہونچے تو دیکھا کہ اس کی گود میں ایک بچہ ہے جسے وہ دودھ پلا رہی ہے اور اس کی پستان بچے کے منھ میں ہے۔ یہ دیکھ انھیں غصہ آیا اور بہت غرّائے اور گرجے اور بچے کو اس کی گود سے لیکر مسجد میں آئے اور منبر پر بیٹھ گئے اور حکم دیا کہ نمازِ جماعت کے لیے اذان کہو، حالانکہ وہ کسی نماز کا وقت نہ تھا اس لیے لوگ سمجھ گئے کہ حضرت عمرؓ نے کسی اہم کام کے لیے بلایا ہے۔ اس لیے لوگ فوراً جا پہنچے۔ تو انھوں نے مجمع سے کہا:

اے گروہِ مہاجرین و انصار و اولادِ قحطان! تم میں سے کون اس بات کو پسند کرے گا کہ ان کی محرم عورتوں (بہن بیٹیوں) کے اس طرح کا لڑکا پیدا ہو اور وہ اس کو دودھ پلائے جبکہ ابھی وہ شوہر دار بھی نہ ہو؟

بعض لوگوں نے کہا: نہیں، ہمیں تو یہ بات پسند نہیں ہے۔

حضرت عمرؓ بولے: تمھیں معلوم نہیں کہ میری بہن عفرا جو میری ماں خیثمہ اور میرے باپ خطّاب کی بیٹی ہے اور وہ ابھی غیر شوہر دار ہے؟

لوگوں نے کہا: جی ہاں ہمیں معلوم ہے۔

وہ بولے: کہ میں ابھی اس کے پاس گیا تھا تو دیکھا کہ یہ بچہ اُس کی آغوش میں ہے۔ تو میں نے اس کو قسم دے کر پوچھا کہ یہ بچہ تیرے پاس کہاں سے آیا؟

اُس نے جواب دیا کہ میں نے متعہ کیا تھا۔

اب آپ سب لوگ سن لیں کہ یہ متعہ جو عہدِ رسولؐ میں حلال تھا اس کو میں حرام قرار دیتا ہوں اور جو اس کی حرمت سے انکار کرے گا میں اس کی پشت پر کوڑے لگاؤں گا لہٰذا، اُن کے کوڑوں کے خوف سے سب نے تسلیم کر لیا کسی کو انکار کی جرأت نہ ہو سکی، اور نہ کسی نے یہ کہا کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے بعد کوئی رسول یا قرآن کے بعد کوئی کتاب نہیں آئی جو اس کے حکم کو منسوخ کر دے۔ لہٰذا ہم رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن مجید کے خلاف تمھارا حکم نہیں مانتے، بلکہ سب نے اسے تسلیم کر لیا اور اس پر راضی ہو گئے۔"

مفضّل نے عرض کیا: میرے مولا و آقا! متعہ کے لیے کیا شرائط ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: اس کے لیے ستّر شرائط ہیں جس نے ان میں سے کسی ایک شرط کے بھی خلاف کیا، تو یقین کرو اُس نے خود پر ظلم کیا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الغرض اس کے بعد امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

پھر میرے جد حضرت علی ابن الحسینؑ اور میرے پدر بزرگوار حضرت امام محمد باقرؑ اٹھیں گے اور اپنے جدِ امجد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اُن کی اُمت کے ہاتھوں جو اُن پر ظلم ہوتے تھے اس کی شکایت کریں گے۔

پھر میں کھڑا ہو جاؤں گا اور اپنے جد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو کچھ میرے ساتھ منصور دوانیقی نے ظلم کیے ہیں ان کی شکایت کروں گا۔

پھر میرے فرزند موسیٰؑ کھڑے ہوں گے اور اپنے جد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے ہارون الرشید نے جو ظلم ان پر روا رکھے اس کی شکایت کریں گے۔

پھر علیؑ بن موسیٰؑ کھڑے ہوں گے اور اپنے جد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مامون الرشید نے جو کچھ ظلم ان کے ساتھ روا رکھے اس کی شکایت کریں گے۔

پھر محمدؑ بن علیؑ کھڑے ہوں گے اور اپنے جدِ امجد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے مامون الرشید کے ظلم وستم کی شکایت کریں گے۔

پھر علیؑ بن محمدؑ کھڑے ہوں گے اور اپنے جدِ امجد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے متوکل کے ظلم وجور کی شکایت کریں گے۔

پھر حسنؑ عسکری بن علیؑ کھڑے ہوں گے اور اپنے جدِ بزرگوار حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے معتز باللہ کے ظلم وستم کی شکایت کریں گے۔

پھر مہدیؑ کھڑے ہوں گے جن کا نام میرے جدِ امجد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کا نام ہوگا، اور اُن کے جسم پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قمیض ہوگی جو جنگ میں آپؐ کے دندانِ مبارک دہنِ مبارک سے جُدا ہونے کے وقت خون سے تر ہو گئی تھی۔ فرشتے ان کے جلو میں ہوں گے اور وہ آکر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کھڑے ہوں گے اور عرض کریں گے اے جدِ بزرگوار! آپ میرے اوصاف بھی (اپنی اُمت سے) بیان فرما کر گئے تھے، میرے بارے میں لوگوں کی رہنمائی فرما گئے تھے، میرا نام ونسب بتا دیا تھا، اور آپؐ نے میری کنیت تک بیان فرما دی تھی مگر اس کے باوجود آپؐ کی اُمت نے مجھے ماننے سے انکار کیا، سرکشی پر اُتر آئی اور لوگ کہنے لگے کہ وہ تو پیدا ہی نہیں ہوئے، وہ کب تھے اور کہاں تھے اور اب کہاں ہیں؟ وہ کب ہوئے؟ اور کہاں ہوں گے؟ اور اگر رہے بھی ہوں گے تو اب تک مر چکے ہوں گے اور اب تو ان کی اولاد بھی کوئی نہیں ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور اگر وہ صحیح ہوتے تو اللہ تعالیٰ ان کے ظہور میں تاخیر کیوں کرتا۔ میں یہ سب کچھ سن کر صبر کرتا رہا، مگر اب اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم ظہور دے دیا ہے اے جدِ بزرگوار!

یہ سب کچھ سن کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمائیں گے:

"حمد اس خدا کی جس نے ہم سے اپنا کیا ہوا وعدہ سچ کر دکھایا اور ہمیں ساری زمین کا وارث بنایا اور اب ہم جنّت میں جہاں چاہیں گے رہیں گے اور نیک اعمال کرنے والوں کے لیے یہ کتنا عمدہ بدلہ و اجر ہے۔

پھر فرمائیں گے: جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُ: اللہ کی طرف سے نصرت آگئی اور فتح ہوگی اور اللہ تعالیٰ کا یہ قول سچ و حق ہے: هو الّذی ارسل..... المشرکون (توبہ ۹: ۳۳) (صف ۶۱: ۹)

ترجمۂ آیت: "وہ وہی ذات (اقدس) ہے جس نے اپنے رسولؐ کو دینِ حق کے ساتھ بھیجا، تاکہ اُسے ہر دین پر غالب کر دے خواہ مشرکوں کو کتنا ہی ناگوار گذرے۔"

پھر اس آیت کی تلاوت فرمائیں گے: "اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ..... نَصْرًا عَزِيْزًا" (فتح ۴۸: ۱-۳)

ترجمۂ آیت: "بیشک ہم نے آپؐ کو فتحِ مبین عطا فرمائی، تاکہ اللہ آپؐ کی اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما دے۔ اور اپنی نعمت آپؐ پر تمام فرما دے اور آپؐ کو صراطِ مستقیم پر ثابت قدم رکھے۔ اور اللہ آپؐ کو شاندار کامیابی عطا فرمائے۔"

و

مفضّل نے عرض کیا: میرے آقا! (اس آیت میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کونسا گناہ تھا؟ (جس کو اللہ تعالیٰ نے معاف فرمایا۔)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"یا مفضّل! اِنَّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال: اَللّٰهُمَّ حَمِّلْنِی ذُنُوبَ شِيعَةِ اخی و اولادی الاوصیاء ما تقدّم منها و ما تأخّر الی یوم القیامة، ولا تفضحنی بین النّبیّین والمرسلین من شیعتنا فحمّله اللہ اِیّاها وغفر جمیعًا۔"

ترجمۂ روایت: "اے مفضّل رسول اللہؐ نے دعا کی تھی کہ اے اللہ! میرے بھائی اور ان کی اولادِ اوصیاء کے شیعوں کے گناہوں کا بوجھ تا قیامت اگلے اور پچھلے، مجھ پر ڈال دینا مگر انبیاء و مرسلین کے سامنے مجھے شرمندہ نہ کرنا۔ تو اللہ نے ان کا بوجھ آپؐ پر ڈال دیا اور پھر تمام گناہوں کو معاف فرما دیا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مفضّل کا بیان ہے کہ یہ سُن کر میں دیر تک روتا رہا پھر عرض کیا: میرے مولا! اللہ تعالیٰ کا یہ فضل و کرم ہم لوگوں پر آپ حضرات کے صدقے میں ہے۔

آپؑ نے فرمایا: "یا مفضّل! ما هو إلّا أنت وأمثالك بلىٰ يا مفضّل! لا يحدّث بهذا الحديث اصحاب الرُّخص من شيعتنا فيتّكلون على هذا الفضل، ويتركون العمل فلا يغنى عنهم من الله شيئًا لأنّا كما قال الله تبارك وتعالىٰ فينا الآية: "لَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ" (سورة الأنبياء ۲۱: ۲۸)

ترجمۂ روایت: "حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے مفضّل! وہ شیعہ تم اور تم جیسے ہی لوگ ہیں، مگر یہ حدیث ہمارے شیعوں میں سے اصحاب رُخص[1] سے بیان نہ کر دینا، ورنہ وہ عمل ترک دیں گے اور پھر اُنھیں اللہ کے غضب سے کوئی نہ بچا سکے گا کیونکہ ہم بھی ویسے ہی ہیں جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

ترجمۂ آیت: "وہ سفارش نہیں کرتے مگر اُس کے لیے جس سے وہ راضی ہو اور وہ اللہ کے خوف سے خائف و لرزاں رہتے ہیں۔" (الانبیاء ۲۱: ۲۸)

"

مفضّل نے عرض کیا: میرے مولا! اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ"

("تاکہ وہ تمام ادیان پر غالب آجائے۔") لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ تو تمام ادیان پر غالب نہیں آئے؟

امام صادقؑ نے فرمایا: یا مفضّل! لو كان رسول الله صلّى الله عليه وآله ظهر على الدّين كلّه ما كانت مجوسيّة ولا يهوديّة ولا صابئيّة ولا نصرانيّة ولا فرقة ولا اختلاف ولا شكّ وشرك ولا عبدة اصنام ولا أوثان ولا اللّات والعزّىٰ ولا عبدة الشمس والقمر ولا النّجوم ولا النّار ولا الحجارة، وانّما قوله: "لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ" في هذا اليوم وهذا المهديّ وهذه الرّجعة وهو قوله: "وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ" (سورة الانفال ۸: ۳۹)

[1] اصحاب رُخص: کم درجہ کے شیعہ لوگ یعنی: بے عمل اور کمترین عمل والے شیعہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپ نے فرمایا: (ترجمۂ روایت)

"اے مفضّل! اگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سارے ادیان پر غالب آجاتے تو دنیا میں نہ کوئی یہودی باقی رہ جاتا، نہ کوئی مجوسی، نہ کوئی صابئی نہ کوئی نصرانی، نہ یہ فرقے رہ جاتے، نہ کوئی مخالف، نہ کوئی شک کرنے والا نہ کوئی مشرک، نہ کوئی بت پرست، نہ لات و عزّیٰ کو پوجنے والا، نہ سورج اور چاند اور ستاروں کی عبادت کرنے والا، نہ آتش پرست اور نہ پتھروں کی پوجا کرنے والا باقی رہتا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے جو یہ فرمایا ہے کہ:

لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ

تاکہ وہ تمام ادیان پر غالب آجائے

یہ تو اس دن کے لیے فرمایا ہے جب مہدیؑ کا ظہور ہوگا۔ یہ رجعت ہوگی اور اسی زمانے کے لیے اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ:

ترجمۂ آیت "اور ان سے جنگ کرو یہانتک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین صرف اللہ کے لیے خالص ہوجائے" (سورہ انفال ۳۹)

مفضّل نے عرض کیا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ حضرات کا علم اللہ تعالیٰ کے علم سے ماخوذ ہے آپ حضرات کے پاس اللہ کی عطا کردہ سلطنت و قدرت ہے آپ حضرات اللہ کے حکم سے بولتے ہیں اور اُسی کے حکم پر عمل کرتے ہیں۔

الغرض اس کے بعد حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا:

ثمّ يعود المهدىّ الى الكوفة، وتمطر السماء بها جوادًا من ذهب، كما امطره الله فى بنى اسرائيل على ايّوبؑ ويقسم على اصحابه كنوز الارض من تبرها ولُجَيْنها وجوهرها۔"

ترجمہ: "پھر امام مہدی علیہ السّلام کوفہ واپس آئیں گے۔ اور آسمان سے سونے کی مٹّیوں کی بارش ہوگی جس طرح بنی اسرائیل میں اللہ تعالیٰ نے حضرت ایّوبؑ پر اس کی بارش کی تھی۔ اور آپ اپنے اصحاب پر زمین کے خزانے سونے چاندی اور جواہرات تقسیم فرمائیں گے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مفضّل نے عرض کیا: میرے آقا و مولا! یہ بتائیں کہ آپ کے شیعوں میں سے اگر کوئی مرجائے اور اس پر اپنوں کا یا غیروں کا قرض ہو تو اُس کا کیا ہوگا؟

قال الصّادقؑ: اوّل ما یبتدیٔ المہدیؑ علیہ السّلام اَن ینادی فی جمیع العالم: اَلا من لہ عند احد من شیعتِنا دَین فلیذکرہ حتّی یردَّ الشومۃ والخردلۃ فضلًا عن القناطیر المقنطرۃ من الذّھب والفضّۃ و الاملاک فیوفّیہ اِیّاہ۔"

ترجمہ: حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: امام مہدی علیہ السّلام سب سے پہلا کام یہی کریں گے کہ سارے عالم میں اعلان کرادیں گے کہ ہمارے شیعوں میں سے کسی پر اگر کسی شخص کا کوئی قرض ہے تو وہ بتائے تاکہ اُسے ادا کردیا جائے چنانچہ لہسن کی ایک گانٹھ یا راتی کا ایک دانہ بھی اگر کسی شیعہ پر کسی کا قرض ہوگا تو وہ ادا کردیا جائے گا چہ جائیکہ سونے چاندی کی بڑی بڑی رقمیں یا کوئی اور مال ہو وہ سب ادا کردیا جائے گا۔"

مفضّل نے عرض کیا: میرے مولا! پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟

قال الصّادقؑ: یأتی القائم علیہ السّلام بعد ان یطأ شرق الارض وغربہا، الکوفۃ و مسجدھا ویہدم المسجد الذی بناہ یزید بن معاویۃ لعنۃ اللہ لمّا قتل الحسین بن علیؑ علیہ السّلام و (ھو) مسجد لیس للہ ملعون ملعون من بناہ

ترجمہ: حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: پھر امام مہدی علیہ السّلام سارے مشرق اور مغرب میں گھوم پھر کر کوفہ اور مسجدِ کوفہ تشریف لائیں گے اور اس مسجد کو مسمار کرادیں گے جس کو یزید بن معاویہ لعنۃ اللہ علیہ۔ نے تعمیر کرایا تھا، جب امام حسین علیہ السّلام کو قتل کیا گیا تھا۔ وہ مسجد اللہ کے لیے تعمیر نہیں کی گئی تھی ملعون ہے ملعون ہے اس کی تعمیر کرنے والا۔"

مفضّل نے عرض کیا: مولا! حضرت امام قائم علیہ السّلام کی مدّتِ حکومت کتنی ہوگی؟

قال ؑ: "قال اللہ عزّ وجلّ:

الآیۃ: "فَمِنْھُمْ شَقِیٌّ وَّ سَعِیْدٌ۔ فَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ لَھُمْ فِیْھَا زَفِیْرٌ وَّ شَھِیْقٌ۔ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا مَا دَامَتِ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ
فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي
الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ
اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ۝" (ھود آیت ۱۰۵ تا ۱۰۸)

والمجذوذ "المقطوع" ای عطاء غیر مقطوع عنهم، بل
هو دائم أبدًا وملك لا ينفد وحكم لا ينقطع، وامر لا
يبطل اِلَّا باختيار الله ومشيّته و ارادته التی لا يعلمها
اِلَّا هو؛ ثمّ القيامة وما وصفه الله عزّوجلّ فی كتابه۔
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ
النَّبِيِّ وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ۝

ترجمہ: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:
ترجمہ آیت: "پس اُن میں بعض بدبخت ہوں گے اور بعض خوش نصیب۔ اور
وہ لوگ جو بدبخت ہوں گے وہ جہنّم واصل ہوں گے اور وہاں اُن کے
لیے آہیں سسکیاں (چیخ و پکار) ہوں گی اور وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے
جبتک کہ آسمان و زمین قائم ہیں سوائے اس کے کہ جو تیرے پروردگار کو
منظور ہو۔ بیشک تیرا پروردگار جو چاہے کرنے والا ہے۔
اور وہ لوگ جو خوش نصیب ہوں گے وہ جنّت میں ہوں گے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے
جبتک کہ آسمان اور زمین قائم ہیں، سوائے اس کے کہ جو کچھ تیرے پروردگار
کو منظور ہو۔ (اس کی یہ) عطا منقطع نہیں ہوگی۔"
اِس آیت میں "محذوذ" کے معنی "مقطوع" کے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی عطا ان لوگوں
کے لیے مسلسل اور غیر مقطوع ہوگی، بلکہ دائمی اور ابدی ہوگی۔ ان کی سلطنت
ختم نہ ہوگی، ان کی حکومت غیر منقطع ہوگی اور بغیر ارادہ و مشیّت اِلٰہی نہیں
ختم ہوگی۔ جس کا علم سوائے اللہ کے اور کسی کو نہیں ہے۔
پھر اس کے بعد قیامت آئے گی جس کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے۔
اور ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو تمام عالمین کا پالنے والا ہے۔ اور
اللہ کی رحمت نازل ہوتی رہے اللہ کی بہترین مخلوق حضرت محمدؐ پر
جو نبی ہیں اور آپؐ کی پاک و طاہر آل پر اور ان حضرات پر سلام بہت بہت سلام۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار

باب ۲۹

بست و نہم

زمانۂ رجعت امام قائم علیہ السلام

ANSAR

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باب ۲۹

زمانۂ رجعت امام قائم علیہ السلام

① رجعت صرف مومنِ خالص اور خالص مشرکین کے لیے ہے

سعد نے ابن عیسیٰ و ابن ابی الخطّاب سے، اُنہوں نے البزنطی سے اور اُنہوں نے حمّاد بن عثمان سے اور اُنہوں نے محمّد بن مسلم سے روایت کی ہے کہ میں نے حمران بن اعین اور ابوالخطّاب دونوں کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ہم نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا:

یقول: "اوّل من تنشقّ الارض عنہ و یرجع الی الدّنیا الحسینؑ بن علیؑ علیہ السّلام و انّ الرّجعۃ لیست بعامّۃ وھی خاصّۃ لا یرجع الّا من محض الایمان محضًا او محض الشّرک محضًا"

ترجمہ: "سب سے پہلے جس کے لیے زمین قبر شق ہوگی اور دنیا میں دوبارہ رجعت کریں گے وہ حضرت امام حسین ابنِ علیؑ علیہ السّلام ہوں گے۔ رجعت عام نہیں ہوگی، بلکہ خاص لوگوں کی رجعت ہوگی۔ صرف خالص مومن اور خالص مشرک کی دنیا میں دوبارہ رجعت ہوگی۔" (منتخب البصائر)

② حضرت رسول اللہؐ اور حضرت امیرالمومنینؑ کی رجعت

بہذا الاسناد: حمّاد سے، اُنہوں نے بُکَیر بن اَعین سے روایت کی اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک ایسی مقدّس ذات سے سنا جن کی صداقت میں مجھے شک و شبہ نہیں یعنی حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے۔ آپ نے فرمایا کہ "انّ رسول اللہؐ و علیّاؑ سیرجعان"

ترجمہ: "حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ اور حضرت علی علیہ السّلام دوبارہ دنیا میں واپس آئیں گے۔"[1]

[1] منتخب البصائر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

③ جبت و طاغوت کا ذکر رجعت چھوڑو تالیفِ انسان کرو۔ دل آزاری نہ کرو

بِہٰذا الاسناد، حمّاد سے، اُنہوں نے فضیل سے، فضیل نے حضرت ابی جعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قال ؑ: " لا تقولوا الجبت و الطّاغوت، و لا تقولوا الرّجعة، فان قالوا لکم فانّکم قد کنتم تقولون ذلک فقولوا: اَمّا الیوم فلا نقول، فانّ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم قد کان یتألّف النّاس بالمائة اَلف درهم لیکفّوا عنه فلا تتألّفونهم بالکلام ؟ "

ترجمہ: " تم لوگ یہ نہ کہو کہ جبت و طاغوت (بے دین اور سرکش) دونوں اس دنیا میں دوبارہ واپس کیے جائیں گے۔ اور اگر کوئی تم لوگوں سے کہے کہ تم تو اسی کے قائل تھے، تو ان سے کہہ دو کہ آج ہم لوگ یہ نہیں کہتے۔ اس لیے کہ خود حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تو ایک لاکھ درہم دے کر لوگوں کی تالیف کیا کرتے تھے۔ پھر کیا تم لوگوں کی تالیف کلام و زبان سے بھی نہ کرو گے۔"

(منتخب البصائر)

④ سوالِ رجعت قبل از وقت ہے

اِنہی اسناد نے حماد سے، اُنہوں نے زُرارۃ سے اور زُرارہ نے بیان کیا میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے چند رجعت جیسے اہم مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ تو آپ ؑ نے فرمایا:

فقال ؑ " انّ هذا الّذی تسألون عنه لم یجیء اَوانه وقد قال اللہ عزّوجلّ: " بَلْ کَذَّبُوْا بِمَا لَمْ یُحِیْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا یَاْتِهِمْ تَاْوِیْلُهٗ " (یونسؑ۔ ۳۹)

ترجمہ: " آپ ؑ نے فرمایا: جو باتیں تم دریافت کر رہے ہو ابھی اُن کا وقت نہیں آیا ہے چنانچہ، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: " بلکہ انہوں نے تو اس کی تکذیب کی جس کے علم کا وہ احاطہ نہیں کر سکتے تھے اور جس کی تاویل ابھی اُن کے پاس نہیں آئی تھی۔"

(منتخب البصائر)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

⑤ ہر مومن کے لیے رجعت ہے

سعد نے ابن یزید ، و ابن ابی الخطّاب و الیقطینی و ابراھیم بن محمّد جمیعاً سے اور اُنہوں نے ابن ابی عمیر سے ، اُنہوں نے ابن اُذینہ سے اُنہوں نے محمّد بن الطیّار سے ، اور اُنہوں نے حضرت ابی عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے اللہ تعالیٰ کے اس قول :

" وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا " (سورہ نمل ۸۳)

ترجمۂ آیت (اور اس دن ہم ہر امّت میں سے ایک بڑے گروہ کو اکٹھا کریں گے)

کی تفسیر میں فرمایا: لیس احد من المومنین قتل اِلّا سیرجع حتّی یموت و لا احد من المؤمنین مات اِلّا سیرجع حتّی یقتل ۔"

ترجمۂ روایت: " مومنین میں سے ہر ایک اگر وہ قتل کیا گیا ہے تو وہ دوبارہ دنیا میں واپس کیا جائے گا اور پھر وفات پائے گا ، یا اگر وفات پا گیا ہے تو دوبارہ دنیا میں واپس کیا جائے اور قتل کیا جائے گا ۔ "

(منتخب البصائر)

⑥ اہلِ عراق منکرینِ رجعت ہیں

سعد نے ابنِ عیسٰی سے ، اُنہوں نے الاھوازی سے ، اُنہوں نے حمّاد بن عیسٰی سے ، اُنہوں نے الحسین بن المختار سے ، اُنہوں نے ابی بصیر سے روایت کی ہے کہ ابوبصیر کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے مجھ سے ارشاد فرمایا: کیا اہلِ عراق رجعت کے منکر ہیں ؟

میں نے عرض کیا : جی ہاں

آپؑ نے فرمایا: کیا اُنہوں نے قرآن مجید کی اس آیت کو نہیں پڑھا ہے ؟

" وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا " (سورہ نمل ۸۳)

اور جس دن ہم ہر اُمّت میں سے ایک بڑے گروہ کو اکٹھا کریں گے)

(منتخب البصائر)

⑦ حمران بن اعین اور میسر بن عبدالعزیز کی رجعت

سعد نے ابن عیسٰی سے ، اُنہوں نے البزنطی سے ۔ اُنہوں نے حسین

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بن عمر بن یزید سے، اُنہوں نے عمر بن اُبان سے، اُنہوں نے ابن بُکیر سے اور ابنِ بکیر نے حضرت ابی عبد اللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ قال ؑ: " کَاَنّی بحمران بن اعین و میسّر ابن عبد العزیز یخبطان النّاس بأسیافہما بین الصفا و المروۃ "۔

آپ نے فرمایا " گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ (زمانۂ رجعت میں) حمران بن اعین اور میسّر ابن عبد العزیز صفا و مروہ کے درمیان اپنی تلواروں سے لوگوں کی نظروں کو خیرہ کر رہے ہیں۔"

ترجمہ: (منتخب البصائر)

(۸) "قتل فی سبیل اللہ" سے مراد

سعد نے ابن ابی الخطّاب سے، اُنہوں نے عبد اللہ بن المغیرۃ سے اُنہوں نے ایک شخص سے، اُس نے جابر بن یزید سے اور جابر نے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے قولِ خدا:

" وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِی سَبِیلِ اللّٰہِ اَوْ مُتُّمْ " (سورۂ ۳ آلِ عمران آیت ۱۵۷)

اور اگر تم اللہ کی راہ میں قتل کیے جاؤ یا مر جاؤ

کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ ؑ نے فرمایا:

" یا جابر! أتدری ما سبیل اللّٰہ؟

اے جابر! کیا تمہیں معلوم ہے کہ "سبیل اللہ" کیا ہے؟

میں نے عرض کیا: نہیں، بخدا ہمیں تو اتنا ہی علم ہے جتنا آپ حضرات سے سنا ہے۔

آپ نے فرمایا: القتل فی سبیل علی علیہ السلام و ذرّیّتہ، فمن قتل فی ولایتہ قتل فی سبیل اللہ، و لیس أحد یؤمن بہذہ الآیۃ إلّا و لہ قتلۃ و میتۃ، إنّہ من قتل ینشر حتّی یموت، و من مات ینشر حتّی یقتل "۔

ترجمہ: "قتل فی سبیل اللہ سے مراد فی سبیل علی علیہ السلام اور ان کی ذرّیّت ہے۔ جو شخص ان کی دوستی میں قتل ہوا سمجھ لو کہ وہ فی سبیل اللہ قتل ہوا، اور جو شخص بھی اس آیت پر ایمان رکھتا ہے اس کے لیے قتل بھی ہے اور موت بھی۔ لہٰذا جو شخص قتل ہوا وہ دوبارہ دنیا میں واپس آئے گا تا اینکہ اُس کو موت آئے اور جس کو ان کی دوستی میں موت آئی وہ دنیا میں دوبارہ آئے گا تا کہ قتل ہو۔" (منتخب البصائر)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ ابنِ مغیرہ سے بھی اسی کے مثل روایت ہے۔ (تفسیر عیاشی)

⑨ تمام انبیاء رجعت فرمائیں گے

سعد نے ابن عیسیٰ سے، انہوں نے محمد بن سنان سے، انہوں نے ابنِ مسکان سے، انہوں نے فیض بن ابی شیبہ سے روایت کی ہے ان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت:

"وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝" (سورہ آلِ عمران آیت ۸۱)

ترجمہ: "اور جب اللہ نے انبیاء سے عہد لیا کہ جس کتاب و حکمت سے میں نے تمہیں نوازا ہے۔ پھر جو کچھ تمہارے پاس ہے اس کی تصدیق کرنے والا ایک رسول تمہارے پاس آئے گا تو تمہیں ضرور اُس رسول پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور اُس کی مدد کرنی ہوگی۔ اُس نے کہا، کیا تم اقرار کرتے ہو کہ اس (عہد) پہ میرا بوجھ اُٹھا لوگے۔ اُنھوں نے کہا۔ ہم اقرار کرتے ہیں۔ اُس نے کہا۔ پس گواہ رہو، اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔"

کی تلاوت کرتے اور فرماتے ہوئے سنا کہ اس آیت میں "لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ" کا مطلب یہ ہے کہ وہ تمام انبیاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ پر ایمان لائیں گے اور "وَلَتَنْصُرُنَّهٗ" کا مطلب یہ ہے کہ وہ انبیاء امیر المومنین حضرت علیؑ کی مدد فرمائیں گے۔

میں نے عرض کیا: کیا وہ انبیاء حضرات، امیر المومنینؑ کی مدد فرمائیں گے؟

قالؑ: نعم واللہ من لدن آدم فهلمّ جرًّا، فلم يبعث اللہ نبيًّا ولا رسولًا إلّا ردّ جميعهم الى الدّنيا حتّى يقاتلوا بين يدى علىّ ابى طالب امير المومنين عليه السلام۔"

ترجمہ: "آپؑ نے فرمایا: ہاں، خدا کی قسم، حضرت آدمؑ سے لیکر حضرت خاتمؐ تک جتنے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انبیاء کو اللہ نے مبعوث فرمایا اُن سب کو اللہ تعالیٰ دوبارہ اس دنیا میں بھیجے گا تاکہ وہ حضرت علی ابنِ ابی طالبؑ امیر المومنین علیہ السلام کے ساتھ ہوکر کفّار سے جہاد کریں۔"

نوٹ: مذکورہ بالا روایت ابی نے ابن ابوعمیر سے، اُنھوں نے ابنِ مسکان سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے سلسلہ نمبر (۲۳) میں روایت کی ہے۔ جو (تفسیر علی بن ابراہیم) میں بیان ہوئی ہے۔

(۱۰) یٰٓاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ کی تفسیر

سعد نے ابن (ابی) الخطّاب سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے عمّار ابن مسروق سے، اُنھوں نے المنخّل بن جمیل سے، اُنھوں نے جابر بن یزید سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السلام سے آیۂ: "یٰٓاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝" (سورۂ مدثّر آیت ۱-۲) کے متعلق روایت بیان کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"بذلك محمّدًا صلّى الله عليه وآله وقيامه في الرجعة ينذر فيها۔"

وقوله: "اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ نَذِيرًا" (مدثّر۔ آیت ۳۶)
یعنی محمّدًا صلّى الله عليه وآله "نذيرًا للبشر" في الرجعة

وفي قوله: "اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ كَآفَّةً لِّلنَّاسِ" (السبا۔ آیت ۲۸) مفہوم) في الرّجعةِ۔" (منتخب البصائر)

ترجمہ: فرمایا: "مدّثر" سے مراد محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ہیں اور "قم فانذر" یعنی آپؐ کا قیام زمانۂ رجعت میں ہوگا جس میں آپؐ لوگوں کو ڈرانے کے لیے کھڑے ہوں گے۔

اور اللہ کا قول: "اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ نَذِيرًا لِّلْبَشَرِ" (مدثّر۔ ۳۶)
یعنی: محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم زمانۂ رجعت میں بشر کے لیے نذیر ہیں۔

نیز اللہ تعالیٰ کا یہ قول: "وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيرًا وَّنَذِيرًا۔"
یہ بھی زمانۂ رجعت کے لیے ہے۔ (سبا آیت ۲۸)

(منتخب البصائر)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱) قیامت سے پہلے دوبارہ حیات پھر موت

ان ہی اسناد کے ساتھ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ :

" اَنَّ امیر المؤمنین صلوات اللہ علیہ کان یقول : اِنَّ المدثّر ھو کائن عند الرجعۃ "

فقال لہ رجل : یا امیر المؤمنینؑ ! أحیاۃ قبل القیامۃ ثمّ موت ؟ قال : فقال لہ عند ذٰلک : نعم واللہ لکفرۃ من الکفر بعد الرّجعۃ أشدّ من کفرات قبلھا "

ترجمہ : " امیر المومنین صلوات اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ " مدثّر " زمانہ رجعت میں ہونا ہے "

ایک شخص نے عرض کیا : یا امیر المومنینؑ ! کیا قیامت سے پہلے دوبارہ حیات ہے اس کے بعد موت ہے ؟

آپ نے فرمایا : ہاں ، خدا کی قسم ، زمانہ رجعت میں پہلے سے زیادہ کفر موجود ہوگا "

(منتخب البصائر)

(۱۲) لشکرِ امیر المومنینؑ اور لشکرِ ابلیس میں جنگ

سعد نے ابن ابی الخطّاب سے اُنہوں نے موسیٰ بن سعدان سے اُنہوں نے عبد اللہ بن القاسم الحضرمی سے ، اُنہوں نے عبد الکریم بن عمرو الخثعمی سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا ، آپ فرماتے تھے یقولؑ : " اِنَّ ابلیس قال : " اَنْظِرْنِیْٓ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ " (اعراف - ۱۵) فاجاب اللہ ذٰلک علیہ " فَقَالَ اِنَّکَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ " لہ فاذا کان یوم الوقت المعلوم ، ظھر ابلیس لعنہ اللہ فی جمیع اشیاعہ منذ خلق اللہ آدمؑ اِلٰی یوم الوقت المعلوم و ھی آخر کرّۃ یکرّھا امیر المؤمنین علیہ السلام

فقلت : اِنّھا لکرّات ؟ قالؑ : نعم ، اِنّھا لکرّات وکرّات ما من امام فی قرن اِلّا ویکرّ معہ البرّ والفاجر فی دھرہ حتّی یدیل اللہ المؤمن (من) الکافر۔

اعراف - ۱۷) الحجر - ۲۸

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فاذا کان یوم الوقت المعلوم کرّ امیر المؤمنین علیہ السلام فی اصحابہ وجاء ابلیس فی اصحابہ، ویکون میقاتہم فی ارض من اراضی الفرات یقال لہ: الزّوحا قریب من کوفتکم، فیقتتلون قتالاً لم یقتتل مثلہ منذ خلق اللہ عزّوجلّ العالمین فکأنّی انظر الی اصحاب علی امیر المومنین علیہ السلام قد رجعوا الی خلفہم القہقری مائۃ قدم وکأنّی انظر الیہم وقد وقعت بعض ارجلہم فی الفرات۔

فعند ذلک یہبط الجبّار عزّوجلّ فی ظلل من الغمام والملائکۃ وقضی الامر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امامہ بیدہ حربۃ من نور فاذا نظر الیہ ابلیس رجع القہقری ناکصاً علی عقبیہ فیقولون لہ اصحابہ: این تزید وقد ظفرت؟ فیقول: "انّی اری مالا ترون۔ انّی اخاف اللہ ربّ العالمین"۔ فیلحقہ النّبی صلی اللہ علیہ وآلہ فیطعنہ طعنۃ بین کتفیہ، فیکون ہلاکہ وہلاک جمیع اشیاعہ فعند ذلک یُعبد اللہ عزّوجلّ ولا یُشرک بہ شیئاً ویملک امیر المؤمنین علیہ السلام اربعاً واربعین الف سنۃ حتّی یلد الرّجل من شیعۃ علی علیہ السلام الف ولد من صلبہ ذکرًا وعند ذلک تظہر الجنّتان المدہامّتان عند مسجد الکوفۃ وما حولہ بما شاء اللہ۔

* امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے تھے: (ترجمہ)

ترجمہ "ابلیس نے کہا: اَنْظِرْنِیْ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ" (اعراف۔ ۱۵)
(مجھے قیامت کے دن تک کی مہلت دے)

تو اللہ نے اسے منظور نہ کیا اور فرمایا: "اِنَّکَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ" (اعراف ۱۷) یعنی (تجھے یومِ وقتِ معلوم تک کی مہلت ہے۔)

لہٰذا: جب یومِ وقتِ معلوم آئے گا تو ابلیس اپنے تمام لوگوں کو لیکر ظاہر ہوگا جو خلقتِ حضرت آدمؑ سے لیکر یومِ وقتِ معلوم تک اس کی پیروی کر چکے ہوں گے

سلہ الحجر ۲۶

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور یہ آخری جنگ ہوگی جو حضرت امیرالمومنین علیہ السلام اور ابلیس لعین کے درمیان ہوگی۔"

میں نے عرض کیا: کیا اس سے پہلے بھی جنگ لڑی جا چکی ہوگی؟

آپؑ نے فرمایا: "جنگیں ہوں گی اور برابر ہوں گی، اور ہر امامؑ کے اپنے اپنے دور میں نیکی اور بدی کی جنگ ہوتی رہے گی۔

اور جب یومِ وقتِ معلوم آئے گا تو حضرت امیرالمومنین علیہ السلام اپنے اصحاب کو لیکر آگے بڑھیں گے اور ابلیس لعین اپنے اصحاب کو لیکر بڑھے گا اور یہ معرکہ تم لوگوں کے کوفہ کے قریب مقام "رُوحا" پر ہوگا جو دریائے فرات کے کنارے واقع ہے اور ایسا گھمسان کا رن پڑے گا کہ جب سے دنیا ہوئی ایسا رن کبھی نہ پڑا ہوگا۔

چنانچہ: مجھے ایسا نظر آرہا ہے کہ حضرت علی امیرالمومنین علیہ السلام کے اصحاب کو مجبوراً اسّو قدم پیچھے ہٹنا پڑے گا اور ایسا بھی نظر آتا ہے کہ بعض اصحاب کے قدم پیچھے ہٹتے ہٹتے دریائے فرات میں اُتر جائیں گے۔

اُس وقت خدائے قہار و جبار نصرت کے لیے بادلوں سے فرشتوں کی فوج اُتارے گا اور حکمِ خدا پورا ہوگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آگے آگے ہوں گے اُن کے ہاتھ میں نور کا ایک نیزہ ہوگا جب ابلیس کی نظر آپ پر پڑے گی تو اپنے پیچھے کی طرف بھاگے گا۔ اس کو بھاگتا دیکھ کر اُس کے لشکر والے کہیں گے کہ کیوں بھاگتے ہو تم فتحیاب و ظفریاب ہو رہے ہو؟

وہ جواب دیگا: " انی اری ما لا ترون انی اخاف اللہ رب العالمین "

(جو میں دیکھتا ہوں تم نہیں دیکھتے ہیں۔ اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں)

ادھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ السلام بڑھ کر اس کی پشت پر نیزہ ماریں گے اور وہ ہلاک ہو جائے گا۔ پھر اس کے سارے ساتھی ہلاک ہو جائیں گے۔ اُس وقت صرف اللہ کی عبادت کرنے والے رہ جائیں گے اور شرک کا نام و نشان مٹ جائے گا۔

پھر حضرت امیرالمومنین علیہ السلام چوالیس ۴۴ ہزار سال تک حکومت کرتے رہیں گے اور اس عرصے میں شیعانِ حضرت علی علیہ السلام میں سے ہر ایک کے صلب سے ایک ایک ہزار فرزند ترینہ پیدا ہوں گے اس وقت مسجد کوفہ اور اس کے چاروں طرف

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"جنّتان مدھامتان" دوسرسبزوشاداب باغات ظاہر ہوں گے۔" (منتخب البصائر)

(۱۳) حضرت امام حسینؑ اور حسابِ خلق

مندرجہ بالا اسناد کے ساتھ عبداللہ بن القاسم سے، اُنھوں نے حسین بن احمد المنقری سے، اُنھوں نے یونس بن ظبیان نے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ع: انّ الّذی یلی حساب الناس قبل یوم القیامۃ الحسین بن علی علیہما السّلام فاما یوم القیامۃ فانّما ھو بعث الی الجنّۃ وبعث الی النّار۔"

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: "روزِ قیامت سے پہلے ہی حضرت امام حسین ابنِ علی علیہما السّلام تمام لوگوں کا حساب کتاب کردیں گے پس قیامت کے دن تو صرف لوگوں کو جنّت میں بھیجنا یا جہنّم میں پہنچا دینا باقی رہ جائے گا۔" (منتخب البصائر)

(۱۴) سب سے پہلے حضرت امام حسینؑ رجعت فرمائیں گے

سعد نے ایّوب بن نوح اور حسن بن علی بن عبداللہ وغیرہ سے اور اُنھوں نے عبّاس بن عامر سے، اُنھوں نے سعید سے، اُنھوں نے داؤد بن راشد سے، اُنھوں نے حمران سے اور حمران نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت بیان کی ہے کہ:

قال ع: "اِنّ اوّل من یرجع لجارکم الحسین علیہ السّلام فیملک حتّی تقع حاجباہ علی عینیہ من الکبر۔"

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: "سب سے پہلے حضرت امام حسین علیہ السّلام رجعت فرمائیں گے اور اتنے عرصے تک حکومت کریں گے کہ بوڑھے ہوکر آپؑ کی بھویں لٹک کر آپؑ کی آنکھوں پر آجائیں گی۔" (منتخب البصائر)

★ سعد نے ابنِ عیسیٰ اور ابنِ عبدالجبّار اور احمد بن الحسن بن فضّال سے اور اُنھوں نے حسن بن فضّال سے، اُنھوں نے ابوالمغراء سے، اُنھوں نے داؤد بن راشد سے مندرجہ بالا روایت کے مثل روایت کی ہے۔ (منتخب البصائر)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ اور یہی روایت سعد نے ابنِ عیسیٰ سے اُنھوں نے اہوازی و محمّد برقی سے اُنھوں نے نضر سے، اُنھوں نے یحییٰ حلبی سے، اُنھوں نے معلّی ابوعثمان سے اُنھوں نے معلّی بن خنیس سے اور اُنھوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نمبر (۱۹) میں اور روایت نمبر (۵۴) میں بھی سعد و ابنِ عیسیٰ و عمر بن عبدالعزیز جمیل بن درّاج و معلّی بن خنیس اور زید شحام نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے نقل کی ہے۔ (بحوالہ منتخب البصائر)

(۱۵) ہر شخص کی حقیقت سامنے آجائے گی

سعد نے احمد بن محمّد سیّاری سے، اُنھوں نے احمد بن عبداللہ بن قبیصہ سے اُنھوں نے اپنے باپ سے، اُنھوں نے اپنے کسی شخص سے اور اُس شخص نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے قولِ خدا:

"یَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ" (سورۃ الذاریات آیت ۱۳)

کے متعلق بیان کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"یکسرون فی الکرّۃ کما یکسر الذّھب حتّی یرجع کلّ شیٔ الی شبھہ یعنی الی حقیقتہ۔"

ترجمۂ آیت: "جس دن اُنھیں آگ سے عذاب دیا جائے گا۔" (الذاریات: ۱۳)

آپ نے فرمایا کہ: "لوگ زمانۂ رجعت میں اس طرح تپائے جائیں گے جس طرح آگ میں سونا تپایا جاتا ہے۔ یہانتک کہ ہر شخص کی حقیقت نکھر کر سامنے آجائے گی۔" (منتخب البصائر)

(۱۶) ہر مظلوم اپنا قصاص لے گا

سعد نے یقطینی سے، اُنھوں نے قاسم سے، قاسم نے اپنے جدّ حسن سے حسن نے حضرت ابوابراہیم امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"لترجعنّ نفوس ذھبت ولیقتصّنّ یوم یقوم ومن عذّب یقتصّ بعذابہ ومن اُغیظ اغاظ بغیظہ ومن قتل اقتصّ بقتلہ ویودّ لھم اعداؤھم معھم حتّی یأخذوا بثأرھم، ثمّ یعمرون بعدھم ثلاثین شھرًا ثمّ یموتون

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فی لیلۃ واحدۃ قد ادرکوا ثارھم و شفوا انفسھم
ویصیر عدوّھم الی اشدّ النّار عذابًا ثمّ یوقفون
بین یدی الجبّار عزّ وجل فیوخذلھم بحقوقھم۔"

(ترجمہ)

امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام نے فرمایا: کچھ لوگ جو دنیا سے گذر چکے ہیں دوبارہ دنیا میں رجعت کریں گے اور اپنا قصاص لیں گے جس کو اذیّت دی گئی ہے وہ اپنی اذیّت کا بدلہ لے گا جس کو ستایا گیا ہے وہ اس ستائے جانے کا بدلہ لے گا جس کو قتل کیا گیا ہے وہ اپنے قتل کا بدلہ (اپنے قاتل سے) لے گا اور بدلے و قصاص کے لیے اُن کے دشمن بھی دوبارہ دنیا میں لائے جائیں گے تاکہ وہ (مظلوم اپنے دشمن سے) اپنا قصاص و انتقام لے سکے اور اس قصاص کے بعد وہ تیس۳۰ ماہ زندہ رہیں گے اس کے بعد صرف ایک ہی شب میں سب کے سب مر جائیں گے۔ ان کے دلوں کو ٹھنڈک مل جائے گی اور اُن کے دشمنوں کو جہنّم کے شدید عذاب میں مبتلا کر دیا جائے گا۔ اور پھر یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اپنا حق حاصل کریں گے۔" (منتخب البصائر)

(۱۷) رجعت کا ذکر قرآن میں

مذکورہ اسناد سے حسن بن راشد نے محمّد بن عبداللہ بن حسین سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں ایک مرتبہ اپنے والد کے ساتھ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق ؑ کی خدمت میں حاضر تھا ان دونوں میں باتیں ہو رہی تھیں کہ اسی اثناء میں میرے والد نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے دریافت کیا کہ کرّہ (رجعت) کے متعلّق آپؑ کیا فرماتے ہیں؟

قال ؑ: "اقول فیھا ما قال اللہ عزّ وجلّ و ذلک انّ تفسیرھا (یعنی تفسیر الکرّۃ) صار الی رسول اللہ قبل ان یاتی ھذا الحرف بخمسۃ و عشرین لیلۃ قول اللہ عزّ وجلّ:

"تِلْکَ اِذًا کَرَّۃٌ خَاسِرَۃٌ۔" (النّٰزعٰت آیت ۱۲)

اذا رجعوا الی الدّنیا ولم یقضوا ذحولھم۔ [1]

فقال لہ ابی: یقول اللہ عزّ وجلّ "فَاِنَّمَا ھِیَ زَجْرَۃٌ وَّاحِدَۃٌ۔ فَاِذَا ھُمْ بِالسَّاھِرَۃِ" ای شیء اراد بھذا؟ فقال اذا انتقم منھم و باتت بقیّۃ الارواح [2]

[1] (النّٰزعٰت ۱۳-۱۴)

[2] ساھرۃ لانتام ولا تموت۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ : "امامؑ نے فرمایا: میں اس کے بارے میں وہی کہتا ہوں جو اللہ عزّوجل فرماتا ہے

ترجمۂ آیت: "(یہ رجعت تو نقصان دہ ہی رہی) (نازعات ۱۲)
یعنی جب وہ دنیا میں دوبارہ رجعت کریں گے اور اس میں بھی ان کا
قصاص پورا نہ ہوگا تو وہ کہیں گے۔ (تلک . . . . خاسرۃ)
میرے والد نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ کے اس قول کا کیا مطلب ہے:
(آیت) "فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ" (النازعات ۱۳، ۱۴)
(ترجمۂ آیت) پس وہ تو ایک جھڑکی ہی ہوگی۔ پھر وہ اچانک بیدار ہوں گے)
آپؑ نے فرمایا: وہ ان لوگوں سے انتقام لیں گے اور یقیناً لوگ ابھی نہ سوتے
ہوں گے اور نہ ان پر موت طاری ہوگی۔" (منتخب البصائر)

(۱۸) زمانۂ رجعت میں حکومتِ ائمہؑ

سعد نے ہمارے اصحاب کی ایک جماعت رواۃ سے، اس جماعت نے ابنِ ابوعثمان و ابراہیم بن اسحاق سے، انھوں نے محمد بن سلیمان دیلمی سے، انھوں نے اپنے والد سے روایت بیان کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک دن حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے قولِ خدا: "اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا" (مائدہ: ۲۰)
یعنی (جب اُس نے تم میں اپنے انبیاءؑ قرار دیے اور تم کو بادشاہ بنایا۔)
کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا:
"الانبیاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و ابراھیمؑ واسماعیلؑ و
ذرّیتہ، والملوک الائمۃ علیہم السلام"
قال: فقلت: وای ملک اعطیتم؟
فقالؑ: ملک الجنۃ وملک الکرّۃ۔"
ترجمہ: "انبیاء سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابراہیمؑ و حضرت
اسماعیلؑ اور اُن کی ذرّیت ہیں اور ملوک سے مراد ائمہ علیہم السلام ہیں۔
راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: مگر آپ حضرات کو کونسی ملوکیت اور بادشاہت ملی؟
آپؑ نے فرمایا: جنّت کی بادشاہت اور زمانۂ رجعت کی حکومت و سلطنت۔"
(منتخب البصائر)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۹) یہ روایت نمبر ۱۴ پر آچکی ہے۔

(۲۰) حضرت امیرالمومنینؑ صاحبِ کرّات و رجعات ہیں

کتاب الواحدہ میں محمّد بن الحسن بن عبداللہ اطروش سے، اُنھوں نے جعفر بن محمّد بجلی سے، اُنھوں نے برقی سے، اُنھوں نے ابنِ ابونجران سے، اُنھوں عاصم بن حمید سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام روایت بیان کی ہے کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام کا ارشاد ہے کہ:

"اِنَّ اللہ تبارک و تعالیٰ احد واحد تفرّد فی وحدانیّتہ ثمّ تکلّم بکلمۃ فصارت نورًا ثمّ خلق من ذلک النّور محمّدًا صلّی اللہ علیہ وآلہ وخلقنی وذرّیتی۔

ثمّ تکلّم بکلمۃ فصارت روحًا فاَسکنہ اللہ فی ذلک النّور واَسکنہ فی اَبدانناونحن روح اللہ و کلماتہ فبنا احتجّ علیٰ خلقہ، فما زلنا فی ظلّۃ خضراء، حیث لاشمس ولاقمر ولااللیل ولاالنہار، ولاعین تطرف نعبدہ ونقدّسہ ونسبّحہ۔ وذلک قبل ان یخلق الخلق و اَخذ میثاق الانبیاء بالایمان والنّصرۃ لنا و ذلک قولہ عزّوجلّ "وَاِذْ اَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَآ اٰتَیْتُکُمْ مِّنْ کِتٰبٍ وَّحِکْمَۃٍ ثُمَّ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَکُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِہٖ وَلَتَنْصُرُنَّہٗ" (آلِ عمران: ۸۱)

یعنی: لتؤمنن بمحمّد صلّی اللہ علیہ آلہ ولتنصرنّ وصیّہ وسینصرونہ جمیعًا۔

وَاِنَّ اللہَ اَخَذَ میثاقی مع میثاق محمّدٌ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم بالنّصرۃ بعضنا لبعض، فقد نصرت محمّدًا ص و جاھدت بین یدیہ، وقتلت عدوّہ ووفیت للّٰہ بما اَخذ علیّ من المیثاق والعھد والنصرۃ لمحمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ ولم ینصرنی احد من انبیاء اللہ ورسلہ، وذلک لما قبضھم اللہ الیہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وسوف ينصرونني ويكون لي ما بين مشرقها الى
مغربها وليبعثنّ الله احياء من آدم الى محمّد
صلّى الله عليه وآله كلّ نبيّ مرسل، يضربون بين يدي
بالسيف هام الاموات والاحياء والثقلين جميعًا
فيا عجبا وكيف لا اعجب من اموات يبعثهم الله احياء يلبّون
زمرة زمرة بالتلبية: لبّيك لبّيك يا داعي الله قد
تخلّلوا بسكك الكوفة، قد شهروا سيوفهم على
عواتقهم ليضربون بها هام الكفرة وجبابرتهم و
اتباعهم من جبّارة الاوّلين والآخرين حتّى ينجز الله
ما وعدهم في قوله عزّ وجلّ:
الاية: " وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى
لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا يَعْبُدُوْنَنِيْ
لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا." (سورة النور آيت ٥٥)
اى يعبدونني آمنين لا يخافون احدًا من عبادي ليس
عندهم تقيّة.
وانّ لي الكرّة بعد الكرّة، والرّجعة بعد الرّجعة وانا
صاحب الرّجعات والكرّات وصاحب الصّولات و
النقمات والدّولات العجيبات وانا قرن من
حديد، وانا عبد الله واخو رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم
انا امين الله وخازنه وعيبة سرّه وحجابه ووجهه وصراطه
وميزانه وانا الحاشر الى الله، وانا كلمة الله التي
يجمع بها المفترق ويفرق بها المجتمع.
وانا اسماء الله الحسنى وامثاله العليا وآياته الكبرى
وانا صاحب الجنّة واثناء، اسكن اهل الجنّة الجنّة و
اسكن اهل (النّار) النّار، والي تزويج اهل الجنّة

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَاِلیٰ عَذَابَ اَھَلَ النّار، والیّ ایاب الخلق جمیعًا۔
وَاَنَا الایاب الّذی یؤوب الیہ کلُّ شیء بعد القضاء
والیّ حساب الخلق جمیعًا۔
واَنَاصاحب الھبات، واَنُا المؤذّن علی الاعراف۔واَنَا
بارزالشمس، اَنَا دابّۃ الارض، واَنَا قسیم النّار
واَنَا خازن الجنان وصاحب الاعراف۔
واَنَا امیرالمؤمنین ویعسوب المتّقین وآیۃ السابقین ولسان
الناطقین وخاتم الوصیّین و وارث النبیّین، و
خلیفۃ رب العالمین وصراط ربّی المستقیم وسطاطہ
والحجۃ علی اھل السماوات والارضین وما فیھما
و مابینھما وَاَنَا الَّذِیْ احْتَجَّ اللّٰہُ بِہٖ عَلَیْکُمْ فِیْ ابْتِدَآءِ خَلْقِکُمْ
وَاَنَا الشَّاھِدُ یَوْمَ الدِّیْنِ وَاَنَا الَّذِی علمت علم المنایا
والبلایا والقضایا وفصل الخطاب و الانساب و استحفظت
آیات النبیّین النبی المستخفین المستحفظین۔
واَنَا صاحب العصاء والمیسم واَنا الّذی سُخّرت لی السّحاب و
الرّعد والبرق والظلم والانوار والرّیاح والجبال
والبحار، والنجوم والشمس والقمر، اَنَا القرن الحدید
واَنَا فاروق الامّۃ وانا الھادی وانا الّذی اَحصیت
کلّ شیء عددًا بعلم اللہ الّذی اودعنیہ وبسرّہ
الّذی اَسرّہ الی محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وَاسرّہ النبی
صلّی اللہ علیہ وآلہ الیّ وانا الّذی انحلنی ربی اسمہ
وکلمتہ وعلمہ وفہمہ۔
یامعشر النّاس اسألونی قبل ان تفقدونی، اللّٰھمّ انّی اُشھدک
واستعدیک علیھم ولاحول ولاقوّۃ اِلّا باللہ العلی
العظیم، والحمد للہ متّبعین امرہٗ۔

ارشادِ امیرالمومنینؑ ہے کہ: (ترجمہ)

"بیشک اللہ تعالیٰ احد اور واحد ہے اور وہ اپنی واحدانیّت میں
بالکل تنہا تھا، پھر اس کے لبِ قدرت سے ایک کلمہ نکلا اور وہ نور ہوگیا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھر اُس نور سے اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور مجھے اور میری ذرّیت کو خلق فرمایا۔

پھر لبِ قدرت سے ایک اور کلمہ نکلا اور وہ روح بن گیا۔ اور اللہ نے اس روح کو اس نور میں ساکن کر کے اُسے ہمارے ابدان میں ودیعت فرمادیا لہٰذا ہم لوگ روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں۔ اور ہمیں اللہ نے اپنی مخلوق پر حجّت بنایا۔ پھر ہم سب مسلسل ایک سبز رنگ کے سائے میں رہے جبکہ نہ ابھی آفتاب تھا نہ ماہتاب، نہ رات تھی نہ دن تھا اور نہ کوئی دیکھنے والی آنکھ تھی۔ ہم لوگ اللہ کی عبادت اور اس کی تقدیس و تسبیح کرتے رہے۔ اور یہ کسی مخلوق کے خلق ہونے سے پہلے کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے ہم لوگوں پر ایمان لانے اور ہماری نصرت کا عہد و پیمان لیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ:

" وَاِذْ اَخَذَ اللّٰہُ . . . . . وَلَتَنصُرُنَّہ " (سورہ آلِ عمران: ۸۱)

ترجمۂ آیت: " اور جب اللہ نے انبیاء سے میثاق لیا کہ جو کچھ تمھیں کتاب و حکمت دی جائے، پھر تمھارے پاس کوئی نبی آئے جو تمھارے پاس والی چیز کی تصدیق کرنے والا ہو تو تم ضرور اُس پر ایمان لانا اور ضرور اس کی نصرت بھی کرنا۔ " لتؤمننّ بہ ولتنصرنہ "

یعنی: یہ سب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائیں گے اور یہ سب کے سب ان کے وصی کی نصرت کریں گے۔

اور بیشک اللہ نے مجھ سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ عہد لیا کہ ہم دونوں باہم ایک دوسرے کی مدد و نصرت کریں گے۔ چنانچہ میں نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد و نصرت میں اُن کے سامنے جہاد کیا، اُن کے دشمنوں کو قتل کیا اور اللہ تعالیٰ نے جو عہد مجھ سے لیا تھا وہ میں نے پورا کیا، مگر انبیاء اور رسولوں نے میری کوئی نصرت نہیں کی۔ اِس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کی ارواح قبض کرلی تھی، مگر آئندہ وہ لوگ میری مدد کریں گے اور مشرق سے مغرب تک میری حکومت ہوگی اور حضرت آدمؑ سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک جتنے انبیاء و رسل ہیں ان سب کو اللہ تعالیٰ دوبارہ اس دنیا میں زندہ کر کے بھیجے گا اور وہ ہمارے سامنے تلوار سے جہاد کریں گے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مجھے تعجّب ہے اور بھلا مجھے کیونکر نہ تعجّب ہو کہ اللہ مُردوں کو زندہ کر کے مبعوث فرمائے گا جو گروہ در گروہ آگے بڑھیں گے اور کہیں گے کہ لبّیک لبّیک اے اللہ کی طرف دعوت دینے والے ! اور وہ اپنی برہنہ تلواریں اپنے دوش پر رکھے ہوئے کوفہ کی گلیوں اور کوچوں میں پھریں گے تاکہ کافروں اور ظالموں اور ان کے پیروکاروں کے سر قلم کر دیں، خواہ وہ اوّلین میں سے ہوں یا آخرین میں سے، یہانتک کہ اللہ تعالیٰ اپنے اُس وعدے کو پورا کرے گا جو اُس نے اِس آیت میں فرمایا ہے کہ:

ترجمۂ آیت: " اللہ نے تم میں سے اُن (لوگوں) کے ساتھ جو ایمان لائے اور اعمالِ صالح بجالائے، وعدہ فرمایا ہے کہ وہ بالضرور اُن کو زمین میں (اپنا) نائب وخلیفہ بنائے گا جس طرح کہ اُن سے پہلوں کو اُس نے (اپنا) نائب وخلیفہ بنایا تھا اور اُن کے دین کو جو کہ اُس نے اُن کے لیے پسند کیا ہے یقیناً مستحکم بنائے گا تاکہ اُن کے خوف کو امن کے ساتھ بدل دے۔ بس وہ میری ہی عبادت کریں اور وہ میرے ساتھ کسی شے کو شریک نہ ٹھہرائیں " (النور ۲۴ - آیت ۵۵)

یعنی: وہ لوگ بغیر کسی سے ڈرے ہوئے ہماری عبادت کریں۔ انھیں اُس وقت تقیّہ کی ضرورت نہ ہوگی۔

اور میرے لیے کرّہ بعد کرّہ ورجعت بعد رجعت ہوگی۔ میں صاحبِ رجعات اور صاحبِ کرّات ہوں۔ میں صاحب صولات (دبدبہ) اور طاقت والا ہوں اور بار بار انتقام لینے والا ہوں، میں عجیب وغریب دولت وسلطنت والا ہوں، میں فولادی سینگ ہوں، میں اللہ کا بندہ ہوں اور حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا بھائی ہوں۔

میں اللہ کا امین اور اس کا خزینہ دار ہوں، میں رازدارِ الٰہی ہوں، میں اُس کا حجاب ہوں، میں وجہ اللہ ہوں، میں صراطِ الٰہی ہوں، میں میزانِ الٰہی ہوں، میں حاشرِ خلق ہوں، میں اللہ کا وہ کلمہ ہوں جس سے وہ متفرّق کو مجتمع اور مجتمع کو متفرّق کرے گا۔

میں اسمائے حسنیٰ الٰہی ہوں اور اس کی اعلیٰ ترین امثال ہوں، میں اللہ کی آیتِ کبریٰ ہوں میں صاحبِ جنّت ونار (تقسیمِ جنّت وجہنّم کرنے والا) ہوں۔ میں اہلِ جنّت کو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جنّت میں اور اہلِ جہنّم کو جہنّم میں داخل کروں گا۔ میں اہلِ جنّت کی تزویج کروں گا اور اہلِ جہنّم کو عذاب میں مبتلا کروں گا۔ ساری مخلوق ہماری طرف پلٹ کر آئے گی۔ میں وہ مرکز ہوں کہ جہاں ہر شے پلٹ کر آئے گی۔ ساری مخلوق کا حساب و کتاب میرے ذمّے ہوگا۔ میں کئی ہیئت والا ہوں میں مقامِ اعراف کا مؤذّن ہوں، میں آفتاب میں ظاہر ہونے والا ہوں، میں دابّۃ الارض ہوں، میں قسیمِ نار اور خازنِ جنّت ہوں، میں صاحبِ اعراف ہوں۔

میں ہی امیرالمومنین، یعسوب المتّقین (پرہیزگاروں کا قائد)، سابقین کی نشانی اور لسانِ ناطقین (حق بولنے والوں کی زبان) وخاتمِ اوصیاء، اور وارثِ انبیاء، وخلیفۂ ربّ العالمین ہوں، میں اپنے ربّ کی صراطِ مستقیم ہوں، میں فسطاطِ الٰہی (خیمۂ خدا) میں اہلِ آسمان واہلِ زمین اور ان دونوں کے درمیان جو کچھ ہے ان سب پر حجّتِ الٰہی ہوں۔

میں وہ ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعے سے تمہاری ابتدائے خِلقت میں تم لوگوں پر حجّت قائم کی، میں بروزِ قیامت تم لوگوں پر شاہد ہوں، میں وہ ہوں کہ تمام منایا و بلایا، فصل الخطاب و انساب کا علم مجھے عطا کیا گیا ہے میں انبیاء کی ساری نشانیاں محفوظ کیے ہوئے ہوں۔

میں صاحبِ عصا اور صاحبِ میسَم[1] ہوں، میں وہ ہوں کہ تمام بادل و رعد و برق و ظلمت و نور و ہوا و پہاڑ و سمندر و نجوم و شمس و قمر میرے لیے مسخّر کر دیے گئے ہیں۔ میں قرنِ حدید ہوں، میں فاروقِ امّت ہوں میں ہادی ہوں، اللہ کا وہ علم جو مجھے ودیعت ہوا ہے اور وہ اسرار و رموز جو اللہ نے محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو تفویض فرمایا اس کے ذریعے سے ہر شے کی تعداد و شمار سے واقف ہوں۔ میں وہ ہوں کہ مجھے میرے رب نے اپنا اسم، اپنا کلمہ، اپنی حکمت، اپنا علم اور اپنی فہم عطا فرمایا ہے۔

اے گروہِ مردم! مجھ سے جو کچھ پوچھنا ہو پوچھ لو قبل اس کے کہ تم مجھ کو نہ پا سکو۔ اے اللہ! میں تجھے ان لوگوں پر اپنا گواہ بناتا ہوں۔ اور نہیں ہے کوئی طاقت اور نہیں ہے کوئی قوّت مگر خدائے بزرگ و برتر کی عطا کی ہوئی اور ساری حمد اللہ کے لیے ہے"۔ (منتخب البصائر)

[1] صاحب میسم : کافروں کی ناک پر مہر لگانے والا : کہ "یہ کافر ہے" (ھٰذا کافر)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۱) وَلَهٗٓ اَسْلَمَ ... کَرْهًا کی تفسیر

صالح بن میثم سے روایت ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے قولِ خدا: (سورہ ۳ آل عمران ۸۳)

"وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا"

(اور اسی کے مطیع ہیں آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے، خوشی سے اور ناخوشی سے)

کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا:

"ذٰلِكَ حِيْنَ يَقُوْلُ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: "اَنَا اَوْلَى النَّاسِ بِهٰذِهِ اٰيَةً" وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ (۳۸) لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ۝" (۳۹) (نحل ۳۸-۳۹)

ترجمہ (ترجمۂ روایت)

امامؑ نے فرمایا کہ یہ اُس وقت ہوگا جب حضرت علی علیہ السلام فرمائیں گے کہ میں لوگوں میں اس آیت کا سب سے زیادہ حقدار ہوں۔:

آیت: وَاَقْسَمُوْا ..... كٰذِبِيْنَ ۝" (نحل ۳۸-۳۹)

ترجمۂ آیت: "اور وہ اللہ کی پکی قسمیں کھاتے تھے (یہ کہتے ہوئے کہ) جو مر گیا اللہ اس کو نہیں اُٹھائے گا۔ یقیناً اُس کے وعدے کی وفا اُس پر واجب ہے لیکن اکثر لوگ یہ نہیں جانتے۔

تاکہ وہ اُن پر وہ بات واضح کر دے جس کے بارے میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے اور تاکہ وہ لوگ جنھوں نے انکار کیا جان لیں کہ بیشک وہی جھوٹے تھے۔ (سورہ نحل ۳۸-۳۹) (تفسیر عیاشی)

(۲۲) حضرت علیؑ زمانۂ رجعت میں

ابن ولید نے صفّار سے، اُنھوں نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے علی بن حکم سے اُنھوں نے عامر بن معقل سے، اُنھوں نے ابوحمزہ ثمالی سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے مجھ سے فرمایا: اے ابوحمزہ!

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال لی، یا ابا حمزۃ ! لا تضعوا علیًّا دون ما وضعه الله ولا ترفعوا علیًّا فوق ما رفعه الله، کفیٰ بعلیٍّ اَن یقاتل اهل الکرّۃ واَن یزوّج اهل الجنّۃ۔"

ترجمہ: آپ نے فرمایا: اے ابوحمزہ! حضرت علی علیہ السّلام کو جس مقام پر اللہ تعالیٰ نے رکھا ہے، اُس سے کم مت کرو اور جو بلندی اُن کو اللہ تعالیٰ نے عطا کی ہے اس سے زیادہ اونچا و بلند نہ کرو۔ حضرت علی علیہ السّلام کے لیے یہی شرف بہت کافی ہے کہ وہ زمانۂ رجعت میں بھی خدا کے دشمنوں سے جنگ کریں گے اور اہلِ جنّت کی تزویج کریں گے۔ (امالی صدوق)

★ بصائر الدرجات میں بھی ابنِ عیسیٰ سے اسی کے مثل روایت ہے۔

★ منتخب البصائر میں بھی عامر بن معقل سے اسی کے مثل روایت ہے۔

(۲۳) یہ روایت قبل ازایں روایت (۹) میں بیان ہو چکی ہے۔

(۲۴) آنحضرتؐ پر زمانۂ رجعت میں سب ایمان لائیں گے

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت کے متعلّق کہ:

"وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا" (النساء: ۱۵۹)

ترجمۂ آیت: "اور کوئی شخص اہلِ کتاب میں سے ایسا نہیں رہے گا جو اُس کی موت سے پہلے اس پر ایمان نہ لے آئے گا اور قیامت کے دن وہ اُن لوگوں پر گواہ ہوگا۔"

مرقوم ہے کہ: روایت کی گئی ہے کہ جب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم دوبارہ دنیا میں رجعت فرمائیں گے تو سب کے سب لوگ آپؐ پر ایمان لے آئیں گے۔

(تفسیر علی بن ابراہیم)

قال: وحدّثنی ابی، عن القاسم بن محمّد، عن سلیمان بن داؤد المنقری عن ابی حمزۃ، عن شهر بن حوشب قال: قال لی الحجّاج یا شهر! آیۃ فی کتاب الله قد اَعیتنی۔ فقلت:

فقلت: ایها الامیر اَیّۃ آیۃ هی؟

فقال: قوله: "وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

واللہ لاٰتینّ لاٰمر بالیہودیِّ والنّصرانیِّ فتضرب عنقہ ثمّ
ارمقہ بعینی فما اراہ یحرّک شفتیہ حتّی یحمل۔
فقلت : اصلح اللہ الامیر لیس علیٰ ما تاوّلت۔
قال : کیف ھو؟ قلت : اِنّ عیسی ینزل قبل یوم القیامۃ الی الدنیا
فلا یبقی اھل ملّۃ یہودی ولا غیرہ الّا آمن بہ قبل موتہ
ویصلّی خلف المہدیِّ۔
قال : ویحک انّی لک ھذا؟ ومن این جئت بہ ؟
فقلت : حدّثنی بہ محمّد بن علیِّ بن الحسین بن علیِّ بن
ابی طالب علیہم السّلام۔
فقال : جئت واللہ بہا من عین صافیۃ۔"

(ترجمہ)

نیز شہر بن حوشب سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ مجھ سے حجّاج نے کہا :
اے شہر ! قرآن کی ایک آیت ہے جس نے مجھے بہت پریشان کر رکھا ہے۔
میں نے عرض کیا : اے امیر ! وہ کون سی آیت ہے ؟
اس نے کہا : اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :"
" اِنَّ مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ "
(بیشک کوئی شخص اہلِ کتاب میں سے ایسا نہیں رہے گا جو اُس کی
موت سے پہلے اس پر ایمان نہ لے آئے گا۔" (النّساء ۱۵۹)
اور نجد میں یہودی اور نصرانی کی گردن مارنے کا حکم دیتا ہوں اُن کی گردن اُڑا دی
جاتی ہے صرف یہ دیکھنے کے لیے کہ یہ کیسے ایمان لاتے ہیں، مگر اُن کے
لبوں پر تو میں کوئی حرکت ہی نہیں دیکھتا۔
میں نے عرض کیا : اللہ تعالیٰ امیر کا بھلا کرے، اِس آیت کی تاویل وہ نہیں ہے جو آپ
سمجھ رہے ہیں۔
اُس نے کہا : پھر کیا ہے ؟
میں نے عرض کیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام قیامت سے قبل دنیا میں رجعت کریں گے
اور تمام اہلِ کتاب خواہ وہ یہودی ہوں یا غیر یہودی، سب کے سب اُن پر
ایمان لائیں گے اور وہ حضرت امام مہدیؑ کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حجّاج نے کہا: تجھ پر وائے ہو، تو یہ مطلب کہاں سے نکال لایا؟
میں نے کہا: اِس آیت کا یہ مطلب مجھ سے حضرت محمّد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب علیہم السّلام نے بیان کیا ہے۔
اُس نے کہا: بخدا، یہ پانی تم چشمۂ صاف و شیریں سے لائے ہو۔"
(تفسیر علی بن ابراہیم)

(۲۵) رجعت پر کچھ لوگ ایمان رکھتے ہیں (قرآن)

تفسیر علی بن ابراہیم میں درج ذیل آیت:

آیت: "بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ"

ترجمہ: (بلکہ اُنھوں نے تو اس کی تکذیب کی جس کے علم کا وہ احاطہ نہیں کر سکتے تھے اور جس کی تاویل ابھی اُن کے پاس نہیں آئی تھی) (سورۂ یونس: ۳۹)

یعنی: اس آیت میں تحریر ہے کہ اُن کے پاس اس کی تاویل نہیں آئی۔

آیت: "كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ" (یونس: ۳۹)

ترجمہ: (اسی طرح وہ (بھی) جو اُن سے پہلے تھے تکذیب کرتے رہے۔)

فرمایا: یہ آیت رجعت کے متعلق نازل ہوئی ہے جس کی لوگ تکذیب کرتے ہیں یعنی کہتے ہیں کہ رجعت نہیں ہوگی۔ پھر فرمایا:

آیت: "وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ" (یونس: ۴۰)

ترجمہ: (اور اُن میں سے (بعض) ایسے ہیں جو اُس پر ایمان لائے ہیں اور (بعض) اُن میں سے ایسے بھی ہیں جو اُس پر ایمان نہیں لائے۔ اور تیرا پروردگار فسادیوں کو خوب جانتا ہے۔)
(تفسیر علی بن ابراہیم)

(۲۶) زمانۂ رجعت میں لوگ ظلم کا فدیہ دیں گے (قرآن)

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت کے بارے میں ہے: (یونس آیت ۵۴)

"وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ" یعنی دنیا میں جس جس نے آلِ محمّدؐ کا حق مارا (ظلم کیا) ہے۔ "مَا فِي الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ" اگر اُن کو زمین کا سارا خزانہ مل جائے تو وہ اُس وقت (زمانۂ رجعت میں) اس کو بطور فدیہ دینے کو تیار ہو جائیں گے۔ (سورہ یونس آیت ۵۴)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۷) زمانۂ رجعت میں ہر قوم کے کچھ لوگ محشور ہوں گے (قرآن)

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے قولِ خدا: "وَ یَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ کُلِّ اُمَّۃٍ فَوْجًا..." (نمل: ۸۳)

ترجمہ (اور جس دن ہم ہر اُمت میں سے ایک بڑے گروہ کو اکٹھا کریں گے) کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا: لوگ اِس آیت کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ قیامت کے دن ہوگا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کیا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ہر قوم میں سے ایک گروہ کو محشور کرے گا اور بقیہ کو چھوڑ دے گا۔؟ (ایسا تو نہیں ہے) درحقیقت یہ تو زمانۂ رجعت میں ہوگا۔ اور قیامت کے بارے میں تو یہ آیت ہے: "وَحَشَرْنٰھُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْھُمْ اَحَدًا..... اور ہم اُن کو محشور کریں گے، اُن میں سے کسی ایک کو بھی نہ چھوڑیں گے۔" (کہف ۱۸: ۴۷) (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۲۸) زمانۂ رجعت میں ناصبیوں کا حال (قرآن)

احمد بن ادریس نے احمد بن محمدؐ سے، اُنھوں نے عمر بن عبدالعزیز سے، اُنھوں نے ابراہیم بن مستنیر سے، اُنھوں نے معاویہ بن عمّار سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا:

"اِنَّ لَہٗ مَعِیْشَۃً ضَنْکًا" (طٰہٰ ۲۰: ۱۲۴)

ترجمہ: (اس کی زندگی بہت سختی میں بسر ہوگی)

آپؑ نے فرمایا: "ھی واللہ للنّصاب" - بخدا یہ آیت نواصب کے لیئے ہے۔

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، مگر میں دیکھتا ہوں کہ وہ لوگ مرتے دم تک بہت خوشحالی میں بسر کرتے ہیں۔؟

آپؑ نے فرمایا: ذالک واللہ فی الرّجعۃ، یاکلون العذرۃ

بخدا زمانۂ رجعت میں اُن کا حال یہ ہوگا کہ وہ گندگی (پاخانہ) کھا کر بسر کریں گے۔[۱]

([۱] تفسیر علی بن ابراہیم)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ سعد نے احمد بن محمدؑ سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (منتخب البصائر)

(۲۹) مُعذّب اقوام کی رجعت نہیں (قرآن)

ابی نے ابن ابو عمیر سے، اُنھوں نے ابنِ سنان سے، اُنھوں نے ابوبصیر اور محمد بن مسلم سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اور حضرت ابوجعفرؑ امام محمد باقر علیہ السلام سے قرآن مجید کی اس آیت:

آیت: " وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ • (انبیاء ۲۱/۹۵)

ترجمہ: (اور جس بستی کو ہم نے ہلاک کیا اُس کے اہالیاں پر حرام ہے کہ وہ لوٹ کر آسکیں۔)

قالاؑ: " كُلُّ قرية اهلك الله اهله بالعذاب لا يرجعون فى الرّجعة فهذه الاٰية من اَعظم الدلالة فى الرّجعة لاَنَّ احدًا من اهل الاسلام لا ينكر اَنَّ النّاس كلّهم يرجعون الى القيامة، من هلك ومن لم يهلك: فقوله " لا يرجعون " عنى فى الرّجعة فامّا الى القيامة يرجعون حتّى يدخلوا النّار۔"

دونوں ائمہ حضرات نے فرمایا: (ترجمہ)

" ہر وہ آبادی جسے اللہ تعالیٰ نے عذاب نازل کرکے ہلاک کر دیا وہ زمانۂ رجعت میں دوبارہ دنیا میں نہیں پلٹائے جائیں گے۔ یہ آیت رجعت کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ اس لیے کہ اہلِ اسلام میں سے کسی کو اس امر سے انکار نہیں کہ تمام لوگ قیامت کے دن رجعت کریں گے اور دوبارہ زندہ کیے جائیں گے خواہ وہ لوگ جو عذابِ الٰہی سے ہلاک ہوئے ہوں خواہ ہلاک نہ ہوئے ہوں۔ اور اس آیت میں " لا یرجعون " سے مراد زمانۂ رجعت ہے اس لیے کہ قیامت میں تو سبھی دوبارہ زندہ ہوں گے تاکہ انھیں جہنّم میں داخل کیا جائے۔"

(تفسیر علی بن ابراہیم)

(۳۰) دابّۃ الارض سے مراد حضرت امیر المومنینؑ ہیں

ابی نے ابنِ ابو عمیر سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ایک مرتبہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام مسجد میں فرش پر سو رہے تھے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے۔

" قد جمع رملاً و وضع راسه علیه ، فحرّکه برجله ثمّ قال: قم یا دابّة الله ۔
فقال رجل من اصحابه : یا رسول اللہ ؐ اَنسمّی بعضنا بعضًا بهذا الاسم ؟
فقال ؐ: " لا واللہ ما هو اِلّا لهٗ خاصّةً وهوالدابّة الّتی ذکر الله فی کتابه :
(الآیة) " وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُکَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ کَانُوْا بِاٰیٰتِنَا لَا یُوْقِنُوْنَ " (سورہ ۲۷ نمل آیت ۸۲)
ثمّ قال ؐ : یا علیؑ اِذا کان آخر الزّمان اخرجک الله فی احسن صورةٍ ومعك میسم تسمُ به اعداءك ۔

(ترجمہ)

" آپ ؐ نے ریت جمع کیا اور اُس کے اوپر اُن کا سر اقدس رکھ دیا، پھر آپ ؐ نے اُن کے پیر کو حرکت دی۔ پھر فرمایا: اُٹھو اے دابّۃ اللہ! ۔"
یہ سن کر آپ ؐ کے ایک صحابی نے عرض کیا: یا رسول اللہ ؐ! کیا ہم لوگ بھی اِس نام سے ایک دوسرے کو پکار سکتے ہیں؟
آپ ؐ نے فرمایا: خدا کی قسم، ہرگز نہیں، یہ نام تو صرف ان کے لیے ہی مخصوص ہے۔ یہ وہ دابّہ ہیں جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے:
حوالۂ آیت: " واذا وقع . . . . . یوقنون " (سورہ ۲۷ نمل آیت ۸۲)
ترجمۂ آیت: " اور جب ان لوگوں پر وعدہ پورا ہو جائے گا تو ہم اُن کے لیے زمین میں سے ایک دابّہ نکالیں گے جو اُن سے کلام کرے گا کہ لوگ ہماری آیات (نشانیوں) پر یقین نہیں کرتے تھے۔"
پھر آنحضرت ؐ نے فرمایا: یا علیؑ! آخر زمانہ میں اللہ تعالیٰ تم کو بہترین صورت میں نکالے گا اور تمھارے پاس ایک مہر ہوگی جس سے تم اپنے دشمنوں پر نشان لگاؤ گے۔"

حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک شخص نے عرض کیا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مگر عامّہ تو یہ کہتے ہیں کہ اِس آیت میں تکلمھم سے مراد زخمی کرنے کے ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: کلمھم اللہ فی نارِ جہنّم انّما ھو تکلّمھم من الکلام و الدلیل علی انّ ھذا فی الرّجعۃ قولہ:

الآیۃ: " وَیَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ کُلِّ اُمَّۃٍ فَوْجًا مِّمَّنْ یُّکَذِّبُ بِاٰیٰتِنَا فَھُمْ یُوْزَعُوْنَ ۸۳ حَتّٰی اِذَا جَآءُوْا قَالَ اَکَذَّبْتُمْ بِاٰیٰتِیْ وَلَمْ تُحِیْطُوْا بِھَا عِلْمًا اَمَّا ذَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۸۴ " (سورۃ نمل ۲۷ آیت ۸۳ ۸۴)

(ترجمہ)

آپؑ نے فرمایا " اللہ انھیں جہنّم رسید کرے، ایسا نہیں ہے بلکہ تکلّمھم کلام سے ہے جس کے معنٰی گفتگو کرنے کے ہیں اور رجعت پر دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:

ترجمۂ آیت: " اور جس دن ہم ہر اُمّت میں سے ایک بڑے گروہ کو اکٹھا کریں گے جو ہماری نشانیوں کو جھٹلایا کرتے تھے اور اُن کو صف بستہ کیا جائیگا یہاں تک کہ وہ حاضر ہوں گے تو وہ کہے گا کہ کیا تم نے میری آیات کو جھٹلایا تھا جبکہ تم اپنے علم سے ان کا احاطہ نہیں کر سکتے تھے۔ تو یہ کیا تھا جو تم کیا کرتے تھے۔"

آپؑ نے فرمایا: اِس آیت میں آیات سے مراد امیرالمومنینؑ اور ائمّہ طاہرینؑ ہیں۔

پس اُس شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا: مگر عوام کا خیال ہے کہ قولِ خدا: یَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ کُلِّ اُمَّۃٍ فَوْجًا " سے قیامت میں "حشر" مراد ہے۔

آپؑ نے فرمایا: تو کیا قیامت میں اللہ ہر قوم سے ایک گروہ کو محشور کرے گا اور باقی کو چھوڑ دے گا۔ ایسا نہیں ہے۔ بلکہ یہ تو زمانۂ رجعت کے لیے ہے۔

قیامت کے متعلّق تو یہ آیت ہے:

" وَحَشَرْنٰھُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْھُمْ اَحَدًا " (کہف ۱۸: ۴۸)

و

دوسرے اسناد کے ساتھ مفضّل سے روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے قولِ خدا: " یَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ کُلِّ اُمَّۃٍ فَوْجًا " کی تفسیر میں فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال ؑ : " لیس احد من المؤمنین قتل اِلّا یرجع حتّی یموت ولا یرجع اِلّا من محض الایمان محضًا او محض الکفر محضًا "

فرمایا: یعنی : " ہر وہ مومن جو قتل کیا گیا ہے وہ دوبارہ زندہ ہو کر دنیا میں واپس آئے گا اور اپنی زندگی پوری کر کے مرے گا۔ نیز رجعت اُن ہی لوگوں کی ہوگی جو خالص مومن یا خالص کافر ہوں گے۔"

"

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے عمّار بن یاسر سے کہا: اے ابو یقظان ! قرآن مجید میں ایک آیت ہے جس سے میرے دل میں فساد اور شک پیدا ہو رہا ہے۔

عمّار بن یاسر نے پوچھا: وہ کون سی آیت ہے ؟

اُس نے کہا: " وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا لَا یُوْقِنُوْنَ ۔" (سورۂ نمل : ۸۲)

ترجمۂ آیت : " اور جب ان لوگوں پر وعدہ پورا ہو جائے گا تو ہم اُن کے لیے زمین میں سے ایک دابّہ نکالیں گے جو اُن سے کلام کرے گا کہ لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں کرتے تھے۔"

اِس آیت میں دابّہ سے مراد کون ہے ؟ یہ کونسا دابّہ ہے ؟

عمّار بن یاسر نے کہا: اچھا، خدا کی قسم جب تک میں تمھیں وہ دابّہ نہ دکھا لوں گا، نہ تو بیٹھوں گا، نہ کچھ کھاؤں گا، نہ کچھ پیوں گا۔

اس کے بعد عمّار اُس شخص کو اپنے ساتھ لیکر چلے اور امیر المومنین ؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ حضرت امیر المومنین کھجوریں مکھن کے ساتھ نوش فرما رہے ہیں۔ امیر المومنین ؑ نے جب عمّار کو دیکھا تو فرمایا:

اے ابو یقظان ! یہاں آؤ۔

عمّار آپ کے پاس جا کر بیٹھ گئے اور آپ ؑ کے ساتھ کھجوریں کھانے لگے

اُس شخص کو بڑا تعجّب ہوا۔ اور جب عمّار وہاں سے اُٹھے تو اُس شخص نے کہا:

اے ابو یقظان ! واہ واہ، تم نے تو قسم کھائی تھی کہ جبتک کہ دابّہ نہ دکھاؤ گے، نہ بیٹھو گے نہ کھاؤ پیو گے

عمّار نے جواب دیا: اگر تم میں عقل ہے تو میں نے تمھیں وہ دابّہ دکھا دیا۔ (تفسیر علی بن ابراہیم)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۳۱) ائمہ طاہرین علیہم السلام آیاتِ الٰہی ہیں

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ آیۃ:

آیت "سَيُرِيكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ۭ" (سورہ ۲۷ نمل ۹۳)

ترجمہ (عنقریب وہ تمھیں اپنی نشانیاں (آیات) دکھلائے گا
پس تم ان کو پہچان جاؤ گے۔) (قال امیر المومنین والائمہ ؑ)

اس آیت میں آیات سے مراد امیر المومنین علیہ السلام اور جملہ ائمہ طاہرین علیہم السلام ہیں

"اِذَا رجعوا یعرفهم اعداؤهم اذا راٰوهم والدّلیل علی اَنَّ الآیات هم الائمۃ: قول امیر المومنین صلوات اللہ علیہ: "ما للہ آیۃ اعظم منّی" فاذا رجعوا الی الدّنیا یعرفهم اعداؤهم اذا راٰوهم فی الدنیا۔"

ترجمۂ روایت: "جب یہ رجعت فرمائیں گے ان کے دشمن انھیں دیکھ کر پہچان لیں گے اور اس بات کی دلیل کہ آیات سے مراد ائمہ طاہرین ؑ ہیں تو امیر المومنین ؑ کا یہ قول ہے کہ "ما للہ آیۃ اعظم منّی"
یعنی: (اللہ تعالیٰ کی کوئی بھی آیت مجھ سے بڑی نہیں ہے)
جب یہ حضرات دنیا میں رجعت فرمائیں گے تو اُن کے دشمن اُنھیں دیکھ کر پہچان لیں گے۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۳۲) قرآن مجید میں حضرت موسیٰؑ و فرعون کا قصہ (تمثیلاً)

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ سورۂ ۲۸ قصص ۱-۲ میں ہے

"طٰسٓمٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝" (قصص ۲۸ ۱-۲)

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خطاب کیا اور فرمایا کہ اے محمدؐ! "نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَاۗىِٕفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَاۗءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَاۗءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَي الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۙ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۔ (قصص ۲۸: ۱-تا-۶)

ترجمۂ آیات: "ہم تمھیں ایماندار لوگوں کے لیے موسیٰ و فرعون کی سچی خبروں میں سے پڑھ کر سناتے ہیں۔ (۳) بیشک فرعون نے (مصر کی) سرزمین میں تکبّر کیا اور اُس کے باشندوں کو کئی گروہوں میں تقسیم کر دیا۔ اُن میں سے ایک گروہ کو عاجز و کمزور کر رکھا تھا، اُن کے بیٹوں کو ذبح کر دیتا تھا اور ان کی عورتوں کو زندہ رہنے دیتا تھا۔ بیشک وہ فساد کرنے والوں میں سے تھا۔ (۴)"

اِن آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو موسیٰ اور اُن کے اصحاب پر فرعون کی طرف سے جو کچھ ظلم اور قتل ہوا اس کی خبر دی ہے تاکہ آپؐ کی اُمت کے ہاتھوں آپؐ کے اہلِ بیتؑ پر جو کچھ ظلم و ستم ہوگا اس پر اُن کو صبر آجائے۔

پھر تلقینِ صبر کے بعد اُنھیں خوشخبری بھی سنائی کہ پھر ہم اس کے بعد تمھارے اہلِ بیتؑ پر اپنا فضل اس طرح ظاہر کریں گے کہ اُنھیں زمین پر اپنا خلیفہ بنائیں گے اور آپؐ کی اُمّت پر اُن کو امام قرار دیں گے۔ اور ان ائمہؑ کو ان کے دشمنوں کے ساتھ دوبارہ دنیا میں بھیجیں گے تاکہ وہ اپنے دشمنوں سے اپنا بدلہ و انتقام لیں۔ چنانچہ اس ضمن میں ارشاد فرمایا ہے:

"وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۙ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا

ترجمۂ آیت: اور ہم نے چاہا کہ جو زمین میں بے بس کر دیے گئے تھے اُن پر احسان کریں اور اُنھیں امام بنائیں اور اُنھیں وارث قرار دیں۔ اور ہم اُنھیں زمین میں اقتدار بخشیں اور فرعون و ہامان اور اُن دونوں کے لشکروں کو وہ (عذاب) دکھائیں جس کا اُنھیں خوف تھا۔

یعنی مطلب یہ ہے کہ ہم فرعون و ہامان اور ان دونوں کے گروہوں کو۔ یعنی اُن لوگوں کو جنھوں نے آلِ محمدؐ کا حق غصب کیا ہے "منھم" یعنی آلِ محمدؐ کی طرف سے "مَا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ" یعنی اُنھیں سزا اور قتل کا منظر دکھائیں۔

ولو كانت هذه الآية نزلت في موسىٰ وفرعون لقال "ونُرِيَ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فرعون وهامان وجنودهما منه ما كانوا يحذرون۔
ای من موسیٰ ولم یقل منهم، فلمّا تقدّم قوله: "وَنُرِيدُ
اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ
اَئِمَّةً" علمنا انّ المخاطبة للنّبيّ صلّى الله عليه وآله و
ما وعد الله رسوله فانما يكون بعده والائمّة يكونون
من ولده وانّما ضرب الله هذا المثل لهم فی موسیٰ وبنی
اسرائيل وفی اعدآئهم بفرعون وجنودهٗ۔

(ترجمہ)

اور اگر یہ آیت حضرت موسیٰؑ اور فرعون کے لیے ہوتی تو پھر عبارت یہ
ہوتی کہ "نری فرعون وھامٰن وجنودھما منہ" یعنی ہم فرعون اور
ہامان اور ان دونوں کے گروہوں یا لشکروں کو "منہ" یعنی موسیٰ کی طرف
سے سزا کا منظر دکھائیں گے"۔ اس آیت میں منھم نہ کہا جاتا بلکہ منہ ہوتا۔
اور اس آیت کی ابتدا میں ہے کہ "اور ہم نے ارادہ کرلیا ہے کہ وہ لوگ جو زمین
پر کمزور بنا دیے گئے ہیں، ان پر فضل و احسان کریں اور انھیں امام بنائیں"۔
اِس سے معلوم ہوا کہ خطاب نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے ہے اور
اللہ نے جو وعدہ اپنے رسولؐ سے کیا ہے وہ بعد کے لیے کیا ہے۔ (وعدہ
آئندہ کے لیے ہوتا ہے گذشتہ کے لیے نہیں ہوتا۔) اور ائمّہ آپ ہی کی
اولاد میں سے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے بطور مثل موسیٰ و بنی اسرائیل کا
واقعہ پیش کیا ہے (یعنی حضرت موسیٰؑ و بنی اسرائیل کی مثال آلِ محمدؐ سے دی ہے)
اور فرعون و ہامان اور ان کے گروہوں سے آلِ محمدؐ کے دشمنوں کو مراد لیا ہے۔

فقالؑ: اِنّ فرعون قتل بنی اسرائيل وظلم، فاظفر الله موسیٰ
بفرعون واصحابه حتّى اهلكهم الله وكذلك اهل بيت
رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم اصابهم من اعدائهم القتل و
الغصب، ثمّ يردّهم الله و يردّ اعداءهم الى الدّنيا حتّى
يقتلوهم۔

وقد ضرب امير المومنين صلوات الله عليه فی اعدائه مثلاً مثل ماضربه

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الله لهم فی اعدائهم بفرعون و هامان۔

فقال : ایّها الناس انّ اوّل من بغی علی الله عزّوجلّ علی وجه الارض عناقَ بنت آدم علیه السّلام خلق الله لها عشرین اُصبعًا فی کلِّ اصبع منها ظُفر ان طویلان کالمنجلین العظیمین وکان مجلسها فی الارض موضع جریب فلمّا بغت بعث الله لها اسدًا کالفیل وذئبًا کالبعیر ونسرًا کالحمار وکان ذلك فی الخلق الاوّل فسلّطهم الله علیها فقتلوها ، الا وقد قتل الله فرعون وهامان وخسف بقارون وانما هذا مثل لاعدائه الّذین غَصَبوا حقّه فاهلکهم الله۔

ثمّ قال علیّ صلوات الله علیه علی اثر هذا المثل الّذی ضربه:

وقد کان لی حقٌّ حازه دونی من لم یکن له ولم اکن اشرکه فیه ولا توبة له اِلّا بکتاب منزل او برسول مرسل ، وانّی له بالرسالة بعد محمّد صلّی الله علیه وآله ولا نبیّ بعد محمّد ، فانّی یتوب وهم فی برزخ القیامة ، غرّته الاَمانیّ وغرّه بالله الغرور قد اُشفی علی جرف هار فانهار فی نار جهنّم والله لایهدی القوم الظّالمین۔

وکذلك مثل القائم علیه السّلام فی غیبته وهربه واستتاره مثل موسی علیه السّلام خائف مستتر الی اَن یأذن الله فی خروجه وطلب حقّه وقتل اعدائه فی قوله :

الاٰیة " اُذِنَ لِلَّذِینَ یُقٰتَلُونَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوا ط وَاِنَّ اللهَ عَلٰی نَصْرِهِمْ لَقَدِیرٌ ۙ الَّذِینَ اُخْرِجُوا مِنْ دِیَارِهِمْ بِغَیْرِ حَقٍّ .... " (سورهٔ ۲۲ حج ۳۹-۴۰)

وقد ضرب بالحسین بن علی صلوات الله علیهما مثلًا فی بنی اسرائیل بادالتهم من اعدائهم حیث قال علیّ بن الحسین علیهما السّلام لِمنهال بن عمرو : اصبحنا فی قومنا مثل

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بنی اسرائیل فی آل فرعون یذبّحون ابناءنا ویستحیون نساءنا"

(ترجمہ)

پھر فرمایا: "فرعون نے بنی اسرائیل کو قتل کیا اور اُن پر ظلم کیا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو فرعون اور آلِ فرعون پر ظفریاب فرمایا اور اللہ نے اُنھیں ہلاک کر دیا۔

بس اسی طرح حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اہلِ بیتؑ کے حقوق اُن کے دشمنوں نے غصب کیے اور انھیں قتل کیا ہے تو اللہ تعالیٰ اہلِ بیتِ رسولؐ اور اُن کے دشمنوں کو دوبارہ اس دنیا میں پلٹائے گا تاکہ وہ اپنے دشمنوں کو قتل کریں۔

اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے اہلِ بیتِ رسولؐ کے دشمنوں کی مثل فرعون و ہامان سے بیان کی ہے اسی طرح حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام نے بھی اپنے دشمنوں کی کی مثال بیان کی ہے اور کہا ہے کہ:

اے لوگو! سب سے پہلے روئے زمین پر جس نے اللہ کے حکم سے سرتابی کی وہ عناق بنتِ آدمؑ تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے بیس انگلیاں پیدا کی تھیں اور ہر انگلی میں بڑے بڑے اور لمبے لمبے ناخن تھے۔ وہ اتنی بھاری بھرکم تھی کہ ایک جریب زمین میں بیٹھ پاتی تھی۔ مگر جب اُس نے اللہ کے حکم سے سرتابی کی تو اللہ نے اس پر ہاتھی جتنے بڑے شیر اور اونٹ جتنے بڑے بھیڑیے اور گدھے جتنے بڑے گدھ مسلّط فرما دیے اور اُن سب نے مل کر اس کی تکّہ بوٹی کر دی۔" یہ ابتدائی دورِ خلقت کا قصّہ ہے۔"

پھر اللہ تعالیٰ نے فرعون و ہامان کو ہلاک کیا۔ قارون کے لیے زمین شق ہوئی۔ یہ مثل ہے آپ کے ان دشمنوں کے لیے جنھوں نے آپؑ کا حق غصب کیا۔

پھر حضرت علی امیرالمومنین صلوات اللہ علیہ نے مندرجہ بالا مثل کے ذیل میں ارشاد فرمایا:

"اور میرا بھی حق تھا مگر وہ میرے علاوہ دوسرے نے ہتھیا لیا جو کسی طرح جائز نہ تھا، نہ میں نے اُسے اپنے حق میں شریک بنایا تھا۔ (بہرحال ان کی نجات اِس کتاب اور اِس شریعت کی رو سے تو ممکن نہیں۔ ہاں کوئی اور کتاب کوئی اور رسول آئے اور شریعت نافذ کرے تو شاید ممکن ہو۔) مگر محمدؐ کے بعد تو نہ کوئی رسول آنے والا ہے، نہ کوئی کتاب، نہ کوئی شریعت اِس لیے اُن کی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

توبہ کیسے قبول ہو سکتی ہے۔ وہ لوگ تو اِس وقت برزخِ قیامت میں ہیں اور اُن کو ان کی خواہشات نے دھوکا دیا، وہ لوگ تو اللہ سے چالیں چل رہے تھے مگر اللہ انھیں واصل بہ جہنم کرے گا۔

اسی طرح حضرت امامِ قائم علیہ السلام کے لیے بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مثل درست ہوئی۔ اُن کا غیبت اختیار کرنا، گریز کرنا، پوشیدہ ہو جانا جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خوف کے مارے غیبت اختیار کی تھی یہانتک کہ اللہ تعالیٰ انھیں اذنِ ظہور دے گا، وہ اپنے حق کا مطالبہ کریں گے، اپنے دشمنوں کو قتل کریں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

حوالۂ آیت: "اُذِنَ لِلَّذِیْنَ ..... بِغَیْرِ حَقٍّ" (حج ۲۲: ۳۹-۴۰)

ترجمۂ آیت: "جن کے خلاف جنگ کی گئی اُن کو قتال کی اجازت دی گئی ہے کیونکہ ان پر ظلم کیا گیا ہے۔ اور بیشک اللہ اُن کی نصرت کرنے پر قادر ہے۔ (۳۹) وہ لوگ جو اپنے گھروں سے ناحق نکالے گئے۔"

"

ترجمۂ روایت: "اور اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے قصّے میں حضرت امام حسین ابنِ علی صلوات اللہ علیہما کی مثل بیان کر دی ہے۔ چنانچہ حضرت امام علی بن الحسین صلوات اللہ علیہما نے ایک موقع پر منہال سے فرمایا: اے منہال! ہم اہلِ بیتِ رسولؐ اِس امّت میں بالکل اسی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں جیسے بنی اسرائیل، آلِ فرعون کے درمیان تھے (کہ وہ اُن کے بچّوں کو قتل کر دیتے تھے اور اُن کی عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے) اسی طرح یہ لوگ ہمارے بچّوں (و مَردوں) کو قتل کرتے ہیں اور ہماری مستورات کو زندہ چھوڑ دیتے ہیں۔"

(۳۳) حضرت رسول اللہ صلعم بھی رجعت فرمائیں گے (قرآن)

ابی نے نضر سے، اُنھوں نے یحییٰ حلبی سے، اُنھوں نے عبدالحمید طائی سے اُنھوں نے ابوخالد کابلی سے اور ابوخالد کابلی نے حضرت امام علی ابن الحسین علیہما السّلام سے قولِ خدا: "اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ" (قصص ۲۸: ۸۵) ترجمۂ آیت (بیشک وہ جس نے تجھ پر قرآن فرض کیا ہے وہ تجھے تیری معاد کی طرف ضرور لوٹا دے گا۔) کی تفسیر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کے متعلق روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: "یرجع الیکم نبیکم صلی اللہ علیہ وآلہ"
یعنی: (تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہاری طرف رجعت کریں گے۔)
(تفسیر علی بن ابراہیم)

(۳۴) "عذاب الادنیٰ" سے مراد

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ آیت نمبر ۲۱ سورۃ السجدہ
"وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ"
(سورۃ السجدہ آیت ۲۱)
ترجمۂ آیت: "اور یقیناً ہم انھیں بڑے عذاب کے علاوہ بھی عذابِ ادنیٰ (دنیاوی عذاب) کا مزا چکھائیں گے۔"
کے متعلق آپؑ نے فرمایا: "العذاب الادنیٰ عذاب الرجعۃ بالسیف و معنی قولہ "لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ" ای یرجعون فی الرجعۃ حتی یعذبوا۔"
یعنی: "عذاب الادنیٰ سے مراد زمانۂ رجعت میں تلوار سے عذاب ہے اور اللہ تعالیٰ کے اس قول "لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ" کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ زمانۂ رجعت میں دوبارہ پلٹائے جائیں گے تاکہ ان کو سزا دی جائے۔"
(تفسیر علی بن ابراہیم)

(۳۵) بنی امیہ وغیرہ کی رجعت

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ آیۂ:
"فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ" (صافات ۱۷۷)
ترجمۂ آیت: "پس جب وہ (عذاب) اُن کے آنگن میں اُتر آئے گا تو جن کو ڈرایا جا چکا ہے اُن کی وہ بہت بُری صبح ہوگی۔"
یعنی: العذاب اذا نزل ببنی امیۃ واشیاعھم فی آخر الزمان
"عذاب، جب آخری زمانۂ دور رجعت میں اور اُن کے ماننے والے دوبارہ لائے جائیں گے۔

(۳۶) یہ روایت، روایت نمبر ۱۳۹ پر ملاحظہ فرمائیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۳۷) زمانۂ رجعت میں ایمان لانا مفید نہ ہوگا

علی بن ابراہیم نے قولِ خدا: "وَيُرِيكُمْ اٰيٰتِهٖ"* کے متعلق کہا کہ:

یعنی "امیرالمومنین و الائمۃ صلوات اللہ علیہم فی الرجعۃ

آیت: "فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ۔" (سورۂ مومن: ۸۴)

ای جحدنا بما اشرکناھم:

آیت: "فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ۔" (سورۂ مومن: ۸۵)

ترجمۂ روایت: امیرالمومنین اور ائمہ صلوات اللہ علیہم زمانۂ رجعت میں آئیں گے

ترجمۂ آیت: پس جب لوگ ہمارا عذاب (اُن کو) دیکھیں گے تو کہیں گے کہ ہم خدائے واحد پر ایمان لائے اور شرک سے انکار کرتے ہیں۔"

یعنی جن لوگوں کو ہم نے شریک قرار دیا تھا اُن سب سے انکار کرتے ہیں۔ مگر

ترجمۂ آیت: "پس جب انھوں نے ہمارے عذاب کو دیکھ لیا تو اُن کا ایمان لانا سودمند نہ ہوا۔ اللہ کا یہی معمول اُس کے بندوں میں جاری رہا ہے اور وہیں انکار کرنے والے خسارے میں رہے۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

یعنی: اُس وقت اُن کا ایمان لانا انھیں کوئی فائدہ نہ پہنچائے گا۔

(۳۸) کلمۂ باقیہ کی تفسیر

"وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ"[۱۲]

(اور اس نے کلمۂ باقیہ کو اپنے پیچھے (باقی) چھوڑا تاکہ وہ پلٹیں) (زخرف: ۲۸)

یعنی: فانّھم یرجعون یعنی الائمۃ الی الدّنیا:

وہ لوگ جو رجعت فرمائیں گے۔ یعنی ائمہ طاہرین اس دنیا کی طرف رجعت فرمائیں گے۔

(تفسیر علی بن ابراہیم)

(۳۹) دُخَانٍ مُّبِيْنٍ کی تفسیر

[۱] "فَارْتَقِبْ" ای اصبر "يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ"[۲]

[۱] (سورۂ دخان: ۱۰) ([۲] سورۂ دخان: ۱۰)

* البقرۃ ۲۔ ۷۳۔ النحل ۱۶ آیت ۹۳۔ مومن یا غافر ۴۰ آیت ۸۱

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ آیت : "فَارْتَقِبْ" یعنی صبر کرو۔ (انتظار کرو) اُس دن کا جب آسمان سے ظاہر بہ ظاہر دھواں نکلے گا۔"

قال : ذلك اذا خرجوا فی الرّجعة مِن القبر تغشی النّاس" كلّهم الظلمة فيقولوا "هٰذا عَذَابٌ اَلِيمٌ" "رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ" فقال الله رَدًّا عليهم "اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى" فی ذلك اليوم۔ "وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ"۔ اَی رسول قد بيّن لهم "ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ"۔

قال : قالوا ذلك لمّا نزل الوحی علیٰ رسول الله صلّی الله علیه وآله وسلّم واَخذه الغشی فقالوا: هو مجنون۔ ثمّ قال: "اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ" يعنی الی القيامة ولوكان قوله : "يَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ" فی القيامه ، لم يقل اِنكم عائدون لاَنّه ليس بعد الاٰخرة والقيامة حالة يعودون اليها ثمّ قال: "يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰی" يعنی فی القيامة "اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ" (سورۃ الدّخان آیت ۱۰ — ۱۶)

ترجمۂ روایت مع آیات :-

آپ نے فرمایا: جب زمانۂ رجعت میں اپنی قبروں سے نکلیں گے تو تمام لوگوں پر اندھیرا چھا جائے گا۔ یعنی (یغشی الناس) تو لوگ کہیں گے کہ "هٰذا عَذَابٌ اليم" : یہ دردناک عذاب ہے۔ "رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ" پروردگار ہمارے ، ہم سے عذاب کو دور کر دے : "اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ" تو ، ہم (ابھی) ضرور ایمان لے آئیں گے ؛ تو اللہ تعالیٰ ان کے جواب میں کہے گا : "اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى" اب اُن کے لیے نصیحت کیسی "وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ" اور بلاشبہ اُن کے پاس تو ایک واضح (صاف صاف) رسول آیا تھا۔ یعنی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ تشریف لائے تھے۔ "ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ" تو اُس وقت ان لوگوں نے روگردانی کی اور کہا ، یہ تو سکھایا پڑھایا ہوا مجنون ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ اُنھوں نے اُس وقت کہا تھا جب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر وحی نازل ہوتی اور اُن پر غشی طاری ہوتی تو کہا ان پر جنون سوار ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا: " اِنَّا کَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِیْلًا اِنَّکُمْ عَآئِدُوْنَ "

اچھا ہم تھوڑے دنوں کے لیے عذاب ٹال دیتے ہیں۔ پھر تم لوگ قیامت کی طرف تو پلٹنے والے ہو ہی۔

اب اگر اللہ تعالیٰ نے یہ قیامت کے دن کے لیے کہا کہ اس دن آسمان دُھواں دُھواں سا ہو جائے گا۔ تو پھر یہ نہ کہتا کہ تم لوگ اُس کی (قیامت کی) طرف پلٹنے والے ہی ہو اِس لیے کہ قیامت کے بعد پلٹنے کی کوئی صورت ہی نہیں ہے۔

اِس کے بعد اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: " یَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْکُبْرٰی اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ "، ہم اُن سے سب سے بڑا بدلہ تو اسی (قیامت کے) دن لیں گے۔

(سورہ ۴۴ دخان - ۱۰ تا ۱۶) (تفسیر علی بن ابراہیم)

بیان: قال الطبرسیؒ ۔ انّ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ دعا علی قومہ لمّا کذّبوہُ فقالؐ: اللّٰھمّ سنینا کسنی یوسف فاجدبت الارض فاصابت قریشًا المجاعۃ وکان الرجل لما بہ من الجوع یری بینہ وبین السماء کالدّخان، واکلوا المیتۃ والعظام، ثمّ جاءُوا الی النّبی صلّی اللہ علیہ وآلہ فسأل اللہ لھم فکشف عنھم و قیل انّ الدُّخان من اشراط الساعۃ تدخل فی مسامع الکفّار والمنافقین، وھو لم یأت بعدُ، وانّہ یأتی قبل قیام الساعۃ، فیدخل اسماعھم حتّی ان رؤسھم تکون کالرأس الحنیذ ویصیب المؤمن منہ مثل الزکمۃ وتکون الارض کلّھا کبیت اوقد فیہ، لیس فیہ خصاص ویمکث ذلک اربعین یومًا۔"

ترجمۂ بیان: طبرسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ: جب قوم قریش نے حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ کی رسالت کی تکذیب کی تو آپؐ نے ان کے لیے بددعا کی اور کہا: پروردگار! تو میرے لیے وہی سنّت جاری فرما جو حضرت یوسفؑ کے لیے جاری فرمائی تھی چنانچہ: قحط سالی آئی اور یہ حالت ہوگئی کہ قریش بھوک سے تڑپنے لگے۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھایا جاتا تھا، آسمان کی طرف دیکھتے تو انھیں دُھواں دُھواں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نظر آتا۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ مردار کھانے لگے اور ہڈیاں چبانے لگے تو مجبوراً نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعاء کی اور خشک سالی و قحط دور ہوگیا۔ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: دیکھو! آسمان کا دھواں دھواں نظر آنا آثارِ قیامت میں سے ہے۔ مگر فی الحال آسمان سے دھواں ظاہر نہ ہوگا، بلکہ قیامِ قیامت سے پہلے آسمان سے دھواں ظاہر ہوگا جو کفّار و منافقین کے کانوں میں داخل ہوجائے گا تو اُن کے سر ایسے ہوجائیں گے جیسے آگ میں ڈال کر بھون دیا گیا ہے اور مومن پر صرف اتنا اثر ہوگا جیسے اُنھیں زکام ہوگیا ہے اور ساری زمین ایسے گھر کے مانند ہوجائے گی جس میں آگ روشن ہو۔ اور یہ حالت چالیس دن تک رہے گی۔"

(تفسیر علی بن ابراہیم)

(۴۰) آیت: یَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ط (ق ۵۰ - ۴۴)

"جس دن زمین اُن لوگوں کے لیے اوپر سے پھٹ جائے گی اور وہ لوگ فوراً دوڑتے ہوئے نکل پڑیں گے۔"

آپ نے فرمایا کہ: فی الرّجعۃ: یعنی یہ زمانۂ رجعت میں ہوگا۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۴۱) یہ تو رجعت میں ہی پتہ چلے گا کہ...؟

"حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ" (سورہ الجن ۷۲ - ۲۴) قال القائمؑ وامیر المومنین علیہ السّلام فی الرجعۃ "فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا" (سورہ الجن ۷۲ - ۲۴) قال ھو قول امیر المومنین لزُفر: واللہ یا ابن صہّاک لولا عہد من رسول اللہؐ وکتاب من اللہ سبق لعلمت ایّنا اضعف ناصرًا واقلّ عددًا۔ قال فلمّا اخبرھم رسول اللہ ما یکون من الرّجعۃ۔ قالوا: متیٰ یکون ھذا؟ قال اللہ: قل یا محمّدُ! (سورہ الجن ۷۲ - ۲۵) "اِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا" وقولہ: "عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ۙ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى (سورہ الجن ۷۲ - ۲۶-۲۷) مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا" قال: یخبر اللہ رسولہ الّذی یرتضیہ بما کان قبلہ من الاخبار، وما یکون بعدہ من اخبار القائمؑ علیہ السّلام والرجعۃ والقیامۃ۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ آیت : "یہاں تک کہ جب وہ لوگ دیکھیں وہ چیزیں جن کا اُن سے وعدہ کیا گیا ہے"۔ (الجن: ۲۴)

ترجمۂ روایت : آپؑ نے فرمایا: جب وہ لوگ امام قائمؑ اور امیر المومنین علیہ السلام کو زمانۂ رجعت میں دیکھیں گے تو اُنھیں پتہ چلے گا کہ بہ حیثیت ناصر و مددگار کون کمزور ہے اور تعداد کس کی کم ہے۔" اور یہی بات ایک مرتبہ جلال میں آکر امیر المومنین علیہ السلام نے کہی، کہ اے ابنِ ضحاک! اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وصیت اور پہلے سے لکھی ہوئی تحریر نہ ہوتی تو تجھے پتہ چل جاتا کہ ہم میں سے کون بہ حیثیت ناصر کمزور ہے اور تعداد میں کون کم ہے۔

اس کے بعد فرمایا: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو حالاتِ رجعت کی خبر دی تو لوگوں نے پوچھا: یہ رجعت کب ہوگی؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے محمدؐ! کہدو کہ:

"اِنْ اَدْرِیْ ..... اَمَدًا ۔" (سورۂ جن ۲۵)

ترجمۂ آیت: یعنی "میں نہیں جانتا کہ جس دن کا تم لوگوں سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا اللہ تعالیٰ نے اس کی مدت اور بڑھادی ہے۔"

"عَالِمُ الْغَیْبِ ..... رَصَدًا ۔" (سورۂ جن ۲۶)

ترجمۂ آیت: یعنی "وہ عالم الغیب ہے اور اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں فرماتا، لیکن رسولوں میں سے صرف اس کو جس کو وہ منتخب فرمالے اور اس کے آگے پیچھے بھی نگہبان فرشتے مقرر فرما دیتا ہے۔"

یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے پسند کردہ اور منتخب رسول کو بتایا کہ ان سے قبل کیا کیا واقعات ہو چکے ہیں اور ان کے بعد کیا کیا حادثات رونما ہوں گے۔ یعنی ظہورِ قائمؑ، رجعت اور قیامت۔ (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۴۲) کافروں کو تھوڑی مہلت دو۔

قولِ خدا: "فَمَالَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ" (الطارق آیت ۱۰)

کے بارے میں جعفر بن احمد نے عبید اللہ بن موسیٰ سے، اُنھوں نے حسن بن علی بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے اپنے والد سے اور اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

"مالہ قوۃ یقوی بہا علیٰ خالقہ ولا ناصر من اللہ ینصرہ ان اراد بہ سوءًا۔ قلت اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا" قال: كادوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وكادوا علیًا علیہ السلام وكادوا فاطمہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فقال الله یا محمدؐ! "اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ۔ فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ" "اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا ۔" (الطارق: ۱۵-۱۷)

لوقد بعث القائم علیہ السلام فینتقم لی من الجبارین والطواغیت من قریش وبنی اُمیۃ وسائر الناس۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

ترجمہ روایت مع آیات: "فمالہ ..... ولا ناصر" (طارق ۱۰)

آپؑ نے فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ اس میں اتنی قوت نہ رہ جائے گی کہ اللہ کی مخالفت کرے اور نہ اس مخالفت کے لیے اُسے کوئی مددگار ملے گا۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: "اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا" کا کیا مطلب ہے؟ آپ نے فرمایا: چونکہ ان لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کے ساتھ مکر وحیلہ کیا حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ مکر وحیلہ کیا اور حضرت فاطمہ علیہا السلام کے ساتھ مکر وحیلہ کیا، تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے محمدؐ! یہ لوگ اپنی چال چل رہے ہیں اور میں اپنی تدبیر کر رہا ہوں (انھم یکیدون ..... واکید کیدًا۔")

"فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا ۔" لہٰذا، اے محمدؐ! "ان کافروں کو کچھ دنوں کی مہلت دے دو۔" جب امام قائم علیہ السلام آئیں گے تو وہ میرا انتقام قریش وبنی اُمیہ اور سارے زمانے کے جابروں اور سرکشوں سے لے لیں گے۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۴۳) رسولِ خداؐ کا آخری دور رجعت ہوگا

مذکورہ بالا اسناد کے ساتھ ابوبصیر نے قولِ خدا: "وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی" (سورہ الضحیٰ آیت ۴) کے متعلق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت بیان کی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ:

"یعنی الکرّۃ ھی الاٰخرۃ للنبی صلی اللہ علیہ وآلہ"

یعنی "دوبارہ (زمانۂ رجعت میں) آنا یہی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے آخری دور ہے۔ (جو پہلے دور سے بہتر ہوگا۔) راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا اور اللہ تعالیٰ کے اس قول کا کیا مطلب ہے: "وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی" (الضحیٰ ۵) آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں تم کو جنت میں سے اتنا دیدوں گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔ (تفسیر علی بن ابراہیم)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۴۴) حدیث رسولؐ ہے کہ اے علیؑ!

شیخ طوسیؒ نے اپنے اسناد کے ساتھ فضل بن شاذان سے، اُنھوں نے مرفوع روایت کی ہے بریدہ اسلمی سے، اُن کا بیان ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے حضرت علی علیہ السّلام سے ارشاد فرمایا:

"یا علیؑ انّ اللہ اشہدک معی سبعۃ مواطن وساق الحدیث الی اَن قالَ: والموطن السّابع اَنا نبقی حین لا یبقی احد و ہلاک الاحزاب بأیدینا۔" (کنزجامع الفوائد)

ترجمہ: اے علیؑ! اللہ تعالیٰ نے سات مواقع پر تم کو میرے ساتھ رکھا۔" اور وہ مواقع بیان کرنے کے بعد فرمایا: اور ساتواں موقع وہ ہوگا کہ ہم باقی رہیں گے جبکہ کوئی باقی نہ رہے گا اور ہمارے ہاتھوں اللہ تعالیٰ تمام گروہوں کو ہلاک کرائے گا۔" (کنزجامع الفوائد)

(۴۵) رجعت حق ہے: امام رضاؑ

تمیم قرشی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے احمد انصاری سے، اُنھوں نے حسن بن جہم سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ مامون نے حضرت امام رضا علیہ السّلام سے دریافت کیا کہ اے ابوالحسنؑ! آپ رجعت کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟

فقال علیہ السّلام: انّہا الحقّ قد کانت فی الامم السابقۃ ونطق بہا القرآن وقد قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم یکون فی ہذہ الامّۃ کلّ ما کان فی الامم السابقۃ حذو النّعل بالنّعل والقذّۃ بالقذّۃ، وقال صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اذا خرج المہدیؑ من ولدی نزل عیسیٰؑ بن مریم علیہما السّلام فصلّی خلفہ۔ و قال صلّی اللہ علیہ وآلہ انّ الاسلام بدا غریبًا وسیعود غریبًا فطوبیٰ للغرباء۔

قیل: یارسول اللہؐ! ثمّ یکون ماذا؟

قالؐ: ثمّ یرجع الحقّ الیٰ اہلہ الخبر۔ (عیون الاخبار الرضا)

ترجمہ: پس امام رضا علیہ السّلام نے فرمایا: رجعت حق ہے۔ یہ سابقہ امتوں میں بھی تھی اس کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد بھی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی فرمایا ہے کہ: "اِس اُمت میں بھی وہی سب کچھ ہو بہو ہوگا جو سابقہ اُمتوں میں ہو چکا ہے نیز فرمایا: کہ میری اولاد میں سے امام مہدیؑ کا ظہور ہوگا تو حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السّلام (آسمان سے) نازل ہوں گے اور امام مہدیؑ کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔

پھر آپ نے فرمایا: کہ، اسلام غریبوں سے شروع ہوا اور غریبوں ہی کی طرف واپس آئے گا، پس غریبوں کا کیا کہنا (خوشخبری ہے)

آپؐ سے عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟

آپؐ نے فرمایا: پھر حق اپنے اہل کی طرف واپس پلٹ آئے گا۔" الخبر (عیون اخبار الرضا)

(۴۶) ماہِ جمادی و رجب کے درمیان عجائب کا ظہور ہوگا

ابی نے سعد سے، اُنھوں نے برقی سے، اُنھوں نے محمّد بن علی کوفی سے، اُنھوں نے سفیان سے، اُنھوں نے فراس اور اُنھوں نے شعبی سے روایت کی ہے کہ شعبی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ ابن الکواء نے حضرت علی علیہ السّلام سے عرض کیا: یا امیر المومنینؑ! آپ کے اس قول کا کیا مطلب ہے کہ: جمادی و رجب کے درمیان عجیب عجیب باتیں ظاہر ہوں گی؟

قال ؑ: ویحك یا اَعور! هو جمع اَشتات و نشر اموات وحصد نبات و هنات بعد هنات، مهلكات مبيرات لست اَنا ولا اَنت هناك۔"

ترجمہ: "آپؑ نے فرمایا: وائے ہو تجھ پر اے اندھے! اس میں منتشر مجتمع ہوں گے موت کا ہر طرف دور و دورہ ہوگا، کھیتیاں کاٹی جائیں گی یہ ہوگا اور یہ بھی ہوگا کہ تباہیاں ہی تباہیاں ہوں گی، ہلاکتیں ہوں گی۔ مگر اس وقت نہ میں ہوں گا نہ تو ہوگا۔" (معانی الاخبار)

(۴۷) حضرت امیر المومنین صلّی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا

ابن الولید نے صفّار سے، اُنھوں نے احمد بن محمّد سے، اُنھوں نے عثمان بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے صالح بن میثم سے، اُنھوں نے عبایہ اسدی سے روایت کی ہے۔ عبایہ اسدی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امیر المومنین صلّی اللہ علیہ وآلہ کو فرماتے ہوئے سنا۔ آپ اُس وقت تکیہ (ٹیک) لگائے ہوئے تھے، اور میں آپؑ کے سامنے کھڑا تھا۔ آپؑ نے فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"لأبنينّ بمصر منبراً ولأنقضنّ دمشق حجراً حجراً
ولأخرجنّ اليهود والنصارٰی من کلّ کور العرب و
لأسوقنّ العرب بعصای هٰذه۔
قال: قلت له: یا امیرالمومنین کأنّک تخبر أنّک تحیی بعد ما تموت؟
فقال ؑ: هیهات هیهات یا عباية ذهبت فی غیر مذهب یفعله
رجل منّی۔"

ترجمہ: "ہم لازماً مصر میں ایک منبر بنائیں گے اور دمشق کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے اور یہود و نصاریٰ کو عرب کے ہر گوشے سے نکال باہر کریں گے اور سارے اہلِ عرب کو اپنے اس عصا سے ہانکیں گے۔"

عبایہ کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: یا امیرالمومنینؑ! گویا آپ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ آپ موت کے بعد پھر زندہ ہوں گے؟

آپؑ نے فرمایا: افسوس افسوس، اے عبایہ! تم دوسرے راستے پر چلے گئے۔ یہ کام ایک مرد کرے گا جو مجھ سے ہوگا۔" (معانی الاخبار الرضا)

(۴۸) مردے قبروں سے نکل کر کفّار کو قتل کریں گے

محمّد بن عبّاس نے علی بن عبداللہ سے، اُنھوں نے ابراہیم بن محمّد ثقفی سے، اُنھوں نے محمّد بن صالح بن مسعود سے، اُنھوں نے ابوالجارود سے اور ابوالجارود نے ایک ایسے شخص سے روایت کی ہے جس نے خود حضرت علی علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا۔

یقولؑ: "العجب کلّ العجب بین جمادی و رجب"
فقام رجل فقال: یا امیرالمومنین! ما هذا العجب الّذی لا تزال تعجب منه
فقالؑ: ثکلتک أمّک وأیّ عجب اعجب من اموات یضربون
کلّ عدو لله ولرسوله ولاهل بیته، وذلک تاویل هٰذه
الآیة: "یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ
قَدْ یَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ کَمَا یَئِسَ الْکُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ
الْقُبُوْرِ" (سورۃ الممتحنۃ ۱۳)
فاذا اشتدّ القتل، قلتم: مات او هلک او ای وادٍ سلک
وذلک تاویل هٰذه الآیة:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الآیۃ " ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝"

(سورہ اسریٰ ۱۷ : ۶)

: آپ فرما رہے تھے:

ترجمۂ روایت: " جمادی اور رجب کے درمیان عجیب عجیب باتیں ظاہر ہوں گی یہ سن کر ایک شخص مجمع سے اُٹھا اور بولا یا امیر المومنین! وہ کونسی تعجب خیز باتیں ہیں جن پر آپ مسلسل تعجب کا اظہار فرما رہے ہیں؟

آپ نے فرمایا: تیری ماں تیرے ماتم میں بیٹھے، اِس سے زیادہ تعجب خیز بات کیا ہوگی کہ مردے قبروں سے نکل کر خدا و رسولؐ اور اہلِ بیتِ رسولؐ کے دشمنوں کو قتل کریں گے اور قرآن کی اِس آیت کی تاویل اُس وقت ظاہر ہوگی۔

اشارۂ آیت: یٰاَیُّهَا الَّذِيْنَ . . . . . اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ۝" (ممتحنہ ۶۰ : ۱۳)

ترجمۂ آیت: اے ایمان والو! اُن لوگوں سے دوستی نہ کرو جن پر کہ اللہ کا غضب ہوا۔ بیشک وہ آخرت سے اسی طرح مایوس ہیں جس طرح کفّار اصحابِ قبور سے مایوس ہیں۔"

پھر جب قتل کی شدّت ہوگی تو تم لوگ کہو گے وہ تو مر گئے یا ہلاک ہو گئے یا کسی وادی میں چلے گئے۔ تو اُس وقت اِس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی۔

اشارۂ آیت: " ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ . . . . . نَفِيْرًا ۝" (سورہ اسریٰ ۱۷ : ۶)

ترجمۂ آیت: " پھر ہم نے تمھیں اُن پر غلبہ عطا کیا اور تمھارے لیے دن پھیر دیے اور ہم نے اموال اور بیٹوں سے تمھاری مدد فرمائی اور تمھیں کثرتِ افراد عطا کی۔" (سورہ اسریٰ ۱۷ : ۶)

(۴۹) آیۂ رجعت اور آیۂ قیامت

ابی نے ابنِ ابی عمیر سے، اُنھوں نے حمّاد سے اور حمّاد نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے مجھ سے پوچھا کہ لوگ اس آیت کے متعلق کیا کہتے ہیں: " وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا " (نمل ۲۷ : ۸۳)

میں نے عرض کیا: لوگ کہتے ہیں کہ یہ قیامت میں ہوگا۔

آپ نے فرمایا: ایسا نہیں ہے جیسا وہ لوگ کہتے ہیں۔ بلکہ زمانۂ رجعت میں ایسا ہوگا۔ کیا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ہر قوم میں سے ایک گروہ کو محشور کرے گا اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بقیہ کو محشور نہیں کرے گا۔ ہرگز ایسا نہ ہوگا، سب محشور ہوں گے۔ قیامت کے لیے تو یہ آیت ہے: "وَحَشَرْنَاهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا" یعنی (اور ہم سب کو محشور کریں گے کسی ایک کو نہ چھوڑیں گے) (سورۂ کہف ۴۸)

"

نیز علی بن ابراہیم کا بیان ہے کہ رجعت پر قرآن کی یہ آیت بھی دلیل ہے: "وَحَرَامٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ" (الانبیاء ۲۱/۹۵)

یعنی: "اور جس بستی کو ہم نے ہلاک کیا اُس کے اہالیان پر حرام ہے کہ وہ واپس لوٹ کر آسکیں۔"

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ:

"کل قریۃ اھلک اللہ اھلھا بالعذاب لا یرجعون فی الرجعۃ فامّا الی القیامۃ فیرجعون، ومن محض الایمان محضًا وغیرھم ممن لم یھلکوا بالعذاب و محضوا الکفر محضًا یرجعون۔"

ترجمہ: "جس آبادی کو اللہ تعالیٰ نے عذاب نازل کرکے ہلاک کیا ہے وہ زمانۂ رجعت میں نہیں پلٹائے جائیں گے۔ مگر قیامت میں سب پلٹائے جائیں گے۔ زمانۂ رجعت میں تو خالص مومن اور خالص کافر اور ان لوگوں میں سے کچھ لوگ جو عذاب سے ہلاک نہیں ہوئے پلٹائے جائیں گے۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۵۰) زمانۂ رجعت میں ائمۂ طاہرین سے وعدۂ الٰہی پورا ہوگا

ابی نے ابن ابوعمیر سے، اُنھوں نے عبداللہ بن مسکان سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے قولِ خدا: الآیت "وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ" (سورۂ آلِ عمران ۳/۸۱)

کی تفسیر میں فرمایا کہ: ما بعث اللہ نبیًا من لدن آدم اِلّا ویرجع الی الدنیا فینصر امیر المؤمنین وقولہ "لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ" یعنی رسول اللہ ص

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"وَلَتَنْصُرُنَّهٗ" یعنی امیرالمؤمنین علیہ السّلام۔
قال علی بن ابراھیم و مثلہ کثیر ممّا وعد اللہ تعالیٰ الائمّہ ع من الرجعۃ والنّصر، فقال "وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ" یا معشر الائمّہ "وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ" (سورہ نور ۲۴ : ۵۵) الی قولہ "لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا" فھذہ ممّا یکون اذا رجعوا الی الدنیا، وقولہ: "وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ" (قصص ۲۸ : ۵) فھذا کلّہ ممّا یکون فی الرجعۃ۔" (تفسیر علی بن ابراہیم)

(ترجمہ)

آپ نے فرمایا کہ قولِ خدا: "وَاِذْ اَخَذَ ..... وَلَتَنْصُرُنَّهٗ" (آلِ عمران ۳ : ۸۱)
یعنی: (اور جب اللہ نے انبیاء سے عہد لیا کہ جس کتاب و حکمت سے میں نے تمھیں نوازا ہے۔ پھر جو کچھ تمھارے پاس ہے اس کی تصدیق کرنے والا ایک رسول تمھارے پاس آئے گا تو تم ضرور اُس پر ایمان لانا اور ضرور اُس کی مدد کرنا۔۔۔"

اِس آیت کی تفسیر میں فرمایا: حضرت آدمؑ سے لیکر اب تک جتنے انبیاءؑ کو اللہ نے مبعوث فرمایا ہے اللہ تعالیٰ انھیں دوبارہ دنیا میں پلٹائے گا اور وہ پلٹ کر آئیں گے تو امیرالمومنین ع کی مدد و نصرت کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کا قول "لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ" یعنی رسول اللہ ص پر ایمان لانا ہے۔ اور "وَلَتَنْصُرُنَّهٗ" (سے مراد۔) یعنی امیرالمومنین ع کی نصرت کرنا ہے علی بن ابراہیم کا بیان ہے کہ اس طرح کی قرآن میں بہت سی آیتیں ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے ائمہؑ طاہرین سے رجعت کا وعدہ فرمایا ہے:

چنانچہ ارشاد ہے: "وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ" اللہ نے وعدہ کیا ہے اے گروہِ ائمہ تم سے ..... "اور اعمال صالح بجالاؤ" (نور ۲۴ : ۵۵) ..... "لا یشرکون بی شیئا" (نور ۵۵) تو اللہ کا یہ وعدہ اس وقت پورا ہوگا جب یہ لوگ دنیا میں دوبارہ واپس ہوں گے۔

نیز آیہ "ونرید ..... فی الارض" (قصص ۲۸ : ۵) - یہ سب کچھ زمانۂ رجعت میں ہوگا۔[1]

[1] (تفسیر علی بن ابراہیم)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۵۱) آیۂ رجعت :

ابی نے احمد بن نضر سے، اُنھوں نے عمرو بن شمر سے اور عمرو بن شمر کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام کے پاس جابرؓ کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جابر پر رحمت نازل فرمائے ان کا علم اس حد تک جا پہنچا تھا کہ وہ اس آیت کی تاویل جانتے تھے: (قصص ۲۸: ۸۵)

"اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ"

"بیشک وہ جس نے تجھ پر قرآن فرض کیا، تجھے تیری منزل (معاد) کی طرف ضرور پلٹا دے گا۔" (رجعت کی طرف)

یعنی وہ رجعت کو جانتے تھے۔ (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۵۲) امام حسینؑ نے قبل از شہادت اپنے اصحاب کو رجعت کی تفصیل بتائی

سہل بن زیاد نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے ابن فضیل سے، اُنھوں نے سعد جلّاب سے، اُنھوں نے جابر سے اور جابر نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا:

قال الحسین علیہ السلام لاصحابہ قبل ان یقتل: اِنّ رسولَ اللہ قال لی: یابنیَّ اِنّك ستساق الی العراق، وھی ارض قد التقی بھا النبیّون واوصیاء النبیّین، وھی ارض تدعی عمورا وانّك تستشھد بھا و یستشھد معك جماعۃ من اصحابك لا یجدون الم مسِّ الحدید وتلا: "قُلْنَا یَانَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ" (انبیاء ۶۹) یکون الحرب بردًا وسلامًا علیك وعلیھم۔

فابشروا، فواللہ لئن قتلونا فانّا نرد علی نبیّنا، قال: ثمّ امکث ما شاء اللہ فاکون اوّل من ینشقّ الارض عنہ فاخرج خرجۃ یوافق ذلك خرجۃ امیر المؤمنینؑ وقیام قائمنا ثمّ لینزلنّ علیّ وفد من السماء من عند اللہ، لم ینزلوا الی الارض قطّ ولینزلنّ الیّ جبرئیل و میکائیل واسرافیل وجنود من الملائکۃ ولینزلنّ محمّدؐ وعلیؑ وانا واخی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وجميع من منّ الله عليه في حملات من حملات
الرّبّ خيل بلق من نور لم يركبها مخلوق ، ثمّ لهزّنّ
محمّدص لواءه وليدفعنّه الى قائمنا مع سيفه ، ثمّ
انّا نمكث من بعد ذلك ماشاء الله ، ثمّ انّ الله يخرج
من مسجد الكوفة عينًا من دهن من ماء وعينًا من لبن ـ
ثمّ انّ امير المؤمنين عليه السّلام يدفع الىّ سيف رسول الله صلّى الله عليه وآله
ويبعثني الى المشرق والمغرب ، فلا آتي على عدوّ لله
الّا أحرقت دمه ولا ادع صنمًا الّا احرقته حتّى أقع
الى الهند فأفتحها ـ
وانّ دانيال ويوشع يخرجان الى امير المومنين ع يقولان
صدق الله ورسوله ع ويبعث الله معهما الى البصرة سبعين
رجلًا فيقتلون مقاتليهم ويبعث بعثًا الى الروم فيفتح
الله لهم ـ
ثمّ لاقتلنّ كلّ دابّة حرّم الله لحمها حتّى لايكون على وجه
الارض الّا الطّيّب واعرض على اليهود والنصارى وسائر
الملل : ولاُخيّرنّهم بين الاسلام والسيف ـ فمن اسلم
منّنت عليه ، ومن كره الاسلام احرق الله دمه ولايبقى
رجل من شيعتنا الّا انزل الله اليه ملكًا يمسح عن وجهه
التراب ويعرّفه ازواجه ومنزلته في الجنّة ولايبقى
على وجه الارض اعمى ولامقعد ولا مبتلى الّا كشف
الله عنه بلاءه بنا اهل البيت ـ
ولينزلنّ البركة من السماء الى الارض حتّى انّ الشجرة لتقصف
بما يريد الله فيها من الثمرة ولتأكلنّ ثمرة الشتاء
في الصيف وثمرة الصيف في الشتاء ، وذلك قوله تعالى
﴿ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ
بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ
بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴾ (الاعراف : ٩٦)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثمّ اِنّ اللہ لیھب لشیعتنا کرامۃ لا یخفی علیھم شیء فی الارض وما کان فیھا حتّی اَنّ الرّجل منھم یزید ان یعلم علم اھل بیتہ فیخبرھم بعلم ما یعملون۔" (الخرائج والجرائح)

امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: (ترجمہ)

"کہ سید الشہدا حضرت امام حسین علیہ السلام نے شہادت کے درجے پر فائز ہونے سے پہلے اپنے اصحاب سے فرمایا سنو! میرے جد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ مجھ سے ارشاد فرمایا تھا کہ اے فرزند تم کو عراق کھینچ بلایا جائے گا اور یہ وہ سرزمین ہے جہاں انبیاء و اصیائے انبیاء بھی پہونچیں گے۔ اس خطّے کا نام عمورا ہوگا وہاں تم اور تمھارے سب ساتھی درجۂ شہادت پر فائز ہوں گے جن کے جسموں پر لوہے کے اسلحوں کے ضرب کی تکلیف کا کوئی احساس نہ ہوگا۔

پھر آپؑ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی: "یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ" (انبیاء ۶۹)

یعنی: (اے آگ ٹھنڈی ہوجا اور ابراہیم کے لیے سلامتی کا سبب بن جا۔)

یہ جنگ تم پر اور تمھارے اصحاب پر (حضرت ابراہیمؑ کی طرح) ٹھنڈی اور سلامتی کا سبب ہوجائے گی۔

لہٰذا، یہ خوشخبری سنو! خدا کی قسم جب ہم لوگ قتل کر دیے جائیں گے تو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت حاضر ہوں گے۔!

اس کے بعد امامؑ قدرے خاموش رہے پھر فرمایا: سب سے پہلے میرے لیے زمین قبر شق ہوگی اور میں قبر سے برآمد ہوں گا۔ اور یہ قیام امام قائمؑ اور امیر المومنینؑ کی رجعت کے ساتھ ساتھ ہوگا۔ پھر اللہ تعالیٰ کی جانب سے آسمان سے ایسے فرشتوں کا ایک گروہ میرے پاس نازل ہوگا جو اس وقت تک زمین پر کبھی نہ اترا ہوگا، پھر فرشتوں کی فوج کے ساتھ جبرئیلؑ و میکائیلؑ و اسرافیلؑ میرے پاس نازل ہوں گے اور حضرت محمدؐ و علیؑ اور میں اور میرے برادر اور وہ تمام لوگ جن پر اللہ تعالیٰ کا کرم ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجے ہوئے نورانی و ابلق گھوڑوں پر سوار ہوں گے۔ اس وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا علم مبارک لہرائیں گے اور وہ علم مع اپنی تلوار کے ہمارے امام قائمؑ کے حوالے کریں گے۔ اس کے بعد اللہ جبتک چاہے گا میں زندہ رہوں گا، اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھر اللہ تعالیٰ مسجدِ کوفہ سے تیل اور پانی اور دودھ کے تین چشمے جاری کرے گا۔
اس کے بعد امیر المومنین علیہ السلام مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلوار دے کر مشرق و مغرب
کی طرف روانہ کریں گے اور خدا کے دشمنوں میں سے جو بھی میرے سامنے آئے گا
میں اس کا خون بہاؤں گا، جو بھی بُت ملے گا اُسے نذرِ آتش کروں گا تا اینکہ
میں ہند پہنچوں گا اور ہند کو فتح کروں گا۔
اور حضرت دانیالؑ اور حضرت یوشعؑ (بن نون) نکل کر امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں
آکر عرض کریں گے کہ واقعاً اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ
ان دونوں کو ستر آدمیوں کے ساتھ بصرہ روانہ فرمائے گا، اور وہ دشمنوں کو قتل
کریں گے اور ایک لشکر روم کی جانب روانہ ہوگا اور اللہ اُن کے ہاتھوں روم کو
فتح کرائے گا۔
پھر ہم ہر اُس جانور کو قتل کر دیں گے جس کا گوشت اللہ نے حرام کیا ہے۔ یہاں تک کہ
روئے زمین پر حلال جانوروں کے سوا کوئی دوسرا جانور نہ رہے گا۔ اور میں یہود
اور نصاریٰ بلکہ تمام قوموں کو دعوتِ اسلام دوں گا کہ یا وہ اسلام قبول کریں،
ورنہ پھر تلوار ہے۔ ان میں سے جو اسلام قبول کرے گا اس پر مہربانی کروں گا اور
جو انکار کرے گا اللہ اس کا خون بہا دے گا۔
اور ہمارے ہر شیعہ مرد کے پاس اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ نازل فرمائے گا جو اُس کے چہرے
سے خاک و گرد صاف کرے گا اور اُس کو جنّت میں اس کی منزل اور اُس کی
زوجہ کی نشاندہی کرے گا۔ اور روئے زمین پر ہر اندھے، اپاہج اور ہر مصیبت زدہ
کی مصیبت ہم لوگوں کی وجہ سے دور ہو جائے گی۔
پھر زمین پر آسمان سے اتنی برکتیں نازل ہوں گی کہ اللہ تعالیٰ جس درخت سے جو پھل
چاہے گا پیدا کر دے گا اور اتنے پھل پیدا ہوں گے کہ موسمِ سرما کے پھل موسمِ گرما
میں اور موسمِ گرما کے پھل موسمِ سرما میں کھائے جائیں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

آیت: "وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ
بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ
بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝" (سورۂ اعراف: ۹۶)

ترجمۂ آیت: "اور اگر اہلِ بستی ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ضرور اُن پر آسمان و زمین سے
برکتیں کھول دیتے لیکن اُنھوں نے تکذیب کی پس ہم نے اُن کو اس حرکت کی بنا پر پکڑ لیا (عذاب میں)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھر اللہ تعالیٰ، ہمارے شیعوں پر ایسا فضل وکرم فرمائے گا کہ زمین اور اس کے اندر کی کوئی شے اُن سے پوشیدہ نہ رہے گی، یہانتک کہ اگر ایک شخص چاہے کہ یہ معلوم کرے کہ میرے گھر والے کیسے ہیں اور اس وقت کیا کر رہے ہیں تو اُس کو اس کا بھی علم ہو جائے گا۔ (الخرائج والجرائح)

★ عبدالحمید حسنی نے اپنے اسناد کے ساتھ سہل سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (منتخب البصائر)

(۵۳) اَیّامَ اللہ تین ہیں

سعد نے ابنِ ابی الخطّاب اور ابنِ یزید سے، اُنھوں نے احمد بن الحسن میثمی سے اُنھوں نے محمّد بن الحسین سے، اُنھوں نے ابان بن عثمان سے، اُنھوں نے موسیٰ حنّاط سے روایت کی ہے اور موسیٰ حنّاط کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: "ایّام اللہ ثلاثۃ: یوم یقوم القائم علیہ السّلام و یوم الکرّۃ، و یوم القیامۃ۔" (منتخب البصائر)

"ایّام اللہ تین ہیں، یوم ظہور قائمؑ، یوم الکرّۃ (رجعت) اور یومِ قیامت"

"

★ عطّار نے سعد سے، سعد نے ابنِ یزید سے، ابنِ یزید نے محمّد بن حسن میثمی سے اور محمّد بن حسن میثمی نے مثنّیٰ حنّاط سے اور مثنّیٰ حنّاط نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (الخصال)

★ ابی نے حمیری سے، حمیری نے ابنِ ہاشم سے، ابنِ ہاشم نے ابنِ ابوعمیر سے اور ابنِ ابوعمیر نے مثنّیٰ سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (معانی الاخبار)

(۵۴) یہ روایت، روایت نمبر ۱۴ پر ملاحظہ فرمائیں

(۵۵) مومن کیلیے قتل اور موت دونوں ہیں

سعد نے ابنِ ابی الخطّاب سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے عمّار بن مروان سے، اُنھوں نے منخّل بن جمیل سے، اُنھوں نے جابر بن یزید سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قال: "لیس من مؤمن إلّا وله قتلة وموتة، إنّه من قتل نشر حتّی یموت، ومن مات نشر حتّی یقتل۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"ترجمہ": آپ نے فرمایا: ہر مومن کے لیے قتل اور موت دونوں ہیں۔ اگر پہلے قتل کر دیا گیا ہے۔
تو وہ دوبارہ اس دنیا میں رجعت کرے گا اور پھر اسے موت آئے گی اور اگر
پہلے اسے موت آگئی ہے تو وہ دوبارہ دنیا میں رجعت کرے گا اس کے بعد
اسے قتل کیا جائے گا۔

راوی کا بیان ہے کہ پھر میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام کے سامنے اس آیت کی
تلاوت کی: "كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ" (سورہ ۳ آل عمران ۱۸۵)
(الانبیاء ۲۱ — ۳۵)
(عنکبوت ۲۹ — ۵۷)

آپ نے فرمایا: "ومنشورہ"

میں نے عرض کیا: آپ نے جو "ومنشورہ" فرمایا ہے۔ یہ کیا ہے؟

آپ نے فرمایا: "هٰكَذَا انْزِلَ بِهَا جَبْرِيلُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ
"كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَمَنشُورَةٌ"

یعنی: اسی طرح حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حضرت جبرئیل لیکر نازل ہوتے تھے کہ
ترجمۂ آیت: ہر نفس کو موت کا ذائقہ (چکھنا) ہے اور منشورہ"

ثم قال ع: ما فی هذه الامة احد برّ ولا فاجر الّا وینشر اما
المؤمنون فینشرون الی قرّة اعینهم واما الفجّار
فینشرون الی خزی الله ایّاهم، الم تسمع انّ الله تعالیٰ
یقول: "وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنٰى دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ"
وقوله: "يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ" (سورہ مدثر: ۱-۲) (السجدۃ ۳۲: ۲۱)

یعنی: بذلك محمّدًا صلّی الله علیه وآله قیامه فی الرّجعة ینذر فیها
وقوله: "اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ نَذِيرًا لِّلْبَشَرِ" (سورہ مدثر ۳۵-۳۶)
وقوله: "هُوَ الَّذِيٓ اَرْسَلَ رَسُولَهٗ بِالْهُدٰى وَدِينِ الْحَقِّ
لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّينِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ" (توبۃ ۹: ۳۳)

قال ع: یُظهرهُ الله عزّ وجلّ فی الرّجعة۔
وقولهٗ: "حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِم بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيدٍ" (مومنون ۲۳: ۷۷)

هو علیّ بن ابی طالب صلوات الله علیه اذا رجع فی الرجعة
قال جابرؓ: قال ابوجعفر علیہ السلام: قال امیر المؤمنین علیہ السلام فی
قوله عزّوجلّ: "رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ" (سورہ الحجرات ۱۵ ۲)

قال ع: هو انا اذا اخرجت انا وشیعتی وخرج عثمان بن عفّان

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وشیعتہ ، ونقتل بنی اُمیّۃ ، فعندھا : یَوَدُّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَوْ کَانُوْا مُسْلِمِیْنَ ۔

(ترجمہ)

پھر فرمایا : اِس اُمّت کا ہر شخص خواہ وہ نیکوکار ہو یا بدکار۔ دوبارہ دنیا میں اُٹھایا جائے گا لیکن مومن اُٹھایا جائے گا تو اُس وقت اُس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی (وہ خوش ہوگا) اور بدکار اس حالت میں اُٹھایا جائے گا کہ اللہ تعالیٰ اُسے عذاب میں گرفتار کرے گا۔ کیا تم نے قرآن کی یہ آیت نہیں سنی : اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: " وَلَنُذِیْقَنَّھُمْ ..... عَذَابَ الْاَکْبَرِ " (سورہ سجدہ ۳۲ : ۲۱)

ترجمہ : " اور یقیناً ہم اُنھیں بڑے عذاب کے علاوہ کبھی ادنیٰ (دنیاوی) عذاب کا مزا چکھائیں گے ۔"

نیز ارشاد فرمایا : " یٰاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ ..... قُمْ فَاَنْذِرْ " (سورہ مدثر ۷۴ : ۱-۲)

ترجمہ : " اے چادر اوڑھنے والے ۔ کھڑے ہو جاؤ پس ڈراؤ"

یعنی : اے محمدؐ ! زمانۂ رجعت میں اُٹھو اور ان لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ۔

پھر ارشاد فرمایا : " اِنَّھَا لَاِحْدَی الْکُبَرِ نَذِیْرًا لِّلْبَشَرِ " سورہ مدثر ۷۴ : ۳۵-۳۶)

ترجمہ : " کہ بیشک یہ بڑی نشانیوں میں سے ایک ہے، بشر کو ڈرانے کے لیے "

یعنی : " زمانۂ رجعت میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سارے عالمِ بشر کو عذابِ خدا سے ڈرائیں گے۔

پھر اللہ تعالیٰ کا ارشاد : " ھُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَہٗ بِالْھُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ ۔ " (سورہ توبہ ۹ : ۳۳)

ترجمہ : " وہ وہی ذات ہے جس نے اپنے رسولؐ کو دینِ حق کے ساتھ بھیجا، تاکہ اُسے ہر دین پر غالب کرے اگرچہ مشرکین کو کتنا ہی ناگوار گذرے ۔"

یعنی : " دینِ اسلام زمانۂ رجعت میں تمام ادیان پر غالب آئے گا ۔

پھر ارشاد الٰہی ہوا : " حَتّٰٓی اِذَا فَتَحْنَا عَلَیْھِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِیْدٍ " (مومنون ۲۳ : ۷۷)

ترجمہ : " یہانتک کہ ہم نے اُن پر عذابِ شدید کا دروازہ کھول دیا "

یعنی : " اِس سے مراد حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب صلوات اللہ علیہ ہیں جو زمانۂ رجعت میں دوبارہ واپس آئیں گے ۔)

جابرؓ کا بیان ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ امیر المومنینؑ نے اللہ تعالیٰ کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قول : " رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ " (سورہ حجر ۱۵: آیت ۲)
ترجمہ : " شاید وہ جنھوں نے کفر اختیار کیا تمنّا کریں گے کہ اے کاش!
ہم بھی مسلمان ہوتے ۔"

آپ نے فرمایا کہ : (وہ میں ہوں، جب میں زمانۂ رجعت میں اپنی قبر سے نکلوں گا اور میرے شیعہ بھی نکلیں گے اور ادھر عثمان بن عفان اور اُن کے شیعہ نکلیں گے اور ہم "سب ملکر" بنی اُمیّہ کو قتل کریں گے۔ تو وہ لوگ تمنّا کریں گے کہ:
اے کاش ہم لوگ (علی کو) تسلیم کرنے والوں میں ہوتے ۔)
(منتخب البصائر)

۵۶ زمانۂ رجعت کی زندگی زیادہ طویل ہوگی

سعد نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے علی بن حکم سے، اُنھوں نے ابنِ عمیرہ سے، اُنھوں نے ابو داؤد سے، اُنھوں نے بریدہ اسلمی سے روایت بیان کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا:

"کیف انت اذا استیأست اُمّتی من المہدیِ فیأتیہا مثل قرن الشمس یستبشر بہ اہل السماء واہل الارض ؟"
ترجمہ : " اُس وقت تم لوگوں کا کیا حال ہوگا جب میری امّت ظہورِ مہدیؑ سے بالکل مایوس ہو چکی ہوگی، تو وہ قرنِ شمس (آفتاب کی کرنوں) کی طرح ظہور کریں گے جنھیں دیکھ کر اہلِ آسمان و اہلِ زمین خوش ہو جائیں گے ۔"

میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ! کیا یہ واقعہ بعد موت ہوگا ؟
آپؐ نے فرمایا: " واللہ اِنَّ بعد الموت ھدًی وایمانًا ونورًا "
(بخدا موت کے بعد (رجعت میں) ہدایت، ایمان اور نور سب کچھ ہوگا)
میں نے عرض کیا: یا رسول اللہؐ ! قبل از موت اور بعدِ موت والی زندگیوں میں طویل کونسی ہوگی؟
آپؐ نے فرمایا: آخر بالضِعف : یعنی : آخری زندگی کئی گنا طویل ہوگی ۔"
(منتخب البصائر)

۵۷ وعدۂ خدا رجعت میں پورا ہوگا

سعد نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے عمر بن عبدالعزیز سے، اُنھوں نے جمیل بن درّاج سے، اور جمیل بن درّاج نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے ۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے آنحضرتؑ (ابوعبداللہؑ) سے اللہ تعالیٰ کے اِس ارشاد کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

متعلق دریافت کیا: " اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَیَوْمَ یَقُوْمُ الْاَشْھَادُ " (سورۂ مومن : ۵۱)

ترجمۂ آیت: " بیشک ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی حیاتِ دنیا میں اور اس دن بھی جس دن گواہ کھڑے ہوں گے ضرور مدد کریں گے۔"

آپؑ نے فرمایا: ذلک واللہ فی الرّجعۃ اما علمت اَنَّ (فی) انبیاء اللہ کثیرًا لم ینصروا فی الدّنیا وقتلوا وائمّۃ قد قتلوا ولم ینصروا فذلک فی الرجعۃ

قلتُ: " وَاسْتَمِعْ یَوْمَ یُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّکَانٍ قَرِیْبٍ ۝ یَوْمَ یَسْمَعُوْنَ الصَّیْحَۃَ بِالْحَقِّ ذٰلِکَ یَوْمُ الْخُرُوْجِ " (سورۂ قٓ : ۴۱-۴۲)

قال ؑ: " ھی الرّجعۃ:

(سورۂ مومن : ۵۱) کے متعلق فرمایا: (ترجمہ)

" حیاتِ دنیا میں اللہ کی نصرت زمانۂ رجعت میں ہوگی۔ کیا تمھیں معلوم نہیں ہے کہ بہت سے انبیاءِ خدا جن کی مدد نہیں کی گئی اور انھیں قتل کر دیا گیا اور ائمۂ طاہرین ؑ کو قتل کر دیا گیا اُن کی بھی کوئی مدد نہیں کی گئی لہٰذا ان سب کی مدد زمانۂ رجعت میں کی جائے گی۔

میں نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: " وَاسْتَمِعْ ..... یَوْمُ الْخُرُوْجِ " (قٓ: ۴۱-۴۲)

ترجمۂ آیت: " اور غور سے سُننا! جس دن کہ ایک پکارنے والا قریب ہی سے پکارے گا جس دن لوگ چنگھاڑ کو بالیقین سن رہے ہوں گے۔ وہی یومِ خروج ہوگا۔"

آپؑ نے فرمایا: اِس سے مراد رجعت ہے۔ (منتخب البصائر)

★ احمد بن ادریس نے ابنِ عیسیٰ سے بھی تقریباً اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۵۸) موت اور قتل میں فرق

سعد نے احمد و عبداللہ ابنی محمد بن عیسیٰ و ابن ابی الخطّاب سے جمیعاً اور اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے ابنِ رئاب سے، اُنھوں نے زراہ سے روایت کی ہے کہ مجھے پسند نہ آیا کہ میں حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السّلام سے صاف صاف رجعت کے متعلق کچھ دریافت کروں، تو میں نے ایک حیلہ سے ایسا سوال کیا کہ جس سے میرا مقصد حاصل ہو جائے۔ میں نے عرض کیا: یہ فرمائیں کہ جو شخص قتل ہو گیا، کیا وہ مر گیا۔ (قُتِلَ مَاتَ) ؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال ؑ: " لا، الموت موت، والقتل قتل ۔ فقلتُ: ما احد (یقتل الّا مات ؟ قال: فقالؑ: یا زرارۃ! قول اللہ اصدق من قولك قد فرّق بین القتل والموت فی القرآن۔ فقال علیہ السّلام الآیت: " اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ " (آلِ عمران ۱۴۴) وقال " لَئِنْ مُّتُّمْ الآیت: اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَی اللّٰہِ تُحْشَرُوْنَ " (آلِ عمران: ۱۵۸) فلیس کما قلت یا زرارۃ الموت موت، والقتل قتل، وقد قال اللہ عزّوجلّ الآیت " اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیَقْتُلُوْنَ وَیُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَیْہِ حَقًّا " (التوبۃ: ۱۱۱)

قال: فقلت: اِنَّ اللہ عزّوجلّ یقول: " کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ " (الانبیاء ۳۵) اَفرأیت من قتل لم یذق الموت ؟ فقال ؑ: لیس من قتل بالسیف کمن مات علی فراشہ اِنَّ من قتل لا بُدَّ اَن یرجع الی الدنیا حتّٰی یذوق الموت ۔"

(ترجمہ)

آپؑ نے فرمایا: نہیں، موت، موت ہے اور قتل، قتل ہے (دونوں میں فرق ہے)۔
میں نے عرض کیا: مگر میرے نزدیک تو کوئی ایسا نہیں جو قتل کیا گیا ہو اور اُسے موت نہ آئی ہو؟
آپؑ نے فرمایا: اے زُرارہ! اللہ تعالیٰ کا قول تمہارے قول سے زیادہ سچ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں قتل اور موت کے درمیان فرق رکھا ہے۔ چنانچہ ارشاد فرماتا ہے: (الآیت) " اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ " (پس اگر ان کو موت آجائے یا انھیں قتل کر دیا جائے۔" نیز فرمایا: (الآیت:) لَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَی اللّٰہِ تُحْشَرُوْنَ " (آلِ عمران ۱۵۸) (آلِ عمران: ۱۲۴)

ترجمہ: (خواہ تمہیں موت آجائے یا تم قتل کر دیے جاؤ ضرور اللہ کی طرف محشور کیے جاؤ گے)

لہٰذا اے زُرارہ! جیسا کہ تم کہتے ہو ویسا نہیں ہے۔ موت، موت اور قتل قتل ہے۔
اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: " اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیَقْتُلُوْنَ وَیُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَیْہِ حَقًّا " (سورہ توبۃ: ۱۱۱)

ترجمہ آیت: (تحقیق اللہ نے مومنین سے ان کی جانیں اور اُن کے اموال خرید لیے کیونکہ اُن کے لیے جنّت ہے۔ وہ اللہ کی راہ میں قتال کرتے ہیں اور قتل ہو جاتے ہیں یہ اس کا سچّا وعدہ ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا: مگر اللہ تعالیٰ یہ بھی تو فرماتا ہے "كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ" (الانبیاء ۲۱ : ۳۵)
یعنی (ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔) کیا آپ کی نظر میں جو شخص
قتل ہوا اُس نے موت کا ذائقہ نہیں چکھا ؟
آپؑ نے فرمایا: جو شخص تلوار سے قتل ہوا وہ اُس شخص کے مانند نہیں ہے جس کو اس کے
بستر پر موت آئی ہو۔ اس لیے کہ جو شخص قتل ہوا ہے اس کے لیے ضروری
ہے کہ دنیا میں دوبارہ آئے تاکہ موت کا ذائقہ چکھے۔ (منتخب البصائر تفسیر عیاشی)

(۵۹) مومن کیلئے قتل اور موت دونوں ہیں

سعد نے ابنِ ابی الخطّاب سے، اُنھوں نے صفوانؑ سے، صفوان نے
حضرت امام علی رضا علیہ السّلام سے روایت کی ہے ان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام رضا
علیہ السّلام کو رجعت کے متعلق فرماتے ہوئے سنا کہ:
"من مات من المؤمنین قتل ومن قتل منهم مات"
جس کو موت آگئی مومنین میں سے (وہ زندہ ہوگا اور) قتل کیا جائے گا
اور جو قتل ہوا (وہ بھی دوبارہ زندہ ہوگا) پھر اُسے موت آئے گی

(۶۰) اے قریش! اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا ؟

سعد نے احمد و عبداللہ ابنی محمّد بن عیسٰی سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے
اُنھوں نے ابوحمیلہ سے، اُنھوں نے ابان بن تغلب سے، اور ابان بن تغلب نے حضرت
ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم
کو یہ اطلاع ملی کہ قریش کے دو خاندان آپس میں گفتگو کرتے ہیں کہ "کچھ ایسا نظر آتا ہے کہ جب
محمّدؐ وفات پائیں گے تو یہ حکومت اُن کے اہلِ بیت کی ہی طرف پلٹ کر جائے گی۔"
تو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے قریش کے مجمع میں یہ بات کھول کر سامنے رکھدی اور
ارشاد فرمایا: کیف انتم معاشر قریش وقد کفرتم بعدی ثمّ رأیتمونی
فی کتیبة من اصحابی اضرب وجوهکم و رقابکم بالسیف
قال فنزل جبریلؑ: فقال: یا محمّدؐ! قل انشاء اللہ او یکون ذلک
علیّؑ بن ابی طالب علیہ السّلام انشاء اللہ فقال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم او
یکون ذلک علیّؑ بن ابی طالب علیہ السّلام انشاء اللہ تعالیٰ فقال جبریل علیہ السّلام

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

واحدة لك و اثنتان لعلیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام وموعدکم السلام:

قال ابان: جعلت فداك واین السلام ؟

فقال ؑ : یا ابان ! السلام من ظهر الکوفة ۔

(ترجمۂ روایت)

آنحضرت ص نے فرمایا: اے گروہ قریش ! اُس وقت تمھارا کیا حال ہوگا جب تم لوگ میرے بعد کفر اختیار کرلوگے تو تم مجھے دیکھوگے کہ میں اپنے اصحاب کے ایک گروہ کے ساتھ تم لوگوں کے منھ پر ضرب لگا رہا ہوں اور تلوار سے تم لوگوں کی گردنیں اُڑا رہا ہوں ۔

اتنے میں حضرت جبریل ؑ نازل ہوئے اور اُنھوں نے کہا: اے محمدؐ ! انشاء اللہ کہو، ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ یہ کام علی ابن ابی طالب علیہ السلام انشاء اللہ انجام دیں۔

پھر جبریل علیہ السلام نے کہا یہ کام ایک مرتبہ تمھارا ہوگا اور دوسری مرتبہ علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا ہوگا اور آپ حضرات کی وعدہ گاہ "سلام" ہے ۔

ابان نے دریافت کیا: مولا ! میں آپ پر قربان "سلام" کہاں ہے ؟

آپ ؑ نے فرمایا: اے ابان ! "سلام" پشتِ کوفہ پر ہے ۔

(۶۱) رجعت میں کون اندھا ہوگا ؟

سعد نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے یقطینی سے، اُنھوں نے علی بن الحکم سے اُنھوں نے مثنّیٰ بن الولید سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت امام محمد باقر ؑ اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام میں سے کسی ایک سے روایت ہے کہ آپ نے قولِ خدا:

"وَمَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝" (سورۂ اسریٰ : ۷۲)

کے متعلق فرمایا: (اور جو اس (دنیا) میں اندھا ہے پس وہ آخرت میں بھی اندھا اور گمراہ اُٹھے گا ۔)

کے متعلق فرمایا: جو یہاں اندھا ہے وہ آخرت یعنی رجعت میں بھی اندھا ہی ہوگا۔"

(تفسیر عیاشی منتخب البصائر)

(۶۲) ابھی کچھ لوگ ایسے ہیں

مذکورہ اسناد کے ساتھ علی بن الحکم نے رفاعہ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن عطا سے اور اُنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے آپ نے فرمایا کہ میں مقامِ منیٰ میں بیمار تھا اور میرے پدر عالی قدر میرے پاس تھے کہ آپ کے پاس آپ کا غلام آیا اور عرض کرنے لگا کہ عراقیوں کا ایک گروہ آپ سے ملاقات کی اجازت چاہتا ہے۔ میرے پدر بزرگوار نے فرمایا: اچھا، انھیں خیمے میں بٹھاؤ۔

پھر آپ اُٹھ کر اُن لوگوں کے پاس گئے اور تھوڑی دیر میں، میں نے اپنے پدر بزرگوار کے زور سے ہنسنے کی آواز سنی تو مجھے کچھ برا محسوس ہوا کہ میں تو اس حال میں ہوں اور میرے پدر بزرگوار قہقہے لگا رہے ہیں۔ اس کے بعد پدر بزرگوار واپس آئے فرمایا: اے ابوجعفر! شاید تمھیں میری ہنسی بُری معلوم ہوئی ہے

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، آپ کو ہنسی کیوں آگئی تھی؟

آپ نے فرمایا: یہ عراقیوں کا گروہ تھا جو تمہارے گذشتہ آباؤ اسلاف کے متعلق ایک بات پوچھ رہے تھے اور اُن پر جو کچھ گذرا اس کے بارے میں وہ ایمان بھی رکھتے تھے اور ان کی عظمت کے اقرار کرنے والوں میں سے تھے تو مجھے ان سے ملکر انتہائی خوشی ہوئی جس کی وجہ سے مجھے ہنسی آگئی تھی۔ ابھی دنیا میں کچھ ایسے لوگ موجود ہیں جو اس پر ایمان بھی رکھتے ہیں اور اس کا اقرار بھی کرتے ہیں

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان! وہ کس بات پر گفتگو کر رہے تھے؟

آپ نے فرمایا: اُنھوں نے ان وفات یافتہ لوگوں کے متعلق دریافت کیا کہ وہ لوگ کب دنیا میں دوبارہ آئیں گے اور دین کے معاملے پر زندہ لوگوں سے جدال وقتال کریں گے۔

(منتخب البصائر)

★ سعد نے سندی بن محمد سے، اُنھوں نے صفوان سے۔ صفوان نے رفاعہ سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (منتخب البصائر)

(۶۳) ان ہی اسناد کے ساتھ علی بن الحکم نے حنان بن سدیر سے، اُنھوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے رجعت کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا:

"القدریۃ تنکرھا" (قدریہ اس سے انکار کرتے ہیں۔)

(منتخب البصائر)

(۶۴) بنی اسرائیل میں ایک شخص کی رجعت

سعد نے ابنِ ابی الخطاب سے، اُنھوں نے وہیب بن حفص سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حاضر ہوا اور عرض کیا کہ فرزندِ رسولؐ! ہم لوگ باہم یہ گفتگو کر رہے تھے کہ عمر بن ذرّ اُس وقت تک نہیں مرے گا جبتک کہ وہ قائمِ آلِ محمدؐ سے مقابلہ نہ کرلے۔

فقال علیہ السلام: "اِنَّ مثل ابن ذرّ مثل رجل کان فی بنی اسرائیل یقال له: عبد ربّه، وکان یدعو اصحابه الی ضلالة، فمات فکانوا یلوذون بقبره ویتحدّثون عنده: اذا خرج علیهم من قبره ینفض التراب من راسه ویقول لهم کیت وکیت۔"

پس آپ نے فرمایا: ہاں، عمر ابن ذرّ کی مثال ویسی ہی ہے جیسے بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا جس کو عبد ربّہ کہہ کر پکارتے تھے۔ وہ اپنے ساتھیوں کو گمراہی کی طرف دعوت دیتا تھا۔ جب وہ مرگیا تو وہ لوگ اس کی قبر پر جمع ہوتے اور وہاں بیٹھ کر باتیں کرنے لگتے کہ اتنے میں ایک دن قبر شق ہوئی اور وہ اپنے سر سے خاک جھاڑتا ہوا قبر سے نکل کھڑا ہوا اور ان لوگوں سے باتیں کرنے لگا۔"

(منتخب ابصائر)

(۶۵) شبِ معراج رجعت پر گفتگو

سعد نے ابن ہشام سے، اُنھوں نے برقی سے، برقی نے محمد بن سنان یا کسی اور سے، اس نے عبداللہ بن سنان سے اور اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: لقد اُسری بی ربّی عزّوجلّ فاوحیٰ الیّ من وراءِ حجاب ما اوحیٰ وکلّمنی بما کلّم به وکان ممّا کلّمنی به اَن قال: یا محمّدُ! اِنّی اَنا اللہ لا اِلٰه اِلّا اَنا عالم الغیب والشهادة الرّحمٰن الرّحیم اِنّی اَنا اللہ لا اله اِلّا اَنا الملک القدّوس السّلام المؤمن المهیمن العزیز الجبّار المتکبّر سبحان اللہ عمّا یشرکون۔ اِنّی اَنا اللہ لا اله اِلّا اَنا الخالق البارئ المصوّر لی الاسماء الحسنیٰ، یسبّح لی من فی السمٰوٰت والارض، وانا العزیز الحکیم۔

یا محمّد! اِنّی اَنا اللہ لا اله اِلّا اَنا اوّل فلا شیءَ قبلی وانا الآخر فلا شیءَ بعدی، وانا الظاهر فلا شیءَ فوقی وانا الباطن

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فلا شیء دونی وانا اللہ لا الہ الا انا بکل شیء علیم

یا محمدؐ! علیؑ اوّل ما آخذ میثاقہ من الائمۃ، یا

یا محمدؐ! علیؑ آخر من اقبض روحہ من الائمۃ وھو الدابۃ

التی تکلمھم۔

یا محمدؐ! علیؑ اظھرہ علیٰ جمیع ما اوحیہ الیک لیس لک ان تکتم

منہ شیئًا۔

یا محمدؐ! بطنہ الذی اسررتہ الیک فلیس ما بینی وبینک سرٌ دونہ

یا محمدؐ! علیؑ علیؑ ما خلقت من حلال وحرام علیؑ علیم بہ۔

(ترجمہ)

آپؐ نے ارشاد فرمایا: "میرا رب مجھے شبِ معراج لے گیا تو پسِ پردہ سے جو اُس نے وحی کرنی تھی وہ کی، جو گفتگو کرنی تھی وہ مجھ سے کی، منجملہ ان تمام باتوں کے ایک بات یہ بھی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اے محمدؐ! میں ہی اللہ اور نہیں ہے کوئی معبود سوائے مجھ عالم الغیب وشہود اور مہربان اور رحم والے کے۔ میں ہی ہوں اللہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے میرے۔ میں بادشاہ ہوں، پاکیزہ ہوں، سلامتی دینے والا، ایمان دینے والا، نگاہ رکھنے والا، غلبہ وجبروتیت والا ہوں۔ پاک ہے اور منزّہ ہے اللہ ان تمام چیزوں سے جسے لوگ اللہ کا شریک گردانتے ہیں۔ صرف میں ہی ہوں اللہ، نہیں ہے کوئی معبود سوائے میرے۔ میں خالق و پیدا کرنے والا ہوں، تصویر بنانے والا ہوں۔ میرے لیے ہی تمام اسماءِ حسنیٰ ہیں، آسمانوں اور زمین میں جتنی بھی مخلوق ہے وہ سب میرے ہی نام کی تسبیح پڑھتی ہے۔ میں ہی عزّت وحکمت والا ہوں

اے محمدؐ! میں اللہ ہوں، نہیں ہے کوئی معبود سوائے میرے، مجھ سے قبل کوئی شے نہیں، میں آخر ہوں، میرے بعد کوئی شے نہیں ہے، میں ظاہر ہوں مجھ سے زیادہ ظاہر کوئی شے نہیں ہے، میں باطن ہوں، مجھ سے زیادہ باطن کوئی شے نہیں میں اللہ ہوں میرے سوائے کوئی معبود نہیں ہے، ہر شے کا جاننے والا ہوں۔

اے محمدؐ! علیؑ اوّل ہیں تمام اُمتوں میں جن سے میثاق لیا گیا ہے۔

اے محمدؐ! علیؑ وہ ہیں کہ جن کی روح تمام امتوں میں سب سے آخر میں قبض ہوگی۔ وہ وہی دابّہ ہیں جو (زمین سے نکل کر) لوگوں سے کلام کریں گے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اے محمدؐ! میں نے علیؑ پر وہ تمام راز کی باتیں ظاہر کردی ہیں جو تم کو وحی کے ذریعے سے بتائی ہیں۔ لہٰذا میرے اور تمہارے درمیان کوئی ایسا راز نہیں جو علیؑ کو معلوم نہ ہو۔

اے محمدؐ! علیؑ وہ علیؑ ہے کہ میں نے جتنی حلال و حرام چیزیں پیدا کی ہیں ان سب کا جاننے والا علیؑ ہے۔

(۶۶) ہمارا امر مشکل بلکہ دشوار ترین ہے

سلیم بن قیس ہلالی کی کتاب سے ماخوذ ہے۔ یہ وہ کتاب ہے جس سے ابان بن عیاش روایت کرتے ہیں اور جو اصحاب کے ایک مجمع کی موجودگی میں جس میں ابوطفیل جیسے لوگ تھے۔ حضرت امام علی ابن الحسینؑ علیہ السلام کے سامنے اول سے آخر تک پڑھ کر سنائی گئی تو آپ نے فرمایا کہ یہ ہماری صحیح حدیث ہے۔

ابان کا بیان ہے کہ اس کے بعد میں ابوطفیل سے اُن کے گھر پر ملا تو انھوں نے رجعت کے متعلق وہ چند احادیث بیان کیں جو اصحاب و سلمان و مقداد و ابی بن کعب سے سنی تھیں

ابوطفیل کا بیان ہے کہ میں نے وہ تمام احادیث جو ان لوگوں سے سنی تھیں کوفے میں حضرت علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام کے سامنے پیش کی تھیں تو آپ نے فرمایا تھا کہ یہ وہ خاص علم ہے جس کی تاب یہ جاہل امت نہیں لاسکتی۔ پھر آپ نے ان تمام حدیثوں کی تصدیق فرمائی جو اُن لوگوں نے مجھ سے بیان کی تھیں۔ ان کے علاوہ آپ نے بہت سی آیات کی تلاوت بھی فرمائی اور اُن کی ایسی کافی و شافی تفسیر بیان کی جس کی بناء پر قیامت سے زیادہ میرا یقین رجعت پر ہوگیا۔

جو باتیں میں نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے عرض کی تھیں اُن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ میں نے عرض کیا: یا امیر المومنین! یہ بتائیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حوض دنیا میں ہوگا یا آخرت میں؟ آپ نے فرمایا: نہیں، بلکہ دنیا میں ہوگا۔

میں نے عرض کیا: پھر اس سے لوگوں کو ہنکانے اور بھگانے والا کون ہوگا؟

آپ نے فرمایا: "انا بیدی فلیردنّہ اولیائی ولیصرفنّ عنہ اعدائی"

وفی روایۃ اُخریٰ: "ولاُوردنّہ اولیائی ولاَصرفنّ عنہ اعدائی"

ترجمہ: میں اپنے دوستوں کو اس حوض پر پہنچاؤں گا اور اپنے دشمنوں کو وہاں سے بھگاؤں گا۔

میں نے عرض کیا: یا امیر المومنین! اللہ تعالیٰ کا قول ہے:

الآیت) "وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ" (ما الدّابّة ؟)
(نمل ۲۷ : ۸۲)

ترجمۂ آیت: "اور جب ان لوگوں پر وعدہ پورا ہو جائے گا تو ہم اُن کے لیے
زمین میں سے ایک دآبّہ نکالیں گے جو اُن سے کلام کرے گا کہ
لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں کرتے تھے۔"

اس آیت میں "دآبّۃ" سے کیا مراد ہے ؟
آپ نے فرمایا: اے ابوطفیل ! چھوڑو اس بات کو نہ پوچھو۔
میں نے عرض کیا: یا امیر المومنین ! میں آپ پر قربان، یہ تو ضرور ہی بتا دیں۔ ؟
آپ نے فرمایا: هی دآبّة تأكل الطعام و تمشی فی الاسواق و تنكح النساء
(یہ وہ دآبّہ ہے جو کھانا کھاتا ہے بازاروں میں چلتا پھرتا اور عورتوں سے نکاح کرتا ہے)
میں نے عرض کیا: یا امیر المومنینؑ ! وہ کون ہے ؟
آپ نے فرمایا: "هو زرّ الارض الذی تسكن الارض به"
(وہ قوامۂ ارض ہوگا جس سے زمین ساکن ہے)
میں نے عرض کیا: یا امیر المومنینؑ ! وہ کون ہے ؟
آپ نے فرمایا: "صدّيق هذه الامّة و فاروقها و ربّيّها و ذو قرنيها"
(وہ اِس اُمّت کا صدّیق اور فاروق ہوگا اور وہ ربّ الارض اور اس کا ذوالقرنین ہوگا)
میں نے عرض کیا: یا امیر المومنینؑ ! وہ کون ہے ؟ (ایسا بزرگ)
آپ نے فرمایا: "الذی قال اللہ تعالیٰ: "يَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ" (ھود ۱۱ : ۱۷)
والذی: "عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ" (رعد ۱۳ : ۴۳)
والذی: "جَآءَ بِالصِّدْقِ" والذی: "صَدَّقَ بِهٖ ..... (الزمر ۳۹ آیت ۳۳) ※
(جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ: وہ وہی ہے کہ: جو:
— (اس کے پیچھے ہی پیچھے اُسی میں کا ایک گواہ) (ھود ۱۱ : ۱۷)
— وہ وہی ہے: (جس کے پاس کتاب کا علم ہے) (رعد ۱۳ : ۴۳)
— وہ وہی ہے: (جو حق کے ساتھ آیا۔ وہ وہی ہے۔ (اس کی تصدیق کی) (الزمر آیت ۳۳)
اور فرمایا: والناس كلّهم كافرون غيره۔ (اور اُس کے سوا تمام لوگ کافر ہوں گے)
میں نے عرض کیا: یا امیر المومنینؑ ! ان کا اسم گرامی تو بتا دیں۔ ؟
آپ نے فرمایا: "قد سمّيته لك يا ابا الطفيل !
(اے ابوطفیل ! تجھے نام تو بتا دیا۔

※ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۳۳ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۳۴
(الزمر ۳۹ : ۳۳-۳۴)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھر فرمایا: وَاللہ لو ادخلت علی عامّۃ شیعتی الّذین بہم اقاتل الذین اقرّوا بطاعتی وسمّوني امیر المؤمنین واستحلّوا جہاد من خالفني، فحدّثتہم ببعض ما اعلم من الحقّ فی الکتاب الذی نزل بہ جبرئیل علیہ السّلام علی محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ لتفرّقوا عنّی حتّی ابقی فی عصابۃ من الحقّ قلیلۃ انت واشباھك من شیعتی۔

ففزعت وقلت: یا امیر المؤمنین انا واشباھی متفرّق عنك او نثبت معك؟

قال: بل تثبتون۔

ثمّ اقبل علیّ فقال: اِنّ اَمرنا صعب مستصعب لا یعرفہ ولا یقرّ بہ اِلّا ثلاثۃ ملك مقرّب، او نبیّ مرسل، او عبدٌ مؤمن نجیب امتحن اللہ قلبہ للایمان۔

یا ابا الطفیل! اِنّ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ قبض فارتدّ النّاس ضُلّالًا وجُہّالًا اِلّا من عصمہ اللہ بنا اھل البیت۔"

(ترجمہ)

"مگر خدا کی قسم اپنے عام قسم کے شیعوں کے پاس جن کو ساتھ لیکر میں جنگ کر رہا ہوں اور جن کو میری اطاعت کا اقرار ہے، اور جو مجھے امیر المومنین کہہ کر پکارتے ہیں اور میرے مخالفین سے جہاد کو حلال جانتے ہیں، میں اُن سے اِس کتاب کی چند باتوں کو جو جبرئیل نے حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لیکر نازل ہوئے بیان کر دوں تو وہ سب کے سب میرا ساتھ چھوڑ کر چلے جائیں گے اور حق کے گروہ میں تھوڑے سے رہ جائیں گے۔ تم ہو گے اور میرے شیعوں میں سے چند تم جیسے۔"

راوی کا بیان ہے کہ یہ سنکر میں کانپنے لگا اور عرض کیا: یا امیر المومنین! میں اور مجھ جیسے چند اور لوگ کیا آپ کا ساتھ چھوڑ دیں گے یا آپ کے ساتھ ثابت قدم رہیں گے؟

آپ نے فرمایا: نہیں۔ بلکہ تم ثابت قدم رہو گے اور تم جیسے بھی۔

اس کے بعد پھر امیر المومنین علیہ السّلام میری طرف متوجّہ ہوئے اور فرمایا: دیکھو! ہمارا معاملہ بہت سخت اور ناقابلِ فہم ہے اسے سوائے تین قسم کے لوگوں کے اور کوئی نہیں سمجھ سکتا۔ یا تو اسے مَلکِ مقرّب سمجھے گا یا نبیٔ مرسل سمجھے گا،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ما وہ بندۂ مومن سمجھے گا جس میں خاندانی شرافت ہوگی اور اللہ نے جس کے قلب کا
ایمان کے ذریعے سے امتحان لے لیا ہوگا۔
اے ابوطفیل! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال فرماتے ہی لوگ اپنی جہالت اور ضلالت
کی وجہ سے ہم اہلِ بیتؑ سے پھر گئے۔" (منتخب البصائر)

(۶۷) رجعت میں بھی حضرت علیؑ امیرِ خلائق ہوں گے

سلام بن مستنیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے
آپؑ نے فرمایا: تم لوگوں نے اُس نام سے لوگوں کو پکارنا شروع کر دیا ہے جو نام اللہ تعالیٰ نے سوائے
حضرت علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام کے اور کسی کا نہیں رکھا (یعنی امیرالمومنین) اور ابھی تو اس کی تاویل
کے ظاہر ہونے کا وقت بھی نہیں آیا ہے۔
میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، اس کا وقت کب آئے گا؟
قالؑ: اِذا جاءت جمع اللہ اَمامہ النبیین والمؤمنین حتّٰی ینصروہ وھو
قول اللہ: "وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ
وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ
بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ
اِصْرِىْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ
الشّٰهِدِيْنَ۔" (سورہ آلِ عمران: ۸۱)
آپ نے فرمایا: اُس وقت آئے گا جب اللہ تعالیٰ حضرت علیؑ کے سامنے انبیاء اور مومنین کو جمع فرمائے گا
تاکہ یہ لوگ ان کی نصرت کریں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول (آل عمران ۸۱)
ترجمۂ آیت: "اور جب اللہ نے انبیاء سے عہد و میثاق لیا کہ جو کتاب و حکمت میں نے
تم کو عطا کی ہے، پھر جو کچھ تمہارے پاس (کتاب و حکمت) ہے اُس کی تصدیق
کرنے والا ایک رسول تمہارے پاس آئے گا تو تم ضرور اس رسول پر ایمان
لانا اور ضرور اس کی مدد کرنا۔ (پھر) فرمایا کیا تم اقرار کرتے ہو کہ اس پر
میرا الوجھ (ذمّہ داری) اُٹھا لوگے، اُنھوں نے کہا: ہم اقرار کرتے ہیں۔ (پھر)
فرمایا: پس تم گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ (اس عہد پر) گواہ ہوں۔"
(قالؑ) فیومئذٍ یدفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ اللّواء الی علیّ بن ابیطالبؑ
فیکون امیر الخلائق کلّھم اجمعین: یکون الخلائق کلھم تحت لوائہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ویکون ھوامیرھم فھذا تأ ویلہ۔"

ترجمۂ روایت: "اس روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا علم مبارک حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو عطا فرمائیں گے اور وہ تمام خلائق کے امیر ہوں گے اور تمام خلائق آپ کے علم کے پھریرے کے نیچے ہوگی۔ آپ اُن سب کے امیر ہوں گے۔ یہ وقت اس کی تاویل کے ظاہر ہونے کا ہے۔ (تفسیر عیاشی)

(۶۸) اس آیت: زرارہ نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے "کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ"[1] کی تفسیر میں فرمایا کہ:

"لم یذق الموت من قتل، وقال: لابدّ من ان یرجع حتّی یذوق الموت۔"

یعنی (مگر جو قتل ہوا اُس نے ابھی موت کا ذائقہ نہیں چکھا اور لازمی ہے کہ وہ دوبارہ دنیا میں واپس آئے اور موت کا مزہ چکھے۔) (تفسیر عیاشی)

(۶۹) رجعت وعدۂ الٰہی ہے

سیرین سے روایت ہے اُن کا بیان ہے۔ ایک مرتبہ میں حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا: لوگ اس آیت کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ "وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ لَا یَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ یَّمُوْتُ"؟ (النحل[16] آیت ۳۸)

میں نے عرض کیا: لوگ کہتے ہیں کہ نہ کوئی قیامت ہے، نہ کوئی بعث ہے، نہ نشور ہے۔

فقال ع: "کذّبوا واللہ انّما ذلک اذا قام القائمؑ وکرّ معہ المکرّون فقال اھل خلافکم: قد ظھرت دولتکم یا معشر الشیعۃ وھذا من کذبکم تقولون: رجع فلان وفلان لا واللہ لا یبعث اللہ من یموت، الا ترٰی انّھم قالوا: "وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جُهْدَ اَیْمَانِهِمْ"؟ کانت المشرکون اشدّ تعظیمًا للّات والعزّٰی من ان یقسموا بغیرھا فقال اللہ:

(آیت): "بَلٰی وَعْدًا عَلَیْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۙ لِیُبَیِّنَ لَهُمُ الَّذِی یَخْتَلِفُوْنَ فِیْهِ وَلِیَعْلَمَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِیْنَ ۝ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ"[2] (نحل[16] ۳۸، ۳۹، ۴۰)

ع ۱ آل عمران[3] ۱۸۵، الانبیاء[21] ۳۵، عنکبوت[29] ۵۷۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ روایت: "آپ نے فرمایا: وہ لوگ جھوٹے ہیں۔ خدا کی قسم یہ اُس وقت ہوگا جب امام قائمؑ ظہور کریں گے اور ان کے ساتھ دوبارہ زندہ ہونے والے ہو کر آئیں گے، تو تمہارے مخالفین کہیں گے کہ اے گروہِ شیعہ! لو تمہاری حکومت تو آگئی اور تم لوگوں کا یہ جھوٹ کھل گیا کہ فلاں فلاں رجعت کریں گے۔ واللہ جو مر گیا اُسے اللہ کبھی دوبارہ زندہ نہ کرے گا۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ" وہ لوگ سخت قسم کھا کر کہتے ہیں"۔ اور اہلِ عرب لات و عزّیٰ کا بڑا احترام کرتے تھے اور اُن کے سوا کسی اور کی قسم نہیں کھاتے تھے۔ اللہ تعالیٰ اسی کے متعلق ارشاد فرماتا ہے:

"بَلٰی وَعْدًا . . . . . كُنْ فَيَكُوْنُ" (سورہ نحل ۱۶ آیت ۳۸ تا ۴۰)

ترجمۂ آیات: "یقیناً اس کے وعدے کی وفا اُس پر واجب ہے لیکن اکثر لوگ یہ نہیں جانتے تاکہ وہ اُن پر وہ بات واضح کر دے جس کے بارے میں وہ اختلاف کرتے تھے اور تاکہ وہ لوگ جنھوں نے انکار کیا یہ جان لیں کہ بیشک وہ ہی جھوٹے ہیں بیشک ہمارا قول تو کسی شے کے لیے ایسا ہی ہے کہ ہم اُس کے لیے ارادہ کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ "ہو جا" تو وہ ہو جاتی ہے۔"

⑦۰ رجعت میں کون لوگ ہوں گے؟

سعد نے ابنِ ابی الخطّاب سے، اُنھوں نے وہیب بن حفص سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقرؑ سے اس آیت کی تفسیر دریافت کی:

"اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ قف وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ط وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ط وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ • اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ط وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ •" (سورہ التوبۃ ۹ آیت ۱۱۱-۱۱۲)

ترجمۂ آیت: "بیشک اللہ نے مومنین سے اُن کی جانیں اور اُن کے اموال خرید لیے کیونکہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(اُس کے عوض میں) جنّت ہے اُن کے لیے۔ وہ اللہ کی راہ میں قتال کرتے ہیں، قتل کرتے ہیں اور قتل ہو جاتے ہیں۔ یہ اُس کے ذمّے سچّا وعدہ ہے تورات میں، انجیل میں اور قرآن میں بھی۔ اور اللہ سے زیادہ وعدہ وفا کرنے والا کون ہو سکتا ہے۔ پس خوشیاں مناؤ اُس سودے پر جو تم نے اُس کے ساتھ کر لیا۔ اور وہ تو بہت ہی بڑی کامیابی ہے۔

(جن سے یہ معاملہ ہوا ہے) وہ توبہ کرنے والے، عبادت گذار، حمد کرنے والے (اللہ کی راہ میں) سیاحت کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدے کرنے والے نیکیوں کا حکم دینے والے، بُرائیوں سے منع کرنے والے، اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ پس (ایسے) مومنوں کو بشارت سنا دو۔")

آپ نے فرمایا یہ عہد و پیمان ہے۔

اس کے بعد میں نے اَلتَّآئِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ کی تلاوت کی تو امام محمّد باقر علیہ السّلام نے فرمایا کہ تم اِس طرح اِس کی تلاوت نہ کیا کرو، بلکہ یوں تلاوت کرو التّآئبین العابدین.....

ثمّ قال ع: " اذا رأیت هؤلاء فعند ذلك هم الّذین اشتری منهم انفسهم واموالهم " یعنی (فی) الرّجعة۔

ثمّ قال ابوجعفر علیہ السّلام: ما من مؤمن اِلّا وله میتة وقتلة: من مات بعث حتّی یقتل، ومن قتل بعث حتّی یموت۔"

(ترجمہ)

پھر فرمایا: "جب تم ان لوگوں کو زمانۂ رجعت میں دیکھو گے تو، وہی ہوں گے کہ جن سے اللہ تعالیٰ نے ان کی جان اور ان کے اموال کو خرید لیا ہے۔

اس کے بعد حضرت ابوجعفر علیہ السّلام نے فرمایا: ہر مرد مومن کے لیے موت اور قتل دونوں ہیں۔ لہٰذا جو مر گیا وہ دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائے گا تاکہ قتل کیا جائے اور جو قتل کر دیا گیا اس کو بھی دوبارہ زندہ کر کے اُٹھایا جائے گا تاکہ اس کو موت آئے۔ (ذائقۂ موت چکھے) (منتخب البصائر۔ تفسیر عیاشی)

★ (یہ روایت عبدالرّحمان قیصر سے بھی بیان کی گئی ہے)

(۱۷) رجعت سے قدریّہ انکار کرتے ہیں

سعد نے ابنِ عیسیٰ اور ابنِ عبدالجبّار اور احمد بن حسن ابنِ فضّال سب سے، اُنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حسن بن علی بن فضّال سے، اُنھوں نے حمید بن مثنّیٰ سے، اُنھوں نے شعیب حذّاء سے اُنھوں نے ابوالصّباح سے روایت کی ہے۔ ابوالصّباح کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے دریافت کیا اور عرض کیا: میں آپ پر قربان: میں آپ سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں مگر اس کا نام لینا نہیں چاہتا۔

آپ نے فرمایا: کیا تم رجعت کے متعلّق دریافت کرنا چاہتے ہو؟

میں نے عرض کیا: جی حضور۔

فقال ؑ: "تلك القدرة ولا ينكرها الّا القدريّة، لا تنكره تلك القدرة لا تنكرها إنّ رسول الله صلّى الله عليه وآله اتى بقناع من الجنّة عليه عذق يقال له سنّة، فتناولها رسول الله صلّى الله عليه وآله سنّة من كان قبلكم۔"

پس آپ نے فرمایا: "یہ سب اللہ کی قدرت ہے اور اس سے سوائے فرقۂ قدریّہ کے کوئی اور انکار نہیں کرتا۔ سنو! حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے پاس جنّت سے ایک خوان آیا جس میں کھجوروں کی شکل میں سنّتیں تھیں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے اس میں سے ایک سنّت لے لی جو تم سے پہلے والوں کی تھی۔"

(منتخب البصائر)

(۷۲) حضرت امیرالمومنینؑ سے پوچھا گیا کہ: ؟

ابنِ عیسیٰ نے حسن سے، حسن نے حسین بن علوان سے، حسین نے محمّد بن داؤد العبدی سے، اُنھوں نے اصبغ بن نباتہ سے روایت کی ہے اصبغ کا بیان ہے کہ: ایک مرتبہ عبداللہ بن ابی بکر یشکری نے امیرالمومنینؑ سے کھڑے ہو کر عرض کی:۔

یاامیرالمؤمنینؑ! ابھی ابھی ابومعتمر نے ایک ایسی بات کہی ہے جس کا مجھے یقین نہیں آتا۔

آپؑ نے فرمایا: وہ کیا بات ہے؟

میں نے عرض کیا: وہ کہتا ہے کہ آپ نے اُس سے بیان فرمایا تھا کہ آپؑ نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا، آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میں نے ایک ایسے شخص کو دیکھا یا سنا ہے کہ اُس کا سن اُس کے باپ سے زیادہ تھا۔

امیرالمومنین علیہ السّلام نے فرمایا: بس اتنی سی ہی بات بڑی اور ناقابلِ یقین ہے؟

اُس نے عرض کیا: جی ہاں، کیا آپ کو اس پر یقین ہے اور آپ اس کو جانتے پہچانتے ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: وائے ہو تجھ پر اے ابن[1] الکوّاء مجھ سے پوچھ لیا ہوتا تو میں تجھے بتا دیتا۔

[1] عبداللہ ابنِ ابی بکر یشکری کی کنیت ابن الکواء تھی اور یہ خارجی تھا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھر فرمایا: بس "اِنّ عُزَیرًا خرج من اهله وامرأته فی شهرها وله یومئذٍ خمسون سنة ، فلمّا ابتلاه الله عزّوجلّ بذنبه اَماته مائة عام ثمّ بعثه ، فرجع الی اهله وهو ابن خمسین سنة ، فاستقبله ابنه وهو ابن مائة سنة وردّ الله عُزَیرًا (الی) الّذی کان به۔

فقال : ما تزید ؟

فقال له امیر المؤمنین علیہ السلام : سل عمّا بدا لك۔

قال : نعم اِنّ اُناسًا من اصحابك یزعمون اَنّهم یردّون بعد الموت ؟

فقال امیر المومنین علیہ السلام نعم تکلّم بما سمعت ولا تزد فی الکلام ، فما قلت لهم؟

قال : قلت : لا اُؤمن بشیء ممّا قلتم ،

فقال له امیر المومنین علیہ السلام: ویلك اِنّ الله عزّوجلّ ابتلی قومًا بما کان من ذنوبهم فاماتهم قبل آجالهم الّتی سمّیت لهم ثمّ ردّهم الی الدّنیا لیستوفوا ارزاقهم ، ثمّ اماتهم بعد ذلك

قال: فکبر علی ابن الکوّاء ولهم یهتد له۔

فقال له امیر المؤمنین علیہ السلام : ویلك تعلم اَنّ الله عزّوجلّ قال فی کتابه (الآیة) "وَاخْتَارَ مُوْسٰی قَوْمَهٗ سَبْعِیْنَ رَجُلًا لِّمِیْقَاتِنَا" (اعراف: ۱۵۵)

فانطلق بهم معه لیشهدوا له اذا رجعوا عند الملاء من بنی اِسرائیل اَنّ ربّی قد کلّمنی فلو اَنّهم سلّموا ذلك له وصدّقوا به لکان خیرًا لهم ، ولکنّهم قالوا لموسٰی علیہ السلام :

(الآیة) "لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰی نَرَی اللّٰهَ جَهْرَةً" (بقرہ- ۵۵)

(الآیة) قال الله عزّوجلّ : "فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ" (بقرہ ۵۵)

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝" (بقرہ: ۵۶)

اَتری یا ابن الکوّاء اَنّ هؤلاء قد رجعوا الی منازلهم بعد ما ماتوا ؟

فقال ابن الکوّاء : وما ذاك ثمّ اَماتهم فکاَنّهم۔

فقال له امیر المؤمنین علیہ السلام : لا ویلك اَولیس قد اَخبر الله فی کتابه حیث یقول :

(الآیة) "وَظَلَّلْنَا عَلَیْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَیْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی" (بقرہ ۵۷)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فهذا بعد الموت اذ بعثهم۔

وایضًا مثلهم یا ابن الکوّاء، الملأ من بنی اسرائیل حیث یقول اللہ تعالیٰ عزّ وجلّ (الآیۃ) "اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ" (البقرۃ: آیہ ۲۴۳)

وقولہ ایضًا فی عُزیر حیث اخبر اللہ عزّ وجلّ: فقال: (الآیۃ) "اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِیَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا فَقَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ" واخذہ بذلک الذنب "مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ" وردّہ الی الدنیا "فَقَالَ كَمْ لَبِثْتَ؟ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَقَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ" (بقرۃ: ۲۵۹)

فلا تشکّنّ یا ابن الکوّاء فی قدرۃ اللہ عزّ وجلّ۔

(ترجمہ)

آپ نے فرمایا: سُن: حضرت عُزیرؑ ایک مرتبہ اپنے گھر والوں سے رُخصت ہو کر چلے تو اُن کی زوجہ اُس وقت حاملہ تھیں اور پورا مہینہ تھا۔ اور حضرت عُزیرؑ کا سن اُس وقت پچاس سال تھا اور اللہ تعالیٰ نے ایک ترکِ اولیٰ کے سبب اُن کو آزمائش میں ڈال دیا اور سَو سال تک ان پر موت طاری کر دی۔ پھر دوبارہ (سو سال کے بعد) اُن کو زندہ کیا اور وہ اپنے اہلِ خانہ کے پاس پلٹ کر آئے تو اُن کا سن وہی پچاس سال کا تھا مگر اُن کا فرزند اُس وقت سو سال کا ہو چکا تھا۔

ابنِ کوّا نے عرض کیا: کچھ اور پوچھوں؟

آپ نے فرمایا: جو تیرے دل میں ہے پوچھ۔

اُس نے عرض کیا: بہتر۔ آپ کے اصحاب میں سے کچھ لوگ کہتے ہیں کہ وہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر دنیا میں آئیں گے؟

آپ نے فرمایا: پھر تو نے اُن لوگوں سے کیا کہا؟

اس نے عرض کیا: میں نے اُن سے کہا، جو تم لوگ کہتے ہو اُس پر مجھے ہرگز یقین نہیں ہے

امیر المومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: تجھ پر وائے ہو، اللہ تعالیٰ عزّ وجلّ نے ایک گروہ کو ان کی تقصیر کی بناء پر مبتلائے آزمائش کیا اور اُن کی اجل سے پہلے ہی ان پر موت طاری کر دی پھر اُنھیں زندہ کر کے اِس دنیا میں واپس کر دیا تاکہ وہ اپنی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قسمت کا رزق کھالیں۔ اس کے بعد انھیں موت دے دی۔

یہ بات ابن الکوّا (خارجی) کی سمجھ میں نہ آئی تو امیرالمومنین علیہ السّلام نے فرمایا:

تجھ پر وائے ہو، تجھے معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں ارشاد فرماتا ہے:

(الآیت) "وَاخْتَارَ مُوسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا" (الاعراف: ۱۵۵)

(اور موسیٰ نے اپنی قوم کے ستّر آدمیوں کو ہماری میقات (ملاقات) کے لیے منتخب کیا۔)

پھر موسیٰؑ ان ستّر آدمیوں کو اپنے ساتھ لے گئے تاکہ یہ لوگ جب پلٹ کر آئیں تو بنی اسرائیل کے سامنے گواہی دیں کہ میرے رب نے مجھ سے کلام کیا۔ اگر یہ لوگ اس کو تسلیم کرلیں اور اس کی تصدیق کریں تو اس میں اُن کے لیے بھلائی ہے مگر ان لوگوں نے حضرت موسیٰؑ سے کہا کہ "ہم ہرگز آپ پر ایمان نہ لائیں گے جبتک کہ ہم اللہ کو صاف صاف نہ دیکھ لیں"۔ یعنی (لَنْ نُّؤْمِنَ ... جَهْرَةً) (بقرہ ۵۵)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ" (بقرۃ: ۵۵)

(پس تمھیں بجلی نے آپکڑا اور تم دیکھتے ہی رہے)

(الآیۃ) "ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ" (بقرۃ: ۵۶)

(پھر ہم نے تمھیں موت کے بعد پھر دوبارہ زندہ کیا تاکہ تم شکر ادا کرو)

اور اے ابن الکوّا! وہ لوگ مرنے کے بعد پھر زندہ ہوکر اپنے گھروں کو واپس ہوئے۔ واقعی یہ تو واقعہ ہے۔

ابن الکوّا نے کہا: یہ کیا ہوا وہ لوگ مرگئے پھر جیسے کے تیسے ہوگئے؟

امیرالمومنینؑ نے فرمایا: اچھا تو پھر اللہ ان لوگوں کے متعلق یہ نہیں فرماتا کہ

(الآیۃ) "وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى" (بقرۃ:

(اور ہم نے تم پر ابر کا سایہ کیا اور ہم نے تم پر منّ و سلوٰی نازل کیا)

یہ اسی وقت کی تو بات ہے جب موت کے بعد دوبارہ وہ زندہ ہوئے۔

اور نیز اے ابن الکوّا! ان ہی لوگوں کے مانند بنی اسرائیل کا ایک گروہ اور بھی ہے جن کے متعلق اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ"[1]

(کیا تو نے ان کو نہیں دیکھا جو اپنے گھروں سے موت سے ڈر کر نکلے اور وہ

[1] (البقرۃ: ۲۴۳)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہزاروں تھے۔ پھر اللہ نے کہا مرجاؤ۔ (وہ مرگئے) پھر انھیں (اللہ نے) زندہ کردیا۔"

نیز حضرت عزیرؑ کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

" اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ " (بقرہ: ۲۵۹)

ترجمہ: یا اُس شخص کی طرح جو ایک بستی کے پاس سے گذرا، جو بالکل تباہ و برباد (اپنی چھتوں کے بل) پڑی ہوئی تھی، اُس نے کہا، اللہ بھلا اب اس کو کیونکر زندہ کرے گا اس کی موت کے بعد۔ پس اللہ نے اُس شخص کو سو برس کے لیے موت دی۔ پھر اُس (بستی والوں) کو زندہ کیا۔۔۔"

اللہ تعالیٰ نے حضرت عزیرؑ کو سو سال تک مردہ رکھا تھا۔ پھر انھیں دوبارہ زندہ کیا اور دنیا میں بھیجا۔ پھر پوچھا:

(آلآیت) "كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ۔"

(تم کو اس حال میں کتنا عرصہ گذر گیا۔ اُنھوں نے کہا، بس ایک دن یا ایک دن سے کم، اللہ نے فرمایا، نہیں، بلکہ تم سو سال اسی حالت میں پڑے رہے۔

امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا: اے ابن الکوّا، اللہ کی قدرت میں ہرگز کبھی شک نہ کرنا۔ (منتخب البصائر)

(۷۳) یہی روایت، روایت نمبر (۵۹) میں صفوان سے نقل کی جاچکی ہے

(۷۴) اپنے اسناد کے ساتھ ابوخالد قمّاط نے حمران بن اعین سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے اُن جناب سے عرض کیا کہ: کیا بنی اسرائیل میں کوئی ایسی بات بھی ہوئی ہے جس کے مثل اِس اُمت میں نہ ہوگی؟

آپ نے فرمایا: نہیں۔

میں نے عرض کیا: پھر اللہ تعالیٰ کے اس قول کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں؟

" اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الْمَوْتِ ص فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ق ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ط (بقرہ ۲:۲۴۳)

ترجمہ: (کیا تو نے اُن کو نہیں دیکھا جو اپنے گھروں سے موت کے خوف سے نکلے اور وہ ہزاروں تھے پس اللہ نے اُن سے کہا۔ مرجاؤ۔ پھر (اللہ نے) اُنھیں زندہ کردیا۔ ۔)

یعنی: (اللہ تعالیٰ نے انھیں موت دی۔ پھر اُنھیں زندہ کردیا) یہانتک کہ لوگوں نے دیکھا۔ تو پھر کیا وہ لوگ اُسی دن مرگئے تھے یا دنیا میں پھر واپس آئے ؟ آپ نے فرمایا: " بل ردّھم الی الدّنیا حتّی سکنوا الدُّور و اَکلوا الطّعام و نکحوا النساء و لبثوا بذلك ماشاء اللہ، ثمّ ماتوا بالآجال۔ "

یعنی (نہیں) بلکہ وہ دنیا میں واپس آئے اپنے گھروں میں سکونت اختیار کی کھاتے پیتے رہے، شادی بیاہ کرتے رہے اور جبتک اللہ نے چاہا وہ زندہ رہے اور جب ان کی اجل آئی تو مرگئے۔

(۷۵) امیر المومنینؑ کی بار بار رجعت

سعد نے ابنِ عیسیٰ سے، اُنھوں نے یقطینی سے، اُنھوں نے حسین بن سفیان سے اُنھوں نے عمرو بن شمر سے، اُنھوں نے جابر بن یزید سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے:

قال ع: " اِنَّ لِعلیٍّ علیہ السّلام فی الارض کرّۃ مع الحسین ابنہ صلوات اللہ علیہما یقبل برایتہ حتّی ینتقم لہ من بنی اُمیّۃ ومعاویۃ وآل معاویۃ ومن شہد حربہ۔

ثمّ یبعث اللہ الیہم بانصارہ یومئذ من اھل الکوفۃ ثلاثین الفًا ومن سائر النّاس سبعین الفًا فیلقاھم بصفّین مثل المرّۃ الاُولی حتّی یقتلہم، ولا یبقی منہم مخبرًا۔

ثمّ یبعثہم اللہ عزّوجلّ فیدخلہم اشدّ عذابہ مع فرعون وآلِ فرعون

ثمّ کرّۃ اُخریٰ مع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ حتّی یکون خلیفۃ فی الارض وتکون الائمّۃ علیہم السّلام عُمّالہ وحتّی یبعثہ اللہ علانیۃ، فتکون عبادتہ علانیۃ فی الارض کما عبداللہ سرًّا فی الارض۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثم قال: ای واللہ و اضعاف ذلک۔ ثم عقد اضعافاً یعطی اللہ نبیہ صلی اللہ علیہ وآلہ ملک جمیع اھل الدنیا منذ یوم خلق اللہ الدنیا الی یوم یفنیہا حتی ینجز لہ موعودہ فی کتابہ کما قال:

" لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ " (توبہ: ۳۳)
(صف: ۹)

(ترجمہ روایت)

جابر جعفی یزید کا بیان ہے کہ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ حضرت علی علیہ السلام ایک مرتبہ اپنے فرزند حضرت امام حسین علیہ السلام کے ساتھ اپنا علم لہراتے ہوئے پھر اس دنیا میں آئیں گے اور بنی امیہ و معاویہ و آلِ معاویہ اور اس کی فوجوں سے انتقام لیں گے۔

اس کے بعد ان کے انصار کے ساتھ اللہ تعالیٰ انھیں پھر (دوبارہ) بھیجے گا اور اس مرتبہ آپؑ کے ساتھ اہلِ کوفہ میں سے تیس ہزار اور ان کے علاوہ دوسرے لوگوں میں سے ستر ہزار افراد ہوں گے اور پہلے کی طرح صفین میں پھر جنگ کریں گے اور اپنے تمام دشمنوں کو قتل کریں گے، اُن میں سے ایک بھی نہ باقی رہے گا جو لوگوں کو بتا سکے کہ اُن پر کیا گذری۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ آپ کے دشمنوں کو پھر زندہ کرے گا اور انھیں فرعون اور آلِ فرعون کے ساتھ شدید عذاب میں مبتلا کرے گا۔

پھر آخری مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ آئیں گے اور وہ ساری روئے زمین کے سلطان ہوں گے (یعنی خلیفۃ فی الارض ہوں گے) اور دیگر ائمہ طاہرین علیہم السلام آپؐ کے عُمّال ہوں گے، اس وقت اللہ تعالیٰ آپ کو علانیہ مبعوث فرمائے گا تو روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کی عبادت علانیہ ہوگی، جیسا کہ اس سے پہلے چھپ چھپا کر ہوا کرتی ہوگی۔

پھر فرمایا: خدا کی قسم، پہلے سے کئی گنا زیادہ عبادت ہوگی، اور اللہ تعالیٰ جب سے دنیا خلق ہوئی ہے اُس وقت سے لیکر تا یومِ فنا جتنے لوگ پیدا ہوئے ہیں ان سب پر اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکومت عطا فرمائے گا۔ یہاں تک کہ اللہ کا وہ وعدہ پورا ہوگا جو اُس نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے:

" لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ۔" (توبہ: ۳۳)
("تاکہ اسے ہر دین پر غالب کرے اگرچہ مشرکوں کو ناگوار ہی کیوں نہ ہو")

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۷۶) صِدِّیقؓ اَنتَ : ؟

سعد نے موسیٰ بن عمر سے، اُنھوں نے عثمان بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے خالد بن یحییٰ سے روایت کی ہے۔ اور خالد بن یحییٰ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے دریافت کیا کہ: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکرؓ کا نام صدیق رکھا تھا؟

فقالؑ: نعم انه حیث کان معه ابوبکرؓ فی الغار۔ قال رسول اللہؐ اِنّی لاَرٰی سفینة بنی عبد المطلب تضطرب فی البحر ضالّة، فقال له ابوبکرؓ: وانّك لتراها ؟ قال: نعم!

فقال: یا رسول اللہؐ تقدر اَن تریناها ؟

فقال: ادن منّی، فدنا منه فمسح یده علیٰ عینیه ثمّ قال له: انظر۔ فنظر ابوبکرؓ فرأی السفینه تضطرب فی البحر، ثمّ نظر الیٰ قصور اهل المدینة۔

فقال فی نفسه: الاٰن صدّقت انّكَ سَاحِرٌ۔

فقال له رسول اللہؐ: صِدِّیقٌ اَنتَ۔

فقلت: لم سمّی عمرؓ الفاروق ؟

قال: نعم الاتریٰ اَنّه قد فرّق بین الحقّ والباطل واَخذ النّاس بالباطل۔

فقلت: فلم سمّی سالمًا الامین ؟

قال: لمّا اَن کتبوا الکتب، ووضعوها علی ید سالم۔ فصار الامین

قلت: اتّقوا دعوة سعد ؟

قال: نعم،

قلت: وکیف ذلك ؟

قال: ان سعدًا یکرّ فیقاتل علیًّا علیه السّلام۔

(ترجمہ)

آپ نے فرمایا: ہاں۔ اس لیے کہ وہ غار میں اُن کے ساتھ تو رسول اللہؐ نے فرمایا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ بنی عبدالمطلب کا سفینہ سمندر میں اِدھر اُدھر بھٹکتا پھر رہا ہے۔

ابوبکرؓ نے کہا: کیا واقعاً آپؐ نے ایسا دیکھا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرت ابوبکرؓ نے کہا: یارسول اللہؐ! آپؐ مجھے بھی دکھا سکتے ہیں؟

آپ نے فرمایا: میرے قریب آؤ۔

جب حضرت ابوبکرؓ قریب گئے تو آپ نے اپنا دستِ مبارک اُن کی آنکھوں پر پھیرا اور فرمایا: اب دیکھو۔

حضرت ابوبکرؓ نے دیکھا کہ ایک سفینہ ہے جو سمندر میں اِدھر اُدھر ہچکولے کھا رہا ہے۔ پھر آگے نظر ڈالی تو مدینہ کے مکانات نظر آنے لگے۔ تو حضرت ابوبکرؓ نے اپنے دل میں کہا اب میں سمجھ گیا کہ آپؐ سچ مچ جادوگر ہیں۔

حضرت رسول خداؐ نے فرمایا: صدّیق تو تم ہو۔

راوی نے دریافت کیا: فرزندِ رسولؐ: اور آنحضرتؐ نے حضرت عمرؓ کو فاروقؓ کیوں کہا؟

آپؐ نے فرمایا: ہاں، اس لیے کہ کیا تم نہیں دیکھتے کہ اُنھوں نے حق و باطل کو جدا جدا کر دیا اور لوگوں نے باطل اختیار کر لیا۔

پھر عرض کیا: اور "سالمؓ" کو امین کیوں فرمایا:؟

آپؐ نے فرمایا: اس لیے کہ جب لوگ کوئی تحریر بھیجتے تو اُسے آپ سالمؓ کے حوالے کر دیتے اس لیے وہ امین کہلائے۔

میں نے عرض کیا: آنحضرتؐ نے فرمایا کہ سعد کی آواز پر لبیک کہنے سے بچو؟ ایسا کیوں فرمایا؟

آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ یہ اس لیے فرمایا کہ سعد دوبارہ اس دنیا میں واپس آکر حضرت علیؑ سے مقابلہ کرے گا۔"

(منتخب البصائر)

(۷۷) امام رضاؑ سے پوچھا گیا کہ...؟

محمد بن حمیری نے اپنے والد سے، اُنھوں نے علی بن سلیمان بن رشید سے اُنھوں نے حسن بن علی خزّاز سے روایت کی ہے ان کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ علی ابن ابی حمزہ حضرت امام علی رضا علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا: کیا آپ امام ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں۔

اُس نے کہا: مگر میں نے آپ کے جد حضرت جعفرؑ بن محمدؑ کو فرماتے ہوئے سنا کہ امام وہی ہوگا جس کے کوئی اولاد اور عقب ہو۔ (لایکون الامام الّا وله عقب؟)

فقالؑ: اَنسیت یا شیخ اَم تناسیت؟ لیس هکذا، قال جعفرؑ انّما۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال جعفر: لا یکون الامام الا وله عقب الا الامام الذی یخرج علیه الحسین بن علیؑ علیه السلام۔ فانه لا عقب له فقال له: صدقت جعلت فداك هکذا سمعت جدك یقول۔"

(ترجمہ)

آپ نے فرمایا: اے شیخ کیا تم بھول گئے ہو یا تم نے بھلا دیا ہے؟ یہ قول نہیں ہے حضرت جعفرؑ نے اس کے علاوہ فرمایا ہے۔

حضرت جعفرؑ نے یہ فرمایا ہے کہ: امام وہ نہیں ہو سکتا سوائے اس کے کہ اُس کے پیچھے (اس کے بعد) ایسا امام ہو جو خروج کرے حسینؑ بن علیؑ پر۔ پس اُس کے پیچھے کوئی نہیں ہے۔

اس نے عرض کیا: آپ نے سچ فرمایا، میری جان آپ پر قربان۔ میں نے آپ نے جدؑ سے اسی طرح سنا ہے۔"

(۷۸) سب سے پہلے امام حسینؑ اور یزیدؑ کی رجعت ہوگی

رفاعہ بن موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: "اِنَّ اوّل من یکرّ الی الدّنیا الحسین بن علیؑ علیہ السلام و اصحابه، و یزید بن معاویة و اصحابه فیقتلهم حذو القذّة بالقذّة۔"

ثمّ قال ابوعبداللہ علیہ السلام: "ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَ اَمْدَدْنَاكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنَاكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا" (اسرا: ۶)

(ترجمۂ روایت)

"بلاشبہ سب سے پہلے جو لوگ زندہ ہو کر دنیا میں واپس آئیں گے وہ حضرت امام حسین ابنِ علیؑ علیہ السلام اور اُن کے اصحاب اور یزید ملعون ابنِ معاویہ اور اس کے ساتھی ہوں گے۔ اور جس طرح اُن لوگوں نے اِن کو قتل کیا تھا بالکل اسی طرح یہ لوگ ان کو قتل کریں گے۔

اس کے بعد حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس آیت کی تلاوت فرمائی:

اشارۂ آیت: "اَمْدَدْنٰكُمْ ..... نَفِيْرًا" (اسرا: ۶)

ترجمۂ آیت: (ہم نے تمہاری مدد کی اموال اور اولاد سے اور تمہارے افراد میں کثرت قرار دی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۷۹) حضرت علیؑ سے وعدۂ رجعت قرآن میں

حسن بن ابوالحسن دیلمی نے اپنے اسناد کے ساتھ محمدؐ بن علی سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے اس قول: (الآیۃ) "اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ" (قصص ۲۸: ۶۱) کے متعلق روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ:

"الموعود علیؑ بن ابی طالبؑ، وعدہ اللہ ان ینتقم له من اعدائه فی الدنیا و وعدہ الجنّة له ولاولیائه فی الاٰخرة"

یعنی: اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے کیا ہے کہ وہ دنیا ہی میں ان کا انتقام ان کے دشمنوں سے دلائے گا اور آخرت میں ان کے دوستوں کو جنّت میں داخل کرے گا۔

ترجمۂ آیت": کیا وہ جس سے ہم نے اچھا وعدہ کیا ہے اور وہ اُسے پانے والا ہے"

(۸۰) رجعت میں اہلِ بیتِ علیؑ جمع ہوں گے

کاتب نے زعفرانی سے، اُنھوں نے ثقفی سے، اُنھوں نے اسمائیل بن ابان سے، اُنھوں نے فضل بن زبیر سے، اُنھوں نے عمران بن میثم نے، اُنھوں نے عبایہ اسدی سے روایت کی ہے، اُنھوں نے کہا کہ میں نے حضرت علی علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا: یقول: "اَنا سیّد الشیب وفیّ سنّة من ایوبؑ وَاللہ لیجمعنّ اللہ لی اهلی کما جمع ایوب یعقوب۔"

یعنی: "میں سیّد الشیب ہوں، میرے اندر حضرت ایّوبؑ کی ایک سنّت ہے بخدا میرے لیے اللہ تعالیٰ میرے اہلِ بیت کو جمع کرے گا جس طرح اُس نے یعقوبؑ کے لیے جمع کیا تھا۔" (مجالس مفید)

(۸۱) عبداللہ بن شریک کی رجعت

ابوصالح خلف بن حمّاد نے سہل بن زیاد سے، اُنھوں نے علی بن مغیرہ سے، اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمدؐ باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ

قال: "کانّی بعبد اللہ بن شریك العامری علیه عمامة سوداء

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وذؤابتاھا بین کتفیہ ، مصعدٌ افی لحف الجبل بین یدی
قائمنا اھل البیت فی اربعۃ آلاف مکبّرون ومکبّرون "

آپ نے فرمایا : "گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ عبداللہ بن شریک عامری سر پر سیاہ عمامہ اور دونوں کاندھوں پر لہراتی ہوئی زلفیں ایک پہاڑ پر چڑھ رہا ہے۔ اور ہم اہلِ بیت کے قائم کے ساتھ چار ہزار فوج ہے جو تکبیر کہتی ہوئی آگے بڑھ رہی ہے۔"

(۸۲) اسماعیل بن امام جعفرؑ کی رجعت

عبداللہ بن محمدؒ نے وشّاءؒ سے، وشّاءؒ نے احمد بن عائذ سے، اُنھوں نے ابوخدیجہ سے روایت کی ہے، ابوخدیجہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا:

یقولؑ: انّی سألت اللہ فی اسماعیل اَن یبقیہ بعدی فابیٰ ولکنّہ قد اعطانی فیہ منزلۃ اُخریٰ اِنّہ یکون اوّل منشور فی عشرۃ من اصحابہ ومنھم عبد اللہ بن شریک وھو صاحب لوائہ "

آپ فرما رہے تھے کہ میں نے دعاء کی تھی کہ اللہ تعالیٰ اسماعیل کو میرے بعد باقی رکھے، مگر اسے اللہ تعالیٰ نے منظور نہیں فرمایا، مگر اللہ تعالیٰ نے اس کے بدلے مجھے دوسرا شرف یہ عطا فرمایا کہ وہ (اسماعیلؑ) ان دس لوگوں میں سے ہوں گے جو سب سے پہلے قبروں سے اُٹھائے جائیں گے جن میں عبداللہ بن شریک بھی ہوں گے جو اُن کے علمبردار ہوں گے۔" (منتخب البصائر، تفسیر عیاشی)

(۸۳) اصبغ بن نباتہ کی آخری روایت ہے؟

محمدؒ بن حسن بن بندار قمیؒ نے اپنی کتاب میں لکھا کہ مجھ سے حسن بن احمد مالکی نے اُنھوں نے جعفر بن فضیل سے بیان کیا، اُنھوں نے کہا کہ میں نے محمدؒ بن فرات سے کہا کہ تم نے اصبغ سے بھی ملاقات کی؟ اس نے کہا کہ ہاں میں اپنے والد کے ساتھ ان سے ملاقات کی تو دیکھا کہ وہ بہت بوڑھے تھے سر اور ڈاڑھی کے بال بالکل سفید تھے۔ میرے والد نے اُن سے عرض کیا: آپ کوئی حدیث ایسی بیان فرمائیں جو آپ نے خود حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے خود سنی ہو۔

اُنھوں نے کہا کہ میں نے حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام کو برسرِ منبر فرماتے ہوئے سنا کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یقول: "اَنَا سیّد الشیب و فی شیبہ من ایّوبؑ ولَیَجمعنّ اللہ لی شملی کما جمعہ لایّوبؑ"۔

(ترجمہ): آپ فرمارہے تھے: 'میں سیّد الشیب (بوڑھوں کا سردار) ہوں' مجھ میں حضرت ایّوبؑ کی کچھ شباہت ہے، اللہ تعالیٰ میرے گروہ کو بھی اسی طرح جمع فرمائے گا جس طرح حضرت ایّوبؑ کے گروہ کو جمع کر دیا تھا۔"

محمد بن فرات کا بیان ہے کہ میں نے اور میرے والد نے اصبغ سے یہ حدیث سنی اور اس کے تھوڑے ہی دنوں بعد اصبغ بن نباتہ کا انتقال ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے۔" (رجال کشی)

(۸۴) داؤد رقّی اور رجعت

طاہر بن عیسیٰ نے شجاعی سے، اُنھوں نے حسین بن بشّار سے، اُنھوں نے داؤد رقّی سے روایت کی ہے ان کا بیان ہے کہ:

"میں نے اُن جناب سے عرض کیا کہ میں بہت بوڑھا ہو چکا ہوں، میری ہڈیاں تک پتلی ہو چکی ہیں مگر میں چاہتا ہوں کہ میری عمر کا خاتمہ آپ حضرات کی راہ میں قتل پر ہو۔

آپ نے فرمایا: یہ تو ہونا ہی ہے اگر جلدی نہیں تو تاخیر سے سہی، مگر ہوگا یہی۔"

(رجال کشی)

(۸۵) عجیب و غریب واقعہ

احمد بن محمّد بن رباح نے، محمّد بن عبداللہ بن غالب سے، اُنھوں نے محمّد ابن ولید سے، اُنھوں نے یونس بن یعقوب سے، اُنھوں نے عبداللہ بن خفقہ سے اُنھوں نے کہا مجھ سے ابان بن تغلب نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ میں کچھ لوگوں کی طرف سے ہو کر گذرا تو وہ صرف اس بناء پر میری عیب گیری کرنے لگے کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایات اخذ کر کے بیان کرتا ہوں۔

تو میں نے ان سے کہا، تم میری عیب گیری کیا کرتے ہو جبکہ میں اُس شخص سے روایات اخذ کرتا ہوں کہ جب بھی ان سے کوئی سوال کرتا ہوں وہ کہتے ہیں قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم یعنی رسول اللہؐ کا اس مسئلے میں یہ قول ہے

ابھی یہ گفتگو جاری تھی کہ چند لڑکے اُدھر سے یہ جملہ و مصرع گاتے ہوئے گذرے کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"العجب کل العجب بین جمادی و رجب"

میں نے پوچھا، یہ کیا؟ انھوں نے کہا کہ (جمادی اور رجب کے درمیان) مُردوں اور زندوں میں جنگ ہوگی (رجال کشی)

(۸۶) حضرت امیر المومنینؑ کا خطبۂ مخزون علائمِ ظہور

کتاب منتخب البصائر میں ہے کہ مجھے سیّد رضی الدّین علی بن موسیٰ بن طاؤس کے ہاتھ کا تحریر کردہ ایک مجموعۂ خطبِ امیر المومنین علیہ السّلام دستیاب ہوا جس میں مرقوم تھا کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے منقول ہے کہ حضرت امیر المومنین علیہ السّلام نے یہ خطبہ ارشاد فرمایا: اس خطبے کا نام "مخزون" ہے:

"الحمد للّٰہ الاحد المحمود الذی توحّد بملکه وعلا بقدرته احمده علیٰ ما عرّف من سبیله والهم من طاعته و علّم من مکنون حکمته، فانّه محمود بکلّ ما یولی مشکور بکلّ ما یبلی، واشهد انّ قوله عدل وحکمه فضل ولم ینطق فیه ناطق بکان الّا کان قبل کان۔

واشهد انّ محمّدًا عبد اللّٰہ و سیّد عباده خیر من اهلّ اوّلًا و خیر من اهلّ آخرًا فکلّما نسج اللّٰہ الخلق فریقین جعله فی خیر الفریقین، لم یسهم فیه عائر ولا انکاح جاهلیّة ثمّ انّ اللّٰہ قد بعث الیکم رسولًا من انفسکم عزیز علیه ما عنتّم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم۔ فاتّبعوا ما انزل الیکم من ربّکم ولا تتّبعوا من دونه اولیاء قلیلًا ما تذکرون، فانّ اللّٰہ جعل للخیر اهلًا وللحقّ دعائم و للطاعة عصمًا یعصم بهم، و یقیم من حقّه فیهم علی ارتضاءٍ من ذلک، وجعل لها رعاةً وحفظة یحفظونها بقوّة ویعینون علیها، اولیاء ذلک بما ولّوا من حقّ اللّٰہ فیها۔

اَمّا بعد، فانّ روح البصر روح الحیاة الّذی لا ینفع ایمان الّا به مع کلمة اللّٰہ والتصدیق بها، فالکلمة من الرّوح و

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الرُّوح من النّور، والنور نور السماوات فبأيديكم
سبب وصل اليكم منه ايثار واختيار، نعمة الله لا
تبلغوا شكرها، خصّصكم بها، واختصّكم لها، وَتِلْكَ
الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ.
فابشروا بنصر من الله عاجل، وفتح يسير يقرّ الله به أعينكم و
يذهب بحزنكم كفّوا ما تناهى النّاس عنكم فإنّ
ذلك لا يخفى عليكم، انّ لكم عند كلّ طاعة عونًا من
الله، يقول على الألسن ويثبت على الأفئدة وذلك
عون الله لأوليائه يظهر في خفيّ نعمته لطيفًا وقد اثمرت
لأهل القوى اغصان شجرة الحياة، وإنّ فرقًا من الله
بين اوليائه واعدائه، فيه شفاء للصدور وظهور
للنور يعزّ الله به اهل طاعته ويذلّ به اهل المعصية
فليعدّ امرء لذلك عُدّته ولا عُدّة له إلّا بسبب بصيرة وصدق
نيّة وتسليم سلامة اهل الخفة في الطاعة، ثقل
الميزان، والميزان بالحكمة. والحكمة ضياء للبصر
والشكّ والمعصية في النّار وليسا منّا ولا لنا ولا إلينا
قلوب المؤمنين مطويّة على الايمان اذا اراد الله اظهار
ما فيها فتحها بالوحي، وزرع فيها الحكمة، وإنّ لكلّ
شيء إلى بلغه لا يعجل الله لشيء حتى يبلغ إناه ومنتهاه.
فاستبسروا ببشرى ما بُشّرتم واعترفوا بقربان ما قرّب لكم و
تنجّزوا ما وعدكم انّ منّا دعوة خالصة يظهر الله
بها حجّة البالغة ويتمّ بها نعمه السابغة ويعطي
بها الكرامة الفاضلة، من استمسك بها أخذ بحكمة،
منها آتاكم الله رحمته ومن رحمته نوّر القلوب
ووضع عنكم أوزار الذّنوب. وعجّل شفاء صدوركم
وصلاح أموركم وسلام منّا دائمًا عليكم، تعلمون به
في دول الأيّام، وقرار الأرحام، فانّ الله اختار

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لِدينه اقوامًا انتخبهم للقيام عليه والنصرة له، بهم ظهرت كلمة الاسلام وارجاء مفترض القرآن، والعمل بالطاعة في مشارق الارض ومغاربها۔

ثُمَّ انَّ الله خصّصكم بالاسلام واستخلصكم، له لانّه اسم بسلامة وجمّاع كرامة اصطفاه الله فنهجه وبيّن حججه، و اَرّف اُرفه وحدّده ووصفه وجعله رضى كما وصفه ووصف اخلاقه وبيّن الحباقه ووكّد ميثاقه من ظهر وبطن ذى حلاوة وامن، فمن ظفر بظاهره رأى عجائب مناظره في موارده ومصادره ومن فطن بما بطن رأى مكنون الفطن وعجائب الامثال والسنن۔

فظاهره انيق، وباطنه عميق، لاتنقضى عجائبه ولاتفنى غرائبه، فيه ينابيع النعم ومصابيح الظلم، لاتفتح الخيرات اِلّا مفاتيحه ولا تنكشف الظلم اِلّا بمصابيحه فيه تفصيل وتوصيل وبيان الاسمين الاعلين اللّذين جمعا فاجتمعا لايصلحان اِلّا معًا يسمّيان فيعرّفان ويوصفان فيجتمعان قيامهما في تمام احدهما في منازلهما جرى بهما ولهما نجوم وعلى نجومهما نجوم سواهما، تحمى حماه وترعى مراعيه وفي القرآن بيانه وحدوده واركانه ومواضع تقادير ماخزن بخزائنه ووزن بميزانه ميزان العدل وحكم الفصل

اِنَّ رعاة الدّين فرّقوا بين الشكّ واليقين وجاؤا بالحقّ المبين قد بيّنوا الاسلام تبيانًا واَسّسوا له اَساسًا واَركانًا وجاؤا على ذلك شهودًا وبرهانًا: من علامات وامارات فيها كفاء لمكتف، وشفاء لمشتف، يحمون حماه ويرعون مرعاه، ويصونون مصونه ويهجرون مهجوره ويحبّون محبوبه بحكم الله وبرّه وبعظيم اَمره وذكره بما يجب

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ان يذكر به يتواصلون بالولاية و يتلاقون بحسن اللهجة
و يتساقون بكأس الرّويّة و يتراعون بحسن الرّعاية
بصدور بريّة و اخلاق سنيّه . . . و بسلام رضيّة لا
يشرب فيه الدنيّه ولا تشرع فيه الخيبة ـ

فمن استبطن من ذلك شيئا استبطن خُلقاً سنيّاً وقطع اصله
واستبدل منزله بنقصه مبرماً واستحلاله محرماً
من عهد معهود اليه وعقد معقود عليه بالبرّ والتقوى
وايثار سبيل الهدى على ذلك عقد خلقهم وآحا ألفتهم
فعليه يتحابّون و به يتواصلون ، فكانوا كالزرع وتفاصله
يبقى فيؤخذ منه و يفنى وبيعته التخصيص و يبلغ
منه التخليص فانتظر امرءٌ فى قصر ايّامه و قلّة
مقامه فى منزله حتّى يستبدل منزلاً ليضع منحوله
و معارف منقلبه ـ

فطوبى لذى قلب سليم اطاع من يهديه و تجنّب ما يرديه فيدخل
مداخل الكرامة فاصاب سبيل السلامة سيبصر ببصره
واطاع هادى امرءٍ دُلّ أفضل الدلالة وكشف غطاء
الجهالة المضلّة الملهية ، فمن اراد تفكّراً او تذكّراً
فليذكر رأيه وليبرز بالهدى ، مالم تغلق البوابه
وتفتح اسبابه وقبل نصيحة من نصح بخضوع و
حسن خشوع ، بسلامة الاسلام و دعاء التمام ، وسلام
بسلام ، تحيّة دائمة لخاضع متواضع يتنافس
بالايمان ، ويتعارف عدل الميزان ، فليقبل امره و
اكرامه بقبول وليحذر قارعة قبل حلولها ـ

إنّ امرنا صعبٌ مستصعبٌ لا يحتمله إلّا ملك مقرّب او نبيٌّ
مرسلٌ او عبدٌ امتحن الله قلبه للايمان لا يعي
حديثنا إلّا حصونٌ حصينةٌ او صدورٌ امينةٌ او احلامٌ
رزينةٌ ياعجبا كلّ العجب بين جمادى ورجب ـ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فقال رجل من شرطة الخميس : ماهٰذا العجب يا امير المؤمنين؟
قال ع : ومالى لا اَعجب وسبق القضاء فيكم وما تفقهون الحديث
الاصوتات بينهنّ موتات ، حصد نبات ونشر اموات
واعجبا كلّ العجب بين جمادى و رجب .
قال ايضًا رجل يا امير المؤمنين ! ماهٰذا العجب الذى لا تزال تعجب منه
قال ثكلت الآخر اُمّه واَىّ عجب يكون اَعجب منه اموات يضربون
هام الاحياء
قال: انّى يكون ذلك يا امير المؤمنين ؟
قال: والّذى فلق الحبّة وبرأ النسمة ، كاَنّى اَنظر قد تخلّلوا
سكك الكوفة وقد شهروا سيوفهم على مناكبهم يضربون
كلّ عدوّ لله ولرسوله وللمؤمنين وذلك قول الله تعالى
(الآية) " يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ
قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ
اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ " (سورة الممتحنة : ١٣)
اَلَا يا ايّها الناس ! سلونى قبل اَن تفقدونى اِنّى بطرق السماء
اعلم من العالم بطرق الارض . اَنا يعسوب الدّين وغاية
السابقين ولسان المتّقين وخاتم الوصيّين ووارث
النّبيّين وخليفة ربّ العالمين ، اَنا قسيم النّار وخازن
الجنان وصاحب الحوض وصاحب الاعراف وليس منّا
اهل البيت امام الّا عارف بجميع اهل ولايته وذلك
قول الله تعالى " اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّ لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ " (رعد: ١٣)
اَلَا يا ايّها الناس سلونى قبل اَن تشغر برجلها فتنة شرقية
تطأ فى خطامها بعد موت وحياة اَو تشبّ نار بالحطب
الجزل غربىّ الارض ، رافعة ذيلها تدعو يا ويلها بذخلة
او مثلها .
فاذا استدار الفلك ، قلت : مات او هلك باَىّ واد سلك
فيومئذ تاَويل هذه الاية :

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(الآية) "ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَاكُمْ بِأَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝" (سورہ اسریٰ ۱۷/۶)

ولذلك آيات وعلامات، اوّلهنّ احصار الكوفة بالرصد والخندق وتخريق الزوايا في سكك الكوفة وتعطيل المساجد اربعين ليلة وتخفق رايات ثلاث حول المسجد الاكبر بشهب بالهدى القاتل والمقتول في النار وقتل كثير وموت ذريع وقتل النفس الزكيّة بظهر الكوفة في سبعين والمذبوح بين الرّكن والمقام وقتل الاسبغ المظفّر صبرًا في بيعة الاصنام مع كثير من شياطين الانس۔

وخروج السفياني براية خضراء وصليب من ذهب اميرها رجل من كلب واثنى عشر الف عنان من يحمل السفياني متوجّهًا الى مكّة والمدينة، اميرها احد من بني اميّة يقال له خزيمة اطمس العين الشمال على عينه طرفة يميل بالدّنيا فلا تردُّ له راية حتّى ينزل المدينة فيجمع رجالًا ونساء من آل محمّد صلّى الله عليه وآله فيحبسهم في دار بالمدينة يقال لها: دار ابي الحسن الاُمويّ۔

ويبعث خيلًا في طلب رجل من آل محمّد صلّى الله عليه وآله قد اجتمع عليه رجال من المستضعفين بمكّة اميرهم رجل من غطفان، حتّى اذا توسّطوا الصفائح الابيض بالبيداء يخسف بهم فلا ينجو منهم احد إلّا رجل واحد يحوّل الله وجهه في قفاه لينذرهم وليكون آية لمن خلفه، فيومئذ تأويل هذه الآية:

"وَلَوْ تَرٰى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۝" (سورۃ ۳۴/ سبا: ۵۱)

ويبعث السفياني مائة وثلاثين الفًا الى الكوفة فينزلون بالرّوحاء والفاروق وموضع مريم وعيسى بالفادسيّة ويسير منهم ثمانون الفًا حتّى ينزلوا الكوفة موضع

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قبر هودؑ بالنخيلة فيهجمون عليه يوم زينة وامير الناس
جبّار عنيد يقال له: الكاهن الساحر فيخرج من مدينة
يقال له: الزّوراء في خمسة آلاف من الكهنة ويقتل
على جسرها سبعين الفًا حتّى يحتمي النّاس الفرات
ثلاثة أيّام من الدّماء وننتن الأجساد ويسبى من
الكوفة ابكارًا لا يكشف عنها كفٌّ ولا قناع حتى
يوضعن في المحامل يزلف بسنّ الثويّة وهي الغرّيين
ثمّ يخرج من الكوفة مائة ألف بين مشرك ومنافق حتّى يضربون
دمشق لا يصدّهم عنها صادٌّ وهي إرم ذات العماد،
وتقبل رايات شرقي الارض ليست بقطن ولا كتّان
ولا حرير، مختمة في رؤس القنا بخاتم السّيد الاكبر
يسوقها رجل من آل محمّد صلّى الله عليه وآله يوم تطير بالمشرق
يوجد ريحها بالمغرب، كالمسك الاذفر يسير الرّعب امامها شهرًا.
ويخلف ابناء سعد السقّاء بالكوفة طالبين بدماء آبائهم وهم
ابناء الفسقة حتّى يهجم عليهم خيل الحسين عليه السّلام
يستبقان كانّهما فرسارهان، شُعث غُبر اصحاب بواكي
وقوارح إذ يضرب احدهم برجله باكية، يقول: لا خير في
مجلس بعد يومنا هذا، اللّهمّ فانّا التّائبون الخاشعون
الراكعون الساجدون، فهم الأبدال الّذين وصفهم الله عزّوجلّ
(الاية) "إِنَّ اللهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ" (بقرة:٢٢٢)
والمطهّرون نظراؤهم من آلِ محمّد صلّى الله عليه وآله وسلّم:
ويخرج رجل من اهل نجران راهب يستجيب الامام فيكون
اوّل النّصارى إجابة ويهدم صومعته ويدقّ صليبها
ويخرج بالموالي وضعفاء الناس والخيل فيسيرون الى
النخيلة باعلام هدى، فيكون مجمع الناس جميعًا
من الارض كلّها بالفاروق وهي محجّة امير المؤمنين
وهي ما بين البرس والفرات، فيقتل بعضهم يومئذ فيما

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بين المشرق والمغرب ثلاثة آلاف من اليهود والنصارىٰ
فيقتل بعضهم بعضًا فيومئذٍ تأويل هذه الآية :
(الآية) : " فَمَا زَالَتْ تِلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ
حَصِيدًا خٰمِدِينَ ۝ " (سورہ ۲۱ انبیاء: ۱۵)
بالسيف وتحت ظلّ السيف ۔
ويخلف من بنى اَشهب الزاجر اللحظ فى أناس من غير أبيه
هرابًا حتّى يأتون سبطرى عوذا بالشجر فيومئذ تأويل هذه
الآية) : " فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ۝
لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَ
مَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ۝ " (سورہ ۲۱ انبیاء: ۱۲-۱۳)
ومساكنهم الكنوز التى غنموا من اموال المسلمين ويأتيهم
يومئذ الخسف والقذف والمسخ ، فيومئذ تأويل هذه
الاية) : " وَمَا هِىَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ۝ " (سورہ ۱۱ آیت ۸۳)
وينادى منادٍ فى (شهر) رمضان من ناحية المشرق
عند طلوع الشمس : " يا اَهل الهدٰى اجتمعوا ۔ و
ينادى من ناحية المغرب بَعْد ما تغيب الشمس :
يا اهل الهدى اجتمعوا ، ومن الغد عند الظهر بعد
تكوّر الشمس ، فتكون سوداء مظلمة واليوم الثالث
يفرق بين الحقّ والباطل ، بخروج دآبّة الارض وتقبل
الرّوم الى قرية بساحل البحر ، عند كهف الفتية وَلَه
وهما الشاهدان المسلمان للقائم ۔
فيبعث احد الفتية الى الرّوم ، فيرجع بغير حاجة ويبعث
بالآخر ، فيرجع بالفتح فيومئذ تأويل هذه الآية :
(الآية) " وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا
وَّكَرْهًا " (آلِ عمران ۳ : ۸۳)
ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا لِّيُرِيَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ
تأويل هذه الآية :

لَه يبعث الله الفتية من كهفهم اليهم (منهم) رجل يقال له ميخاو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(الآية) "وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِمَّنْ يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ" (سورة النمل: ٨٣)

والورع خفقان افئدتهم.

ويسير الصدّيق الاكبر براية الهدى، والسيف ذى الفقار والمخصرة حتّى ينزل ارض الحجرة مرّتين وهى الكوفة فيهدم مسجدها ويبنيه على بنائه الاوّل، ويهدم ما دونه من دور الجبابرة ويسير الى البصرة حتّى يشرف على بحرها ومعه التابوت وعصى موسى فيعزم عليه فيزفر فى البصرة زفرة فتصير بحرًا لجيًّا لا يبقى فيها غير مسجدها كجؤجؤ السفينة على ظهر الماء.

ثمّ يسير الى حرورا حتّى يحرقها ويسير من باب بنى اسد حتّى يزفر زفرة فى ثقيف وهم زرع فرعون، ثمّ يسير الى مصر فيصعد منبره، فيخطب الناس فتستبشر الارض بالعدل، وتعطى السماء قطرها والشجر ثمرها والارض نباتها وتتزيّن لاهلها، وتأمن الوحوش حتّى ترتعى فى طرق الارض كانعامهم، ويقذف فى قلوب المؤمنين العلم فلا يحتاج مؤمن الى ما عند اخيه من علم، فيومئذ تأويل هذه الاية:

(الاية) "يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِنْ سَعَتِهِ" (سورة النساء: ١٣٤)

وتخرج لهم الارض كنوزها، ويقول القائم:

(الاية) "كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ" (الحاقة: ٢٤)

فالمسلمون يومئذ اهل صواب للدّين، اذن لهم فى الكلام فيومئذ تأويل هذه الآية:

(الاية) "وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا" (سورة الفجر: ٢٢)

فلا يقبل الله يومئذ الا دينه الحقّ الا لله الدّين الخالص

فيومئذ تأويل هذه الاية:

الاية: "أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ۔ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۔ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۔ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ۔ (سورہ ۳۲ : السجدۃ : ۲۷ تا ۳۰)

فیمکث فیما بین خروجه الی یوم موته ثلاثمائة سنة ونیف وعدة اصحابه ثلاثمائة وثلاثة عشر منهم تسعة من بنی اسرائیل وسبعون من الجنّ ومائتان واربعة وثلاثون منهم سبعون الّذین غضبوا للنّبی صلّی اللّٰه علیه وآله اِذ هجمته مشرکو قریش فطلبوا الی نبی اللّٰه اَن یأذن لهم فی اجابتهم فأذن لهم حیث نزلت هذه الآیة :

(الآیة) " اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ۔ " (سورۃ الشعرا : ۲۲۷)

وعشرون من اهل الیمن منهم المقداد بن الاسود ومائتان واربعة عشر الّذین کانوا بساحل البحر ممّا یلی عدن فبعث الیهم نبی اللّٰه برسالة فأتوا مسلمین .

ومن افناء الناس الفان وثمانمائة وسبعة عشر ومن الملائکة اربعون الفًا من ذلک من المسوّمین ثلاثة آلاف ، ومن المردفین خمسة آلاف .

فجمیع اصحابه علیه السّلام سبعة واربعون الفًا ومائة وثلاثون من ذلک تسعة رؤس مع کلّ رأس من الملائکة اربعة آلاف من الجنّ والانس ، عدّة یوم بدر فبهم یقاتل وایّاهم ینصر اللّٰه وبهم ینتصر وبهم یقدم النّصر ومنهم نضرة الارض .

(کتبتها کما وجدتها وفیها نقص حروف)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(ترجمہ خطبۂ مخزون)

"تمام حمد اس خدا کے لیے سزاوار ہے جو احد ہے اور لائقِ حمد ہے وہ ایسا خدا ہے جو اپنی سلطنت میں یکتا اور اپنی قدرت میں بلند پایہ ہے۔ میں اس کی حمد اس طرح کرتا ہوں کہ گویا اس کی معرفت اس کی سبیل وراہ سے حاصل ہوئی اور اس کی اطاعت کا الہام ہوا ہے اور مکنون وپوشیدہ حکمت کا علم ہو چکا ہے۔ پس وہ ہر چیز جو اُس نے عطا فرماتی ہے اس پر وہ حمد کا سزاوار ہے۔ اور ان تمام آزمائشوں پر جن سے وہ مخلوق کا امتحان لیتا ہے لائقِ شکر ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کا قول عینِ عدل اور اُس کا حکم عینِ فضل ہے۔ کوئی بولنے والا ابتک یہ نہ کہہ سکا کہ وہ اب ہوا ہے سوائے اس کے کہ ہر ایک یہی کہتا رہا ہے کہ وہ تھا قبل اس کے کہ کوئی چیز تھی۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمدؐ اللہ کے بندے اور اُس کے تمام بندوں کے سردار ہیں اور اوّلین وآخرین میں سب سے بہتر ہیں۔ جب کبھی اللہ نے اپنی مخلوق کو دو گروہوں میں تقسیم کیا تو اس نے آنحضرتؐ کو ان دونوں میں سے بہتر گروہ میں رکھا۔ ایسا گروہ کہ جن میں نہ کبھی کوئی بدکاری ہوئی اور نہ کبھی جاہلیت کے نکاح وبیاہ واقع ہوئے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے تم میں سے ایک ایسے رسول کو تمہاری طرف بھیجا جسے تم لوگوں کا مشقت اٹھانا گراں گذرتا ہے تم لوگوں کو بہت چاہنے والا ہے اور مومنین پر مہربان اور بہت ہی مہربان ہے۔ لہٰذا تمہارے رب نے جو احکامات تمہارے لیے نازل کیے ہیں اس کی پیروی کرو اور اس کے علاوہ کسی اور کی اطاعت نہ کرو۔ اللہ کا ذکر کرنے والے اولیاء بہت کم ہیں۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے خیر کے لیے کچھ لوگوں کو اہل اور حق کے لیے ستون اور اطاعت کے محافظ بنائے اور ان کو عصیان سے بچاتا ہے اور ان میں اپنا حق اپنی مرضی کے مطابق قائم کرتا ہے۔ اور ان کے لیے نگہبان ومحافظ بنائے تاکہ ان کی پوری قوت سے حفاظت کریں اور اس امر میں ان کی اعانت کریں جو اللہ کی طرف سے ان کو سونپا گیا ہے۔

اَمّا بعد: درحقیقت روحِ بصر وہ روحِ حیات ہے جس کے بغیر کسی کا ایمان قبول نہیں اس کے ساتھ اللہ کا کلمہ اور اس کی تصدیق بھی ضروری ہے۔ کیونکہ کلمۂ روح

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سے ہے اور روح نور سے ہے اور نور، نور السّموات ہے۔ وہ تمہارے ہاتھ میں ذریعہ وسبب ہے اور تم کو اس کے ساتھ ایثار و اختیار ملا ہے جو نعمتِ الٰہی جس کا شکر تم ادا نہیں کر سکتے، اُس نے تم کو اس کے ساتھ اور اس کے لیے مخصوص کیا۔ یہ مثالیں مخلوق کے لیے ہیں جن کو صاحبانِ عمل کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

پس تم لوگوں کو بشارت ہو فوری نصرتِ خدا کی اور تمہارے لیے فتح و کشائش آسان ہو جسے دیکھ کر تمہاری آنکھیں ٹھنڈی ہوں، تمہارا حزن دور ہو۔ اللہ تمہیں ان چیزوں سے باز رکھے جن سے مخلوق انتہا کو پہونچ گئی۔ یہ بات تو تم لوگوں پر پوشیدہ نہیں کہ ہر اطاعت کے وقت اللہ کی طرف سے تمہارے لیے مدد آتی ہے جو زبانوں پر مذکور ہوتی ہے اور دلوں میں بیٹھ جاتی ہے۔ یہ بھی اللہ کی مدد ہے اپنے اولیاء کے لیے جس کو وہ اپنی خفی نعمتوں میں لطیف طور پر ظاہر فرماتا ہے۔ اور وہ اہلِ تقویٰ کے لیے شجرِ حیات کی شاخوں میں پھل لاتا ہے اور اللہ کی طرف سے اللہ کے دشمنوں اور اللہ کے دوستوں میں فرق ظاہر ہوتا ہے۔ اس میں دلوں کے لیے شفاء ہے۔ نورِ ایمان کا ظاہر کرنے والا ہے۔ خدا اس کے ذریعے اہلِ اطاعت کو باعزت اور اہلِ معصیت کو ذلیل کرتا ہے۔

پس انسان کو چاہیے کہ اپنے لیے توشہ فراہم کرے مگر کوئی توشہ نہیں فراہم ہو سکتا بغیر بصیرت و صدقِ نیت اور تسلیم و سلامتی کے۔ جو لوگ مقامِ اطاعت میں مستعد ہیں ظاہر ہوگا کہ یوم قیامت ان کی میزان ثقیل و بھاری ہوگی، اور میزانِ عمل کی سنگینی و اہمیت اس وقت ہے کہ جب عمل طریقِ حکمت پر ہو۔ قضا جولانگاہ دیدۂ باطن حکمت ہے۔ اہلِ شک و معصیت جہنم میں ہوں گے، نہ وہ ہم سے ہیں نہ ہمارے لیے ہیں، نہ ان کی بازگشت ہماری طرف ہے۔ مومنین کے قلوب ایمان کے ساتھ پیچیدہ ہیں۔ جب خدا چاہتا ہے کہ جو کچھ اُن کے دلوں میں ہے وہ ظاہر کرے تو اس کو وحی سے کھول دیتا ہے اور اس میں حکمت بو دیتا ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ ہر کام کے لیے ایک وقت مقرر ہے اس وقت کا انتظار کرنا چاہیے۔ خدا کی قسم اللہ کو عجلت نہیں، جب اُس کا وقت آئے گا وہ آجائے گا۔

پس اس بات پر خوش ہو جاؤ کہ تم کو اس کی بشارت دی جا چکی ہے اور اس کی تصدیق کرو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جو تمھارے قریب ہے اور راہِ خدا میں قربانی کے ساتھ اس کا اعتراف کرو کہ وہ تمھارے قریب ہے اور جو تم لوگوں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کے ایفا کی دعا کرو۔ بیشک ہم لوگوں کی طرف سے مخلوق کو ایسی دعوت دی گئی ہے جو ریا اور نفاق سے پاک ہے۔ اللہ اس سے حجتِ بالغہ کو ظاہر کرے گا اور اپنی نعمت کو تمام فرمائے گا اور جو اس سے متمسک ہوگا اس پر اپنے فضل وکرم کی بارش کرے گا، ان کو حکمت سے سرفراز کرے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت میں سے کچھ رحمت تم لوگوں کو عطا کر دی ہے اور اپنی اسی رحمت سے تمھارے قلوب کو پُرنور کیا ہے اور تمھاری گردنوں سے گناہوں کا بوجھ دور کیا، تمھارے سینوں کو جلد شفاء بخشی، تمھارے امور کی اصلاح فرمائی، اور ہماری جانب سے تم لوگوں پر ہمیشہ سلام ہو اور اس کی وجہ سے زمانے کی دولتوں میں اور ماؤں کے ارحام میں بھی سلامتی ہو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کے لیے ایک قوم کو منتخب کیا اور دین کے قیام اور اس کی نصرت کے لیے چن لیا۔ ان کے ذریعے سے زمین کے مشرق و مغرب میں کلمۂ اسلام اور احکامِ قرآن اور اطاعتِ الٰہی پر عمل کرنا ظاہر و آشکار کیا۔

پھر بلاشبہ اللہ نے تم لوگوں کو اسلام سے مخصوص کیا اور تمہیں اس کی وجہ سے خالص کیا کیونکہ وہ سلامتی کا نام اور مجمعِ کرامت ہے۔ خدا نے اس کو برگزیدہ کیا اور اپنی حجت کو بیان کیا اور اپنی رحمت سے مہربانی کی۔ اُس کے حدود کو مقرر کیا، اس کا وصف بیان کیا اور کچھ اس طرح قرار دیا کہ مخلوق اس سے راضی وخوش ہو جائے جیسا کہ خود اس نے اس کے اخلاق و فضائل کی توصیف کی۔ اس کے اطوار کو بیان کیا اور ظاہر و باطن میں اس کے عہد و پیمان کو محکم کیا کہ وہ صاحبِ حلاوت و شیرینی اور صاحبِ امن ہے پس جس نے اس کو دیکھا عجائبِ نظر کو ان کے مصادر اور مقامِ ورود پر دیکھا اور جس نے اس کے باطن کو دیکھا اُس نے پوشیدہ مطالب اور عجیب امثال اور طرائق کا مشاہدہ کیا۔

پس اُس کا ظاہر خوش آئند اور اس کا باطن عمیق ہے اس کے عجائب تمام نہیں ہوتے اور اس کے غرائب ختم نہیں ہوتے۔ اس میں نعمتوں کے چشمے ہیں اور ظلمتوں کو دور کرنے والے چراغ ہیں۔ خیر و خیرات کے دروازے اسی کی کنجیوں سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کھلتے ہیں، تاریکیاں اسی کے چراغوں سے زائل ہوتی ہیں۔ اس میں تفصیل و توصیل ہے، اس میں دو عالی مرتبت ناموں (محمدؐ و علیؑ) کا ذکر ہے، جو دونوں ایک جا جمع ہیں۔ یہ دونوں نام نفع نہیں پہنچاتے مگر (جبتک کہ) دونوں کو ملا کر۔ یعنی اگر ایک کا معتقد اور دوسرے کا منکر ہو تو کوئی فائدہ نہیں اور جب یہ دونوں نام لیے جائیں تو چاہیے کہ معرفت کے ساتھ ہوں۔ جب ان کا وصف کیا جائے تو دونوں کو ملا کر کیا جائے۔ ان دونوں کا قیام ان کے مقاماتِ معیّنہ میں ہر ایک کے تمام ہونے تک باقی ہے۔ اور دونوں کے لیے ستارے ہیں۔ ان دونوں کے ستاروں پر ایک دوسرا ستارہ ہے جو دلائل و براہین سے عبارت ہے۔ قرآن میں اس کا بیان ہے اور اس کے حدود و ارکان مذکور ہیں۔ وہ حاملانِ مشیّت ہیں کہ جہاں اس کے خزانے مخزون و جمع ہیں اور اس کے میزانِ عدل کا وزن اور اس کے احکام و فیصلے درج ہیں۔

بدرستیکہ حافظانِ دین نے یقین و شک کے درمیان حدِ فاصل کھینچی ہے، اور حقِ مبین کے ساتھ آئے اور اسلام کی بنیاد و اساس کی بنا ڈالی، اور اس کے لیے شاہد و برہان قائم کیے جو اکتفا کرنے والے کے لیے اکتفا اور شفا نہ تلاش کرنے والے کو شفاء بخشتے ہیں۔ وہ محافظینِ اسلام زمینِ اسلام کو کندن بناتے ہیں، اُس کی کھیتی کی حفاظت کرتے ہیں اور اس کی حفاظت کرنے والے کی بھی حفاظت کرتے ہیں۔ جس چیز سے بچنا ہے اس سے اجتناب کرتے ہیں، جس کو ترک کرنا ہے اُسے چھوڑ دیتے ہیں اور بحکمِ خدا اس کے محبوب کو احسان اور امرِ عظیم کے ساتھ دوست رکھتے ہیں جن کے ساتھ خدا کا ذکر کرنا واجب ہے ذکر کرتے ہیں؛ یہ ولایت سے متّصل رہتے ہیں، اچھے لہجے میں گفتگو کرتے ہیں، ایک دوسرے کو اپنے کاسۂ فکر سے سیراب کرتے ہیں، باہم احسان کرتے ہیں، کشادہ دلی اور اخلاقِ پسندیدہ اور خوشگوار سلامتی کے ساتھ حسنِ مراعات کرتے ہیں۔ اس میں بخیل کے لیے کوئی حصّہ نہیں ہے اور غائب کے لیے کوئی راہ نہیں۔

پس جس نے اس گہرائی سے کچھ اپنا لیا، اُس نے گویا پسندیدہ اخلاق کو اپنے اندر سمو لیا اور یقین حاصل کر لیا اور اپنی منزل کو بدی سے بدل کر نیک بنا لیا،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور اس کے استحلال سے محترم بنالیا۔ اُس عہدِ محکم کے ذریعے سے جو ایک کیا ہوا معاہدہ ہے جو نیکی اور پرہیزگاری کے ساتھ ہے اور صراطِ مستقیم پر گامزن ہے اور اس عہد و پیمان کی بناء پر ایک دوسرے سے مواصلت رکھتے ہیں، یہ اُس زراعت کے مانند ہیں جو چیدہ ہو جاتی ہے اس میں سے کچھ زمین پر گر جاتی ہے تو اس کی خوشہ چینی کی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ سب تمام ہو جائے جس طرح زراعت سے اس کا مالک اور دوسرے لوگ فائدہ حاصل کرتے ہیں اسی طرح حافظانِ دین کا علم ہے جس سے سب فائدہ حاصل کرتے ہیں پس اپنی کوتاہ مدت اور اپنی منزل کے قلیل قیام میں امر و نہی کے منتظر رہو یہاں تک کہ منزل بدل جائے اور مرکز تبدیل ہو سکے اور اس کے معارف منقلب ہو جائیں۔

پس خوشخبری ہے اس صاحبِ قلبِ سلیم کے لیے جو اپنے ہادی و رہنما کی اطاعت کرتا ہے اور دور رہتا ہے اُس سے جو اس کو رد کرے۔ ایسا شخص خدا کے مقامِ کرامت میں داخل ہوتا ہے اور سلامتی کی راہ پر جا پہنچتا ہے، اپنی چشمِ باطن کو بینا کرتا ہے، اپنے ہدایت کرنے والے کی اطاعت کرتا ہے، بہترین دلیلوں سے مدلّل بن جاتا ہے، اُس کے سامنے سے پردۂ جہالت جو گمراہ کن اور فتنہ انگیز ہے، اُٹھ جاتا ہے۔ لہٰذا جس شخص نے تفکّر و تذکّر کا ارادہ کیا اُس نے اپنے گمان کو سمجھ لیا اور خود کو ہدایت پانے سے آشکار کیا اگرچہ اس کا دروازہ بند نہ ہوا تھا، پھر بھی اس نے اسبابِ ہدایت کو کھول لیا اور نصیحت کرنے والے کی نصیحت کو خشوع و خضوع کے ساتھ قبول کر لیا۔ اس خاضع اور متواضع پر دائمی تحیّہ و سلام جو آپس میں ایک دوسرے سے ایمان کے لیے بڑھنے کی کوشش کرتے ہیں، میزانِ عدل کو پہچانتے ہیں، نصیحت کرنے والے کے امر و نصیحت کو قبول کرتے ہیں جب وہ کہتا ہے کہ قبل اس کے کہ روزِ قیامت کا ہول آ پہونچے، خوف کرو۔

بلاشبہ و یقیناً ہمارا امر دشوار (ہے بلکہ) دشوار تر ہے اس کا متحمّل نہیں ہو سکتا سوائے مَلَکِ مقرّب یا نبیٔ مرسل کے یا اس مومن کے جس کے قلب کا اللہ نے ایمان کے ذریعے سے امتحان لے لیا ہو۔ ہماری حدیث کی حفاظت نہیں کرتے مگر صرف وہی قلوب جو مضبوط قلعے کے مانند ہیں یا ایسے سینے جو نہایت امین ہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یا ایسی عقلیں جو باوقار ہیں۔" تعجّب ہے بہت ہی تعجب ہے درمیانِ جمادی و رجب۔"

یہ سن کر شرطۃ الخمیس میں سے ایک شخص اُٹھا اور بولا: یا امیر المومنینؑ! وہ تعجب کی بات کیا ہوگی؟

آپ نے فرمایا: اور کیوں نہ تعجّب کروں جب کہ تمھارے لیے قضائے الٰہی جاری ہو چکی ہے۔ تم حدیث کا مطلب نہیں سمجھتے۔ آگاہ ہو جاؤ؛ بہت سی آوازیں ہوں گی اور اُن کے درمیان اموات واقع ہوں گی اور لوگوں کے بدن کٹے ہوئے نباتات کی طرح کٹ کٹ کر گرنے لگیں گے۔ اور مردے زندہ کیے جائیں گے۔ یہ تعجّب اور پورے تعجّب کی بات ہوگی جمادی و رجب کے مابین۔

ایک اور شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا: یا امیر المومنینؑ! آپ بار بار جس بات پر تعجّب کا اظہار فرما رہے ہیں وہ کیا ہے؟

فرمایا: اس کی ماں اُس کے غم میں بیٹھے، اِس سے زیادہ تعجب خیز بات کیا ہوگی کہ مُردے (قبروں سے نکل کر) زندوں کے سروں پر مار لگا رہے ہوں گے۔

پھر کسی نے عرض کیا: یا امیر المومنینؑ! یہ کب اور کس طرح ہوگا؟

فرمایا: اُس ذات کی قسم جس نے دانے کو شگافتہ کیا اور انسانوں کو پیدا فرمایا، گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ (وہ مُردے جو زندہ کیے گئے) وہ کوفے کی گلیوں میں گھوم رہے ہیں، اپنی تلواروں کو نیام سے باہر نکالے ہوئے اپنے کاندھوں پر رکھے ہوئے ہیں اور اُن تلواروں سے خدا و رسول اور مومنین کے دشمنوں کو قتل کر رہے ہیں۔ چنانچہ اس کے لیے اللہ تعالیٰ کا قول ہے کہ:

الآیت: " يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُورِ " (ممتحنہ: ۱۳)

ترجمۂ آیت: (اے ایمان والو! جس قوم پر خدا نے غضب نازل کیا اُس سے دوستی نہ رکھو، یہ لوگ آخرت سے بالکل اسی طرح مایوس ہیں جس طرح کفار اہلِ قبور (مُردوں) سے۔ مایوس ہیں (یعنی اُن کے زندہ ہونے کا گمان بھی نہیں رکھتے۔)

سنو! اے گروہِ مردُم؛ مجھ سے جو کچھ پوچھنا چاہو پوچھ لو قبل اس کے کہ تم مجھ کو نہ پاؤ کیونکہ میں آسمان کی راہوں سے زیادہ واقف ہوں اُس شخص کی نسبتاً جو زمین کی راہوں سے واقف ہوتا ہے۔ میں یعسوبِ (سردارِ) دین ہوں اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سابقین کا مقصد ہوں، متقین کی زبان ہوں، خاتم الاوصیاء ہوں، انبیاءؑ کا وارث ہوں، پروردگارِ عالمین کا خلیفہ ہوں، میں قسیم دوزخ ہوں، میں خازنِ جنّت ہوں، میں صاحبِ حوضِ (کوثر) ہوں، اور صاحبِ اعراف ہوں۔ ہم اہلِ بیتؑ میں سے جو بھی امام ہوگا وہ اپنے تمام اہلِ ولایت سے واقف ہوگا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

(الآیت): "اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّ لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ" (رعد ۱۳: ۸)

(ترجمہ) (اے رسول) سوائے اس کے نہیں ہے کہ تم ڈرانے والے ہو، اور ہر قوم کے لیے ایک ہادی و رہنما ہوتا ہے۔)

اے گروہِ مردم! مجھ سے جو کچھ پوچھنا ہو پوچھ لو قبل اس کے کہ مشرق کی جانب سے فتنہ برپا ہو اور مُردے زندہ ہو کر زندوں کو روندتے ہوئے چل پڑیں یا مغرب میں لکڑیوں کے ڈھیر میں آگ لگے اور اُس کے شعلے بلند ہونے لگیں اور فتنہ و عداوت و کینہ کے ساتھ یا اس کے مثل مصیبتیں نازل ہوں اور صدائے واویلا بلند ہو۔

اور تم لوگ کہنے لگو کہ وہ (امامِ زمانہؑ) یا تو ہلاک ہو گئے یا کسی بیابان کی طرف چلے گئے پس اُس روز اِس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی:

(الآیت) "ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا" (سورہ ۱۷ اسریٰ: ۶)

ترجمہ آیت: "پھر ہم نے تمھارے لیے اُن پر غلبہ قرار دیا اور اموال و اولاد سے ہم نے تمھاری مدد کی اور تمھارے (دوستوں کی) افراد کی تعداد بڑھا دی۔"

مگر اس آیت کی تعبیر کے لیے چند علامات اور نشانیاں ہیں۔ سب سے پہلی علامت کوفے کی قلعہ بندی ہے جو بُرجوں اور خندقوں کے ساتھ کی جائے گی۔ پھر کوفے کی گلیوں مشکون کو پارہ پارہ کرنا اور جلا دیا جانا، چالیس شب مساجد کا معطّل رہنا، تین عَلَموں (جھنڈوں) کا مسجدِ اکبر کے گرد لہرانا، جو ہدایت کے عَلَم ہوں گے، لیکن قاتل و مقتول دونوں جہنّمی ہوں گے، قتل کی کثرت اور موت عام، نفسِ زکیّہ کا رُکن و مقام کے درمیان قتل ہونا اور اُن کے ۷۰ ساتھیوں کو پشتِ کوفہ پر قتل کیا جانا، اور بطریقِ صبر سبع مظفّر کا بہت سے انسانوں کا شیاطین کے ساتھ بتوں کی بیعت کرنے کی وجہ سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قتل کیا جانا۔ (بطریق صبر کا مطلب یہ ہے کہ ایک ایک کو لیجا کر پتھروں اور تیروں سے مارتے جائیں، یہانتک کہ قتل ہوجائیں۔)

دوسری علامت سونے کی صلیب اور سبز جھنڈوں کے ساتھ سفیانی کا خروج، اُس کا امیر قبیلۂ بنی کلب کا آدمی ہوگا۔ سفیانی بارہ ہزار کا لشکر مکہ اور مدینہ کی طرف بھیجے گا جس کا سردار بنی اُمیّہ کا ایک شخص ہوگا جس کا نام خزیمہ ہوگا جو بائیں آنکھ سے کانا ہوگا، اور دوسری آنکھ میں خون کا ایک لوتھڑا لٹکا ہوا ہوگا۔ وہ اہلِ دنیا پر ظلم وجور کرے گا اس کے جھنڈے کو کوئی سرنگوں نہ کرسکے گا یہانتک کہ وہ مدینہ پہونچ جائے گا اور آلِ محمدؐ میں سے چند مردوں اور عورتوں کو جمع کر کے ابوالحسن اُموی کے مکان پر بھیج دے گا۔

اور پھر آلِ محمدؐ میں سے ایک شخص کی تلاش میں فوج روانہ کرے گا جس کے گرد مستضعفین (کمزور لوگوں) کا ایک گروہ جمع ہوگا۔ جب سفیانی کا یہ لشکر مقام بیداء پر صفائح ابیض کے قریب پہونچے گا تو یہ سب کا سب لشکر زمین میں دھنس جائے گا اُن میں سے سوائے ایک شخص کے کوئی نہ بچے گا اور اللہ تعالیٰ اُس شخص کے چہرے کو اپنی قدرت سے اُس کی پُشت کی طرف پھیر دے گا تاکہ اُس کو دیکھ کر وہ لوگ (سفیانی اور اس کا لشکر) ڈریں اور اس کے بعد آنے والوں کے لیے ایک نشانی بن جائے۔ پس اُس روز اِس آیت کی تاویل بھی ظاہر ہوجائے گی: (سورۂ سبا ۳۴ : ۵۱)

(الآیت) "وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ"

ترجمہ (اور اگر تم دیکھو تو معلوم ہوگا کہ یہ لوگ جزع فزع کر رہے ہیں اور قریبی عذاب میں مبتلا ہیں۔)

نیز سفیانی ایک لاکھ تیس ہزار کا لشکر کوفہ بھیجے گا۔ یہ لوگ مقامِ روحاء اور فارد، اور قادسیہ میں مقامِ مریمؑ وعیسیٰؑ پر اُتریں گے جن میں سے اسّی ہزار کوفہ کے اندر محلّہ قبرِ ہودؑ میں اور نخیلہ میں ٹھہریں گے اور عیدِ قربان کے روز کوفہ میں ایک ہجوم برپا کریں گے۔ اُس وقت وہاں ایک ظالم وجابر اور سرکش حاکم ہوگا ممکن ہے لوگ اس کو ساحر و کاہن کہیں گے وہ شہر زوراء (بغداد) سے پانچ ہزار کاہنوں کو لیکر نکلے گا اور وہاں کے پل پر لوگوں کو اتنا قتل کرے گا کہ تین روز تک دریا کا پانی خون اور لاشوں سے اتنا گندا ہوجائے گا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ لوگ اس کا پانی پینا ترک کردیں گے اور کوفے میں وہ ایسی باکرہ لڑکیوں کو قید کرے گا کہ نہ جن کے کبھی ہاتھ کھلے ہوں گے اور سر سے نہ کبھی مقنع اُٹھا ہوگا، اُنھیں محملوں میں بٹھا کر ثوبہ یعنی غریّین (نجف) کی طرف بھیج دے گا۔ اس کے بعد ایک لاکھ کا لشکر جن میں بعض مشرک اور بعض منافق ہوں گے، کوفے سے باہر آئے گا اور دمشق پہونچ کر خیمہ زن ہوگا، اُنھیں کوئی روک نہ سکے گا وہیں باغِ شدّاد ہے۔ پھر مشرق سے چند جھنڈے آئیں گے جن کے پھریرے نہ سوت کے ہوں گے نہ کتّان کے اور نہ ریشم کے اور اُن کے چوبوں کے سروں پر سیّد اکبر رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی مہر لگی ہوگی، جن کا قائد آلِ محمدؐ میں سے ایک شخص ہوگا۔ اُن علَموں کے پھریرے ایسے ہوں گے کہ اگر اُنھیں مشرق میں کھولا جائے تو اُن کی خوشبو مغرب تک پہونچے گی، جیسے مشکِ ازفر کی خوشبو ہو۔ اور اس کا رُعب وخوف ایک ماہ کی راہ کے فاصلے تک دشمنوں کے دلوں میں بیٹھا ہوا ہوگا۔

اور کوفے میں سعد السقّار کے بیٹے اپنے آباء و اجداد کے خون کے طالب ہوں گے، مگر یہ فاسقوں کی اولاد ہوگی، کہ اتنے میں لشکرِ حسین علیہ السّلام اُن کی طرف بڑھے گا۔ دونوں ایک دوسرے کو قتل کرنا چاہیں گے۔ یہ سب بال پریشان خستہ حال ہوں گے۔ ان میں سے ایک شخص اپنا پاؤں زمین پر مار کر روتے ہوئے کہے گا: آج کے بعد کسی مجلس میں خیر وخوبی نہیں، اے خدا ہم توبہ اور خضوع وخشوع سے رکوع وسجود کرنے والے ہیں۔ یہی وہ ابدال ہیں کہ جن کے اوصاف اللہ عزّوجلّ نے ان الفاظ میں بیان فرمائے ہیں:

(الآیت) "اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَھِّرِیْنَ" (بقرہ ۲: ۲۲۲)
(بیشک اللہ دوست رکھتا ہے توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے پاکیزہ لوگوں کو۔)

اور ایسے پاک وپاکیزہ لوگوں کی نظیر آلِ محمدؐ میں ہی مل سکتی ہے۔

پھر اہلِ نجران میں سے ایک شخص خروج کرے گا۔ جو راہب ہوگا اور امامؑ کی دعوت کو قبول کرے گا اور گروہِ نصاریٰ سے یہ پہلا شخص ہوگا جو امامؑ کی دعوت کو قبول کرے گا۔ اور اپنے صومعہ کو منہدم کردے گا، صلیب نکال کر پھینکے گا اور غلاموں، غریبوں کے لشکر کے ساتھ باہر نکلے گا، علمِ ہدایت لیے ہوئے ہوگا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور نخیلہ کی طرف بڑھے گا۔ اور زمین کے ہر خطّے کے لوگ مقام فاروق میں جمع ہوں گے؛ یہی امیرالمومنینؑ کی حجّت ہوگا جو برس و فرات کے درمیان واقع ہوگا۔ اس روز مشرق و مغرب کے یہود و نصاریٰ میں سے تین ہزار آدمی مارے جائیں گے۔ اور اُس روز اِس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی:

(الآیت): "فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝" (سورہ ۲۱ انبیاء: ۱۵)

ترجمہ: "پس اُن کی یہ پکار جاری رہی یہاں تک کہ ہم نے اُنھیں کٹی ہوئی کھیتی (اور) بجھی ہوئی راکھ بنا دیا۔"

ہمیشہ سے ان کا یہ دعویٰ ہوگا یہاں تک کہ تلواروں سے ان کے سر قلم کر دیے جائیں گے اور وہ تلواروں کے نیچے خاموش ہو کر رہ جائیں گے۔

اور صرف بنی اشہب کا ایک غصّہ ور اور بدنظر شخص چند لوگوں کے ساتھ باقی رہ جائے گا جو بھاگ کر اُن لوگوں کے ہمراہ مقام سبطری (دمشق کے قریب ایک مقام) پر پہونچے گا اور یہ سب ایک درخت کے نیچے آرام کریں گے تو اُس روز اِس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی:

(الآیت) "فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ۝ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ۝" (سورہ ۲۱ انبیاء: ۱۲)

"پس جب اُنھیں ہمارے عذاب کا احساس ہوا تو وہ وہاں سے بھاگنے لگے مت بھاگو اور لوٹ آؤ اپنے مساکن اور اُس عیش و آسائش کی طرف جو تمھیں دیے گئے تھے تاکہ تمھاری جواب طلبی کی جائے۔"

ان کے مساکن وہ خزانے ہوں گے جن میں مسلمانوں کا مال ہوگا جسے اُنھوں نے زبردستی حاصل کر کے جمع کیا ہوگا، اور اُسی دن وہ سب زمین میں دھنس جائیں گے اور ان پر سنگباری ہوگی اور وہ مسخ ہو جائیں گے۔ پھر اِس آیت کی تاویل ظاہر ہو جائے گی:

(الآیت) "وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ۝" (ہود ۱۱ آیت ۸۳)

(اور یہ بات ظالموں سے بعید نہیں)

اور ماہِ رمضان میں طلوعِ آفتاب کے وقت مشرق کی جانب سے ایک منادی ندا دیگا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"اے اہلِ ہدایت جمع ہوجاؤ۔"

پھر بعد غروب آفتاب مغرب کی جانب سے ندا ہوگی کہ: "اے اہلِ ہدایت جمع ہوجاؤ۔"

اس کے دوسرے روز ظہر کے وقت آفتاب بالکل بے نور اور سیاہ پڑ جائے گا۔ تیسرے دن اہلِ حق اور اہلِ باطل کو جدا جدا کیا جائے گا دآبۃ الارض کے خروج کے ذریعے سے۔ اہلِ حق کا گروہ روم کی طرف ساحلِ سمندر پر ایک قریے کی طرف بڑھے گا اور اصحابِ کہف کے غار کی طرف سے گذریں گے تو اللہ اس وقت اصحابِ کہف کو زندہ کرے گا جن میں سے ایک "ملیخا" اور دوسرا "مسلمینا" ہوگا، اور یہ دونوں امام قائمؑ کے گواہ ہوں گے اور انھیں تسلیم کریں گے۔

پھر آپ ان دونوں میں سے ایک کو روم کی طرف بھیج دیں گے اور وہ وہاں سے ناکام ہوکر واپس ہوگا۔ تو پھر دوسرے کو بھیجیں گے اور وہ فتح و نصرت کے ساتھ واپس ہوگا۔ اور اُس وقت اِس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی:

(الآیت) "وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا ۔" (آلِ عمران ۳ آیت ۸۳)

ترجمہ: "اور زمین و آسمانوں میں جو کوئی بھی ہے (سب) اُسی کے سامنے خوشی سے یا جبراً تسلیم خم کیے ہوئے ہے۔"

پھر اللہ تعالیٰ ہر امت سے ایک گروہ کو دوبارہ زندہ کرکے بھیجے گا تاکہ انھیں دکھا دے جو اُن سے وعدہ کیا گیا ہے۔ اور اُس وقت اِس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی:

(الآیت) "وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۔" (سورہ ۲۷ نمل: ۸۳)

ترجمہ: "اور اُس دن ہم ہر اُمت میں سے ایک گروہ کو محشور کریں گے جو کہ ہماری نشانیوں کی تکذیب کرتے تھے پس انھیں صف بستہ کردیا جائیگا۔"

یہ دیکھ کر اُن کے دل لرز اُٹھیں گے۔

اور حضرت صدّیقِ اکبرؓ رایتِ ہدایت و ذوالفقار اور حاضرین کو ساتھ لیکر روانہ ہوں گے، یہاں تک کہ دو مرتبہ سرزمینِ ہجرت پر پہونچیں گے اور یہ مقام کوفہ ہوگا۔ پس وہاں کی مسجد کو منہدم کریں گے اور اُسے پہلی بنیاد پر از سرِ نو تعمیر کریں گے اور ظالمین (بادشاہوں) کے دور میں جو کچھ تعمیر ہوا تھا، سب کو منہدم کردیں گے۔ اس کے بعد بصرہ تشریف لے جائیں گے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سمندر کے قریب پہونچیں گے۔ آپ کے ساتھ تابوتِ سکینہ اور حضرت موسیٰؑ کا عصا ہوگا۔ بصرے میں سختی و شدّت ہوگی۔ وہاں سے واپس آئیں گے تو مقام طوفانی سمندر بن جائے گا۔ وہاں کوئی جگہ باقی نہ رہے گی سوائے مسجد کے جو سینۂ کشتی کے مانند سمندر میں اُبھری ہوئی ہوگی، ہر طرف پانی ہی پانی ہوگا۔

پھر آپ مقام حرور جائیں گے اور اس مقام کو جلا کر خاک کر دیں گے۔ اور دروازۂ بنی سعد سے نکل کر قبیلۂ ثقیف پہونچیں گے جو زارعانِ فرعون ہیں۔ اس کے بعد مصر جائیں گے اور وہاں منبر سے لوگوں کو خطاب کریں گے۔ اس کے بعد تمام روئے زمین پر عدل قائم ہو جائے گا۔ آسمان اپنی بارش، درخت اپنے میوے، زمین اپنے نباتات اُگل دے گی اور زمین سارے اہلِ زمین کے لیے مزیّن و آراستہ ہو جائے گی۔ جنگلی درندے عام چوپاؤں کی طرح زمین پر گھومنے پھرنے لگیں گے۔ مومنین کے دلوں میں اتنا علم بھر دیا جائے گا کہ وہ دوسرے کے محتاج نہ ہوں گے، اُس روز اِس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی۔

(الآیت) "..... یُغْنِ اللّٰہُ کُلًّا مِّنْ سَعَتِہٖ ط ....." (النساء: ۱۳۰)

ترجمہ: (اللہ ہر ایک کو اپنی وسعت سے (دوسرے سے) بے نیاز کر دیگا)

زمین اُن کے لیے اپنے خزانے اُگل دے گی اور امام قائمؑ فرمائیں گے کھاؤ مزے سے، گذشتہ زمانے میں جو کچھ تم نے (زحمت) برداشت کی، اُس کے عوض یہ تم کو مبارک ہو۔ پس مسلمان اس روز دین کے لیے راہِ ہدایت پر ہوں گے اور انھیں کلام کی اجازت ہوگی۔ پس اُس روز اِس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی۔

(الآیت) "وَجَآءَ رَبُّکَ وَالْمَلَکُ صَفًّا صَفًّا۔" (سورۃ الفجر: ۲۲)

ترجمہ: (اور (اس دن) فرشتے بھی اپنے رب کے سامنے صف بستہ ہوں گے)

اور اللہ تعالیٰ اُس دن اپنے دین حق کے سوا کسی کو قبول نہ کرے گا۔ آگاہ رہو کہ اللہ کے لیے دین خالص ہے۔ پھر اُس دن اِس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی:

(الآیت) "اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَی الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِہٖ زَرْعًا تَاْکُلُ مِنْہُ اَنْعَامُہُمْ وَاَنْفُسُہُمْ ط اَفَلَا یُبْصِرُوْنَ۔ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی ھٰذَا الْفَتْحُ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ۔ قُلْ یَوْمَ الْفَتْحِ لَا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اِیْمَانُھُمْ وَلَا ھُمْ یُنْظَرُوْنَ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فَاَعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ وَانۡتَظِرۡ اِنَّهُمۡ مُّنۡتَظِرُوۡنَ ۝ (السجدہ ۳۲: ۲۷ تا ۳۰)

ترجمۂ آیت: (اور کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے بنجر زمین کی طرف پانی جاری کیا پس ہم نے اُس سے سبزہ اُگایا جس میں سے اُن کے مویشی کھاتے ہیں اور وہ خود بھی۔ پس کیا وہ دیکھتے نہیں (غور نہیں کرتے)؟ اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو (تو بتاؤ) کہ یہ فتح کب ہوگی؟ کہدیجیے کہ فتح کے دن انکار کرنے والوں کا ایمان کسی کام نہ آئے گا۔ اور نہ ہی اُن کو مہلت دی جائے گی پس اُن سے منہ پھیر لو۔ اور انتظار کرو اور وہ بھی منتظر ہیں۔"

پس امام قائم علیہ السلام کے خروج اور ان کے روزِ رحلت وفات کے درمیان تین سو سال سے زیادہ کا عرصہ ہوگا اور اُن کے اصحاب کی تعداد تین سو تیرہ ہوگی جن میں نو افراد بنی اسرائیل سے ہوں گے، اور ستّر افراد جنّات میں سے اور دو سو چونتیس دوسرے لوگ ہوں گے۔ اُن میں ستّر وہ بھی ہوں گے، جو اُس وقت غضب ناک ہو گئے تھے جب مشرکین نے آنحضرتؐ پر ہجوم کیا تھا اور اُنھوں نے حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے خواہش کی تھی کہ وہ ان لوگوں سے جہاد کرنے کی اجازت دیں، مگر آنحضرتؐ نے اجازت نہیں دی تھی اور اُس وقت یہ آیت نازل ہوئی تھی:

(الآیت) "..... اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَکَرُوا اللّٰهَ کَثِیۡرًا وَّانۡتَصَرُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا ظُلِمُوۡا ؕ وَسَیَعۡلَمُ الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡۤا اَیَّ مُنۡقَلَبٍ یَّنۡقَلِبُوۡنَ ۝ (سورۃ الشعراء ۲۶: ۲۲۷)

ترجمہ: "مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور اُنھوں نے اعمال صالح انجام دیے اور ذکرِ خدا کثرت سے کیا اور اُن پر ظلم کیے جانے کے بعد اُن کی نصرت کی گئی، اور وہ لوگ جنھوں نے ظلم کیا، جلد ہی جان لیں گے کہ وہ کس کروٹ پلٹتے ہیں (اُن کا انجام کیا ہوگا۔)

اور بیس آدمی اہلِ یمن میں سے ہوں گے جن میں مقداد بن اسود بھی ہوں گے اور دو سو چودہ افراد ساحلِ سمندر کے قریب عدن کے رہنے والے ہوں گے جن کے پاس حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے پیغام بھیجا تھا کہ اسلام قبول کرو اور اُنھوں نے اسلام قبول کر لیا تھا اور

اور گمنام لوگوں میں سے ایک ہزار آٹھ سو ستّر افراد ہوں گے اور چالیس ہزار ملائکہ ہوں گے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جن میں تین ہزار مسوّمین (نشانِ جنگ سے آراستہ) اور پانچ ہزار مُردفین (اسی مقصد کیلئے قطار اندر قطار یعنی صف بستہ) فرشتے ہوں گے۔ اس طرح حضرت امام قائم علیہ السّلام کے کل اصحاب کی تعداد سینتالیس ہزار ایکسو تیس (۴۷۱۳۰) ہوگی۔ اور ان میں سرداروں میں نو سردار ملائکہ میں سے ہوں گے، انسانوں اور جنّوں میں سے چار ہزار ہوں گے جو یوم بدر کی تعداد کے برابر ہوں گے یہ سب اللہ کے دشمنوں سے مقاتلہ کریں گے اور اللہ ان کی مدد کرے گا فتح و نصرت ان کے ساتھ ہوگی اور ان کا استقبال کرے گی۔ ان میں سے بعض زمین کی زینت ہوں گے، اُن کے چہروں پر تازگی ہوگی۔

(نوٹ:) میں نے جیسا لکھا ہوا پایا ویسا ہی نقل کر دیا، مگر عبارت میں بہت نقص ہے بہت سی تحریف معلوم ہوتی ہے۔ صاحبِ کتاب نے بھی اس سقم کا اعتراف کیا ہے۔ اس کے باوجود چونکہ اس میں بہت سی مفید باتیں ہیں اس لیے اس کو یہاں درج کر دیا ہے۔ (منتخب البصائر)

(۸۷) "صبر کرو" زمانۂ رجعت میں ظالم افسوس کریں گے

حسین بن محمدؒ اور محمد بن یحییٰ نے محمدؒ بن سالم بن ابوسلمہ سے، اُنھوں نے حسن بن شاذان واسطی سے روایت کی ہے، حسن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت امام رضا علیہ السّلام کی خدمت میں ایک عریضہ لکھا جس میں شکایت لکھی کہ اہلِ واسط مجھے بہت ستاتے ہیں اور طرح طرح سے حملے کرتے ہیں خصوصاً عثمانیوں کا ایک گروہ تو مجھے بیحد اذیّت پہنچاتا ہے

"فوقّع بخطّہ: اَنَّ اللہ جلّ ذکرہ اَخذ میثاق اولیائنا علی الصبر فی دولۃ الباطل، فاصبر لحکم ربّک، فلو قد قام سیّد الخلق لقالوا:

والآیت: "یٰوَیْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ۔" (سورہ ۳۶ یٰس: ۵۲)

(ترجمۂ روایت)

تو آپ نے اپنے خط میں جواب میں فرمایا کہ: بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے دوستوں سے حکومت باطل میں صبر کا عہد لیا ہے لہٰذا اللہ کے حکم کی بنا پر صبر کرو جب سیّد الخلق (امام قائم) کا ظہور ہوگا تو یہی لوگ کہیں گے کہ (ترجمۂ آیت) ہائے افسوس ہم پر ہمارے مرقد سے ہمیں کس نے اُٹھا دیا؟ یہی وہ ہے جس کا اللہ نے وعدہ کیا تھا اور مرسلین نے سچ کہا تھا۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۸۸) وعدۂ آخرت سے مراد

تفسیر علی بن ابراہیم میں "سورہ اسریٰ آیت ۷"
" فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ " (سورۂ اسریٰ آیت ۷)
(پس جب دوسرے وعدے کا وقت آپہنچا)
کے متعلق ہے کہ اس وعدے سے مراد امام قائم علیہ السلام اور اُن کے اصحاب ہیں
" لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ یعنی تسودّ وجوھھم : ان کے چہرے سیاہ
پڑجائیں گے۔ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ
" اور مسجد میں داخل ہوجائیں گے جس طرح پہلی مرتبہ اس میں داخل ہوئے تھے "
یعنی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ و امیر المومنینؑ و اصحابہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ اور آپ کے اصحاب اور امیر المومنینؑ اور آپ کے اصحاب مراد ہیں۔

(۸۹) آیت: حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ " (سورۂ مریم آیت ۷۵)
(یہانتک کہ جب وہ دیکھ لیں گے جس کا وعدہ اُن سے کیا گیا ہے)
اس سے مراد: قالؑ: القائم و امیر المومنین صلوات اللہ علیہما
فرمایا: امام قائم اور امیر المومنین صلوات اللہ علیہما، مراد ہیں۔

(۹۰) امام حسینؑ کے اصحاب کی شانِ رجعت

صالح بن سہل نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ
آیت: " ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ " (اسریٰ: ۶)
(پھر ہم نے اُن پر تمھیں غلبہ دے کر تمھارے دن پھیر دیے)
قالؑ: " خروج الحسین علیہ السلام فی الکرّہ فی سبعین رجلاً
من اصحابہ الذین قتلوا معہ علیہم البیض المذھبۃ
لکلّ بیضۃ وجہان الی آخر ما مرّ فی باب الآیات
المأوّلۃ بالقائم علیہ السلام "
آپ نے فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ کرّہ (رجعت) میں امام حسین علیہ السلام اپنے ستر
اصحاب کے ساتھ دوبارہ آئیں گے اور ان کے سروں پر سونے کے خود ہوں گے
ان کے دو رُخ ہوں گے (تفسیر عیاشی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۹۱) رجعت میں میرے اہلِ بیت کا اجتماع

مسعدہ بن صدقہ نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ امیرالمومنین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ:

"اَنا سیّد الشّیب وفیّ سنة من ایّوبؑ و سیجمع اللہ لی اھلی کما جمع لیعقوبؑ شملہ و ذلک اذا استدار الفلک، وقلتم مات او ھلک (اِلی آخر ما مرّ فی باب اخبار امیرالمومنین ع بالقائم ع)

امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ: میں سیّد الشیب (بوڑھوں کا سردار) ہوں اور میرے اندر حضرت ایّوبؑ کی ایک سنّت ہے جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت یعقوبؑ کے منتشر گروہ کو جمع کیا تھا اسی طرح میرے اہلِ بیت کو بھی میرے لیے جمع کردے گا۔ اور یہ اُس وقت ہوگا جب آسمان کی گردش اس منزل پر پہنچے گی کہ تم لوگ امامِ قائمؑ کے لیے یہ کہنے لگو گے کہ وہ مر گئے یا ہلاک ہو گئے۔" (الارشاد)

(۹۲) دجّال کے دوستوں سے جنگ کی مثال

سعد نے احمد بن محمدؒ و عبداللہ بن عامر بن سعد سے، اُنھوں نے محمد ابنِ خالد سے، اُنھوں نے ثمالی سے، ثمالی نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ:

"من اراد ان یقاتل شیعة الدّجّال فلیقاتل الباکی علی دم عثمان و الباکی علیٰ اھل النّھروان اِنّ من لقی اللہ مؤمنًا بِاَنّ عثمان قتل مظلومًا لقی اللہ عزّوجلّ ساخطًا علیہ ولا یدرک الدّجّال

فقال رجل: یا امیرالمؤمنینؑ! فان مات قبل ذلک؟

فقال ع: فیبعث من قبرہ حتّی یؤمن بہ واِن رغم اَنفہ

ترجمہ: "جو چاہتا ہو کہ وہ دجّال کے دوستداروں سے مقاتلہ و جنگ کرے تو وہ عثمان کے قتل پر رونے والوں اور اہلِ نہروان پر رونے والوں سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مقاتلہ وجنگ کرے۔ جو شخص اس امر کا اعتقاد رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے گا کہ عثمان مظلوم قتل ہوا تو اس کی ملاقات اللہ سے اس حال میں ہوگی کہ اللہ اس پر غضبناک ہوگا خواہ وہ دجّال کے زمانے کو نہ پائے۔

ایک شخص نے عرض کیا: یا امیر المؤمنین! خواہ وہ دجّال کے زمانے سے پہلے ہی مرجائے؟

آپ نے فرمایا: ہاں، وہ دجّال کے زمانے میں دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور قبر سے اُٹھایا جائے گا اور وہ دجّال پر ایمان لائے گا تو اس کو ذلیل کیا جائے گا۔"

(منتخب البصائر)

(۹۳) جناب فاطمہ زہراؑ کا انتقام لیا جائیگا؟

ماجیلویہ نے اپنے چچا سے، اُنھوں نے برقی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے اُنھوں نے محمّد بن سلیمان سے، اُنھوں نے داود بن نعمان سے، اُنھوں نے عبدالرحیم قصیر سے روایت کی ہے کہ اُنھوں نے کہا کہ مجھ سے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے بیان فرمایا کہ

"اما لو قد قام قائمنا لقد ردّت الیہ الحمیرا حتّی یجلدھا الحدّ وحتّی ینتقم لابنۃ محمّدؐ فاطمۃؑ منھا منھا۔" الی آخر ما مرّ فی باب سیرۃ ع"

ترجمہ: جب ہمارے امام قائم علیہ السّلام کا ظہور ہوگا تو حمیرا اُن کے پاس لائی جائے گی، وہ اس پر حد جاری کریں گے اور فاطمہؑ بنتِ محمّدؐ کا اُس سے انتقام لیں گے۔۔۔۔۔ وغیرہ وغیرہ۔

(علل الشرائع)

(۹۴) جمادی و رجب میں بارش

عبدالکریم خثعمی نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے

قال ع: اِذا آن قیام القائم مطر النّاس جمادی الآخرۃ وعشرۃ ایّام من رجب مطرًا لم تر الخلائق مثلہ فینبت اللہ بہ لحوم المؤمنین وابدانہم فی قبورھم، وکانّی انظر الیہم مقبلین من قبل جہینۃ، ینفضون شعورھم من التراب۔"

آپؑ نے فرمایا: "جب امام قائم علیہ السّلام کے ظہور کا وقت آئے گا تو جمادی الآخری اور ماہِ رجب کی دس تاریخ تک ایسی بارش ہوگی کہ ایسی بارش دنیا نے کبھی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نہ دیکھی ہوگی جس سے قبروں کے اندر مومنین کے جسموں پر گوشت اُگ آئیں گے۔ اور گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ جہنیہ کی طرف سے اپنے سروں سے خاک جھاڑتے ہوئے چلے آرہے ہیں۔" (الارشاد)

(۹۵) امام قائمؑ کے ساتھ مالکِ اَشتر بھی ہوں گے

مفضّل بن عمر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے

قالؑ: "یخرج مع القائم علیہ السّلام من ظہر الکوفۃ سبع وعشرون رجلاً خمسۃ عشر من قوم موسیٰ علیہ السّلام الّذین کانوا یہدون بالحق وبہ یعدلون" (الاعراف: ۱۵۹) وسبعۃ من اھل الکہف، ویوشع بن نون وسلمان و ابو دجانۃ الانصاری والمقداد ومالک الاشتر، فیکونون بین یدیہ انصاراً وحکاماً۔"

ترجمہ: "فرمایا: امام قائم علیہ السّلام کے ساتھ پشتِ کوفہ سے ستائیس اشخاص ظہور کریں گے جن میں سے پندرہ اشخاص قومِ موسیٰؑ کے ہوں گے جن کے لیے قرآن میں ارشاد ہے: وَمِنْ قَوْمِ مُوسٰٓی اُمَّۃٌ یَّہْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِہٖ یَعْدِلُوْنَ، یعنی (اور موسیٰؑ کی قوم میں سے ایک گروہ ہے جو حق کے مطابق ہدایت کرتا ہے اور اُسی (حق) کے مطابق انصاف کرتا ہے۔) (اعراف: ۱۵۹) اور سات اشخاص اصحابِ کہف کے اور حضرت یوشع بن نون، وحضرت سلمان وحضرت ابو دجانہ انصاری وحضرت مقداد اور حضرت مالک اَشتر علیہم السّلام ہوں گے۔ (اعلام الوریٰ۔ الارشاد)

(۹۶)

احمد بن (محمّد بن سعید) نے یحییٰ بن زکریّا سے، اُنھوں نے یوسف بن کلیب سے، اُنھوں نے ابنِ لبطانی سے، اُنھوں نے ابنِ حمید سے، اور اُنھوں نے شمالی سے اور شمالی نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ

قالؑ: لو قد خرج قائم آلِ محمّدؐ لنصرہ اللہ بالملائکۃ واوّل من یتبعہ محمّدؐ وعلیؑ الثانی الیٰ آخر ما مرّ۔" (غیبتہ نعمانی)

آپ نے فرمایا: "جب قائم آلِ محمّدؐ ظہور کریں گے تو اللہ تعالیٰ ملائکہ کو اُن کی نصرت کے لیے بھیجے گا۔ اور سب سے پہلے حضرت محمّدؐ اور دوسرے حضرت علیؑ اُن کے ساتھ ہوں گے۔ وغیرہ وغیرہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۹۷) کُرّہ آفتاب میں انسانی جسم

سعد نے حسن بن علی زیتونی اور حمیری دونوں سے ایک ساتھ، اُنھوں نے احمد بن ہلال سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے اور ابنِ محبوب نے حضرت امام رضا علیہ السّلام سے علاماتِ ظہورِ امام قائم علیہ السّلام کے متعلق ایک طویل حدیث بیان کی ہے جس میں آپ نے فرمایا: وَالصوت الثالث یرون بدنًا بارزًا نحو عین الشمس: "ھٰذا امیر المؤمنین قد کرَّ فی ھلاك الظالمین۔

(لوگوں کو کرّہ آفتاب میں ایک مجسم انسان نظر آئے گا (انسانی جسم نظر آئیگا) جو آواز دیتا ہوگا کہ "یہ امیر المومنین ہیں یہ دشمنوں وظالموں کو ہلاک کرنے کے لیے دوبارہ دنیا میں آئے ہیں۔" (غیبتہ شیخ)

(۹۸) ہر مومن کی قبر میں کوئی جاکر کہے گا کہ... ؟

فضل نے محمد بن علی سے، اُنھوں نے جعفر بن بشیر سے، اُنھوں نے خالد بن ابی عارہ سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے روایت کی ہے اور مفضّل بن عمر کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ ہم آپس میں امام قائمؑ اور ان کے ظہور کا انتظار کرنے والے اپنے اُن ساتھیوں کا تذکرہ کر رہے تھے جو مر چکے تھے تو اُس وقت حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا:

"اذا قام اَلمؤمن فی قبرہ فیقال لہ: یا ھذا اِنّہ قد ظھر صاحبك! فان تشأ اَن تلحق بہ فالحق وان تشأ اَن تقیم فی کرامۃ ربّك فاقم"

یعنی "جب امام قائمؑ ظہور فرمائیں گے تو ہر مومن کی قبر میں کوئی آکر کہے گا: اے شخص! تیرے امامؑ نے ظہور فرمایا، اگر تو اُن کے ساتھ ملحق ہونا چاہے تو ملحق ہوجا، اور اگر چاہے تو یہیں اللہ کے فضل وکرامت کے سائے میں قیام کر۔ (غیبتہ طوسی)

(۹۹) زیارت جامعہ وزیارت وداع میں رجعت کا ذکر

علی بن احمد بن موسیٰ اور حسین بن ابراہیم بن احمد کاتب نے محمد بن ابو عبداللہ کوفی سے اور اُنھوں نے محمد بن اسماعیل برمکی سے، اُنھوں نے موسیٰ بن عبداللہ نخعی سے اُنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرت ابوالحسن ثالث امام علی النّقی علیہ السّلام سے زیارت جامعہ روایت کی ہے جس میں یہ فقرے بھی مذکور ہیں :

قال ؑ : " وجعلنی ممّن یقتصُّ آثارکم ، و یسلک سبلکم و یهتدی بهداکم ، و یحشر فی زمرتکم و یکرُّ فی رجعتکم ، و یملّک فی دولتکم و یشرّف فی عافیتکم و یمکّن فی ایّامکم و تقرُّ عینه غدًا برؤیتکم "

و فی زیارۃ الوداعِ : " وَ مکّننی فی دولتکم و احیانی فی رجعتکم "

(: ترجمۂ روایت زیارت جامعہ :)

آپؑ نے فرمایا: اور (اللہ تعالیٰ) مجھے ان لوگوں کے گروہ میں قرار دے جو آپ حضرات کے آثار کو سامنے رکھیں، اور آپ حضرات کے راستے پر چلیں، اور آپ حضرات کی رہنمائی سے ہدایت حاصل کریں، اور آپ لوگوں کے گروہ میں محشور ہوں اور آپ لوگوں کے ساتھ وہ لوگ بھی دنیا میں دوبارہ رجعت کریں اور آپ لوگوں کی حکومت میں حکومت کریں، آپ لوگوں کے فیض سے مشرّف ہوں، اور آپ لوگوں کے دور میں تمکّن حاصل کریں اور کل آپ حضرات کو دیکھ کر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کریں۔"

اور زیارت وداع میں ہے کہ: " اللہ آپ حضرات کے دورِ رجعت میں ہمیں بھی زندہ کرے۔"

(من لایحضرہ الفقیہ ص ۳۰۹ - تہذیب جلد ۲ ص ۳۴۴)

(۱۰۰) زیارت اربعین میں رجعت کا ذکر

ہمارے اصحاب میں سے ایک جماعت نے ہارون بن موسیٰ تلعکبری سے، انھوں نے محمّد بن علی بن معمر سے، انھوں نے علی بن محمّد بن مسعدہ اور حسن بن علی بن فضّال سے انھوں نے سعدان بن مسلم سے، انھوں نے صفوان بن مہران جمّال سے اور صفوان بن مہران جمّال نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے زیارت اربعین میں یہ فقرہ نقل کیا ہے :

" وَ اُشهدُ اَنّی بِکُمْ مُؤمِنٌ وَ بِاَیابِکُمْ مُوقِنٌ بشرائع دینی وخواتیم عملی "

یعنی (اور میں گواہ کرتا ہوں کہ میں آپ حضرات پر ایمان رکھتا ہوں اور آپ حضرات کے دوبارہ دنیا میں آنے کا یقین رکھتا ہوں۔) (تہذیب)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۰۱) رجعت کا منکر ہم میں سے نہیں ہے

قال الصّادق علیہ السّلام : "لیس منّا من لم یؤمن بکرّتنا و (لم) یستحلّ متعتنا"

امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: "وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو ہماری رجعت پر ایمان نہ رکھتا ہو اور متعہ کو حلال و جائز نہ جانتا ہو۔"

(من لایحضرہ الفقیہ ص ۴۲۹)

(۱۰۲) ایک گروہِ شیعہ کی رجعت

رواۃ کی ایک جماعت نے سہل بن زیاد سے، اُنھوں نے محمّد بن سلیمان دیلمی سے اُنھوں نے اپنے والد سے اور اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے اِس آیت کے متعلق دریافت کیا: (الآیت) "وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ" (سورہ ۱۶ النحل: ۳۸)

ترجمہ: اور وہ اللہ کی پکّی قسمیں کھاتے تھے کہ جو مر گیا اللہ اُسے نہیں اُٹھائے گا یقیناً اُس کے وعدے کی وفا اُس پر واجب ہے لیکن اکثر لوگ یہ نہیں جانتے۔"

فقال لی یا ابابصیر! ما تقول فی هٰذه الاٰیة ؟ قال: قلت: انّ المشرکین یزعمون ویحلفون لرسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وآله انّ اللّٰه لا یبعث الموتی، قال: فقال: "تبًّا لمن قال هذا سلهم هل کان المشرکون یحلفون باللّٰه ام باللّات والعزّی، قال: قلت: جعلت فداك فاوحدنیه، قال: فقال: یا ابابصیر لو قد قام قائمنا بعث اللّٰه الیه قومًا من شیعتنا قباع سیوفهم علی عواتقهم، فیبلغ ذلك قومًا من شیعتنا لم یموتوا فیقولون": بعث فلان وفلان وفلان من قبورهم وهم مع القائم، فیبلغ ذلك قومًا من عدوّنا۔

فَيَقُوْلُوْنَ: یا معشر الشیعة ما اکذبکم؟ هذه دولتکم فانتم تقولون فیها الکذب، لا واللّٰه ما عاش هٰؤلاء ولا یعیشون الی الیوم

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

القیامۃ ، قال : فحکی اللہ قولہم فقال : "
" وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰہِ جَھْدَ اَیْمَانِھِمْ لَا یَبْعَثُ اللّٰہُ
مَنْ یَّمُوْتُ ط " (نحل ۱۶ : ۳۸)

(ترجمۂ روایت)

آپ نے فرمایا: اے ابوبصیر تمہارا اس آیت کے متعلق کیا خیال ہے ؟
میں نے عرض کیا: کہ مشرکین کا خیال تھا اور رسول اللہ ص سے حلف سے کہتے تھے کہ: اللہ تعالیٰ مردوں کو ہرگز زندہ نہیں کرے گا۔
آپ نے فرمایا: افسوس ہے جو اس کا قائل ہو۔ اس سے پوچھو تو کہ مشرکین اللہ کی قسم کھاتے تھے یا لات و عزّیٰ کی قسم کھاتے تھے ؟
میں نے عرض کیا: اب آپ ہی بتائیے ؟
آپ نے فرمایا: اے ابوبصیر ! جب ہمارا امام قائم ع ظہور کرے گا تو اللہ تعالیٰ اُن کے پاس ہمارے شیعوں میں سے ایک گروہ کو زندہ کر کے بھیجے گا جو اپنی تلواروں کا قبضہ اپنے اپنے کاندھوں پر رکھے ہوئے ہوں گے، یہ خبر ان شیعوں کو پہنچے گی جو اس وقت ابھی زندہ ہوں گے مرے نہ ہوں گے فلاں، فلاں و فلاں اپنی قبروں سے زندہ ہو کر نکل آئے اور اب امام قائم ع کے ساتھ ہیں اور یہی خبر جب ہمارے دشمنوں تک پہونچے گی تو کہیں گے کہ اے گروہِ شیعہ ! تم لوگ کسقدر جھوٹ بولتے ہو ؟ یہ تو تم ہی لوگوں کی حکومت ہے اور اس میں بھی یہ جھوٹ نہیں خدا کی قسم نہیں یہ لوگ قیامت تک دوبارہ زندہ نہ ہوں گے تو اللہ تعالیٰ نے اِس آیت میں ان ہی لوگوں کے قول کو بیان کیا ہے اور فرمایا ہے:

" وَاَقْسَمُوْا . . . . . اَیْمَانِھِمْ لَا
لَا یَبْعَثُ اللّٰہُ مَنْ یَّمُوْتُ ط (نحل ۱۶ : ۳۸)

(اور وہ اللہ کی پکّی قسمیں کھاتے تھے (یہ کہتے ہوئے) کہ جو مر گیا اللہ اُسے نہیں اُٹھائے گا۔) (کافی ، تفسیر عیاشی، سعد السعود)

★ تفسیر عیاشی میں بھی ابوبصیر سے اسی کے مثل روایت ہے۔
★ تفسیرِ قرآن فی اہل بیت ع میں شیخ مفید رح نے ابن ابوہراسہ سے، اُنھوں نے ابراہیم بن اسحاق سے، اُنھوں عبداللہ بن حمّاد سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے اور ابوبصیر نے حضرت ابوجعفر ع اور حضرت ابوعبداللہ ع سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔

(سعد السعود)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۰۳) رجعت آئینۂ قرآنی میں

عدّہ نے سہل سے، سہل نے ابنِ شمّون سے، اُنھوں نے اصمّ سے، اُنھوں نے عبداللہ بن قاسم البطل سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام سے قولِ خدا: " وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ (سورۂ اسریٰ: ۴)

ترجمہ (اور بنی اسرائیل کے لیے ہم نے کتاب میں فیصلہ دیا کہ تم لوگ روئے زمین پر بالضرور دو مرتبہ فساد برپا کروگے۔)

قالؑ: یعنی: قتل علی بن ابیطالب علیہ السّلام وطعن الحسن علیہ السّلام (روضہ کافی ص ۲۰۷)

حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السّلام کو قتل کروگے اور امام حسنؑ کو نیزہ مارو گے

(الآیت) " وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا " (سورۂ اسریٰ: ۴)

ترجمہ (اور تم بہت بڑی سرکشی کے مرتکب ہوگے)

یعنی: (قتل الحسین علیہ السّلام) امام حسین علیہ السّلام کو قتل کروگے۔

(الآیت) " فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا "

ترجمہ: اور جب اُن دونوں (وعدوں) میں سے پہلے وعدے کا وقت آیا

یعنی: " قتل الحسینؑ " جب خونِ حسینؑ کے انتقام کا وقت آئے گا

(الآیت): بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ط

ترجمہ: " ہم نے تم پر اپنے زبردست جنگجو بندوں کو مسلّط کردیا جو (تباہی مچاتے ہوئے) گھروں میں گھس گئے۔"

یعنی: " یہ وہ قوم ہوگی " قوم یبعثهم الله قبل خروج القائم فلا یدعون ولا تترا لآل محمّد إلّا قتلوه "

یعنی یہ وہ قوم ہوگی جس کو قبل خروج امام قائمؑ اللہ بھیجے گا اور وہ آلِ محمدؐ کے دشمنوں میں سے کسی ایک کو بھی قتل کیے بغیر نہ چھوڑیں گے سب کو قتل کردیں گے۔

(الآیت) " وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۔" (اور وہ وعدہ (عذاب) پورا ہوکر رہا)

یعنی: خروج القائم علیہ السّلام: (وہ وعدہ خروجِ قائم علیہ السّلام ہے)

آیت مسلسل ہے:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الآیت : " ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ " (اسریٰ : ۶)

ترجمہ : پھر ہم نے تمھیں اُن پر غلبہ عطا کر کے تمھارے دن پھیر دیے (رجعت میں)

یعنی : " خروج الحسین علیہ السلام فی سبعین من اصحابہ علیہم البیض المذھبۃ لِکلِّ بیضۃ وجہان المؤدُّون الی النّاس انّ ھذا الحسینؑ قد خرج حتّی لا یشکّ المؤمنون فیہ وانّہ لیس بدجّال ولا شیطان ، والحجّۃ القائم بین اظہرھم فاذا استقرّت المعرفۃ فی قلوب المؤمنین انّہ الحسین علیہ السلام جاء الحجّۃ الموت ، فیکون الّذی یغسّلہ ویکفّنہ ویحنّطہ ویلحّدہ فی حفرتہ الحسین بن علی علیہما السلام ولا یلی الوصیّ اِلّا الوصیّ ."

ترجمہ : یعنی : " امام حسین علیہ السلام اپنے ستّر اصحاب کے ساتھ خروج فرمائیں جن کے سروں پر سونے کے خود ہوں گے اور وہ لوگوں کو بتائیں گے یہ امام حسینؑ ہیں جنھوں نے رجعت کی ہے اور مومنین کو اس میں کوئی شک نہ رہے گا اور یہ کہ نہ یہ دجّال ہیں اور نہ (معاذاللہ) شیطان ۔ اور حجّت قائمؑ ان لوگوں کے سامنے ہوں گے جب تمام مومنین کے دلوں میں یہ پختہ یقین ہو جائے گا کہ یہ واقعی امام حسینؑ ہیں تو پھر حضرت حجّتؑ کو موت آجائیگی اور یہی ان کو غسل دیں گے، کفن پہنائیں گے، اور حنوط کریں گے اور یہی قبرِ حسینؑ میں انھیں دفن کریں گے۔ اس لیے کہ وصی کی تجہیز و تکفین وغیرہ وصی ہی کرتا ہے ۔ " (کافی)

(۱۰۴) زیارتِ امام حسینؑ میں رجعت کا بیان

ہم سے راویوں کی ایک جماعت نے ، اُنھوں نے ابوعبداللہ محمّد بن احمد بن عبداللہ بن قضاعہ بن صفوان بن مہران جمّال نے ، اُنھوں نے اپنے والد سے ، اُنھوں نے اُن کے جد صفوان سے روایت کی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مولا حسینؑ کی قبر کی زیارت کے لیے اجازت چاہی اور یہ کہ یہ بھی ارشاد فرمائیں کہ زیارتِ امام کا طریقہ کیا ہوگا۔ ؟ آپ نے سارے طریقے بتائے اور زیارت کی عبارت میں یہ فقرہ بھی بتایا:

"وَاُشھد اللہ ومَلائکتہ وانبیآءہ ورسلہ اَنّی بکم مومنٌ وبِایابکم موقنٌ " یعنی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"میں گواہ بناتا ہوں اللہ کو اور اُس کے فرشتوں کو اور اُس کے انبیاء اور رسولوں کو، اس بات پر کہ آپ حضرات پر میرا ایمان ہے اور مجھے آپ حضرات کی دوبارہ واپسی (رجعت) کا یقین ہے۔" (مصباحین)

(۱۰۵) زیارتِ حضرت عبّاسؑ میں رجعت کا ذکر

حضرت عبّاس علیہ السّلام کی زیارت میں بھی یہ فقرہ موجود ہے کہ:

"اَنّی بکم مومنٌ و بایابکم موقنٌ"

یعنی (میرا آپ حضرات پر ایمان ہے اور آپ حضرات کی دوبارہ واپسی (رجعت) کا مجھے یقین بھی ہے۔

(۱۰۶) حسین بن رَوح سے منقول زیارت میں رجعت

ایک زیارت ہے جس کی روایت ابن عیاش نے کی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ مجھ سے خیر بن عبداللہ نے روایت کی اور اُنھوں نے حسین بن رَوح سے روایت کی کہ اُنھوں نے کہا کہ تم ماہِ رجب میں جس روضے کے قریب ہو اُس کی زیارت کرو اور جب روضے میں داخل ہو تو یہ کہو:

"ویرجعنی من حضرتکم خیر مرجع الی جناب ممرع، موسّع ودعة ومهل الی حین الاجل وخیر مصیر ومحلّ فی النعیم الازل والعیش المقتبل ودوام الاکل، وشرب الرحیق والسلسبیل وعسل ونهل لاسام منه ولا ملل ورحمة الله وبرکاته و تحیّاته۔ اس کے بعد کا فقرہ رجعت کے بارے میں ہے کہ: "حتّی العود الیٰ حضرتکم والفوز فی کرّتکم" یہانتک کہ۔ اور آپ کو رجعت میں کامیابی ہو۔"

(مصباحین۔ مصباح الزائرین)

(۱۰۷) تیسری شعبان کی زیارت میں رجعت

ابوالقاسم بن علاء ہمدانی وکیلِ حضرت ابومحمّد امام حسن عسکری علیہ السّلام کے پاس ایک توقیع نکلی۔ کہ حضرت امام حسین علیہ السّلام یومِ پنجشنبہ ۳ شعبان کو تولّد ہوئے لہٰذا اس روز تم روزہ رکھو اور یہ دعاء پڑھو: پھر دعاء بتائی:...

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قولہ "وسیّد الاُسرۃ الممدود بالنصرۃ یوم الکرّۃ المعوّض"
اس فقرے میں "یوم الکرّۃ" سے مراد رجعت ہے۔ اور اس دعا کا
سب سے آخری فقرہ: "وننتظر اَوبتہ" آمین ربّ العالمین۔
یعنی: اور ہم ان کی واپسی کے منتظر رہیں گے۔

(۱۰۸) زیارتِ سرداب میں رجعت کا ذکر

مقامِ سرداب (تہ خانہ) میں حضرت امام قائم علیہ السلام کی جو زیارت مرقوم ہے
اس میں یہ فقرے ہیں: "وفّقنی یاربّ للقیام بطاعتہ، و للثوی وخدمتہ
والمکث فی دولتہ، واجتناب معصیتہ"، فان توفّیتنی
اللّٰھم قبل ذلک فاجعلنی یاربّ فیمن یکرُّ فی رجعتہ"
"پروردگارا! مجھے توفیق عطا فرمانا امام قائمؑ کے زمانہ میں ان کی اطاعت کی اور
ان کی خدمت و مہمانی کی اور ان کی حکومت میں رہنے اور ان کی معصیت و نافرمانی
سے بچنے کی۔ پروردگارا! اور اگر ان کے ظہور سے قبل تو مجھے موت دے تو پھر
مجھے ان لوگوں میں قرار دے جو اُن کے ظہور کے وقت دوبارہ زندہ ہوں۔
اس کے بعد یہ ہے: ویملک فی دولتہ ویتمکن فی ایّامہ، و یستظلّ تحت
اعلامہ ویحشر فی زمرتہ وتقرّ عینہ برؤیتہ"۔
(مصباح الزائر)

(۱۰۹) ایک دوسری زیارت میں بھی ذکرِ رجعت

اور حضرت صاحب الامر علیہ السلام کی ایک دوسری زیارت میں یہ ہے کہ
"وَاِن اَدرکنی الموت قبل ظھورک فانّی اتوسّل بک
الی اللّٰہ ان یصلّی علیٰ محمّدٍ وّ آلِ محمّدٍ وَان یجعل
لی کرّۃ فی ظھورک ورجعۃ فی ایّامک....."
یعنی: "اے مولا! اگر آپ کے ظہور سے پہلے مجھے موت آجائے تو میں آپ میں آپ
ہی کا واسطہ دے کر اللہ سے دعا مانگتا ہوں کہ وہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت
نازل فرمائے اور آپ کے ظہور کے زمانے میں مجھے دوبارہ زندہ کر کے
اس دنیا میں بھیجے اور آپ کے عہدِ حکومت میں میری رجعت ہو۔
لأُبلغ من طاعتک مرادی واَشفی من اعدائک فؤادی: تاکہ آپ کی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اطاعت کر کے دلی مراد حاصل کروں اور آپ کے دشمنوں کو قتل ہوتا دیکھ کر میرا دل ٹھنڈا ہو۔"

(۱۱۰) ایک اور زیارت میں رجعت کا بیان

ایک اور زیارت میں یہ فقرہ ہے:

" اللّٰھم اُرنا وجہ ولیّک المیمون فی حیاتنا وبعد المنون ۔ اللّٰھم اِنّی اَدین لک بالرّجعۃ بین یدی صاحب ھذہ البقعۃ "

یعنی " یااللہ! تو مجھے اپنے ولیِ امر کا مبارک چہرہ دکھا دے خواہ مجھے میری زندگی میں دکھا دے یا مرنے کے بعد۔ اے اللہ! میں اس صاحبِ بقعۂ مبارک کے سامنے اعتقادِ رجعت کے ذریعے سے تجھ سے تقرّب چاہتا ہوں۔"

(مصباح الزائر)

(۱۱۱) امامِ زمانہؑ کے لشکر میں شرکت کی دعاء

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو:

" من دعا الی اللہ اربعین صباحًا بھذا العھد کان من انصار قائمنا، فان مات قبلہ اخرجہ اللہ تعالیٰ من قبرہ واعطاہ بکلّ کلمۃ الف حسنۃ و محا عنہ الف سیّئۃ وھو ھذا:

ترجمہ " جو شخص چالیس صبح تک اس عہد کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا تو اُس کا شمار ہمارے قائم کے انصار میں ہوگا اور اگر ان کے ظہور سے پہلے مر گیا تو اللہ تعالیٰ اس کو اس کی قبر سے اُس وقت اُٹھائے گا[1] اس دعا کے ہر کلمہ کے بدلے اُس کے نامۂ اعمال میں ایک ہزار حسنات لکھ دے گا اور ایک ہزار گناہ محو فرما دے گا۔ وہ دعاء یہ ہے:

دعائے عہد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النُّوْرِ الْعَظِیْمِ وَرَبَّ الْکُرْسِیِّ الرَّفِیْعِ وَرَبَّ الْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ وَمُنْزِلَ التَّوْرٰىۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَ الزَّبُوْرِ وَرَبَّ الظِّلِّ وَالْحَرُوْرِ وَمُنْزِلَ الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ

[1] اور اس کو امامِ زمانہؑ کے انصار میں شامل کرے گا۔ (گوہرِ یگانہ میں یہ جملہ بھی ہے)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَرَبِّ الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ۔
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَ بِنُوْرِ
وَجْهِكَ الْمُنِيْرِ وَمُلْكِكَ الْقَدِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَسْئَلُكَ
بِاسْمِكَ الَّذِيْٓ اَشْرَقَتْ بِهِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرَضُوْنَ وَ
بِاسْمِكَ الَّذِيْ يَصْلُحُ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ يَا حَيُّ قَبْلَ
كُلِّ حَيٍّ وَيَا حَيُّ بَعْدَ كُلِّ حَيٍّ وَيَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ يَا مُحْيِيَ
الْمَوْتٰى وَمُمِيْتَ الْاَحْيَآءِ يَا حَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَللّٰهُمَّ
بَلِّغْ مَوْلَانَا الْاِمَامَ الْهَادِيَ الْمَهْدِيَّ الْقَآئِمَ بِاَمْرِكَ
صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰبَآئِهِ الطَّاهِرِيْنَ عَنْ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ فِيْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا سَهْلِهَا وَجَبَلِهَا
وَبَرِّهَا وَبَحْرِهَا وَعَنِّيْ وَعَنْ وَالِدَيَّ مِنَ الصَّلَوَاتِ زِنَةَ
عَرْشِ اللّٰهِ وَمِدَادَ كَلِمٰتِهٖ وَمَآ اَحْصَاهُ عِلْمُهٗ وَاَحَاطَ بِهٖ
كِتَابُهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اُحَدِّثُ لَهٗ فِيْ صَبِيْحَةِ يَوْمِيْ هٰذَا
وَمَا عِشْتُ مِنْ اَيَّامِيْ عَهْدًا وَّعَقْدًا وَّبَيْعَةً لَّهٗ فِيْ
عُنُقِيْ لَآ اَحُوْلُ عَنْهَا وَلَآ اَزُوْلُ اَبَدًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنْ
اَنْصَارِهٖ وَاَعْوَانِهٖ وَالذَّآبِّيْنَ عَنْهُ وَالْمُسَارِعِيْنَ اِلَيْهِ
فِيْ قَضَآءِ حَوَآئِجِهٖ وَالْمُمْتَثِلِيْنَ لِاَوَامِرِهٖ وَالْمُحَامِيْنَ عَنْهُ
وَالسَّابِقِيْنَ اِلٰى اِرَادَتِهٖ وَالْمُسْتَشْهِدِيْنَ بَيْنَ يَدَيْهِ۔
اَللّٰهُمَّ اِنْ حَالَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ الْمَوْتُ الَّذِيْ جَعَلْتَهٗ
عَلٰى عِبَادِكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا فَاَخْرِجْنِيْ مِنْ قَبْرِيْ مُؤْتَزِرًا
كَفَنِيْ شَاهِرًا سَيْفِيْ مُجَرِّدًا قَنَاتِيْ مُلَبِّيًا دَعْوَةَ الدَّاعِيْ
فِي الْحَاضِرِ وَالْبَادِيْ۔
اَللّٰهُمَّ اَرِنِي الطَّلْعَةَ الرَّشِيْدَةَ وَالْغُرَّةَ الْحَمِيْدَةَ
وَاكْحُلْ نَاظِرِيْ بِنَظْرَةٍ مِّنِّيْ اِلَيْهِ وَعَجِّلْ فَرَجَهٗ وَسَهِّلْ
مَخْرَجَهٗ وَاَوْسِعْ مَنْهَجَهٗ وَاسْلُكْ بِيْ مَحَجَّتَهٗ وَاَنْفِذْ
اَمْرَهٗ وَاشْدُدْ اَزْرَهٗ وَاعْمُرِ اللّٰهُمَّ بِهِ بِلَادَكَ وَاَحْيِ
بِهٖ عِبَادَكَ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ "ظَهَرَ الْفَسَادُ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِى النَّاسِ فَاَظْهِرِ اللّٰهُمَّ لَنَا وَلِيَّكَ وَابْنَ بِنْتِ نَبِيِّكَ الْمُسَمّٰى بِاسْمِ رَسُوْلِكَ حَتّٰى لَا يَظْفَرَ بِشَىْءٍ مِّنَ الْبَاطِلِ اِلَّا مَزَّقَهٗ وَيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُحَقِّقَهٗ وَاجْعَلْهُ اَللّٰهُمَّ مَفْزَعًا لِّمَظْلُوْمِ عِبَادِكَ وَنَاصِرًا لِّمَنْ لَّا يَجِدُ لَهٗ نَاصِرًا غَيْرَكَ وَمُجَدِّدًا لِّمَا عُطِّلَ مِنْ اَحْكَامِ كِتَابِكَ وَمُشَيِّدًا لِّمَا وَرَدَ مِنْ اَعْلَامِ دِيْنِكَ وَسُنَنِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاجْعَلْهُ اَللّٰهُمَّ مِمَّنْ حَصَّنْتَهٗ مِنْ بَاْسِ الْمُعْتَدِيْنَ۔

اَللّٰهُمَّ وَسُرَّ نَبِيَّكَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ بِرُؤْيَتِهٖ وَمَنْ تَبِعَهٗ عَلٰى دَعْوَتِهٖ وَارْحَمِ اسْتِكَانَتَنَا بَعْدَهٗ۔

اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ هٰذِهِ الْغُمَّةَ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بِحُضُوْرِهٖ وَعَجِّلْ لَنَا ظُهُوْرَهٗ اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا۔ اَلْعَجَلَ الْعَجَلَ يَا مَوْلَايَ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ اس کے بعد تین بار اپنی دائیں ران پر ہاتھ مارے اور ہر مرتبہ ہاتھ مارتے وقت یہ کہے: اَلْعَجَلَ يَا مَوْلَايَ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ۔

(ترجمہ دعائے عہد)

اللہ کے نام سے جو رحمٰن ہے نہایت رحم والا ہے

"اے اللہ اے نورِ عظیم کے پروردگار۔ اے بلند کرسی کے پروردگار، اے موجیں مارتے ہوئے سمندر کے پروردگار۔ اے توریت و زبور و انجیل کے نازل کرنے والے، اے سائے اور دھوپ کے پروردگار، اور قرآنِ عظیم کے نازل کرنے والے۔ اور اے ملائکۂ مُقرّبین اور انبیاء و مرسلین کے پروردگار!

اے اللہ! بیشک میں تجھ سے تیرے چہرہ (وجہ) کریم کے واسطے سے اور تیرے روشن چہرے کے نور کے واسطے سے، تیرے مُلکِ قدیم کے واسطے سے سوال کرتا ہوں، اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، اے ہمیشہ قائم رہنے والے، میں تجھ سے تیرے اُس اسم کے واسطے سے سوال کرتا ہوں جس کے ذریعے سے تمام آسمان اور زمین چمک اُٹھی، اور تیرے اُس اسم کے واسطے سے جس کے ذریعے سے اوّلین و آخرین نے اصلاح حاصل کی۔ اے ہر زندہ سے قبل اور اے ہر زندہ کے بعد زندہ رہنے والے۔ اے وہ زندہ کہ جب کوئی زندہ نہ تھا اور اے مُردوں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کو زندہ کرنے والے اور اے زندوں کو موت دینے والے، اے زندہ! نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے۔

یا اللہ! تو میرے مولا و آقا امام ہادی و مہدی قائم ہیں تیرے حکم سے رحمتیں نازل ہوں اللہ کی اُن حضرت پر اور اُن کے آبائے پاکیزہ پر بھی، کی خدمت میں تمام مومنین و مومنات کی طرف سے خواہ وہ مشارق میں ہوں یا زمین کے مغارب میں، پہاڑوں کے باشندے ہوں یا ہموار میدانوں کے۔ خشکی میں رہنے والے ہوں یا تری کے، ان سب کی طرف سے نیز میری طرف سے اور میرے والدین کی طرف سے اتنے درود پہنچا دے جو وزن میں اللہ کے عرش اور اُس کے کلمات کی روشنائی کے برابر درود پہنچا دے اتنے (بیشمار) تعداد میں جس کا شمار صرف اُس کا علم اور اُس کی کتاب اس کا احاطہ کیے ہو۔

پروردگار، میں آج صبح، بلکہ جبتک میں زندہ رہوں گا ہر صبح کو آنجناب سے اپنے عہد کی تجدید کرتا ہوں کہ ان کی بیعت کا قلادہ (یا پھندا) میری گردن میں ہمیشہ پڑا رہے گا، میں اس سے کبھی نہ پھروں گا اور نہ میں اس عہد کو کبھی توڑوں گا۔

اے اللہ! تو مجھے ان کے انصار و اعوان اور ان کی حفاظت کرنے والوں میں قرار دے، اور ان لوگوں میں قرار دے کہ مولا و آقا کو ضرورت ہو تو فوراً دوڑتا ہوا اُن جناب کی خدمت میں حاضر ہو جاؤں۔ اور اُن جناب کی ہر خواہش کو پورا کرنے کے لیے اُن کے ہر حکم کی تعمیل کرنے والوں، اُن کے دشمنوں کو ان سے دفع کرنے والوں، ان کی منشاء پر چلنے والوں اور اُن کے سامنے مرتبۂ شہادت پر فائز ہونے والوں میں میرا شمار ہو جائے۔

اے اللہ! اگر میرے اور میرے آقا کے درمیان وہ موت حائل ہو جائے جسے تو نے اپنے ہر بندے کے لیے حتمی قرار دیا ہے تو پھر ایسا کر کہ میں کفن پہنے ہوئے تلوار کھینچے ہوئے، نیزہ بلند کیے ہوئے پکارنے والے کی آواز پر لبیک کہتا ہوا اپنی قبر سے نکل کھڑا ہوں۔

اے اللہ! تو مجھے اُن جناب کی زیارت کا پُرنور جلوہ اور اُن کی قابلِ تعریف جھلک کا شرف حاصل کرا دے اور اُن کے نظارے کا سرمہ میری آنکھوں میں لگا دے اور اُن کی کشادگی میں تعجیل فرما، اُن کے ظہور کو آسان فرما، اُن کے راستے کو کشادہ فرما

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور مجھے اُن کے راستے پر چلا اور اُن امرِ حکومت کو نافذ فرما اور اے اللہ! اُن کے ذریعے سے اپنے شہروں کو زندہ کر، ان کی کمر مضبوط کر اپنے بندوں میں حیاتِ نو ڈال دے۔ اس لیے کہ تو نے ارشاد فرمایا ہے اور تیرا قول حق ہے: کہ:

"ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ" (روم ۴۱)

(فساد پھیلا ہوا ہے تمام خشکی و تری میں جو لوگوں نے خود ہی برپا کیا ہے)

پس اے اللہ! تو اپنے ولیِ امر اپنے نبیؐ کی بیٹی کے فرزند جس کا نام تیرے رسولؐ کا نام ہے، کو ہمارے لیے ظاہر فرما دے تاکہ وہ جس چیز کو بھی باطل پائیں اُسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیں اور حق کو حق ثابت کر دیں اور اُس کا بول بالا کر دیں۔

اے اللہ! تو انھیں اپنے مظلوم بندوں کا فریادرس قرار دے اور جس کا کوئی ناصر نہ ہو اُس کا ناصر و مددگار بنا دے، اور تیری کتاب کے جو احکام معطّل کر دیے گئے ہیں اُن کا مجدّد اور تیرے نبیؐ کی سنّت اور تیرے اعلامِ دین کو مستحکم کرنے والا قرار دے۔

اے اللہ! تو اُن کی حفاظت فرما ظالموں کے ظلم سے اور اُن کی زیارت و رویت سے اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور اُن کی دعوت کی پیروی کرنے والے کو مسرور و شاداں فرما اور ہم لوگوں پر رحم فرما آنحضرتؐ کے بعد ہماری عاجزی اور فروتنی پر۔

اے اللہ! امام قائم علیہ السلام کے ظہور سے تو اِس اُمّت کے سارے غم و رنج کو دور فرما، اُن کے ظہور میں تعجیل فرما۔ لوگ تو اُن کے ظہور کو بہت دور سمجھتے ہیں مگر ہم اس کو قریب ہی سمجھتے ہیں۔

اے مولا، اے صاحب الزمان تعجیل فرمائیے تعجیل فرمائیے۔ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے تجھے اپنی رحمت کا واسطہ۔

پھر تین مرتبہ اپنے داہنے زانو پر اپنا ہاتھ مارے اور کہے اور ہر مرتبہ العجل یا مولای یا صاحب الزّمان کہے: (مصباح الزائر)

(۱۱۲) آنحضرتؐ اور قبورِ ائمّہؑ کی زیارت میں ذکرِ رجعت

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص حضرت رسول اللہؐ اور ائمّہ طاہرینؑ کے قبور کی زیارت دور سے کرنا چاہتا ہے تو یہ کہے۔ پھر آپ نے پوری زیارت

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بتائی جس کا ایک جملہ یہ ہے کہ:

"اِنّی مِنَ القائلین بفضلکم مُقِرٌّ بِرَجعَتِکُم لَا اُنکِرُ لِلّٰہِ قُدرَۃَ وَلَا اَزعَمُ اِلّا مَا شآءَ اللّٰہ"

ترجمہ (بیشک میں آپ حضرات کے فضل وشرف کا قائل ہوں، مجھے آپ حضرات کی رجعت کا اقرار ہے مجھے اللہ کی قدرت سے انکار نہیں، میرا تو وہی خیال ہے جو اللہ چاہے۔)

(۱۱۳) قبضِ روحِ مومن اور رجعت

محمّد بن یحییٰ نے احمد بن محمّد سے، اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے عمّار بن مروان سے اور عمّار بن مروان نے ایک ایسے شخص سے روایت کی ہے جس نے خود ہی حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے ایک طویل حدیث میں قبضِ روحِ مومن کے متعلق سُنا: قال: "ثمّ یزور آل محمّد فی جنان رضوی فیاکل معھم من طعامھم و یشرب معھم من شرابھم و یتحدّث معھم فی مجالسھم حتّی یقوم قائمنا اھل البیت، فاذا قام قائمنا بعثھم اللہ فاقبلوا معہ یلبّون زمرًا زمرًا فعند ذلک یرتاب المبطلون، و یضمحلّ المحلّون، وقلیل ما یکونون، ھلکت المحاضیر ونجا المقرّبون۔

من اجل ذلک، قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ لِعلیّ علیہ السّلام: اَنتَ اَخی ومیعاد ما بینی وبینک وادی السّلام"۔

ترجمہ روایت "امام علیہ السّلام نے فرمایا: پھر وہ مومن جنّتِ رضوی میں آلِ محمّد کی زیارت کرتا، کھاتا پیتا ہے اور ان کے ساتھ اُن کی مجالس میں بیٹھ کر ان حضرات سے گفتگو کرتا رہے گا یہاں تک کہ ہم اہلِ بیتؑ کا قائمؑ ظہور کرے گا اور جب وہ ظہور کریگا تو اللہ تعالیٰ اُن مومنین کو دوبارہ زندہ کر کے دنیا میں بھیجے گا پس وہ گروہ در گروہ لبّیک کہتے ہوئے اُن کی خدمت میں حاضر ہوں گے۔ اُس وقت اہلِ باطل ریب وشک میں مبتلا ہو جائیں گے اور مقرّبین کو نجات حاصل ہوگی اسی بناء پر رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا: "اے علیؑ تم میرے بھائی ہو اور ہماری اور تمھاری ملاقات کی جگہ اور وعدہ گاہ وادی السّلام ہے۔ (کافی، کتاب المحتضر)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱۴) امیر المومنینؑ نے ارشاد فرمایا: ؟

کتاب مذکور میں فضل سے، اُنھوں نے صالح بن حمزہ سے، اُنھوں نے حسن بن عبداللہ سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

"انا الفاروق الاکبر وصاحب المیسم، واُنا صاحب النشر الاوّل، والنّشر الآخر وصاحب الکرّات و دولة الدُّول و علیٰ یدی یتمّ موعد اللہ وتکمل کلمتہ وبی یکمل الدّین۔"

ترجمہ: "میں فاروقِ اکبر اور صاحب میسم ہوں، میں صاحب نشر اوّل ونشر آخر ہوں، میں صاحب کرّات (بار بار رجعت کرنے والا) ہوں، اور دولت الدُّول ہوں، میرے ہی ہاتھوں اللہ کا وعدہ پورا ہوگا اور اس کا کلمہ تکمیل پر پہونچے گا، میرے ہی ذریعہ دین کامل ہوگا۔ (کتاب المحتضر)

(۱۱۵) زیارتِ امام حسینؑ میں رجعت کے فقرے

حسین بن محمّد بن عامر نے احمد بن اسحاق بن سعد سے، اُنھوں نے سعدان بن مسلم قائد ابوبصیر سے، اُنھوں نے کہا کہ ہمارے اصحاب میں سے ایک نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے زیارتِ امام حسین علیہ السلام کے متعلق یہ فقرہ بھی فرمایا ہے: "وَنُصْرَتِیْ لَکُمْ مُعَدَّةٌ حَتّٰی یَحْکُمَ اللّٰہُ وَیَبْعَثُکُمْ فَمَعَکُمْ مَعَکُمْ لَا مَعَ عَدُوِّکُمْ، اِنِّیْ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ بِرَجْعَتِکُمْ لَا اُنْکِرُ لِلّٰہِ قُدْرَةً وَلَا اُکَذِّبُ لَہٗ مَشِیَّةً وَلَا اَزْعَمُ اَنَّ مَا شَآءَ لَا یَکُوْنُ۔"

ترجمہ "مولا! میری نصرت آپ حضرات کے لیے بالکل تیار اور آمادہ رہے گی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہو اور آپ لوگوں کو دوبارہ اس دنیا میں دوبارہ اللہ بھیجے۔ میں آپ لوگوں کے ساتھ اور صرف آپ حضرات کے ساتھ ہوں اور آپ کے دشمنوں کے ساتھ نہیں ہوں میں آپ حضرات کی رجعت پر ایمان رکھنے والے مومنین میں سے ہوں میں اللہ کی قدرت سے منکر نہیں ہوں اور نہ مشیّتِ الٰہی کی تکذیب کرنے والا ہوں[1]

[1] مجھے اس کا وہم تک نہیں کہ جو اللہ چاہے وہ نہ ہو۔ (کامل الزیارات)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱۶) ابوحمزہ ثمالی کی روایت ؟

ابو عبدالرحمان محمدؐ بن احمد بن الحسن العسکری اور محمدؐ بن الحسن سب نے حسن بن علی بن مہزیار سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے ابنِ ابوعمیر سے، اُنھوں نے محمدؐ بن مروان سے، اُنھوں نے ابوحمزہ ثمالی سے اور ابوحمزہ ثمالی نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے زیارت امام حسین علیہ السّلام میں یہ فقرے منقول ہیں:

"وَنُصْرَتِیْ لَکُمْ مُعَدَّۃٌ حَتّٰی یُحْیِیَکُمُ اللّٰہُ لِدِیْنِہٖ وَیُعِزَّکُمْ وَاَشْہَدُ اَنَّکُمُ الْحُجَّۃُ وَبِکُمْ تُرْجَی الرَّحْمَۃُ، فَمَعَکُمْ مَعَکُمْ لَا مَعَ عَدُوِّکُمْ اِنِّیْ (بایا) بِکُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَا اُنْکِرُ لِلّٰہِ قُدْرَۃً وَلَا اُکَذِّبُ مِنْہُ بِمَشِیَّۃٍ۔

ثُمَّ قَالَ ؑ: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَبْدِکَ وَاَخِیْ رَسُوْلِکَ اِلٰی اَنْ قَالَ: اَللّٰھُمَّ اَتْمِمْ بِہٖ کَلِمَاتِکَ وَاَنْجِزْ بِہٖ وَعْدَکَ وَاَھْلِکْ بِہٖ عَدُوَّکَ وَاکْتُبْنَا فِیْ اَوْلِیَائِہٖ وَاَحِبَّائِہٖ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا شِیْعَۃً وَاَنْصَارًا وَاَعْوَانًا عَلٰی طَاعَتِکَ وَطَاعَۃِ رَسُوْلِکَ وَمَا وَکَّلْتَ بِہٖ وَاسْتَخْلَفْتَہٗ عَلَیْہِ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔"

ترجمہ: "مولا! میری نصرت آپ حضرات کے لیے فراہم ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ آپ حضرات کو اپنے دین کے لیے پھر سے زندہ کرے اور دوبارہ دنیا میں بھیجے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ لوگ اللہ کی حجت ہیں۔ آپ حضرات کی وجہ سے رحمت خدا کی اُمید کی جاتی ہے پس میں آپ لوگوں کے ساتھ ہوں آپ لوگوں کے ساتھ ہوں آپ کے دشمنوں کے ساتھ ہرگز نہیں ہوں۔ میں آپ حضرات کی رجعت پر ایمان رکھتا ہوں، میں اللہ کی قدرت سے انکار نہیں کرتا اور نہ اس کی مشیت کی تکذیب کرتا ہوں۔

پھر فرمایا: اے اللہ! تو رحمت نازل فرما امیرالمومنینؑ پر جو تیرے بندے ہیں اور تیرے رسول کے بھائی ہیں۔ یہ کہتے ہوئے کہا: اے اللہ! تو اپنے کلمات اُن کے ذریعے سے تمام کر اور اپنا وعدہ ان کے ذریعے سے پورا فرما، اُن کے ذریعے سے اپنے دشمنوں کو ہلاک کر اور ہمیں ان کے دوستوں اور محبوں میں شمار فرما، اور ہمیں اُن کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شیعوں اور انصار و اعوان و مددگاروں میں اپنی اطاعت اور تیرے رسولؐ کی اطاعت پر قرار دے اے ربّ العالمین۔

(۱۱۷) عروۃ عقرقوفی کی روایت

ابی اور شیوخ کی ایک جماعت نے محمّد بن یحییٰ عطّار سے اور مجھ سے محمّد بن متّ جوہری سب نے بیان کیا ہے اور اُنھوں نے محمّد بن احمد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے علی بن حسّان سے، اُنھوں نے عروۃ بن اخی شعیب عقرقوفی سے، عقرقوفی نے کسی شخص سے روایت بیان کی ہے اُس کا بیان ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا: کہ تو امام حسینؑ کی قبر کے نزدیک پہونچے تو یہ کہہ:

"اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْہُ آخِرَ الْعَھْدِ مِنْ زِیَارَۃِ قَبْرِ ابْنِ نَبِیِّکَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَحْمُوْدًا تَنْتَصِرُ بِہٖ لِدِیْنِکَ وَتَقْتُلُ بِہٖ عَدُوَّکَ فَاِنَّکَ وَعَدْتَّہٗ وَاَنْتَ الرَّبُّ الَّذِیْ لَاتُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔" کذلک تقول عند قبور کل الائمّۃ ؑ۔

ترجمہ: اے اللہ! میری اس زیارت کو اپنے نبیؐ کے فرزند کی قبر کی آخری زیارت نہ قرار دینا۔ پروردگار ان جناب کو مقامِ محمود پر فائز کر اور اُن سے اپنے دین کی مدد لے، ان کے ہاتھوں اپنے دشمنوں کو قتل کرا۔ اس لیے کہ یہ تیرا وعدہ ہے اور تو وہ پروردگار ہے جو اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔

"اسی طرح تم ہر امام کی قبر پر یہ کہہ سکتے ہو"۔

(۱۱۸) دعاءِ یومِ دحوالارض میں رجعت کا ذکر

اقبال الاعمال میں مرقوم ہے کہ روزِ دحوالارض یہ دعا پڑھنا مستحب ہے۔ پھر اس دعا میں یہ بھی ہے کہ:

"وَابْعَثْنَا فِیْ کَرَّتِہٖ حَتّٰی نَکُوْنُ فِیْ زَمَانِہٖ مِنْ اَعْوَانِہٖ"

اور (پروردگارا!) تو آنجناب کی رجعت کے زمانہ میں ہمیں بھی دوبارہ دنیا میں بھیج تاکہ ہم آنجناب کے اعوان و انصار میں قرار پائیں۔"

(کتاب اقبال الاعمال)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۱۹) قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ کی تاویل

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ قرآن کی اس آیت کی تفسیر میں امامؑ نے فرمایا:

الآیت: "قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ" (سورۂ عبس: ۱۷)

(انسان کو کس خطا پر قتل کیا گیا ہے۔)

اِس سے مراد امیر المومنین ہیں۔ ما اکفرہ کا مطلب یہ ہے کہ آخر امیر المومنینؑ نے کیا خطا کی تھی جس پر اُنھیں قتل کر دیا گیا؟۔

اس کے بعد: مِنْ اَیِّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ ؕ کس چیز سے اُس نے اُسے خلق کیا ہے؟۔ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۙ ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَهٗ ۙ یعنی اُس نے اُسے نطفہ سے خلق کیا، پھر اُسے نہایت ہی مناسب بنا دیا۔۔۔ پھر ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔

یعنی: ان کے لیے راہِ خیر آسان کر دی۔۔۔ پھر ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔

ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۙ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ؕ

(پھر اُسے موت دی اور قبر میں اُتار دیا۔ پھر جب وہ چاہے گا اُسے اُٹھائے گا)

فرمایا: اِس سے مراد، دورِ رجعت ہے۔

"كَلَّا لَمَّا یَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ؕ"

(جو حکم اُسے دیا گیا تھا وہ اُسے بجا نہ لا سکا۔

یعنی: امیر المومنین ابھی تک اپنے امر کو پورا نہ کر سکے تو وہ رجعت میں پھر آکر اپنے امر کو پورا کریں گے

✱ ابو سلمہ سے روایت ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت امام ابو جعفر، محمد باقر علیہ السلام سے قولِ خدا قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ کی شانِ نزول کے بارے میں سوال کیا۔ تو آپ نے فرمایا:

نَعَمْ، نزلت فی امیر المؤمنین علیہ السلام۔

(ہاں یہ امیر المؤمنین علیہ السلام کے لیے نازل ہوئی ہے۔

"مَآ اَكْفَرَهٗ" یعنی بقتلکم ایاہ۔ ثمّ نسب امیر المومنین

فقال: "مِنْ اَیِّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ": یقول: من طینة الانبیاء خلقه،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یعنی: ان کی خلقت طینتِ انبیاء سے ہے۔ فَقَدَّرَهُ لِلْخیر: یہ خیر کے لیے مقدر ہوئے۔ " ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَهُ " ہدایت کا راستہ آسان ہوا یعنی سبیل الہدیٰ (ہدایت کا راستہ) " ثُمَّ اَمَاتَهُ " میتۃ الانبیاء۔ انبیاء کی طرح ان کی بھی موت ہوئی۔ " ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهُ " میں نے عرض کیا کہ اِس کا کیا مطلب ہے؟ " ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهُ " ؟

فرمایا: یمکث بعد قتله فی الرجعة فیقضی ما امرہ

مطلب یہ ہے کہ: وہ اپنے قتل کے بعد زمانۂ رجعت میں دوبارہ آئیں گے اور اپنے امر کو پورا کریں گے۔ (کنز جامع الفوائد)

(۱۲۰) دآبۃ الارض سے مراد

محمد بن عباس نے جعفر بن محمد بن الحسین سے، اُنھوں نے عبداللہ بن عبدالرحمان سے، اُنھوں نے محمد بن عبدالحمید سے، اُنھوں نے مفضل بن صالح سے، اُنھوں نے جابر سے، جابر نے ابوعبداللہ جدلی سے روایت کی ہے جدلی نے کہا کہ ایک دن میں حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا " اَنَا دَآبَّةُ الْاَرْض " میں دآبۃ الارض ہوں۔

نیز: ظہورِ امام قائم علیہ السلام کے متعلق جو علامات امیرالمومنینؑ نے بیان فرمائی ہیں ان میں قتلِ دجّال کا تذکرہ کرنے کے بعد فرمایا:

" اَلَا اِنَّ بعد ذلك الطامّة الكبرىٰ "

(آگاہ ہو جاؤ اس کے بعد طامۃ الکبریٰ ہے)

ہم نے عرض کیا کہ: یہ (طامۃ الکبریٰ) کیا ہے؟ اے امیرالمومنینؑ!؟

آپ نے فرمایا: " خروج دابّة (من) الارض من عند الصفا، معها خاتم سلیمان وعصا موسیٰ، تضع الخاتم علی وجه کلّ مؤمن فینطبع فیه: " هذا مؤمن حقّاً " ویضعه علیٰ وجه کلّ کافر فیکتب فیه: " هذا کافر حقّاً "۔۔ الیٰ آخرہ

یعنی (دآبۃ الارض کا خروج کوہِ صفا کے پاس ہوگا۔ اس کے پاس سلیمانؑ کی انگوٹھی اور عصائے موسیٰؑ ہوگا۔ وہ اس انگوٹھی کو ہر مومن کی پیشانی پر لگائیں گے تو اس پر نقش اُبھرے گا کہ (یہ حقیقتاً مومن ہے) اور کافر کی پیشانی پر لگائیں گے تو نقش اُبھرے گا کہ [1]

[1] (حقیقتاً کافر ہے۔) وغیرہ وغیرہ (کنز جامع الفوائد)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۲۱) امامؑ قائمؑ کے بعد امام حسینؑ کی رجعت

فضل بن شاذان نے حسن بن محبوب سے، اُنھوں نے عمرو بن ابی المقدام سے اُنھوں نے جابر جعفی سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقرؑ کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا:

"وَاللہ لیملکنَّ منّا اھل البیت رجل بعد موتہ ثلاثمائۃ سنۃ یزداد تسعًا۔" قلت: متیٰ یکون ذلک؟

قال: بعد القائمؑ۔ قلت: وکم یقوم القائمؑ فی عالمہ؟

قال: تسعۃ عشر سنۃ۔ ثمّ یخرج المنتصر فیطلب بدم الحسینؑ ودماء اصحابہ فیقتل ویسبی حتی یخرج السفّاح۔"

فرمایا: یعنی (خدا کی قسم، امام قائمؑ کی وفات کے بعد ہم اہلِ بیت میں سے ایک شخص تین سو نو ۳۰۹ سال حکومت کرے گا۔

میں نے عرض کیا: یہ کب ہوگا؟ آپ نے فرمایا: امام قائمؑ کے بعد۔

میں نے عرض کیا: امام قائم علیہ السلام ظہور کے بعد اس دنیا میں کتنے دن حکومت فرمائیں گے؟

آپ نے فرمایا: انیس ۱۹ سال۔ پھر منتصر (امام حسینؑ) رجعت فرمائیں گے اور وہ امام حسین علیہ السلام اور ان کے اصحاب کے خون کے انتقام میں دشمنوں کو قتل کریں گے اور قید کریں گے۔ یہاں تک کہ سفاح (امیرالمومنین علیہ السلام) رجعت فرمائیں گے۔"

(غیبتہ طوسی)

(۱۲۲) منتصر اور سفّاح سے مراد؟

عمرو بن ثابت نے جابر سے روایت کی ہے اور جابر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ فرما رہے تھے کہ:

"خدا کی قسم امام قائم علیہ السلام کی موت کے بعد ہم اہلِ بیتؑ میں سے ایک شخص تین سو نو ۳۰۹ سال تک حکومت کرے گا۔"

میں نے عرض کیا: یہ کب ہوگا؟ فرمایا: امام قائمؑ کی موت کے بعد ہوگا۔

میں نے عرض کیا: امام قائمؑ ظہور کے بعد اس دنیا میں کتنے عرصے تک زندہ رہیں گے؟

آپ نے فرمایا: اپنے ظہور سے لیکر موت تک انیس ۱۹ سال۔

میں نے عرض کیا: پھر اُن کی موت کے بعد تو بڑا ہرج واقع ہوگا؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپ نے فرمایا: ہاں، پچاس سال تک۔ پھر منتصر دنیا میں رجعت فرمائیں گے (امام حسینؑ) اور اپنے اور اپنے اصحاب کے خون کا انتقام لیں گے، دشمنوں کو قتل کریں گے اور قید کریں گے، یہاں تک کہ لوگ کہنے لگیں گے کہ اگر یہ ذرّیت انبیاء میں سے ہوتے تو ہرگز اسقدر قتل نہ کرتے۔ اور ان کے خلاف کالے اور گورے متّحد ہو جائیں گے اور اُن پر یلغار کر دیں گے اور وہ خانۂ کعبہ میں پناہ لیں گے، سخت مصائب کا سامنا ہوگا۔ اسی میں منتصر قتل ہو جائیں گے۔ تو اُن کے قتل کے بعد سفّاح (امیر المومنینؑ) غضبناک ہو کر خروج فرمائیں گے اور ہمارے تمام دشمنوں کو قتل کر ڈالیں گے۔

اور اے جابر! کیا تمھیں معلوم ہے کہ وہ منتصر اور سفّاح کون ہیں؟ منتصر (حسینؑ بن علیؑ) اور سفّاح سے مراد حضرت علی بن ابی طالب علیہ السّلام ہیں۔"

(۱۲۳) حضرت امیر المومنینؑ کا ارشاد: کہ میں...؟

(کتاب الاختصاص)

محمّد بن یحییٰ اور احمد بن محمّد نے محمّد بن حسن سے، اُنھوں نے علی بن حسّان سے اُنھوں نے ابو عبداللہ ریاحی سے، اُنھوں نے ابو صامت حلوانی سے، اُنھوں نے حضرت ابو جعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ حضرت امیر المومنین علیہ السّلام کا ارشاد ہے:

"لقد اُعطیت الستّ: علم المنایا والبلایا (والوصایا) وفصل الخطاب، وانّی لصاحب الکرّات ودولة الدُّول وانّی لصاحب العصا والمیسم والدّابّة التی تکلّم النّاس۔"

ترجمہ: "مجھے چھ چیزیں عطا کی گئی ہیں۔ علم منایا و بلایا و وصایا، اور فصل الخطاب، اور میں صاحبِ کرّات ہوں اور میں دولت الدّول ہوں، میں صاحبِ عصا و میسم ہوں اور میں وہ دابّۃ الارض ہوں جو لوگوں سے گفتگو کرے گا۔" (کافی۔ بصائر الدرجات)

(۱۲۴) میں قسیم الجنّۃ والنّار ہوں

محمّد بن مہران نے محمّد بن علی اور محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے احمد بن محمّد سے اُنھوں نے محمّد بن سنان سے، اُنھوں نے مفضّل سے اور اُنھوں نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت نقل کی ہے کہ حضرت امیر المومنین صلوات اللہ علیہ اکثر فرمایا کرتے تھے:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"اَنَا قسیم اللہ بین الجنّۃ والنّار و اَنَا الفاروق الاکبر و اَنَا صاحب العصا والمیسم"[1] (کافی)

ترجمہ: میں قسیم الجنّۃ والنّار ہوں۔ میں فاروقِ اکبر ہوں، میں صاحبِ عصا اور مسیم ہوں۔ (نشان ڈالنے والا ہوں) (کافی)

* محمّد بن سنان سے بھی اسی کے مثل روایت ہے۔ (کافی)
* علی بن محمّد اور محمّد بن حسن نے سہل بن زیاد سے، اُنھوں نے محمّد بن ولید شباب صیرفی سے، اُنھوں نے سعید الاعرج سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السّلام سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (کافی)

(۱۲۵) اللہ حق کو اہلِ حق کی طرف پلٹائے گا

علی نے اپنے والد سے، اُنھوں نے حمّاد سے، اُنھوں نے حریز سے، اُنھوں نے برید بن معاویہ سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا:

"وَاللہ لا تذھب الاَیّام و اللّیالی حتّی یحیی اللہ الموتیٰ و یمیت الاحیاء و یردّ الحقّ اِلیٰ اَھلہ و یقیم دینہ الّذی ارتضاہ لنفسہ اِلیٰ آخر ما اَورداہ فی کتاب الزکاۃ"

ترجمہ: "خدا کی قسم دن و رات کی آمد و رفت کا سلسلہ ابھی ختم نہ ہوگا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ مُردوں کو زندہ کرے گا اور زندوں کو مردہ، اور حق کو اس کے اہل کی طرف پلٹائے گا اور اپنے اِس دین کو قائم و غالب کرے گا جسے اُس نے اپنے لیے پسند فرمایا ہے۔۔۔۔۔" (کافی، تہذیب)

(۱۲۶) رجعتِ امام حسینؑ کی خبر

(سورۃ الاحقاف: ۱۵)

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت: "وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْہِ اِحْسَانًا" کی تفسیر مرقوم ہے کہ "انما عنی الحسنؑ والحسینؑ ثم عطف علی الحسینؑ" یعنی: اس سے امام حسنؑ و امام حسینؑ کو (اللہ تعالیٰ نے) مراد لیا ہے پھر امام حسینؑ کا تذکرہ کیا ہے اور فرمایا ہے: "حَمَلَتْہُ اُمُّہٗ کُرْھًا وَّوَضَعَتْہُ کُرْھًا" (اس کی ماں نے تکلیف کے ساتھ اُس کا حمل اُٹھایا اور تکلیف سے اُسے جنا)

[1] امیرالمومنینؑ رجعت میں لوگوں کی ناک پر نشان ڈالیں گے (جیسے مہر کا نشان)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قال : " و ذلك اَنَّ اللهَ اَخبر رسول الله و بشّرهٗ بالحسينؑ قبل حمله و اَنَّ الامامة يكون فی وُلده الی يوم القيامة "

یعنی : (اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہؐ کو امام حسینؑ کی قبلِ حمل ولادت کی بشارت دی ہے اور یہ بھی بتایا کہ امامت تاقیامت اُن کی نسل میں رہے گی۔)

ثمّ اَخبره بما يصيبه من القتل و المصيبة فی نفسه و ولده ثمّ عوّضه بأن جعل الامامة فی عقبه و اَعلمه اَنّه يقتل ثمّ يردّهٗ اِلی الدنيا و ينصره حتّی يقتل اعداءه و يملّكه الارض و هو قوله :

(الآية) " وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ ... " (سورۃ ۲۸ القصص آیت ۵) .... وقوله :

(الآية) " وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِى الزَّبُوْرِ " (سورۃ ۲۱ الانبیاء : ۱۰۵)

فبشّر الله نبيّه صلّی الله عليه وآله اَنَّ اَهل بيتك يملكون الارض و يرجعون اِليها و يقتلون اعداءهم فاَخبر رسول الله صلّی الله عليه وآله فاطمه عليها السلام بخبر الحسين عليه السلام و قتله ، فحملته كرهًا۔

ترجمۂ روایت : " (پھر یہ بھی خبر دی کہ اُن پر اور اُن کی اولاد پر کیا کیا مصائب یعنی قتل وغیرہ نازل ہوں گے۔

پھر اس کے عوض کے بارے میں بتایا کہ ان کی نسل میں اُن کے بعد امامت کو قرار دیا ہے اور بتایا کہ وہ قتل ہوں گے۔

پھر وہ دنیا میں واپس آئیں گے اور اُن کی مدد کی جائے گی تاکہ وہ اپنے دشمنوں کو قتل کریں اور سارے روئے زمین کے مالک بنیں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے

الآية " وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ "

ترجمہ (اور ہم نے چاہا ہے کہ جو زمین میں کمزور و بے بس کر دیے گئے تھے اُن کے اوپر احسان کریں۔) (قصص ۲۸ : ۵) اور ارشاد ہوا :

الآية " وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِى الزَّبُوْرِ " (انبیاء ۲۱ : ۱۰۵)

ترجمہ : (اور ہم نے زبور میں (اس کو) لکھ دیا ہے)

ترجمۂ روایت : تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ کو یہ خوشخبری دی کہ تمہارے اہلِ بیتؑ ساری

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

زمین کے مالک ہوں گے۔ دنیا میں رجعت کر کے آئیں گے اور اپنے دشمنوں کو تہِ تیغ کریں گے اور پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کو امام حسین علیہ السلام کے قتل کی خبر سنائی تو اُن کو یہ حمل ناگوار معلوم ہوا۔"

اس کے بعد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا، بتاؤ

" فهل رايتم احدًا يبشّر بولد ذكر فيحمله كرهًا. اَى انّها اغتمّت وكرهت لمّا اُخبرت بقتله ووضعته كرها لما علمت من ذلك وكان بين الحسن والحسين عليهما السلام طُهر واحد وكان الحسين عليه السلام في بطن اُمّه ستّة اشهر وفصاله اربعة وعشرون شهرا وهو قول الله (الاية) " وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا : " (الاحقاف ۴۶ : ۱۵)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: (ترجمۂ روایت)

پس کیا تم نے کسی عورت کو دیکھا ہے کہ اس کو فرزند کی (اولادِ نرینہ کی) خوشخبری دی جائے اور اُسے وہ حمل ناگوار گذرے؟ مگر جب (فاطمہ زہراؑ) کو اس فرزند کے قتل کی خبر دی گئی تو آپ غمگین ہوئیں اور یہ حمل آپ کو ناگوار گذرا۔ " وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا " یعنی جب آپ کو اُن کے قتل کی خبر ملی تو پھر وضع حمل بھی ناگواری کے ساتھ ہوا۔ اور امام حسن و امام حسین علیہما السلام کی ولادت کے درمیان ایک طُہر کا فاصلہ رہا۔ امام حسینؑ بطنِ مادر میں صرف چھ ماہ رہے اور مدّتِ رضاعت چوبیس ماہ رہی۔ اسی بنا پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

" وَحَمْلُهُ وَفِصْلُهُ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا "

یعنی: (اور اس کے حمل کی مدّت اور اُس کے دودھ چھڑانے کی مدّت تیس۳۰ ماہ ہے) (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۱۲۷) عذابِ رجعت کی خبر سورۂ طور آیت ۴۷ میں ہے

تفسیر علی بن ابراہیم میں قولِ خدا: " اِنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا " آلِ محمدؐ حقّهم " عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ " قال: عذاب الرجعة بالسيف "

یعنی: جن لوگوں نے آلِ محمدؐ کا حق غصب کیا ان کیلئے عذابِ آخرت کے سوا عذاب رجعت میں تلوار سے ہوگا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۲۸) آیتِ سورۂ قلم کی تفسیر

تفسیر علی بن ابراہیم میں قولِ خدا: "اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِ اٰیٰتُنَا" (جب اُس پر ہماری آیات تلاوت کی جاتی ہیں۔) یعنی ثانی پر، تو قَالَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ۔" (کہتا ہے کہ یہ تو گذرے ہوئے لوگوں کے قصّے کہانیاں ہیں) اَی اَکَاذِیْبُ الْاَوَّلِیْن

"سَنَسِمُهٗ عَلَی الْخُرْطُوْمِ" (عنقریب ہم اُس کی ناک پر داغ لگادیں گے) (القلم: ۱۵-۱۶)

قال ع: فی الرجعة اذا رجع امیر المؤمنین ویرجع اعداؤہ فیسمہم بمیسم معہ، کما توسم البہائم علی الخراطیم الانف والشفتان۔

آپ نے فرمایا: "یہ زمانۂ رجعت میں ہوگا جب حضرت امیر المؤمنین ع اور ان کے دشمن دونوں اِس دنیا میں بھیجے جائیں گے تو امیر المومنینؑ کے پاس نشان ڈالنے کی ایک چیز ہوگی اس سے آپ اُس کی ناک پر نشان لگائیں گے جس طرح جانوروں کی ناک اور ہونٹوں پر نشان لگایا جاتا ہے۔"

(تفسیر علی بن ابراہیم)

(۱۲۹) آیتِ سورۂ مدثّر کی تفسیر

تفسیر علی بن ابراہیم میں قولِ خدا "قُمْ فَاَنْذِرْ" (مدثّر: ۲)
(اُٹھو اور (لوگوں کو) ڈراؤ)

قال ع: "هو قیامه فی الرَّجعة ینذر فیها"
یعنی (: رسول اللہ ص رجعت میں لوگوں کو عذاب سے ڈرائیں گے) (تفسیر علی بن ابراہیم)

(۱۳۰) رجعتِ رسول اللہ ص و امیر المومنینؑ و مدّتِ حکومت

مجھ سے سیّد الجلیل بہاء الدّین علی بن عبد الحمید حسینی نے، اُنھوں نے احمد بن محمّد ابادی سے مرفوعاً احمد بن عقبہ، اُنھوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے رجعت کے متعلّق سوال کیا گیا کہ کیا رجعت حق ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔ پھر دریافت کیا گیا کہ: "وہ شخص کون ہوگا جو سب سے پہلے رجعت کریگا؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپ نے فرمایا: "وہ امام حسین علیہ السلام ہیں جو امام قائمؑ کے ظہور کے بعد سب سے پہلے رجعت کریں گے۔"

میں نے عرض کیا: اور اُن ہی کے ساتھ سب حضرات رجعت کریں گے؟

قال: لا بل کما ذکر اللہ تعالیٰ فی کتابہ:

"یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا" (النبأ: ۱۸)

(جس دن صور پھونکا جائے گا اور تم گروہ در گروہ آؤ گے)

یعنی: قوم بعد قوم = (ایک قوم کے بعد دوسری قوم رجعت کرے گی۔)

"

★ وعنہ علیہ السلام و یقبل الحسین علیہ السلام فی اصحابہ الذین قتلوا معہ ومعہ سبعون نبیًا کما بعثوا مع موسیٰ بن عمران۔ فیدفع الیہ القائم علیہ السلام الخاتم فیکون الحسین علیہ السلام ھو الذی یلی غسلہ وکفنہ وحنوطہ ویواریہ فی حفرتہ۔

یعنی: اور اُن ہی جناب سے مروی ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے اُن اصحاب کے ساتھ رجعت میں دوبارہ تشریف لائیں گے جو اصحاب آپ کے ساتھ قتل کیے گئے تھے اور آپ کے ساتھ ستر انبیاءؑ بھی اسی طرح مبعوث ہوں گے جس طرح حضرت موسیٰؑ بن عمران کے ساتھ بھیجے گئے تھے۔ تو اُس وقت حضرت امام قائم علیہ السلام انگوٹھی آپ کے حوالے کر دیں گے۔ پھر امام حسین علیہ السلام ہی امام قائم علیہ السلام کو غسل دیں گے، کفن پہنائیں گے اور حنوط کر کے حفرۂ قبر میں سپردِ خاک کر دیں گے۔

"

★ نیز جابر بن جعفی سے روایت ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو جعفر امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا۔ آپ فرما رہے تھے کہ:

"واللہ لیملکن منا اھل البیت رجل بعد موتہ ثلاثمائۃ سنۃ ویزداد تسعًا" قلت: متیٰ یکون ذلک؟

قال: بعد القائم علیہ السلام: قلت: وکم یقوم القائم فی عالمہ؟

قال: تسع عشرۃ سنۃ، ثم یخرج المنتصر الی الدنیا وھو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الحسین علیہ السلام ، فیطلب بدمہ ودم اصحابہ ،
فیقتل ویسبی حتی یخرج السفاح وھو امیر المومنین ؑ"

ترجمہ : " خدا کی قسم امام قائم علیہ السلام کی موت کے بعد ہم اہلِ بیت میں سے ایک شخص تین سو نو سال تک اور زیادہ ، دنیا پر حکومت کرے گا۔

میں نے عرض کیا : یہ کب ہوگا ؟

آپ نے فرمایا : امام قائم علیہ السلام کی وفات کے بعد۔

میں نے عرض کیا : امام قائم علیہ السلام ظہور کے بعد دنیا میں کتنے عرصے رہیں گے ؟

آپ نے فرمایا : انیس ۱۹ سال تک ۔ اِس کے بعد منتصر یعنی امام حسین علیہ السلام رجعت فرمائیں گے اور وہ اپنے اور اپنے اصحاب کے خون کا انتقام لیں گے ، دشمنوں کو قتل کریں گے ، انھیں قید کریں گے ، اِس کے بعد سفاح یعنی حضرت امیر المومنین علیہ السلام رجعت فرمائیں گے ۔

"

* اور اسد بن اسماعیل کے طریق سے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ ؑ نے فرمایا : کہ جس وقت آپ سے اُس دن کے متعلق سوال کیا گیا جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ : (معارج : ۴)

" فِیْ یَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُہٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَۃٍ ۚ "

(جس کا ایک دن مقدار میں پچاس ہزار سال کے برابر ہوگا۔)

آپ نے فرمایا : وھی کرّۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ فیکون ملکہ فی کرّتہ خمسین الف سنۃ ویملک امیر المؤمنین ؑ فی کرّتہ اربعۃ واربعین الف سنۃ ۔"

یعنی : یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رجعت کا دور ہوگا جس میں آپ پچاس ہزار سال حکومت فرمائیں گے اور امیر المومنین علیہ السلام اپنے دورِ رجعت میں چوالیس ۴۴ ہزار سال حکومت فرمائیں گے ۔ (منتخب البصائر)

(۱۳۱) میں ظہور کے بعد کیا کروں گا : امام قائم ؑ کا ارشاد

کتاب " السلطان المفرّج عن الایمان " مصنفہ سید جلیل بہاء الدین علی بن عبدالکریم حسنی میں علی بن مہزیار سے مرفوعاً روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں سو رہا تھا کہ عالمِ خواب میں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دیکھا کہ ایک شخص مجھ سے کہہ رہا ہے کہ اس سال حج پر جاؤ حضرت صاحب الزمانؑ سے تمہیں ملاقات کا شرف حاصل ہوگا۔ اور اس سلسلے میں ایک طویل حدیث بیان کرتے ہوئے کہا کہ:

ثمّ قال: یا مهزیار انّه اذا فقد الصین وتحرّك المغربیّ وسار العبّاسی وبویع السفیانی یؤذن لِوَلی الله فاَخرجُ بین الصفا والمروة فی ثلاثمائة وثلاثة عشر فاَجیٔ الی الکوفة فاَهدم مسجدها واَبنیه علیٰ بنائه الاوّل و اهدم ما حوله من بناء الجبابرة۔

واَحجُّ بالناس حجّة الاسلام واَجی الیٰ یثرب، فاَهدم الحجرة، واُخرج من بها وهما طریّان، فاَمر بهما تجاه البقیع وآمر بخشبتین یصلبان علیهما فتورقان من تحتهما، فیفتتن النّاس بهما اَشدّ من الاولیٰ فینادی مناد الفتنة من السّماء یاسماء انبذی و یاارض خذی! فیومئذ لا یبقیٰ علیٰ وجه الارض الا مؤمن قد اخلص قلبه للایمان۔

قلت: یاسیّدی! مایکون بعد ذلك؟

قال[۲]: الکرّة الرجعة، ثمّ تلا هذه الآیة:

(الآیة) "ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا"۔ (اسریٰ: ۶)

وہ

پھر فرمایا: اے مہزیار! جب چین مفقود (ختم) ہو جائے گا، مغربی حرکت میں آجائے گا، عباسی کوچ کر کے آگے بڑھے گا اور سفیانی کی بیعت کی جائے گی تو ولیٔ خدا کو اذنِ ظہور ملے گا، اور میں صفا و مروہ کے درمیان سے تین سو تیرہ (۳۱۳) اصحاب کے ساتھ خروج کروں گا۔ پھر کوفہ آؤں گا اور وہاں کی مسجد کو منہدم کروں گا اور اسے از سرِ نو پہلی بنیاد پر تعمیر کروں گا اور ظالموں و جابروں نے اس کے اطراف جو تعمیرات کی ہوں گی انھیں مسمار کروں گا۔

اور لوگوں کو اپنے ساتھ لیکر حجّۃ الاسلام کی مناسک ادا کروں گا، پھر وہاں سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یثرب (مدینہ) آؤں گا، وہاں کے حجرے کو منہدم کروں گا اور اس میں سے ان دونوں کو نکالوں گا جن کی لاشیں تر و تازہ ہوں گی اور حکم دوں گا کہ ان دونوں کو بقیع کے سامنے درخت کے دو تنوں پر سولی پر لٹکا دیا جائے۔ جیسے ہی وہ اس پر لٹکائے جائیں گے اُن خشک درخت کے تنوں میں شاخیں اور پتے نکل آئیں گے۔ یہ دیکھ کر لوگ پہلے سے بھی زیادہ اُن کے معتقد ہو جائیں گے تو اتنے میں ایک منادی ندا دے گا، کہ اے آسمان! انھیں چھوڑ اور اے زمین انھیں نگل لے۔ پھر سوائے مومنِ خالص کے اُن لوگوں میں سے کوئی نہ بچے گا سبھی کو زمین نگل لے گی۔

میں نے عرض کیا: اے میرے سردار! یہ سب کچھ کب ہوگا؟

آپ نے فرمایا: رجعت میں رجعت میں۔

پھر آپ نے اِس آیت کی تلاوت فرمائی:

(الآیۃ) "ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا۔" (سورۂ اسریٰ: ۶)

ترجمۂ آیت: "پھر ہم نے تم کو اُن کے اوپر غلبہ عطا کر کے تمھارے دن پھیر دیے اور ہم نے اموال اور بیٹوں سے تمھاری مدد کی اور تمھیں کثرتِ افراد عطا کی۔"

(منتخب البصائر)

(۱۳۲) حضرت اسماعیلؑ بن حزقیلؑ کی آرزوئے رجعت

محمد بن جعفر رزّاز نے ابنِ ابی الخطّاب اور احمد بن حسن ابنِ علی بن فضّال سے اُنھوں نے مروان بن مسلم سے، اُنھوں نے برید عجلی سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا: فرزندِ رسولؐ، یہ ارشاد فرمائیے کہ وہ اسماعیلؑ جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اس طرح فرمایا ہے:

"وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا۔" (سورۂ مریم: ۵۴)

ترجمۂ آیت: "اور یاد کرو کتاب میں اسمٰعیلؑ کو، بیشک وہ وعدے کا سچا اور بھیجا ہوا ایک نبی تھا۔"

کیا یہ اسمٰعیلؑ بن ابراہیمؑ تھے؟ لوگ تو یہی سمجھتے ہیں کہ یہ اسمٰعیلؑ بن ابراہیمؑ تھے

آپؑ نے فرمایا: اسمٰعیلؑ نے تو حضرت ابراہیمؑ سے پہلے ہی وفات پائی۔ اور حضرت ابراہیمؑ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حجّتِ خدا قائم اور صاحبِ شریعت تھے پھر اُن کے فرزند اسماعیلؑ کس قوم کی طرف بھیجے گئے تھے۔

میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان، پھر وہ کون سے اسماعیلؑ تھے؟

قالؑ: ذاك اسماعيلؑ بن حزقيلؑ النّبي بعثه الله الى قومه فكذّبوه وقتلوه وسلخوا فروة وجهه، فغضب الله له عليهم فوجّه اليه سطاطائيل ملك العذاب۔

فقال له: يا اسماعيل! أنا سطاطائيل ملك العذاب وجّهني ربُّ العزّة اليك لأُعذّب قومك بأنواع العذاب كما شئت.

فقال له اسماعيلؑ: لا حاجة لي في ذلك يا سطاطائيل۔

فأوحى الله عليه: فما حاجتك يا اسماعيلؑ؟

فقال اسماعيلؑ: يا ربِّ إنّك اخذت الميثاق لنفسك بالرّبوبيّة ولمحمّدٍ بالنّبوّة ولأوصيائه بالولاية وأخبرت خلقك بما تفعل أمّته بالحسينؑ بن علي عليه السّلام من بعد نبيّها وأنّك وعدت الحسينؑ ان تكرّه الى الدُّنيا حتّى أنتقم بنفسه ممّن بنفسه ممّن فعل ذلك به فحاجتي اليك يا ربِّ أن تكرّني الى الدّنيا حتى انتقم ممّن فعل ذلك بي ما فعل كما تكرُّ الحسينؑ۔

فوعد الله اسماعيلؑ بن حزقيلؑ ذلك فهو يكرُّ مع الحسين بن علي عليهما السّلام۔"

ترجمۂ روایت: آپ نے فرمایا: "وہ اسماعیل بن حزقیل علیہ السلام تھے اللہ تعالیٰ نے اُن کو اُن کی قوم کی طرف مبعوث فرمایا تو قوم نے اُن کی تکذیب کی اور اُنھیں قتل کر دیا اور اُن کے چہرے کی کھال مع بالوں کے اُتار لی۔ تو اللہ تعالیٰ اُس قوم پر غضبناک ہوا اور اُن کی طرف فرشتۂ عذاب سطاطائیل کو بھیجا تاکہ تم جسطرح کہو یہ فرشتہ تمھاری قوم پر عذاب کرے۔

چنانچہ سطاطائیل نے آکر کہا: اے اسماعیلؑ! میں سطاطائیل فرشتۂ عذاب ہوں اللہ تعالیٰ نے مجھے تمھارے پاس بھیجا ہے تاکہ جس طرح آپ کہیں میں آپکی قوم پر عذاب کروں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اسماعیلؑ نے کہا: اے سطاطائیل! مجھے اس کی ضرورت نہیں۔
اس پر، اللہ تعالیٰ نے اُن کی طرف وحی کی کہ اے اسماعیلؑ! پھر تم کیا چاہتے ہو؟
اسماعیلؑ نے عرض کیا: پروردگارا! تو نے اپنی ربوبیت کا اور محمدؐ کی نبوت اور اُن کے اوصیاءؑ کی ولایت کا عہد و میثاق لیا ہے اور یہ بتایا ہے کہ امتِ محمدؐ اپنے نبی کے بعد حسینؑ ابنِ علیؑ پر کیا کیا ظلم و ستم کرے گی۔ اور تو نے حسینؑ ابنِ علیؑ سے وعدہ کیا ہے کہ تو انھیں دوبارہ دنیا میں بھیجے گا تاکہ وہ اپنے دشمنوں سے انتقام لیں۔ میں چاہتا ہوں کہ اے میرے پروردگار مجھے بھی دوبارہ بعد موت کے دنیا میں بھیج تاکہ میں اپنے دشمنوں اور ظالموں سے انتقام لوں جس طرح تو حسینؑ کو دوبارہ بھیجے گا۔
تو اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیلؑ سے اس کا وعدہ کیا۔ لہٰذا وہ بھی امام حسینؑ کے ساتھ دوبارہ دنیا میں بھیجے جائیں گے۔" (کامل الزیارت)

(۱۳۳) قبرِ امام حسینؑ پر ملائکہ رجعت کے منتظر ہیں

حمیری نے اپنے والد سے، اُنھوں نے علی بن محمد بن سالم سے، اُنھوں نے محمد بن خالد سے، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد بصری سے، اُنھوں نے عبداللہ بن عبدالرحمٰن اصم سے، اُنھوں نے ابوعبیدہ بزّاز سے، ابوعبیدہ نے حریز سے روایت کی ہے اور حریز کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ مولا! میں آپ پر قربان، آپ اہلِ بیت کرام دنیا میں کسقدر کم عرصہ رہتے ہیں اور آپ حضرات سے ایک دوسرے کی موت قریب قریب کیوں ہوتی ہے حالانکہ دنیا کو آپ حضرات کی بڑی ضرورت ہے؟

فقال: "اِنَّ لکلِّ واحد منّا صحیفة فیها ما یحتاج الیه اَن یعمل به فی مدّته، فاذا انقضی ما فیها ممّا اُمر به، عرف اَنَّ اَجله قد حضر واتاه النّبیُّ ینعی اِلیه نفسه واَخبره بما له عند الله

وَاِنَّ الحُسین صلوات الله علیه قرأ صحیفته الّتی اُعطیها وفسّر له ما یأتی وما یبقی وبقی منها اَشیاء لم تنقض فخرج الی القتال وکانت تلک الامور الّتی بقیت اَنَّ الملائکة سألت الله فی نصرته فاُذن لهم فمکث تستعدُّ للقتال

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وتتأهّب لذلك حتّى قتل، فنزلت وقد انقطعت مدّته وقتل صلوات الله عليه۔

فقالت الملائكة: يا ربِّ أذنت لنا في الانحدار وأذنت لنا في نصرته فانحدرنا وقد قبضته؟

فأوحى الله تبارك وتعالىٰ اليهم ان الزموا قبّته حتّى تروه قد خرج فانصروه وابكوا عليه وعلىٰ ما فاتكم من نصرته وانكم خُصِصتم بنصرته والبكاء عليه، فبكت الملائكة تقرُّبًا وجزعًا علىٰ ما فاتهم من نصرته، فاذا خرج صلوات الله عليه يكونون انصاره

ترجمہ روایت: آپ نے فرمایا: ہم میں سے ہر ایک کے پاس ایک صحیفہ ہوتا ہے جس میں یہ تحریر ہوتا ہے کہ اس کو اپنی مدّتِ حیات میں یہ یہ کام کرنا ہے۔

چنانچہ جب اُس صحیفے میں جتنے کام اس سے متعلّق ہیں ختم ہو جاتے ہیں، تو صاحبِ صحیفہ سمجھ لیتا ہے کہ اب اس کی موت آنے والی ہے اور اُس کے پاس نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم تشریف لا کر اس کی موت کی اطّلاع دیدیتے ہیں۔ اور یہ کہ اللہ تعالیٰ کے پاس اُس کے لیے کیا ہے۔

مگر جب امام حسین صلوات اللہ علیہ نے وہ صحیفہ جو انھیں ملا تھا پڑھا تو دیکھا کہ اس میں جو اُمور تحریر ہیں، اُن میں سے کچھ انجام پا چکے ہیں اور کچھ ابھی باقی ہیں۔ اِس لیے قتال کے لیے نکلے۔ اور جو اُمور باقی ہیں اُن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ملائکہ نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی، کہ وہ اُن سب کو امام حسین صلوات اللہ علیہ کی نصرت کی اجازت دے اور اللہ تعالیٰ نے اجازت بھی دے دی لیکن ملائکہ نے اس کے لیے توقّف کیا اور قتال کے لیے تیّار ہونے لگے اور اِدھر امام حسین صلوات اللہ علیہ قتل کر دیے گئے۔ اب ملائکہ آئے تو دیکھا کہ امام حسین صلوات اللہ علیہ قتل ہو چکے ہیں اِس لیے کہ اُن کی مدّتِ حیات ختم ہو چکی تھی۔

ملائکہ نے یہ دیکھ کر عرض کیا: پروردگارا! تو نے ہمیں نازل ہونے اور قتال کی اجازت عطا فرمائی تھی مگر جب ہم (سرزمینِ کربلا پر) اُترے تو اُس وقت تو اُن کی روح قبض کر چکا تھا۔ (اب ہمارے لیے کیا حکم ہے؟)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی کہ" اچھا اب تم اُن کی قبر کے پاس رہو یہاں تک کہ وہ دوبارہ دنیا میں واپس آئیں، اور تم (اُس وقت) اُن کی نصرت کرنا، اور نصرت کے نہ کرنے پر اُس وقت تک اُن پر بُکا وگریہ وزاری کرتے رہو۔ بس ہم نے تمھیں اُن کی نصرت کے لیے اور اُن کی مظلومیت پر گریہ وزاری کے لیے مخصوص فرما دیا۔

چنانچہ اُس وقت نصرتِ (حسینؑ) کے فوت ہو جانے کی وجہ سے ملائکہ مسلسل بُکا اور جزع فزع کر رہے ہیں۔ پس جب امام حسین صلوات اللہ علیہ دوبارہ رجعت وخروج کریں گے تو یہ ملائکہ اُن کے انصاروں میں ہوں گے۔"

(کامل الزیارت)

(۱۳۴) "یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ" کی تاویل

محمد بن عباس نے جعفر بن محمد بن مالک سے، اُنھوں نے قاسم بن اسماعیل سے، اُنھوں نے علی بن خالد عاقولی سے، اُنھوں نے عبدالکریم خثعمی سے، اُنھوں نے سلیمان بن خالد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے قولِ خدا:

آیت: "یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ" (النازعات: ۶)

ترجمہ: جس دن زلزلہ کا جھٹکا بُری طرح ہلا ڈالے گا، اس کے فوراً بعد ویسا ہی ایک اور (جھٹکا لگے گا)۔"

قال ع: "الرَّاجِفَةُ" الحسینؑ بن علیؑ وَ "الرَّادِفَةُ" علیؑ بن ابی طالبؑ واوّل من ینفس عن راسه التراب الحسینؑ بن علیؑ فی خمسة وسبعین الفاً وهو قوله تعالیٰ:

آیت "اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَیَوْمَ یَقُوْمُ الْاَشْهَادُ یَوْمَ لَا یَنْفَعُ الظّٰلِمِیْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ" (مومن: ۵۱، ۵۲)

ترجمہ: بیشک ہم اپنے رسولوں کی اور اُن لوگوں کی جو ایمان لائے ہیں حیاتِ دنیا میں اور اُس دن (بھی) جس دن گواہ کھڑے ہوں گے ضرور مدد کریں گے۔ اُس دن ظالموں کی معذرت اُنھیں کوئی نفع نہ دے گی اور اُنکے لیے لعنت ہوگی اور اُن کیلئے بُرا ٹھکانہ ہوگا۔"

فرمایا: الراجفة سے مراد امام حسینؑ اور الرادفة سے مراد حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ ہیں۔ اور سب سے پہلے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام حسینؑ اپنے سر سے خاک جھاڑتے ہوئے اپنی قبر سے اُٹھیں گے اور آپ کے ساتھ پچھتر ہزار انصار ہوں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اِنَّا لَنَنْصُرُ ..... وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ" (مومن: ۵۱-۵۲)

یعنی: (امام حسین کی مدد کی جائے گی اور ظالموں کی معذرت فائدہ نہ دے گی)

(کنز جامع الفوائد)

(۱۳۵) كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ... کی تفسیر

کتاب التنزیل والتحریف سے، احمد بن محمد سیاری نے محمد بن خالد سے اُنھوں نے عمر بن عبدالعزیز سے، اُنھوں نے عبداللہ بن نجیح یمانی سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ:

(آیت): "ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ" (سورہ ۱۰۲ التکاثر: ۸)

ترجمہ (پھر اُس دن تم سے نعمتوں کے بارے میں بھی ضرور باز پُرس ہوگی)

مولا: اس آیت میں "نعیم" سے کیا مراد ہے؟

آپؑ نے فرمایا: "نعیم" سے مراد: "النعیم الذی انعم اللہ علیکم بمحمدٍ وآلِ محمدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ" یعنی وہ نعمتیں جو اللہ تعالیٰ نے تم پر نازل کیں محمدؐ و آلِ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ کے ذریعے اور وسیلے سے۔

میں نے پھر دریافت کیا: (كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝) سے کیا مراد ہے؟

دیکھو! اگر تم یقینی طور پر جانتے

آپؑ نے فرمایا: المعاینة یعنی معائنہ

میں نے عرض کیا: اور "كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ" سے کیا مراد ہے؟

(آگاہ ہو جاؤ کہ تم عنقریب جان لوگے)

آپؑ نے فرمایا: مَرَّةً بالکرّة و اُخرٰی یوم القیامة۔

یعنی: ایک مرتبہ زمانۂ رجعت میں پھر دوسری مرتبہ قیامت کے دن۔

(منتخب البصائر)

(۱۳۶) مومنِ طاق اور ابوحنیفہ کی حکایت

مومنِ طاق اور ابوحنیفہ کے درمیان ہونے والے بہت سے قصّے مشہور ہیں اُن میں سے ایک قصّہ یہ ہے کہ ایک دن ابوحنیفہ نے مومنِ طاق سے کہا: اے ابوجعفر! تم رجعت کے قائل ہو؟ اُنھوں نے کہا: ہاں۔ ابوحنیفہ نے کہا: اچھا تم اپنے کیسہ (تھیلی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سے پانچ سو دینار قرض دے دو۔ پھر جب ہم اور تم دونوں رجعت میں دوبارہ اِس دنیا میں آئیں گے تو میں اُس وقت تمہاری رقم واپس کر دوں گا۔

مومنِ طاق نے برجستہ جواب دیا: مگر اس کے لیے ایک ضامن چاہیے ہے جو اس امر کی ضمانت لے کہ تم انسان ہی کی شکل میں دوبارہ اِس دنیا میں آؤ گے۔ میرا تو یہ خیال ہے کہ تم بندر کی شکل میں دوبارہ آؤ گے تو پھر میں اپنا قرض کس سے واپس لوں گا۔ (الفہرست نجاشی)

(۱۳۷) ذوالقرنین کی تعریف

"کتاب الغارات" مصنفہ: ابراہیم بن محمد ثقفی میں مرقوم ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ ذوالقرنین کے بارے میں فرمائیے؟ آپ نے فرمایا: رجل بعثہ اللہ الی قومہ فکذّبوہ وضربوہ علیٰ قرنہ فمات، ثمّ اَحیاہ اللہ، ثمّ بعثہ الیٰ قومہ، فکذّبوہ علیٰ قرنہ الآخر فمات، ثمّ احیاہ اللہ، فہو ذوالقرنین لِاَنّہ ضربت قرناہ۔"

یعنی: "وہ ایک مرد تھے جنھیں اللہ تعالیٰ نے اُن کی قوم کی طرف بھیجا تھا مگر اُن کی قوم نے اُن کی تکذیب کی اور اُن کی پیشانی پر ایسی ضرب لگائی کہ وہ مر گئے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اُنھیں زندہ کر کے پھر اُن کی قوم کی طرف بھیجا تو اُن کی قوم نے اُن کی پھر تکذیب کی اور اُن کی پیشانی کی دوسری طرف پھر ضرب لگائی، اور وہ پھر مر گئے۔ اللہ تعالیٰ نے پھر اُنھیں زندہ کیا۔ تو وہ ذوالقرنین اس لیے کہلائے کہ اُن کی پیشانی (جس مقام پر جانور کے سینگ ہوتے ہیں اس مقام) پر دونوں طرف ضربت لگائی گئی تھی۔

★ ایک اور حدیث میں ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ: "وفیکم مثلہ" یعنی تمہارے درمیان بھی اُن ہی کے مثل ایک (ذوالقرنین) ہے۔ اور اس سے آپؑ نے خود اپنی ذات کو مراد لیا۔

★ اور کتاب مذکور میں یہ بھی ہے کہ عبداللہ بن اسد کندی جو شرطۃ الخمیس میں سے تھے اُنھوں نے اپنے والد سے روایت نقل کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ اُس وقت

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ابنِ معز اور ابنِ نعج دونوں آئے اور اُن کے ساتھ عبداللہ بن وہب تھا اور دونوں عبداللہ بن وہب کی گردن میں چادر کا پھندا ڈال کر کھینچے ہوئے لا رہے تھے۔ ان دونوں نے آکر کہا: یا امیر المؤمنین! اِس شخص کو قتل کریں کیونکہ کاذبوں کے ساتھ ہرگز کوئی نرمی نہ کریں

آپؑ نے فرمایا: اس کو میرے پاس لاؤ۔

وہ دونوں اُسے قریب لائے تو پوچھا کہ یہ شخص کیا کہتا ہے؟

اُن دونوں نے کہا: یہ شخص کہتا ہے کہ آپ دابۃ الارض ہیں اور آپ کی پیشانی پر ضرب لگائی جائے گی جس سے آپ کی ریشِ مبارک خون سے تر ہو جائے گی۔

آپؑ نے اُس شخص سے پوچھا: یہ لوگ تمھارے متعلق کیا کہہ رہے ہیں؟

اُس نے کہا: یا امیر المومنینؑ! میں نے عمّار بن یاسر سے ایک حدیث سنی تھی، وہی حدیث میں نے ان دونوں سے بیان کر دی تھی۔

قالؑ: " اترکوہ، فقد روی عن غیرہ یا ابن اُمِّ السّوداء اِنّك تبقر الحدیث بقرًا، خلّوا سبیل الرّجل فان یك کاذبًا فعلیه کذبه و اِن یك صادقًا یصبنی الّذی یقول۔"

آپ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو، یہ اپنی طرف سے نہیں کہتا، دوسرے سے روایت کرتا ہے اور اے ابنِ اُمِّ سوداء! تم حدیث کا بڑی اچھی طرح تجزیہ کرتے ہو۔ اِسے چھوڑ دو، اگر یہ جھوٹا ہے تو اسے خود اس جھوٹ کی سزا ملے گی اور اگر یہ سچّا ہے تو میں اسی طرح مجروح ہوں گا جس طرح یہ کہتا ہے۔

(کتاب الغارات)

★ اسی کتاب میں عبایہ سے روایت ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت علیؑ کو فرماتے ہوئے سنا:

قالؑ: " اَنا سیّد الشّیب و فی سنّة من ایّوبؑ۔ لاَنّ ایّوبؑ ابتلی ثمّ عافاہ اللہ من بلواہ و آتاہ اَهله و مثلهم معهم، کما حکی اللہ سبحانه فروی اَنّه اَحیا له اهله الّذین قد ماتوا و کشف ضرّہ و قد صحّ عنهم صلوات اللہ علیهم انّه:

" کلّ ما کان فی بنی اسرائیل یکون فی هذه الاُمّة مثله حذو النعل بالنعل و القذّة بالقذّة۔ و قد قال: انّ فیه شبهه۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وقولہٗ: واللہ لیجمعنّ اللہ لی اھلی کما جمعوا لیعقوبؑ فانّ یعقوبؑ فرّق بینہ وبین اھلہ برھۃ من الزّمان ثمّ جمعوا لہ۔

فقد حلف علیہ السلام انّ اللہ سبحانہ وتعالیٰ سیجمع لہ ولدہ کما جمعھم لیعقوبؑ وقد کان اجتماع یعقوب بولدہ فی دار الدّنیا فیکون امیر المؤمنین علیہ السّلام کذلک فی الدّنیا یجمعون لہ فی رجعتہ علیہ السّلام وولدہ الائمّۃ علیہم السّلام وھم المنصوصون علی رجعتھم فی احادیثھم الصحیحۃ الصریحۃ: "وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ" (اعراف: ۱۲۸)

(ترجمہ روایت)

آپؑ نے فرمایا: "میں بوڑھوں کا سردار ہوں۔ اور مجھ میں حضرت ایوبؑ کی ایک سنّت ہے، اور حضرت ایوب علیہ السّلام کے قصّے میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کی مصیبتوں کو دور کیا، اُن کی اولاد جو مر چکی تھی اُنھیں پھر سے زندہ کر کے اُن سے ملایا اور ائمّہ علیہم السّلام کی روایات صحیحہ میں ہے کہ "جو کچھ بنی اسرائیل میں ہوا ہے وہ سب بے کم و کاست اس اُمت میں بھی ہوگا۔"

اور امیر المومنین علیہ السّلام نے یہ بھی فرمایا ہے کہ "بخدا، جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت یعقوب علیہ السّلام کے گھر والوں کو جمع فرمایا تھا اسی طرح میرے گھر والوں کو بھی جمع فرمائے گا۔

یعنی یہ کہ بیشک اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حضرت یعقوبؑ کو اُن کے فرزند سے دنیا میں ملایا تھا اسی طرح امیر المؤمنینؑ کو بھی آپ کے فرزندوں سے آپ کے زمانۂ رجعت میں ملائے گا اور آپ اولاد ائمّہ طاہرینؑ ہیں جن کی رجعت پر احادیث صحیحہ میں صریحۃً نص ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے "وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ" (انجام کار متّقین کے لیے (ہی عمدہ) ہے) اور متّقین یہی حضرات ہیں۔

(۱۳۸) اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ کی تفسیر میں چند روایات:

کتاب "تاویل ما نزل من القرآن فی النّبی وآلہٖ صلوات اللہ علیہ وعلیہم" تالیف ابو عبداللہ محمّد بن العبّاس بن مروان میں ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے قول:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(آیت) "اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ۔" (سورۃ الشعراء ۲۶: ۴)

ترجمہ "اگر ہم چاہتے تو ہم اُن پر آسمان سے کوئی آیت نازل کرتے جس کے سامنے اُن کی گردنیں عاجزی کے ساتھ جھک جاتیں۔"

اِس آیت کی تفسیر میں مندرجہ ذیل احادیث وارد ہوئی ہیں:

روایت ہے علی بن موسیٰ بن طاؤس سے، اُنھوں نے فخّار بن معد علوی وغیرہ سے اُنھوں نے شاذان بن جبرئیل سے، اُنھوں نے اپنے ہی ایک شخص سے قولِ خدا عزّوجلّ: "اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ" روایت ہے:

(۱) ــــ ہم سے بیان کیا علی بن عبداللہ بن اسد نے، اُنھوں نے ابراہیم بن محمّد سے، اُنھوں نے احمد بن معمّر اسدی سے، اُنھوں نے محمّد بن فضل سے، اُنھوں نے کلینی سے، اُنھوں نے ابوصالح سے، اُنھوں نے عبداللہ بن عبّاس سے آیت "اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ ..... خٰضِعِيْنَ" (شعراء ۲۶: آیت ۴) کے بارے میں روایت بیان کی تو عبداللہ بن عبّاس نے کہا:

هذه نزلت فينا وفي بني اُميّة: يكون لنا عليهم دولة فتذلّ اَعناقهم لنا بعد صعوبة وهوان بعد عزّ

یعنی: (یہ آیت ہمارے اور بنی اُمیّہ کے بارے میں نازل ہوئی۔ اُن لوگوں پر ہماری حکومت ہوگی اور صعوبت و پریشانیوں کے بعد اُن کی گردنیں ہمارے سامنے جُھک جائیں گی۔

(۲) ــــ ہم سے روایت کی حسین بن احمد نے، اُنھوں نے محمّد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے یونس سے، اُنھوں نے ہمارے بعض اصحاب سے، اُنھوں ابوبصیر سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے، اور ابوبصیر کا بیان ہے کہ میں نے آنجنابؑ سے آیت: "اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ ..... خٰضِعِيْنَ" کے بارے میں دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا:

"تخضع لها رقاب بني اُميّة قال: ذلك بارز عند زوال الشمس قال: وذلك عليّ بن ابي طالب صلوات الله عليه يبرز عند زوال الشمس على رؤس الناس ساعة ستّى يبرز وجهه يعرف

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثمّ قال: امّا اِنّ بنی اُمیّة لیخبینّ الرجل منهم الیٰ جنب شجرة فتقول: هذا رجل من بنی اُمیّة فاقتلوه۔

ترجمہ: آپؑ نے فرمایا: بنی اُمیّہ کی گردنیں ہمارے سامنے جُھک جائیں گی اور زوالِ شمس کے وقت آیت کے ظاہر ہونے کے ساتھ ہوگا اور وہ آیت امیر المومنینؑ ہیں جو زوالِ شمس کے وقت نمودار ہوں گے اور لوگ اُنھیں پورے حسب و نسب کے ساتھ پہچانیں گے

پھر فرمایا: "اور بنی اُمیّہ میں سے ایک شخص ایک درخت کی آڑ میں جا چھپے گا تو درخت آواز دے گا کہ بنی اُمیّہ میں سے ایک شخص میرے پہلو میں چھپا ہوا ہے پس اسے قتل کر دیں"

(۳) ـــــ ہم سے بیان کیا محمّد بن (العبّاس نے)، اُنھوں نے جعفر بن محمّد بن حسن سے اُنھوں نے عبداللہ بن محمّد زیّات سے، اُنھوں نے محمّد یعنی ابن جنید سے اُنھوں نے مفضّل بن صالح سے، اُنھوں نے جابر سے، اُنھوں نے ابوعبداللہ جدلی سے روایت کی ہے اور ابوعبداللہ جدلی کا بیان ہے کہ ایک دن میں حضرت علی بن ابی طالبؑ علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا:

"اَنا دابّة الارض" میں دابّۃ الارض ہوں۔

(۴) ـــــ ہم سے بیان کیا علی بن احمد بن حاتم نے، اُنھوں نے اسماعیل بن اسحاق راشدی سے، اُنھوں نے خالد بن مخلّد سے، اُنھوں نے عبدالکریم بن یعقوب جعفی سے، اُنھوں نے جابر بن یزید سے، اُنھوں نے ابوعبداللہ جدلی سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ میں حضرت علی بن ابی طالبؑ علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوا، تو آپ نے فرمایا: کیوں، کیا میں تم کو وہ تین باتیں بتاؤں جو آئندہ پیش آنے والی ہیں؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں، فرمائیں۔

فقال: اَنا عبداللہ، اَنا دابّة الارض صدقها وعدلها واخو نبیّها واَنا عبداللہ اَلا اُخبرك بانف المهدیّ وعینه؟

قال: قلت: نعم۔ فضرب بیده اِلیٰ صدره فقال: اَنا۔"

آپؑ نے فرمایا: میں اللہ کا بندہ ہوں، میں ہی دابّۃ الارض ہوں جس نے حق کہا اور عدل قائم کیا اور میں ہی نبیؐ کا بھائی ہوں، میں اللہ کا بندہ ہوں۔

پھر فرمایا: کیا میں تم کو مہدیؑ کا ناک نقشہ بتاؤں؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں، فرمائیں۔

آپ نے اپنے سینے پر اپنا ہاتھ مار کر فرمایا: وہ میں ہوں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۵) ـــــ ہم سے بیان کیا محمد بن حسن بن صباح نے، اُنھوں نے روایت کی حسین بن حسن قاسانی سے، اُنھوں نے علی بن حکم سے، اُنھوں نے ابان بن عثمان سے اُنھوں نے عبدالرحمان بن سیابہ سے، اُنھوں نے ابوداؤد سے، ابوداؤد نے ابوعبداللہ جدلی سے روایت کی ہے کہ میں ایک مرتبہ حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ کیا میں تمھیں سات باتیں بتاؤں جو وقوع پذیر ہونے والی ہیں۔؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں، بیان فرمائیں میں آپ پر قربان

قالؑ: أتعرف أنف المهدی وعینه ؟

قال: قلت: أنت یا امیرالمؤمنین

قال: وحاجبا الضلالة تبد ومخازیهما فی آخرالزّمان ؟

قال: قلت: أظنّ واللہ یا امیرالمؤمنین أنّهما فلان وفلان

فقال: الدابّة وما الدابّة عدلها وصدقها وموقع بعثها، واللہ مُهلكُ من ظلمها وذکرالحدیث۔

ترجمۂ روایت: آپ نے فرمایا: کیا میں تم مہدی علیہ السلام کا ناک نقشہ جانتے ہو؟

میں نے عرض کیا: وہ آپ ہی کا ناک نقشہ ہوگا یا امیرالمومنین۔

فرمایا: اور گمراہی وضلالت کے دونوں دربان جن کی رسوائیاں آخر زمانہ میں ظاہر ہونگی؟

میں نے عرض کیا: یاامیرالمومنینؑ! میرا خیال ہے کہ وہ فلان فلان ہیں۔

فرمایا: اور دابّہ اور اس کا صدق وعدل اور اس کی جائے بعثت اور جس نے ان پر ظلم کیا اس کو اللہ تعالیٰ ہلاک کرنے والا ہے۔

اور اس کے بعد پوری حدیث بیان کی۔

(۶) ـــــ ہم سے بیان کیا احمد بن محمّد بن سعید نے، اُنھوں نے روایت کی حسن سلمی سے اُنھوں نے ایّوب بن نوح سے، اُنھوں نے صفوان سے، اُنھوں نے یعقوب بن شعیب سے، اُنھوں نے عمران بن میثم سے، اُنھوں نے عبایہ سے روایت ہے کہ ایک شخص امیرالمومنین علیہ السلام کی خدمت میں آیا اور عرض کیا کہ دابّۃ الارض کے متعلّق فرمائیں۔

آپ نے فرمایا: تم چاہتے ہو۔؟

اس نے عرض کیا: کچھ اس کے متعلّق معلومات چاہتا ہوں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آپ نے فرمایا: وہ دابہ مومن ہوگا، قرآن کی تلاوت کرتا ہوگا، اللہ پر ایمان رکھتا ہوگا، کھانا کھاتا ہوگا اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہوگا۔"

(۷) ——— ہم سے بیان کیا حسین بن احمد نے، اُنھوں نے روایت کی محمد بن عیسیٰ سے اور اُنھوں نے صفوان سے بھی اسی کے مثل روایت کی ہے مگر اس میں اتنا اور زیادہ ہے کہ: "پھر سائل نے پوچھا، وہ کون ہے یا امیر المومنینؑ؟ آپ نے فرمایا: تیری ماں تیرے غم میں بیٹھے، وہ علیؑ ہے۔"

(۸) ——— ہم سے بیان کیا اسحاق بن محمد بن مروان نے، اُنھوں نے اپنے والد سے اُنھوں نے عبداللہ بن زبیر قرشی سے، اُنھوں نے یعقوبؑ بن شعیب سے، اُنھوں نے عمران بن میثم سے، اُنھوں نے کہا کہ مجھ سے عبایہ نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ میں امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا اور آپ فرما رہے تھے کہ میرے بھائی (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے مجھ سے بیان فرمایا کہ:

"اَنَّہ ختم اَلف نبیّ وانّی ختمت اَلف وصیّ وانّی کلّفت مالم یکلّفوا وانّی لاَعلم اَلف کلمۃ مایعلمہا غیری وغیر محمّدٌ صلّی اللہ علیہ وآلہ مامنہا کلمۃ اِلّا مفتاح اَلف باب بعد ما تعلمون منہا کلمۃ واحدۃ غیر اَنّکم تقرؤن منہا آیۃ واحدۃ فی القرآن:

(آلآیت) "وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْہِمْ اَخْرَجْنَا لَہُمْ دَآبَّۃً مِّنَ الْاَرْضِ تُکَلِّمُہُمْ اَنَّ النَّاسَ کَانُوْا بِاٰیٰتِنَا لَا یُوْقِنُوْنَ"

(سورہ النمل: ۸۲)

ترجمۂ حدیث: (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میرے بھائی نے مجھ سے بیان فرمایا کہ: وہ (آنحضرتؐ) ایک ہزار انبیاء کے خاتم ہیں اور یہ کہ میں ایک ہزار اوصیاء کا خاتم ہوں۔ اور مجھ پر وہ ذمہ داریاں عاید کی گئی ہیں کہ اس سے پہلے وہ ذمہ داریاں کسی پر عاید نہیں کی گئیں اور میں ایک ہزار کلمے ایسے جانتا ہوں جسے میرے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا کوئی دوسرا نہیں جانتا اور اُن میں سے ہر کلمے سے ایک ہزار باب کھلتے ہیں اور تم لوگ اس میں سے ایک کلمہ بھی نہیں جانتے سوائے اِس کے کہ تم لوگ اس میں سے قرآن کی ایک آیت پڑھتے ہو اور وہ یہ ہے:

وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ ..... لَا یُوْقِنُوْنَ" (نمل: ۸۲) یعنی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ آیت : "اور جب اُن لوگوں پر وعدہ پورا ہو جائے گا تو ہم اُن کے لیے زمین میں سے ایک دآبّہ (ذی حیات) نکالیں گے جو اُن سے کلام کرے گا (کیونکہ) لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں رکھتے تھے۔"

(پھر فرمایا:) کیا تم لوگ جانتے ہو کہ وہ (دآبّہ) کون ہے۔؟

"

(۹) —— ہم سے بیان کیا احمد بن ادریس نے اور اُنھوں نے روایت کی احمد بن محمّد بن سعید سے، اُنھوں نے احمد بن محمّد ابن اسحاق حضرمی سے، اُنھوں نے احمد بن مستنیر سے اُنھوں نے جعفر بن عثمان سے اور وہ اس کا چچا ہے۔ اس نے کہا کہ مجھ سے بیان کیا صباح مزنی اور محمّد بن کثیر بن بشیر بن عمیرہ ازدی نے اُن دونوں نے کہا کہ ہم سے بیان کیا عمران بن میثم نے، اُنھوں نے عبایہ بن ربعی سے روایت کی ہے اور عبایہ نے کہا کہ امیرالمومنین علیہ السّلام کی خدمت میں پانچ آدمی تھے اور ان میں سے پانچواں میں تھا۔ اور اس کے بعد اُس نے اسی کے مثل روایت کی جو مذکور ہوئی۔

"

(۱۰) —— ہم سے بیان کیا حسین بن اسماعیل قاضی نے، اُنھوں نے عبداللہ بن ایّوب مخزومی سے روایت کی، اُنھوں نے یحییٰ بن ابوبکیر سے، اُنھوں نے ابوحریز سے، اُنھوں نے علی بن زید بن جذعان سے، اُنھوں نے خالد بن اَوس سے، اُنھوں نے ابوہریرہ سے اور ابوہریرہ نے کہا کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا: "تخرج دابّة الارض ومعها عصى موسىٰ عليه السّلام وخاتم سليمان عليه السّلام تجلو وجه المؤمن بعصا موسىٰ عليه السّلام وتسم وجه الكافر بخاتم سليمان عليه السّلام۔"

یعنی "رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا:"

(دابّۃ الارض (اس حالت میں) برآمد ہوگا کہ اس کے پاس حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا عصا اور حضرت سلیمان علیہ السّلام کی انگوٹھی ہوگی۔ وہ ہر مومن کے چہرے پر عصائے موسیٰؑ سے اور ہر کافر کے منھ پر خاتمِ سلیمانؑ سے نشان لگائے گا۔

"

(۱۱) —— ہم سے بیان کیا احمد بن محمّد بن حسن الفقیہ نے، اور اُنھوں نے احمد بن ناصح سے روایت کی، اُنھوں نے حسین بن علوان سے، اُنھوں نے سعد بن طریف سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُنھوں نے اصبغ بن نباتہ سے روایت کی ہے اور اصبغ بن نباتہ کا بیان ہے کہ میں ایک مرتبہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ آپ روٹی و سرکہ اور روغنِ زیتون نوش فرما رہے ہیں۔

میں نے عرض کیا: یاامیرالمومنینؑ! اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"اِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ"..... (نحل ۲۷: ۸۲)

ترجمہ "جب اُن پر وعدہ پورا ہو جائے گا تو ہم اُن کے لیے زمین میں دابّہ نکالیں گے جو اُن سے کلام کرے گا۔"

اس آیت میں "دآبّہ" سے کیا مراد ہے؟

قال ؑ: "ھی دآبّۃ تأکل خبزاً وَّخلاً وَّزَیتاً"

ترجمہ: امیرالمومنینؑ نے فرمایا: یہ وہی دآبّہ ہے جو روٹی و سرکہ و روغنِ زیتون کھا رہا ہے۔"

"

(۱۲) — ہم سے بیان کیا حسین بن احمد نے، اور اُنھوں نے محمّد بن عیسیٰ سے روایت کی اور اُنھوں نے یونس بن عبدالرّحمان سے، اُنھوں نے سماعہ بن مہران سے اُنھوں نے فضل بن زبیر سے، اُنھوں نے اصبغ بن نباتہ سے روایت کی ہے اور اصبغ بن نباتہ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ معاویہ نے مجھ سے کہا: اے گروہِ شیعہ!

"تم لوگوں کا خیال ہے کہ علیؑ دآبّۃ الارض ہیں؟

میں نے کہا: ہم لوگ تو اس کے قائل ہیں ہی لیکن یہود بھی اس کے قائل ہیں۔

یہ سنکر معاویہ نے راس الجالوت کو بلا بھیجا، جب وہ آیا تو اس سے کہا: وائے ہو تم لوگوں پر کیا تم لوگوں نے دآبّۃ الارض کے متعلق اپنی کتابوں میں کچھ لکھا ہوا دیکھا ہے؟

اُس نے کہا: ہاں۔ پوچھا: وہ کیا؟

راس الجالوت نے کہا: وہ ایک مرد ہے۔

معاویہ نے پوچھا: تمھیں اُس مرد کا نام معلوم ہے؟

اُس نے کہا: ہاں، معلوم ہے۔ اُس کا نام "ایلیا" ہے۔

یہ سنکر معاویہ میری طرف متوجّہ ہوا اور بولا: اے اصبغ! وائے ہو تجھ پر "ایلیا" اور "علیؑ" آپس میں کس قدر قریب تر ہیں (ملتے جلتے ہیں)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۳) ـــــ ہم سے بیان کیا حسین بن احمد نے، اور اُنھوں نے محمّد بن عیسٰی سے روایت کی۔ اُنھوں نے یونس سے، اور یونس نے اپنے بعض اصحاب سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے، اور ابوبصیر نے بیان کیا کہ حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے فرمایا: لوگ اِس آیت کی تفسیر کیا کرتے ہیں:

(آیت) " وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ " (سورہ ۲۷ نحل: ۸۲)

ترجمہ: " اور جب اُن پر وعدہ پورا ہو جائے گا تو ہم اُن کے لیے زمین میں سے دآبّہ نکالیں گے جو اُن سے کلام کرے گا۔"

فقال ؑ: هو امیر المؤمنین علیه السّلام:

امام ؑ نے فرمایا: (حالانکہ) وہ "دابّہ" تو امیر المومنین ؑ ہیں۔

(۱۴) ـــــ ہم سے بیان کیا محمّد بن حسن بن صباح نے، اُنھوں نے حسین بن حسن سے روایت کی اور اُنھوں نے علی بن حکم سے، اُنھوں نے ابان بن عثمان سے، اُنھوں نے عبدالرّحمان بن سیابہ اور یعقوب بن شعیب سے، اُنھوں نے صالح ابنِ میثم سے اور صالح بن میثم کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے عرض کیا کہ مجھ سے کوئی حدیث بیان فرمائیں۔

آپ نے فرمایا: کیا تم نے اپنے والد سے کوئی حدیث نہیں سُنی؟

میں نے عرض کیا: نہیں، میں "اُس وقت" بہت چھوٹا تھا۔ (شاید صحیح یاد نہ ہو) اچھا میں بیان کرتا ہوں اگر صحیح بیان کروں تو کہہ دیجیئے گا ہاں (صحیح ہے) اور اگر میں غلط بیانی سے کام لوں تو میری غلطی دور فرما دیجیئے گا۔

آپ نے فرمایا: "ما اَشَدَّ شرطك" (یہ شرط تو بہت سخت ہے)

میں نے پھر عرض کیا: میں بیان کرتا ہوں، اگر صحیح بیان کروں تو (ہاں کہنے کے بدلہ) خاموش رہیئے گا اور اگر غلط بیان کروں تو اس کی اصلاح فرما دیجیے گا۔

آپ نے فرمایا: یہ بات میرے لیے آسان ہے۔

میں نے عرض کیا: آپ حضرات کا خیال ہے کہ حضرت علی ؑ ہی دآبّۃ الارض ہیں۔"

(امام ؑ خاموش رہے کچھ نہ فرمایا) یعنی حدیث صحیح بیان کی گئی۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۵) ـــــ ہم سے بیان کیا حمید بن زیاد نے، اُنھوں نے عبداللہ بن احمد بن نہیک سے روایت کی، اور اُنھوں نے عیسیٰ بن ہشام سے، اُنھوں نے ابان سے، اُنھوں نے عبدالرحمان بن سیابہ سے، اُنھوں نے صالح بن میثم سے اور اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ صالح بن میثم کا بیان ہے کہ:

ایک مرتبہ میں نے اُن جناب سے عرض کیا کہ آپ مجھ سے کوئی حدیث بیان کیجیے۔

آپ نے فرمایا: کیا تم نے اپنے والد سے کوئی حدیث نہیں سنی ہے؟

میں نے عرض کیا: کہ میں اُس وقت کم سن تھا جب میرے والد کا انتقال ہوا تھا۔ (شاید مجھے صحیح طور پر یاد نہ ہو) اچھا میں بیان کرتا ہوں۔ اگر صحیح بیان کروں تو آپ خاموش رہیں اور اگر غلطی کروں تو آپ میری غلطی پر متنبہ فرمادیں۔

آپ نے فرمایا: ہاں، یہ میرے لیے آسان ہے۔

میں نے عرض کیا: " فانی ازعم ان علیًا دآبۃ الارض "

یعنی: (میرا اعتقاد ہے کہ حضرت علیؑ دآبۃ الارض ہیں)

یہ سن کر آپ خاموش رہے۔

قال: فقال ابوجعفر علیہ السلام: واراك والله ستقول ان عليًا راجع الينا وقرأ:

(الآیت) " اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ "(۱)

قال: قلت: والله قد جعلتها فيما اريد ان اسألك عنها فنسيتها۔

فقال: ابوجعفر علیہ السلام: افلا اُخبرك بما هو اعظم من هذا؟

(الآیت) " وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا "(۲)

لا تبقی ارض الا نودی فيها بشهادة ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله صلی اللہ علیہ وآلہ واشاریدہ الی آفاق الارض۔

(ترجمہ:)

اس کے بعد: حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں کہ تم اس بات کے قائل ہو کہ حضرت علی علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں ہمارے پاس آئیں گے۔ پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی:

ترجمۂ آیت: " بیشک وہ جس نے آپؐ پر قرآن فرض کیا وہ آپ کو آپ کی منزل کی طرف ضرور لوٹا دے گا۔" (قصص ۲۸ : ۸۵)

۱۔ سورہ ۲۸: قصص: آیت ۸۵۔ ۲۔ سورہ ۳۴ سبا: آیت ۲۸

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نے عرض کیا: واللہ، میں چاہتا تھا کہ آپؑ سے یہی بات پوچھوں۔ مگر میں بھول گیا تھا
امامؑ نے فرمایا: اچھا تو میں تمھیں اس سے بھی بڑی بات بتادوں۔ قرآن میں ارشاد ہے:
(اشارۂ آیت: " وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا " (سبا: ۲۸)
ترجمۂ آیت: اور ہم نے آپ کو تمام انسانوں کے لیے کافی وشافی بنا کر بھیجا ہے
خوش خبری دینے والا اور ڈرانے (یا تنبیہ) کرنے والا۔"
یعنی زمین کا کوئی خطّہ ایسا نہ بچے گا جہاں اس کی گواہی وشہادت نہ دی جاتے کہ
(کلمہ کا ترجمہ): "بیشک کوئی معبود نہیں ہے سوائے اللہ کے اور یہ کہ بیشک محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ
اللہ کے رسول ہیں۔"
یہ فرما کر آپؑ نے اپنے ہاتھ سے زمین کے سارے اطراف کی طرف اشارہ فرمایا:

"

(۱۶) ـــــ ہم سے بیان کیا حسین بن احمد نے، اُنھوں نے محمّد بن عیسیٰ سے روایت کی، اور اُنھوں نے یونس سے، اُنھوں نے ابراہیم ابن عبدالحمید سے، اُنھوں نے ابان احمر سے روایت کی اور اُنھوں نے مرفوعاً حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے نقل کیا کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کے اس قول:
" اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ " (قصص: ۸۵)
یعنی " بیشک وہ جس نے آپ پر قرآن فرض کیا، وہ آپ کو آپ کی
منزل کی طرف ضرور لوٹا دے گا۔"
کے متعلق فرمایا: " ما احسب نبيكم صلى الله عليه وآله الّا سيطلع عليكم اطلاعة "
" میں تو یہی سمجھتا ہوں کہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم ایک مرتبہ پھر تم لوگوں
کے سامنے ظہور فرمائیں گے۔"

"

(۱۷) ـــــ ہم سے بیان کیا جعفر بن محمّد بن مالک نے، اُنھوں نے حسن بن علی بن مروان سے روایت کی، اُنھوں نے سعید ابن عمّار سے، اُنھوں نے ابومروان سے روایت اور ابومروان نے کہا کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادقؑ سے قولِ خدا: " اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ " (قصص: ۸۵)
یعنی " بیشک وہ جس نے آپ پر قرآن فرض کیا، وہ آپ کو آپ کی منزل
کی طرف ضرور پلٹا دے گا۔" کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فقال: " لا واللہ لا تنقضی الدنیا ولا تذھب حتی یجتمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وعلیؑ علیہ السلام بالثویۃ فیلتقیان و یبنیان بالثویۃ مسجداً لہ اثنا عشر الف باب۔ یعنی موضعاً بالکوفۃ۔"

یعنی: " خدا کی قسم جبتک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام مقامِ ثویّہ (کوفہ میں ایک مقام کا نام ہے) پر جمع نہ ہوں اور وہاں ایک مسجد نہ بنالیں کہ جس میں بارہ ہزار دروازے ہوں اس وقت تک دنیا ختم نہ ہوگی۔"

* ہم سے بیان کیا احمد بن ہوذہ باہلی نے، اُنھوں نے ابراہیم بن اسحاق نہاوندی سے روایت کی، اُنھوں نے عبداللہ بن حمّاد انصاری سے، اور اُنھوں نے ابومریم انصاری سے روایت کی اور ابومریم انصاری کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے یہی سوال کیا اور آپ نے اس کا جواب یہی دیا، اور اس آیت کی تلاوت فرمائی:

" وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ "

" اور ہم انھیں یقیناً بڑے عذاب کے علاوہ عذابِ ادنیٰ (دنیاوی عذاب) کا مزا چکھائیں گے۔" (سورہ ۳۲ السجدہ: ۲۱)

"

(۱۸) —— ہم سے بیان کیا حسین بن محمّد نے، اُنھوں نے محمّد بن عیسیٰ سے روایت کی، اور اُنھوں نے یونس سے، اُنھوں نے مفضّل بن صالح سے، اُنھوں نے زید شحّام سے اور زید شحّام نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے " العَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ " کے متعلق فرمایا کہ "عذاب ادنیٰ" سے مراد رجعت ہے۔

* ہم سے بیان کیا حسین بن محمّد نے، اُنھوں نے محمّد بن عیسیٰ سے روایت کی ہے اور اُنھوں نے یونس سے، اُنھوں نے مفضّل بن صالح سے، اُنھوں نے زید شحّام سے اور زید شحّام نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی کہ آپ نے " العَذَابِ الْأَدْنَىٰ " سے دابّۃ الارض مراد لیا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۹) ـــــ ہم سے بیان کیا ہاشم بن (ابی) خلف نے، اُنھوں نے ابراہیم بن اسماعیل بن یحییٰ بن سلمہ ابن کہیل سے روایت کی اور اُنھوں نے اپنے والد سے اور انھوں نے سلمہ بن کہیل سے، اُنھوں نے مجاہد سے، اُنھوں نے ابنِ عباس سے اور ابنِ عباس نے بیان کیا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے حجۃ الوداع کے خطبے میں ارشاد فرمایا کہ:

"لَاُقتلنّ العمالقة فی کتیبة" فقال له جبرئیل: اَوعلیٌّ قال: اَوعلیُّ بن ابی طالب علیہ السلام"

یعنی: "میں ایک دستہ فوج لیکر عمالقہ سے لازماً مقاتلہ کروں گا۔"
جبرئیلؑ نے عرض کیا: (آپؐ) یا علیؑ؟
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (ہاں میں) یا علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام۔

"

(۲۰) ـــــ محمّد بن یعقوب نے محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے کسی اور سے، اُس نے حسن بن موسیٰ خشّاب سے، اُنھوں نے جعفر بن محمّد سے، اُنھوں نے کرام سے، اور کرام نے بیان کیا کہ حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

"لو کان النّاس رجلین لکان احدھما الامام علیہ السلام، و قالؑ: اِنّ آخر من یموت الامام علیہ السلام لئلّا یحتجّ احد علی اللہ اَنّه ترکه بغیر حجّته (لله) علیه۔

یعنی آپؑ نے فرمایا: "اگر ساری دنیا کے تمام انسان ختم ہوجائیں اور صرف دو آدمی باقی رہ جائیں تو اُن دونوں میں سے ایک امام علیہ السلام ہوگا، اور اُن دونوں میں بھی جو امام علیہ السلام ہوگا وہ بعد میں مرے گا؛ تاکہ کوئی شخص اللہ کے سامنے یہ حجّت پیش نہ کرسکے کہ اللہ نے اُس (ایک آدمی) کو بھی بغیر اپنی حجّت کے چھوڑ دیا۔"

"

(مراد) (سب سے آخر میں حضرت امام حسین علیہ السلام ہی ہوں گے کیونکہ یہ گذشتہ احادیث میں گذر چکا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام ہی حضرت امام مہدی علیہ السلام کو غسل و کفن وغیرہ دیں گے۔ اور امام مفترض الطاعت کا ہوگا لازم و ضروری ہے۔)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۱) محمّد بن علی بن حسین بن موسیٰ بن بابویہ نے علی بن احمد بن موسیٰ دقّاق سے، اُنھوں نے محمّد بن ابی عبداللہ کوفی سے، اُنھوں نے موسیٰ بن عمران نخعی سے، اُنھوں نے اپنے چچا حسین بن یزید نوفلی سے، اُنھوں نے علی بن ابوحمزہ سے، اُنھوں نے اپنے والد سے، اور اُنھوں نے ابوبصیر سے روایت کی ہے ابوبصیر کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا کہ فرزندِ رسول اللہ! میں نے آپ کے پدرِ بزرگوار کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ امام قائم علیہ السّلام کے بعد بارہ امام ہوں گے؟

فقال: قد قال "اثنا عشر مهديًّا" ولم يقل "اثنا عشر اماما" ولكنّهم قوم من شيعتنا يدعون النّاس الى موالاتنا ومعرفة حقّنا۔"

آپ نے فرمایا: میرے پدر بزرگوار نے ارشاد فرمایا ہے کہ بارہ مہدی ہوں گے۔ یہ نہیں فرمایا کہ بارہ امام ہوں گے۔ لیکن وہ (مہدی) ایسے ہوں گے جو لوگوں کو ہم اہلِ بیت کی موالات اور ہمارے حق کے پہچاننے کی دعوت دیں گے۔"

(نوٹ) اعلم هداك الله بهداه انّ علم آل محمّد ليس فيه اختلاف بل بعضه يصدّق بعضًا وقد روينا احاديث عنهم صلوات الله عليهم جمّة فى رجعة الائمّة الاثنى عشر فكانّه عليه السّلام عرف من السائل الضعف عن احتمال هذا العلم الخاصّ الّذى خصّ الله سبحانه من شاء من خاصّته وتكرّم به على من اراد من بريّته كما قال سبحانه وتعالىٰ "ذٰلِكَ فَضْلُ اللهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَ اللهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ" (سورۃ الجمعۃ ۶۲ ۴)

فاوّله بتأويل حسن بحيث لا يصعب عليه فينكر قلبه فيكفر۔

فقد روى فى الحديث عنهم عليهم السّلام ما كلُّ ما يعلم يقال ولا كلُّ ما يقال حان وقته ولا كلّ ما حان وقته حضر اهله وروى ايضًا: لا تقوا الجبت والطّاغوت و

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تقولوا الرَّجعة ، فان قالوا : قد کنتم تقولون ؟ قولوا الآن لا نقول وھذا من باب التقیۃ التی تعبّد اللہ بھا عبادہ فی زمن الاَوصیاء ۔

ترجمہ : " واضح ہو کہ آل محمدؐ کے علم میں باہمی کوئی اختلاف نہیں بلکہ وہ آپس میں ایک دوسرے کی تصدیق کرتے ہیں اور ہمارے یہاں ائمہ اثنا عشر علیہم السّلام کی رجعت کے متعلق کثرت سے احادیث موجود ہیں مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جب امام جعفر صادق علیہ السّلام نے سائل کے ضعفِ (ایمان) کو دیکھا اور یہ محسوس کیا کہ یہ شخص ہمارے مخصوص علوم کی تاب نہ لا سکے گا جس کو اللہ سبحانہٗ نے مخصوص فرمایا جس کو چاہا اور اپنی مخلوق میں جس کو چاہا اس علم سے مکرّم فرمایا جیسا کہ خود اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد ہے کہ :

الآیت : " ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ " (سورۂ جمعہ : ۴)

ترجمۂ آیت : " یہ اللہ کا فضل وکرم ہے اِس کو جسے وہ چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور اللہ تو بڑا ہی فضل وکرم کرنے والا ہے ۔"

تو آپؑ نے اس کی ایک ایسی عمدہ تاویل فرمائی جسے وہ برداشت کرے اور وہ قلب سے انکار کر کے کفر نہ کرے ۔

چنانچہ ائمہ علیہم السّلام کی احادیث میں ہے کہ تمام بات جس کا علم ہے وہ کہی نہیں جاتی اور وہ تمام بات جو کہی گئی ہے ایسا نہیں ہے کہ اس کا وقت آگیا ہے اور اب بھی نہیں ہے کہ جس کا وقت آگیا ہے اس کے اہل بھی موجود ہوں اور یہ بھی روایت کی گئی ہے کہ امام علیہ السّلام نے فرمایا کہ " جبت و طاغوت کا نام نہ لو بلکہ صرف رجعت کہو اور اگر لوگ یہ کہیں کہ پہلے تو تم لوگ یہ کہتے تھے ؟ تو تم اُن کو جواب دو کہ " اب ہم اس کے قائل نہیں ہیں " ۔ تو آپ نے یہ تقیّہ کے پیشِ نظر کہا جس کا اللہ تعالیٰ نے اوصیاء کے زمانے میں حکم دیا ہے ۔

(۲۲) کتاب " بشارت " مؤلفہ سیّد رضی الدّین علی بن طاؤس میں مرقوم ہے کہ : میں نے ایک کتاب میں دیکھا جو جعفر بن محمّد بن مالک کوفی کی تالیف ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس میں اپنے اسناد کے ساتھ حمران سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا:
" عمرالدُّنیا مائۃ الف سنۃ لسائر الناس عشرون الف سنۃ وثمانون الف سنۃ لِآلِ محمّد علیہ وعلیہم السّلام
یعنی " دنیا کی عمر ایک لاکھ سال کی ہے جس میں بیس ہزار سال تمام لوگوں کے لیے ہے اور اسّی ہزار سال آلِ محمّد علیہ وعلیہم السّلام کے لیے ہیں۔"
سیّد رضی الدّین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے یاد ہے کہ میں نے طہر بن عبداللہ کی کتاب میں یہ روایت اس سے زیادہ تفصیل کے ساتھ دیکھی ہے۔

(نوٹ) یہ تمام روایات کتاب حسن بن سلیمان سے ماخوذ ہیں اور وہ روایات جو محمّد بن عبّاس سے ان کے اسناد سے مروی ہیں وہ کتاب کنز الفوائد میں مذکور ہیں۔

(۱۳۹) رجعت کی مخصوص آیت

حسن بن محبوب کی کتاب "المشیخہ" میں استادِ متّصل کے ساتھ محمّد بن سالم سے اور انھوں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے قولِ خدا: "رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ" (سورۂ مومن: ۱۱)

ترجمہ "اے ہمارے پروردگار تو نے ہمیں دو مرتبہ موت دی اور دو مرتبہ زندہ کیا۔ پس ہمیں اپنے گناہوں کا اعتراف ہے پس کیا اس سے نکلنے کا کوئی راستہ ہے۔"؟

قال ع: "هو خاصٌّ لاَقوام فی الرّجعۃ بعد الموت ویجری فی القیامہ فبعدًا للقوم الظالمین"

آپؑ نے فرمایا: یہ آیت مخصوص ہے اُن اقوام کے لیے جو موت کے بعد دوبارہ رجعت کریں گے۔ اور یہ قیامت تک جاری رہے گی۔ اللہ اس ظالم قوم کو دور رکھے۔" (منتخب البصائر)

(۱۴۰) رجعتِ امام حسین علیہ السّلام

حسین بن محمّد نے معلّی سے، اُنھوں نے ابوالمفضّل سے، اُنھوں نے ابنِ صدقہ سے، اُنھوں نے مفضّل بن عمر سے اور اُنھوں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

روایت نقل کی ہے کہ امام ؑ نے ارشاد فرمایا:

قال ؑ "کأنّی بسریر من نور قد وضع وقد ضربت علیہ قبّۃ من یاقوتۃ حمراء مکلّلۃ بالجوھر وکأنّی بالحسین علیہ السّلام جالسًا علیٰ ذلک السّریر، وحولہ تسعون ألف قبّۃ خضراء۔ و کأنّی بالمؤمنین یزورونہ ویسلّمون علیہ۔ فیقول اللہ عزّ وجلّ لھم: أولیائی سلونی! فطالما اُوذیتم واضطھدتم فھذا یوم لا تسألونی حاجۃ من حوائج الدّنیا والآخرۃ إلّا قضیتھا لکم، فیکون اکلھم وشربھم من الجنّۃ، فھذہ واللہ الکرامۃ۔

بیان: "سؤال حوائج الدّنیا یدلّ علیٰ انّ ھذا فی الرجعۃ إذ ھی لا تسأل فی الآخرۃ۔" (کامل الزیارۃ)

(ترجمہ)

امامؑ نے فرمایا: گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ ایک نور کا تخت رکھا گیا ہے اور اُس پر یاقوت سرخ کا ایک قبّہ نصب ہے جس میں جواہرات جڑے ہوئے ہیں اور یہ دیکھ رہا ہوں کہ اُس تخت پر حضرت امام حسین علیہ السّلام تشریف فرما ہیں، اور آپ کے گرد ساٹھ ہزار سبز رنگ کے قبّے نصب ہیں۔ اور یہ بھی دیکھ رہا ہوں کہ مومنین آکر آپؑ کی زیارت سے مشرّف ہو رہے ہیں اور آپ کو سلام کر رہے ہیں۔

پس اللہ عزّ وجلّ اُن سے ارشاد فرماتا ہے کہ: میرے دوستو! تمہیں جو کچھ مانگنا ہو مانگ لو واقعًا تم لوگوں نے ایک عرصۂ دراز تک بڑی اذیّتیں برداشت کیں اور بہت ظلم سہے مشقّتیں برداشت کیں، آج تم دنیا و آخرت میں سے حاجت طلب کرو میں تمہیں عطا کروں۔

پھر ان لوگوں کے کھانے پینے کا سارا انتظام جنّت سے ہوگا۔ خدا کی قسم، یہ اُن پر اللہ تعالیٰ کا بڑا کرم ہوگا۔

(نوٹ): اس حدیث میں حوائجِ دنیا کی لفظ بتاتی ہے کہ یہ رجعت کے متعلق ہے اس لیے کہ آخرت میں تو طلبِ حاجت کا سوال ہی کیا ہے۔ (کامل الزیارت)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۴۱) حمیری نے جو عریضہ امام قائم علیہ السلام کی خدمت میں روانہ کیا اس میں ایک ایسے شخص کے متعلق سوال کیا کہ جو حق کا قائل ہے متعہ کو حلال جانتا ہے اور رجعت پر یقین رکھتا ہے وغیرہ وغیرہ

(۱۴۲) رجعت پر گواہی

ناحیہ مقدسہ سے جو توقیع محمد حمیری کے پاس آئی جس کا ذکر آئندہ تفصیل سے آئے گا۔ اس میں یہ بھی ہے :

" اشہد انک حجۃ اللہ انتم الاوّل والآخر وانّ رجعتکم حق لا ریب فیہا یوم :

(آیت) " لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا " (انعام ۶ : ۱۵۸)

ترجمۂ روایت : " میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ حجتِ خدا ہیں، آپ حضرات اوّل ہیں اور آپ حضرات ہی آخر ہیں۔ اور آپ حضرات کی رجعت حق ہے اس میں کوئی شک نہیں اُس دن

ترجمۂ آیت " اُس شخص کا ایمان لانا اُسے کوئی فائدہ نہ دے گا جو کہ پہلے سے ایمان نہ رکھتا ہوگا یا اُس نے اپنے ایمان کے ساتھ کوئی نیکی نہ کمائی ہوگی۔ "

(۱۴۳) رجعت کیلئے اللہ کا وعدہ

کتاب " علل الشرائع " کے ایک قدیم نسخے میں ہے کہ :

قال : اخبر اللہ تعالیٰ نبیہ صلی اللہ علیہ وآلہ فی کتابہ ما یصیب اہل بیتہ بعدہ : من القتل والغصب والبلاء ثمّ یردّہم الی الدّنیا ویقتلون اعداءہم ویملّکہم الارض وہو قولہ تعالیٰ :

(الآیۃ) " وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ " (سورہ ۲۱ انبیاء : ۱۰۵)

وقولہ : " وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (سورہ ۲۴ النور : ۵۵)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ روایت "اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر دی ہے کہ اُن کے بعد اُن کے اہلِ بیتؑ پر کیا کیا مصائب وارد ہوں گے، یعنی وہ قتل کیے جائیں گے، اُن کے حقوق غصب کیے جائیں گے اور طرح طرح کی بلاؤں میں مبتلا ہوں گے۔ مگر اس کے بعد وہ دوبارہ دنیا میں بھیجے جائیں گے اور وہ اپنے دشمنوں کو قتل کریں گے اور ساری روئے زمین کے مالک بنائے جائیں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

آیت: "وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ" (سورہ ۲۱ انبیاء: ۱۰۵)

ترجمۂ آیت: اور بیشک ہم نے زبور میں پیغام (ذکر) کے بعد لکھ دیا تھا کہ زمین کے وارث میرے صالح بندے ہوں گے۔"

اور اللہ تعالیٰ کا یہ بھی ارشاد ہے:

(آیت) "وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ" (سورہ ۲۴ النور: ۵۵)

ترجمۂ آیت: "اللہ نے تم میں سے اُن سے وعدہ کیا ہے جو ایمان لائے اور اعمالِ صالح بجالائے، کہ وہ بالضرور اُن کو زمین میں نائب بنائے گا جس طرح اُن سے پہلوں کو اُس نے نائب بنایا تھا اور یقیناً اُن کے لیے دین کو مستحکم بنائے گا۔۔۔

(۱۴۴) قرآن میں رجعت کا ذکر عذاب کے ساتھ

سعد بن عبداللہ کے رسالہ "فی انواع الآیات فی القرآن" میں بروایت ابنِ قولویہ مرقوم ہے کہ حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ: قولِ خدا الآیت "وَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا عَذَابًا دُونَ ذَٰلِكَ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ" (سورہ ۵۲ الطور آیت ۴۷)

ترجمہ: "اور بیشک جنھوں نے ظلم کیا اُن لوگوں کیلئے اس کے سوا بھی عذاب ہوگا لیکن اُن کی اکثریت نہیں جانتی" درحقیقت جبرئیل اس کو اس طرح لیکر نازل ہوئے تھے "وان للظالمین آل محمد حقھم عذابا دون ذلک ولکن اکثر الناس لایعلمون" یعنی زمانہ[1]

[1] رجعت کے عذاب کو اکثر لوگ نہیں جانتے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۴۵) دآبۃ الارض سے مراد

حضرت امام رضا علیہ السلام نے قولِ خدا:
آیت " وَاَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ " (النمل ۲۷/۸۲)
ترجمہ " ہم اُن کے لیے زمین میں سے ایک دآبہ نکالیں گے جو اُن سے کلام کرے گا۔"
کے متعلق فرمایا اس سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔" (مناقب ابن شہر آشوب)

(۱۴۶)

ابو عبداللہ جدلی سے روایت ہے کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ: " میں دآبۃ الارض ہوں۔"
(مناقب ابن شہر آشوب)

(۱۴۷) رجعت پر ایمان نہ رکھنے والے

جابر نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے قولِ خدا: " اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ "
(وہ تو مُردے ہیں بغیر زندگی کے) (نحل ۱۶/۲۱)
آپ نے فرمایا: اس سے مراد: کفار غیر مومنین۔
آیت: اور: " وَمَا يَشْعُرُوْنَ لا اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝ " (نحل ۱۶/۲۱)
(اور وہ نہیں جانتے کہ کس وقت وہ اُٹھائے جائیں گے۔)
اس سے مراد: اَنَّهم لا يومنون واَنّهم يشركون: (وہ ایمان نہیں لائیں گے مشرک رہیں گے)
آیت: اور اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج
(تمہارا معبود، معبودِ واحد ہے)
مراد: یعنی: فانّه كما قال الله: تو وہ ایسا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے
آیت: اور " فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ "
(پس وہ ایمان نہیں رکھتے)
اس کا مطلب یہ ہے کہ: لا يؤمنون بالرّجعة انّها حقّ"
یعنی: وہ لوگ رجعت پر ایمان نہیں رکھتے حالانکہ وہ حق ہے۔
(تفسیر عیاشی)

★ ابوحمزہ نے بھی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (تفسیر عیاشی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۴۸) وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا کی تفسیر

عبدالرحمان بن محمدؐ علوی نے معنعنًا ابنِ عبّاس سے روایت کی ہے کہ انھوں نے قولِ خدا: " وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا " (سورۃ الشمس: ۲)

(قسم ہے دن کی جب وہ روشن ہوتا ہے)

کے متعلق فرمایا: " الائمۃ منّا اھل البیت یملکون الارض فی آخر الزّمان فیملؤنھا عدلاً وقسطاً "

اس سے مراد: "ہم اہل بیت کے ائمہؑ ہیں جو آخرِ زمانہ میں زمین کے مالک ہوں گے اور اسے عدل وانصاف سے بھر دیں گے۔"

(۱۴۹) منکرینِ رجعت کیلئے قرآنی آیات سے رد

تفسیر نعمانی میں اُن روایات کے ذیل میں جو حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام سے وارد ہوتی ہیں کہ: اُن لوگوں کی رد جو رجعت کے منکر ہیں اللہ تعالیٰ کے یہ قول ہیں:

آیت " وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ " (سورۂ نمل: ۸۳)

"اور ہم ہر قوم کے ایک گروہ کو محشور کریں گے جو کہ ہماری آیتوں کی تکذیب کرتا تھا پس اُنھیں صف آرا کیا جائے گا۔"

یعنی: اسی دنیا میں محشور کریں گے۔ اور آخرت کے لیے محشور کرنے کے متعلق قرآن کی دوسری آیت ہے:

اور قولِ خدا " وَحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا " (سورۃ الکہف: ۴۷)

ترجمہ (اور ہم اُن سب کو محشور کریں گے کسی ایک کو بھی نہ چھوڑیں گے)

یعنی: ہم آخرت کے لیے محشور کریں گے کسی کو بھی نہ چھوڑیں گے۔

منکرینِ رجعت کی رد کے لیے دوسری آیت:

(آیت) " وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ " (الانبیاء، آیت ۹۵)

(اور وہ آبادیاں جن کو ہم نے عذاب نازل کرکے ہلاک کیا ہے وہ زمانۂ رجعت میں دوبارہ پلٹائے نہیں جائیں گے۔)

لیکن قیامت میں تو سب ہی پلٹائے جائیں گے کسی کو نہ چھوڑا جائے گا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور اُن لوگوں کی رد کے لیے مثال کے طور پر یہ آیت (سورہ ۳ آلِ عمران آیت ۸۱)

"وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط"

ترجمہ: "اور جب اللہ نے انبیاء سے عہد لیا کہ جس کتاب و حکمت سے میں نے تمھیں نوازا ہے۔ پھر جو کچھ تمھارے پاس ہے اُس کی تصدیق کرنے والا ایک رسول بھی تمہارے پاس آیا ہوا ہے تو تمھیں ضرور اُس رسول پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور اس کی مدد کرنی ہوگی۔"

ظاہر ہے کہ انبیاء کا یہ وعدۂ نصرت زمانۂ رجعت ہی میں پورا ہوگا۔

نیز یہ آیت جس میں اللہ تعالیٰ نے اُمّت سے نصرت اور دشمنوں سے انتقام کا وعدہ کیا:

"وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ط يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ط ...." (سورۃ ۲۴ النور ۵۵)

ترجمہ: "اللہ نے تم میں سے اُن لوگوں سے جو کہ ایمان والے اور اعمالِ صالح بجالانے والے ہیں وعدہ کیا ہے کہ وہ بالضرور اُن کو زمین میں نائب و خلیفہ بنائے گا جس طرح کہ اُن سے پہلوں کو اُس نے نائب و خلیفہ بنایا تھا اور اُن کے دین کو جو کہ اُس نے اُن کے لیے پسند کیا ہے یقیناً اُن کے لیے مستحکم کریگا تاکہ اُن کے خوف کو امن سے بدل دے پس وہ میری ہی عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی شے کو شریک نہ قرار دیں گے۔"

وھٰذا لا یکون اِلّا فی الرّجعۃ۔

(اور یہ وعدہ بھی اُسی وقت پورا ہوگا جب وہ دنیا میں دوبارہ آئیں گے۔ یعنی رجعت میں۔

علاوہ بریں یہ آیت بھی رجعت کے لیے ہے:

(آیت) "وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۙ" (سورہ ۲۸ قصص: ۵)

ترجمہ: اور ہم نے چاہا کہ جو زمین میں بے بس کیے گئے تھے اُن پر احسان کریں اور اُنھیں امام بنادیں اور وارث قرار دیں۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور یہ آیت بھی رجعت کیلئے ہے:

(آیت): "اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ" (قصص: ۸۵)

ترجمہ: "بیشک وہ جس نے آپ پر قرآن فرض کیا۔ وہ آپ کو آپ کی منزل (معاد) کی طرف ضرور لوٹا دے گا۔"

ای رجعة الدّنیا: یعنی اس دنیا میں دوبارہ واپس آئیں گے۔

ایک مثال اور ہے قولِ خدا ہے:

(آیت) "اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْیَاهُمْ۔" (سورۃ البقرۃ: ۲۴۳)

ترجمہ: کیا تو نے اُن کو نہیں دیکھا جو اپنے گھروں سے موت سے ڈر کر نکل کھڑے ہوئے اور وہ ہزاروں تھے پس اللہ نے اُن سے کہا: مر جاؤ (وہ مر گئے) پھر (اللہ نے) اُن کو زندہ کر دیا۔"

ایک اور قولِ خدا رجعت کے لیے:

(آیت) "وَاخْتَارَ مُوْسٰی قَوْمَهٗ سَبْعِیْنَ رَجُلًا لِّمِیْقَاتِنَا"

ترجمہ: "اور موسیٰ نے اپنی قوم کے ستّر آدمیوں کو ہماری میقات (ملاقات) کے لیے منتخب کیا۔۔۔" (سورۃ الاعراف: ۱۵۵)

(فردّهم الله تعالیٰ بعد الموت الی الدّنیا وشربوا و انکحوا ومثله خبر العُزَیر۔)

(پس اللہ تعالیٰ نے انھیں (ستّر آدمیوں کو) موت کے بعد (زندہ کر کے) دنیا میں بھیجا اور وہ دنیا میں رہے۔ اُنھوں نے کھایا پیا اور نکاح وغیرہ کیے۔)

اسی طرح حضرت عُزیرؑ کا قصّہ ہے جو قرآن میں موجود ہے۔

(۱۵۰) امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ میں صاحبِ عصا و میسم ہوں

عبداللہ بن محمّد نے ابراہیم بن محمّد ثقفی سے، اُنھوں نے بعض سے مرفوعاً اور اُس نے حضرت ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قال امیر المومنینؑ: اِنّی لصاحب العصا والمیسم۔ الخبر

امیر المومنینؑ نے فرمایا: میں صاحبِ عصا و میسمؔ ہوں۔ (بصائر الدرجات)

ؔ میسم کے معنی ناک پر نشان لگانے والا۔ رجعت میں آپؑ کفّار کی ناک پر نشان لگائیں گے کہ یہ کافر ہے اور مومن کی پیشانی پر، کہ یہ مومن ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۵۱)

احمد بن محمدؒ و عبداللہ بن عامر نے ابنِ سنان سے، انھوں نے مفضّل سے مفضّل نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام کا ارشاد ہے کہ:

" اَنَا صاحب العصا و المیسم "

میں صاحبِ عصا اور صاحبِ میسم ہوں۔ (یعنی ناک پر نشان ڈالنے والا ہوں)

(بصائرالدرجات)

(۱۵۲) میں بار بار رجعت کرنے والا ہوں

ابوالفضل علوی نے سعد بن عیسیٰ سے، انھوں نے ابراہیم بن حکم ابنِ ظہیر سے انھوں نے اپنے والد سے، انھوں نے شریک بن عبداللہ سے، انھوں نے عبدالاعلیٰ سے انھوں نے ابی وقّاص سے، انھوں نے سلمان فارسی سے، اور سلمان فارسی نے حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قال ؑ: " اَنَا صاحب المیسم و اَنَا الفاروق الاکبر و اَنَا صاحب الکرّات و دولة الدُّول "

آپ نے فرمایا: " میں صاحب میسم ہوں اور میں فاروق اکبر ہوں اور میں صاحبِ کرّات (یعنی بار بار رجعت کرنے والا ہوں) اور دولت الدُّول (حاکموں کا بادشاہ) ہوں

(بصائرالدرجات)

(۱۵۳) میری ذرّیت کے ذریعہ نصرتِ مومنین

حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام کے قول: "علیٰ یدی تقوم الساعة" کی شرح میں حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا:

یعنی: "الرجعة قبل القیامة، ینصر اللہ بی و بذرّیّتی المومنین"

یعنی: (رجعت میں قیامت سے پہلے اللہ تعالیٰ میرے اور میری ذرّیت کے ذریعے مومنین کی نصرت فرمائے گا۔)

(۱۵۴) "اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ" کی تفسیر

جعفر بن احمد نے عبید اللہ بن موسیٰ سے، انھوں نے بطائنی سے، بطائنی نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اپنے والد سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے، اور ابوبصیر نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے قولِ خدا " اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا " (طارق ۸۶ : ۱۵)

" تحقیق وہ ایک چال چلتے ہیں۔ "

قال: کادوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وکادوا علیًا علیہ السلام وکادوا فاطمة علیہا السلام۔ فقال اللہ یا محمدؐ! " اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَّأَكِيدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِينَ " یا محمدؐ! " اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا "

لو قد بعث القائم علیہ السلام فینتقم لی من الجبارین و الطواغیت من قریش و بنی اُمیّة و سائر الناس۔ "

آپ نے فرمایا کہ ان لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کید و مکر کیا، حضرت علی علیہ السلام سے کید و مکر کیا اور حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام سے کید و مکر کیا تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

ترجمۂ آیت: ان لوگوں نے کید و مکر کیا اور بڑے سے بڑا کید و مکر کیا مگر تم ان کافروں کو چھوڑو۔ (اے محمدؐ!) تم انھیں تھوڑی مہلت اور دیدو۔"

اور جب امام قائمؑ آئیں گے تو وہ میری طرف سے بنی اُمیّہ، قریش اور دوسرے لوگوں کے جابروں اور طاغوتوں سے انتقام لیں گے۔ " (تفسیر فرات)

(۱۵۵) فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ کی تفسیر

محمد بن عباس نے علی بن محمد سے، اُنھوں نے ابی جمیلہ سے، اُنھوں نے حلبی سے اور ایسے ہی رواۃ سے، اُنھوں نے علی بن حکم سے، اُنھوں نے ابان بن عثمان سے، اُنھوں نے فضل بن عباس سے، اُنھوں نے ابوعبداللہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے قولِ خدا: " فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا "[1]

یعنی " پس اُن کے گناہ کے سبب اُن کا ربّ ان پر غضبناک ہوا اور انھیں پیوندِ خاک کر دیا۔"

آپؑ نے فرمایا: یہ رجعت کے وقت ہوگا۔ " وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا " (اور اُسے اپنے انجام کا کوئی خوف نہیں۔)

قال: لا یخاف من مثلہا اذا رجع۔ " یعنی رجعت سے بیخوف ہے۔"

(کنز جامع الفوائد)

[1] سورہ ۹۱ الشمس آیت ۱۴-۱۵

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۵۶) كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ کی تفسیر

تفسیر اہلِ بیت علیہم السّلام میں ہے کہ ہمارے بعض اصحاب نے محمّد بن علی سے، انھوں نے عمر بن عبدالعزیز سے، انھوں نے عبداللہ بن نجیح سے روایت کی ہے اور عبداللہ بن نجیح کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے آیت:

" كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ " (التکاثر ۱۰۲/۳-۴)

(آگاہ ہو جاؤ کہ تم جلد ہی جان لوگے۔ پھر آگاہ ہو جاؤ کہ تم بہت جلد جان لوگے)

اس آیت کے متعلق امامؑ نے فرمایا:

" مَرَّة فی الرَّجْعَة و مَرَّة اُخْرٰی یَوْمَ القیامة "

(ایک مرتبہ تو زمانۂ رجعت میں جان لیں گے اور دوسری مرتبہ قیامت کے دن)۔

(کنز جامع الفوائد)

(۱۵۷) وعدے کے دن سے مراد رجعت ہے

مرفوعاً محمّد بن خالد سے روایت ہے کہ اُنھوں نے ابنِ سماعہ سے، اُنھوں نے عبداللہ قاسم سے، اُنھوں نے محمّد بن یحییٰ سے، اُنھوں نے میسّر سے اور میسّر نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے قولِ خدا (آیت) " خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِیْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ " (سورۃ المعارج: ۴۴)

ترجمہ: " اُن کی آنکھیں (شرم سے) جھکی ہوں گی۔ اور ذلّت اُن پر چھائی ہوگی، وہی وہ دن ہوگا جس کا اُن سے وعدہ کیا گیا تھا۔"

قال ؑ: یوم اخروج القائم علیہ السّلام:

یعنی: وہ دن جس کا وعدہ کیا گیا ہے وہ ظہور و خروجِ امام قائم علیہ السّلام کا دن ہوگا۔

(کنز جامع الفوائد)

(۱۵۸) رجعت کا مُکذِّب

احمد بن علی بن کلثوم کا بیان ہے کہ اُحکم بن بشّار کے سامنے جب رجعت کا ذکر ہوتا تو وہ اس سے انکار کرتا اس لیے ہم لوگ اُس کو مکذّبین میں شمار کرتے تھے۔

(رجال کشی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۱۵۹) اِس آیت کا مطلب جابر کو معلوم ہے

احمد بن علی قمّی نے ادریس بن ایّوب سے، اُنھوں نے حسین ابنِ سعید سے، اُنھوں نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عبدالعزیز عبدی، اُنھوں نے زرارہ سے، اُنھوں نے حضرت ابوجعفر امام باقر علیہ السّلام سے روایت کی ہے۔ کہ آپ نے فرمایا کہ قرآن مجید آیت:

"اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ" (سورہ قصص ۲۸: ۸۵)

بیشک وہ جس نے تم پر قرآن کو فرض کیا ہے، وہ تم کو معاد کی طرف پلٹا دیگا"

اِس آیت کا مطلب جابر کو معلوم ہے۔ (رجال کشی)

(۱۶۰) جابر سدا اِس آیت کی تلاوت کرتا ہے

ان ہی اسناد کے ساتھ حسین نے ہشّام بن سالم سے، اُنھوں نے محمّد بن مسلم اور زرارہ سے روایت کی ہے کہ ان دونوں کا بیان ہے کہ ہم نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقرؑ سے ان احادیث کے متعلق سوال کیا جو ہم جابر سے روایت کرتے ہیں اور کہا کہ ہمیں جابر سے کیا مطلب؟

آپ نے فرمایا: بلغ من ایمان جابر انّہ کان یقرأ ھٰذہ الآیۃ

"اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰی مَعَادٍ" (قصص ۲۸: ۸۵)

یعنی: جابر کا ایمان اس بلندی پر جا پہنچا ہے کہ وہ اِس آیت: اِنَّ الذی... معاد کی سدا تلاوت کرتا رہتا ہے۔

★ ان ہی اسناد کے ساتھ حسین نے محمّد بن اسماعیل سے، اُنھوں نے ابنِ اُذینہ سے اور ابنِ اُذینہ نے زرارہ سے اسی کے مثل روایت کی ہے۔ (رجال کشی)

(۱۶۱) مومن کی سند، رجعت پر ایمان ہے

شیخ صدوق علیہ الرحمہ کی کتاب "صفات الشیعہ" میں مرقوم ہے کہ علی بن احمد بن عبداللہ بن ابی عبداللہ برقی نے اپنے اسناد کے ساتھ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

قال ع: "مَن اَقرَّ بسبعۃ اَشیاء فھو مؤمن وذکر منھا الایمان بالرجعۃ"

آپ نے فرمایا: "جو شخص سات باتوں کا اقرار کرتا ہے وہ مومن ہے۔ اور منجملہ ان سات کے رجعت پر ایمان کا بھی ذکر فرمایا۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

* ــــ اور اسی کتاب میں ہے کہ ابنِ عبدوس نے ابن قُتَیبہ سے، اُنھوں نے فضل بن شاذان سے اور اُنھوں نے حضرت امام رضا علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ:

قال الرّضاؑ: مَن اَقرَّ بتوحید اللہ ۔ وساق الکلام الی اَن قال: واَقرَّ بالرّجعۃ والمتعتین وآمن بالمعراج والمساءلۃ فی القبر والحوض والشفاعۃ وخلق الجنّۃ والنّار والصراط والمیزان، والبعث والنشور والجزاء والحساب فھو مؤمن حقّاً وھو من شیعتنا اھل البیت "

ترجمہ: امام رضا علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا: "جو شخص توحید الٰہی کا اقرار کرے" اور اپنے کلام کو آگے بڑھاتے ہوئے فرمایا: "اور رجعت و متعتین کا اقرار کرے، نیز معراج و سوالِ قبر و حوض، و شفاعت و خلقتِ جنّت و دوزخ و صراط و میزان و بعث و نشور، و جزا، اور حساب پر ایمان رکھتا ہے وہ حقیقتاً مومن ہے اور وہ ہم اہلِ بیتؑ کے شیعوں میں سے ہے۔"

"تذییل:۔ (**نوٹ**)

اعلم یا اخی! اَنّی لا اَظنّک تَرتاب بعد ما مھدت واوضحت لک فی القول بالرجعۃ الّتی اجمعت الشیعۃ علیھا فی جمیع الاعصار واشتھرت بینھم کالشمس فی رابعۃ النّھار حتّی نظموھا فی اشعارھم واحتجّوا بھا علی المخالفین فی جمیع امصارھم وشنع المخالفون علیھم فی ذلک واثبتوہ فی کتبھم واَسفارھم۔

منھم الرّازیؒ والنّیسابوریؒ وغیرھما وقد مرّ کلام ابن ابی الحدید حیث اَوضح مذھب الامامیّۃ فی ذلک ولولا مخافۃ التطویل من غیر طائل لَاَوردت کثیراً من کلماتھم فی ذلک۔ وکیف یشکّ مؤمن بحقیّۃ الائمّۃ الاطھار علیھم السّلام فیما تواتر عنھم فی قریب من مائتی حدیث صریح، رواھا نیّف واربعون من الثّقات العظام والعلماء الاعلام، فی اَزید من خمسین من مؤلّفاتھم کثقۃ الاسلام:۔

ترجمہ: ہم نے رجعت کے متعلق جو تمہیدیں اور وضاحتیں پیش کی ہیں اس سے میرا تو خیال ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ اس کو دیکھتے ہوئے برادرانِ اسلام میں سے کسی کو اس رجعت میں کوئی شک وشبہ باقی نہ رہے گا جس پر ہر دور میں شیعوں کا اجماع رہا اور اُن کا یہ اعتقاد اُن کے درمیان آفتاب کی طرح روشن ومشتہر رہا یہاں تک کہ ان لوگوں نے اپنے اشعار میں اس کو نظم بھی کیا اور مختلف دیار وامصار میں اس پر مخالفین سے بحث کرتے رہے اور مخالفین اس اعتقاد پر طعنہ زن ہوتے رہے اور یہ لوگ اپنی کتابوں اور تصانیف میں رجعت کو ثابت کرتے رہے اور طعنہ زن ہونے والوں میں فخر الدین رازی اور نیشاپوری جیسے لوگ ہیں اور ان دونوں کے علاوہ بھی مثلاً ابنِ ابی الحدید معتزلی ہیں جنھوں نے اپنی کتاب میں مذہب امامیہ کی وضاحت کی ہے۔ اگر تطویل کا خوف نہ ہوتا تو میں ان میں سے اکثر کے اقوال پیش کرتا۔

رجعت متواتر احادیث سے ثابت ہے

وہ مومن جو ائمۂ اطہارؑ کے حق ہونے کا قائل ہے وہ اِس رجعت میں کیسے شک کرسکتا ہے جس کے متعلق ائمۂ طاہرینؑ علیہم السّلام کی تقریباً دو سو صریحی احادیث موجود ہیں جن میں سے چالیس سے زائد کی بڑے بڑے ثقات اور علماءِ اعلام نے روایت کی اور اپنی پچاس سے زیادہ کتابوں میں تحریر کیا ہے۔

وہ علماء وثقاتِ شیعہ جنھوں نے رجعت کے متعلق احادیث درج کی ہیں مثلاً:

۱۔ ثقۃ الاسلام محمد یعقوب کلینیؒ
۲۔ شیخ صدوق محمد ابن بابویہ رح
۳۔ شیخ ابوجعفر طوسی رح
۴۔ سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰ
۵۔ نجاشی
۶۔ کشی
۷۔ عیاشی
۸۔ علی بن ابراہیم قمّی
۹۔ سلیم ہلالی
۱۰۔ شیخ مفید علیہ الرحمہ
۱۱۔ کراجکی
۱۲۔ نعمانی
۱۳۔ صفّار
۱۴۔ سعد بن عبداللہ
۱۵۔ ابنِ قولویہ
۱۶۔ علی بن عبدالحمید
۱۷۔ اور ان کے صاحبزادے صاحب کتاب "روائد الفوائد"
۱۸۔ محمد بن علی بن ابراہیم

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۰۔ فرات بن ابراہیم مؤلفِ کتاب "التنزیل والتحریف"

۲۱۔ ابوالفضل طبرسی
۲۲۔ ابراہیم بن محمدؐ ثقفی
۲۳۔ محمدؐ بن عباس بن مروان
۲۴۔ برقی
۲۵۔ ابنِ شہرآشوب
۲۶۔ حسن بن سلیمان
۲۷۔ قطب راوندی
۲۸۔ علامہ حلّی علیہ الرحمہ
۲۹۔ سیّد بہاء الدّین علی بن عبدالکریم عاملی۔
۳۰۔ احمد بن داؤد بن سعید
۳۱۔ حسن بن علی ابنِ حمزہ

۳۲۔ فضل بن شاذان
۳۳۔ شیخ شہید محمدؐ مکّی
۳۴۔ حسین بن حمدان
۳۵۔ حسن بن محمدؐ بن جمہور العمّی مؤلف کتاب الواحدہ
۳۶۔ حسن ابنِ محبوب
۳۷۔ جعفر بن محمدؐ بن مالک کوفی
۳۸۔ طہر بن عبداللہ
۳۹۔ شاذان بن جبریل
۴۰۔ صاحبِ کتاب "الفضائل"
۴۱۔ صاحبِ کتاب "العتیق"
۴۲۔ صاحبِ کتاب "الخطب"

ان کے علاوہ اور مؤلّفین جن کی کتابیں ہمارے پاس موجود ہیں جن کے مؤلّفین کا تعیین کے ساتھ نام معلوم نہ ہوسکا، اس لیے رجعت کی احادیث کو ان کی طرف منسوب نہ کرسکا۔

اب اگر اس کے باوجود بھی حدیث رجعت کو متواتر نہ کہا جائے گا تو پھر کس حدیث کے لیے متواتر ہونے کا دعویٰ ممکن ہوسکتا ہے اور اس کے علاوہ تمام قوم شیعہ اس کی اباً عن جدٍّ (آباء واجداد سے) روایت کرتی چلی آتی ہے۔

اور میرا تو خیال ہے کہ جو شخص اس طرح کی حدیث میں شک کرتا ہے وہ درحقیقت ائمہ دین کی امامت ہی میں شک رکھتا ہے مگر مومنین کے خوف سے اس کا اظہار نہیں کرتا۔ اور مختلف حیلوں سے ملّت حقّہ کی تخریب میں اور مستضعفین مومنین کو بہکانے میں کوشاں ہے۔

(آیت) یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِؤُا نُوْرَ اللّٰہِ بِاَفْوَاھِھِمْ وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ ۝ (سورہ الصف آیت ۸)

ترجمہ: لوگ تو چاہتے ہیں کہ نورِ خدا کو پھونکوں سے بجھادیں، مگر اللہ اپنے نور کو تمام کرکے رہے گا خواہ یہ کافروں کو کتنا ہی ناپسند ہو۔"

وہ علماء جنھوں نے رجعت پر کتابیں لکھیں

اب ہم تشئید و تاکیدِ مدّعا کے لیے اُن علماء کے اسمائے گرامی تحریر کرتے ہیں جنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رجعت پر مستقل کتابیں تحریر کی ہیں :

۱۔ احمد بن داؤد بن سعید جرجانی۔ جن کے متعلق شیخ طوسیؒ نے اپنی کتاب "الفہرست" میں تحریر کیا ہے کہ ایک کتاب متعہ پر اور ایک کتاب رجعت پر ہے۔

۲۔ حسن بن علی بن ابی حمزہ البطائنی، نجاشی نے ان کو اُن لوگوں میں شمار کیا ہے جن کی رجعت پر کوئی مستقل تصنیف ہے۔

۳۔ فضل بن شاذان نیشاپوری۔ شیخ طوسی نے اپنی کتاب "الفہرست" میں اور نجاشی نے تحریر کیا ہے کہ ان کی اثباتِ رجعت پر ایک کتاب ہے۔

۴۔ شیخ صدوق محمد بن علی ابن بابویہ۔ ان کو بھی نجاشی نے ان لوگوں میں شمار کیا ہے جنھوں نے رجعت پر کوئی کتاب لکھی ہے۔

۵۔ محمد بن مسعود عیاشی۔ شیخ طوسی اور نجاشی نے لکھا ہے کہ رجعت پر ان کی ایک کتاب ہے۔

۶۔ حسن بن سلیمان۔ جیسا کہ ہم نے ان سے احادیث روایت کی ہیں۔

۷۔ شیخ محمد بن حسن حر عاملی نے مبحثِ رجعت پر ایک ضخیم کتاب تحریر کی ہے۔ جس کا نام :

" الایقاظ من الہجعۃ بالبرہان علی الرجعۃ "

اِس کے علاوہ دیگر اُن تمام علماء جنھوں نے غیبت امام قائمؑ کے ثبوت میں کوئی کتاب تصنیف کی ہے اس میں رجعت کا ذکر کیا ہے۔ اگرچہ اس مبحث پر کوئی مستقل کتاب نہیں تصنیف کی ہے۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ ہمارے اکثر علماء نے ثبوتِ غیبت پر مستقل کتاب تصنیف کی ہے اور اس سے پہلے آپ دیکھ چکے ہیں کہ کیسے کیسے جیّد علماء و اکابر محدّثین نے رجعت کیلئے احادیث روایت کی ہیں جن کی جلالتِ قدر میں کسی قسم کا کوئی شک وریب نہیں کیا جا سکتا۔

علّامہ رحمۃ اللہ اپنی کتاب " خلاصۃ الرّجال " کے اندر میسر بن عبدالعزیز کے حالات میں تحریر کیا ہے کہ عقیقی کا بیان ہے کہ آلِ محمدؐ نے ان کی تعریف کی ہے اور یہ وہ ہیں جو مبحث رجعت پر مناظرہ و مجاہدہ کیا کرتے تھے۔

تفسیر " مجمع البیان " میں شیخ امین الدّین طبرسی علیہ الرحمہ قولِ خدا :

" وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ "[1] کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

یعنی : جب عذاب اور وعید ان پر لازم ہو گیا۔ اور اس کے معنی یہ بھی کہے گئے ہیں :

" جب وہ ایسے ہو گئے کہ نہ اُن میں سے کوئی فلاح پا سکتا ہے اور نہ ان کے ذریعہ کسی کو فلاح مل سکتی۔" اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ :

" جب اللہ تعالیٰ ان پر غضبناک ہوا۔" اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ :

[1] سورۃ ۲۷ النمل آیت ۸۲

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"جب قربِ ساعت اُن پر عذاب نازل ہوگا تو " اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ [1]
(ہم اُن کے لیے دآبۃ الارض نکالیں گے) اور یہ صفا و مروہ کے درمیان سے
برآمد ہوگا اور مومن کے لیے بتائے گا کہ یہ مومن ہے اور کافر کے لیے بتائے گا کہ یہ کافر ہے
اُس وقت تکلیف اُٹھ جائے گی، توبہ کا وقت ختم ہوجائے گا کسی کی توبہ قبول نہ ہوگی
اور یہ قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہوگی۔

★ وقیل: لایبقیٰ مؤمن اِلّا مسحتہ ولایبقیٰ منافق اِلّا خطمتہ
تخرج لیلۃ جمع والناس یسیرون الیٰ منیٰ، (عن ابن عمر)
اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ کوئی مومن ایسا نہ ہوگا جس کو وہ مسح نہ کرے اور کوئی منافق
ایسا نہ بچے گا جس کی ناک پر وہ نشان نہ لگادے اور وہ شبِ جمعہ میں
برآمد ہوگا جبکہ لوگ منیٰ کی جانب جارہے ہوں گے۔ (یہ ابن عمر کی روایت ہے)

★ وروی محمد بن کعب القرظیؒ: ۔۔۔۔ قال: سئل علیؑ صلوات
الرحمٰن علیہ عن الدآبۃ: فقال: اَمَّا واللہ مالہا
ذنب وانّ لہا للحیۃ وفی ھذا اشارۃ الیٰ انّہا من الانس"
اور محمد بن کعب قرظی نے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علی صلوات الرحمٰن علیہ سے دآبۃ الارض
کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اُس (دابہ) کے دُم نہیں ہوگی بلکہ داڑھی
ہوگی" اور یہ جواب اِس امر کی طرف اشارہ ہے کہ وہ انسانوں میں سے ہوگا۔

★ وروی ابن عبّاس: انّہا دآبۃ من دوآبّ الارض لہا زغب وریش و
لہا اربع قوائم۔
اور ابنِ عبّاس سے روایت ہے کہ وہ زمین کے چوپایوں میں سے ایک چوپایہ ہوگا۔
اس کے جسم پر رواں اور بال ہوں گے اور اس کے چار پیر ہوں گے۔

★ اور حذیفہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے۔ آپؐ نے فرمایا
" دابّۃ الارض ستّر ہاتھ طویل ہوگا اتنا تیز رفتار ہوگا کہ اس کو کوئی پکڑ
نہ سکے گا اور اُس سے تیز کوئی بھاگ نہ سکے گا۔ وہ مومن کی پیشانی پر مُہر
لگائے گا تو اُس پر نقش ہوجائے گا کہ "یہ مومن" ہے۔ اور کافر کی پیشانی پر مُہر
لگائے گا تو اُس پر نقش ہوجائے گا کہ "یہ کافر" ہے۔ اُس کے پاس حضرت موسیٰؑ
کا عصا اور حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی ہوگی۔ وہ مومن کے چہرے پر عصا سے
اور کافر کی ناک پر انگوٹھی سے نشان لگادے گا (جسے دیکھ کر) لوگ پکاریں

[1] (سورہ ۲۷ النمل آیت ۸۲)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

گے "اے مومن" اور "اے کافر"۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ بھی روایت کی گئی ہے کہ:

"دآبۃ الارض تین مرتبہ خروج کریگا۔ پہلی مرتبہ وہ اقصائے مدینہ (مدینہ کے کنارے) سے ظاہر ہوگا اور اس کی خبر تمام صحرا میں پھیل جائے گی۔ مگر ابھی اس کی خبر قریہ یعنی مکہ میں نہیں پہونچے گی، پھر وہ طویل عرصے تک ٹھہرے گا اور اس کے بعد دوسری مرتبہ وہ مکہ کے قریب ظاہر ہوگا، اُس وقت اس کی خبر سارے صحرا میں اور مکہ میں بھی پھیل جائے گی۔

پھر ایک دن لوگ مسجدِ اعظم "مسجدِ حرام" میں آئیں گے تو یہ ان لوگوں کو خوف زدہ نہیں کرے گا، بلکہ مسجد کے ایک گوشے میں رہے گا اور قریب بھی آئے گا تو دائیں جانب باہر سے حجرِ اسود اور بابِ بنی مخزوم کے درمیان، اسے دیکھکر لوگ بھاگیں گے اور وہ اپنے سر سے خاک جھاڑتا ہوا لوگوں کے درمیان سے گذرے گا اور اُس کا چہرہ کوکبِ دُرّی کے مانند چمکتا ہوگا، پھر وہ زمین کے اندر چلا جائے گا اور اُسے کوئی نہ پا سکے گا اور لوگ اُس سے پناہ چاہنے کے لیے نماز ادا کرنے کے لیے کھڑے ہوں گے تو وہ اُن کے پیچھے سے آئے گا اور کہے گا: اے فلان! تم اب نماز پڑھ رہے ہو۔ ذرا آگے بڑھ کر لوگوں کے چہروں پر نشان لگا دے گا اور اس نشان سے مومن اور کافر میں امتیاز ہو جائے گا۔ اسے دیکھ کر لوگ ایک دوسرے کو پکاریں گے کہ اے مومن! یا اے کافر!"

اور وہب کا بیان ہے کہ دآبۃ الارض کا چہرہ انسان کا اور سارا جسم طائر کے مانند ہوگا اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا قول ہے کہ: "تُكَلِّمُهُمْ" یعنی وہ لوگوں سے کلام کرے گا جو لوگوں کو پسند نہ آئے گا، وہ اُن لوگوں سے ایسی زبان میں گفتگو کرے گا جسے وہ سمجھ سکیں گے وہ کہے گا کہ یہ سب لوگ جہنّم میں جانے والے ہیں۔

نیز کہا گیا ہے کہ وہ کہے گا کہ یہ مومن ہے اور یہ کافر ہے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ لوگوں سے کہے گا:

آیت: "اِنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ" (سورۃ ۲۷ النمل آیت ۸۲)

یعنی (بلاشبہ لوگ ہماری نشانیوں پر یقین نہیں رکھتے تھے۔)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۔" (نمل ۲۷ : ۸۳)

ترجمہ: اور جس دن ہم ہر اُمّت میں سے ایک بڑے گروہ کو اکٹھا کریں گے جو کہ ہماری نشانیوں کی تکذیب کرتا تھا۔ تو اُن کو صف بستہ کیا جائے گا۔"

ای یدفعون ، وقیل یحبس اوّلہم علیٰ اٰخرھم

جن لوگوں کا مذہب امامیہ ہے وہ اس آیت سے رجعت کے حق ہونے پر استدلال کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں "مِمَّنْ" میں مِنْ تبعیض کے لیے ہے۔ یعنی: ایک دن ہم ہر قوم میں سے ایک گروہ کو جو ہماری آیات کی تکذیب کرنے والے ہیں اُن میں سے "بعض" کو محشور کریں گے۔ اِس سے معلوم ہوا کہ وہ دن قیامت کے دن کے علاوہ ہے جس میں بعض محشور ہوں گے جبکہ قیامت میں تو اللہ تعالیٰ سب کو محشور کرے گا جیسا کہ ارشاد فرمایا:

"وَحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا" (کہف ۱۸ : ۴۷)

اور (جس دن) ہم اُن (سب) کو اکٹھا کریں گے اور اُن میں سے کسی ایک کو بھی نہ چھوڑیں گے۔"

اور ائمہ اہلِ بیت علیہم السّلام کی احادیث واضح کرتی ہیں کہ ظہورِ امام قائم علیہ السّلام کے وقت اللہ تعالیٰ آلِ محمدؐ کے دوستداروں اور شیعوں میں سے ایک گروہ کو جو پہلے مر چکے ہیں، اُن کو پھر دنیا میں واپس کرے گا تاکہ وہ امام قائمؑ کی مدد و نصرت کرنے کا ثواب حاصل کریں، اور آپ کی حکومت کو دیکھ کر خوش و مسرور ہوں۔

نیز اللہ تعالیٰ اُن کے دشمنوں میں سے بھی ایک گروہ کو دنیا میں دوبارہ بھیجے گا، تاکہ اُن سے انتقام لیا جا سکے اور وہ عذاب جس کے وہ مستحق ہیں اس میں مبتلا ہوں۔ آپ کے شیعوں کے ہاتھوں قتل ہوں۔ امام قائمؑ کے کلمے کو بلند دیکھ کر ذلّت اور مایوسی میں مبتلا ہوں۔

یہ بات بعید از عقل بھی نہیں ہے، اِس لیے کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت میں ہے اور فی نفسہٖ یہ امر محال بھی نہیں ہے کیونکہ گذشتہ اُمتوں میں اللہ تعالیٰ ایسا کر چکا ہے۔ اور قرآن مجید میں مختلف مقامات پر اس کا ذکر بھی موجود ہے۔ جیسے حضرت عزیرؑ کا قصّہ وغیرہ جس کو ہم اپنے موقع پر بیان کر چکے ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث صحیح میں ہے

قولہ ص: " سیکون فی امتی کلّ ما کان فی بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل و القذّة بالقذّة حتّی لو انّ احدھم دخل حجر ضبّ لدخلتموہ "

یعنی: آپ ص نے فرمایا: عنقریب میری اُمّت میں بھی ہو بہو وہی کچھ ہونے والا ہے جو کہ بنی اسرائیل میں ہو چکا ہے۔ یعنی اگر بنی اسرائیل میں سے کوئی شخص کسی سوسمار کے سوراخ میں داخل ہوا ہے تو تم لوگ بھی اس میں داخل ہو گے۔"

علاوہ بریں ایک بات دیکھنے کی ہے کہ "دآبّۃ" کے متعلّق مخالفین کے اقوال کیا ہیں تو اُن کے وہاں کی احادیث سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کہ دآبّہ صاحبِ عصا اور صاحبِ مسیم ہوگا جس کی روایت ان لوگوں نے اپنی اکثر کتابوں میں کی ہے۔ پھر یہ دیکھنا ہے کہ حضرت علی ع اس کے متعلّق کیا فرماتے ہیں۔ آپ ع نے اکثر مواقع پر فرمایا ہے کہ میں صاحبِ عصا اور صاحبِ مسیم ہوں۔

زمخشری اور حدیثِ دآبّۃ

چنانچہ علّامہ زمخشری اپنی تفسیر "کشاف" میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

" انّھا تخرج من الصفا ومعھا عصا موسیٰ وخاتم سلیمان فتضرب المؤمن فی مسجدہ او فیما بین عینیہ بعصا موسیٰ فتنکت نکتۃ بیضاء فتفشو تلک النکتۃ فی وجھہ حتّی یضیٔ لھا وجھہ کانّہ کوکب دُرّیٌّ وتکتب بین عینیہ مؤمن، و تنکت الکافر بالخاتم فی انفہ فتفشو النکتۃ حتّی یسودّ لھا وجھہ وتکتب بین عینیہ کافر۔"

ترجمہ: " وہ (دآبّہ) کوہِ صفا سے خروج کرے گا اور اس کے ساتھ حضرت موسیٰ ع کا عصا اور حضرت سلیمان کی انگوٹھی ہوگی۔ اور وہ مومن کی پیشانی یا دونوں آنکھوں کے درمیان حضرت موسیٰ کے عصا سے نشان لگائے گا تو اس کی پیشانی پر ایک سفید نشان ظاہر ہوگا جیسے چمکتا ہوا ستارہ اور اس کی پیشانی پر لکھا جائے گا کہ یہ مومن ہے۔ اسی طرح کافر کی ناک پر انگوٹھی سے نشان لگائے تو ایک سیاہ نشان اُبھرے گا جو اُس کے پورے چہرے کو سیاہ کر دے گا اور اُسکی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا جائے گا کہ یہ کافر ہے۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثمّ قال: وقرئ تکلمهم " من الکلم وهو الجرح والمراد به الوسم بالعصا والخاتم ویجوز ان یستدلّ بالتخفیف علیٰ انّ المراد بالتکلیم التجریح انتهی۔

اس کے بعد لکھتے ہیں کہ تکلمہم کو کلم سے بھی پڑھا گیا ہے جس کے معنی جراحت اور زخم کے ہیں یعنی وہ ان لوگوں کے زخم لگائے گا مگر اس سے بھی مراد عصا اور انگوٹھی سے نشان لگانا ہی ہے۔

شیخ صدوقؒ اور رجعت پر قرآن سے دلائل

شیخ صدوق علیہ الرحمہ نے رسالہ " عقائد " میں تحریر فرمایا ہے کہ رجعت کے متعلق ہمارا اعتقاد یہ ہے کہ رجعت حق ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: (سورہ ۲ بقرہ: ۲۴۳ آیت) " اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ "

ترجمہ: " کیا تم نے اُن کو نہیں دیکھا کہ جو ہزاروں کی تعداد میں تھے اور موت کے خوف سے اپنے گھروں سے نکلے، پس اللہ تعالیٰ نے اُن سے کہا کہ مرجاؤ (وہ مرگئے) پھر اللہ نے اُن کو زندہ کر دیا۔"

یہ لوگ ستّر ہزار خاندان پر مشتمل تھے۔ ان کی آبادی میں ہر سال طاعون کی وبا آیا کرتی تھی۔ چنانچہ دولتمند لوگ تو گھر چھوڑ کر نکل جاتے تھے اور غریب و فقراء وہیں رہ جاتے تھے۔ جو لوگ وہاں سے نکل جاتے، اُن پر طاعون کا اثر کم ہوتا، لیکن جو فقراء وغیرہ رہ جاتے اُن پر طاعون کا اثر زیادہ ہوتا تھا، تو فقراء یہ کہتے کہ کاش ہم میں بھی استطاعت ہوتی اور یہاں سے نکل جاتے تو طاعون کی وباء سے اتنا متاثر نہ ہوتے اور جو لوگ نکل جایا کرتے وہ کہتے کہ اگر ہم لوگ بھی یہاں رہتے تو ہمیں بھی طاعون سے اتنا ہی نقصان پہنچتا جتنا ان لوگوں کو پہنچا ہے۔

چنانچہ (اِس مرتبہ بھی) سب نے ملکر یہ طے کیا کہ اب طاعون کے موقع پر ہم سب آبادی کو چھوڑ کر نکلیں گے۔ چنانچہ جب وہ وقت آیا تو سب کے سب نکلے اور بحری ساحل پر جاکر اُترے اور ابھی اُن لوگوں نے اپنا سامان سواریوں سے اُتار کر رکھا ہی تھا کہ اللہ کا حکم ہوا کہ سب کے سب مرجاؤ۔ چنانچہ وہ سب مرگئے۔ اور اس راستے سے گذرنے والوں نے اُن کے مردہ جسموں کو راستے سے ہٹا کر ایک طرف کر دیا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور جبتک اللہ تعالیٰ نے چاہا وہ یوں ہی مردہ پڑے رہے۔

پھر ایک دن بنی اسرائیل کے ایک نبی جن کا نام "ارمیا" تھا اُدھر سے گذرے اور اُن مردوں کو دیکھ کر بولے: پروردگارا! اگر تیری مرضی ہو تو اِن مُردوں کو زندہ کردے تاکہ یہ جاکر تیری بستیوں کو آباد کریں، اِن سے اولادیں پیدا ہوں جو تیری عبادت کریں۔" اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی آئی: کیا تم چاہتے ہو کہ میں ان کو تمھاری خاطر زندہ کردوں؟

"ارمیا" نے عرض کیا: ہاں (میرے پروردگار) زندہ کردے۔

تو اللہ تعالیٰ نے ان سب کو زندہ کردیا اور وہ سب ارمیا نبی کے ساتھ واپس چلے گئے اور اپنی بستیوں کو آباد کیا۔

تو یہ وہ قوم تھی جو مر گئی تھی اور زندہ ہونے کے بعد دنیا میں واپس آئی اور پھر جب اُن کی اجل (وقت موت) آئی تو اُس وقت وہ لوگ پھر مر گئے۔

★ (نیز حضرت عُزیرؑ کے قصّے میں) اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

(آیت) "اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰی حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَی الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝" (سورۃ بقرۃ: ۲۵۹)

ترجمہ: "یا اُس شخص کی طرح جو ایک قصبہ کے پاس سے گذرا، جو بالکل تباہ پڑا ہوا تھا۔ اُس نے کہا: اللہ کیونکر (ان لوگوں کو) زندہ کرے گا ان کی موت کے بعد؟ پس اللہ نے اُس شخص کو سو برس کے لیے موت دے دی۔ پھر اُس کو زندہ کیا۔ اور فرمایا: تم کتنا عرصہ (اس حالت میں پڑے) رہے؟ اُس شخص نے عرض کیا: ایک دن یا ایک کا کچھ حصّہ (میں یہاں رہا)۔ فرمایا: (نہیں) بلکہ تم یہاں سو برس تک پڑے رہے۔ ذرا اپنے کھانے پینے کی چیزوں کی طرف دیکھو، وہ خراب نہیں ہوئیں اور اپنے گدھے کی طرف بھی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دیکھ، اور یہ اِس لیے ہے کہ ہم نے تجھے لوگوں کے لیے ایک نشانی قرار دیا ہے اور ہڈّیوں کی طرف دیکھ کہ ہم اب اُن کو کیسے زندہ کرتے ہیں، پھر ہم اُن کو گوشت کا لباس پہناتے ہیں۔ پس جب اُس (نبیؑ عُزیر) پر یہ سب کچھ واضح کر دیا گیا تو اُس نے کہا (اعتراف کیا) کہ بیشک میں نے جان لیا کہ اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔" [1]

وَقال اللہ تعالیٰ فی قصّۃ المختارین من قوم موسیٰؑ لمیقات ربّہ

(آیت ۵۶) " ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ " (بقرہ آیت ۵۶)

(۵۵) ذٰلك لمّا سمعوا کلام اللہ قالوا لانصدّق (حتّٰی نَرَی اللہَ جَهْرَةً) آیۃ ۵۵

(آیت) " فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ (سورۂ نساء ۱۵۳) فماتوا

فقال موسیٰؑ : یا ربّ ما اقول بنی اسرائیل اِذا رجعت الیہم ؟ فاحیاھم اللہ لہ، فرجعوا الی الدّنیا فاکلوا و شربوا و نکحوا النساء، و ولد لھم الاولاد ثمّ ماتوا باٰجالھم۔

وقال اللہ عزّوجلّ لعیسیٰ علیہ السّلام : " وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِیْ " (مائدہ آیت ۱۱۰)

وجمیع الموتی الّذین احیاھم عیسیٰؑ باذن اللہ، رجعوا اِلی الدنیا و بقوا فیھا ثمّ ماتوا باٰجالھم

(ترجمہ)

نیز اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کا قصّہ بیان کیا ہے جو قومِ موسیٰؑ میں سے میقات کے لیے منتخب ہوئے تھے۔

(ترجمہ آیت ۵۶ بقرہ) " پھر ہم نے تمھاری موت کے بعد تم لوگوں کو دنیا میں بھیجا کہ ممکن ہے کہ تم شکر گذار بندے بن جاؤ۔"

اور صورت یہ ہوئی کہ جب کوہِ طور پر اُن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کو حضرت موسیٰؑ سے کلام کرتے ہوئے سنا تو اُنھوں نے کہا "جب تک ہم اللہ کو ظاہر بظاہر نہ دیکھ لیں گے، اس کی تصدیق نہ کریں گے۔

(ترجمہ آیت ۵۵ بقرہ)

(ترجمہ آیت ۱۵۳ نساء) " اِس سرکشی کے سبب، اُن پر بجلی گری ... اور وہ سب مر گئے۔

---

[1] تو یہ حضرت عُزیرؑ تھے جو سو سال تک مرے ... پھر دنیا میں زندہ ہو کر واپس آئے اس کے بعد جب اُن کی اجل آئی تب مرے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا کہ پروردگار، جب بنی اسرائیل کے پاس واپس جاؤں تو انھیں کیا جواب دوں گا؟ حضرت موسیٰؑ کی درخواست پر اللہ تعالیٰ نے اُن سب کو دوبارہ زندہ کردیا اور انھوں نے دنیا میں رجعت کی، دنیا میں کھاتے پیتے رہے، شادی بیاہ کرتے رہے اولاد پیدا کرتے رہے اور جب اُن کی اجل آئی تو وہ مر گئے۔

★ وقال اللہ عزّ وجلّ لعیسیٰ علیہ السلام "

(آیت ۱۱۰ مائدہ ۵) "وَ اِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰی بِاِذْنِیْ" (سورہ مائدہ آیت ۱۱۰)

وجمیع الموتی الذین احیاھم عیسیٰ علیہ السلام باذن اللہ، رجعوا الی الدّنیا وبقوا فیھا ثمّ ماتوا باٰجالھم۔

(آیت ۲۵) ★ واصحاب الکھف " لَبِثُوْا فِیْ کَھْفِھِمْ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۝" (سورۃ الکھف آیت ۲۵)

ثمّ بعثھم اللہ فرجعوا الی الدّنیا لیسألوا بینھم وقصّتھم معروفۃ۔

فان قال قائل: انّ اللہ عزّ وجلّ قال:

(آیت ۱۸ کہف) " وَتَحْسَبُھُمْ اَیْقَاظًا وَّھُمْ رُقُوْدٌ" (سورہ ۱۸ کہف آیت ۱۸)

قیل لہ: فانّھم کانوا موتی وقد قال اللہ عزّ وجلّ:

(آیت ۵۲ یٰسٓ) " قَالُوْا یٰوَیْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ھٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۝" (سورہ ۳۶ یٰسٓ آیت ۵۲)

واِن قالوا کذٰلک فانھم کانوا موتی ومثل ھٰذا کثیر۔

(ترجمہ)

★ اور اللہ تعالیٰ عزّ وجلّ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے فرمایا:

(ترجمہ آیت ۱۱۰ مائدہ ۵) "اور جب تو مُردے کو (زندہ کرکے قبر سے) میری اجازت سے نکالتا تھا"

چنانچہ وہ تمام لوگ جن کو حضرت عیسیٰؑ نے باذنِ خدا زندہ کیا تھا وہ دنیا میں واپس آئے ایک عرصے تک زندہ رہے اور پھر جب ان کی اجل آئی تو مرے۔

★ اور اصحاب کہف کو دیکھئے کہ: ترجمۂ آیت ۲۵: (وہ اپنے غار میں تین سو نو سال تک پڑے رہے) پھر اللہ تعالیٰ نے انھیں بھیجا اور وہ دنیا میں آئے، اُن کا قصّہ تو بہت مشہور ہے۔

اصحاب کہف کے متعلق اگر کوئی یہ کہے کہ وہ مردہ (کہاں تھے) اللہ فرماتا ہے کہ:

(آیت ۱۸ کہف ترجمہ) "(تم سمجھتے ہو کہ وہ لوگ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سو رہے ہیں۔") تو جواباً کہا جائیگا وہ مرے ہوتے تھے۔ چنانچہ اللہ بزرگ و برتر سورۂ ۳۶ یٰسٓ آیت ۵۲ - میں ارشاد فرماتا ہے کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(ترجمہ آیت ۵۲) "یہ کہتے ہوئے کہ ہائے افسوس ہمیں ہمارے مرقد سے دوبارہ کس نے اُٹھا دیا۔ سچ ہے یہ رحمٰن کا وعدہ ہے اور تمام رسولوں نے سچ کہا تھا۔" (سورہ ۳۶ یٰسٓ آیت ۵۲)

★ اِنَّ الرَّجعۃ کانت فی الامم السالفۃ وقال النّبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم یکون فی ھٰذہِ الامّۃ مثل ما یکون فی الامم السالفۃ حذوا النّعل بالنّعل، والقذّۃ بالقذّۃ، فیجب علیٰ ھذا الاصل ان یکون فی ھٰذہ الامّۃ رجعۃ۔

★ الغرض رجعت گذشتہ امّتوں میں ہوچکی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ "جو کچھ پچھلی اُمّتوں میں ہوچکا ہے وہی اِس امّت میں بھی ہوگا قدم بہ قدم۔ لہٰذا لازمی ہے کہ رجعت اِس اُمّت میں بھی ہو۔

صفحہ ۱۳۰ - ج ۵۳

◎ ـــــ وَقَدْ نقل مخالفونا انّہ اِذا خرج المھدیؑ نزل عیسیٰ بن مریمؑ فصلّی خلفہ ونزولہ اِلی الارض رجوعہ اِلی الدّنیا بعد موتہ لانّ اللہ تعالیٰ قال: "اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ"[1]

آیت ۵۵/۳

وقال عزّوجلّ "وَحَشَرْنٰھُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْھُمْ اَحَدًا"[2]

آیت: ۴۷/۱۸

وقال عزّوجلّ "وَیَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّۃٍ فَوْجًا مِّمَّنْ یُّكَذِّبُ بِاٰیٰتِنَا"[3]

آیت: ۲۷/۸۳

فالیوم الّذی یحشر فیہ الجمیع غیر الیوم الّذی یحشر فیہ فوج۔

وقال عزّوجلّ: "وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰہِ جَھْدَ اَیْمَانِھِمْ لَا یَبْعَثُ اللّٰہُ مَنْ یَّمُوْتُ ؕ بَلٰی وَعْدًا عَلَیْہِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝" (سورہ ۱۶ نحل آیت ۳۸)

آیت: ۱۶/۳۸

یعنی فی الرّجعۃ وذٰلك انّہ یقول"

"لِیُبَیِّنَ لَھُمُ الَّذِی یَخْتَلِفُوْنَ فِیْہِ" (نحل آیت ۳۹)

آیت: ۱۶/۳۹

وَالتبیّن یکون فی الدّنیا لا فی الاٰخرۃ وساُجرّدُ فی الرّجعۃ کتابًا اُبیّن فیہا کیفیّتھا، والدلالۃ علیٰ صحّۃ کونہا اِن شآءَ:

---

[1] آلِ عمران ۳: ۵۵ - (۲: سورہ کہف: ۴۷)۔ سورہ ۲۷ نمل: آیت ۸۳ :) سورہ ۱۶ آیت ۳۸

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

والقول بالتناسخ باطل، ومن دان بالتناسخ فهو
كافر، لأنّ في التناسخ إبطال الجنّة والنّار۔
وقال الشيخ المفيدؒ في أجوبة المسائل العكبريّة
آیت: ۴۰/۵۱ : حين سئل عن قوله تعالىٰ: "إِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا
وَالَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا" (سورۂ مومن آیت ۵۱)
وأجاب بوجوه فقال: وقد قالت الإماميّة: انّ
الله تعالىٰ ينجز الوعد بالنّصر للأولياء قبل الآخرة
عند قائم القائمؑ والكرّة الّتي وعد بها المؤمنين في العاقبة۔

(ترجمہ صفحہ ۱۳۰ ج ۵۳)

صفحہ ۱۳۰-ج۵۳ ◉ : "ہمارے مخالفین نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے کہ جب امام مہدی علیہ السلام
خروج فرمائیں گے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے اور
حضرت امام مہدی علیہ السلام کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ اور اُن کا نزول زمین
ترجمہ پر ہوگا، وہ وفات کے بعد دنیا میں واپس آئیں گے۔ اِس لیے کہ اللہ عزّوجلّ
آیت ۳/۵۵ : ارشاد فرماتا ہے: "اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ" میں تم کو وفات دینے
والا ہوں اور اپنی طرف اُٹھانے والا ہوں۔" (سورۂ ۳ آلِ عمران آیت ۵۵)
نیز اللہ عزّوجلّ ایک اور مقام پر ارشاد فرماتا ہے:
ترجمہ آیت ۱۸/۴۷ : "اور ہم سب کو محشور کریں گے اُن میں سے کسی ایک کو نہ چھوڑیں گے۔" (کہف)
اور دوسرے مقام اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:
ترجمہ آیت ۲۷/۸۳ "اُس دن ہم ہر اُمّت میں سے ایک گروہ کو محشور کریں گے جو ہماری آیتوں
کی تکذیب کرتا تھا۔" (سورۂ ۲۷ نمل آیت ۸۳)
تو وہ دن جس میں سب کے سب محشور ہوں گے وہ اِس دن کے علاوہ ہوگا
جس میں صرف ایک بڑا گروہ محشور ہوگا۔
نیز اللہ تعالیٰ عزّوجلّ ارشاد فرماتا ہے: (سورۂ ۱۶ نحل آیت ۳۸)
ترجمہ آیت ۱۶/۳۸ : "وہ لوگ قسم کھا کر کہتے ہیں کہ جو مر گیا پھر اللہ دوبارہ اُس کو نہیں اُٹھائے گا
اور یقیناً اللہ کا وعدہ سچّا ہے جو اُس پر واجب ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے"
یعنی: رجعت میں، اور اسی وجہ سے اس کے ساتھ ہی ارشاد فرماتا ہے کہ:
ترجمہ آیت ۱۶/۳۹ "تاکہ وہ (اللہ) ان لوگوں پر اس بات کو واضح کر دے جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور یہ وضاحت دنیا میں ہو سکتی ہے آخرت میں نہیں ہوگی اور انشاء اللہ تعالیٰ میں بحثِ رجعت پر ایک مستقل کتاب لکھوں گا جس میں اس کی پوری تفصیلی بحث تحریر کروں گا۔

اور یاد رہے کہ تناسخ باطل ہے اور تناسخ کا قائل کافر ہے کیونکہ تناسخ میں جنت و دوزخ کا بطلان لازم آتا ہے۔

اور شیخ مفید علیہ الرحمۃ نے مسائلِ عکبریہ کے جوابات میں تحریر فرمایا' ان سے قولِ خدا ترجمہ آیت ۵۱: " ہم اپنے رسولوں کی اور اہلِ ایمان کی نصرت دنیاوی زندگی میں لازماً کریں گے"۔ آپ نے اس کے جواب کئی طرح سے دیے۔ آپ نے فرمایا کہ امامیہ اس امر کے قائل ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنا یہ وعدۂ نصرت اپنے دوستوں سے آخرت سے پہلے ہی ظہورِ امام قائم علیہ السلام اور زمانۂ رجعت میں پورا کرے گا جس کا وعدہ اس نے مومنین سے کیا ہے۔ "

سید حمیری کے دربارِ منصور میں رجعت پر دلائل

(عبارت) و روی قدس اللہ روحہ فی کتاب الفصول عن الحارث بن عبد اللہ الربعی انہ قال: کنت جالساً فی مجلس المنصور وھو بالجسر الاکبر، و سوّار القاضی عندہ والسید الحمیری ینشدہ:

" اِنَّ الاٰلہ الذی لاشیٔ یشبہہ — اٰتاکم الملک للدنیا وللدّین
اٰتاکم اللہ ملکاً لا زوال لہ — حتّی یقاد الیکم صاحب العین
وصاحب الہند مأخوذ برمتہ — وصاحب الترک محبوس علی ھون

حتّی اَتی علی القصیدۃ والمنصور مسرور، فقال سوّار: انَّ ھٰذا واللہ یا امیر المومنین یعطیک بلسانہ مالیس فی قلبہ، واللہ انَّ القوم الذین یدین بحبّھم لغیرکم وانّہ لینطوی علی عداوتکم۔ فقال السیّد: واللہ انہ لکاذب واثنی فی مدحتک لصادق، وانّہ حملہ الحسد اِذ رأک علیٰ ھٰذہ الحال، وانَّ انقطاعی الیکم ومودّتی لکم اھل البیت لمعرّق فینا من اَبوی، وَاِنَّ ھٰذا وقومہ لاعداؤکم فی الجاھلیّۃ والاسلام وقد انزل اللہ عزّوجلّ علی نبیّہ صلّی اللہ علیہ وآلہ فی اَھل بیت ھٰذا:

سورۂ الحجرات ع ۲ آیت ۴ " اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَکَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَکْثَرُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ۝"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(ترجمۂ عبارت) سیّد حمیری کے دربارِ منصور میں رجعت پر دلائل

نیز آپ نے اپنی کتاب "الفصول" میں حارث بن عبداللہ ربعی سے روایت کی ہے اُس کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ منصور جسرِ اکبر (بڑے پُل) پر تھا اور میں بھی اسکی مجلس میں تھا۔ سوّار قاضی بھی منصور کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ اور سیّد حمیری (شاعر) منصور کی مدح میں یہ قصیدہ پڑھ رہا تھا:

ترجمۂ اشعار (۱) بیشک وہ اللہ جس کا کوئی مثل نہیں اُس نے آپ لوگوں کو دین و دنیا دونوں کی حکومت عطا فرمائی ہے۔

(۲) آپ لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے وہ حکومت عطا فرمائی ہے جس کو کبھی زوال نہیں فعفورِ چین بھی آپ لوگوں کے پاس کھینچ کر لایا جائے گا۔

(۳) ہندوستان کا مہاراجہ بھی پکڑا جائے گا اور بادشاہِ ترک بھی محبوس ہوگا

سیّد حمیری منصور کی مدح میں اشعار سناتا رہا اور منصور خوش ہو رہا تھا۔ یہ سماں دیکھ کر سوّار قاضی سے رہا نہ گیا اور کہنے لگا: یا امیرالمومنین! جو کچھ اس کی زبان پر ہے وہ اس کے دل میں نہیں ہے۔ یہ آپ لوگوں کے علاوہ دوسروں سے محبت رکھتا ہے اور آپ لوگوں سے دل میں عداوت رکھتا ہے۔

سیّد حمیری نے کہا: خدا کی قسم یہ جھوٹا ہے میں تو آپ کی سچّی تعریف کر رہا ہوں میرے اشعار پر آپ کو خوش و مسرور دیکھ کر اس کو حسد پیدا ہو گیا ہے۔ میں تو سب کو چھوڑ کر آپ لوگوں سے وابستہ ہوں بلکہ آپ اہلِ بیت کی محبت تو باپ دادا سے ہم لوگوں کے رگ و پے میں سمائی ہوئی ہے۔ اور یہ سوّار اور اس کی قوم تو ایّامِ جاہلیّت اور اسلام دونوں میں آپ لوگوں سے عداوت رکھتے چلے آ رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اس اہل بیت کے لیے اپنے نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر یہ آیت نازل فرمائی ہے: اِنَّ الَّذِین ۔ ۔ ۔ ۔ لَا یَعْقِلُوْنَ: (سورۂ ۴۹ حجرات آیت ۴)

ترجمۂ آیت: "جو لوگ آپؐ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں بلاشبہ اُن کی اکثریت عقل سے عاری ہے۔"

(عبارت) فقال المنصور: صدقت، فقال سوّار: یا امیرالمومنین انّہٗ یقول بالرّجعۃ، ویتناول الشّیخین بالسّبّ والوقیعۃ فیہما

ترجمہ: منصور نے کہا: تم سچ کہتے ہو۔ سوّار بولا: اے امیرالمومنین! یہ رجعت کا قائل ہے اور شیخین کو بُرا بھلا کہتا ہے اور ان کی عیب گیری کرتا ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(عبارت) فقال السّيّد: اَمّا قوله انّی اَقول بالرّجعة، فانّی اَقول بذٰلك علیٰ ما قال اللّٰه تعالیٰ:

(آیت ۸۳ نمل ۲۷) " وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ " (سورۂ نمل آیت ۸۳)

وقال فی موضع آخر:

(آیت ۴۷ کہف): " وَحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۝ " (کہف آیت ۴۷)

فعلمنا اَنَّ هٰهنا حشرین، احدهما عامٌّ والآخر خاصٌّ

وقال سبحانه وتعالیٰ:

(آیت ۱۱: مومن ۴۰) " رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ. فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ " (مومن ۴۰ آیت ۱۱)

وَقَالَ سبحانه وتعالیٰ

(آیت ۲۵۹ بقرة ۲) " فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ "

وَقَالَ سبحانهٗ وتعالیٰ:

(آیت ۲۴۳ بقرة ۲) " اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۪ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ۭ ... " (سورۃ البقرة آیت ۲۴۳)

فهذا کتاب اللّٰه۔

وقد قال رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وآله " يُحْشَرُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ فِیْ صُوْرَةِ الذَّرِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔"

وقال صلّی اللّٰه علیه وآله: " لَمْ يجر فی بنی اسرائیل شیءٌ اِلَّا وَ يكون فی اُمّتی مثله، حتّی الخسف والمسخ وَ القذف۔ " وَقال حذیفة: واللّٰه ما ابعد ان يّمسخ اللّٰه عزّوجلّ كثيرًا من هٰذه الاُمّة قِردة وخنازير۔

فالرّجعة الّتی اذهب الیها ما نطق به القرآن وجاءت به السّنة وانّی لاَعتقد اَنَّ اللّٰه عزّوجلّ يردُّ هذا یعنی سوّارًا اِلی الدّنیا کلبًا اَو قردًا اَو خنزيرًا اَو ذرّة فانّه واللّٰه متجبّر متكبّر كافر

قال: فضحك المنصور وانشأ السّيّد ۔۔۔ الیٰ آخر الابیات:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(ترجمۂ روایت) سیّد حمیری نے کہا: تیرا یہ کہنا کہ میں رجعت کا قائل ہوں تو وہ اِس لیے قائل ہوں کہ اللہ عزّ وجل ارشاد فرماتا ہے:

ترجمۂ آیت ۲۷/۸۳ "اور جس دن ہم ہر اُمّت میں سے ایک بڑے گروہ کو اکٹھا کریں گے جو کہ ہماری آیتوں کی تکذیب کرتا تھا، تو اُن کو صف آرا کیا جائے گا۔" (نمل ۲۷ آیت ۸۳)

اور دوسرے مقام پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ترجمۂ آیت ۱۸/۴۷ "اور ہم اُن (سب) کو اکٹھا کریں گے اور اُن میں سے کسی ایک کو بھی نہ چھوڑیں گے۔"

اِن دونوں آیتوں سے معلوم ہوا کہ حشر دو۲ طرح کا ہوگا۔ ایک حشرِ عام اور دوسرا خاص۔ اور تیسری جگہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا قول ہے:

ترجمۂ آیت ۴۰/۱۱ : "اے ہمارے پروردگار! تو نے ہمیں دو۲ مرتبہ موت دی اور دو۲ مرتبہ ہمیں زندہ کیا پس ہم اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں، کیا نکلنے کی کوئی سبیل ہو سکتی ہے۔"

چوتھی جگہ ارشاد فرماتا ہے:

ترجمۂ آیت ۲/۲۵۹ "پس اللہ نے اس کو سو برس کے لیے موت دی، پھر اس کو زندہ کیا"

پانچویں جگہ ارشاد فرماتا ہے:

ترجمۂ آیت ۲/۲۴۳ : "کیا تو نے اُن کو نہیں دیکھا جو اپنے گھروں سے موت کے خوف سے نکل بھاگے اور وہ ہزاروں تھے، پس اللہ نے اُن سے کہا کہ مرجاؤ، (وہ مرگئے) پھر (اللہ نے) اُن کو زندہ کیا۔۔۔"

رجعت کے ثبوت میں یہاں تک قرآن کی آیتیں تھیں۔

(حدیثِ رسولِ خدا) اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم فرماتے ہیں: "قیامت کے دن متکبّر لوگ چھوٹی چیونٹی کی شکل میں محشور ہوں گے۔"

(حدیث) نیز آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: "جو کچھ بنی اسرائیل میں ہو چکا ہے اسی کے مانند میری اُمّت میں بھی ہوگا یہاں تک کہ زمین کا شق ہونا، لوگوں کا مسخ ہونا، لوگوں پر پتھروں کا برسنا وغیرہ وغیرہ"

اور حذیفہ کہتے ہیں، خدا کی قسم کوئی بعید نہیں جو اللہ تعالیٰ اِس اُمّت کے اکثر لوگوں کو بندر اور سُوروں کی شکل میں مسخ کر دے۔ لہٰذا جس رجعت کا میں قائل ہوں اُس کے لیے تو قرآن بھی کہتا ہے اور حدیثِ رسولؐ سے بھی ثابت ہے اور میرا تو یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ اِس شخص (سوّار) کو دنیا میں دوبارہ کتّے، بندر، سور یا چیونٹی کی شکل میں بھیجے گا اس لیے کہ یہ ظالم وجابر ومتکبّر اور کافر ہے۔ سیّد حمیری کی یہ تقریر سنکر منصور ہنسنے لگا اور سیّد نے بعدہ قصیدہ تمام کیا۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ایک معتزلی کا اعتراض اور شیخ مفید علیہ الرّحمۃ کا جواب

شیخ مفید علیہ الرّحمۃ اپنی "کتاب الفصول" میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک معتزلی نے ایک اہلِ علم وفہم کے مجمع میں ہمارے امامیہ میں سے ایک بزرگ سے پوچھا، اُس وقت میں بھی وہاں موجود تھا۔ اُس نے کہا:

"تم لوگ اِس بات کے قائل ہو کہ آخرت سے پہلے زمانۂ ظہورِ قائمؑ میں چند کافروں کو اللہ تعالیٰ دوبارہ اِس دنیا میں بھیجے گا تاکہ اُن سے انتقام لیا جائے جیسا کہ تم لوگوں کے مطابق بنی اسرائیل کے ساتھ ہوا تھا، اور اس واقعے کو تم لوگ قرآن کی اِس آیت سے متعلق کرتے ہو کہ:

"ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝" (سورۂ بنی اسرائیل آیت ۶)

ترجمہ: "پھر ہم نے تمھیں اُن پر غلبہ عطا کر کے تمھارے دن پھیر دیے اور ہم نے اموال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کی، اور تمہیں کثرتِ افراد عطا کی۔"

تو یہ بتاؤ کہ اگر یزیدؑ و شمرؑ و عبدالرحمٰنؑ ابنِ ملجم دوبارہ دنیا میں بھیجے گئے اور اُنھوں نے اپنے کفر وضلالت کو چھوڑا توبہ کرلی اور امامِ قائمؑ کے مطیع و فرمانبردار ہو گئے تو پھر تم پر ان سب کی دوستی واجب ہوگی اور وہ ثواب کے مستحق قرار پائیں گے اُس وقت تم کیسے بچ سکو گے، شیعوں کے مذہب میں سب سے بڑا نقص تو یہی ہے۔"

پہلا جواب: شیخ مفید علیہ الرّحمۃ فرماتے ہیں کہ اِس اعتراض کے ہمارے پاس دو جواب ہیں۔ پہلا جواب تو یہ کہ ہمارے ائمہ طاہرینؑ کی روایات میں یہ ہے کہ یہ سب ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جہنّم میں جائیں گے ان کا انجام بھی بالکل ویسا ہی ہوگا جو فرعون وہامان اور قارون کا ہوگا، جس طرح فرعون وہامان وقارون تا ابد ایمان نہیں لائے اسی طرح یہ سب بھی ایمان نہیں لائے تھے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

"وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ..." (سورۃ الانعام آیت ۱۱۱)

ترجمۂ آیت: اور اگرچہ ہم اُن کی طرف فرشتوں کو بھی نازل کر دیتے، اور مُردے بھی اُن سے کلام کرتے اور ہم ان کے سامنے ہر چیز جمع کر دیتے جب بھی ایمان لانے والے نہ تھے سوائے اِس کے کہ اللہ کو منظور ہوتا۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اوران کے لیے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

" اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ (سورۂ انفال آیت ۲۲-۲۳)

ترجمۂ آیات: "بیشک اللہ کے نزدیک بدترین خلائق وہی ہیں جو بہرے اور گونگے اور جو عقل سے کام نہیں لیتے۔ اور اگر اُن میں کوئی بھی بھلائی دیکھتا تو اُن کو ضرور سُنوا دیتا اور اگر وہ اُنھیں سُنوا بھی دیتا تو بھی وہ بے رُخی سے منھ پھیر لیتے۔"

پھر اللہ جلّ جلالہ اِن ہی لوگوں کے متعلق ابلیس سے کہتا ہے: (سورۂ ص آیت ۸۵)

آیت: " لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ "

ترجمۂ آیت: "کہ میں تجھ سے، اور جو تیری پیروی کریں گے اُن سب سے جہنّم کو بھر دوں گا"

پھر اللہ تعالیٰ کا یہ قول کہ:

آیت: " وَاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْۤ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ " (سورۂ ص آیت ۷۸)

ترجمۂ آیت: " اور بلاشبہ تجھ پر یومِ جزا تک کے لیے میری لعنت ہے "

نیز اللہ تعالیٰ کا یہ قول:

سورۂ لہب: "تَبَّتْ يَدَاۤ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ مَاۤ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ؕ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ " (سورۂ لہب)

ترجمۂ آیاتِ لہب: " ابولہب کے ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ خود بھی غارت ہو جائے، نہ اُس کا مال ہی اُس کے کام آیا اور نہ جو اُس نے کمایا، جلد ہی وہ بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہوگا۔"

اِن آیات سے معلوم ہوا کہ یہ سب دوزخی ہیں یہ ایسا کام ہرگز نہ انجام دے سکیں گے کہ ثواب کے مستحق قرار پائیں۔ اِس سے معتزلی کا شبہ باطل ہو گیا۔

دوسرا جواب:

معتزلہ کے اس شُبہے کا دوسرا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کافروں کو دورِ رجعت میں دوبارہ دنیا میں بھیجے گا۔ صرف اِس لیے کہ اُن سے انتقام لیا جائے۔ اُن کی توبہ اس وقت قبول نہیں ہوتی ان کے لیے بھی وہی حکم جاری ہوگا جو فرعون کے لیے جاری ہوا تھا کہ جب وہ غرق ہونے لگا تو بولا کہ:

" اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْۤ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْۤا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ (یونس آیت ۹۰)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ آیت سورہ ۱۰ آیت ۹۰ : " (فرعون نے کہا) میں ایمان لے آیا بیشک کوئی معبود نہیں ہے سوائے اُس معبود کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اِس لیے میں بھی اطاعت گذاروں میں سے ہوں"۔

تو اللہ نے فرعون کے جواب میں فرمایا:

سورہ یونس آیت ۹۱ " آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ "

ترجمہ : " کیا اب (ایمان لایا ہے) حالانکہ اِس سے پہلے تو نافرمانی کر چکا ہے اور تو فساد برپا کرنے والوں میں سے تھا۔"

یعنی اللہ تعالیٰ نے اُس کے اس منزل معصیت پر پہنچنے کے بعد خوف سے ایمان لانے کو رد کر دیا اور اُس وقت اُس کی یہ پکار اور توبہ کچھ کام نہ آسکی، جس طرح سے آخرت میں کسی کی نہ توبہ کام آئے گی اور نہ ندامت سے کام چلے گا۔ اور حکمتِ الٰہی کا تقاضا بھی یہی ہے کہ ان کی تا ابد توبہ و ندامت قبول نہ کی جائے۔

اور یہ دوسرا جواب مذہبِ امامیہ کی بناء پر بالکل صحیح ہے۔ اور اس کے متعلق آلِ محمدؐ علیہم السّلام سے بہت سی حدیثیں وارد ہوئی ہیں۔ چنانچہ قولِ خدا:

(آیت) " يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۭ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝ " (سورہ انعام آیت ۱۵۸)

ترجمۂ آیت " جس دن تیرے پروردگار کی بعض نشانیاں آگئیں اُس دن کسی ایسے شخص کا ایمان لانا اُس کو فائدہ نہ دے گا جو کہ پہلے سے ایمان نہ رکھتا ہوگا یا اُس نے اپنے ایمان میں کوئی نیکی نہ کمائی ہوگی۔ کہیئے۔ تم (آنے والے وقت کا) انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں۔"

اِس آیت کی تفسیر میں ائمہ طاہرین علیہم السّلام نے فرمایا کہ اس سے مراد حضرت امام قائم علیہ السّلام ہیں۔ اُن کے ظہور کے بعد مخالفین میں سے کسی کی توبہ قبول نہ ہوگی۔

اِس جواب سے معترض معتزلی نے اپنے اعتراض کی بنیاد جس پر رکھی تھی وہ ختم ہوگئی۔ اور یہ خیال کہ یہ کافر اگر دنیا میں دوبارہ بھیجے جائیں گے تو شاید توبہ کرلیں اور بُرائیوں سے باز آجائیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس خیال کی رد اس طرح کردی ہے:۔

آیت : " وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَي النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝" (سورہ انعام آیت ۲۷-۲۸)

ترجمۂ آیات: "اور اگر آپ ان کا مشاہدہ اُس وقت کریں جب وہ دوزخ پر کھڑے کر دیے جائیں گے تو کہیں گے (افسوس) کاش ہم واپس لوٹا دیے جائیں تو اپنے پروردگار کی آیتوں کو نہ جھٹلائیں گے اور مومنین میں سے ہو جائیں گے۔ بلکہ (اب تو) اُن پر یہ ظاہر ہو گیا ہے جو وہ اس سے پہلے چھپایا کرتے تھے۔ اور اگر وہ واپس لوٹا بھی دیے جائیں، تب بھی وہ اسی کام کو دوبارہ کریں گے جس سے منع کیے گئے تھے اور یقیناً وہ تو جھوٹے ہیں۔"

یعنی: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر ان لوگوں کو جہنّم میں سے نکال کر دنیا میں بھیج دیا جائے تو پھر بھی یہ لوگ وہی کریں گے جو اس سے قبل کر چکے ہیں، یعنی کفر سے باز نہ آئیں گے باوجودیکہ یہ لوگ عذابِ قبر و محشر کا اور جہنّم کے عذاب کا مشاہدہ کر چکے ہوں گے۔

★ نیز مسائلِ سرویّہ میں شیخ مفید علیہ الرّحمۃ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے ایک روایت نقل کی ہے: آپؑ نے فرمایا:

"لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَقُلْ بِمُتْعَتِنَا وَيُؤْمِنْ بِرَجْعَتِنَا"

یعنی: وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو متعہ کا قائل نہ ہو اور رجعت پر ایمان نہ رکھتا ہو۔

جب آپؑ سے رجعت کے بارے میں پوچھا گیا کہ رجعت کے معنیٰ کیا ہیں؟ کیا قیامت سے پہلے دُنیا میں صرف مخصوص مومنین بھیجے جائیں گے یا دوسرے ظالم و جابر لوگ بھی؟

شیخ علیہ الرّحمۃ نے مسئلۂ متعہ کا جواب دینے کے بعد تحریر کیا: امامؑ کا یہ قول ہے

"مَنْ لَمْ يَقُلْ بِرَجْعَتِنَا فَلَيْسَ مِنَّا"

"جو شخص ہماری رجعت کا قائل نہیں وہ ہم میں سے نہیں ہے"

تو اس سے مراد آپ کا وہ مخصوص قول ہے کہ اللہ تعالیٰ امّت محمدؐ میں سے چند لوگوں کو مرنے کے بعد قیامت کے دن سے پہلے قبروں سے اُٹھائے گا، اور یہ آلِ محمدؐ علیہم السّلام کا مخصوص مذہب ہے اور اس پر اللہ تعالیٰ کا کلام شاہد ہے چنانچہ وہ حشرِ اکبر (قیامت) کے متعلق ارشاد فرماتا ہے:

آیت: "وَحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۝" (سورہ کہف آیت ۴۷)

ترجمۂ آیت: "اور ہم ان سب کو محشور کریں گے کسی ایک کو بھی اُن میں سے نہ چھوڑیں گے۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور حشرِ رجعت کے متعلق ارشاد فرماتا ہے:

آیت " وَيَوْمَ نَحْشُرُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّن يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ " (سورہ ۲۷ نمل آیت ۸۳)

ترجمۂ آیت: "اور جس دن ہم ہر اُمت میں سے ایک بڑے گروہ کو اکٹھا کریں گے جو کہ ہماری آیتوں کی تکذیب کرتا تھا، تو اُن کو صف آرا کیا جائے گا۔"

اِس سے معلوم ہوا کہ حشر دو قسم کے ہیں۔ حشرِ عام اور حشرِ خاص اور وہ ظالم لوگ جو حشرِ خاص (رجعت) اور حشرِ عام (قیامت) دونوں میں محشور ہوں گے۔ وہ حشرِ اکبر (قیامت) کے دن کہیں گے:۔

آیت: " رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوبِنَا فَهَلْ إِلَىٰ خُرُوجٍ مِّن سَبِيلٍ " (سورہ ۴۰ مومن آیت ۱۱)

ترجمۂ آیت: ہمارے پروردگار تو نے ہمیں دو مرتبہ موت دی اور دو مرتبہ تو نے ہمیں زندگی دی، پس ہم اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں، تو کیا اس (عذابِ جہنم) سے نکلنے کی کوئی راہ ہے۔؟"

سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰ کے رجعت پر دلائل

سیّد مرتضیٰ علم الہدیٰ کے پاس شہر رَے سے چند مسائل جواب کے لیے آئے اس میں حقیقتِ رجعت کے متعلق بھی ایک سوال تھا، اِس لیے کہ بعض شاذ و نادر علماءِ امامیہ کی یہ رائے تھی کہ رجعت سے مراد یہ ہے کہ امام قائم علیہ السلام کے زمانے میں ائمہ طاہرینؑ کی طرف حکومت پلٹ کر آئے گی خود ائمہؑ طاہرین جسمانی طور پر پلٹ کر نہیں آئیں گے۔

آپ نے اس سوال کے جواب میں تحریر فرمایا کہ:

شیعہ امامیہ کا مذہب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ظہورِ امامِ زمانہ مہدی علیہ السلام کے وقت شیعوں میں سے ایک گروہ کو جو پہلے مر چکے ہوں گے ان کو دوبارہ زندہ کر کے دنیا میں بھیجے گا تاکہ وہ امامِ زمانہ علیہ السلام کی مدد اور نصرت کا بھی ثواب حاصل کریں اور اُن کی حکومت کو بچشمِ خود مشاہدہ کر کے مسرور ہوں۔ نیز اللہ تعالیٰ ان کے دشمنوں میں سے بھی ایک گروہ کو دوبارہ زندہ کر کے دنیا میں بھیجے گا تاکہ شیعہ مومنین اُن سے اپنا انتقام لیں اس سے طف اُٹھالیں اور حق کے کلمے کو بلند ہوتے دیکھیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور اس اعتقادِ رجعت کی دلیل جس سے کوئی صاحبِ عقل انکار نہیں کر سکتا ہے۔ یہ رجعت جو اللہ کی قدرت میں ہے اُس کی قدرت سے باہر نہیں ہے۔ یہ عقلاً محال نہیں ہے۔ ہم اپنے مخالفین کو دیکھتے ہیں کہ وہ رجعت سے اس طرح انکار کرتے ہیں جیسے یہ فی نفسہٖ عقلاً محال ہے ناممکن ہے اور اللہ کی قدرت سے باہر ہے۔ بہرحال جب یہ طے پا گیا کہ رجعت تحتِ قدرتِ الٰہی ہے اور ممکن ہے تو اب اس کے وقوع کو ثابت کرنے کے لیے اجماعِ امامیہ کافی ہے، اِس لیے کہ مسئلۂ رجعت پر امامیہ میں سے کسی کو اختلاف نہیں ہے اور میں اپنے محل پر بتا چکا ہوں کہ ہم امامیہ کا اجماع حجّت اِس لیے ہے کہ اس میں قولِ معصوم شریک ہے اور وہ بات جس میں کسی معصوم کا قول داخل و شریک ہو وہ لازماً درست اور صحیح ہے۔

اب ہمارے کچھ اصحاب کا یہ خیال کہ رجعت کا مطلب ائمہ طاہرین ؑ کی حکومت اور اُنکے اوامر و نواہی پلٹ آئیں گے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ائمہ طاہرین ؑ زندہ ہو کر جسمانی طور پر دنیا میں آئیں گے"۔ تو یہ وہ اصحاب ہیں جو رجعت کے امکان اور جواز کے ثبوت سے عاجز ہو گئے اور اُنھوں نے رجعت کے متعلق جو روایات ہیں ان کی اِس طرح تاویل کر دی اور یہ درست نہیں ہے۔ اِس لیے کہ مفہوم و معنی رجعت پر پورے فرقۂ امامیہ کا اجماع ہے کہ اللہ تعالیٰ امام قائم علیہ السلام کے ظہور کے وقت اُن کے دوستوں اور ان کے دشمنوں میں سے ایک گروہ کو دوبارہ زندہ کر کے دنیا میں بھیجے گا۔ پھر اب اس میں تاویل کی کوئی گنجائش ہی نہیں ہے۔

سیّد ابنِ طاؤس علیہ الرّحمۃ اور بحثِ رجعت

سیّد ابنِ طاؤس علیہ الرّحمۃ نوّر اللہ ضریحہٗ اپنی کتاب "الطرائف" میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

روی مسلم فی صحیحہٖ فی اوائل الجزء الاوّل باسنادہ الی الجرّاح بن ملیح قال: سمعت جابرًا یقول عندی سبعون الف حدیث، عن ابی جعفر محمّد الباقر علیہ السّلام عن النّبیّ صلّی اللہ علیہ وآلہ ترکوھا کلّھا[1] ثمّ ذکر مسلم فی صحیحہٖ باسنادہ الیٰ

---

[1] صحیح مسلم ج ۱ صفحہ ۱۳ و صفحہ ۱۴، باب وجوب الروایۃ عن الثقات وترک الکذابین:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

محمّد بن عمر الرازیؒ قال: سمعت حریزًا یقول: لقیت جابر بن یزید الجعفیؒ فلم اکتب عنه لأنّه کان یؤمن بالرَّجعة۔

ثمّ قال: انظر رحمك الله کیف حرموا انفسهم الانتفاع بروایة سبعین الف حدیث عن نبیّهم صلّی اللہ علیہ وآلہ بروایة ابی جعفر علیه السّلام الّذی هو من اعیان اهل بیته الذین امرهم بالتمسك بهم۔

ثُمَّ وَاِنَّ اکثر المسلمین او کلّهم قد رووا احیاء الاموات فی الدّنیا وحدیث احیاء الله تعالیٰ الاموات فی القبور للمساءلة وقد تقدّمت روایتهم عن اصحاب الکهف وهٰذا کتابهم (آیت ۲۴۳ بقرۃ ۲) یتضمّن "اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْیَاهُمْ" والسبعون الّذین اصابتهم الصاعقة مع موسیٰ علیه السّلام وحدیث العُزیر علیه السّلام ومن احیاه عیسی بن مریم علیهما السّلام وحدیث جریج الذی اجمع علی صحّته ایضًا وحدیث الّذین یحییهم الله تعالیٰ فی القبور للمساءلة فایُّ فرق بین هٰؤلاءِ وبین ما رواه اهل البیت علیهم السّلام و شیعتهم من الرّجعة وایُّ ذنب کان لجابر فی ذٰلك حتّی یسقط حدیثه

ترجمۂ روایت از سیّد بن طاؤس علیہ الرّحمۃ:

"مسلم نے اپنی صحیح کے جزءِ اوّل کے اوائل میں اپنے اسناد کے ساتھ روایت کی ہے کہ جرّاح بن ملیح کا بیان ہے کہ میں نے جابر بن یزید کو کہتے ہوئے سنا کہ میرے پاس رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ستّر ہزار احادیث حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کی بیان کردہ موجود ہیں مگر لوگوں نے ان میں سے ایک بھی نہیں لی سب کو چھوڑ دیا۔

نیز مسلم نے اپنی صحیح میں اپنے اسناد کے ساتھ محمّد بن عمر رازی سے روایت کی ہے کہ میں نے حریز کو کہتے ہوئے سنا: اُس کا بیان ہے کہ "میں نے جابر بن یزید جعفی سے ملاقات کی، مگر اُن سے ایک حدیث بھی قلمبند نہیں کی اس لیے کہ وہ رجعت پر ایمان رکھتا تھا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

- اِس کے بعد سیّد ابنِ طاؤس علیہ الرّحمۃ فرماتے ہیں: اللہ تمھارا بھلا کرے، ذرا دیکھو تو کہ ان لوگوں نے خود اپنے نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ستّر ہزار احادیث سے انتفاع کیونکر اپنے اوپر حرام کرلیا، صرف اس بناء پر کہ حدیثیں حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام نے بیان کی ہیں، حالانکہ وہ نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ان اہلِ بیتؑ کے اعیان میں سے ہیں جن سے تمسّک کا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے حکم دیا ہے۔
اور مزید لطف یہ کہ اکثر مسلمین بلکہ تمام مسلمین نے دنیا میں مُردوں کے زندہ ہونے کی بہت سی روایتیں نقل کی ہیں۔ نیز یہ حدیث بھی روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ قبر میں مُردوں کو سوال وجواب کے لیے زندہ کرتا ہے۔

اِس سے پہلے ہم نے ان کی ان روایات کو بیان کیا ہے جو ان کی کتابوں میں موجود ہیں اور انکی کتابوں میں اِس آیت کی تفسیر میں مُردوں کے زندہ ہونے کا ذکر موجود ہے کہ:

آیت: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ ۔ ۔ ۔ ۔ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ؛ (سورۂ بقرۃ آیت ۲۴۳)

ترجمۂ آیت: "کیا تم نے اُن کو نہیں دیکھا جو اپنے گھروں سے موت کے خوف سے نکل بھاگے اور وہ تھے بھی ہزاروں (کی تعداد میں) تو اللہ نے اُن سے کہا کہ مرجاؤ (تو وہ سب کے سب مرگئے) پھر (اللہ نے) انھیں زندہ کردیا۔ ۔ ۔"

- نیز وہ ستّر آدمی جو حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے ساتھ کوہِ طور پر گئے تھے، اُن پر بجلی گری اور وہ مرگئے، اس کے بعد اللہ نے ان کو بھی زندگی بخشی۔
- پھر حضرت عُزیر علیہ السّلام موت کے بعد زندہ ہوئے۔
- اور حضرت عیسیٰؑ بن مریمؑ نے تو بہت سے آدمیوں کو اللہ کے اذن سے زندہ کیا۔
- اور جریح والی حدیث جس کی صحّت پر سب متّفق ہیں۔
- اور وہ احادیث جن میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قبروں میں مُردوں کو سوال وجواب کے لیے زندہ کرتا ہے۔ یہ سب ان کی کتابوں میں مرقوم ہیں اور اسے سب تسلیم کرتے ہیں۔

ذرا غور تو کیجیے کہ ان مُردوں کے زندہ ہونے میں اور حسبِ روایاتِ اہلِ بیتؑ رجعت کے اندر دوبارہ زندہ ہونے والوں میں کیا فرق ہے۔ اور بے چارے جابر بن یزید کا کیا قصور تھا جن کی روایات قلمبند نہیں کی گئیں۔"؟

- سیّد ابن طاؤس علیہ الرّحمہ اپنی کتاب "سعد السعود" میں تحریر فرماتے ہیں کہ:
شیخ طوسیؒ نے اپنی تفسیر "تبیان" میں اِس آیت کے ذیل میں ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ؛ (سورۂ بقرۃ آیت ۵۶) میں تحریر فرمایا ہے کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ آیت ۲/۵۶ : "پھر ہم نے تم کو تمہاری موت کے بعد زندہ کیا تاکہ تم شکر گذار بنو"

کہ ہمارے اصحاب میں سے کچھ لوگوں نے اِس آیت سے جوازِ رجعت پر استدلال کیا ہے تو اگر اس آیت سے صرف جواز و امکانِ رجعت پر استدلال کیا جائے تو درست ہے اور جو اِس کو نہ مانے قرآن اُس کی تکذیب کرے گا اور اگر اس آیت سے وجوبِ رجعت پر استدلال کیا جائے تو درست نہیں ہے

سیّد ابنِ طاؤسؒ نے حدیثِ ثقلین پیش کی

"اس کے بعد سیّد رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ واضح ہو کہ وہ حضرات جن کے متعلق رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے کہ: "انّی مخلّف ... الحوض" (کہ میں تم میں دو گرانقدر چیزیں چھوڑ رہا ہوں کتابِ خدا اور میری عترت اہل بیت یہ دونوں ہرگز ایکدوسرے سے جدا نہ ہوں گی یہانتک کہ میرے پاس حوض کوثر پر وارد ہوں) ان لوگوں نے اس بات میں کوئی اختلاف نہیں کیا ہے کہ اِس امّت میں سے چند لوگوں کو اللہ تعالیٰ مرنے کے بعد زندہ کرے گا اور دنیا میں بھیجے گا۔ اور اس کی تائید ان تمام احادیث سے ہوئی جو مخالف و موافق سب نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے روایت کی ہے۔

چنانچہ مخالفین میں سے حمیدی نے "جمع بین الصحیحین" میں ابوسعید خدری سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا: "تم لوگ ان سنّتوں کی ضرور اتّباع کروگے جو تم سے پہلی امّتوں میں گذر چکی ہیں، ایک ایک بالشت اور ایک ایک ہاتھ یہاں تک کہ اگر اس میں سے کوئی سوسمار کے سوراخ میں داخل ہوا ہوگا تو تم لوگ بھی داخل ہوگے"

ہم لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم آخر پہلی امّتیں کون، یہود و نصاریٰ؟

آپؐ نے فرمایا: وہ نہیں تو پھر کون؟

زمخشری نے اپنی تفسیر "کشّاف" میں حذیفہ سے روایت کی ہے کہ: آنحضرتؐ نے فرمایا: "تم لوگ عادات و اطوار میں بنی اسرائیل سے بہت مشابہ ہوا اور وہی کروگے جو بنی اسرائیل نے کیا، اُن کے بالکل قدم بہ قدم چلوگے۔ بس میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ تم لوگ اُن کی طرح گوسالہ پرستی بھی کروگے یا نہیں۔"

اِس کے بعد سیّد ابنِ طاؤس فرماتے ہیں جب پچھلی امّتوں یعنی بنی اسرائیل کی اتّباع

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کے متعلق یہ روایات موجود ہیں تو اب دیکھئے قرآن مجید اور احادیث متواترہ یہ کہتی ہیں کہ پچھلی اُمتوں میں سے یہود کے ایک گروہ نے جب یہ کہا کہ:

آیت: "لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ" (سورہ بقرہ آیت ۵۵)

ترجمۂ آیت ۵۵/۲ (اے موسیٰ) "ہم ہرگز ایمان نہ لائیں گے یہانتک کہ اللہ کو واضح طور پر نہ دیکھ لیں"
پس اللہ نے ان لوگوں کو موت دے دی، پھر انھیں زندہ کر دیا۔

تو پھر اس کے مطابق اِس اُمّت میں بھی تو کچھ لوگ ایسے ہوں گے جنھیں اللہ تعالیٰ اِس دنیا میں موت دے کر پھر زندہ کرے گا۔

اور شیعہ کے اقوال کے علاوہ میں نے ان لوگوں کی روایتوں میں بھی اِس بات کی طرف اشارہ دیکھا ہے کہ حضرت علی علیہ السّلام بھی ابنِ ملجم کی ضربت اور موت کے بعد اس دنیا میں دوبارہ اسی طرح آئیں گے جس طرح ذوالقرنین دوبارہ دنیا میں آئے تھے۔

چنانچہ زمخشری نے اپنی تفسیر "کشّاف" میں ذوالقرنین کے متعلق حضرت علی علیہ السّلام سے یہ حدیث تحریر کی ہے کہ:

"ذوالقرنین کے لیے بادل مسخّر تھے۔ ان کے اسباب و ذرائع پھیلے ہوئے تھے، اُن کے لیے نور بچھایا ہوا تھا۔ تو اُس کے متعلق پوچھا گیا کہ ایسا کیوں تھا؟ تو فرمایا آپ نے فرمایا کہ وہ اللہ سے محبّت کرتے تھے اور اللہ اُن سے محبّت رکھتا تھا۔

اور ابن الکوّا نے پوچھا: ذوالقرنین کون تھے؟ یہ کوئی بادشاہ تھے یا کوئی نبی تھے؟

آپؑ نے فرمایا: نہ وہ بادشاہ تھے اور نہ وہ نبی تھے بلکہ وہ ایک عبد صالح تھے، وہ اطاعتِ الٰہی میں مصروف تھے کہ ان کی داہنی طرف پیشانی پر ضرب لگائی گئی اور وہ مر گئے تو اللہ تعالیٰ نے انھیں زندہ کر کے دوبارہ دنیا میں واپس بھیجا تو ان کی بائیں جانب پیشانی کیطرف پھر کسی نے ضرب لگائی۔ اللہ تعالیٰ نے اس دفعہ بھی موت کے بعد پھر زندہ کر کے دنیا میں پھر بھیجا (اور چونکہ پیشانی کے دونوں جانب ضربیں لگائی گئیں) اسی لیے ان کا نام ذوالقرنین[1] (دو حزبوں والا) پڑ گیا۔ اور تم لوگوں میں بھی ذوالقرنین کے مانند ایک شخص ہے۔

نیز ہم نے مخالفین کی کتبِ احادیث میں اکثر مسلمانوں کے لیے دیکھا ہے کہ وہ مرنے کے بعد قبل از دفن اور بعدِ دفن دنیا میں پھر پلٹ آئے۔ گفتگو اور کلام کیا اور اس کے بعد مر گئے

---

[1] قرن کے معنی۔ سینگ کے بھی ہیں۔ انسان کے سر کی وہ جگہ جہاں پر سینگ نکلتے ہیں۔ نیز تلوار کے بھی ہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

منجملہ ان واقعات کے ایک واقعہ حاکم نیشاپوری نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ:

"حسام بن عبدالرحمٰن نے اپنے باپ سے اور اُنھوں نے اس کے دادا سے جو نیشاپور کے قاضی تھے روایت بیان کی ہے کہ ایک شخص میرے پاس آیا لوگوں نے کہا: اس شخص کا ایک عجیب واقعہ ہے۔ میں نے کہا وہ کیا؟ اُس شخص نے کہا کہ میں ایک گورکن تھا" قبر کھودا کرتا تھا" ایک دن ایک کا انتقال ہوا تو دفن کے وقت میں اُس کی قبر پر پہنچا تاکہ قبر اچھی طرح پہچان لوں اور وہاں جاکر میں نے اس کی نمازِ میت پڑھی۔ پھر جب رات بالکل تاریک ہوگئی تو میں اُس کی قبر پر پہنچا، قبر کھودی اور اُس کے کفن پر ہاتھ ڈالا تاکہ کفن کھینچ لوں۔ تو اُس عورت نے آواز دی "سبحان اللہ" ایک جنتی مرد ایک جنتی عورت کا کفن کھینچے ؟ اِس کے بعد اُس نے کہا تم جانتے ہو

کہ تم نے مجھ پر نماز پڑھی ہے اور اللہ جلّ جلالہ نے اُن تمام لوگوں کو بخش دیا ہے جنہوں نے مجھ پر نماز پڑھی ہے۔

سیّد رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ افسوس ہے کہ ایک نبّاشِ قبر کی روایت تو ان لوگوں نے اپنی کتابوں میں درج کردی اور علمائے اہلِ بیت کی روایات احیائے اموات کو چھوڑ دیا۔ اور یہ عورت بھی کسی اہم کام کے لیے زندہ نہیں ہوئی تھی۔ مگر وہ رجعت جس کا اعتقاد علماءِ اہلِ بیتؑ اور اُن کے شیعہ رکھتے ہیں یہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آیات و معجزات سے ہے۔ آنحضرتؐ کی منزلت تو حضرت موسیٰؑ و حضرت عیسیٰؑ و حضرت دانیالؑ سے جمہور مسلمین کے سامنے بھی کم نہیں۔ اور ان کے ہاتھوں بھی بہت سے مردے زندہ ہو چکے ہیں۔"

(۱۶۲) رجعت کے متعلق حضرت سلمانؓ فارسی کی روایت

شیخ حسن بن سلیمان نے اپنی کتاب "المحتضر" میں روایت نقل کی ہے، جو سیّد جلیل حسن بن کبش کی کتاب سے ماخوذ ہے اور اُنھوں نے کتاب "مقتضب" سے اپنے اسناد کے ساتھ سلمانؓ فارسی سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ حدیث: "(سلمان فارسیؓ کا بیان ہے)

"ایک دن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوا، جب آپؐ کی نظر مجھ پر پڑی تو ارشاد فرمایا: اے سلمان! اللہ عزّ وجلّ نے جس نبی یا رسول کو مبعوث فرمایا اُس کے بارہ نقیب قرار پائے۔

میں نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہؐ! یہ بات ہمیں نصاریٰ و یہود دونوں اہلِ کتاب سے معلوم ہوئی ہے۔

آپؐ نے فرمایا: اے سلمان! مگر تمھیں معلوم ہے کہ میرے بارہ نقباء کون کون ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے میرے بعد امامت کے لیے منتخب فرمایا ہے؟

میں نے عرض کیا: یہ تو اللہ اور اُس کا رسولؐ ہی بہتر جانتے ہیں۔

آپؐ نے فرمایا: اے سلمان سنو! اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے خاص نور سے پیدا فرمایا، پھر مجھے بلایا یعنی آواز دی۔ میں نے اُس کی آواز پر لبّیک کہا۔ پھر اُس نے میرے نور سے علیؑ کو پیدا فرمایا اور اُن کو بھی آواز دی، اُنھوں نے بھی اُس کی آواز پر لبّیک کہا، پھر میرےؐ اور علیؑ کے نور سے فاطمہؑ کو پیدا فرمایا، اُن کو بھی آواز دی، اُنھوں نے بھی اللہ تعالیٰ کی آواز پر لبّیک کہا۔ پھر اللہ بزرگ و برتر نے میرےؐ، اور علیؑ اور فاطمہؑ کے نور سے حسنؑ و حسینؑ کو پیدا فرمایا اور اُن دونوں کو بھی آواز دی، اللہ کی آواز پر اُن دونوں نے بھی لبّیک کہا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے پانچ اسماء سے متعلق فرما کر ہمارے نام رکھے۔ یعنی اللہ محمود ہے اور میں محمدؐ ہوں، اللہ علی ہے اور یہ علیؑ ہیں، اللہ فاطر ہے اور یہ فاطمہؑ ہیں، اللہ ذوالاحسان ہے اور یہ حسنؑ ہیں، اللہ محسن ہے اور یہ حسینؑ ہیں۔

پھر اللہ تعالیٰ نے ہمارے نور سے اور حسینؑ کے نور سے نو ائمہؑ کو پیدا فرمایا اور اُنھیں بھی آواز دی، اُن سب نے بھی اُس کی آواز پر لبّیک کہا۔ اور یہ اُس وقت سے بھی پہلے کی بات ہے جب اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو بنایا، یا زمین کو بچھایا، یا ہوا یا پانی یا فرشتوں یا انسانوں کو پیدا فرمایا، ہم سب اُس کے علم میں انوار کی شکل میں تھے اُس کی تسبیح کیا کرتے تھے، اُس کی بات سنتے اور اُس کی اطاعت کرتے تھے۔

سلمان نے عرض کیا: یا رسول اللہؐ! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان؛ جو لوگ ان کی معرفت رکھتے ہوں اُن کے لیے کیا اجر و ثواب ہے؟

آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: اے سلمان! جو ان سب کی کما حقّہٗ معرفت رکھتا ہو، ان کی اقتدا کرتا ہو ان کے دوستوں کو دوست اور ان کے دشمنوں سے دشمنی و برأت و بیزاری کا اظہار کرتا ہو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تو خدا کی قسم وہ ہم میں سے ہے، جہاں ہم سب جائیں گے وہیں وہ بھی جائے گا، جہاں ہماری سکونت ہوگی وہیں وہ بھی ساکن ہوگا۔"

سلمان کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اُن سب کا نام و نسب معلوم ہوئے بغیر اُن پر ایمان ہو سکتا ہے؟

آپؐ نے فرمایا: نہیں اے سلمان!

میں نے عرض کیا: پھر میں ان پر کیسے ایمان رکھوں؟

آپؐ نے فرمایا: تم حسینؑ تک (سب ہی) کو جانتے ہو، تو حسینؑ کے بعد سیّد العابدین علیؑ ابن الحسینؑ ہوں گے، پھر اُن کے فرزند محمدؑ بن علیؑ باقر علم الاوّلین والآخرین ہیں النبیّین والمرسلین، پھر جعفرؑ بن محمدؑ لسان اللہ الصادق، پھر موسیٰؑ بن جعفرؑ الکاظم جو اللہ کے معاملے میں صبر و ضبط سے کام لیں گے، پھر علیؑ بن موسیٰؑ الرضا، پھر محمدؑ بن علیؑ المختار پھر علیؑ بن محمدؑ الہادی، پھر حسنؑ بن علیؑ صامت اور دینِ الٰہی کے امین، پھر (م ح م د)ؐ ابنِ حسنؑ المہدی ناطق و قائم ہوں گے۔"

سلمان کا بیان ہے کہ یہ سن کر میں رونے لگا اور عرض کیا: یارسول اللہؐ! افسوس کہ سلمان کو ان حضرات کا عہد کہاں نصیب ہوگا؟

آنحضرتؐ نے فرمایا: اے سلمان! نہ گھبراؤ، تم اور تم جیسے اور وہ لوگ جو اُن سے محبت رکھنے والے ہوں گے درآنحالیکہ ان کی حقیقی معرفت رکھتے ہوں گے وہ اُن حضرات کا عہد ضرور پائیں گے۔

یہ سُن کر میں نے اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا۔ پھر عرض کیا: یارسول اللہؐ! کیا میں ان حضرات کے عہد تک زندہ رہوں گا؟

آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: اے سلمان! ذرا قرآن مجید کی یہ آیت تو پڑھو:

"فَاِذَا جَآءَ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اَکْثَرُ نَفِیْرًا ہ" (سورۂ بنی اسرائیل آیت ۵-۶)

ترجمۂ آیات: "اور جب اُن دونوں وعدوں میں سے پہلے وعدے کا وقت آیا تو ہم نے تم پر اپنے زبردست جنگجو بندوں کو مسلّط کر دیا جو (تیاہی مچاتے ہوئے) گھروں میں گھس گئے۔ اور وہ وعدہ پورا ہو کر رہا۔

پھر ہم نے تمھیں اُن پر غلبہ عطا کر کے تمھارے دن پھیر دیے اور ہم نے مال اور اولادوں سے تمھاری مدد کی اور کثرتِ افراد عطا کی۔"

ہ حضرت امام جعفر صادقؑ نے مذکورہ آیات کی تاویل میں فرمایا کہ پہلے فساد سے مراد قتلِ امیرالمومنینؑ اور دوسرے فساد سے مراد امام حسینؑ کے خلاف بغاوت اور بڑی سرکشی سے مراد امام حسینؑ کا قتل۔ اور وعدۂ خدا امام قائمؑ کے ہاتھوں دشمنانِ آلِ محمدؐ کو اُن کے کیے کی سزا ملے گی۔ (کافی و عیاشی)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سلمان کا بیان ہے کہ یہ سن کر میرا گریہ وفورِ اشتیاق سے اور شدید ہو گیا، پھر میں نے عرض کیا: یا رسول اللہؐ! کیا یہ آپؐ کا وعدہ ہے؟

آنحضرتؐ نے فرمایا: " اِي وَالَّذي ارسل محمّدًا اِنّه لبعهد منّي وعلّيّ وفاطمة والحسن والحسين وتسعة ائمّة وكل من هو منّا ومظلوم فينا اِي والله يا سلمان! ثمّ ليحضرنّ اِبليسُ وجنوده وكلّ من محض الايمان (محضًا) ومحض الكفر محضًا حتّى يؤخذ بالقصاص والاوتار والثارات ولا يظلم ربّك احدًا ونحن تاويل هٰذه الاية:

(آیت ۲۸/۵-۶) " وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۙ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝ (سورہ ۲۸ قصص آیت ۵-۶)

قال سلمان: فقمت من بين يدى رسول الله صلّى الله عليه وآله ومايبالى سلمان متى لقى الموت او لقيه۔

(ترجمۂ حدیث)

آنحضرتؐ نے فرمایا" ہاں، اس ذات کی قسم جس نے محمدؐ کو رسول بنا کر بھیجا ہے، یہ میرا وعدہ ہے علیؑ کے لیے، فاطمہؑ کے لیے، حسنؑ و حسینؑ کے لیے اور ان کے بعد نو ائمہؑ کے لیے، بلکہ ہر مومن کے لیے اور ہر مظلوم کے لیے کہ یہ سب رجعت کریں گے۔ پھر ابلیسؑ اور اس کا لشکر لایا جائے گا اور خالص مومن اور خالص کافر بھی پلٹائے جائیں گے تاکہ ان سے قصاص و انتقام و بدلہ لیا جائے اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے کسی پر بھی ظلم نہیں کرے گا، اور ہم ہی اس آیت کی تاویل ہیں:

ترجمۂ آیت: اور ہم نے چاہا کہ جو زمین میں بے بس و کمزور بنا دیے گئے تھے اُن پر احسان کریں اور انھیں امام بنا دیں۔ اور انھیں وارث قرار دیں۔ اور ہم اُن کو زمین میں اقتدار بخشیں اور فرعون و ہامان اور اُن دونوں کے لشکروں کو وہ دکھائیں جس کا اُنکو خوف تھا"۔۔۔۔ سلمان کا بیان ہے کہ اس کے بعد میں رسول اللہؐ کے سامنے سے اُٹھا تو مجھے قطعاً پرواہ نہ رہی کہ سلمان سے موت کب ملاقات کرے گی یا میں اُس سے کب ملوں گا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ ابنِ عیّاش نے اپنی کتاب "المقتضب" میں احمد بن محمّد بن جعفر صولی نے عبدالرحمٰن بن صالح سے، اُنھوں نے حسین بن حمید بن ربیع سے، اُنھوں نے اعمش سے، اعمش نے محمّد بن خلف طاطری سے، اُنھوں نے شاذان سے شاذان نے سلمان سے اسی کے مثل روایت بیان کی ہے۔

نیز اُنھوں نے صالح بن حسین نوفلی سے روایت کی ہے کہ اُن کا بیان ہے کہ ابوسہل نوشجانی نے اپنے والد مصعب بن وہب کے یہ اشعار پڑھ کر مجھے سنائے:

★ مصعب بن وہب کے اشعار

۱۔ فان تسألانی ما الّذی انا دائن ⁂ به فالّذی اُبدیه مثل الّذی اُخفی

اگر تم مجھ سے پوچھو کہ تیرا دین کیا ہے۔ تو جس طرح ابتک میں اس کو چھپائے ہوئے تھا اب اسے ظاہر کر رہا ہوں۔

۲۔ اَدین بأنّ اللہ لاشیء غیرہ ⁂ قویّ عزیز باریء الخلق من ضعف

سنو! میرا ایمان یہ ہے کہ اللہ کے سوا کوئی قوی و عزیز اور باری الخلق نہیں ہے۔

۳۔ وَ اَنّ رسولَ اللہ افضل مرسل ⁂ به بشّر الماضون فی محکم الصحف

اور یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افضل المرسلین ہیں جن کے آنے کی بشارت گذشتہ انبیاء نے اپنی اپنی کتابوں میں دی ہے۔

۴۔ وَ اَنّ عَلیًّا بعدہ احد عشی ⁂ من اللہ وعد لیس فی ذاک من خلف

اور یہ کہ علیؑ اور ان کے بعد اگیارہ، یہ اللہ کا وعدہ ہے اس کے خلاف نہیں ہو سکتا۔

۵۔ اَئمّتنا الہادون بعد محمّدؐ ⁂ لهم صفو ودی ما حییت لهم اصفی

یہ بارہ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ہمارے ائمّہ اور ہادی ہیں جبتک میں زندہ رہوں گا ان کی خالص محبّت کا دم بھرتا رہوں گا۔

۶۔ ثمانیة منهم مضوا لسبیلهم ⁂ واربعة یرجون للعدد الموف

ان بارہ میں سے آٹھ تو گذر گیے، اب چار اور رہ گئے ہیں جو اس بارہ کے عدد کو پورا کریں گے۔

۷۔ ولی ثقة بالرّجعة الحقّ مثل ما ⁂ وثقت برجع الطّرف منّی الی الطرف

اور میں پورے وثوق و یقین سے کہتا ہوں کہ رجعت حق ہے جس طرح میں پورے وثوق اور یقین کے ساتھ ایک طرف سے دوسری طرف پھرنے کا یقین و وثوق رکھتا ہوں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار

باب ۳۰

سی

حضرت امام قائمؑ کے بعد بارہ مہدی ہوں گے

ANSAR

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باب ۳۰

① حضرت امام قائمؑ کے بعد بارہ مہدی ہوں گے

دقّاق نے اسدی سے (اُنھوں نے نخعی سے اُنھوں نے نوفلی سے) اُنھوں نے علی ابنِ ابی حمزہ سے، اُنھوں نے ابوبصیر سے، اور ابوبصیر کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے عرض کیا کہ فرزندِ رسول! میں نے آپ کے پدرگرامی سے سنا ہے وہ فرماتے تھے کہ امام قائمؑ کے بعد بارہ مہدی ہوں گے۔

ك: قال الصّادقؑ: إنّما قال: اثنی عشر مهديًّا ولم يقل اثنا عشر إمامًا، ولكنّهم قوم من شيعتنا يدعون النّاس الىٰ موالاتنا ومعرفة حقّنا۔" (کمال الدین وتمام النعمۃ)

(ترجمہ) امام صادقؑ نے فرمایا: ہاں، اُنھوں نے بارہ مہدی کہا تھا، بارہ امام تو نہیں کہا تھا۔ لیکن یہ وہ گروہ ہمارے شیعوں میں سے ہوگا جو لوگوں کو ہماری ولایت اور ہمارے حق کی معرفت کی طرف بلائے گا۔

② بعدِ امامِ قائم بارہ مہدی امام حسینؑ کی نسل سے ہوں گے

محمّد حمیری نے اپنے والد سے، اُنھوں نے محمّد بن عبدالحمید، و محمّد بن عیسیٰ سے، اُنھوں نے محمّد بن فضیل سے، اُنھوں نے ابوحمزہ سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے ایک طویل حدیث روایت کی ہے جس میں آپؑ نے فرمایا: "یا اباحمزۃ إنّ متابعد القائم احدعشر مهديًّا من ولد الحسينؑ"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"اے ابوحمزہ! امام قائم علیہ السلام کے بعد ہم میں سے اولادِ امام حسین علیہ السلام سے بارہ مہدی ہوں گے۔" (غیبۃ طوسی)

(۳) امامِ قائم کے بعد ایک شخص تین سو سال حکومت کرے گا

فضل نے ابنِ محبوب سے، اُنھوں نے عمرو بن ابو مقدام سے، اُنھوں نے جابر جعفی سے، اور جابر جعفی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا۔ یقول: واللہ لیملکنّ منّا اھل البیت رجل بعد موتہ ثلاثمائۃ سنۃ یزداد تسعًا۔" قلتُ: متیٰ یکون ذٰلک؟ قال: بعد القائمؑ۔ قلت: وکم یقوم القائمؑ فی عالمہ؟ قال: تسع عشرۃ سنۃ، ثمّ یخرج المنتصر فیطلب بدم الحسینؑ و دماء اصحابہ، فیقتل و یسبی حتّٰی یخرج السفّاح۔" (غیبۃ طوسی)

ترجمۂ روایت: "آپؑ نے فرمایا: خدا کی قسم امام قائم علیہ السلام کے بعد ہم اہلِ بیت میں سے ایک شخص تین سو نو سال تک حکومت کرے گا۔"

میں نے عرض کیا: یہ کب ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: امام قائم علیہ السلام کے بعد۔

میں نے عرض کیا: اور خود امام قائم علیہ السلام ظہور کے بعد کتنے عرصے دنیا میں رہیں گے؟

آپؑ نے فرمایا: اُنیس ۱۹ سال رہیں گے۔ پھر منتصر خروج کرے گا جو امام حسینؑ اور اُن کے اصحاب کے خون کا بدلہ لے گا، لوگوں کو قتل کرے گا، اور قید کرے گا یہاں تک کہ سفاح خروج کرے گا۔" (غیبۃ طوسی)

(۴) قیامت سے چالیس دن قبل امامِ قائمؑ کی رحلت

(الارشاد) "لیس بعد دولۃ القائمؑ لاحد دولۃ اِلّا ماجاءت بہ الرّوایۃ من قیام ولدہ انشاء اللہ ذٰلک، ولم یرد علی القطع والثبات واکثر الروایات انّہ لن یمضی مہدیّ الاُمّۃ اِلّا قبل

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

القیامۃ باربعین یوما یکون فیہا الہرج وعلامۃ خروج الاموات ، وقیام الساعۃ للحساب والجزاء۔ واللہ اعلم۔

ترجمۂ روایت : " کتاب" الارشاد" شیخ مفید رحمۃ اللہ علیہ میں ہے کہ امام قائم علیہ السلام کی حکومت کے بعد کسی شخص کی حکومت نہ ہوگی ، صرف روایت میں یہ ہے کہ ان کے بعد اُن کی اولاد انشاء اللہ قائم رہے گی۔ اور اکثر روایات میں یہ ہے کہ مہدیٔ امت امام قائم علیہ السلام قیامت سے صرف چالیس دن پہلے دنیا سے رحلت فرمائیں گے ، جس کے دوران دنیا میں ہرج ومرج واقع ہوگا ، مُردے قبروں سے نکلیں گے اور حساب وکتاب اور جزاء کے لیے قیامت قائم ہوگی۔ (واللہ اعلم)

(نوٹ)

علامہ طبرسی علیہ الرحمۃ اپنی کتاب" اعلام الوریٰ " میں تحریر فرماتے ہیں کہ :

" روایات صحیحہ میں یہ وارد ہوا ہے کہ امام قائم مہدی علیہ السلام کی حکومت کے بعد کسی شخص کی حکومت نہ ہوگی ، صرف اُن کے فرزند اُن کے قائم مقام ہوں گے ، انشاء اللہ اور اکثر روایات میں یہ ہے کہ قیامت سے چالیس دن پہلے امام قائم علیہ السلام دنیا سے اُٹھیں گے اور اس میں مُردوں کے قبروں سے خروج کی علامت ہیں ظاہر ہونگی اور قیامت برپا ہوجائے گی۔ اور اللہ بہتر جاننے والا ہے۔

شیخ صدوق علیہ الرحمۃ اپنی کتاب کمال الدین جلد ۲ ص ۳۳۹ باب اتصال الوصیۃ میں اپنے اسناد کے ساتھ عبداللہ بن سلیمان عامری سے اور اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ" زمین پر ہمیشہ کوئی نہ کوئی حذا کی حجت ضرور رہے گی تاکہ وہ حرام وحلال بتائے اور سبیلِ الٰہی کی طرف لوگوں کو دعوت دے۔ اور اس حجت کا سلسلہ (تعلق) زمین سے قیامت کے برپا ہونے سے صرف چالیس دن پہلے منقطع ہوگا۔ اور جب زمین سے حجتِ خدا اُٹھ جائے گی تو بابِ توبہ بھی بند ہوجائے گا۔ " فَلَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُہَا لَمْ تَکُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ۔ " (سورہ الانعام آیت ۱۵۸)

" اور اُس وقت کسی کا ایمان لانا نفع نہ پہونچائے گا جبکہ وہ پہلے سے ایمان نہ لائے ہوئے ہو۔"

اس دوران جو لوگ ہوں گے وہ بدترین خلق ہوں گے اور قیامت ان ہی کے لیے برپا ہوگی۔

نیز برقی نے" محاسن" میں کتاب مصابیح الظلم باب ۲۱ حدیث نمبر ۲۰۲ ص ۲۳۶ میں قدرے فرق کے ساتھ اسی کے مثل روایت کی ہے۔ اور اس سے ظاہر ہے کہ صدر اوّل میں شیعوں کا یہی اعتقاد تھا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

چنانچہ علامہ کُلینی علیہ الرحمۃ نے اصول کافی میں بابِ "اُن لوگوں کے نام جنھوں نے آپؑ کو دیکھا ہے" جلد ۱ ص ۳۲۹ میں عبداللہ بن جعفر حمیری سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ ہم اور شیخ ابوعمر رحمۃ اللہ علیہ احمد بن اسحاق کے پاس جمع ہوئے تو احمد بن اسحاق نے مجھے آنکھ کے اشارے سے کہا کہ ان سے حضرت امام خلف قائمؑ کے متعلق کچھ دریافت کرو۔ میں نے عرض کیا: اے ابوعمر! میں آپ سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں اگرچہ مجھے اس میں کوئی شک نہیں ہے پھر بھی آپ سے دریافت کرنا بہتر سمجھتا ہوں۔

سُنیے: میرا اعتقاد اور دین یہ ہے کہ زمین حجتِ خدا سے صرف قیامت برپا ہونے سے چالیس دن پہلے خالی ہوجائے گی۔ جب وہ وقت آئے گا تو حجت زمین سے اُٹھ جائیگی اور بابِ توبہ بند ہوجائے گا۔ "فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا" فَاولٰئِكَ شرار مِّنْ خَلْقِ اللّٰهِ " (الحدیث)

یعنی: "اس وقت کسی کا ایمان لانا مفید نہ ہوگا درآنحالیکہ وہ پہلے سے ایمان نہ لے آیا ہو اور (اس دوران اُس نے) اپنے ایمان کے زمانے میں نیک عمل کیا ہو۔" اور یہ لوگ (جو ایمان نہیں لائے) بدترین خلقِ خدا ہوں گے۔

بہرحال ان روایات سے ثابت ہے کہ زمین کبھی حجتِ خدا سے خالی نہ رہے گی بس صرف چالیس دن قیامت برپا ہونے سے پہلے زمین سے حجت اُٹھ جائے گی اور وہ حجت مہدیؑ منتظر ہوں گے جن کی حکومت کے سات سال بعد قیامت برپا ہوگی۔

لہٰذا ضروری ہے کہ اس عرصے میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و ائمہ طاہرین رجعت فرمائیں گے۔ (تاکہ زمین حجتِ خدا سے خالی نہ رہے) تاکہ اسلام کا درخت سرسبز ہو، دین کے شجر میں پھل آئیں تقویٰ اور سلم کی شاخوں میں پتے نکل آئیں اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اُٹھے، اور اس میں کوئی ہرج نہیں اگر انھیں مہدی کہا جائے جیسا کہ روایات میں آیا ہے۔

۵ خروجِ منتصر و سفّاح اور ان سے مراد

عن جابر قال: سمعت أبا جعفر عليه السلام يقول: والله ليملكن رجل منّا اهل البيت الارض بعد موته ثلاثمائة سنة ويزداد تسعًا قال: فمتى ذلك؟ قال: بعد موت القائم، قال: قلتُ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وکم یقوم القائمُ فی عالمہ حتّی یموت ؟ قال: تسع عشرة سنة ، من یوم قیامہ الیٰ موتہ قال : قلت فیکون بعد موتہ ھرج ؟ قال: نعم خمسین سنة۔

قال : ثمّ یخرج المنصور الی الدُّنیا فیطلب دمہ و دم اصحابہ فیقتل ویسبی حتّی یقال لو کان ھٰذا من ذرّیّة الانبیاء ، ما قتل النّاس کلّ ھٰذا القتل ، فیجتمع النّاس علیہ ابیضھم و اسودھم ، فیکثرون علیہ حتّی یلجُؤنہ الیٰ حرم اللہ فاذا اشتدّ البلاء علیہ ، مات المنتصر وخرج السفّاح الی الدّنیا غضبًا للمنتصر ، فیقتل کلّ عدوّلنا جائر ویملک الارض کلّھا ویصلح اللہ لہ امرہ ویعیش ثلاثمائہ سنة ویزداد تسعًا۔

ثمّ قال ابوجعفر علیہ السّلام : یاجابر وھل تدری من المنتصر و السفّاح ؟ یاجابر المنتصر الحسین و السفّاح امیر المؤمنین صلوات اللہ علیہم اجمعین

(رواہ العیاشی فی تفسیرہ ج ۲ صفحہ ۳۲۶)

(ترجمۂ روایت ۵)

" جابر سے روایت ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوجعفر امام محمّد باقر علیہ السّلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپؑ فرما رہے تھے کہ خدا کی قسم امام قائم علیہ السّلام کی وفات کے بعد ہم اہلِ بیت میں سے ایک شخص اس زمین پر تین سو سال تک حکومت کرے گا بلکہ نو۹ سال اور زیادہ (یعنی ۳۰۹ سال)۔

میں نے عرض کیا (فرزندِ رسولؐ !) یہ کب ہوگا ؟

آپؑ نے فرمایا: امام قائم علیہ السّلام کی وفات کے بعد۔

میں نے عرض کیا: اور امام قائمؑ ظہور کے بعد کتنے عرصے تک دنیا میں رہیں گے اور اس کے بعد کب ، وفات پائیں گے ؟

آپؑ نے فرمایا: اُنیس۱۹ سال ان کے ظہور سے وفات کے درمیان کا عرصہ ہوگا۔

میں نے عرض کیا: پھر ان کی وفات کے بعد تو بڑا ہرج (افراتفری کا عالم) ہوگا ؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں ، پچاس سال تک۔ اس کے بعد منصور دنیا میں آئے گا اور وہ اپنے اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اپنے اصحاب کے خون کا بدلہ لے گا اور اتنا قتل کرے گا اور لوگوں کو قیدی بنائیگا کہ لوگ کہنے لگیں گے کہ اگر یہ ذریتِ انبیاء میں سے ہوتا تو اس بیدردی سے لوگوں کو قتل نہ کرتا۔ پھر تمام کالے اور گورے جمع ہوکر اس پر یلغار کریں گے اور اُسے حرمِ خدا میں پناہ لینی پڑے گی۔ اُس پر ہر طرف سے مصیبت ٹوٹ پڑے گی اور منتصر کا انتقال ہوجائے گا تو دنیا میں سفاح غضبناک ہوکر آئے گا اور وہ ہمارے تمام دشمنوں اور ظالموں کو قتل کرے گا اور پوری روئے زمین پر اپنی حکومت قائم کرے گا، اللہ اُس کے تمام اُمور کو درست کردے گا۔ پھر وہ تین سو نو سال تک حکومت کرے گا۔

اس کے بعد امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اے جابر! تمہیں معلوم ہے وہ منتصر اور وہ سفاح کون ہے؟ اے جابر منتصر تو حضرت امام حسین علیہ السلام ہیں اور سفاح حضرت امیرالمومنین علیہ السلام ہیں۔

(اس حدیث کی روایت تفسیر عیاشی جلد ۲ صفحہ ۳۲۶ میں موجود ہے)

(۶) بارہویں امامؑ کے بعد اُن کے فرزند پہلے مہدی ہوں گے

غط: (غیبتہ طوسی) راویوں کی ایک جماعت نے بزوفری سے، اُنھوں نے علی بن سنان موصلی سے، اُنھوں نے علی بن الحسین سے، اُنھوں نے احمد بن محمد بن خلیل سے، اُنھوں نے جعفر بن احمد مصری سے، اُنھوں نے اپنے چچا حسین ابنِ علی سے، اور اُنھوں نے اپنے والد سے، اُنھوں نے حضرت ابوعبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اور آپؑ نے اپنے پدرِ عالی قدر سے، اور آنحضرتؑ نے حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے اور حضرت امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی وفات حسرت آیات کی شب ارشاد فرمایا کہ اے ابوالحسنؑ ایک صحیفہ اور دوات قلم لے آؤ۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ اپنا وصیت لکھواتے ہوئے اس منزل پر پہنچے اور فرمایا:

قال رسول اللہؐ: یا علیؑ اِنّہ سیکون بعدی اثنا عشر اماماً ومن بعدھم اثنی عشر مھدیّاً فانت یا علیؑ اوّل الاثنی عشر الامام

وساق الحدیث الیٰ اَن قال: ولیسلّمھا الحسن علیہ السّلام الی ابنہ م ح م د المستحفظ من آل محمد صلی اللہ علیہ وعلیھم، فذلک اثنی عشر اِماماً

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثم یکون من بعدہ اثنا عشر مہدیًا فاذا حضرتہ الوفاۃ فلیسلمہا الی ابنہ اوّل المہدیّین لہ ثلاثۃ اسامی اسم کاسمی واسم ابی وھو عبداللہ واحمد والاسم الثالث المہدیؑ وھو اوّل المؤمنین۔

(ترجمۂ حدیث نمبر ۶)

پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علیؑ! میرے بعد بارہ امام ہوں گے اور ان کے بعد بارہ مہدی ہوں گے اور تم اے علیؑ! ان بارہ اماموں میں سب سے پہلے امام ہو۔

پھر یکے بعد دیگرے تمام ائمہؑ کے نام بتاتے ہوئے آپؐ نے فرمایا کہ اور حسنؑ یہ عہدۂ امامت اپنے فرزند م ح م د کے سپرد کردیں گے جو آلِ محمدؐ میں سے محفوظ اور باقی رہیں گے اور اس طرح یہ بارہ امام پورے ہوجائیں گے اور اس کے بعد بارہ مہدی ہوں گے، جب بارہویں امام کا وقتِ وفات قریب ہوگا تو آپ یہ کارِ ہدایت اپنے فرزند کے سپرد کرکے جائیں گے اور اس طرح وہ پہلے مہدی ہوں گے اور ان کے تین نام ہوں گے ایک میرا نام، ایک میرے پدرِ بزرگوار کا نام اور وہ عبداللہ اور احمد ہوگا اور تیسرا نام مہدی ہوگا، اور وہ اوّل المومنین ہوں گے۔"

⑦ امام قائمؑ کے بعد بارہ مہدی ہوں گے

سیّد علی بن عبدالحمید نے اپنے اسناد کے ساتھ حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ: آپؑ نے فرمایا:

"اَنَّ منّا بعد القائمؑ علیہ السّلام اثنا عشر مہدیًّا من ولد الحسینؑ"

امام قائم علیہ السّلام کے بعد ہم اہلِ بیت میں سے اولادِ امام حسین علیہ السّلام سے بارہ مہدی ہوں گے۔" (منتخب البصائر)

⑧ مسجدِ سہلہ منزلِ امام قائمؑ ہوگی

اَبی نے سعد سے، سعد نے جامورانی سے، جامورانی نے حسین بن سیف سے حسین نے اپنے والد سیف سے، سیف نے حضرمی سے، اور حضرمی نے حضرت ابوجعفر اور حضرت ابوعبداللہ علیہما السّلام سے روایت کی ہے کہ دونوں حضرات نے ارشاد فرمایا کوفہ کے بارے میں: فیہا مسجد سہیل الّذی لم یبعث اللہ نبیًّا اِلّا وقد صلّی فیہ، ومنہا یظہر عدل اللہ، وفیہا یکون قائمہ والقوّام من بعدہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وھی منازل النّبیّین والاوصیاء والصّالحین ۔"

ترجمۂ روایت : "وہاں ایک مسجدِ سہیل ہے ایسی کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا میں جس نبی کو بھی بھیجا اُس نے وہاں آکر اس مسجد میں نماز پڑھی ۔ وہیں سے عدلِ الٰہی ظاہر ہوگا اور اسی میں امام قائمؑ ہوں گے اور ان کے بعد اور بہت سے قائم ہوں گے وہ مسجد انبیاء و اوصیاء اور صالحین کی منزل ہے ۔

بیان : ھذہ الاخبار مخالفۃ للمشھور، وطریق التاویل احد وجھین

الاوّل : اَن یکون المراد بالاثنی عشر مھدیّا النّبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسائر الائمّۃ سوی القائم علیہ السّلام بان یکون ملکھم بعد القائمؑ وقد سبق اَنّ الحسن بن سلیمان اوّلھا بجمیع الائمّۃ وقال برجعۃ القائم علیہ السّلام بعد موتہ وبہ ایضًا یمکن الجمیع بین بعض الاخبار المختلفۃ الّتی وردت فی مدّۃ ملکہ علیہ السّلام ۔

والثانی اَن یکون ھؤلاء المھدیّون من اوصیاء القائم ھادین للخلق فی زمن سائر الائمّۃ الّذین رجعوا لئلّا یخلو الزّمان من حجّۃ ، واِن کان اوصیاء الانبیاء والائمّۃ ایضًا حججًا واللہ تعالیٰ یعلم ۔"

ترجمہ : نوٹ : مندرجہ بالا تمام روایات مشہور کے خلاف ہیں جن کی تاویل اس طرح ہوسکتی ہے

پہلی صورت : یہ کہ بارہ مہدی سے مراد نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم اور سارے ائمہ سوائے امام مہدی علیہ السّلام کے ہیں ۔ اس لیے کہ ان لوگوں کی حکومت امامِ قائمؑ کے بعد ہوگی ۔ چنانچہ اس سے جو روایت ہے اس میں حسن بن سلیمان نے بھی سارے ائمہؑ مراد لیے ہیں اور بعد وفاتِ قائم اُن کی رجعت کے قائل ہیں ۔

دوسری صورت : یہ ہے کہ یہ سارے مہدی امامِ قائمؑ کے اوصیاء میں سے ہوں گے جو ائمہ طاہرینؑ کے دورِ رجعت میں ہدایتِ خلق پر مامور ہوں گے تاکہ زمانہ کبھی حجّت سے خالی نہ رہے ۔ اگرچہ اوصیاء انبیاء اور ائمہ طاہرین بھی بہرحال حجّتِ الٰہی ہیں ۔

واللہ تعالیٰ بہترین جاننے والا ہے ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بحار الانوار

باب ۳۱
سی ویک

اہلِ قُم کا ایک خط
توقیع کی تصدیق کے لیئے

ANSAR

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باب ۳۱

(۱) اہلِ قُم کا ایک خط توقیع کی تصدیق کیلئے

ایک جماعت نے ابوالحسن محمّد بن احمد بن داؤد قمّی سے روایت کی ہے۔ اُنکا بیان ہے کہ میں نے ایک قلمی نسخہ پایا جو احمد بن ابراہیم نوبختی کے ہاتھ کا لکھا ہوا اور ابوالقاسم حسین بن رَوح کا لکھایا اور املا کرایا ہوا تھا، اُس کتاب کی پشت پر تحریر تھا کہ اس میں ان مسائل کے جوابات ہیں جو قُم سے بھیجے گئے تھے اور پوچھا گیا کہ آیا یہ جوابات فقیہ علیہ السّلام (امام قائمؑ) کے تحریر کردہ ہیں یا محمّد بن علی شلمغانی کے ہیں۔ اِس دریافت کا سبب یہ ہے کہ لوگ بیان کرتے ہیں کہ شلمغانی کہتا ہے کہ ان مسائل کے جوابات میں نے تحریر کیے ہیں۔ تو ان مسائل کے مجموعے کی پُشت پر یہ لکھ دیا گیا:

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قد وقفنا علیٰ ھٰذہ الرقعۃ وما تضمّنتہ، فجمیعہ جوابنا ولا مدخل للمخذول الضّالِّ المضلِّ المعروف بالعزاقریِّ لعنۃ اللّٰہ فی حرف منہ وقد کانت اشیاء خرجت الیکم علی یدی احمد بن ھلال وغیرہ من نظرائہ وکان من ارتدادھم عن الاسلام مثل ما کان من ھذا علیھم لعنۃ اللّٰہ وغضبہ

ترجمہ توقیع۔ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ہم اس رقعے اور اس کے مضمون پر مطّلع ہوئے، یہ سب ہمارے جواب ہیں اس میں ایک حرف بھی اس مخذول وضال ومضل (راندۂ درگاہ، گمراہ اور گمراہ کن) کا نہیں ہے اور اس سے پہلے چند چیزیں احمد بن ہلال اور اس کے مانند دیگر لوگوں کے ہاتھوں تم لوگوں تک پہونچی تھیں مگر ان سب کا بھی اسلام سے مرتد ہونا ایسا ہی ہے جیسے یہ (شلمغانی) مرتد ہوگیا۔ ان سب پر اللہ لعنت کرے اور اپنا غضب نازل فرمائے۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(سائل نے اس خط کے آخر میں لکھا کہ اس کی تصدیق میں پہلے بھی کرا چکا ہوں)

فخرج الجواب الا من استثبتَّ فانه لا ضرر فی خروج ما خرج علیٰ ایدیہم وانّ ذٰلك صحیح۔

و روی قدیما عن بعض العلماء علیہم السّلام والصّلوٰۃ انّہ سئل عن مثل ھٰذا بعینہ فی بعض من غضب اللہ علیہ وقال علیہ السّلام "العلم علمنا، ولا شیٔ علیکم من کفر من کفر فما صحّ لکم ممّا خرج علیٰ یدہ بروایۃ غیرہ من الثقات رحمہم اللہ، فاحمدوا اللہ واقبلوہ وما شککتم فیہ او لم یخرج الیکم فی ذٰلك الّا علیٰ یدہ فردّوہ الینا لنصحّحہ او نبطلہ، واللہ تقدّست اسماؤہ وجلّ ثناؤہ ولیّ توفیقکم وحسیبنا فی اُمورنا کلّہا ونعم الوکیل۔

(ترجمہ)

پس اس کے جواب میں یہ لکھا ہوا آیا کہ "جس توقیع کی تمہیں پہلے تصدیق ہو چکی ہے اگر ان لوگوں کے ذریعے سے بھی وہی چیز آئی ہے تو اس میں ضرر نہیں وہ صحیح ہے۔

اور بعض علمائے اہلِ بیت علیہم السّلام کے متعلق قدیم سے یہ روایت چلی آرہی ہے کہ ان سے بھی اسی طرح کا سوال کسی ایسے کے لیے کیا گیا تھا جو مغضوبِ الٰہی تھا تو آپ نے اس کے جواب میں فرمایا تھا کہ علم تو ہمارے پاس ہی ہے اس سے جو انکار کرے وہ کرتا رہے تم لوگوں پر اس کا کیا اثر ہے۔ اگر کوئی ایسی روایت اس کے ذریعے سے تم لوگوں تک پہونچے جس کی تصدیق و توثیق اپنے ثقات سے کر چکے ہو تو اللہ کا شکر ادا کرو اور اسے قبول کر لو۔ اور جس میں تم لوگ شک کرتے ہو یا وہ روایت اس کے علاوہ اور کسی مردِ ثقہ سے تم تک پہونچی ہو تو اس کے لیے ہماری طرف رجوع کرو ہم بتائیں گے کہ وہ صحیح ہے یا غلط ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے اسماء بہت ہیں، اُس کی حمد و ثناء بہت جلیل ہے، وہی تمہاری توفیقات کا مالک ہے اور تمام اُمور میں ہم لوگوں کے لیے کافی ہے اور بہترین وکیل و کارساز ہے۔"

(۷)

ابنِ نوح کا بیان ہے کہ سب سے پہلے ابوالحسین محمّد بن علی بن تمام نے بیان کی، اُنھوں نے کہا کہ میں نے یہ توقیع اس قلمی کتاب سے نقل کی جو ابوالحسن بن داؤد کے پاس تھی

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور جب ابوالحسن بن داؤد تشریف لائے تو میں نے وہ نقل انھیں پڑھ کر سنائی۔ اور انھوں نے یہ بھی کہا کہ اسی نسخے کو بعینہٖ اہلِ قم نے شیخ ابوالقاسم حسین بن رَوح کو بھیجا تھا اور اس کی پشت پر اس کا جواب احمد بن ابراہیم نوبختی کے ہاتھ کا لکھا ہوا آیا، اور یہ نسخہ ابوالحسن بن داؤد کے پاس سے حاصل ہوا۔

وہ نسخۂ کتاب جو اہلِ قم نے توثیق کیلئے روانہ کیا تھا

مسائلِ محمّد بن عبداللہ بن جعفر حمیری:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ تعالیٰ آپ کو عزّت بخشے، آپ کی مدد فرمائے، سعادت و سلامتی نصیب فرماتا رہے، اپنی نعمتوں سے نوازتا رہے آپکی نیکیوں میں اضافہ فرماتا رہے، اُس کا بہترین فضل و کرم آپ پر رہے، اگر آپ کو کوئی گزند وغیرہ پہونچنے والی ہو تو وہ مجھے پہنچ جائے۔ لوگ قرب و منزلت کے لیے ایکدوسرے سے آگے بڑھنا چاہتے ہیں مگر آپ جسے قبول فرمائیں وہی مقبول ہے اور جسے رد فرمادیں وہ پست ہوگا۔ اور ہم اِس بات سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں۔ خدا آپ کا بھلا کرے ہمارے شہر میں بھی ذی جود و سر برآوردہ لوگوں کی ایک جماعت ہے جو قربِ منزلت کے لیے ایک دوسرے پر متنافس (رغبت رکھنے والے اور سبقت کرنے کے خواہش مند اور مستقابل ہیں۔

نیز اللہ تعالیٰ کی تائید آپ کے شامل حال رہے۔ آپ کا ایک خط ان میں سے کچھ لوگوں کو ملا۔ (جواب) یہ صحیح ہے۔

نیز علی بن محمّد بن حسین بن مالک المعروف بہ مالک بادوکہ نے ایک تحریر دکھائی جس سے اس کو صدمہ ہوا اور مجھ سے اُس نے درخواست کی ہے کہ میں آپ کو مطلع کروں کہ اُسے کیا دکھ ہوا۔ اگر میرا یہ لکھنا کوئی گناہ ہے تو میں اللہ تعالیٰ سے معافی چاہتا ہوں، اور اگر نہیں، تو پھر میں اُس سے ایسی بات کروں جس سے اُس کی تشفّی ہو جائیگی انشاء اللہ تعالیٰ:۔ (توقیع) "لم نکاتب الّا من کاتبنا"

(ترجمۂ توقیع) "ہماری جس سے خط و کتابت ہے بس اُسی سے ہوتی ہے کسی اور سے نہیں ہے"۔

سوال: نیز اللہ تعالیٰ آپ کا بھلا کرے آپ نے مجھے اپنے فضل و کرم کا عادی بنا دیا ہے۔ اِس لیے میری جسارت معاف فرمائیں گے۔ آپ کے پیشِ نظر فقیہ ہیں میں چاہتا ہوں کہ آپ ان سے یہ پوچھ کر بتائیں کہ ہم سے بیان کیا جاتا ہے کہ:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عالم علیہ السلام (امام موسیٰ کاظم علیہ السلام) سے ایک مرتبہ سوال کیا گیا کہ:

سوال: "ایک پیشنماز لوگوں کو نماز پڑھا رہا تھا کہ دورانِ نماز اس پر کوئی حادثہ ہو گیا (مر گیا) تو اب جو لوگ اس کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے وہ کیا کریں؟

جواب: (آپ نے جواب میں ارشاد فرمایا:) "یؤخّر ویقدم بعضهم و یتمّ صلاتهم و یغتسل من مسّه"

یعنی: اُس کو پیچھے کر دیا جائے گا اور مامومین میں سے ایک آگے بڑھ کر لوگوں کی نماز پوری کرائے گا۔ اور جس جس نے مردہ امام کو مَس کیا ہے وہ غسلِ مسِ میّت کرے گا۔

توقیع: "لیس علیٰ من نحّاه إلّا غسل الید واذا لم تحدث حادثة تقطع الصّلاة تمّم صلاته مع القوم:"

ترجمہ: جن لوگوں نے اس کو اُٹھا کر پیچھے کیا ہے وہ صرف اپنے ہاتھ دھولیں۔ اور اگر کوئی ایسا حادثہ نہ ہوا ہو جس سے نماز قطع ہو گئی ہو تو وہی امام قوم کے ساتھ نماز کو تمام کرے گا۔

سوال: نیز عالم علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص کسی میّت کو چھولے درآنحالیکہ ابھی اس میں حرارت باقی ہو، تو وہ اپنے ہاتھ دھولے۔ اور اگر اُس نے میّت کے سرد ہونے کے بعد اُسے چھولیا ہے تو اس پر غسلِ مَس میّت واجب ہوگا۔ اور یہ امام جماعت (جو نمازِ جماعت کے دوران مر گیا ہے ظاہر ہے کہ اس میں ابھی حرارت باقی ہوگی اور اس کو چھونا حرارت باقی رہنے کے دوران ہوگا لہٰذا عمل وہی ہوگا۔) (یعنی صرف ہاتھ دھولینا) اور زیادہ قرینِ قیاس یہ ہے کہ اس کو لوگ کپڑوں سمیت اٹھائیں گے لہٰذا ان پر غسلِ مسِ میّت کیسے واجب ہوگا۔

توقیع: "إذا مسّه علیٰ هذه الحال لم یکن علیه إلّا غسل یده"

ترجمہ: "جب میّت کو اس حالت میں مس کرے (کہ اس میں حرارت باقی ہو) تو سوائے ہاتھ دھو لینے کے اور کچھ نہیں ہے۔"

سوال: "اگر کوئی شخص نمازِ جعفر طیّار پڑھتے ہوئے قیام یا قعود یا رکوع یا سجود میں تسبیح (ذکر) بھول جائے اور اسی نماز میں آگے بڑھ کر یاد آجائے، تو کیا جہاں یاد آئے وہیں وہ بھولی ہوئی تسبیح پڑھ لے یا اسے چھوڑ کر آگے بڑھ جائے (نماز پڑھتا رہے)؟

توقیع: اذا هو سها فی حالة من ذٰلك ثمّ ذکر فی حالة اُخریٰ قضیٰ ما فاته فی الحالة الّتی ذکر۔"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ توقیع : "جب اس سے ان حالتوں میں سے کسی حالت میں سہو ہوا ہے اور اسی نماز میں اُسے آگے بڑھ کر یاد آیا تو جہاں اُس کو یاد آیا ہے وہیں جو چیز فوت ہو گئی ہے اُس کو بجا لائے۔

سوال : ایک عورت کے شوہر کا انتقال ہو گیا، تو کیا وہ اُس کے جنازے میں شریک ہو سکتی ہے ؟

توقیع : یخرج فی جنازته۔

ترجمہ : (ہاں) وہ جنازے میں شریک ہو سکتی ہے۔

سوال : کیا وہ زمانۂ عدّۃ میں اپنے شوہر کی قبر کی زیارت کے لیے جا سکتی ہے ؟

توقیع : تزور قبر زوجها، ولا تبیت عن بیتها۔

ترجمہ : اپنے شوہر کی قبر کی زیارت کو جا سکتی ہے، مگر شب اپنے گھر میں بسر کرے۔

سوال : کیا وہ کوئی حق ادا کرنے کے لیے جو اس پر لازم ہے گھر سے نکل سکتی ہے یا وہ گھر سے جب تک عدّۃ میں ہے باہر نہیں نکل سکتی ؟

توقیع : "اذا کان حقٌ خرجت و قضته، و اذا کانت لها حاجة لم یکن لها من ینظر فیها خرجت لها حتّی تقضی، ولا تبیت عن منزلها۔

ترجمہ : "اگر کوئی حق ہے تو اس کو ادا کرے، بلکہ اگر اُسے کوئی ضرورت ہو اور اس کا کوئی دیکھنے والا نہ ہو تو وہ اپنے گھر سے نکل کر اپنی ضرورت پوری کرے گی، مگر شب اپنے گھر میں بسر کرے گی کہیں اور نہیں۔

سوال : نمازہائے فریضہ وغیرہ میں قرآن پڑھنے کے ثواب میں عالم علیہ السّلام (حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام) سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"عجبًا لمن لم یقرأ فی صلاة "اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ" کیف تقبل صلاة و روی "ما ذکت صلاة لم یقرأ فیها بقُلْ هو اللّٰهُ اَحَدٌ" و روی۔ اَنَّ مَنْ قرأ فی فرائضه "اَلْهٰکُمُ التَّکَاثُرُ" اُعطی من الدّنیا"۔

فهل یجوز اَن یقرأ الهُمَزَة، و یدع هٰذه السور الّتی ذکرناها ؟ مع ما قد روی اَنّه لا تقبل الصلاة ولا تزکو اِلّا بهما۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ سوال : "(امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا :) مجھے تعجب ہے، اُس شخص پر جو اپنی نماز میں اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِی لَیْلَةِ الْقَدْرِ" نہیں پڑھتا اس کی نماز کیسے قبول ہوگی اور دوسری روایت میں یہ ہے کہ : "اس شخص کی نماز کبھی پاک و پاکیزہ نہ ہوگی جو اُس میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (سورۂ اخلاص) نہیں پڑھتا۔ تیسری روایت میں یہ ہے کہ جو شخص اپنی نمازہائے فریضہ میں سورۃ "اَلْهُمَزَةِ" کی تلاوت کرے گا اُس کو دنیا عطا کی جائے گی۔"

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا کسی شخص کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ نماز میں سورۃ "اَلْهُمَزَةِ" کی تلاوت کرے اور مذکورہ بالا سوروں کو چھوڑ دے، جبکہ روایت میں یہ ہے کہ اس کی نماز قبول نہ ہوگی، یا اُس کی نماز پاک و پاکیزہ نہ ہوگی ؟

توقیع : "الثواب فی السور علی ما قد روی واذا ترک سورة ممّا فیها الثواب وقرأ قل هو الله احد ، و اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ ، لفضلهما اُعطی ثواب ماقرأ وثواب السورة الّتی ترک ویجوز ان یقرأ غیرهما تین السورتین وتکون صلوٰة تامّة ، ولٰکن یکون قد ترک الفضل۔"

ترجمۂ توقیع : "روایت میں سوروں کی قرأت کا جو ثواب بتایا گیا ہے وہ درست ہے لیکن جن سوروں کے پڑھنے میں ثواب ہے اگر اُنھیں چھوڑ کر قل هو الله احد اور اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ پڑھا جائے جس کی روایت وارد ہوئی ہے تو پڑھنے والے کو اُس سورے کا ثواب بھی عطا ہوگا جس کو اُس نے پڑھا ہے اور اس سورے کا ثواب بھی عطا ہوگا جس کو اُس نے ترک کیا ہے۔ ویسے ان دونوں سوروں کے علاوہ کوئی اور سورہ پڑھنا بھی جائز ہے اور اس کی نماز پوری ہو جائے گی، مگر یہ ہوگا کہ اُس نے افضل کو ترک کر دیا۔

سوال : وداعِ ماہِ رمضان کب ہوگا ؟ ہمارے اصحاب کا اس میں اختلاف ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ دعائے وداعِ ماہِ رمضان اس کی آخری شب میں پڑھی جائے، کوئی کہتا ہے کہ جب شوّال کا چاند دیکھے اُس وقت پڑھے۔

توقیع : العمل فی شهر رمضان فی لیالیه و الوداع یقع فی آخر لیلة منه ، فان خاف ان ینقص جعله فی لیلتین۔

ترجمۂ توقیع : ماہِ رمضان کے اعمال اس کی شبوں میں ہوتے ہیں۔ لہٰذا وداعِ ماہِ رمضان کی دعاء

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُس کی آخری رات میں ہوگی، ہاں اگر ڈر ہے کہ کمی نہ واقع ہو تو آخر کی دو راتوں میں پڑھے"

سوال : قولِ خدا : " اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ " (سورہ ۸۱ تکویر آیت ۱۹)
اِس سے مراد تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ پھر " ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِيْنٍ " یہ قوت کیا ہے۔ مُطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ " (تکویر ۲۰-۲۱)
یہ اطاعت کیسی ہے اور وہ کہاں ہے۔ ؟

خدائے عزّوجلّ آپ کی عزّت و بزرگی کو بلند فرمائے۔ براہِ کرم میرے یہ تمام مسائل آپ کسی موثق فقیہ سے دریافت کر کے مجھے مطّلع کریں اور محمّد بن حسین بن مالک کے متعلّق بھی وضاحت کے ساتھ تحریر کریں تاکہ اس کو اطمینان ہو اور میرے بھائیوں کے لیے دنیا و آخرت کی بھلائی کے لیے دعا فرمائیں۔

توقیع : "جمع الله لك ولاخوانك خير الدّنيا والاٰخرة "

ترجمہ : " اللہ تمہارے لیے اور تمہارے بھائیوں کے لیے دنیا و آخرت دونوں کی بھلائی جمع کرے۔"

اللہ آپ کی عزّت ہمیشہ قائم رکھے، آپ کی مدد کرے، کرم کرے، آپ پر اپنی نعمت تمام کرے اور اگر آپ کو کوئی گزند پہونچتا ہو تو آپ کے بدلے مجھے پہونچ جائے۔ الحمد للہ ربّ العالمین وصلّی اللہ علیٰ محمّدؐ وآلہٖ اجمعین۔

(۲) حضرت امامِ زمانہؑ کی خدمت میں ایک اور خط

ایک دوسری کتاب میں ایک اور خط ہے جس میں مندرجہ ذیل سوالات ہیں جو نوّابین میں سے کسی کو لکھا گیا تھا۔

سوال : اللہ تعالیٰ آپ کی قدر و عزّت دائم و قائم رکھے۔ آپ میرے لیے کسی فقیہ (امام قائمؑ) سے یہ مسائل دریافت فرما کر مطّلع کیجیے :

سوال : " جب کوئی مصلّی (نماز گذار) پہلے تشہد سے تیسری رکعت کے لیے اُٹھے تو کیا اُس پر تکبیر کہنا واجب ہے ؟ اِس لیے کہ ہمارے بعض اصحاب کہتے ہیں کہ اس پر تکبیر کہنا واجب نہیں، بلکہ اُس کے لیے جائز ہے کہ وہ بِحَوْلِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ کہہ لے۔

جواب : (قالؑ :) اِنَّ فيه حديثين : امّا احدهما فانّه اذا انتقل من حالة الى حالة اُخرٰى فعليه تكبير، واما الاٰخر فانّه

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

روی انّہٗ اِذا رفع رأسہ من السجدۃ الثانیۃ فکبّر ثمّ جلس ثمّ قام، فلیس علیہ للقیام بعد القعود تکبیر، وکذلک التشہّد الاوّل، یجری ھٰذا المجری، وبأیّھما اَخذت من جہۃ التسلیم کان صوابًا۔

سوال: جب کوئی مصلّی پہلے تشہد سے تیسری رکعت کے لیے اُٹھے تو کیا اس پر تکبیر کہنا واجب ہے؟ اس لیے کہ ہمارے بعض اصحاب کہتے ہیں کہ اس پر تکبیر واجب نہیں۔ بلکہ اس کے لیے جائز ہے کہ وہ بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ کہہ لے۔

ترجمہ:

جواب: آپ نے اس کا یہ جواب دیا کہ اس سلسلے میں دو روایتیں ہیں: پہلی روایت تو یہ کہ: "جب مصلّی نے دوسرے سجدے سے سر اُٹھایا تو تکبیر کہے گا، پھر بیٹھے گا، پھر کھڑا ہوگا تو قعود کے بعد قیام کے لیے اس کو تکبیر کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسی طرح تشہدِ اوّل کا بھی یہی حکم ہے۔ اب ان دونوں میں سے جس کو لے لیا جائے وہ درست ہے۔

سوال: وعن الفصِّ الخُماھَن ھل تجوز فیہ الصلاۃ اِذا کان فی اصبعہ؟

الجواب: فیہ کراھۃ اَن یّصلّی فیہ، وفیہ اِطلاق، والعمل علی الکراھیۃ۔

ترجمہ سوال: نیز یہ بھی دریافت فرمائیں کہ وہ انگوٹھی جس میں حجر الحدید کا نگینہ جڑا ہوا ہو کیا اس کو اپنی انگلی میں پہن کر نماز پڑھ سکتے ہیں؟

ترجمہ جواب: ایسی انگوٹھی کو پہن کر نماز پڑھنا مکروہ ہے اور جو ایسا کرتا ہے وہ امرِ مکروہ کرتا ہے

سوال: وعن رجل اشتری ھدیًا لرجل غائب عنہ، وسألہ ان ینحر عنہ ھدیًا بمنیً فلمّا أراد نحر الھدی نسی الرجل ونحر الھدی، ثمّ ذکرہ بعد ذٰلک أیجزیٔ عن الرجل أم لا۔؟

الجواب: لا بأس بذٰلک وقد اُجزأ عن صاحبہ۔

ترجمۂ سوال: اور یہ بھی پوچھنا ہے کہ ایک شخص نے کسی شخصِ غائب کے لیے قربانی کا جانور خریدا اُس شخصِ غائب نے اُس سے یہ کہا تھا کہ تم میری جانب سے منیٰ میں قربانی کر دینا۔ لیکن جب اُس شخص نے قربانی کرنے کا ارادہ کیا تو اُس شخصِ غائب کا نام بھول گیا اور قربانی کے بعد اُسے یاد آیا، تو کیا یہ اُس شخصِ غائب کی طرف سے قربانی ہو گئی۔؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ جواب : اِس میں کوئی ہرج نہیں ، اُس شخصِ غائب کی طرف سے قربانی ہوگئی ۔

"

السؤال : وعندنا حاكة مجوس يأكلون الميتة ، ولا يغتسلون من الجنابة وينسجون لنا ثيابًا فهل يجوز الصلاة فيها من قبل أن يغسل ؟

الجواب : لا بأس بالصلاة فيها ۔

ترجمۂ سوال : ہمارے یہاں کچھ مجوسی جولاہے (کپڑا بُننے والے) ہیں جو مُردار کھاتے ہیں اور غسلِ جنابت نہیں کرتے ، تو اُن کے بُنے ہوئے کپڑوں میں بغیر پاک کیے ہوئے نماز پڑھی جا سکتی ہے ؟

ترجمۂ الجواب : اُن کپڑوں کے اندر نماز پڑھنے میں کوئی ہرج نہیں ۔

"

السؤال : وعن المصلّي يكون في صلاة الليل في ظلمة فاذا سجد يغلط بالسجّادة ، ويضع جبهته على مسح او نطع فاذا رفع رأسه وجد السجّادة ، هل يعتدّ بهذه السجدة ام لا يعتدّ بها ۔

ترجمۂ سؤال : ایک شخص تاریکی (اندھیرے) میں نمازِ شب پڑھ رہا ہے ۔ جب سجدے میں جاتا ہے تو غلطی سے اُس کی پیشانی سجدہ گاہ کے علاوہ کسی اور چیز جیسے فرش وغیرہ پر پڑ جاتی ہے اب جب سر اُٹھاتا ہے تو اُسے سجدہ گاہ مل جاتی ہے ۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ وہ اُس سجدے کو شمار کرے یا نہیں ؟

الجواب : مالم يستو جالسًا فلا شيء عليه في رفع رأسه لطلب الخمرة

ترجمہ : جب تک بالکل سیدھا ہو کر نہیں بیٹھ جاتا ہے تو سجدہ گاہ تلاش کرنے کے لیے سر اُٹھا سکتا ہے ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

السؤال : وسألہ عن القنوت فی الفریضۃ اذا فرغ من دعائہ اَن یردَّ یدیہ علیٰ وجہہ وصدرہ للحدیث الّذی روی انّ اللہ عزّوجلّ اَجلُّ من اَن یردَّ عبدہ صفرا بل یملأھا من رحمتہ ام لایجوز ؟ فانّ بعض اصحابنا ذکر انہ عمل فی الصلاۃ۔

ترجمۂ سؤال : جب کوئی شخص نمازِ فریضہ میں دُعائے قنوت پڑھ کر فارغ ہو تو کیا وہ اپنے ہاتھوں کو اپنے چہرے اور اپنے سینے پر پھیر لے ؟ اِس لیے کہ ایک حدیث میں ہے کہ اللہ عزّت وجلال والا اِس سے کہیں بلند و برتر ہے کہ وہ اپنے بندے کو خالی ہاتھ واپس کر دے، بلکہ جو دُعا کرتا ہے وہ اُس کے ہاتھ کو رحمت سے بھر دیتا ہے۔ یا یہ ہاتھ پھیرنا جائز نہیں ہے اِس لیے کہ ہمارے بعض اصحاب کہتے ہیں کہ سر اور سینے پر ہاتھ پھیرنا نماز میں ایک زائد عمل ہے۔

الجواب : (فاَجاب علیہ السّلام) ردّ الیدین من القنوت علی الرأس والوجہ غیر جائز فی الفرائض والّذی علیہ العمل فیہ اِذا رفع یدہ فی قنوت الفریضۃ ، وفرغ من الدُّعاءِ اَن یردَّ بطن راحتیہ مع صدرہ تلقاء رکبتیہ علی تمہّل ویکبّر ویرکع والخبر صحیح وھو فی نوافل النہار واللیل ، دون الفرائض والعمل بہ فیہا افضل۔

ترجمۂ جواب : پس امام علیہ السّلام نے جواب میں ارشاد فرمایا: نمازِ فریضہ کے قنوت کی دُعا سے فارغ ہو کر چہرے اور سر پر ہاتھ پھیرنا ناجائز ہے۔ وہ چیز جس پر عمل ہے وہ یہ کہ جب نمازِ فریضہ میں انسان دُعائے قنوت سے فارغ ہو تو اپنے ہاتھوں کی ہتھیلیاں اپنے سینے سے ملاتا ہوا گھٹنوں پر لے جائے۔ تکبیر کہے اور رکوع کرے۔ اور حدیثِ مذکور صحیح ہے اور وہ نوافلِ شب و روز کے لیے ہے فرائض کے لیے نہیں اور اس میں اس پر عمل افضل ہے۔

"

السؤال : وسأل عن سجدۃ الشکر بعد الفریضۃ ، فانّ بعض اصحابنا ذکر انّہا بدعۃ فہل یجوز اَن یسجدھا الرّجل بعد الفریضۃ واِن جاز ففی صلاۃ المغرب ھی بعد الفریضۃ اَو بعد الاربع رکعات النافلۃ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ سوال : نمازِ فریضہ کے بعد سجدۂ شکر بجالانا اس کے متعلق ہمارے بعض اصحاب کہتے ہیں کہ یہ بدعت ہے؟ دریافت یہ کرنا ہے کہ کیا کسی شخص کا نمازِ فریضہ کے بعد سجدۂ شکر بجالانا جائز ہے؟ اور اگر جائز ہے تو یہ نمازِ مغرب کے تین رکعتوں کے بعد ہی سجدۂ شکر بجالائے یا چار رکعت نافلۂ مغرب کے بعد؟

الجواب : (فأجاب علیہ السلام : سجدة الشكر من ألزم السنن وأوجبها، و لم يقل إنّ هٰذه السجدة بدعة إلّا من أراد أن يحدث في دين الله بدعة، وأمّا الخبر المرويّ فيها بعد صلاة المغرب والاختلاف في أنّها بعد الثلاث أو بعد الاربع، فانّ فضل الدّعاء والتسبيح بعد الفرائض على الدّعاء بعقيب النوافل كفضل الفرائض على النوافل والسجدة دعاء وتسبيح، والافضل ان يكون بعد الفرض، فان جعلت بعد النّوافل أيضًا جاز

ترجمۂ جواب : امامؑ نے جواب میں فرمایا: "سجدۂ شکر تو واجب ترین و لازم ترین سنّت ہے جو شخص اس کو بدعت کہتا ہے وہ خود دین میں بدعت پھیلانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اس کے متعلّق جو حدیث مروی ہے وہ یہ کہ نمازِ مغرب کے بعد سجدۂ شکر ہونا چاہیے۔ اس میں اختلاف ضرور ہے کہ مغرب کی تین رکعت نماز کے بعد ہی ہو یا اس کے نافلہ کے چار رکعت کے بعد۔ تو جس طرح نمازِ فریضہ کو نمازِ نافلہ پر فضیلت ہے اسی طرح بعد نمازِ فریضہ تسبیح اور دعاء کو بعدِ نافلہ تسبیح و دعاء پر بھی فضیلت حاصل ہے۔ اور بہتر یہ ہے کہ بعدِ فریضہ سجدۂ شکر ادا کیا جائے۔ ویسے اگر بعدِ نوافل بھی سجدۂ شکر ادا کیا جائے تو جائز ہے۔

الـ

السؤال : وسأل انّ لبعض إخواننا ممن نعرفه ضيعة جديدة بجنب ضيعة خراب للسلطان فيها حصّة واكرته ربما زرعوا حدودها، وتؤذيهم عمّال السلطان، ويتعرّض في الأكل من غلّات ضيعة وليس لها قيمة لخرابها، وانّما هي بائرة منذ عشرين سنة، وهو يتحرّج من شرائها لأنّه يقال: إنّ هٰذه الحصّة من هٰذه الضيعة، كانت قبضت عن الوقف قديمًا للسلطان، فان جاز شراؤها من

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

السلطان ، وكان ذلك صواباً كان ذلك صلاحاً له وعمارة لضيعته وإنّهٗ يزرع هٰذه الحصّة من القرية البائرة لفضل ماء ضيعة العامرة ، وينحسم عنه طمع اولياء السلطان ، وإن لم يجز ذلك عمل بما تأمره إن شاء الله۔

ترجمۂ سوال : میرے ایک برادرِ مومن کے پاس کاشت کی ایک زمین ہے اور اسی سے متّصل حکومت کی ایک بنجر زمین ہے جو غیر آباد ہے اس میں کھڈّے اور گڑھے ہیں کبھی کبھی اس کے حدود میں بھی بیج پڑ جاتا ہے جس پر عمّالِ حکومت تنگ کرتے ہیں اور اِدھر اُدھر کی پیداوار نہیں لینے دیتے حالانکہ ابھی اس زمین کی کوئی قیمت نہیں ، اِس لیے کہ وہ بیس سال سے بنجر اور غیر آباد (غیر ذی زرع) ہے اور یہ برادرِ ایمانی اس کے خریدنے میں پس وپیش کر رہا ہے اس لیے کہ مشہور یہ ہے کہ یہ زمین وقف کی تھی جس پر حکومت نے قبضہ کر رکھا ہے ۔ تو کیا زمین کے اس حصّے کا حکومت سے خرید لینا جائز ہے تاکہ عمّالِ حکومت کی ایذا رسانی سے محفوظ رہا جا سکے۔

الجواب : آپؑ نے جواباً فرمایا : فاجابه عليه السّلام :

" لايجوز ابتياعها الّا من مالكها او بامره و رضا منه۔

ترجمۂ جواب : آپؑ نے جواب میں فرمایا : کوئی زمین اُس کے مالک کی اجازت یا اس کی مرضی کے بغیر نہیں خریدی جا سکتی۔

و

السؤال : وسأله الدّعاء له

ترجمہ : اور ایک شخص کے لیے آپؑ سے دُعا کی درخواست کی گئی۔

الجواب : فخرج الجواب : جاد الله عليه بما هو اهله ايجابنا حقّه۔۔۔۔۔

ترجمہ : پس جواب آیا : اللہ تعالیٰ اس کو وہ عطا فرمائے جس کا وہ اہل ہے

۔۔۔ وان يصلح له من امر دينه ودُنياه مايحبّ صلاحه انه ولیٌّ قدير

اور اس کے تمام دینی و دنیاوی امور کو درست فرمائے اس لیے کہ وہ ولیٔ قدیر ہے

۴ چند مسائل جو ۳۰۸ھ میں دریافت کیے گئے

۳۰۸ھ میں حضرت امام صاحب الزّمانؑ کو ایک عریضہ لکھا گیا جس میں آپؑ سے چند مسائل دریافت کیے گئے۔ وہ عریضہ یہ تھا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(وہ عریضہ یہ ہے:) بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم ۔ اطال اللہ بقاءك وادام عزّك و کرامتك وسعادتك وسلامتك واتمّ نعمته علیك وزاد فی احسانه الیك ۔ وجمیل مواهبه لدیك وفضله علیك وجزیل قسمه لك وجعلنی من السوء کلّه فداك وقدّمنی قبلك، انّ قبلنا مشایخ وعجایز یصومون رجب منذ ثلاثین سنة واکثر ویصلون شعبان بشهر رمضان، وروی لهم بعض اصحابنا انّ صومه معصیة ۔

ترجمۂ عریضہ : اللہ کے نام سے جو مہربان ہے نہایت رحم والا ہے ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو عزّت و بزرگی وسعادت وسلامت کے ساتھ طولِ عمر عطا فرمائے، اور آپ پر اپنی نعمتیں تمام فرمائے، آپ پر اپنا فضل و احسان رکھے، ہر گزند و آسیب سے آپ کو محفوظ رکھے اور مجھے آپ پر فدا کرے ۔

سوال : دریافت یہ کرنا ہے کہ یہاں کچھ بوڑھے مرد اور بوڑھی عورتیں تیس ۳۰ سال بلکہ اس سے بھی زیادہ عرصے سے ماہِ رجب میں روزے رکھتی ہیں اور ماہِ شعبان میں روزے رکھ کر اسے ماہِ رمضان سے ملا دیتی ہیں مگر اُن سے بعض ہمارے اصحاب نے کہا ہے کہ یہ روزے معصیت ہے ۔

الجواب : فاَجاب : قال الفقیه علیه السّلام : یصوم منه ایّامًا الی خمسة عشر یومًا ثمّ یقطعه الّا ان یصومه عن الثلاثة الایّام الفائتة للحدیث ان " نعم شهر القضاء رجب "

ترجمہ : فقیہ علیہ السّلام (حضرت صاحب الزّمان علیہ السّلام) نے جواب دیا کہ وہ ماہ رجب میں زیادہ سے زیادہ پندرہ دن روزے رکھیں پھر چھوڑ دیں اِلّا یہ کہ وہ اپنے تین دن کے قضا روزے رکھیں، اس لیے کہ حدیث میں ہے کہ ماہِ رجب قضا روزوں کے لیے بہتر مہینہ ہے ۔

"

السؤال : وسأل عن رجل یکون فی محمله والثلج کثیر بقامة رجل فیتخوّف ان نزل الغوص فیه، وربما یسقط الثلج وهو علی تلك الحال، ولا یستوی له ان یلبّد شیئًا منه لکثرته وتراکمه، هل یجوز له ان یصلّی فی المحمل الفریضة ؟ فقد فعلنا ذٰلك ایّامًا فهل علینا فی ذٰلك اعادة ام لا ؟

الجواب : لا باس به عند الضرورة والشدّة ۔ اگر برفباری اتنی ہی شدید ہے اور ضرورت بھی ہے تو کوئی حرج نہیں ※

※ محمل میں نماز پڑھی جا سکتی ہے ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

السوال : وسأل عن الرّجل يلحق الامام وهو راكع ، فيركع معه ويحتسب تلك الركعة ، فانّ بعض اصحابنا قال : اِن لم يسمع تكبيرة الرّكوع فليس له اَن يعتدّ بتلك الرّكعة ۔

ترجمہ : آپؑ سے دریافت کیا گیا کہ ایک شخص نمازِ جماعت میں اُس وقت شریک ہوا جب امام رکوع میں تھا، اُس نے بھی امام کے ساتھ رکوع کیا اور وہ اس کو اپنی رکعت شمار کرتا ہے مگر بعض لوگ کہتے ہیں کہ اگر اُس نے رکوع کی تکبیر نہیں سُنی تو وہ اُس کو اپنی رکعت شمار نہیں کر سکتا ؟

الجواب : فاَجاب عليه السّلام اِذا لحق مع الامام من تسبيح الركوع تسبيحة واحدة اعتدّ بتلك الركعة ، واِن لم يسمع تكبيرة الركوع

ترجمہ : اگر وہ جماعت کے اندر امام کے رکوع کی تسبیح میں سے ایک تسبیح میں بھی شریک ہو گیا تو وہ اس کی رکعت شمار ہوگی خواہ اُس نے تکبیرِ رکوع سُنی ہو یا نہ سُنی ہو۔

"

السوال: وسأل عن رجل صلّى الظهر ودخل فى صلاة العصر، فلمّا اَن صلّى من صلاة العصر ركعتين استيقن اَنّه صلّى الظهر ركعتين ، كيف يصنع ؟

ترجمہ: ایک شخص ظہر کی نماز پڑھ کر عصر کی نماز پڑھنے لگا، ابھی دو ہی رکعت پڑھی تھیں کہ اس کو یقین آ گیا کہ اس نے ظہر کی دو ہی رکعت پڑھی تھیں اب ایسی صورت میں کیا کرے؟

الجواب : فاَجاب عليه السّلام اِن كان اَحدث حادثة جعل الركعتين الاَخيرتين تتمّة لصلاة الظهر وصلّى العصر بعد ذلك ۔

ترجمہ : آپؑ نے جواب میں فرمایا: اگر دونوں نمازوں کے درمیان کوئی ایسی بات ہو گئی تھی کہ جس سے نماز قطع کرنی پڑی تھی تو نمازِ ظہر کا اعادہ کرے گا اور اگر ایسا نہیں ہوا تھا تو اس آخری دو رکعتوں کو وہ نمازِ ظہر کا تتمہ قرار دے دے اس کے بعد نمازِ عصر پھر سے پڑھے ۔

"

السوال: وسأل عن اهل الجنّة ، هل يتوالدون اذا دخلوها ام لا ؟

ترجمہ : اور اہلِ جنّت کے بارے میں سوال کیا گیا کہ جب وہ جنّت میں داخل ہوں گے تو وہاں اُن میں توالد و تناسل ہوگا ؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الجواب : فاَجاب علیہ السّلام : اِنَّ الجنّۃ لاحمل فیہا للنساء ولا ولادۃ ولا طمث ، ولا نفاس ، ولا شقاء بالطّفولیّۃ ، وَفیہا مَا تَشْتَہِیہِ الْاَنْفُسُ ، وَتَلَذُّ الْاَعْیُنُ" کما قال سبحانہ فاذا اشتہی المؤمن ولدًا خلقہ اللہ عزّ وجلّ بغیر حمل ولا ولادۃ علی الصّورۃ الّتی یریدکما خلق اٰدم علیہ السلام عبدۃ۔

الجواب ترجمہ : جب میں نہ کوئی عورت حاملہ ہوگی اور نہ اس کے بطن سے ولادت ہوگی نہ انھیں حیض آئے گا ، نہ نفاس ، نہ بچّوں کی پرورش کی مشقّت ۔ وہاں وہی ہوگا جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اور اُس میں وہی ہوگا جس کی اُن کے نفس خواہش کریں گے اور جس سے اُن کی آنکھوں کو لطف آئے گا"[1]

لہٰذا اگر کوئی بندۂ مومن (اپنے لیے) اولاد کی خواہش ظاہر کرے گا تو اللہ عزّت وجلال والا اس کے لیے بغیر حمل اور بغیر وضع حمل کے لڑکا پیدا کر دے گا۔ جس طرح اُس نے آدمؑ کو پیدا کیا ہے۔

"

السؤال : وسأل عن الأبرص والمجذوم وصاحب الفالج ، ھل یجوز شہادتہم ؟ فقد روی لنا انّہم لا یؤمّنون الأصحّاء ؟

ترجمہ : ۔ کیا مبروص و مجذوم و مفلوج کی گواہی جائز ہے اس لیے کہ روایت میں ہے کہ یہ تندرست لوگوں کی امامت نہیں کر سکتے ؟

الجواب : فاَجاب علیہ السّلام اِن کان مابہم حادث ، جازت شہادتہم ، و ان کانت ولادۃ لم تجز۔

ترجمہ : اگر یہ مرض ان لوگوں کو کسی حادثے کی بنا ، پر ہو گیا ہے تو اُن کی شہادت جائز ہے اور اگر پیدائشی ہے تو اُن کی شہادت جائز نہیں ہے۔

"

السؤال : وَسأل عن رجل ادّعی علی رجل اُلف درھم ، اَقام بہا البیّنۃ العادلۃ ، وادّعی علیہ ایضًا خمسمائۃ درھم فی صك اُخر ولہ بذلك کلّہ بیّنۃ عادلۃ وادّعی علیہ ایضًا بثلاث مائۃ درھم فی صك اُخر ، ومائتی درھم فی صك اُخر ، ولہ بذلك کلّہ بیّنۃ عادلۃ ویزعم المدّعی علیہ اَنّ ھٰذہ

[1] سورۃ الزخرف ۴۳ آیت ۷۱

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الصكّاك كلّها قد دخلت فی الصكّ الّذی بألف درهم والمدّعی ینكر ان یكون كما زعم، فهل تجب علیه الألف الدّرهم مرّة واحدة او یجب علیه كما یقیم البیّنة به ؟ ولیس فی الصكاك استثناء إنّما هی صكاك علی وجهها؟

ترجمہ : ایک شخص نے کسی شخص پر ایک ہزار درھم کا دعوٰی کیا اور اس کیلئے ثبوت پیش کیا پھر اس پر پانچ سو درھم کا دعوٰی کیا اور اُس کے لیے بھی دستاویز اور ثبوت پیش کیا پھر تین سو درھم کا دعوٰی کیا اور اس کے لیے بھی دستاویزی ثبوت پیش کیا۔ پھر دو سو درھم کا دعوٰی کیا اور اس کے لیے بھی دستاویز اور ثبوت پیش کیا مگر مدّعا علیہ کہتا ہے کہ یہ سب رقوم مل کر ایک ہزار درہم کی دستاویز میں داخل ہیں اور مدّعی اس سے انکار کرتا ہے۔ تو اب وہی ایک ہزار درھم مدّعا علیہ پر واجب ہے یا ان دیگر دستاویزات کی مندرجہ رقم بھی اس پر واجب الادا ہے ؟

الجواب : فاَجاب علیہ السّلام : یؤخذ من المدّعی علیه اَلف درهم، وهی الّتی لاشبهة فیها وتردُّ الیمین فی الاَلف الباقی علی المدّعی فان نكل فلا حق له۔

ترجمہ : مدّعا علیہ سے ایک ہزار کی رقم تو مدّعی وصول کرے گا جس میں کوئی شک و شبہ نہیں۔ باقی رہ گئی ایک ہزار کی متفرّق رقمیں تو اس کے لیے مدّعی سے حلف لیا جائے اگر وہ حلف سے انکار کرتا ہے تو اُس کا کوئی حق نہیں۔

"

السؤال : وسأل عن طین القبر، یوضع مع المیّت فی قبره، هل یجوز ذلك اَم لا ؟

ترجمہ : میّت کے ساتھ قبر میں خاک شفاء (کربلا کی خاک) رکھی جاتی ہے، یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب : فاَجاب علیہ السّلام یوضع مع المیّت فی قبره ویخلط بحنوط انشاء اللّٰه۔

ترجمہ : میّت کے ساتھ قبر میں خاکِ شفاء (کربلا کی خاک) رکھی جائے اور اس خاک کو حنوطِ میّت میں بھی شامل کر لیا جائے۔

"

السؤال : وسأل فقال روی لنا عن الصّادق علیہ السّلام انّه كتب علی إزار

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اسماعیل ابنہ (اسماعیل یشھد اَن لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ۔)
فھل یجوز لنا اَن نکتب مثل ذٰلک بطین القبر اَم غیرہ ؟

ترجمہ : حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے متعلق روایت ہے کہ آپؑ نے اپنے فرزند حضرت اسماعیل کے کفن پر لکھ دیا تھا کہ (اسماعیلؑ گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔) کیا ہم لوگوں کے لیے بھی یہ جائز ہے کہ خاکِ شفا، یا کسی دوسری چیز سے کفن پر لکھ دیا کریں ؟

الجواب: فَاَجاب علیہ السلام : یجوز ذٰلک۔

ترجمہ : آپؑ نے جواب میں لکھا: "یہ جائز ہے۔

"

السؤال : وسأل ھل یجوز اَنْ یّسبّح الرّجل بطین القبر وھل فیہ فضل

ترجمہ : کیا خاکِ شفا کی تسبیح پر تسبیح پڑھنا جائز ہے اور کیا اس میں فضیلت ہے ؟

الجواب : فَاَجاب علیہ السلام : یسبّح بہ ، فما من شیءٍ من التّسبیح افضل منہ ومن فضلہ اَنَّ الرّجل ینسی التّسبیح ویدیر السبحۃ فیکتب لہ التسبیح۔

ترجمہ : خاکِ شفا کی تسبیح سے افضل کوئی تسبیح نہیں، اور اس کی ایک فضیلت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص تسبیح پڑھنا بھول جائے مگر خاکِ شفا کی تسبیح (کے دانوں کو) اپنے ہاتھ میں گھماتا رہے تو تسبیح پڑھنے کا ثواب اُس کے نامۂ اعمال میں لکھ دیا جائے گا۔

"

السؤال : وسأل عن السجدۃ علیٰ لوح من طینِ القبر وھل فیہِ فضلٌ ؟

ترجمہ : کیا خاکِ شفا کی سجدہ گاہ پر سجدہ کرنا جائز ہے اور اس میں کوئی فضیلت ہے ؟

الجواب : فَاَجاب علیہ السلام۔ یجوز ذٰلک وفیہ الفضل

ترجمہ : آپؑ نے جواب دیا کہ "ہاں خاکِ شفا کی سجدہ گاہ پر سجدہ جائز ہے اور اس میں فضیلت بھی ہے۔

"

السؤال : وسأل من الرّجل یزور قبور الائمّۃ علیہم السلام ھل یجوز اَنْ یسجد علی القبر اَم لا ؟

ترجمہ : ایک شخص ائمہ علیہم السلام کی قبور کی زیارت کرتا ہے اُس کے لیے قبر پر سجدہ کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وهل يجوز لمن صلّى عند بعض قبورهم عليهم السّلام ان يقوم وراء القبر ويجعل القبر قبلةً ام يقوم عند رأسه او رجليه؟ وهل يجوز ان يتقدّم القبر ويصلّى ويجعل القبر خلفه ام لا ؟

ترجمہ : نیز جو شخص قبورِ ائمہ علیہم السّلام کے پاس نماز پڑھتا ہے کیا اُس کے لیے جائز ہے کہ وہ قبر کے پیچھے کھڑا ہو اور قبر کو آگے رکھے یا قبر کے سر بالین یا قبر کے پائیں کھڑا ہو؟ اور کیا اُس کے لیے جائز ہے کہ قبر کے آگے کھڑا ہو اور قبر کو پیچھے کر دے اور نماز پڑھے ؟

الجواب : فاجاب عليه السّلام امّا السجود على القبر فلا يجوز فى نافلة ولا فريضة ولا زيارة والّذى عليه العمل، ان يضع خدّه الايمن على القبر وامّا الصلاة فانّها خلفه ويجعل القبر امامه ولا يجوز ان يصلّى بين يديه ولا عن يمينه ، ولا عن يساره لانّ الامام عليه السّلام لا يتقدّم عليه ولا يساوى۔

ترجمہ : قبر کے اوپر سجدہ جائز نہیں ہے، نہ نافلہ میں اور نہ فریضہ میں اور نہ زیارت میں جو معمول ہے وہ یہ ہے کہ اپنا داہنا چہرہ (رخسارہ) قبر پر رکھے۔
اب رہ گئی نماز تو اس کے لیے یہ کرے کہ قبر کو سامنے رکھے اور خود قبر کے پیچھے کھڑا ہو قبر کو پیچھے رکھنا یا اس کے داہنے یا بائیں کھڑے ہو کر نماز پڑھنا جائز نہیں، اِس لیے کہ امام علیہ السّلام کے نہ کوئی آگے کھڑا ہو سکتا ہے اور نہ اس کے برابر۔

"

السؤال وسأل فقال : هل يجوز للرّجل اذا صلّى الفريضة او النّافلة وبيده السبحة ان يديرها وهو فى الصّلاة

ترجمہ : ۔ کیا کسی شخص کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ نمازِ فریضہ یا نمازِ نافلہ پڑھ رہا ہو اور اس کے ہاتھ میں تسبیح ہو اور حالتِ نماز میں اسے گھما رہا ہو ؟

الجواب فاجاب عليه السّلام : يجوز ذلك اذا خاف السّهو والغلط

ترجمہ : اگر اسے بھولنے یا غلطی کرنے کا خوف ہو تو اس کے لیے جائز ہے۔

"

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

السؤال : وسأل هل يجوز أن يدير السبحة بيده اليسار اذا سبّح اولا يجوز ؟

ترجمہ : کیا بائیں ہاتھ سے تسبیح (کے دانے گھمانا) پڑھنا جائز ہے یا ناجائز ؟

الجواب : فأجاب علیہ السلام : يجوز ذٰلك والحمد للّٰه

ترجمہ : آپؑ نے جواب دیا: یہ جائز ہے ۔ اور حمد اللہ کے لیے ہے ۔

"

السؤال : وسأل فقال : روى عن الفقيه فى بيع الوقوف خبر مأثور " اذا كان الوقف على قوم بأعيانهم وأعقابهم فاجتمع أهل الوقف على بيعه وكان ذٰلك أصلح ، لهم ان يبيعوه " فهل يجوز أن يشترى من بعضهم ان لم يجتمعوا كلّهم على البيع ؟ ام لا يجوز إلّا أن يجتمعوا كلّهم على ذٰلك وعن الوقف الّذى لا يجوز بيعه ۔

ترجمہ : مال وقف کے فروخت کرنے کے متعلّق سوال کیا گیا کہ جب وقف چند لوگوں کی ذات اور ان کی اولاد پر ہو اور تمام اہلِ وقف اس کے فروخت کرنے پر متّفق و مجتمع ہو جائیں کہ اس مالِ وقف کا فروخت کرنا ہی مناسب و بہتر ہے تو اگر سب اہلِ وقف راضی نہ ہوں اور بعض اہلِ وقف فروخت کرنا چاہیں تو کیا اُن سے خریدنا جائز ہے یا جائز نہیں ہے تاوقتیکہ سب اہلِ وقف راضی نہ ہو جائیں ۔ اور وہ مالِ وقف کونسا ہے جس کا فروخت کرنا جائز نہیں ؟

الجواب : فأجاب علیہ السلام إذا كان الوقف على إمام المسلمين فلا يجوز بيعه ، وإن كان على قوم من المسلمين ، فلبيع كلّ قوم ما يقدرون على بيعه مجتمعين و متفرّقين إن شاء الله

ترجمہ : اگر وقف امام المسلمین کے لیے ہے تو اس کا فروخت کرنا جائز نہیں ہے اور اگر وقف مسلمانوں میں سے چند لوگوں کے لیے ہے تو اُن میں سے ہر ایک فروخت کر سکتا ہے خواہ اجتماعی طور پر یا انفرادی طور پر ۔

"

السؤال : وسأل هل يجوز للمحرم أن يصيّر على إبطه المرتك أو التوتيا لريح العرق ۔ ام لا يجوز ؟

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ سوال : کیا محرم کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ اپنے زیرِ بغل پسینہ کی بدبو سے بچنے کے لیے مردار سنگ یا توتیا رکھے یا جائز نہیں ہے ؟

الجواب : فأجابه يجوز ذٰلك۔

ترجمہ : یہ جائز ہے۔

و

السؤال : وسأل عن الضّرير إذا أشهد في حال صحّته على شهادة ثمّ كفّ بصره ولا يرى خطّه فيعرفه، هل تجوز شهادة (وبالله التوفيق) أم لا وإن ذكر هٰذا الضرير الشهادة هل يجوز أن يشهد على شهادة أم لا يجوز ؟

ترجمہ : دریافت کیا : ایک شخص ہے کہ جب اس کی آنکھوں میں بصارت تھی کسی دستاویز پر گواہ بنایا گیا، اس کے بعد اس کی آنکھیں جاتی رہیں اب دیکھ ہی نہیں سکتا، تاکہ تحریر کو دیکھ کر اپنے دستخط پہچانے اب اس کی شہادت جائز ہے یا نہیں، اور اگر اس نابینا کو وہ شہادت یاد ہو تو اس کی شہادت جائز ہے یا نہیں۔ ؟

الجواب : فأجاب عليه السّلام : إذا حفظ الشهادة وحفظ الوقت جازت شهادته

ترجمہ : آپؑ نے جواب دیا : اگر اس کو اپنی شہادت اور شہادت کا وقت یاد ہے تو اس کی گواہی جائز ہے۔

و

السؤال : وسأل فقال : يتّخذ عندنا ربّ الجوز لوجع الحلق والبحبحة يؤخذ الجوز الرطب من قبل أن ينعقد ويدقّ دقّا ناعما ويعصر ماؤه، ويصفّى ويطبخ على النّصف، ويترك يوما وليلة، ثمّ ينصب على النّار، ويلقى على كلّ ستّة أرطال منه رطل عسل، ويغلى وينزع رغوته، ويسحق من النّوشادر والشبّ اليمانيّ من كلّ واحد نصف مثقال، ويذاف بذٰلك الى الماء، ويلقى فيه درهم زعفران مسحوق ويغلى ويؤخذ رغوته، ويطبخ حتّى يصير مثل العسل ثخينا ثمّ ينزل عن النّار، ويبرد ويشرب منه فهل يجوز شربه أم لا۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ سوال : ہمارے یہاں حلق کے درد اور آواز کی گرفتگی (آواز بیٹھ جانے) کے علاج کیلئے اخروٹ کا ایک رُبّ (شیرہ) تیار کیا جاتا ہے وہ اس طرح کہ بالکل کچے کچے اخروٹ جس میں ابھی مغز نہ بیٹھے ہوں، لیے جاتے ہیں اُسے نرم نرم کوٹتے ہیں پھر اُسے نچوڑ کر اس کا عرق نکال لیتے ہیں اور چھان کر صاف کر لیتے ہیں پھر اسے نیم پخت کر کے ایک شب و روز چھوڑ دیتے ہیں اس کے بعد اُسے آگ پر رکھتے ہیں اور اگر وہ چھ سیر ہے تو اس میں ایک شیر شہد ڈالتے ہیں۔ جب اس میں اُبال آتا ہے تو اس کا جھاگ وغیرہ نکال دیتے ہیں۔ پھر نصف مثقال نوشادر اور نصف مثقال شُبِ یمانی لیکر اسے پانی میں کھرل کر لیتے ہیں۔ پھر ایک درہم زعفران کھرل کرتے ہیں اور یہ سب اس میں ڈال دیتے ہیں۔ اب اس کو آگ پر رکھ کر پکاتے ہیں اس میں اُبال آتا ہے تو اس کا جھاگ وغیرہ دور کرتے رہتے ہیں اور اتنا پکاتے ہیں کہ وہ بالکل شہد کی طرح گاڑھا ہو جائے پھر اسے آگ پر سے اُتار لیتے ہیں وہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے تو اس میں سے تھوڑا تھوڑا پیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اس کا پینا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب : فاَجاب علیہ السلام اِذا کان کثیرہ یسکر اَو یغیّر فقلیلہ وکثیرہ حرام، وان کان لا یسکر فھو حلال۔

ترجمہ : اگر اس کی کثیر مقدار پینے سے نشہ آجائے یا تغیّر پیدا ہو تو پھر اُس کی کثیر مقدار ہو یا قلیل مقدار سب کا پینا حرام۔ اور اگر نشہ نہ آتا ہو تو حلال ہے۔

"

السؤال : وسأل عن الرّجل تعرض لہ حاجۃ ممّا لا یدری اَن یفعلھا اَم لا ؟ فیأخذ خاتمین فیکتب فی احدھما " نعم افعل " وفی الأخر " لا تفعل "، فیستخیر اللہ مرارًا ثمّ یری فیھما فیخرج احدھما فیعمل بما یخرج، فھل یجوز ذٰلک ام لا؟ والعامل بہ والتّارک لہ اَھو (یجوز) مثل الاستخارۃ اَم ھو سوی ذٰلک ؟

ترجمہ: ایک شخص کو کوئی کام درپیش آئے مگر جب اُس کی سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ اُسے کرے یا نہ کرے تو وہ دو انگوٹھیاں لیتا ہے ایک پر لکھتا ہے " ہاں کرو " دوسری پر لکھتا ہے " نہ کرو " پھر کئی بار دُعاءِ استخارہ پڑھتا ہے اس کے بعد اُن انگوٹھیوں میں سے ایک کو اُٹھاتا ہے اور اس پر جو لکھا ہوا ہوتا ہے اس پر عمل کرتا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الجواب: فأجاب علیہ السلام الذی سنّہ العالم علیہ السلام فی ھٰذہ الاستخارۃ بالرُّقاع والصلوٰۃ (ایسے مواقع پر عالمؑ نے[1] استخارہ ذات الرُّقاع اور نماز کو سنّت قرار دیا ہے۔)

ترجمہ:

السؤال: وسأل عن صلاۃ جعفر بن ابی طالب علیہ السلام فی أیّ أوقاتھا افضل أن تصلّی فیہ وھل فیھا قنوت؟ وان کان ففی أیّ رکعۃ منھا۔؟

ترجمہ: نمازِ حضرت جعفر طیّار بن ابی طالب علیہ السلام کس وقت پڑھنا افضل ہے اور کیا اس نماز میں قنوت ہے؟ اور اگر ہے تو اس کی کس رکعت میں قنوت ہے؟

الجواب: فأجاب علیہ السلام: أفضل أوقاتھا صدر النّھار من یوم الجمعۃ ثمّ فی أیّ الأیّام شئت، وأیّ وقت صلّیتھا من لیل أو نھار فھو جائز، والقنوت مرّتان فی الثانیۃ قبل الرکوع والرابعۃ۔

ترجمہ: آپ نے جواب میں فرمایا: اِس نماز کے پڑھنے کا افضل ترین وقت بروز جمعہ ہے اور دن کے ابتدائی حصّے میں ہے ویسے جس دن چاہے اور صبح یا شام جس وقت چاہے اس کا پڑھنا جائز ہے۔ اِس نماز میں دو مرتبہ قنوت ہے۔ ایک دوسری رکعت میں قبل از رکوع اور دوسرا قنوت چوتھی رکعت میں۔

السؤال: وسأل عن الرّجل ینوی إخراج شیءٍ من مالہٖ، وأن یدفعہ الیٰ رجل من إخوانہ، ثمّ یجد فی أقربائہ محتاجًا أیصرف ذلک عمن نواہ لہ إلی قرابتہٖ؟

ترجمہ: ایک شخص نے یہ نیت کی کہ وہ اپنے مال میں سے کچھ رقم نکال کر اپنے فلاں برادرِ ایمانی کو دے گا، مگر بعد میں دیکھا کہ خود اس کے اقربا میں ایک شخص محتاج ہے تو کیا اب وہ اس برادرِ ایمانی کو چھوڑ کر اپنے اُس قرابتدار کو دے سکتا ہے۔؟

الجواب: فأجاب علیہ السلام: یصرفہ الیٰ أدناھما وأقربھما من مذھبہ فان مذھبہ، فان ذھب إلیٰ قول العالم علیہ السلام "ولا یقبل اللہ الصّدقہ و ذو رحم محتاج فلیُقسَم بین القرابہ و بین الّذی نوی حتّی یکون قد أخذ بالفضل کلّہ۔

ترجمہ: ان دونوں میں جو شخص اس کے مذہب سے زیادہ قریب ہے اس کو دے اور اگر اس کے پیشِ نظر عالم علیہ السلام کا یہ قول ہے کہ "اللہ تعالیٰ وہ صدقہ قبول نہیں کریگا جو اپنے محتاج قرابتدار کو چھوڑ کر کسی دوسرے کو دیا جائے" تو پھر ایسا کرے کہ اس رقم

[1] عالمؑ سے مراد امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ہیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کو اُن دونوں میں تقسیم کر دے تاکہ دونوں کا ثواب اسے حاصل ہو جائے۔

السؤال : وسأل فقال : قد اختلف اصحابنا فی مهر المرأة فقال بعضهم : إذا دخل بها سقط المهر ، ولا شیء لها ، وقال بعضهم : هو لازم فی الدّنیا والآخرة ، فکیف ذلك ؟ وما الذی یجب فیه ؟

ترجمہ : ہمارے اصحاب نے عورت کے مہر میں اختلاف کیا ہے بعض کہتے ہیں کہ جب شوہر نے اپنی زوجہ سے ہمبستری کر لی تو مہر ساقط ۔ اب شوہر کے ذمے کچھ نہیں رہا ۔ اور بعض یہ کہتے ہیں کہ عورت کا مہر دنیا و آخرت دونوں میں واجب الادا ہے دریافت طلب امر یہ ہے کہ اصل صورت کیا ہے اور اس میں واجب کیا ہے ؟

الجواب : فأجاب علیہ السلام : إن کان علیه بالمهر کتاب فیه دین فهو لازم له فی الدّنیا والآخرة ، وإن کان علیه کتاب فیه ذکر الصدقات سقط إذا دخل بها ، وإن لم یکن علیه کتاب فإذا دخل بها سقط باقی الصّداق

ترجمہ : آپؑ نے جواب میں فرمایا : اگر مہر کے سلسلہ میں کوئی تحریر ہے جس میں مہر قرض لکھدیا تو پھر اس کا ادا کرنا دنیا میں بھی لازم ہے اور آخرت میں بھی ۔ اور اگر اس تحریر میں مہر کا ذکر ہے (کہ اتنی رقم ہے) مگر اس میں یہ نہیں لکھا ہے کہ یہ قرض ہے تو پھر ہمبستری کے بعد مہر ساقط ہے ۔ اور اگر کوئی تحریر نہیں ہے تو ایسی صورت میں بھی ہمبستری کے بعد مہر ساقط ہو جائے گا۔

(نوٹ) یہ اس لیے کہ اس زمانے میں مہر نقد ادا کیے بغیر ہمبستری نہیں ہوتی تھی جب ہمبستری ہو گئی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ مہر ادا ہو چکا۔

و

السؤال : وسأل عن المسح علی الرّجلین بأیّهما یبدأ بالیمین أو یمسح علیهما جمیعًا ؟

ترجمہ : ۔ وضو میں پاؤں پر مسح کرتے وقت پہلے کس پاؤں سے شروع کیا جائے یا دونوں پاؤں پر ایک ساتھ مسح کر لیا جائے ؟

الجواب : فأجاب علیہ السلام : یمسح علیهما جمیعًا معًا فإن بدأ باحداهما قبل الأخری فلا یبتدیء إلّا بالیمین ۔

ترجمہ : دونوں پاؤں پر ایک ساتھ کیا جائے ، ورنہ پہلے داہنے پاؤں سے شروع کیا جائے ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

السؤال : وسأل عن صلاة جعفر فی السّفر هل یجوز ان تصلّی اَم لا ؟

ترجمہ : دورانِ سفر نمازِ حضرت جعفر طیّارؑ پڑھنا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب : فاَجاب علیہ السلام : یجوز ذٰلك ۔

ترجمہ : آپؑ نے فرمایا : یہ جائز ہے ۔

السؤال : وسأل عن تسبیح فاطمة علیہا السّلام من سها فجاز التکبیر اکثر من اربع وثلاثین هل یرجع الی اربع وثلاثین او یستأنف؟ واِذا سبّح تمام سبعة وستّین هل یرجع اِلی ستّة وستّین اَو یستأنف ؟ وما الّذی یجب فی ذٰلك ؟

ترجمہ : آپؑ سے پوچھا گیا کہ تسبیح فاطمہ سلام اللہ علیہا پڑھتے وقت ایک شخص چونتیس مرتبہ سے زیادہ اللہ اکبر کہہ گیا ۔ اب وہ چونتیس پر واپس آئے یا از سرِ نو چونتیس بار اللہ اکبر کہے ۔ اور اگر وہ شخص بھول کر ۶۷ مرتبہ سبحان اللہ کہہ گیا ، کیا وہ ۶۶ پر پلٹ آئے یا از سرِ نو سبحان اللہ کہنا شروع کرے ۔ ؟

الجواب : فأجاب علیہ السّلام : اذا سها فی التکبیر حتّی تجاوز اربع وثلاثین عاد الی ثلاث وثلاثین وبنی علیها ، واذا سها فی التسبیح فتجاوز سبعًا وستّین تسبیحة ، عاد الی ستّ وستّین وبنی علیها ، فاذا جاوز التحمید مائة فلا شیء علیه ۔

ترجمہ : آپؑ نے جواب میں فرمایا : اگر کوئی شخص بھول کر چونتیس دانوں سے زیادہ پر اللہ اکبر کہہ گیا ہے تو وہ چونتیس پر واپس آئے دوبارہ از سرِ نو اللہ اکبر کہنے کی ضرورت نہیں ۔ اور اگر بھول کر سبحان اللہ کہنے میں ۶۷ سے تجاوز کر گیا ہے تو ۶۶ پر رجوع کرے اور اگر الحمد للہ کہنے میں سو سے تجاوز کر گیا ہے تو کوئی حرج نہیں ہے ۔

۵ زیارت امام زمانہ علیہ السّلام

محمّد بن عبداللہ بن جعفر حمیری سے روایت ہے اُن کا بیان ہے کہ ناحیہ مقدّسہ سے ایک توقیع (تحریر) برآمد ہوئی جس میں چند مسائل کے جوابات کے بعد یہ تحریر تھا :

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم لا لاَمر اللہ تعقلون ، ولا من اَولیائه تقبلون ”حکمة بالغة ، فما تغنی النذر عن قوم لا یؤمنون “ السّلام علینا وعلیٰ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عباد اللہ الصالحین ۔ "اذا اردتم التوجّہ بنا الی اللہ تعالیٰ والینا فقولوا کما قال اللہ تعالیٰ

" اگر تم لوگ ہمیں وسیلہ بنا کر اللہ کی طرف اور ہماری طرف متوجّہ ہونے کا ارادہ کرو

تو پھر وہ کہو جو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

(۱) سَلَامٌ عَلٰی اٰلِ یٰسٓ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا دَاعِیَ اللّٰہِ وَرَبَّانِیِّ اٰیَاتِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا بَابَ اللّٰہِ وَدَیَّانَ دِیْنِہٖ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خَلِیْفَۃَ اللّٰہِ وَنَاصِرَ حَقِّہٖ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ وَدَلِیْلَ اِرَادَتِہٖ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا تَالِیَ كِتَابِ اللّٰہِ وَتَرْجُمَانِہٖ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ فِیْ اٰنَاءِ لَیْلِكَ وَاَطْرَافِ نَہَارِكَ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا بَقِیَّۃَ اللّٰہِ فِیْ اَرْضِہٖ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مِیْثَاقَ اللّٰہِ الَّذِیْ اَخَذَہٗ وَوَكَّدَہٗ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَعْدَ اللّٰہِ الَّذِیْ ضَمِنَہٗ

(۲) اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّہَا الْعَلَمُ الْمَنْصُوْبُ وَالْعَلَمُ الْمَصْبُوْبُ وَالْغَوْثُ وَالرَّحْمَۃُ الْوَاسِعَۃُ وَعْدًا غَیْرُ مَكْذُوْبٍ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ حِیْنَ تَقُوْمُ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ حِیْنَ تَقْعُدُ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ حِیْنَ تَقْرَاُ وَتُبِیْنُ ۔

(۳) اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ حِیْنَ تُصَلِّیْ وَتَقْنُتُ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ تَرْكَعُ وَتَسْجُدُ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ حِیْنَ تَحْمَدُ وَتَسْتَغْفِرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ حِیْنَ تُہَلِّلُ وَتُكَبِّرُ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ حِیْنَ تُصْبِحُ وَتُمْسِیْ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ فِی اللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی وَالنَّہَارِ اِذَا تَجَلّٰی

(۴) اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّہَا الْاِمَامُ الْمَاْمُوْنُ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّہَا الْمُقَدَّمُ الْمَاْمُوْلُ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ بِجَوَامِعِ السَّلَامِ ۔

(۵) اُشْہِدُ مَوَالِیَّ اَنِّیْ اُشْہِدُكَ یَا مَوْلَایَ اَنِّیْ اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ، لَا حَبِیْبَ اِلَّا ہُوَ وَاَہْلَہٗ وَاُشْہِدُكَ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ حُجَّتُہٗ وَالْحَسَنَ حُجَّتُہٗ وَالْحُسَیْنَ حُجَّتُہٗ وَعَلِیَّ بْنَ الْحُسَیْنِ حُجَّتُہٗ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ حُجَّتُہٗ وَجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ حُجَّتُہٗ وَمُوْسَی بْنَ جَعْفَرٍ حُجَّتُہٗ وَعَلِیَّ بْنَ مُوْسٰی حُجَّتُہٗ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ حُجَّتُہٗ وَعَلِیَّ بْنَ مُحَمَّدٍ حُجَّتُہٗ وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ حُجَّتُہٗ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۶) وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ حُجَّةُ اللّٰهِ ، اَنْتُمُ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَاَنَّ رَجْعَتَكُمْ حَقٌّ لَارَيْبَ فِيهَا ، يَوْمَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْ اِيْمَانِهَا خَيْرًا وَاَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَاَنَّ نَاكِرًا وَّنَكِيْرًا حَقٌّ ۔

(۷) وَاَشْهَدُ اَنَّ النَّشْرَ وَالْبَعْثَ حَقٌّ ، وَاَنَّ الصِّرَاطَ وَالْمِرْصَادَ حَقٌّ ، وَالْمِيْزَانَ وَالْحِسَابَ حَقٌّ وَالْجَنَّةَ وَالنَّارَ حَقٌّ وَالْوَعْدَ وَالْوَعِيْدَ بِهِمَا حَقٌّ ۔

(۸) يَامَوْلَايَ شَقِيَ مَنْ خَالَفَكُمْ ، وَسَعِدَ مَنْ اَطَاعَكُمْ فَاشْهَدْ عَلٰى مَا اَشْهَدُ بِهٖ عَلَيْهِ وَاَنَا وَلِيٌّ لَّكَ بَرِيْءٌ مِّنْ عَدُوِّكَ فَالْحَقُّ مَا رَضِيْتُمُوْهُ وَالْبَاطِلُ مَا سَخِطْتُمُوْهُ وَالْمَعْرُوْفُ مَا اَمَرْتُمْ بِهٖ وَالْمُنْكَرُ مَا نَهَيْتُمْ عَنْهُ ، فَنَفْسِيْ مُؤْمِنَةٌ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِرَسُوْلِهٖ وَبِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَبِكُمْ يَامَوْلَايَ اَوَّلِكُمْ وَاٰخِرِكُمْ ، وَنُصْرَتِيْ مُعَدَّةٌ لَّكُمْ وَمَوَدَّتِيْ خَالِصَةٌ لَّكُمْ ۔ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ

ترجمۂ زیارت :

(۱) سلام ہو آلِ یٰسٓ پر ، سلام ہو آپ پر اے اللہ کے دعوت دینے والے اور اُس کی آیاتِ ربّانی ، سلام ہو آپ پر اے بابِ الٰہی اور اُس کے دین کے محافظ ، سلام ہو آپ پر اے خلیفۂ الٰہی اور حق کے ناصر ، سلام ہو آپ پر شب و روز ہر وقت ، سلام ہو آپ پر اے اللہ کی زمین پر اللہ کے باقی رکھے ہوئے ، سلام ہو آپ پر اے وہ میثاق الٰہی جس کا اُس نے عہد لیا ہے اُس کی تاکید کی ہے سلام ہو ۔ آپ پر اے اللہ کے وہ وعدے جس کے پورا کرنے کا وہ خود ضامن ہے ۔

(۲) سلام ہو آپ پر اے اللہ کے نصب کردہ پرچم و عَلَم اور اُس کے نازل کردہ عَلَم اور غوث (و مددگار) و رحمتِ واسعہ اور وہ وعدہ جو کبھی جھوٹا نہ ہوگا ۔ سلام ہو آپ پر جب آپ کھڑے ہوں ، سلام ہو آپ پر جب آپ بیٹھ جائیں ، سلام ہو آپ پر جب آپ قرآن کی تلاوت فرمائیں اور اُس کی تفسیر بیان فرمائیں ۔

(۳) سلام ہو آپ پر جب آپ نماز پڑھیں اور قنوت پڑھیں ، سلام ہو آپ پر جب آپ رکوع کریں اور سجدہ کریں ، سلام ہو آپ پر جب آپ اللہ کی حمد کریں ، اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

استغفار کریں، سلام ہو آپ پر جب آپ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہیں اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہیں، سلام ہو آپ پر جب آپ صبح کریں اور شام کریں، سلام ہو آپ پر جب رات ہر طرف چھا جائے، سلام ہو آپ پر جب دن نکل آئے۔

(۴) سلام ہو آپ پر اے امام صاحبِ امان، سلام ہو آپ پر اے مقدم اور منتظر، سلام ہو آپ پر ہر طرح کی سلامتی کے ساتھ۔

(۵) میرے مولیٰ! آپ گواہ رہیں کہ میں اس امر کی گواہی دیتا ہوں کہ "نہیں ہے کوئی معبود سوائے اُس اللہ کے جو یکتا ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور محمدؐ اُس کے عبد اور اُس کے رسول ہیں اور اللہ کے حبیب سوائے اُن کے اور اُن کی آلؑ کے کوئی نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ امیرالمومنینؑ اللہ کی حجت ہیں، اور امام حسنؑ حجت ہیں اُس کی اور امام حسینؑ اُس کی حجت ہیں اور علیؑ ابن الحسینؑ اُس کی حجت ہیں اور محمدؑ بن علیؑ اُس کی حجت ہیں اور جعفرؑ بن محمدؑ اُس کی حجت ہیں اور موسیٰؑ بن جعفرؑ اُس کی حجت ہیں اور علیؑ بن موسیٰؑ اُس کی حجت ہیں اور محمدؑ بن علیؑ اُس کی حجت ہیں اور علیؑ بن محمدؑ اُس کی حجت ہیں اور حسنؑ بن علیؑ اُس کی حجت ہیں۔

(۶) اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ بھی حجتِ خدا ہیں اور آپ ہی حضرات اوّل بھی ہیں آخر بھی۔ اور آپ حضرات کی رجعت حق ہے جس میں کوئی شک و شبہ نہیں اور جو شخص پہلے ایمان نہ لا چکا ہوگا اور دائرۂ ایمان میں رہتے ہوئے کسب خیر نہ کر چکا ہو اس رجعت کے بعد اُس کا ایمان لانا اُس کو کوئی نفع نہ دے گا۔ نیز گواہی دیتا ہوں کہ موت حق ہے اور مُنکر و نکیر حق ہیں۔

(۷) اور گواہی دیتا ہوں کہ نشر و حشر حق ہیں، صراط حق ہے، مرصاد حق ہے، میزان حق ہے، حساب حق ہے، جنّت حق ہے، جہنّم حق ہے اور ان دونوں کا وعدہ اور وعید حق ہے۔

(۸) میرے مولیٰ! جو آپ حضرات کی مخالفت کرے وہ شقی و بدبخت ہے اور جو آپ حضرات کی اطاعت کرے وہ سعید و خوش نصیب ہے۔ جن باتوں پر میں نے آپ کو گواہ بنایا ہے اس پر گواہ رہیں، میں آپ کا دوستدار ہوں، آپ کے دشمن سے برأت کا اظہار کرتا ہوں، حق وہی ہے جس میں آپ حضرات کی رضا و خوشنودی ہے اور باطل وہی ہے جس میں آپ حضرات کی ناراضگی ہے، نیکی وہی ہے جس کا آپ حضرات حکم دیں اور بُرائی وہی ہے جس سے آپ حضرات منع کریں۔ میں دل سے اللہ واحد و یکتا جس کا کوئی شریک نہیں ہے پر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور اُس کے رسولؐ پر اور امیر المومنینؑ پر اور آپ حضرات پر ایمان رکھتا ہوں، اور آپ حضرات کے اوّل پر بھی اور آپ حضرات کے آخر پر بھی۔ میں آپ حضرات کی نصرت کے لیے بالکل تیار ہوں اور میں آپ حضرات سے خالص محبت رکھتا ہوں۔ آمین آمین (اللہ ایسا ہی کرے)

اِس زیارت کے بعد یہ دعا ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَبِیِّ رَحْمَتِكَ

اے اللہ! میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ تُو اپنی رحمت نازل فرما محمدؐ پر جو تیرے نبیؐ رحمت ہیں

وَكَلِمَةُ نُوْرِكَ وَاَنْ تَمْلَاَ قَلْبِیْ نُوْرَ الْیَقِیْنِ وَصَدْرِیْ

اور تیرے کلمۂ نور ہیں اور یہ کہ تُو میرے قلب کو نورِ یقین سے بھر دے اور میرے سینے کو

نُوْرَ الْاِیْمَانِ وَ فِكْرِیْ نُوْرَ الثَّبَاتِ وَ عَزْمِیْ نُوْرَ الْعِلْمِ وَ

نورِ ایمان سے اور میری فکر کو نورِ ثبات سے اور میرے عزم کو نورِ علم سے، اور

قُوَّتِیْ نُوْرَ الْعَمَلِ وَلِسَانِیْ نُوْرَ الصِّدْقِ، وَدِیْنِیْ نُوْرَ الْبَصَائِرِ

میری قوت کو نورِ عمل سے اور میری زبان کو نورِ صدق سے اور میرے دین کو نورِ بصیرت سے

مِنْ عِنْدِكَ وَبَصَرِیْ نُوْرَ الضِّیَآءِ وَسَمْعِیْ نُوْرَ الْحِكْمَةِ

اپنی جانب سے بھر دے۔ اور میری آنکھوں کو نورِ ضیاء سے اور میرے کانوں کو نورِ حکمت سے

وَمَوَدَّتِیْ نُوْرَ الْمُوَالَاةِ لِمُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ

اور میری مودّت کو محمدؐ و آلِ محمدؐ کے نورِ موالات سے بھر دے" اُن سب پر سلام ہو"

حَتّٰی اَلْقَاكَ وَقَدْ وَفَیْتَ بِعَهْدِكَ وَمِیْثَاقِكَ فَتَغَشَّیْنِیْ

یہاں تک کہ میں تیرے عہد اور تیرے میثاق کو پورا کیے ہوئے تجھ سے ملاقات کروں پس تو مجھے چھپا لے

رَحْمَتَكَ یَا وَلِیُّ یَا حَمِیْدُ

اپنے دامنِ رحمت میں اے میرے ولی اے قابلِ تعریف۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ حُجَّتِكَ فِیْ

اے اللہ! تُو رحمت نازل فرما محمدؐ بن حسنؑ پر جو تیری حجت ہیں

اَرْضِكَ وَخَلِیْفَتِكَ فِیْ بِلَادِكَ وَالدَّاعِیْ اِلٰی سَبِیْلِكَ

تیری زمین میں اور تیرے خلیفہ ہیں تیرے شہروں میں اور تیری راہ کی طرف سب کو بلانے والے ہیں

وَالْقَائِمِ بِقِسْطِكَ وَالسَّائِرِ بِاَمْرِكَ وَلِیِّ الْمُؤْمِنِیْنَ

اور تیرے عدل کو قائم کرنے والے اور تیرے حکم پر چلنے والے مومنین کے ولی ہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَ بَوَارَ الْكَافِرِيْنَ وَ مُجَلِّيَ الظُّلْمَةِ، وَ مُنِيْرَ الْحَقِّ
اور کافروں کو تہس نہس کرنے والے اور ظلمت کو دور کرنے والے اور حق کو روشن کرنے والے
وَ النَّاطِقِ بِالْحِكْمَةِ وَ الصِّدْقِ وَ كَلِمَتِكَ التَّامَّةِ فِي
اور سچائی اور حکمت کے ساتھ کلام کرنے والے اور تیرے کلمۂ تام و آخر ہیں
اَرْضِكَ الْمُرْتَقِبِ الْخَائِفِ وَ الْوَلِيِّ النَّاصِحِ سَفِيْنَةَ
تیری زمین میں، تیرے حکم کے منتظر دشمنوں سے خائف ہیں اور ولیٔ ناصح ہیں، سفینۂ
النَّجَاةِ وَ عَلَمَ الْهُدٰى وَ نُوْرَ الْاَبْصَارِ الْوَرٰى وَ خَيْرَ مَنْ
نجات اور ہدایت کے عَلَم ہیں اور اہلِ عالم کی آنکھوں کے نور ہیں اور سب سے بہتر ہیں
تَقَمَّصَ وَ ارْتَدٰى وَ مُجَلِّيَ الْغَمَّاتِ، الَّذِيْ يَمْلَأُ الْاَرْضَ
قمیص پہننے والوں اور ردا اوڑھنے والوں میں اور سب کے غموں کو دور کرنے والے یہ وہی ہیں جو زمین
عَدْلًا وَّ قِسْطًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّ جَوْرًا
کو عدل و انصاف سے اس طرح بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔
بیشک تُو ہر شے پر مکمّل قدرت رکھنے والا ہے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى وَلِيِّكَ وَ ابْنِ اَوْلِيَائِكَ الَّذِيْنَ
اے اللہ! تُو رحمت نازل فرما اپنے ولی پر اور اپنے اُن اولیاء کے فرزند پر جن کی
فَرَضْتَ طَاعَتَهُمْ وَ اَوْجَبْتَ حَقَّهُمْ وَ اَذْهَبْتَ عَنْهُمُ
اطاعت کو تُو نے فرض کیا ہے اور اُن کے حق کو تُو نے واجب کیا اور ان کو تُو نے دور ہی رکھا
الرِّجْسَ وَ طَهَّرْتَهُمْ تَطْهِيْرًا
اُن کو رجس (پلیدی) سے اس طرح جو دور رکھنے کا حق ہے
اَللّٰهُمَّ انْصُرْهُ وَ انْتَصِرْ بِهٖ لِدِيْنِكَ وَ انْصُرْ بِهٖ
اے اللہ! تُو اُن کی مدد فرما اور اپنے دین کے لیے اُن سے مدد لے اور اُن کے
اَوْلِيَآئِكَ وَ اَوْلِيَآئِهٖ وَ شِيْعَتَهٗ وَ اَنْصَارَهٗ وَ اجْعَلْنَا مِنْهُمْ
ذریعے سے تو اپنے اولیاء اور اُنکے اولیاء کی اور اُنکے شیعوں کی اور اُنکے انصار کی مدد فرما
اور اُس گروہ میں ہمیں بھی قرار دے۔
اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنْ شَرِّ كُلِّ بَاغٍ وَّ طَاغٍ وَّ مِنْ شَرِّ
اے اللہ! تُو اُن کو اپنی پناہ میں رکھ ہر باغی و سرکش کے شر سے اور شرارت سے پناہ دے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جَمِيْعِ خَلْقِكَ ، وَ احْفَظْهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ
اپنی تمام مخلوق کی۔ اور حفاظت فرما اُنکے سامنے سے ، اور اُن کے
خَلْفِهِ وَ عَنْ يَمِيْنِهِ وَ عَنْ شَمَالِهِ وَاحْرِسْهُ وَ
پیچھے سے اور اُن کے داہنے سے اور اُن کے بائیں سے اور اُن کی نگہبانی فرما
امْنَعْهُ مِنْ اَنْ يُّوْصَلَ اِلَيْهِ بِسُوْءٍ وَ احْفَظْ فِيْهِ رَسُوْلَكَ
تاکہ اُنھیں کبھی کوئی گزند نہ پہونچے۔ کیونکہ اس میں حفاظت ہے تیرے رسُول کی
وَ اٰلِ رَسُوْلِكَ ، وَ اَظْهِرْ بِهِ الْعَدْلَ
اور تیرے رسُولؐ کی آل کی حفاظت ہے۔ اور اُن کے ذریعے سے عدل کو ظاہر فرما
وَ اَيِّدْهُ بِالنَّصْرِ وَ انْصُرْ نَاصِرِيْهِ وَاخْذُلْ خَاذِلِيْهِ
اور انکی تائید فرما نصرت سے اور ان کے مددگاروں کی مدد فرما اور انکو چھوڑنے والوں کو
وَاقْصِمْ بِهِ جَبَابِرَةَ الْكُفْرِ وَاقْتُلْ بِهِ
تُو بھی چھوڑ دے۔ اور قلع قمع کر دے ان کے ذریعے سے ظالموں کافروں کا اور قتل کر دے
الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَجَمِيْعَ مُلْحِدِيْنَ حَيْثُ كَانُوْا
اُن کے ذریعے سے کفار اور منافقوں کو اور تمام ملحدوں کو۔ خواہ وہ ہوں
مِنْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا بَرِّهَا وَ بَحْرِهَا
زمین کے مشرقوں میں اور یا اس کے مغربوں میں، خشکی میں ہوں یا تری میں ہوں
وَاَمْلَأْ بِهِ الْاَرْضَ عَدْلًا وَاَظْهِرْ بِهِ دِيْنَ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ
اور اُن کے ذریعے سے زمین کو عدل سے بھر دے اور اپنے نبی محمدؐ کے دین کو غالب کر دے
وَاجْعَلْنِيْ اَللّٰهُمَّ مِنْ اَنْصَارِهٖ وَ اَعْوَانِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ
اور اے اللہ! تُو مجھے اُن کے انصار اور مددگاروں اور اتباع کرنے والوں میں
وَشِيْعَتِهٖ ۔ وَ اَرِنِيْ فِيْ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ
اور اُن کے شیعوں میں قرار دے اور مجھے دکھا دے آلِ محمدؐ (اُن سب پر سلام ہو) میں
مَا يَاْمُلُوْنَ وَفِيْ عَدُوِّهِمْ مَا يَحْذَرُوْنَ
جس کا وہ انتظار کر رہے ہیں۔ اور اُن کے دشمنوں میں وہ دکھا دے جس سے وہ ڈر رہے ہیں
اِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِيْنَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اَرْحَمَ
اے برحق معبود! تو میری دعا کو قبول فرما۔ اے بزرگی والے اور کرامت والے اے سب سے
الرَّاحِمِيْنَ زیادہ رحم کرنے والے۔ (تو ایسا ہی کر۔)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۶ بارہ رکعت نمازِ زیارت حضرت امامِ زمانہ

کتاب "مزار" میں احمد بن ابراہیم سے روایت ہے اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ ابوجعفر محمد بن عثمان سے حضرت امام قائم علیہ السلام کی زیارت کی تمنّا کا اظہار کیا تو اُنھوں نے کہا، کیا تم کو واقعی اُن کے دیدار کا اشتیاق ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ فرمایا: اللہ تمہیں تمہارے اِس اشتیاق کا اجر دے اور تمہیں بخیر و عافیت اُن کے چہرے کی زیارت کرائے، مگر اے بندۂ خدا! تم اُنھیں دیکھنے کی خواہش نہ کرو۔ اِس لیے کہ زمانۂ غیبت میں صرف اُن کے دیکھنے کے اشتیاق کا اظہار ہی کیا جا سکتا ہے، اُن سے ملاقات کی استدعا نہیں کی جا سکتی۔ یہ اللہ کی مشیّت ہے اور اس کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنا ہے اور یہی بہتر ہے۔ مگر ہاں توجّہ بہ زیارت ضرور کرو اور وہ کس طرح کرو۔ یہ میں نے محمّد بن علی کو لکھوا دیا ہے اُس سے نقل کر لو۔ وہی امام صاحب الزّمان علیہ السلام کی زیارت ہے جو بارہ رکعت نماز کے بعد پڑھی جاتے گی۔ یہ نماز دو دو رکعت کر کے پڑھی جائے گی اور ہر رکعت میں (سورۂ فاتحہ کے بعد) سورۂ اخلاص یعنی قل ھو اللہ احد پڑھو۔ اس کے بعد محمّدؐ و آلِ محمّدؐ پر دُرود پھر وہ کہو جو اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یٰسٓ۔ یہ اللہ کی جانب سے صاف صاف فضل و شرف ہے۔ جو اُنھیں ملا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑا فضل والا ہے۔ اس کی طرف سے امام وہ ہے جو اُس کے سیدھے راستے کی طرف ہدایت کرتا ہے اے آلِ یاسین اللہ تعالیٰ نے آپ حضرات کو اپنی خلافت عطا فرمائی ہے۔

۷ شیخ مفیدؒ کے نام امامِ زمانہ کا ایک خط

کتاب "الاحتجاج" میں مرقوم ہے کہ ماہِ صفر ۴۱۱ھ میں ناحیہ مقدّسہ سے شیخ ابی عبداللہ محمّد بن محمّد بن نعمان کے نام ایک تحریر آئی۔ پہونچانے والے نے بتایا کہ وہ تحریر ناحیہ متصل بہ حجاز سے لایا ہے۔ اُس عبارت یہ ہے:

لِلْاَخِ السَّدید و الولیّ الرشید الشیخ المفید ابی عبداللہ محمّد بن محمّد بن النعمان ادام اللہ اعزازہ من مستودع العہد الماخوذ علی العباد

سچّے بھائی اور ہدایت یافتہ دوست شیخ مفید ابی عبداللہ محمّد بن محمّد بن نعمان کے نام اللہ تعالیٰ اُن کے اعزاز کو قائم و دائم رکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ امّا بعد، سلامٌ عَلَیْکَ ایہا الولیُّ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

المخلص فى الدّين المخصوص فينا باليقين ، فانّا نحمد اليك
الله الّذى لا اله الّا هو ، و نسأله الصلاة على سيّدنا
و مولٰنا نبيّنا محمّد و اٰله الطاهرين و نعلمك ادام الله
توفيقكَ لنصرة الحقِّ واَجزل مثوبتك على نطقك عنّا
بالصّدق ، اَنّه قد اذن لنا فى تشريفك بالمكاتبة وتكليفك
ما تؤدّيه عنّا الى موالينا قبلك اَعزَّهم الله بطاعته وكفاهم
المهمَّ برعايته لهم وحراسته .

(٢) فقف اَمدَّك الله بعونه على اعدائه المارقين من
دينه على ما نذكره واعمل فى تأديته الى من تسكن
اليه بما نرسمه اِن شاء الله ، نحن وان كنّا ثاوين بمكاننا
النّائى عن مساكن الظالمين حسب الّذى أراناه الله تعالٰى لنا
من الصلاح ، ولشيعتنا المؤمنين فى ذٰلك ما دامت دولة
الدّنيا للفاسقين ، فانّا يحيط علمنا باَنبائكم ولا يعزب
عنّا شىء من اخباركم ومعرفتنا بالزلل الّذى اَصابكم
مذ جنح كثير منكم الى ما كان السلف الصالح عنه شاسعًا
و نبذوا العهد الماخوذ منهم وراء ظهورهم كاَنّهم لا يعلمون

(٣) اِنّا غير مهملين لمراعاتكم ولا ناسين لذكركم ولو لا
ذلك لنزل بكم اللاَّواء واصطلمكم الاعداء فاتّقوا الله جلّ
جلاله وظاهرونا على انتياشكم من فتنة قد اَنافت
عليكم يهلك فيها من حمَّ اَجله ويحمى عليه من
اَدرك أمله وهى امارة لأزوف حركتنا ومباشّتكم باَمرنا
ونهينا ، وَاللهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْكَرِهَ الْمُشْرِكُونَ .

(٤) اعتصموا بالتّقيّة من شبِّ نار الجاهليّة يحشّها
عصب اُمويّة تهول بها فرقة مهديّة اَنا زعيم بنجاة من
لم يوم منها المواطن الخفيّة وسلك فى الطعن منها السبل
الرضيّة ، اذا حلَّ جُمادى الاُولى من سنتكم هذه
فاعتبروا بما يحدث فيه واستيقظوا من رقدتكم لما

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یکون من الّذی یلیه ، ستظهر لکم من السماء آیة جلیّة و من الارض مثلها بالسویّة و یحدث فی ارض المشرق ما یحزن و یقلق و یغلب من بعد علی العراق طوائف عن الاسلام مزّاق ، یضیق سبوء فعالهم علیٰ اهله الارزاق۔

(۵) ثمّ تنفرّج الغمّة من بعده ، ببوار طاغوت من الاشرار یسرّ بهلاکه المتّقون الاخیار و یتّفق لمریدی الحجّ من الآفاق ما یأملونه علی توفیر غلبة منهم و اتّفاق ولنا فی تیسیر حجّهم علی الاختیار منهم و الوفاق ، شأن یظهر علی نظام و اتّساق فیعمل کلّ امرء منکم ما یقرب به من محبّتنا و لیتجنّب ما یدنیه من کراهیتنا و سخطنا فانّ امرءا یبغته فجأة حین لا تنفعه توبة و لا ینجیه من عقابنا ندم علیٰ حوبة ، و الله یلهمک الرّشد و یلطف لکم بالتّوفیق برحمته۔

ترجمۂ خط:

اللہ کے نام سے جو مہربان ہے نہایت رحم والا ہے۔ اس کے بعد، تم پر سلام ہو اے دوستدار! اے دین میں مخلص اور ہمارے بارے میں خصوصی یقین رکھنے والے۔ ہم اُس خدا کی حمد کرتے جس کے سوا کوئی خدا نہیں ہے اور اسی سے ملتجی ہیں کہ وہ اپنی رحمتیں نازل فرمائے ہمارے آقا و مولیٰ اور ہمارے نبیؐ اور اُن کی آلِ پاک پر۔ اللہ تعالیٰ حق کی نصرت کے لیے تمہاری توفیق ہمیشہ قائم رکھے اور ہماری طرف سے ہمارے ماننے والوں کو جو سچ سچ باتیں پہونچاتے ہو اللہ تعالیٰ تمہیں اُس کی بڑی جزاءِ خیر عنایت فرمائے۔ تمہیں معلوم ہو کہ مجھے اذن دیا گیا ہے کہ میں تمہیں خط و کتابت کا شرف بخشوں جس طرح تم سے پہلے ہمارے ماننے والوں میں سے کچھ لوگ اِس سے شرفیاب ہوتے ہیں۔

(۲) تم اللہ کے دشمنوں اور دین سے خارج ہو جانے والوں کے مقابلے پر ثابت قدم رہو اللہ تمہاری نصرت و مدد کرے گا اور جو کچھ ہم انشاء اللہ لکھیں گے اُسے اُن لوگوں تک پہونچاؤ جن پر تمہیں اطمینان ہو۔ ہم ظالموں کی آبادی سے دور اپنے مقام پر مقیم و قیام پذیر ہیں اس لیے کہ اللہ کے پیشِ نظر اس میں ہماری اور ہمارے شیعوں کی بہتری ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ جب تک حکومتِ دنیا فاسقوں کے پاس ہے ہم اُن کی قلمرو (دسترس) سے دور رہیں، مگر اس کے باوجود تم لوگوں کے حالات کا علم ہمیں ہوتا رہتا ہے اور تم لوگوں کی کوئی بات ہم سے چھپی نہیں رہتی ہے ہمیں تم لوگوں کی لغزشوں کا علم اُس وقت سے ہے جب سے تم میں سے اکثر اس طرف مائل ہو گئے جس سے اسلافِ صالحین ہمیشہ دور رہے اور جو اُن سے عہد لیا گیا تھا اُنھوں نے اُس کو چھوڑ دیا، اور ایسا پسِ پشت ڈال دیا جیسے ان کو اِس عہد کی خبر ہی نہیں۔

(۳) پھر بھی ہم نے تم لوگوں کو بھلایا نہیں ہے، تمہاری رعایت نہیں چھوڑی ہے اور اگر ایسا نہ کرتے تو دشمن تمہیں ختم ہی کر دیتے۔ لہٰذا تم لوگ اللہ سے ڈرو اور ان فتنوں میں پڑنے سے بچو جو تم پر چھا جانے والا ہے اور جس میں وہ شخص جس کی اجل آگئی ہے وہ مر جائے گا، جو اپنی مراد کو پہونچنے والا ہے وہ بچ جائے گا۔ اور وہی ہمارے اقدام کی ابتداء کی نشانی ہوگی اور ہمارے امر و نہی کا اجراء ہوگا" اللہ اپنے نور کو پایۂ تکمیل تک پہونچا کر رہے گا چاہے مشرکوں کو ناگوار ہی گذرے۔

(۴) تم لوگ جاہلیت کی آگ کے شعلوں سے جسے بنی اُمیّہ کے تعصّب نے بھڑکایا ہے بچنے کے لیے تقیّہ سے کام لو۔ امسال جب ماہِ جمادی الاولیٰ آئے گا تو اس میں جو حادثات رونما ہوں گے اس سے سبق حاصل کرنا اور اس کے فوراً بعد جو کچھ ہو اُسے دیکھ کر خوابِ غفلت سے بیدار ہو جانا۔ تم لوگوں کے لیے ایک واضح نشانی نمودار ہوگی آسمان سے، اور اسی طرح بالکل اس کے برابر زمین سے بھی۔ سرزمینِ مشرق میں ایسے حادثات ہوں گے جنھیں دیکھ کر رنج و قلق ہوگا اور اس کے بعد عراق پر وہ گروہ غالب آجائے گا جو اسلام سے خارج ہو چکا ہوگا۔ اُن کی بداعمالیوں سے اہلِ عراق کی روزی تنگ ہو جائے گی۔

(۵) اس کے بعد یہ غم کی گھٹا چھٹ جائے گی اور شریر و مشرک تباہ ہو جائیں گے انکی ہلاکت پر متّقی اور نیکوکار لوگوں کو خوشی ہوگی اور تمام اطرافِ ارض سے لوگ حج کے ارادے پر متّفق ہوں گے۔ تم میں سے ہر شخص کو چاہیے کہ وہ ایسا عمل کرے جو ہمارے نزدیک پسندیدہ ہے، وہ عمل نہ کرے جو ہمیں ناپسند ہے۔ اس لیے کہ ہماری حکومت یک بیک آئے گی اور اُس وقت کسی کی توبہ قبول نہ ہوگی خواہ کوئی کتنی ہی ندامت کا اظہار کرے سزا سے نہیں بچے گا۔ اللہ نے تمہاری ہدایت الہام کے ذریعے سے کی ہے اور اپنے لطف و مہربانی سے تم لوگوں کو ہدایت کی توفیق دی ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نسخۃ التوقیع بالید العلیا علی صاحبہا السلام

یہ نسخہ توقیع خود صاحب الزمان علیہ السلام کے دستِ مبارک سے لکھی ہوئی ہے۔

"ھذا کتابنا الیک ایہا الاخ الولیّ والمخلص فی ودّنا الصفیّ والناصر لنا الوفیّ حرسک اللہ بعینہ التی لا تنام فاحتفظ بہ ولا تظہر علی خطّنا الذی سطرناہ بمالہ صمّمناہ احدًا او ادِّ ما فیہ الی من تسکن الیہ واوص جماعتہم بالعمل علیہ ان شاء اللہ، وصلّی اللہ علی محمّدٍ وآلہ الطاہرین۔

ترجمہ: "اے میرے برادر دوست، ہماری محبت میں باصفا، بااخلاص، مددگار، وفادار! اللہ اپنی اُن آنکھوں سے تمہاری نگرانی کرے جو کبھی نہیں سوتیں۔ یہ میرا خط ہے تمہارے نام۔ اس تحریر کو کسی پر ظاہر نہ کرنا۔ اور اس کے مضمون پر صرف اُن لوگوں کو مطلع کرنا جن پر تمہیں اطمینان ہو۔ اور اُنھیں عمل کی ہدایت کرنا۔ اللہ کی رحمت نازل ہو محمدؐ اور اُن کی آلِ اطہار پر۔

(۸) شیخ مفیدؒ کے نام امامِ زمانہؑ کا دوسرا خط

۴۱۲ھ

امام صاحب الزمان علیہ السلام کی جانب سے ایک دوسرا خط بھی پنجشنبہ ۲۳ ذی الحجہ میں شیخ مفید علیہ الرحمۃ کے پاس وارد ہوا (جو یہ ہے):۔

من عبد اللہ المرابط فی سبیلہ الی ملہم الحقّ ودلیلہ

ایک مسافر راہِ خدا بندۂ خدا کی طرف سے اُس شخص کے نام جس کو اللہ نے حق کا علم دیا ہے اور وہ حق کی دلیل ہے۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سلامٌ علیک ایہا الناصر للحقّ الداعی الی کلمۃ الصدق۔ فانّا نحمد اللہ الیک الذی لا الٰہ الا ہو الٰہنا والٰہ اٰبائنا الاوّلین و نسألہ الصلاۃ علی نبیّنا وسیدنا ومولانا محمّدٍ خاتم النبیّین وعلی اہل بیتہ الطیّبین الطاہرین۔

وبعد: فقد کنّا نظرنا منا جاناک عصمک اللہ بالسبب الذی وہبہ لک من اولیائہ وحرسک من کید اعدائہ وشفّعنا ذلک الاٰن من مستقرّ لنا بنصب

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الشمراخ بهما، صرنا اليه انفًا من غماليل ألجأ اليه السابريت
من الايمان، ويوشك أن يكون هبوطنا منه إلى صحصح
من غير بعد من الدهر ولا تطاول من الزمان ويأتيك
نبأ منّا بما يتجدّد لنا من حال، فتعرف بذلك ما تعتمده
من الزلفة الينا بالاعمال والله موفّقك لذلك برحمته

(٣) فلتكن حرسك الله بعينه التى لا تنام اَن تقابل
بذلك، ففيه تبسل نفوس قوم حرثت باطلًا لاسترهاب
المبطلين وتبتهج لدمارها المؤمنون، ويحزن لذلك
المجرمون.

(٤) وأية حركتنا من هذه اللوثة حادثة بالحرم المعظّم
من رجس منافق مذمّم، مستحلّ للدّم المحرّم يعمد
بكيده أهل الايمان ولا يبلغ بذلك غرضه من الظّلم
لهم والعدوان، لاَنّنا من وراء حفظهم بالدّعاء الّذى
لا يحجب عن ملك الارض والسّماء، فليطمئنّ بذلك
من اولياءنا القلوب وليثقوا بالكفاية منه، وان راعتهم
بهم الخطوب، والعاقبة لجميل صنع الله سبحانه تكون
حميدة لهم ما اجتنبوا المنهىّ عنه من الذّنوب.

(٥) ونحن نعهد اليك ايّها الولىّ المخلص المجاهد
فينا الظالمين، ايّدك الله بنصره الّذى ايّد به السلف
من اوليائنا الصّالحين، اَنّه من اتّقى ربه من إخوانك
الدّين وخرج عليه بما هو مستحقّه كان امنًا من
الفتنة المظلّة ومحنها المظلمة المضلّة ومن بخل
منهم بما اعاده الله من نعمته على من اَمره بصلته
فانّه يكون خاسرًا بذلك لاُولاه واُخرته ولو اَنّ
اشياعنا وفّقهم الله لطاعته على اجتماع من القلوب
فى الوفاء بالعهد عليهم لما تأخّر عنهم اليمن بلقائنا
ولتعجّلت لهم السّعادة بمشاهدتنا، على حقّ المعرفة

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وصدقها منهم بنا، فما يحبسنا عنهم الّا ما يتّصل بنا
ممّا نكرهه ولا نؤثره منهم، والله المستعان وهو
حسبنا ونعم الوكيل وصلواته على سيّدنا البشير
النّذير محمّدٍ وآله الطّاهرين وسلّم، وكتب في غرّة
شوّال من سنة اثنتي عشرة واربعمائة

ترجمۂ خط:

اللہ کے نام کے ساتھ جو مہربان ہے نہایت رحم والا ہے۔

سلام ہو تم پر اے حق کے مددگار، کلمۂ صدق کی طرف لوگوں کو دعوت دینے والے۔ میں حمد کرتا ہوں اُس اللہ کی جس کے سوا کوئی اللہ نہیں وہی ہمارا اللہ ہے اور ہمارے آبائے اوّلین کا اللہ ہے اور اُسی سے التجا کرتا ہوں کہ وہ رحمت نازل فرمائے ہمارے نبی، ہمارے سیّد و سردار حضرت محمدؐ خاتم الانبیاء پر اور اُن کی پاک و پاکیزہ آل پر۔

(۲) اس کے بعد۔ اللہ تمھیں ہر بلاء سے بچائے اور دشمنوں کے کید و مکر سے محفوظ رکھے۔ تمھاری مناجات پر ہماری نظر تھی اور تمھاری دعاء کی قبولیت کے لیے ہم نے شفاعت بھی کی۔ اِس وقت میں تمھیں اپنے خیمہ گاہ سے خط لکھ رہا ہوں جو ایک غیر معروف پہاڑی پر نصب ہے۔ میں ابھی یہاں پر وادی سے چل کر آیا ہوں ہوسکتا ہے کہ کچھ عرصے بعد میں اِس ویران پہاڑی سے اُتر کر آبادی میں پہونچوں۔ میرے حالات نئی کروٹ لیں اور ہماری خبر تم تک پہونچے اور اعمال کے ذریعے سے جو ہمارا قرب چاہتے ہو وہ نصیب ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ تمھیں اس کی توفیق دے۔

(۳) اللہ اپنی اُن آنکھوں سے تمھاری نگرانی کرے جو کبھی نہیں سوتیں۔ تمھیں چاہیے کہ تم اِن حالات کا مقابلہ کرو، اسی اثناء میں باطل کی کاشت کرنے والی قوم کو پائمال کر دیا جائے گا جس سے مومنین کو مسرّت اور مجرمین کو حُزن و غم ہوگا۔

(۴) اور ہمارے اقدام کی نشانی وہ حادثہ ہوگا جو حرمِ معظّم میں ایک اور قابلِ مذمّت منافق کے ہاتھوں رونما ہوگا۔ وہ محترم خون کو حلال کرے گا۔ پھر بھی اہلِ ایمان پر ظلم کر کے اپنے مقصد کو حاصل نہ کر سکے گا اس لیے کہ اُن مومنین کی پشت پناہی میں ہماری دُعا رہے گی جسے نہ کوئی آسمانی فرشتہ روک سکتا ہے اور نہ زمین کا فرشتہ۔ لہٰذا اس سے ہمارے دوستوں کے دل مطمئن رہیں۔ اور جو اللہ کرتا ہے اس کا انجام بہتر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہوتا ہے جب تک کہ لوگ منہیات اور گناہوں سے پرہیز کرتے رہیں گے ۔

(۵) اے میرے مخلص دوستدار اور ہمارے لیے ظالموں سے جہاد کرنے والے ! اللہ اپنی مدد و نصرت سے تمہاری اسیطرح تائید کرے جسطرح اُس نے ہمارے گذشتہ اولیاءِ صالحین کی تائید فرمائی ہے ۔ سنو ! میں تم سے عہد کرتا ہوں کہ تمہارے برادرانِ ایمانی میں سے جو شخص اپنے رب سے ڈرتا رہے گا اور اپنے مال میں سے جسقدر نکالنا چاہیے نکالتا رہے گا وہ تاریک فتنوں اور اس کے گزند سے محفوظ رہے گا ۔ اور وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے چند روزہ مال دیا ہے اگر اس کے نکالنے میں بخل کرے گا اور جس کے ساتھ صلۂ رحم کرنے کا حکم ہے نہ کرے گا تو وہ دنیا و آخرت دونوں میں محروم اور ناکامیاب رہے گا ۔ اور اگر ہمارے متبعین (اللہ ان کو اطاعت کی توفیق دے) سب یک دل ہو جائیں کہ جو اُن سے عہد ہے وہ اسے پورا کریں گے تو ہماری طرف سے ہماری طرف سے شرفِ ملاقات بخشنے میں کوئی تاخیر نہ ہوگی اور جلد از جلد وہ ہماری زیارت سے شرف یاب ہوں گے اس لیے کہ وہ ہماری سچی معرفت رکھتے ہوں گے ۔ ہم اُن لوگوں سے ملنے میں اس لیے پرہیز کرتے ہیں کہ ہم تک اُن کی ایسی باتیں پہونچتی رہتی ہیں جو ہمیں ناپسند ہیں اور اللہ ہی مددگار ہے اور وہ بہترین وکیل و کارساز ہے ۔ اُس کی رحمت ہو ہمارے سیّد و سردار ، بشیر و نذیر محمدؐ اور اُن کی آلِ اطہار پر اور سلام ہو ۔

کتبہ یکم شوال سنہ ۴۱۲ھ

یہ توقیع امامِ زمانہ صلوات اللہ علیہ کے دستِ مبارک سے تحریر کی ہوئی ہے ۔

هٰذا كتابنا اليك ايّها الولىّ الملهم للحقّ العلىّ بامليائنا وخطّ ثقتنا فاخفه عن كلّ احد واطوه واجعل له نسخة يطّلع عليها من تسكن الى امانته من اوليائنا ، شملهم الله ببركتنا (و دعائنا) ان شاء الله والحمد لله والصّلوٰة على سيّدنا محمّدؐ وآله الطّاهرين ۔

اے میرے دوستدار جس کو اللہ نے اپنی طرف سے حق کا علم عطا کیا ہے تمہارے نام یہ میرا خط ہے جسے میں بولتا گیا ہوں اور ہمارا ایک باہر وسہ شخص لکھتا گیا ہے ۔ اِس خط کو سب سے چھپانا اور طے کر کے رکھ دینا اس کی نقل کر لینا اور ہمارے دوستداروں میں سے جس کی امانت و دیانت پر تمہیں اطمینان ہو اس کو دکھا دینا ۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ذریعے سے تمہارے گروہوں میں اتحاد و اتفاق پیدا کرے گا انشاء اللہ اور ہر طرح کی حمد اللہ کیلئے ہے اور رحمت نازل ہو ہمارے سیّد و سردار حضرت محمدؐ اور ان کی آلِ پاک پر ۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

⑨ یہ توقیع اُن لوگوں کیلئے برآمد ہوئی جو امامِ زمانہؑ کے وجود میں شک کرتے تھے

شیخ موثق ابوعمر عامری کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ ابنِ ابی غانم قزوینی اور شیعوں کے ایک گروہ کے درمیان امام زمانہ علیہ السّلام کے متعلق بحث ہوئی۔ ابنِ ابی غانم قزوینی نے کہا کہ حضرت ابو محمّد امام حسن عسکری علیہ السّلام نے وفات پائی اور اُنھوں نے کوئی اولاد نہیں چھوڑی۔ تو گروہِ شیعہ نے ایک خط اس کے متعلق لکھ کر ناحیہ مقدّسہ کی طرف روانہ کیا اور اُس خط میں بتایا کہ آپؑ کے وجود کے متعلق یہاں یہ بحث ہے۔ اُس خط کے جواب میں خود امامِ زمانہ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی یہ تحریر (توقیع) برآمد ہوئی:۔

(۱) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔
عافانا اللہ وایّاکم من الفتن، و وھب لنا ولکم روح الیقین و اجارنا وایّاکم من سوء المنقلب، انہ اُنھی الی نفر من الشّاکّ و ارتیاب جماعۃ منکم فی الدّین وما دخلھم من الشّک و الحیرۃ فی ولاۃ امرھم، فغمّنا ذلک لکم لا لنا وساءُونا فیکم لا فینا لانّ اللہ معنا فلا فاقۃ بنا الی غیرہ، والحقّ معنا فلن یوحشنا من قعد عنّا و نحن صنائع ربّنا والخلق بعد صنائعنا۔

(۲) یا ھٰؤلاءِ مالکم فی الرّیب تتردّدون فی الحیرۃ تنعکسون اَوما سمعتم اللہ عزّوجلّ یقول: "یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ" (نساء آیت ۵۹) اَوما علمتم ما جاءت بہ الآثار ممّا یکون ویحدث فی ائمتکم علی الماضین و الباقین منھم علیہم السّلام؛ اَوما رأیتم کیف جعل اللہ لکم معاقل تأوون الیھا واعلاما تھتدون بھا من لدن آدم الی اَن ظھر الماضی علیہ السّلام کلما غاب علم بدا علم واذا أفل نجم طلع نجم، فلما قبضہ اللہ الیہ ظننتم اَنّ اللہ ابطل دینہ وقطع السبب بینہ وبین خلقہ، کلّا ما کان ذٰلک ولا یکون حتّٰی تقوم السّاعۃ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ویظہر امر اللہ وھم کارھون۔

(۳) وَاِنَّ الماضی علیہ السلام مضی سعیدًا فقیدًا علیٰ منہاج اٰبائہ علیہم السلام حذو النعل بالنعلِ وَفینا وصیّتہ وعلمہ ومن ھوخلفہ ومن یسدّ مسدّہ ولا ینازعنا موضعہ اِلّا ظالم آثم، ولا یدّعیہ دوننا اِلّاجاحد کافر ولولا اَنَّ امر اللہ لا یغلب، وسرّہ لا یظہر ولا یعلن لظہر لکم من حقّنا ما تبہر منہ عقولکم، ویزیل شکوککم، لکنّہ ماشاء اللہ کان، ولکلّ اَجل کتاب۔

(۴) فاتّقوا اللہ وسلموا لنا، وردّوا الاَمر اِلینا، فعلینا الاصدار کما کان منّا الایراد ولا تحاولوا کشف ما غُطّی عنکم ولا تمیلوا عن الیمین، وتعدلوا اِلی الیسار، واجعلوا قصدکم الینا بالمودّۃ علی السنّۃ الواضحۃ، فقد نصحت لکم واللہ شاھد علیّ وعلیکم، ولولا ما عندنا من محبّۃ صلاحکم ورحمتکم والاشفاق علیکم لکنّا عن مخاطبتکم فی شغل ممّا قد امتحنّا من منازعۃ الظّالم العتلِّ الضّالِّ المتابع فی غیّہ الضادِّ لربّہ، المدّعی مالیس لہ، الجاحد حقّ من افترض اللہ طاعتہ، الظّالم الغاصب۔

(۵) وفی ابنۃ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ واٰلہ لی اُسوۃ حسنۃ وسیردی الجاھل رداءۃ عملہٗ وسیعلم الکافر لمن عقبی الدار، عصمنا اللہ واِیّاکم من المھالک والاَسواء والاٰفات والعاھات کلّھا برحمتہ فانّہ ولیّ ذلک والقادر علیٰ ما یشاء وکان لنا ولکم ولیًّا وحافظًا والسّلام علی جمیع الاوصیاء والاولیاء والمومنین، ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وصلّی اللہ علیٰ محمّد النبیّ وسلم تسلیمًا۔

ترجمہ توقیع :۔

اللہ کے نام کے ساتھ جو رحمٰن ہے رحیم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں دونوں کو فتنوں سے محفوظ رکھے اور ہمیں اور تمہیں دونوں کو روحِ یقین عطا فرمائے۔ تم لوگوں کے دلوں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہیں جو اپنے والیانِ امر کے متعلق شک ہے تو یہ خود تمھارے لیے مضر ہے ہمارے لیے نہیں۔ اس کا گزند تمہیں پہونچے گا ہمیں نہیں۔ کیونکہ اللہ ہمارے ساتھ ہے اور ہمیں کسی کی ضرورت نہیں، حق ہمارے ساتھ ہے۔ اب جو بھی ہمیں چھوڑ کر بیٹھ رہے ہمیں اس کی پرواہ نہیں۔ ہم لوگوں کو ہمارے پروردگار نے (پہلے) بنایا ہے اور ساری مخلوق ہمارے بعد بنائی گئی ہے۔ (نحن صنائع ربنا والخلق بعد صنائعنا)

(۲) اے لوگو! تمہیں کیا ہو گیا ہے تم کیوں شک و حیرت میں مبتلا ہو۔ کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ قول نہیں سنا ہے، وہ ارشاد فرماتا ہے کہ:

"یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ" (سورہ ۴ النساء آیت ۵۹)

(اے اہلِ ایمان! اللہ کی اطاعت کرو اور اطاعت کرو رسولؐ کی اور جو تم میں سے اولی الامر ہیں (اُن کی اطاعت کرو)۔

کیا تم یہ نہیں جانتے کہ اس کے لیے احادیثِ صحیحہ وارد ہوئی ہیں جن میں تمھارے گذشتہ اور آئندہ ائمہؑ کے لیے بتا دیا گیا ہے۔

کیا تم یہ نہیں دیکھتے کہ از حضرت آدمؑ تا امام حسن عسکریؑ جن کی وفات ہوئی ہے اللہ نے پناہ گاہیں بنا دی ہیں جہاں تم لوگ آکر پناہ لو اور علم نصب کر دیے ہیں جس سے تم لوگ ہدایت حاصل کرو۔ جب ایک علم ٹھنڈا ہوتا ہے تو دوسرا علم نمودار ہو جاتا ہے جب ایک ستارہ ڈوبتا ہے تو دوسرا ستارہ اُس کی جگہ نمودار ہوتا ہے مگر جب حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی وفات ہوئی تو تم لوگوں نے سمجھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کو باطل کر دیا اور اللہ اور اُس کی مخلوق کے درمیان جو رشتہ و تعلق تھا وہ منقطع ہو گیا۔ ہرگز ایسا نہیں ہے اور نہ ہوگا جب تک قیامت برپا نہ ہو جائے امرِ الٰہی کا ظہور ہو کر رہے گا خواہ لوگ اُسے ناپسند کریں

(۳) اور بلاشبہ وہ (امام حسن عسکری علیہ السلام) گذرنے والے اپنے آباءِ کرام کے دستور کے مطابق بالکل قدم بہ قدم گامزن رہے اور گذر گئے، مگر اُن کی وصیت میرے لیے ہے، اُن کا علم میرے پاس ہے، میں اُن کا فرزند ہوں، اُن کا قائم مقام ہوں۔ اُن کی قائم مقامی کے متعلق ہم سے وہی اُلجھے گا جو ظالم اور گنہگار ہوگا، اور میرے سوا دعوئے امامت وہی کرے گا جو کافر و جاحد ہوگا۔ اگر اللہ کا یہ حکم نہ ہو جاتا کہ اللہ کا راز ظاہر نہ ہو اور نہ اُس کا اعلان ہو تو میری امامت اس طرح ظاہر ہوتی جس کو دیکھ کر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تمھاری عقلیں دنگ رہ جائیں اور تمھارا یہ سارا شک وشبہ دور ہو جاتا، مگر جو اللہ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے اور ہر کام کے لیے ایک وقت مقرّر ہے۔

(۴) تم لوگ اللہ سے ڈرو اور ہمیں تسلیم کرو اور یہ امرِ امامت ہماری طرف پلٹاؤ۔ کیونکہ صدور اور ورود سب ہمارے لیے ہے اور وہ بات جو تم سب سنے پوشیدہ رکھی گئی ہے اس کے انکشاف کی کوشش نہ کرو۔ نہ تم لوگ داہنے کی طرف مُڑو نہ بائیں طرف مُڑو بلکہ مودّت کے ساتھ سنّتِ واضحہ اختیار کرو اور سیدھے ہماری طرف آؤ۔ یہ نصیحت ہم نے تمھیں کی اور اللہ ہم پر بھی گواہ ہے اور تم پر بھی، اور اگر ہمیں تمھاری اصلاح کی خواہش نہ ہوتی، ہمیں تم سے ہمدردی نہ، ہمیں تم پر ترس نہ آتا تو ہم تم لوگوں سے (اِس وقت) مخاطب نہ ہوتے اور خاموش ہی رہتے جس طرح ہم نے اس ظالم وسرکش سے کوئی جھگڑا نہیں کیا جو اپنی کجروی میں بہا جا رہا ہے اپنے ربّ کا مخالف ہے، اُس شے کا دعویدار ہے جو اُس کے لیے نہیں ہے اور جن کی اللہ نے اطاعت فرض کی ہے اُن کے حق کا منکر ہے وہ ظالم ہے غاصب ہے۔

(۵) اور اسی سلسلے میں میرے لیے بنتِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی سیرت بہترین نمونۂ عمل ہے۔ وہ جاہل اپنی بداعمالی سے تباہ ہوگا اور کافر عنقریب جان لے گا کہ آخرت کا گھر کس کے لیے ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور تم لوگوں کو مہلکوں اور بُرائیوں اور ہر طرح کے آفات وبلیّات سے محفوظ رکھے کیونکہ وہی مالک ومختار ہے اور ہر شے پر مکمّل قدرت رکھنے والا ہے، وہ ہمارا اور تمھارا سب کا والی وحافظ اور نگہبان ہے اور جمیع اوصیاء واولیاء اور مومنین پر سلام ہو اور اللہ کی رحمتیں و برکتیں ہوں۔ اور حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہ پر درود وسلام ہو۔

★ غیبتِ طوسی میں بھی ابنِ ابی غانم کا اس سلسلے میں بحث ومباحثہ مذکور ہے۔

(۱۰) اسحٰق بن یعقوب کے مسائل کے جوابات

کتاب "الاحتجاج" میں محمّد بن یعقوب کلینیؒ سے اور اُنھوں نے اسحاق بن یعقوب سے روایت ہے، اُن کا بیان ہے کہ میں نے ایک مرتبہ محمّد بن عثمان عمری رحمۃ اللہ علیہ سے درخواست کی کہ وہ میرا ایک خط جس میں بہت سے مشکل مسائل درج ہیں مولیٰ تک پہونچا دیں تو مولیٰ وآقا صاحب الزّماں علیہ السّلام کے دستِ مبارک کی لکھی ہوئی یہ تحریر وتوقیع میرے پاس آگئی۔ وہ توقیع یہ ہے:

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"اَمّا ما سألت عنه اَرشدك اللہ وثبّتك من امر المنکرین لی من اھل بیتنا وبنی عمّنا، فاعلم انّہ لیس بین اللہ عزّوجلّ وبین احد قرابۃ، من انکرنی فلیس منّی وسبیلہ سبیل ابن نوح، واَمّا سبیل عمّی جعفر و ولدہ فسبیل اِخوۃ یوسف علیہ السّلام واَمّا الفُقّاع فشربہ حرام ولا بأس بالشلماب واَمّا اَموالکم فما نقبلہا اِلّا لتطھروا فمن شاء فلیصل، ومن شاء فلیقطع فما اٰتانا اللہ خیر ممّا اٰتاکُم۔

اللہ تمھیں ہدایت پر قائم رکھے تم نے ان لوگوں کے متعلق دریافت کیا ہے جو ہمارے اہلِ خاندان میں سے ہیں اور میرے بنی اعمام (چچیرے بھائی) ہیں۔ تو واضح ہو کہ: اللہ تعالیٰ کی کسی شخص سے کوئی قرابت نہیں ہے۔ جو بھی ہم سے انکار کرے

—— وہ ہم میں سے نہیں ہے اور اُس کا حشر بھی وہی ہوگا جو پسر نوحؑ کا ہوا تھا۔ اب رہ گیا

—— میرے چچا جعفر اور اُن کی اولاد کا معاملہ تو اُن کا معاملہ بالکل ایسا ہی ہے، جیسے

—— برادرانِ یوسفؑ کا معاملہ ــــ جَو کی شراب حرام ہے۔ آبِ شلجم میں کوئی حرج نہیں ہے۔

—— ہم تم لوگوں کے بھیجے ہوئے اموال صرف اِس لیے قبول کر لیتے ہیں تاکہ تم لوگ پاک و طاہر ہو جاؤ۔ اب جس کے جی میں آئے بھیجے اور جس کے جی میں آئے نہ بھیجے۔ جو کچھ بھی تم لوگ بھیجتے ہو اُس سے کہیں بہتر و زائد وہ ہے جو اللہ نے ہمیں عطا فرمایا ہے

—— ★ وَاَمّا ظھور الفرج فانّہ اِلَی اللہِ وکذب الوقّاتون۔

اور ظہورِ فرج کا سوال تو یہ اللہ کے اختیار میں ہے اس کا وقت معیّن کرنے والے جھوٹے ہیں۔

—— ★ واَمّا قول من زعم انّ الحسینؑ لم یقتل، فکفر وتکذیب وضلال

اور کسی شخص کا یہ کہنا کہ امام حسین علیہ السّلام قتل نہیں ہوئے۔ یہ کفر و تکذیب اور گمراہی ہے۔

—— ★ واَمّا الحوادث الواقعۃ فارجعوا فیھا اِلٰی رواۃ حدیثنا فانّھم حجّتی علیکم وَاَنا حجّۃ اللہِ علیھم۔

اور حوادثِ واقعات کے بارے میں یہ ہے کہ ہماری احادیث کے راویوں سے رجوع کیا کرو وہ لوگ تم پر ہماری طرف سے حجّت ہیں اور ہم اُن لوگوں پر (راویوں پر) حجّت ہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

★ وَاَمّا محمّد بن عثمان العمریؓ رضی اللہ عنہ وعن اَبیہ من قبل فانّہ ثقتی وکتابہ کتابی۔

اور محمّد بن عثمان عمری رضی اللہ عنہ اور اُن سے پہلے اُن کے والد ہمارے ثقہ (بابھروسہ) ہیں اور اُن کی تحریر ہماری تحریر ہے۔

★ واَمّا محمّد بن علیّ بن مہزیار الاَھوازی فسیصلح اللہ قلبہ ویزیل عنہ شکّہ

اور محمّد بن علی بن مہزیار اھوازی، تو اللہ تعالیٰ عنقریب اُس کے قلب کی اصلاح کردے گا۔ اور اس کا شک بھی دور ہو جائے گا۔

★ واَمّا ما وصلتنا بہ فلا قبول عندنا اِلّا لما طاب وطھر وثمن المغنّیۃ حرام۔

اور جو چیز ہمارے پاس بھیجی گئی ہے تو ہمارے یہاں وہی چیز قبول ہے جو طیّب و طاہر ہو۔ اور گانا گانے والی کی اُجرت حرام ہے۔

★ وَاَمّا محمّد بن شاذان بن نعیم فانّہ رجل من شیعتنا اھل البیت۔

اور محمّد بن شاذان بن نعیم یہ ہم اہلبیت کے شیعوں کی ایک فرد ہے۔

★ وَاَمّا ابو الخطّاب محمّد بن ابی زینب الاَجدع فانہ ملعون واصحابہ ملعونون فلا تجالس اھل مقالتھم فانّی منھم بریءٌ وآبائی علیہم السّلام منھم براء۔

اور ابو الخطّاب محمّد بن ابی زینب اجدع، تو وہ ملعون اور اس کے اصحاب ملعونوں ہیں ان لوگوں کی صحبت میں نہ بیٹھو ہم بھی ان لوگوں سے برأت و بیزاری کرتے ہیں اور ہمارے آبا ءِ کرامؑ بھی ان لوگوں سے برأت کرتے تھے۔

★ وَاَمّا المتلبّسون باَموالنا فمن استحلّ شیئًا منھا فاکلہ فانّما یاکل النّیران۔

اور جو لوگ ہمارے اموال سے متعلّق ہیں تو جو شخص اس میں سے ذرا سی چیز بھی اپنے لیے حلال کرلے، اور اسے کھائے تو سمجھ لو کہ اُس نے آگ کھائی۔

★ وَاَمّا الخمس فقد اُبیح لشیعتنا وجعلوا منہ فی حلٍّ الی وقت ظھورِ امرنا لیطیب ولادتھم ولا تخبث

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور خُمس ، تو یہ میں اپنے شیعوں کے لیے مباح کرتا ہوں اور ہمارے ظہورِ امر تک اُن کے لیے حلال ہے تاکہ اُن کی ولادت پاک و پاکیزہ رہے اور گندی نہ ہو۔

★ ـــــ وَاَمَّا ندامة قوم شکّوا فی دین اللہ علیٰ ما وصلونا بہ ، فقد اَقلنا من استقال ولا حاجة لنا الیٰ صلة الشّاکّین۔

اور وہ گروہ جسے دینِ خدا میں شک ہے اور وہ اپنے بھیجے ہوئے مال پر نادم ہیں تو جو واپس لینا چاہے واپس لے لے ہمیں شک کرنے والے گروہ کے مال کی ضرورت نہیں ہے۔

★ ـــــ واَمّا علّة ما وقع من الغیبة فانّ اللہ عزّوجلّ یقول:

"یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْیَآءَ اِنْ تُبْدَ لَکُمْ تَسُؤْکُمْ" (سورۂ المائدہ آیت ۱۰۱)

اور یہ سوال کہ غیبت کیوں واقع ہوئی ، تو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"اے اہلِ ایمان! ایسی باتیں نہ پوچھا کرو کہ اگر وہ تمھیں بتادی جائیں تو تم کو بُرا معلوم ہو۔" (مائدہ آیت ۱۰۱)

انّہ لم یکن اَحد من اٰبائی اِلّا وقد وقعت فی عنقہ بیعة لطاغیہ زمانہ واِنّی اَخرج ولا بیعة لاحد من الطواغیت فی عنقی۔

★ ـــــ سنو! بلاشبہ ہمارے آباءِ کرام میں سے کوئی ایسا نہیں جس پر اُن کے زمانے کے ظالم کی بادشاہت نہ رہی ہو۔ لہٰذا یہ غیبت اس لیے ہے کہ جب میں ظہور کروں گا تو مجھ پر کسی طاغوت و ظالم کی بادشاہت نہ رہے۔

★ ـــــ واَمّا وجہ الانتفاع بی فی غیبتی فکالانتفاع بالشمس اذا غیّبہا عن الابصار السحاب ، واِنّی لاَمان لاَھل الارض کما اَنّ النّجوم اَمان لاَھل السمآء فاغلقوا ابواب السؤال عمّا لا یعنیکم ولا تتکلّفوا علم ما قد کفیتم واُکثروا الدّعاء بتعجیل الفرج ، فانّ ذلک فرجکم ، والسّلام علیک یا اِسحاق بن یعقوب و علیٰ مَن اتّبع الھدیٰ۔

اور یہ سوال کہ زمانۂ غیبت میں مجھ سے انتفاع (نفع و فائدہ) کی صورت کیا ہے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تو یہ انتفاع و نفع ویسا ہی ہے جیسے آفتاب بادلوں میں چھپا ہوتا ہے اور لوگ اُس سے منتفع ہوتے ہیں۔ میں اہلِ زمین کے لیے اِسی طرح امان ہوں جس طرح ستارے اہلِ آسمان کے لیے امان ہیں۔ لہٰذا ایسے سوالات کے دروازے بند کرو جس سے تمھیں کوئی مطلب نہیں۔ اور وہ بات معلوم کرنے کی کوشش نہ کرو جس کی تمھیں ضرورت نہیں۔ اور تعجیلِ فرج (کشادگی میں عجلت) کے لیے زیادہ سے زیادہ دعا کیا کرو کیونکہ اسی میں تمھاری کشادگی ہے۔ اے اسحاق بن یعقوب تم پر سلام ہو اور اُن لوگوں پر بھی سلام ہو جو ہدایت پر گامزن ہوں۔"

★ "غیبتِ طوسی" میں بھی اسحاق بن یعقوب سے اسی کے مثل روایت مرقوم ہے۔

★ "اکمال الدّین" میں بھی اسحاق بن یعقوب سے اسی کے مثل روایت مرقوم ہے۔

(۱۱) ابوالحسین محمّد بن جعفر اسدی کے چند مسائل

ابوالحسین محمّد بن جعفر اسدی کا بیان ہے کہ ہم نے چند مسائل حضرت صاحب الزّمانؑ سے دریافت کیے تھے تو شیخ ابوجعفر محمّد بن عثمان عمری قدّس اللہ روحہٗ کی طرف سے میرے پاس یہ جواب تحریراً موصول ہوا۔

★ اَمّا ما سألت عنه من الصّلاة عند طلوع الشمس و عند غروبها، فلئن كان كما يقولون اِنّ الشمس تطلع من بين قرنَيْ شيطان، وتغرب بين قرنَي شيطان فما اَرغم أنف الشيطان بشيء مثل الصّلاة، فصلّها و اَرغم أنف الشيطان۔

ترجمہ: تم نے طلوع و غروب آفتاب کے وقت نماز پڑھنے کے لیے جو سوال کیا ہے، تو اگر ویسا ہی ہے جیسا کہ لوگ کہتے ہیں کہ آفتاب شیطان کے دونوں سینگوں کے درمیان سے طلوع ہوتا ہے اور اُس کے دونوں سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے تو پھر نماز سے بہتر اور کونسی شے ہے جس سے شیطان کی ناک زمین پر رگڑ وادی جائے۔ لہٰذا ان اوقات میں نماز پڑھو اور شیطان کی ناک رگڑ دو۔

★ وَاَمّا ما سألت عنه من اَمر الوقف على ناحيتنا وما يجعل لنا ثمّ يحتاج اِليه صاحبه، فكلٌّ مالم يسلّم فصاحبه فيه بالخيار وكلّما سلّم فلاخيار لصاحبه فيه

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

احتاج اَولم یحتج ، افتقر الیہ اَو استغنی عنہ ۔

ترجمہ: اور تم نے اُس وقف کے متعلق دریافت کیا ہے جو کسی نے ہمارے پر کیا اور کوئی چیز ہمارے لیے قرار دی ۔ پھر اُس کے مالک کو اُس چیز کی ضرورت ہوئی تو اُس کا جواب یہ ہے کہ اگر کسی کے مالک نے وہ چیز ابھی سپرد نہیں کی ہے تو پھر اُسے اختیار ہے اور اگر سپرد کر دی ہے تو پھر اُسے کوئی اختیار نہیں، خواہ اُس کو اُس چیز کی احتیاج ہو یا نہ ہو، خواہ وہ اُس شے کا ضرورت مند ہو یا اُس سے مستغنی ہو۔

★ ــــ وَاَمّا ما سألت عنہ من اَمر من یستحلّ ما فی یدہ من اموالنا اَو یتصرّف فیہ تصرّفہ فی مالہ من غیر اَمرنا، فمن فعل ذلك فھو ملعون ونحن خصماؤہ یوم القیامۃ وقد قال النّبیّ صلّی اللہ علیہ وآلہ:

"المستحلّ من عترتی ما حرّم اللہ ملعون علیٰ لسانی و لسان کلّ نبیّ مجاب، فمن ظلمنا کان فی جملۃ الظالمین لنا وکانت لعنۃ اللہ علیہ" لقولہ عزّ وجلّ: اَلا لعنۃ اللہ عَلَی الظّالمین" (سورہ ھود ۱۸)

ترجمہ: اور اُس شخص کے متعلق سوال جس کے قبضے میں ہمارے اموال ہیں وہ اُسے اپنے لیے حلال کیے ہوئے ہے یا بغیر ہماری اجازت کے وہ اُسے اس طرح صرف کر رہا ہے جیسے اپنا مال صرف کیا جاتا ہے تو اُس کا جواب یہ ہے کہ جو شخص ایسا کرتا ہے وہ ملعون ہے اور ہم قیامت کے دن اُس کے خلاف مدّعی ہوں گے ۔ چنانچہ نبی صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم خود فرما گئے ہیں کہ جو شخص میری عترت کے اُس مال کو اپنے لیے حلال کرے جسے اللہ نے حرام قرار دیا ہے وہ میری زبان پر اور ہر نبیؑ مستجاب کی زبان پر ملعون ہے ۔ "جو شخص ہم پر ظلم کرے گا اُس کا شمار بھی اُن ظالمین میں ہوگا جو ہم پر ظلم کر چکے ہیں اور جن پر اللہ عزّ وجلّ نے لعنت کی ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اَلَا لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الظّٰلِمِیْنَ ۔ (سورہ ہود ۱۸)

آگاہ ہو کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے ۔

★ ــــ وَاَمّا ما سألت عنہ من امر المولود الّذی نبتت قلفتہ بعد ما یختن ھل یختن مرّۃ اُخریٰ ؟ فانّہ یجب

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اَن تقطع قلفته (مرّةً اُخرٰی) فانّ الارض تضجّ الی اللہ عزّوجلّ من بول الاغلف اربعین صباحًا۔

ترجمہ: تم نے ایک ایسے مولود کے متعلق دریافت کیا ہے جس کی ختنہ کے بعد کھال پھر سے اُگ آئی (بڑھ گئی) کیا دوبارہ اس کا ختنہ کیا جائے گا؟ اُس کا جواب یہ ہے کہ اُس کا دوبارہ ختنہ کیا جائے گا کیونکہ زمین اُس شخص کے پیشاب کرنے سے جس کا ختنہ نہ ہوا ہو اللہ کی بارگاہ میں چالیس دن تک فریاد کرتی رہتی ہے۔

★ ——— واَمّا ما سألت عنه من امر المصلّی، والنّار والصورة و السّراج بین یدیه هل تجوز صلاته؟ فانّ النّاس اختلفوا فی ذلك قبلك؟ فانّه جائز لمن لم یكن من اولاد عبدة الاوثان والنیران، یصلّی والصورة والسراج بین یدیه، ولا یجوز ذلك لمن كان من اولاد عبدة الاوثان والنیران۔

ترجمہ: تم نے سوال کیا ہے کہ ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے اور اُس کے سامنے آگ یا تصویر یا چراغ ہے، کیا اُس کی نماز جائز ہے؟ اِس لیے کہ اس میں لوگوں کو اختلاف ہے۔؟ اِس کا جواب یہ ہے کہ یہ اُس شخص کے لیے جائز ہے جو بُت پرست یا آتش پرست کی اولاد نہ ہو۔ اگر اُس کے سامنے تصویر یا چراغ ہے تو وہ نماز پڑھ سکتا ہے مگر وہ شخص جو بُت پرست یا آتش پرست کی اولاد ہے اُس کے لیے یہ جائز نہیں ہے۔

★ ——— واَمّا ما سألت عنه من امر الضیاع الّتی لناحیتنا هل یجوز القیام بعمارتها واداء الخراج منها وصرف ما یفضل من دخلها الی النّاحیة احتسابًا للاجر وتقرّبًا الیكم فلا یحلّ لاحد ان یتصرّف فی مال غیره بغیر اذنه، فكیف یحلّ ذلك فی مالنا، من فعل شیئًا فانّما یاكل فی بطنه نارًا وسیصلی سعیرًا۔

ترجمہ: تم نے ہمارے ناحیّہ کی زمینوں کے لیے دریافت کیا ہے کہ کیا یہ جائز ہے کہ کوئی ناحیّہ کی کسی غیر آباد زمین کو آباد کرے، اُس کی مالگذاری ادا کرے اور

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اُس کی فاضل پیداوار اپنے صرف میں لائے یہ سمجھتے ہوئے کہ یہ میری حقّ المحنت اور مزدوری ہے اور تم لوگوں سے تقرّب حاصل کرے ؟

اِس کا جواب یہ ہے کہ جب ایک شخص کو کسی کے مال پر بغیر اُس کی اجازت کے تصرّف ہی جائز نہیں تو پھر ہمارے اموال کے لیے یہ کیسے جائز ہو جائے گا۔ ؟ لہٰذا جو شخص بغیر ہماری اجازت کے ایسا کرے گا، اُس نے گویا اُس چیز کو حلال کر لیا جو اس کے لیے حرام ہے اور جو ہمارے اموال میں سے ذرا سا بھی کھائے گا، گویا وہ آگ سے اپنا پیٹ بھر رہا ہے اور وہ جہنّم کی آگ میں جلے گا۔

★ وأمّا ما سألت عنه من الثمار من اموالنا يمرّ به المارّ، فيتناول منه ويأكل هل يحلّ له ذلك ؟ فانّه يحلّ أكله ويحرم عليه حمله۔

ترجمہ: تم نے یہ بھی سوال کیا ہے کہ ہمارے (ناحیہ کے) باغات اور درختوں کی طرف سے ایک گذرنے والا گذر رہا ہے وہ اس میں سے پھل توڑتا ہے اور کھاتا ہے۔ کیا اس کے لیے یہ جائز ہے ؟

جواب یہ ہے کہ توڑ کر کھا لینا تو جائز ہے مگر توڑ کر لے جانا حرام ہے۔ (احتجاج)

★ اکمال الدّین میں بھی محمّد بن جعفر اسدی سے اس کے مثل روایت مرقوم ہے۔

(۱۲) مالِ امامؑ جو کسی پر حرام ہو

ابو جعفر محمّد بن محمّد خزاعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم سے بیان کیا ابو علی ابن ابو الحسین اسدی نے اور اُنھوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے اُن کا بیان ہے کہ شیخ ابو جعفر محمّد بن عثمان عمری قدّس اللہ روحہٗ کے ذریعے بغیر میرے کچھ پوچھے ہوئے یہ تحریر موصول ہوئی۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لعنة الله والملائكة والنّاس اجمعين على مَن استحلّ من اموالنا درهمًا۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے جو رحمٰن ہے رحیم ہے۔ جو شخص ہمارے اموال میں سے ایک درہم جو اُس کے لیے حرام ہے اپنے لیے حلال کرے اُس پر اللہ اور اُس کے ملائکہ اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔

★ ابو جعفر محمّد بن محمّد خزاعی رحؒ کا بیان ہے کہ میں نے یہ توقیع دیکھی اور پڑھی۔ (اکمال الدین)

★ کتاب الاحتجاج میں بھی ابو الحسین اسدی کی یہی روایت مرقوم ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۳ مجمع میں میرا نام نہ لیا جائے

مظفّر علوی نے ابنِ عیّاشی اور حیدر بن محمّد سے، اُنھوں نے عیّاشی سے، اُنھوں نے آدم بن محمّد بلخی سے، اُنھوں نے علی بن حسین دقّاق اور ابراہیم بن محمّد سے، اور اُنھوں نے علی بن عاصم کوفی سے روایت کی ہے اور علی بن عاصم کوفی کا بیان ہے کہ حضرت صاحب الزّمان عکی اکثر توقیعات میں یہ جملہ نکلا ہے کہ:

"مَلْعُوْنٌ مَلْعُوْنٌ مَنْ سَمَّانِیْ فِیْ مَحْفِلٍ مِنَ النَّاسِ"

"ملعون ہے ملعون ہے وہ شخص جو لوگوں کے مجمع میں میرا نام لے"

(کمال الدین ۔ الاحتجاج)

۱۴ میرا نام ظاہر نہ کرو۔

محمّد بن ابراہیم بن اسحاق کا بیان ہے کہ میں نے ابوعلی محمّد بن ہمام کو کہتے ہوئے سنا، اور ابوعلی محمّد بن ھمام کا بیان ہے کہ میں نے محمّد بن عثمان عمری قدّس اللہ روحہٗ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت صاحب الزّمان علیہ السّلام کی دست مبارک سے لکھی ہوئی تحریر میں جس کو میں پہچانتا ہوں یہ ہے کہ:

"مَنْ سَمَّانِیْ فِیْ مَجْمَعٍ مِّنَ النَّاسِ بِاسْمِیْ فَعَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ

جو شخص لوگوں کے مجمع میں میرا نام لے اُس پر اللہ کی لعنت۔

نیز میں نے ایک عریضہ لکھ کر ظہورِ فرج کے متعلّق پوچھا تو جواب آیا:

"کَذِبَ الْوَقّاتُوْنَ"

اس کا وقت معیّن کرنے والے جھوٹے ہیں۔ (اکمال الدین)

۱۵ سورۂ سبا ۳۴ کی آیت ۱۸ کی وضاحت

اَبی اور ابنِ ولید نے حمیری سے، حمیری نے محمّد بن صالح ہمدانی سے روایت کی ہے کہ ہمدانی کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت صاحب الزّمان علیہ السّلام کے پاس عریضہ بھیجا اس میں لکھا کہ میرے خاندان والے مجھے ستاتے ہیں اور آپ کے آباءِ کرام کی اِس حدیث کو پیش کرتے ہیں جس میں اُن حضرات نے فرمایا ہے کہ "ہمارے قوّام اور خدّام شریر ترین خلقِ خدا ہیں"[1] آپؑ نے اس کے جواب میں تحریر فرمایا: "وَیحکم اَمَا قرأتم قول اللہ عزّ وجلّ: "وَجَعَلْنَا بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ الْقُرَی الَّتِیْ بَارَکْنَا فِیْھَا قُرًی ظَاھِرَۃً" (سبا ۳۴ آیت ۱۸)

[1] قوّامنا وخدّامنا شرار خلق اللہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمہ: تم پر افسوس ہے۔ کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ قول نہیں پڑھا:

ترجمۂ آیت: "اور ہم نے اُن لوگوں کے اور اِس قریہ کے درمیان جس میں ہم نے برکتیں نازل کی ہیں ایک ظاہری قریہ بھی قرار دیا ہے۔"

تو بخدا ہم لوگ وہ قریہ ہیں جس میں برکتیں ہیں اور تم لوگ "قریۂ ظاہرہ" ہو۔

★ عبداللہ بن جعفر کا بیان ہے کہ مجھ سے یہ حدیث علی بن محمدؐ کلینی نے بیان کی ہے اور اُنھوں نے محمدؐ بن صالح سے اور اُنھوں نے حضرت امام صاحب الزمانؑ سے روایت کی ہے۔

(۱۶) محمدؐ بن ابراہیم مہزیار کو تنبیہ

ابنِ ولید نے سعد سے، سعد نے علّان سے، علّان نے محمدؐ بن جبریل سے، محمدؐ بن جبریل نے ابراہیم اور محمدؐ پسرانِ فرج سے، اُنھوں نے محمدؐ بن ابراہیم مہزیار سے روایت کی ہے کہ وہ مرتد ہو کر اور شک میں مبتلا رہ کر وارد عراق ہوا تو وہاں ایک توقیع برآمد ہوئی جس میں یہ تحریر تھا کہ: قل للمہزیار قد فہمنا ما حکیتہ عن موالینا بناحیتکم فقل لہم اما سمعتم اللہ عزّ وجلّ یقول:

مہزیار سے کہدو کہ تم نے اپنے اطراف میں بسنے والے ہمارے شیعوں کے متعلق جو کچھ بیان کیا ہے وہ میں سمجھ گیا مگر تم اُن لوگوں سے پوچھو کہ کیا تم نے یہ قرآن کی آیت نہیں سنی ہے جس میں اللہ فرماتا ہے: "یَا اَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ" (نساء ۵۹)

اے اہلِ ایمان اللہ کی اطاعت کرو اور رسول اور اولی الامر کی اطاعت کرو۔

ھل امر الا بما ھو کائن الی یوم القیامۃ اولم تروا انّ اللہ عزّ وجلّ جعل لہم معاقل یأوون الیہا واعلاما یہتدون بہا من لدن آدم الی ان ظہر الماضی صلوات اللہ علیہ کلّما غاب علم بدا علم، واذا افل نجم طلع نجم فلمّا قبضہ اللہ عزّ وجلّ الیہ، ظننتم انّ اللہ قد قطع السبب بینہ وبین خلقہ، کلّا ما کان ذلک، ولا یکون حتّی تقوم الساعۃ ویظہر امر اللہ وہم کارہون۔

(۲) یا محمدؐ بن ابراہیم لا یدخلک الشکّ فیما قد مت لہ فانّ اللہ لا یخلی الارض من حجّۃٍ اَلیس قال لک ابوک قبل

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وفاته احضر الساعة من يعيّر هذه الدنانير التی عندی فلمّا ابطأ ذلك عليه، وخاف الشيخ على نفسه الوها قال لك: عيّرها على نفسك واخرج اليك كيسًا كبيرًا وعندك بالحضرة ثلاثة أكياس وصرّة فيها دنانير مختلفة النقد، فعيّرتها وختم الشيخ عليها بخاتمه وقال لك اختم مع خاتمی فان أعش فانا احقّ بها، وان امت فاتّق الله فی نفسك اوّلًا ثمّ فیّ فخلّصنی، وكن عند ظنّی بك۔

(۳) اخرج رحمك الله الدّنانير التی استفضلتها من بين النقدين من حسابنا وهی بضعة عشر دينارًا وَ استردّ من قبلك فانّ الزمان اصعب ما كان وحسبنا الله ونعم الوكيل۔

ترجمہ:

یہ اولی الامر یت وہی تو ہے جو تا قیامت چلتی رہے گی۔ اور کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے پناہ گاہیں بنادی ہیں جہاں تم پناہ لے سکو، عَلم نصب کر دیے ہیں جن سے تم ہدایت حاصل کرو اور یہ سلسلہ حضرت آدمؑ سے لیکر (میرے والد) جو گذر گئے، اُن تک مسلسل جاری رہا جب ایک عَلَم ٹھنڈا ہوا تو دوسرا عَلَم اُس کی جگہ نصب ہوگیا، ایک ستارہ ڈوبا تو دوسرا اُس کی جگہ نمودار ہوگیا مگر جب میرے والد گذر گئے تو تم لوگ سمجھتے ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اور اپنی مخلوق کے درمیان کا واسطہ منقطع کر دیا، حالانکہ ہرگز ایسا نہیں ہوا اور نہ ہوگا جب تک کہ قیامت برپا نہ ہوجائے امرِ الٰہی ظہور کر کے رہے گا خواہ اس سے لوگ کتنی ہی کراہت کریں۔

(۲) اے محمّد بن ابراہیم! جس مقصد کے لیے تم یہاں آئے ہو اس میں شک نہ کرو کہ اللہ تعالیٰ زمین کو حجّت سے خالی نہیں چھوڑے گا۔ یہ بتاؤ کیا تمہارے والد نے اپنی وفات سے پہلے تم سے یہ نہیں کہا تھا کہ ابھی ابھی کسی ایسے شخص کو بلاؤ جو ہمارے پاس رکھے ہوئے دیناروں کو شمار کر سکے، مگر جب ایسے کسی شخص کے آنے میں تاخیر ہوئی اور اس بزرگ کو خطرہ محسوس ہوا کہ کہیں اسی اثنا میں اپنا دم نہ نکل جائے تو تم سے کہا کہ اب تم خود ہی ان دیناروں کو گن لو اور یہ کہکر انھوں نے ایک بڑا سا کیسہ (تھیلا) نکالا اور اُس وقت تمہارے سامنے تین کیسے (تھیلے) اور ایک تھیلی تھی جس میں مختلف

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اوزان کے دینار تھے۔ تم نے اُن کو گِنا اور اُن بزرگ نے اُن تھیلوں پر اپنی مہر لگائی اور تم سے کہا کہ تم بھی اِس پر اپنی مہر لگاؤ۔ اگر میں زندہ رہ گیا تو مجھے اس کا زیادہ حق ہے اور اگر مر گیا تو سب سے پہلے تم اپنے لیے اللہ سے ڈرنا اور پھر میرے لیے اور مجھے اس کی ذمّے داری سے نجات دلانا اور وہ کرنا جو میں تم سے اُمید رکھتا ہوں۔

لہٰذا اللہ تم پر رحم کرے وہ دینار جو تم نے اُن نقدیات میں سے ہمارے حساب سے فاضل سمجھا تھا اسے نکالو اور وہ دس سے زیادہ دینار تھے اور اُسے واپس کرو اِس لیے کہ زمانہ پہلے سے زیادہ صعب و سخت ہے اور ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہ بہترین وکیل و کارساز ہے۔ (اکمال الدین)

(۱۷) جعفر بن حمدان کے مسائل

حسین بن اسماعیل کندی کا بیان ہے کہ جعفر بن حمدان نے امامِ زمانہ کو عریضہ لکھ کر یہ مسئلہ دریافت کیا کہ میں نے ایک کنیز کو اپنے لیے حلال کیا مگر اُس کنیز سے یہ شرط کی کہ اُس کے کوئی لڑکا پیدا نہ ہوگا۔ جب اُس کو ایک مدّت گذر گئی تو ایک دن اُس کنیز نے کہا مجھے تو حمل قرار پا گیا ہے میں نے کہا، یہ کیسے؟ مجھے تو یاد نہیں کہ میں نے تجھ سے اولاد چاہی ہو۔ غرض اس کے بعد میں کچھ دنوں کے لیے باہر چلا گیا۔ جب واپس آیا تو وہ کنیز گود میں ایک فرزند کو لیے ہوئے آئی۔ اور اِس سے پہلے میں اپنی ساری جائیداد اپنی دوسری اولادوں پر وقف کر چکا تھا۔ جب وہ فرزند لیکر آئی تو اُس کے لیے میں نے وصیّت کر دی کہ اگر میں مر جاؤں تو جب تک یہ چھوٹا ہے اس کے اخراجات پورے کیے جائیں لیکن جب بڑا ہو جائے تو ہماری جائیداد سے اس کو یکمشت دو سو دینار دے دیے جائیں اور اِس رقم کے ادا کر دینے کے بعد اس کا اس وقف سے کوئی مطلب نہیں۔

اب دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ اِس فرزند کے لیے جو حکم ہو اُس پر عمل کیا جائے۔؟

جواب آیا کہ:

"اَمّا الرَّجل الّذی استحلَّ بالجاریۃ وشرط علیہا اَن لا یطلب ولدھا فسبحان من لا شریک لہ فی قدرتہ شرط علی الجاریۃ شرطا علی اللہ عزّوجلّ؟ ھٰذا ما لا یؤمن اَن یکون وحیث عرض فی ھذا الشکّ ولیس یعرف الوقت الّذی اَتاھا فیہ فلیس ذلک بموجب لبراءۃ فی ولدہ واَمّا اِعطاء المائتی دینار و اخراجہ من الوقف فالمال مالہ فعل فیہ ما اَراد۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ترجمۂ جواب: "وہ شخص جس نے کنیز کو اس شرط پر اپنے لیے حلال کیا کہ اُس کے اولاد نہ ہو تو پاک ہے وہ ذات کہ جس کی قدرت میں اس کا کوئی شریک نہیں۔ یہ شرط تو کنیز سے نہ ہوئی بلکہ اللہ تعالیٰ سے ہوگئی۔ اب رہ گیا اس (فرزند) کو دو سو دینار دینا اور اسے وقف میں شریک نہ کرنا اور وقف سے خارج کر دینا، تو جائیداد تو اُس کی ہے وہ جو چاہے کرے۔

(۱۸) دُعاء بزمانۂ غیبتِ امامِ زمانہ علیہ السلام

ابو محمد حسن بن محمد مکتب کا بیان ہے کہ مجھ سے ابو علی ہمام نے اِس دُعاء کی روایت کی اور کہا کہ شیخ قدس اللہ روحہ، نے اِس دُعاء کو املاء کرایا اور فرمایا کہ یہ دُعاء پڑھا کرو:

دُعاء:

اَللّٰھُمَّ عَرِّفْنِیْ نَفْسَکَ فَاِنَّکَ اِنْ لَّمْ تُعَرِّفْنِیْ

اے اللہ (پروردگار) تو مجھے اپنی ذات کی معرفت عطا فرما کیونکہ اگر تو نے مجھے معرفت نہ دی

نَفْسَکَ لَمْ اَعْرِفْ رَسُوْلَکَ۔

اپنی ذات کی تو میں تیرے رسولؐ کی معرفت حاصل نہ کر سکوں گا۔

اَللّٰھُمَّ عَرِّفْنِیْ رَسُوْلَکَ فَاِنَّکَ اِنْ لَّمْ تُعَرِّفْنِیْ رَسُوْلَکَ

(پروردگار) اے اللہ! مجھے اپنے رسولؐ کی معرفت عطا فرما اس لیے کہ اگر تو نے مجھے اپنے رسول کی معرفت

لَمْ اَعْرِفْ حُجَّتَکَ۔

نہ دی تو میں تیری حجّت کی معرفت حاصل نہ کر سکوں گا

اَللّٰھُمَّ عَرِّفْنِیْ حُجَّتَکَ فَاِنَّکَ اِنْ لَّمْ تُعَرِّفْنِیْ حُجَّتَکَ

(پروردگار) اے اللہ! تو مجھے اپنی حجّت کی معرفت عطا فرما اِس لیے کہ اگر تو نے مجھے اپنی حجّت کی معرفت

ضَلَلْتُ عَنْ دِیْنِیْ۔

نہ دی تو میں اپنے دین سے گمراہ و بے دین ہو جاؤں گا۔

اَللّٰھُمَّ لَا تُمِتْنِیْ مِیْتَۃً جَاھِلِیَّۃً، وَلَا تُزِغْ قَلْبِیْ

(پروردگار) اے اللہ! تو مجھے جاہلیت کی موت نہ مارنا۔ اور میرے دل کو منحرف نہ ہونے

بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنِیْ۔

دینا جبکہ تو نے مجھے ہدایت دی ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اَللّٰھُمَّ فَکَمَا ھَدَیْتَنِیْ بِوِلَایَۃِ مَنْ فَرَضْتَ طَاعَتَہٗ
(پروردگار) اے اللہ! جس طرح تُو نے میری ہدایت فرمائی اپنے رسولؐ کے بعد اپنے اُن والیانِ امر کی
عَلَیَّ مِنْ وُّلَاۃِ اَمْرِکَ بَعْدَ رَسُوْلِکَ صَلَوَاتُکَ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
طرف جن کی اطاعت مجھ پر فرض ہے چنانچہ میں تیرے والیانِ امر جناب امیر المومنین و
حَتّٰی وَالَیْتُ وُلَاۃَ اَمْرِکَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْحَسَنِؑ وَ
سے (درود و سلام ہو تیرا اُن پر) تولّا رکھتا ہوں اور امام حسنؑ و
الْحُسَیْنِ وَ عَلِیًّا وَّ مُحَمَّدًا وَّ جَعْفَرًا وَّ مُوْسٰی وَ
امام حسینؑ سے اور علیؑ اور محمدؑ باقر سے اور جعفر صادق اور موسیٰ کاظم سے اور
عَلِیًّا وَّ مُحَمَّدًا وَّ عَلِیًّا وَّالْحَسَنِ وَالْحُجَّۃِ الْقَائِمِ
امام علیؑ رضا اور محمدؑ تقی سے اور علیؑ نقی و حسنؑ عسکری سے اور حجت قائم
الْمَھْدِیِّ صَلَوَاتُکَ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ۔
امام مہدیؑ سے تیری رحمتیں نازل ہوں اُن سب حضرات پر۔
اَللّٰھُمَّ فَثَبِّتْنِیْ عَلٰی دِیْنِکَ وَاسْتَعْمِلْنِیْ
(پروردگار) اے اللہ! پس تُو مجھے اپنے دین پر ثابت قدم رکھ اور مجھے عمل کی توفیق پر مشغول
بِطَاعَتِکَ وَ لَیِّنْ قَلْبِیْ لِوَلِیِّ اَمْرِکَ وَ
رکھ اپنی اطاعت کے ساتھ اور میرے دل کو نرم رکھ اپنے ولیؑ امر کے لیے اور
عَافِنِیْ مِمَّا امْتَحَنْتَ بِہٖ خَلْقَکَ وَ ثَبِّتْنِیْ
مجھے اپنی مخلوق کی طرف سے آزمائشوں سے محفوظ رکھ۔ اور مجھے ثابت قدم رکھ
عَلٰی طَاعَۃِ وَلِیِّ اَمْرِکَ الَّذِیْ سَتَرْتَہٗ عَنْ خَلْقِکَ
اپنے اُس ولیؑ امر کی اطاعت پر جس کو تُو نے اپنی مخلوق سے پوشیدہ رکھا ہے
فَبِاِذْنِکَ غَابَ عَنْ بَرِیَّتِکَ وَ اَمْرُکَ یَنْتَظِرُ
پس وہ تیرے حکم و اجازت سے تمام لوگوں سے غائب ہیں اور تیرے حکم کے منتظر ہیں
وَ اَنْتَ الْعَالِمُ غَیْرُ مُعَلَّمٍ بِالْوَقْتِ الَّذِیْ فِیْہِ صَلَاحُ
اور تجھے کون بتانے والا ہے تو خود ہی عالم ہے کہ تیرے ولیؑ امر کے لیے اذنِ ظہور
اَمْرِ وَلِیِّکَ فِی الْاِذْنِ لَہٗ، بِاِظْھَارِ اَمْرِہٖ وَ کَشْفِ سِرِّہٖ
دنیا میں کب مناسب ہے۔ (اور تو یہ بھی جانتا ہے کہ) امر اور زار کب ظاہر ہونا چاہیے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَصَبِّرْنِیْ عَلٰی ذٰلِكَ حَتّٰی لَا اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَا اَخَّرْتَ
اور مجھے صبر عطا فرما تاکہ میں اس امر (کے ظہور) کو جلدی نہ چاہوں جس کو تو نے مؤخر کیا ہے
وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ وَلَا اَكْشِفُ عَمَّا سَتَرْتَهٗ
اور جس امر کو تو جلدی چاہتا ہے اس میں تاخیر نہ چاہوں۔ اور نہ ظاہر کروں جس کو تو نے چھپایا ہے
وَلَا اَبْحَثُ عَمَّا كَتَمْتَهٗ وَلَا اُنَازِعُكَ فِیْ تَدْبِیْرِكَ
اور نہ تلاش کروں اس کو جسے تو پوشیدہ رکھا ہے۔ اور تیری تدبیر پر بحث نہ کروں۔
وَلَا اَقُوْلُ لِمَ وَكَیْفَ ؟ وَمَا بَالُ وَلِیِّ اَمْرِ اللّٰهِ لَا یَظْهَرُ ؟
اور یہ نہ کہوں کہ یہ کیوں ہے اور کیسے ہے ؟ اور ولیِ امرِ الٰہی کیوں ظہور نہیں فرماتے
وَقَدِ امْتَلَاَتِ الْاَرْضُ مِنَ الْجَوْرِ ، وَاُفَوِّضُ اُمُوْرِیْ
حالانکہ زمین تو ظلم و جور سے بھر چکی ہے۔ . . . . اور میں سپرد کردوں اپنے اُمور
كُلَّهَا اِلَیْكَ۔
کُل کے کُل تیری طرف۔
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ اَنْ تُرِیَنِیْ وَلِیَّ اَمْرِكَ ظَاهِرًا
(پروردگار) اے اللہ! میں تجھ ہی سے درخواست کرتا ہوں کہ تو مجھے اپنے ولیِ امر کی زیارت کا شرف بخش دے
نَافِذًا لِاَمْرِكَ مَعَ عِلْمِیْ بِاَنَّ لَكَ السُّلْطَانَ وَ
تاکہ میں دیکھوں کہ وہ تیرے حکم کو نافذ فرما رہے ہیں۔ یہ جاننے کیلئے کہ تو ہی سلطان ہے اور
الْقُدْرَةَ وَالْبُرْهَانَ وَالْحُجَّةَ وَالْمَشِیَّةَ وَالْاِرَادَةَ
تو ہی صاحبِ قدرت و برہان و حجت و مشیت و ارادہ
وَالْحَوْلَ وَالْقُوَّةَ فَافْعَلْ ذٰلِكَ بِیْ وَبِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ
اور طاقت اور قوت ہے۔ لہٰذا تو میرے لیے اور تمام مومنین کے لیے ایسا کردے
حَتّٰی نَنْظُرَ اِلٰی وَلِیِّكَ ظَاهِرَ الْمَقَالَةِ وَاَضْحَ الدَّلَالَةِ
تاکہ ہم لوگ تیرے ولیِ امر کو ظاہر بہ ظاہر بولتے ہوئے واضح طور پر رہنمائی کرتے ہوئے
هَادِیًا مِّنَ الضَّلَالَةِ ، شَافِیًا مِّنَ الْجَهَالَةِ ،
لوگوں کو گمراہی سے ہدایت کی طرف لاتے ہوئے، جہالت سے بچا کر نکالتے ہوئے دیکھیں۔
اَبْرِزْ یَا رَبِّ مَشَاهِدَهٗ وَثَبِّتْ قَوَاعِدَهٗ وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ
اے میرے پروردگار! تو اُن کے مشاہد کو نمایاں کر، اور اُن کے قواعد کو استوار کر اور ہمیں قرار دے اُن
لوگوں میں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تَقَرُّ عَيْنَنَا بِرُؤْيَتِهٖ ، وَ اَقِمْنَا بِخِدْمَتِهٖ وَ تَوَفَّنَا

جو اُن کی زیارت سے اپنی آنکھیں ٹھنڈی کریں گے اور مجھے اُن کی خدمت پر قائم رکھ اور مجھے موت

عَلٰى مِلَّتِهٖ ، وَ احْشُرْنَا فِىْ زُمْرَتِهٖ ۔

دے اُن ہی کی ملّت پر اور ہمیں اُن ہی کے زُمرے (گروہ) میں محشور فرما۔

اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنْ شَرِّ جَمِيْعِ مَا خَلَقْتَ وَ بَرَاْتَ وَ اَنْشَاْتَ

(پروردگار) اے اللہ! تُو اُن (ولیٔ امرؑ) کو محفوظ فرما اُن تمام چیزوں کے شر سے جنھیں تُو نے پیدا کیا اور

وَ صَوَّرْتَ ۔

(جنھیں) جیسے تُو نے پالا، جسے تُو نے ایجاد کیا، جس کی تُو نے صورت بنائی۔

وَ احْفَظْهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ وَ عَنْ يَمِيْنِهٖ

اور تُو اُن کی حفاظت فرما اُن کے سامنے سے اور اُن کے پُشت سے اور اُن کے داہنے جانب سے

وَ عَنْ شَمَالِهٖ وَ مِنْ فَوْقِهٖ وَ مِنْ تَحْتِهٖ

اور اُن کے بائیں جانب سے ، اور اُن کے اوپر سے اور اُن کے نیچے سے

بِحِفْظِكَ الَّذِىْ لَا يَضِيْعُ مَنْ حَفَظْتَهٗ بِهٖ

اور تُو اپنی اُس حفاظت سے کام لے جس کے بعد کسی کو کوئی اسیب و گزند نہیں پہونچ سکتا ،

وَ احْفَظْ فِيْهِ رَسُوْلَكَ وَ وَصِىَّ رَسُوْلِكَ ۔

اور اُن کی حفاظت کر کے تُو اپنے رسولؐ اور اپنے رسولؐ کے وصی کی حفاظت فرما۔

اَللّٰهُمَّ وَ مَدَّ فِىْ عُمُرِهٖ وَ زِدْ فِىْ اَجَلِهٖ

(پروردگار) اے اللہ! تُو اُن جناب کی عمر دراز فرما اور اُن کی مدّتِ حیات کو زیادہ فرما

وَ اَعِنْهُ عَلٰى مَا اَوْلَيْتَهٗ وَ اسْتَرْعَيْتَهٗ

اور وہ ذمّے داریاں جو آنجناب کو تُو نے سپرد کی ہیں اُن میں اُن کی اعانت فرما

وَ زِدْ فِىْ كَرَامَتِكَ لَهٗ فَاِنَّهُ الْهَادِى الْمَهْدِىُّ

(پروردگار) اور اُن کی بزرگی میں اضافہ فرما کیونکہ وہی ہادی ، مہدی

الْقَائِمُ الْمُهْتَدِى الطَّاهِرُ التَّقِىُّ النَّقِىُّ الزَّكِىُّ

قائمِ مہتدی ، پاک و پاکیزہ (طاہر) صاحبِ تقویٰ ، پاکیزہ اوصاف زکی

الرَّضِىُّ الصَّابِرُ الْمُجْتَهِدُ الشَّكُوْرُ ۔

راضی بہ رضاءِ خدا صبر کرنے والے ، دین میں کوشش کرنے والے ، بہت شکر کرنے والے ہیں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اَللّٰهُمَّ وَلَا تَسْلُبْنَا الْيَقِيْنَ لِطُوْلِ الْاَمَدِ فِيْ غَيْبَتِهٖ

پروردگارا اے اللہ! اگرچہ اُنکی مدّتِ غیبت طویل ہو چکی ہے اور اُنکی کوئی خبر بھی ہمیں نہیں پہونچتی

وَانْقِطَاعِ خَبَرِهٖ عَنَّا

اِس کے باوجود ہمارے یقین کو (جو اُن کے بارے میں ہے) ہم سے سلب نہ کر لینا۔

وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَهٗ وَانْتِظَارَهٗ وَالْاِيْمَانَ بِهٖ وَقُوَّةَ الْيَقِيْنِ

اور اُن کے ذکر، اُن کے انتظار، اُن پر ایمان، اُن کے ظہور پر پختہ یقین

فِيْ ظُهُوْرِهٖ وَالدُّعَاءَ لَهٗ وَالصَّلٰوةَ عَلَيْهِ

اور اُن کے لیے دُعا، اور اُن پر درود کو ہم سے نہ بھلا دینا۔

حَتّٰى لَا يُقَنِّطَنَا طُوْلُ غَيْبَتِهٖ مِنْ ظُهُوْرِهٖ وَقِيَامِهٖ

تاکہ اُن کی طولِ غیبت کی وجہ سے اُن کے ظہور و قیام سے ہم لوگ مایوس نہ ہو جائیں۔

وَيَكُوْنُ يَقِيْنُنَا فِيْ ذٰلِكَ كَيَقِيْنِنَا فِيْ قِيَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ص وَ

اور اُن کے ظہور پر ہمارا یقین بالکل ویسا ہی رہے جیسے رسول اللہ ص کی بعثت اور

وَمَا جَآءَ بِهٖ مِنْ وَّحْيِكَ وَتَنْزِيْلِكَ قَوِّ قُلُوْبَنَا

جیسا کہ تیری وحی اور تیری تنزیل پر ہم لوگوں کا یقین ہے اور ہمارے قلوب کو قوّت

عَلَى الْاِيْمَانِ بِهٖ حَتّٰى تَسْلُكَ بِنَا عَلٰى يَدِهٖ مِنْهَاجَ

عطا فرما اُن پر ایمان رکھنے کے سلسلے میں تاکہ تو اُن کے ہاتھوں ہمیں راہِ ہدایت

الْهُدٰى وَالْمَحَجَّةَ الْعُظْمٰى، وَالطَّرِيْقَةَ الْوُسْطٰى

اور حجّتِ عظمیٰ اور میانہ روی و طریقۂ وسطیٰ پر چلائے۔

وَقَوِّنَا عَلٰى طَاعَتِهٖ، وَثَبِّتْنَا عَلٰى مُشَايَعَتِهٖ

پروردگار! تو ہم لوگوں کو آنجناب کی اطاعت کی قوّت عطا فرما اور اُن کی پیروی پر ہمیں ثابت قدم رکھ

وَاجْعَلْنَا فِيْ حِزْبِهٖ وَاَعْوَانِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَالرَّاضِيْنَ

اور ہمیں آنجناب کے گروہ اور اُن کے اعوان و انصار میں شامل فرما اور یہ کہ ہم اُن کے ہر اقدام پر

بِفِعْلِهٖ وَلَا تَسْلُبْنَا ذٰلِكَ فِيْ حَيَاتِنَا وَلَا عِنْدَ وَفَاتِنَا

راضی رہیں۔ اور یہ سب نہ تو ہم لوگوں سے ہماری زندگی میں سلب کر نہ وقتِ وفات

حَتّٰى تَتَوَفَّانَا وَنَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ شَاكِّيْنَ وَلَا نَاكِثِيْنَ وَلَا

تاکہ جب ہمیں موت آئے تو اُس وقت بھی اُن کے متعلّق نہ کوئی شک رکھیں نہ شبہ رکھیں نہ اُن کے

مُرْتَابِيْنَ وَلَا مُكَذِّبِيْنَ۔ عہد کو توڑیں نہ اُن کی تکذیب کریں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اَللّٰهُمَّ عَجِّلْ فَرَجَهٗ وَاَيِّدْهُ بِالنَّصْرِ

(پروردگار) یااللہ! تو آنجناب کے ظہور وفرج وکشادگی میں تعجیل فرما اور اپنی نصرت سے انکی تائید فرما

وَانْصُرْ نَاصِرِيْهِ وَاخْذُلْ خَاذِلِيْهِ وَدَمْدِمْ عَلٰى مَنْ

اور اُن کی نصرت کرنے والوں کی نصرت فرما اُن کو چھوڑنے والوں کو چھوڑ دے۔ اور جو لوگ اُن کی

نَصَبَ لَهٗ وَكَذَّبَ بِهٖ

دشمنی پر کمر بستہ ہوں اور اُن کی تکذیب پر آمادہ ہوں اُن کو نیست و نابود کر دے

وَاَظْهِرْ بِهِ الْحَقَّ وَاَمِتْ بِهِ الْجَوْرَ

اور آنجناب کے ذریعے سے حق کو ظاہر فرما اور ظلم و جور کو اُن کے ذریعے سے مٹا دے

وَاسْتَنْقِذْ بِهٖ عِبَادَكَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ الذُّلِّ

اور آنجناب کے ذریعے سے مومنین کو ذلّت و رسوائی سے رہائی کرا دے۔

وَانْعَشْ بِهِ الْبِلَادَ وَاقْتُلْ بِهِ الْجَبَابِرَةَ الْكَفَرَةَ

اور اُن جناب کے ذریعے سے شہروں کو آباد و شاد کر دے اور جابروں اور کافروں کو اُن سے قتل کرا دے

وَاقْصِمْ بِهٖ رُؤُسَ الضَّلَالَةِ وَذَلِّلْ بِهِ الْجَبَّارِيْنَ وَالْكَافِرِيْنَ

اور اُن کے ذریعے سے گمراہیوں کے سرکچل دے اور اُن کے ذریعے سے جبّاروں اور کافروں کو ذلیل کرا دے

وَاَبِرْ بِهِ الْمُنَافِقِيْنَ وَالنَّاكِثِيْنَ وَجَمِيْعَ الْمُخَالِفِيْنَ

اور تہس نہس کرا دے اُن جناب کے ذریعے سے منافقوں اور بیعت کو توڑنے والوں اور تمام مخالفوں کو

وَالْمُلْحِدِيْنَ فِيْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا وَبَحْرِهَا وَبَرِّهَا

اور تمام ملحدون کو برباد کرا دے خواہ وہ زمین کے مشرقوں میں ہوں یا مغربوں میں خواہ وہ تری میں ہوں یا

وَسَهْلِهَا وَجَبَلِهَا، حَتّٰى لَا تَدَعَ مِنْهُمْ دَيَّارًا۔ وَلَا

خشکی میں، خواہ وہ میدانوں میں ہوں یا وہ پہاڑوں پر حتّٰی کہ اُن کا کوئی گھر باقی نہ رہے اور

تَبْقٰى لَهُمْ آثَارًا وَتَطَهَّرْ مِنْهُمْ بِلَادَكَ

اُن کا نام و نشان تک نہ رہنے دے اور اُن سے اپنے شہروں کو پاک کر

وَاشْفِ مِنْهُمْ صُدُوْرَ عِبَادِكَ

اور اُن لوگوں کو برباد کر کے اپنے بندوں کے دلوں کو شفا بخش۔

وَجَدِّدْ بِهٖ مَا امْتَحَا مِنْ دِيْنِكَ

اور آنجناب کے ذریعے سے تیرے دین سے جو محو کر دیا گیا ہے اُس کی تجدید فرما۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَاَصْلِحْ بِهٖ مَا بَدَّلَ مِنْ حُكْمِكَ وَغَيَّرَ مِنْ سُنَّتِكَ

اور تیرے احکامات میں جو تبدیلی کی گئی ہے اور تیری سُنّت میں جو تغیّر کیا گیا ہے اُن جناب کے ذریعے سے اُن سب کی اصلاح فرما۔

حَتّٰى يَعُوْدُ دِيْنُكَ بِهٖ وَعَلٰى يَدِهٖ غَضًّا جَدِيْدًا صَحِيْحًا

یہانتک کہ تیرا دین اُن جناب کے ذریعے سے پھر سے پلٹ آئے جدید اور صحیح انداز میں،

لَا عِوَجَ فِيْهِ وَلَا بِدْعَةَ مَعَهٗ حَتّٰى تُطْفِئَ بِعَدْلِهٖ

اس طرح کہ اُس میں نہ کوئی کجی ہو اور نہ اُس کے ساتھ کوئی بدعت ہو، یہانتک بجھ جائے اُن کے

نِيْرَانَ الْكَافِرِيْنَ۔

عدل و انصاف کی وجہ سے کافروں کی بھڑکائی ہوئی آگ۔

فَاِنَّهٗ عَبْدُكَ الَّذِيْ اسْتَخْلَصْتَهٗ لِنَفْسِكَ

اس لیے کہ بلاشبہ وہ تیرے ایسے عبد ہیں کہ جنھیں تُو نے اپنے لیے منتخب فرمایا ہے

وَارْتَضَيْتَهٗ لِنُصْرَةِ دِيْنِكَ وَاصْطَفَيْتَهٗ بِعِلْمِكَ

اور تُو نے اُن جناب کو اپنے دین کی نصرت کے لیے پسند فرمایا ہے اور اپنے علم کیلئے اُن کو چُنا ہے

وَعَصَمْتَهٗ مِنَ الذُّنُوْبِ وَبَرَّاْتَهٗ مِنَ الْعُيُوْبِ

اور تُو نے اُن جناب کو گناہوں سے پاک اور عیوب سے دور رکھا ہے

وَاَطْلَعْتَهٗ عَلَى الْغُيُوْبِ، وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ

اور تُو نے اُن جناب کو اپنے غیب کی باتوں پر مطّلع فرمایا ہے اور اُن پر اپنا انعام کیا ہے

وَطَهَّرْتَهٗ مِنَ الرِّجْسِ وَنَقَّيْتَهٗ مِنَ الدَّنَسِ۔

اور تُو نے اُن جناب کو ہر رِجس سے پاک رکھا ہے اور ہر نجاست و پلیدگی سے دور ہی رکھا ہے۔

اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى آبَآئِهِ الْاَئِمَّةِ الطَّاهِرِيْنَ وَ

(پروردگار) اے اللہ! اب تُو اُن جناب پر رحمت نازل فرما اور اُن کے آباء ائمۂ طاہرینؑ اور

عَلٰى شِيْعَتِهِمُ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَبَلِّهِمْ مِنْ آمَالِهِمْ اَفْضَلَ

اُن کے منتخب شیعوں پر۔ اور اُن کی اُمیدیں اِس سے بھی زیادہ پوری کر جتنی اُنھیں

مَا يَاْمُلُوْنَ۔ وَاجْعَلْ ذٰلِكَ مِنَّا خَالِصًا مِّنْ كُلِّ شَكٍّ وَّ

پوری ہونے کی اُمید ہے۔ اور ہماری اِس دُعا کو بالکل خالص شک و شبہ سے پاک

شُبْهَةٍ وَّرِيَآءٍ وَّسُمْعَةٍ حَتّٰى لَا نُرِيْدَ بِهٖ غَيْرَكَ

اور ریاء و شہرت سے مبرّا قرار دے تاکہ ہم تیرے سوا کسی غیر کا ارادہ نہ کریں

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَلَا نَطْلُبُ بِهٖ اِلَّا وَجْهَكَ۔

اور ہم تیری رضا کے علاوہ اور کچھ نہ چاہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَشْكُوْ اِلَيْكَ فَقْدَ نَبِيِّنَا وَغَيْبَةَ وَلِيِّنَا

(پروردگار!) اے اللہ! ہم لوگ اپنے نبیؐ کے جدا ہونے کی تجھ سے شکایت کرتے ہیں اور اپنے ولیِ عصر

وَ شِدَّةَ الزَّمَانِ عَلَيْنَا وَ وُقُوْعَ الْفِتَنِ (بِنَا)

کی غیبت کی، اور زمانے کی سختیوں کی، اور ہر طرف فتنوں کے برپا ہونے کی،

وَتَظَاهُرَ الْاَعْدَآءِ وَكَثْرَةَ عَدُوِّنَا وَ قِلَّةَ عَدَدِنَا

اور دشمنوں کے غلبے کی، اعداء کی کثرت اور زیادتی کی، اور اپنی تعداد میں کمی کی (شکایت کرتے ہیں)

اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ ذٰلِكَ بِفَتْحٍ مِنْكَ تُعَجِّلُهٗ وَ بِصَبْرٍ

(پروردگار!) اے اللہ! اپنی طرف سے اُن کی کشادگی کو جلد کھول دے اور اپنی طرف سے عطا کردہ

مِّنْكَ تَيَسَّرُهٗ وَاِمَامَ عَدْلٍ تُظْهِرُهٗ اِلٰهَ الْحَقِّ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

صبر کے ذریعے سے آسانی پیدا کر دے اور امام عادل کو ظاہر فرما اے معبودِ برحق عالمین کے پروردگار!

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ اَنْ تَاْذَنَ لِوَلِيِّكَ فِيْ اِظْهَارِ

(پروردگار!) اے اللہ! ہم تجھ سے التجا کرتے ہیں کہ تُو اپنے ولی (عصر) کو اذن دیدے کہ وہ تیرے

عَدْلِكَ فِيْ عِبَادِكَ وَقَتْلِ اَعْدَآئِكَ فِيْ بِلَادِكَ

بندوں پر تیرے عدل کا اظہار کریں۔ اور تیرے شہروں میں تیرے دشمنوں کو قتل کریں۔

حَتّٰى لَا تَدَعَ لِلْجَوْرِ دِعَامَةً اِلَّا قَصَمْتَهَا وَلَا بُنْيَةً

یہاں تک کہ ظلم و جور کے کسی ستون کو بغیر گرائے ہوئے، اور اُس کی کسی عمارت کو بغیر

اِلَّا اَفْنَيْتَهَا وَلَا قُوَّةً اِلَّا اَوْهَنْتَهَا وَلَا رُكْنًا اِلَّا هَدَدْتَهٗ

مسمار کیے ہوئے، اور کسی قوت کو بغیر کمزور کیے ہوئے، اور نہ کسی رُکن کو بغیر ڈھائے

وَلَا حَدًّا اِلَّا فَلَلْتَهٗ، وَلَا سِلَاحًا اِلَّا كَلَلْتَهٗ، وَلَا رَايَةً

ہوئے، اور نہ کسی تلوار کی دھار کو بغیر کُند کیے ہوئے، اور نہ کسی اسلحہ کو بغیر ناکارہ کیے ہوئے

اِلَّا نَكَّسْتَهَا، وَلَا شُجَاعًا اِلَّا قَتَلْتَهٗ

اور نہ کسی جھنڈے کو بغیر سرنگوں کیے ہوئے، اور نہ کسی بہادر کو بغیر قتل کیے ہوئے

وَلَا جَيْشًا اِلَّا خَذَلْتَهٗ

اور نہ کسی لشکر کو بغیر شکست دیے ہوئے چھوڑیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اِرْمِهِمْ يَا رَبِّ بِحَجَرِكَ الدَّامِغِ وَاضْرِبْهُمْ بِسَيْفِكَ الْقَاطِعِ

اے میرے پروردگار! تو اُن (دشمنوں) پر اپنا پتھر برسا۔ اور اپنی تیز تلوار سے اُن پر ضرب لگا

وَبِبَأْسِكَ الَّذِيْ لَا يَرُدُّ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ

اور اُن پر اپنا ایسا حملہ کر جو مجرم قوم سے کبھی پسپا نہ کیا جا سکے۔

وَعَذِّبْ اَعْدَآءَكَ وَاَعْدَآءَ دِيْنِكَ وَاَعْدَآءَ رَسُوْلِكَ

اور عذاب نازل کر اپنے دشمنوں پر اور اپنے دین کے دشمنوں پر اور اپنے رسول کے دشمنوں پر

بِيَدِ وَلِيِّكَ وَاَيْدِيْ عِبَادِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

اپنے ولی (عصر) کے ہاتھ سے اور اپنے مومن بندوں کے ہاتھوں سے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِ وَلِيَّكَ وَحُجَّتَكَ فِيْ اَرْضِكَ هَوْلَ عَدُوِّهٖ

(پروردگار!) اے اللہ! تو اپنے ولی اور اپنی زمین میں اپنی حجت کی حفاظت کر اُن کے دشمن کے

وَكِدْ مَنْ كَادَهٗ وَامْكُرْ بِمَنْ مَكَرَ بِهٖ

خوف سے۔ اور جو اُس سے کید و مکر کرے تو بھی اُس سے کید کر اور جو اُس سے مکر کرے تو بھی

وَاجْعَلْ دَائِرَةَ السَّوْءِ عَلٰى مَنْ اَرَادَ بِهٖ سُوْءًا

اُس سے مکر کر۔ اور اُن سے بُرائی کا ارادہ کرے تو اُسے دائرۂ مصائب میں گرفتار کر

وَاقْطَعْ مَادَّتَهُمْ وَاَرْعِبْ بِهٖ قُلُوْبَهُمْ

اور اُن کی بنیادوں کو قطع کر دے اور اُن کے قلوب پر آنجناب کا رُعب بٹھا دے

وَزَلْزِلْ لَهٗ اَقْدَامَهُمْ وَخُذْهُمْ جَهْرَةً وَّبَغْتَةً

اور اُن کے قدموں لرزش پیدا کر دے اور اُنھیں ظاہری اور باطنی طور پر گرفت میں لے

شَدِّدْ عَلَيْهِمْ عِقَابَكَ وَاَخْزِهِمْ فِيْ عِبَادِكَ

اُن پر اپنا شدید عقاب کر اور اُنھیں اپنے بندوں میں رُسوا کر

وَالْعَنْهُمْ فِيْ بِلَادِكَ وَاَسْكِنْهُمْ اَسْفَلَ نَارِكَ

اور اُن کے اوپر اپنے شہروں میں لعنت برسوا اور اُنھیں جہنّم کے نیچے والے درجے میں ڈال

وَاَحِطْ بِهِمْ اَشَدَّ عَذَابِكَ وَاَصْلِهِمْ نَارًا وَاَحَشَّ

اور اُن کیلئے اپنے عذاب کو بہت سخت کر دے اور اُن کو جہنّم میں جلا دے اور اُن کے

قُبُوْرَ مَوْتَاهُمْ نَارًا وَاَصْلِهِمْ حَرَّ نَارِكَ فَاِنَّهُمْ

مُردوں کی قبروں کو آتشِ جہنّم سے بھر دے اور اُنھیں جہنّم کی میں پھونک دے۔ کیونکہ اُنھوں نے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ وَاَذَلُّوا عِبَادَكَ

نماز کو ضائع کیا اور اپنے خواہشات کی پیروی کی اور تیرے بندوں کو ذلیل کیا۔

اَللّٰهُمَّ وَاَحْيِ بِوَلِيِّكَ الْقُرْآنَ ، وَاَرِنَا نُوْرَهٗ سَرْمَدًا

(پروردگار) اے اللہ! تو اپنے ولی (عصر) کے ذریعے سے قرآن میں روحِ تازہ پھونک اور ہمیں اس کا

لَا ظُلْمَةَ فِيْهِ ، وَاَحْيِ بِهِ الْقُلُوْبَ الْمَيِّتَةَ

وہ سرمدی نور دکھا جس میں ظلمت نام کو نہ ہو۔ اور اُن کے ذریعے سے مردہ دلوں کو زندہ کر

وَاشْفِ بِهِ الصُّدُوْرَ الْوَغِرَةَ وَاجْمَعْ بِهِ الْاَهْوَآءَ الْمُخْتَلِفَةَ

اور اُن کے ذریعے سے لوگوں کے دلوں کی آگ کو بجھا۔ اور لوگوں کے مختلف خیالات کو حق پر جمع

عَلَى الْحَقِّ ، وَاَقِمْ بِهِ الْحُدُوْدَ الْمُعَطَّلَةَ وَالْاَحْكَامَ الْمُهْمَلَةَ

کردے۔ اور اُن کے ذریعے سے معطّل حدود اور غیر موثّر کیے ہوئے احکام کو پھر سے قائم کردے

حَتّٰى لَا يَبْقٰى حَقٌّ اِلَّا ظَهَرَ ، وَلَا عَدْلٌ اِلَّا زَهَرَ

تاکہ کوئی حق بغیر ظاہر ہوئے باقی نہ رہ جائے اور کوئی عدل بغیر نمایاں ہوئے نہ رہے

وَاجْعَلْنَا يَا رَبِّ مَنْ اَعْوَانَهٗ وَمِمَّنْ يُّقَوِّيْ سُلْطَانَهٗ

اور پروردگار ہمیں آنجناب کے اُن اعوان میں قرار دے جن سے آنجناب کی سلطنت کو تقویت ملے

وَالْمُؤْتَمِرِيْنَ لِاَمْرِهٖ وَالرَّاضِيْنَ بِفِعْلِهٖ

اور جو آنجناب کے حکم کو جاری کرنے والے ہیں اور اُن کے ہر فعل پر راضی ہوں گے

وَالْمُسَلِّمِيْنَ لِاَحْكَامِهٖ وَمِمَّنْ لَا حَاجَةَ بِهٖ اِلَى التَّقِيَّةِ

اور اُن کے احکامات کو تسلیم کریں گے اور ہمیں اُن لوگوں میں شامل فرما جن کو تقیہ کی ضرورت نہ

مِنْ خَلْقِكَ۔

رہے گی تیری مخلوق میں۔

اَنْتَ يَا رَبِّ الَّذِيْ تَكْشِفُ السُّوْءَ وَتُجِيْبُ الْمُضْطَرَّ

اے میرے پروردگار! تو مصیبتوں کو ٹالتا ہے اور تو ہی قبول کرتا ہے جب مضطر

اِذَا دَعَاكَ وَتُنْجِيْ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ

تجھ سے دعا کرتا ہے۔ اور تو ہی اُسے کربِ عظیم (بڑی مصیبت) سے نجات دیتا ہے

فَاكْشِفِ الضُّرَّ عَنْ وَلِيِّكَ وَاجْعَلْهُ خَلِيْفَتَكَ

لہٰذا تو اپنے ولی (عصر) کی مصیبت کو دور کر۔ اور ان کو قرار دے اپنا خلیفہ اپنی

فِيْ اَرْضِكَ كَمَا ضَمِنْتَ لَهٗ۔ زمین پر جس کا تو ضامن بنا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اَللّٰھُمَّ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْ خَصَمَاءِ آلِ مُحَمَّدٍ

(پروردگار) اے اللہ! اور تُو ہمیں آلِ محمدؐ کے مخالفین میں قرار نہ دینا

وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْ اَعْدَآءِ آلِ مُحَمَّدٍ

اور (پروردگارا!) تُو ہمیں آلِ محمدؐ کے دشمنوں میں شمار نہ کرنا

وَلَا تَجْعَلْنِیْ مِنْ اَھْلِ الْحُنُقِ وَ الْغَیْظِ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ

اور (پروردگار!) تُو مجھے اُن لوگوں میں شامل نہ کر جو آلِ محمدؐ سے بُغض و عداوت رکھنے والے ہیں

فَاِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ ذٰلِكَ فَاَعِذْنِیْ

پس بلاشبہ میں اس بات سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں اس لیے تو مجھے پناہ دے

وَ اَسْتَجِیْرُ بِكَ فَاَجِرْنِیْ۔

اور میں تیرا واسطہ دیتا ہوں کہ تُو مجھے بچالے اور مجھے اجر عطا فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اجْعَلْنِیْ

(پروردگار) اے اللہ! تُو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اپنی رحمتیں نازل فرما اور مجھے شامل فرما (قرار دے)

بِھِمْ فَائِزًا عِنْدَكَ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ

اُن کے صدقے سے اپنے نزدیک کامیاب، دنیا اور آخرت میں۔ اور

مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ۔

مجھے (اپنے) مقرّب بندوں میں سے (شامل کرلے۔) قرار دے۔

(اکمال الدّین)

(۱۹) عمری اور اُن کے فرزند کے نام

کتاب "اکمال الدّین" میں مرقوم ہے کہ شیخ ابوجعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے سعد بن عبداللہ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی یہ روایت پائی کہ امامِ زمانہ علیہ السّلام کی ایک توقیع عمری اور اُن کے فرزند رضی اللہ عنہما کے پاس آئی جو مندرجہ ذیل ہے:-

" وَفّقکما اللّٰہ لطاعتہ، وثبّتکما علٰی دینہ، وَاَسعدکما بمرضاتہ، انتہی اِلینا ما ذکرتما اَنَّ المیثمیَّ اخبرکما عن المختار، ومناظرتہ من لقی، واحتجاجہ بِاَنْ لا خلف غیر جعفر بن علیؑ وتصدیقہ اِیّاہ وفہمت جمیع ما کتبتما بہ ممّا قال

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فانه عزّوجلّ يقول :

" الٓمّٓ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ " (سورۂ عنکبوت آیت ۲)

(۲) کیف یتساقطون فی الفتنة وَ یتردّدون فی الحیرة ، و یأخذون یمینًا وّ شمالًا فارقوا دینهم اَم ارتابوا ام عاندوا الحقَّ اَم جهلوا ما جاءت به الروایات الصادقة والاخبار الصحیحة ، اَوعملوا ذلك فتناسوا ، اَمّا تعلمون اَنّ الارض لا تخلو من حجّة اِمّا ظاهرًا وَّ اِمّا مغمورًا ، اَولم یعلموا انتظام اَئمّتهم بعد نبیّهم صلّی اللّٰه علیه وآله یهدی الی الحقِّ والی طریق مستقیم -

(۳) کان نورًا ساطعًا وقمرًا زهرًا ، اختار الله عزّوجلّ له ما عنده ، فمضی علیٰ منهاج آبائه علیهم السّلام خذوا النعل بالنّعل علی عهد عهده ووصیّة اَوصی بها الی وصیّ ستره الله عزّ وجلَّ بامره الی غایة واَخفیٰ مکانه بمشیّته للقضاءِ السابق والقدر النافذ وفینا موضعه ولنا فضله ولوقد اذن الله عزّوجلّ فینا قد منعه و اَزال عنه ما قد جری به من حکمه لاَراهم الحقَّ ظاهرًا بِاَحسن حلیة ، و ابین دلالة و اَوضح علامة ولاَبان عن نفسه وقام بحجّته ولکن اقدار الله عزّوجلّ لا تغالب و اِرادته لا تردُّ وتوفیقه لا یسبق -

(۴) فلیدعوا عنهم اتّباع الهوی ، ولیقیموا علی اَصلهم الّذی کانوا علیه ، ولا یبحثوا عمّا ستر عنهم فیأثموا ولا یکشفوا ستر الله عزّوجلّ فیندموا ، ولیعلموا اَنّ الحقَّ معنا وفینا ، لا یقول ذلك سوانا اِلّا کذّاب مفتر ولا یدّعیه غیرنا الّا ضالٌّ غویٌّ فلیقتصروا منّا علیٰ هٰذه الجملة دون التفسیر ، ویقنعوا من ذلك بالتعریض دون التصریح انشاء الله

ترجمہ :

اللہ تعالیٰ تم دونوں کو اپنی اطاعت کی توفیق عطا فرمائے اور تمہیں اپنے دین پر

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثابت قدم رکھے اور اپنی مرضی پر چلنے کی سعادت بخشے۔ ہم تک اس کی اطلاع پہونچ چکی۔ جیسا کہ تم دونوں نے بھی اس کا تذکرہ کیا ہے کہ میثمی نے تم دونوں کو مختار اور اس کے مناظرے کے متعلق بتایا اور یہ کہ اُس نے مخالف کے دلائل کو تسلیم کر لیا کہ جعفر بن علیؑ کے سوا کوئی خلف نہیں۔ نیز اس کے متعلق تم دونوں کے اصحاب جو کچھ کہتے ہیں تم نے لکھا اور میں سمجھ گیا۔ خدا کی پناہ اگر کوئی بینا ہونے کے بعد نابینا ہو جاتے اور ہدایت پا جانے کے بعد گمراہ ہو جائے، بُرے اعمال اور تباہ کن فتنوں سے اللہ بچائے، اللہ عزّ وجلّ خود ارشاد فرماتا ہے:

"الٓمّٓ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَكُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ ۝" (سورۂ ۲۹ عنکبوت آیت ۱ تا ۲)

"الف لام میم۔ کیا لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ صرف اس قول پر چھوڑ دیے جائیں گے کہ "ہم ایمان لائے" اور وہ آزمائے نہ جائیں گے۔"

(۲) یہ لوگ کیسے فتنے میں پڑے جا رہے ہیں اور حیرانی کے عالم میں اِدھر اُدھر گھوم رہے ہیں کبھی داہنے جانب جاتے ہیں کبھی بائیں جانب۔ کیا ان لوگوں نے دین کو چھوڑ دیا یا اس میں انھیں شک لاحق ہے، یا واقعاً دشمن حق ہیں یا اس کے متعلق جو سچّی روایات اور احادیثِ صحیحہ آئی ہیں اس کو نہیں جانتے یا جانتے ہیں مگر نفسانیت میں مبتلا ہیں۔ کیا ان لوگوں کو نہیں معلوم کہ زمین کبھی حجتِ خدا سے خالی نہیں رہے گی، خواہ وہ ظاہر ہو یا پوشیدہ۔ کیا انھیں معلوم نہیں کہ ان کے نبیؐ کے بعد اُنؑ کے ائمہؑ کا سلسلہ ایک کے بعد ایک ہے یہاں تک وہ (میرے والد بزرگوار) گذرنے والے یعنی حسنؑ بن علیؑ تک پہونچا اور وہ اپنے آبائے کرام کے قائم مقام رہے۔ حق اور صراطِ مستقیم کی طرف لوگوں کی ہدایت فرماتے رہے۔

(۳) وہ ایک نورِ ساطع اور روشن چاند تھے، مگر اللہ تعالیٰ نے انھیں اپنے یہاں کے لیے منتخب کر لیا، وہ بھی چلے گئے اور اپنے آبائے کرام کے دستور کے بالکل مطابق اپنا عہدہ اور اپنی وصیّت ایک ایسے کے حوالے کی جس کو اللہ عزّ وجلّ نے ایک مدّت تک کے لیے چھپا لیا اور اپنی مشیّت سے اُس کی جائے قیام کو مخفی رکھا ہے اور اپنے سابقہ فیصلے اور جاری شدہ حکم کے مطابق اب یہ عہدہ اور یہ شرف میرے پاس ہے ہاں اگر اللہ عزّ وجلّ کا اِذن ہوتا جس کے لیے اُس نے منع کر دیا ہے اور اپنے جاری کردہ حکم کو ختم کر دیتا، تو میں حق کو بہترین شکل میں ظاہر کر دیتا اور اُس کی علامات و دلائل کو

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

واضح کر دیتا، لیکن قضا و قدرِ الٰہی پر کسی کا بس نہیں اور اُس کے ارادے کو مسترد بھی نہیں کیا جا سکتا۔

(۴) لہٰذا یہ لوگ اپنی خواہشات کی پیروی کو چھوڑیں اور اپنے اصل دین پر چلے جائیں جہاں وہ تھے اور جس چیز کو اللہ نے اُن سے پوشیدہ رکھا ہے اُس کے لیے بحث نہ کریں گنہگار ہوں گے۔ اللہ کے ڈالے ہوئے پردے کو اُٹھانے کی کوشش نہ کریں نادم ہوں گے اور یہ جان لیں کہ حق ہمارے ساتھ ہے اور ہم میں ہے اور اِس کا دعویٰ ہمارے سوا جو بھی کرے گا وہ کذّاب اور مفتری ہوگا۔ ہمارے سوا یہ دعویٰ جو بھی کرے گا وہ گمراہ اور غاوی ہوگا۔ تم لوگ ہمارے اس جملے کو کافی سمجھو، تفسیر و تفصیل میں نہ جاؤ۔ جو کچھ اشارۃً کہا گیا ہے اسی پر قناعت کرو۔ انشاء اللہ تصریح کی ضرورت نہ ہوگی۔ (اکمال الدین)

(۲۰) ایمانِ ابوطالبؑ بحساب جمل

محمّد بن مظفّر مصری نے محمّد بن احمد داؤدی سے، اُنھوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ میں ابوالقاسم حسین ابن رُوح کی خدمت میں موجود تھا کہ ایک شخص نے اُن سے سوال کیا کہ حضرت عبّاسؓ (عمِّ رسولؐ) نے جو نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے کہا تھا کہ آپؐ کے چچا ابوطالبؑ جمل کے حساب سے اسلام لاتے تھے اور اپنے ہاتھ کی گرہوں سے ۶۳ کی عدد کا اشارہ کیا۔ اس کا کیا مطلب ہے؟ تو اُنھوں نے فرمایا کہ اُنھوں نے اس سے مراد لیا تھا کہ:

اِلٰـہٌ اَحَـدٌ جَوَادٌ اور اس کی تفسیر یہ ہے:

الف سے مراد ۱
ل سے مراد ۳۰
ہ سے مراد ۵
الف سے مراد ۱
ح سے مراد ۸
د سے مراد ۴
ج سے مراد ۳
و سے مراد ۶
الف سے مراد ۱
د سے مراد ۴ = جس کا مجموعہ ۶۳ ہوتا ہے۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۱) جعفر بن علیؑ کا دعوئ امامت اور حضرت امامِ زمانہ کی طرف سے توقیع

راویوں کی ایک جماعت نے تلعکبری سے، اُنھوں نے احمد بن علی سے، اُنھوں نے اسدی سے، اُنھوں نے احمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے، اُن کا بیان ہے کہ اُن کے پاس ایک مرتبہ اُن کے اصحاب میں سے کوئی شخص آیا اور اُس نے کہا کہ جعفر بن علیؑ نے اُن کو ایک خط لکھا ہے اور اس میں اپنا تعارف کرایا ہے اور دعوٰی کیا کہ اپنے والد کے بعد وہی قائم ہے اور اس کے پاس حلال و حرام بلکہ وہ تمام علوم ہیں جن کی لوگوں کو ضرورت ہے۔

احمد بن اسحاق رح کا بیان ہے کہ جب میں نے جعفر بن علیؑ کا خط پڑھا تو حضرت صاحبِ زمانہ علیہ السلام کو خط لکھا اور جعفر کے خط کو اپنے خط کے ساتھ لفافے میں ڈال دیا۔ تو آنجنابؑ کی طرف سے میرے پاس یہ جواب آیا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اتانی کتابك ابقاك الله، والكتاب الذی انفذته درجه، واحطت معرفتی بجمیع ما تضمنه علی اختلاف الفاظه وتكرر الخطاء فیه، ولو تدبرته لوقفت علی بعض ما وقفتُ علیه منه، والحمد لله ربِّ العالمین حمداً لا شریك له علی احسانه الینا و فضله علینا، ابی الله عزّ وجلّ للحقِ الّا اتماماً وللباطل الّا زهوقاً، وهو شاهد علیّ بما اذكره، ولیّ علیكم بما اقوله، اذا اجتمعنا الیوم لا ریب فیه، و یسألنا عمّا نحن فیه مختلفون، انه لم یجعل لصاحب الكتاب علی المكتوب الیه، ولا علیك ولا علی احد من الخلق جمیعاً امامة مفترضة، ولا طاعة ولا ذمّة وسأبیّن لكم ذمّة تكتفون بها ان شاء الله۔

(۲) یا هذا یرحمك الله انّ الله تعالی لم یخلق الخلق عبثاً ولا اهملهم سُدی، بل خلقهم بقدرته، وجعل لهم اسماعاً وابصاراً وقلوباً و الباباً، ثمّ بعث الیهم النبیّین علیهم السّلام مبشّرین و منذرین، یأمرونهم بطاعته

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وينهونهم عن معصيته ، ويعرّفونهم ماجهلوه من امر خالقهم ودينهم ، وانزل عليهم كتاباً وبعث اليهم ملائكة يأتين بينهم وبين من بعثهم اليهم بالفضل الّذى جعله لهم عليهم وما آتاهم من الدّلائل الظاهرة والبراهين الباهرة ، والآيات الغالبة -.

(٣) فمنهم من جعل النّار عليه بردًا وسلامًا واتخذه خليلًا ، ومنهم من كلّمه تكليمًا وجعل عصاه ثعبانًا مبينًا ومنهم من احيا الموتى باذن الله وابرء الاكمه والابرص باذن الله ومنهم من علّمه منطق الطير واوتى من كلّ شيء ثمّ بعث محمّدًا صلّى الله عليه وآله رحمة للعالمين وتمّم به نعمته وختم به انبياءه وارسله الى النّاس كافّة ، واظهر من صدقه ما اظهر (وبيّن) من آياته وعلاماته مابيّن -

(٤) ثمّ قبضه صلّى الله عليه وآله حميدًا فقيدًا سعيدًا وجعل الامر بعده الى اخيه وابن عمّه ووصيّه ووارثه علىّ بن ابى طالب عليه السّلام ثمّ الى الاوصياء من ولده واحدًا واحدًا : احيا بهم دينه واتمّ بهم نوره وجعل بينهم وبين اخوانهم وبنى عمّهم والادنين فالادنين من ذوى ارحامهم فرقانًا بيّنًا يعرف به الحجّة من المحجوج والامام من المأموم ، بان عصمهم من الذّنوب وبرأهم من العيوب وطهّرهم من الدّنس ونزّههم من اللّبس ، جعلهم خزّان علمه ومستودع حكمته وموضع سرّه وايّدهم بالدلائل ولولا ذلك لكان النّاس على سواه ولادّعى امر الله عزّ وجلّ كلّ احد ولما عرف الحقّ من الباطل ولا العالم من الجاهل -

(٥) وقد ادّعى هذا المبطل المفترى على الله الكذب بما ادّعاه ، فلا ادرى بأيّة حالة هيى له وجاء ان

Presented by: https://jafrilibrary.com/

يتمّ دعواه ، أبفقه فی دین الله ؟ فوالله ما یعرف حلالاً من حرام ولا یفرّق بین خطاء وصواب ، أم بعلم فما یعلم حقّاً من باطل ولا محکماً من متشابه ولا یعرف حدّ الصّلاة ووقتها ، أم بورع فالله شهید علیٰ ترکه الصّلاة الفرض أربعین یوماً یزعم ذلك لطلب الشعوذة ولعلّ خبره قد تأدّی الیکم وهاتیك ظروف مسکرة منصوبة ، وآثار عصیانه لله عزّ وجلّ مشهورة قائمة أم بآیة فلیأت بها أم بحجّة فلیقمها ، أم بدلالة فلیذکرها۔

(٦) قال الله عزّ وجلّ فی کتابه :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ حٰمٓ ۚ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ۝ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَیْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْکٌ فِی السَّمٰوٰتِ ؕ اِیْتُوْنِیْ بِکِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ یَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا یَسْتَجِیْبُ لَهٗٓ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ کَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّکَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ کٰفِرِیْنَ ۝ (سورۃ ٤٦ الاحقاف آیت ١ تا ٦)

(٧) فالتمس تولّی الله توفیقك من هذا الظالم ما ذکرت لك ، وامتحنه وسله عن آیة من کتاب الله یفسّرها أو صلاة فریضة یبیّن حدودها ومایجب فیها ۔ لتعلم حاله ومقداره ویظهر لك عواره و نقصانه ، والله حسیبه ۔

حفظ الله الحقّ علیٰ أهله وأقرّه فی مستقرّه

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وَقد اَبی اللہ عزّوجلّ اَنْ یکون (الامامۃ) فی اَخوین بعد الحسنؑ والحسین علیہما السّلام واِذا اَذن اللہ لنا فی القول ظہر الحقُّ واضمحلّ الباطل وانحسر عنکم والی اللہ اَرْغب فی الکفایۃ، وجمیل الصنع والولایۃ وحسبنا اللہ ونعم الوکیل وصلّی اللہ علٰی مُحَمَّدٍ وّآلِ مُحَمَّدٍ۔"

وہ

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ جو رحمٰن ہے رحیم ہے۔

اللہ تم کو زندہ وسلامت رکھے تمہارا خط ملا اور وہ خط بھی ملا جو تم نے نفافے میں رکھ دیا تھا میں اس کے مضمون پر مطّلع ہوا۔ اس میں جگہ جگہ تضاد اور جگہ جگہ غلطیاں ہیں۔ اگر تم غور سے پڑھتے تو تمھیں بھی محسوس ہو جاتا۔ اُس اللہ ربّ العالمین کی حمد اور ایسی حمد کہ جس میں اُس کا کوئی شریک نہیں کہ اُس نے ہم لوگوں پر اپنا احسان اور اپنا فضل کیا۔ اللہ عزّ وجلّ کو اس کے سوا کچھ منظور نہیں کہ حق کو اتمام تک پہونچائے اور باطل کو مٹا دے اور جس کا میں ذکر کر رہا ہوں اور جو کچھ کہہ رہا ہوں اس پر گواہ رہے گا اُس دن کہ جس کے آنے میں شک ہی نہیں۔ وہ ہم لوگوں سے پوچھے گا اس امر کے متعلق جس میں ہم لوگ اختلاف کر رہے ہیں۔ اُس نے اِس خط کے لکھنے والے کو مکتوب الیہ (یعنی مجھ) پر اور تم پر اور تمام مخلوق میں سے کسی شخص پر امام نہیں، نہ اُس کی اطاعت فرض کی نہ کوئی ذمّے داری سونپی ہے۔ اب میں اس کی ذرا وضاحت کر دوں تاکہ وہ انشاء اللہ تم لوگوں کے لیے کافی ہو۔

(۲) اے احمد بن اسحاق! اللہ تم پر رحم فرمائے۔ سنو! اللہ نے کسی مخلوق کو بیکار خلق نہیں کیا، اور نہ خلق کرنے کے بعد اُس نے مہمل چھوڑ دیا، بلکہ ان سب کو اُس نے اپنی قدرت سے خلق کیا، اُنھیں کان دیے، آنکھیں دیں اور دل ودماغ عطا فرمائے۔ پھر اُس نے انبیاء علیہم السّلام کو خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر اُن کے پاس بھیجا تاکہ وہ لوگوں کو اللہ کی اطاعت کا حکم دیں اور اُسکی نافرمانی سے منع کریں، اپنے خالق اور اپنے دین کے متعلق جو کچھ یہ لوگ نہیں جانتے وہ اُنھیں بتائیں۔ اور اُن انبیاءؑ پر صحیفے نازل فرمائے اور اُن کے پاس فرشتے بھیجے تاکہ عوام النّاس اور اُن کے درمیان فرق رہے اور انبیاءؑ کا عام لوگوں پر فضل وشرف

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ثابت ہو۔ پھر انبیاءؑ کو معجزات و کرامات عطا کیے اور بہت سی نشانیاں عنایت فرمائیں۔

(۳) چنانچہ اُن میں سے کسی کے لیے آگ کو ٹھنڈا کر دیا اور اُن کو اپنا خلیلؑ بنالیا۔ کسی سے کلام کیا اور اُن کے عصا کو اژدہا بنا دیا، اُن میں سے کسی نے خدا کے اذن سے مُردوں کو زندہ کیا اور مجذوم اور مبروص کو اچھا کر دکھایا، کسی کو چڑیوں (پرندوں) کی زبان کا علم عطا فرمایا، ہر شے میں سے تھوڑا بہت اُنھیں دیا، پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عالمین کے لیے باعثِ رحمت بنا کر بھیجا اور آنحضرتؐ پر اپنی نعمتوں کو تمام کر دیا، اُن پر نبوّت کو ختم کر دیا۔ اور تمام عالم انسانیت کے رسول بنایا۔ چنانچہ اُن سے جو سچائیاں ظاہر ہوئیں وہ سب پر بخوبی واضح و روشن ہیں اور جو معجزات و علامات ظہور میں آئے اُن سے سب ہی واقف ہیں۔

(۴) پھر اللہ تعالیٰ نے آنحضرتؐ کی روح قبض فرمائی اور اُن کے بعد یہ امرِ ہدایت اُن کے بھائی اُن کے ابنِ عم، اُن کے وصی اور اُن کے وارث حضرت علی ابنِ ابی طالبؑ علیہ السلام کے سپرد کیا، اور پھر اُن جناب کے بعد یہ امرِ ہدایت اُن کی اولاد میں سے اُن کے اوصیاء ایک کے بعد ایک کو سونپا گیا تاکہ اُن حضرات کے ذریعے سے وہ اپنے دین کو زندہ رکھے اور اپنے نور کو درجۂ اتمام تک پہونچائے۔ اور اُن اوصیاء اور اُن کے بھائیوں و بنی اعمام و قرابتداروں کے درمیان واضح فرق رکھا تاکہ حجّتِ خدا اور غیر حجّتِ خدا اور امام و ماموم میں امتیاز کیا جا سکے اور وہ اس طرح کہ اُن اوصیاء و ائمہؑ کو گناہوں سے پاک اور ہر عیب سے منزّہ، ہر پلیدگی سے دور رکھا اور اُنھیں اپنے علم کا خزانہ دار اور اپنی حکمت کا امین اور اپنا رازدار بنایا اور معجزات و دلائل سے اُن کی تائید بھی فرمائی اور اگر ایسا نہ کرتا تو تمام لوگ برابر ہو جاتے اور سب لوگ صاحبِ امرِ الٰہی ہونے کا دعویٰ کرتے، پھر حق و باطل میں کوئی تمیز اور عالم و جاہل کی کوئی شناخت نہ رہ جاتی۔

(۵) اور اُس مبطل اور مفتری نے یہ دعویٰ کر کے اللہ پر افتراء و جھوٹ الزام لگایا ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ وہ کس طرح اپنے دعوے کی سچّائی ثابت کر سکے گا۔ کیا وہ دینِ الٰہی کے علم و فقہ سے اپنی سچّائی ثابت کرے گا، تو خدا کی قسم اُس کو تو یہ تک نہیں معلوم کہ حلال کیا ہے اور حرام کیا ہے، غلط کیا ہے اور صحیح کیا ہے، حق کیا ہے اور باطل کیا ہے محکم کیا ہے اور متشابہ کیا ہے۔ وہ نماز اور اُس کے حدود و اوقات تک کو تو جانتا نہیں۔ پھر کیا وہ ورع و تقویٰ سے اپنے دعوئے امامت کو ثابت کرے گا؟ تو اللہ گواہ ہے کہ اُس نے تو چالیس دن تک شعبدہ بازی سیکھنے کے لیے نمازِ فریضہ کو ترک کیا اور شاید کہ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اِس خبر سے تم لوگوں کو اذیّت ہو کہ اس کے گھر میں شراب نوشی کے ظروف اور معصیتِ الٰہی کے آثار موجود ہیں۔ پھر کیا وہ کسی معجزے سے اپنا دعویٰ ثابت کرے گا۔ اگر ایسا ہے تو وہ کوئی معجزہ پیش کرے یا اس کے پاس کوئی اور امامت کی دلیل وحجّت ہو تو بتائے۔

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے: (ترجمۂ آیت)

(۶) اللہ کے نام سے جو رحمٰن ہے رحیم ہے۔

حا، میم۔ کتاب کا نزول اللہ زبردست صاحبِ حکمت کی طرف سے ہے اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو اُن کے درمیان ہے ایک مقرّرہ مدّت تک کے لیے حق کے ساتھ پیدا کیا اور جنھوں نے کفر اختیار کیا وہ اُسی بات سے اعراض کرتے ہیں جس سے کہ اُن کو تنبیہ کی جاتی ہے۔ (اے حبیبؐ!) کہہ دیجیے کہ تم لوگ ذرا سوچو تو سہی کہ جن کو تم اللہ کے سوا (معبود سمجھ کر) پکارتے (عبادت کرتے) ہو (وہ کیا ہیں) مجھے دکھاؤ تو کہ اُنھوں نے زمین کس چیز کو پیدا کیا ہے یا آسمانوں میں اُن کی کوئی مشارکت وشرکت ہے۔ اگر تم ہی سچّے ہو تو میرے پاس اِس سے پہلے والی کوئی کتاب یا علمی آثار لاکر دکھاؤ۔ بھلا اُس سے زیادہ بھی کوئی گمراہ ہو سکتا ہے جو اللہ کو کے بجائے ایسوں کو پکارے جو قیامت کے دن تک اُس کا جواب ہی نہ دے سکیں، حالانکہ اُن کو تو اِن کی پکار کا شعور تک نہیں۔ اور جب لوگوں کو یکجا جمع کیا جائے گا تو وہی اُن کے دشمن ہوں گے اور اُن کی عبادت کا انکار کریں گے۔" (سورہ ۴۶ احقاف آیت ۱ تا ۶)

(۷) تو اللہ تمھیں توفیق دے اُس ظالم سے پوچھو جو میں نے تمھیں بتایا ہے اور اس کا امتحان لو اور قرآن مجید کی کسی ایک کی بھی اُس سے تفسیر دریافت تو کرو۔ یا نمازِ فریضہ کے حدود کیا ہیں یہ دریافت کر کے دیکھ لو کہ اس میں کیا واجب ہے تاکہ تمھیں اُس کا حال اور علمی قابلیت کا پتہ چل جائے اور تمھیں اس کے نقص وعیب کا پتہ چل جائے۔

اللہ تعالیٰ نے حق کو اُس کے اہل میں محفوظ کر دیا ہے اور اس کو اُس کے اصل مستقر پر رکھا ہے۔ اور اللہ کو یہ منظور نہیں کہ امام حسن اور امام حسین علیہما السّلام کے بعد امامت کا عہدہ دو بھائیوں کو ملے۔ اور جب اللہ عزّ وجلّ ہمیں بولنے کی اجازت دے گا تو حق ظاہر ہو گا اور باطل مُرجھا جائے گا، اور میں اللہ تعالیٰ سے کفایت چاہتا ہوں (بس) وہ ہمارے لیے کافی ہے اور بہترین وکیل ہے اور اللہ اپنی رحمت نازل فرمائے

محمدؐ وآلِ محمدؐ

پر۔

(غیبتہ طوسیؒ)

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

(۲۲) امامِ زمانہ کی تلاش میں ہلاکت و شرک ہے

(رواۃ کی) ایک جماعت نے شیخ صدوق علیہ الرحمۃ سے اور اُنھوں نے عمّار بن حسین بن اسحٰق سے اُنھوں نے احمد بن حسن بن ابی صالح خجندی سے روایت کی ہے کہ وہ حضرت صاحب الزّمان ؑ کی تلاش و طلب میں بہت سرگرداں تھا، اس کے لیے اُس نے مختلف شہروں کے چکّر لگائے بالآخر اُس نے شیخ ابوالقاسم حسین بن رَوح قدّس اللہ روحہٗ کے ذریعے سے حضرت صاحب الزمان ؑ کو ایک خط لکھا جس میں اُس نے اپنے تعلّقِ خاطر کا اظہار کیا اور یہ کہ میں آپؑ کی تلاش میں سرگردان اور مارا مارا پھر رہا ہوں تو وہاں سے ایک توقیع برآمد ہوئی جس کا مضمون یہ تھا۔

"مَنْ بَحَثَ فَقَدْ طَلَبَ، وَ مَنْ طَلَبَ فَقَدْ دَلَّ، وَمَنْ دَلَّ فَقَدْ اَشَاطَ، وَمَنْ اَشَاطَ فَقَدْ اَشْرَكَ۔"

(ترجمہ) "جس نے بحث کی، اُس نے طلب و تلاش کیا، جس نے طلب و تلاش کیا اُس نے دلیل قائم کی اور جس نے دلیل قائم کی اُس نے خود کو ہلاک کیا، اور جس نے خود کو ہلاک کیا اُس نے شرک کیا۔"

راوی کا بیان ہے کہ اِس توقیع کے بعد میں نے آنجناب کی طلب و تلاش ترک کر دی دل کو سکون ہو گیا اور الحمدللہ خوش خوش اپنے وطن واپس آیا۔ (غیبتہ طوسیؒ)

(۲۳) ابوالحسن خضر بن محمّد کے چند مسائل

احمد بن ابو روح سے روایت ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ میں ابوالحسن خضر بن محمّد کی کچھ رقم لیکر بغداد روانہ ہوا اور حکم یہ ہوا تھا کہ یہ رقم ابوجعفر محمّد بن عثمان عمری کے حوالے کر دوں اور یہ کہ میرے لیے دعا کی درخواست کرو میں بیمار ہوں اور یہ بھی پوچھنا کہ کیا پشمینہ پہننا جائز ہے؟

چنانچہ جب میں بغداد پہونچ کر عمری کی خدمت میں حاضر ہوا تو اُنھوں نے وہ رقم لینے سے انکار کیا اور کہا یہ رقم ابوجعفر محمّد بن احمد کے پاس لے جاؤ اُن کے حوالے کر دو میں نے اُن سے کہدیا ہے۔ اور تمھارے سوالات کے جوابات آگئے ہیں تم کو وہاں سے مل جائیں گے۔ لہٰذا میں ابوجعفر کے پاس پہونچا اور وہ رقم انھیں پہونچائی۔ انھوں نے ایک رقعہ نکالا جس میں یہ تحریر تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سألت الدّعاء عن العلّة الّتی تجدها، وهب الله لك العافية ودفع عنك الآفات وصرف عنك بعض ما تجده من الحرارة، وعافاك وصحّ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جسمك وسألت ما يحلّ اَن يصلّى فيه من الوبر والسّمور والسنجاب والفنك والدّنق والحواصل ؟ فامّا السّمور والثعالب فحرام عليك وعلى غير الصلوٰة فيه ويحلّ لك جلود المأكول من اللّحم اِذا لم يكن فيه غيره ، وان لم يكن لك ما تصلّى فيه ، فالحواصل جائز لك ان تصلّى فيه الفرا متاع الغنم مالم يذبح بأرمنيّة يذبحه النصارٰى على الصليب ، فجائز لك اَن تلبسه اِذا ذبحه اَخ لك (اَو مخالف تثق به) ۔

ترجمہ : تم نے اپنے مرض سے شفا کیلئے درخواست کی ہے تو اللہ نے تمہیں صحت دی اور تمہارا مرض دور ہو گیا ، اور جو تم اپنے اندر حرارت (بخار) پاتے تھے وہ بھی دور ہو گئی تم اچھے ہو گئے تمہارے جسم کو صحت ملی ۔ اور تم نے پوچھا ہے کہ کیا پشمینہ وسمور وسنجاب ولومڑی کی کھال اور نیولے کی کھال اور حواصل میں نماز جائز ہے ؟ تو سنو ! سمور اور لومڑی کی کھال میں تمہارے لیے اور دوسروں کیلئے نماز میں حرام ہے اور وہ جانور جن کا گوشت کھانا حلال ہے اُن کی کھال (یا بال) پہننا تمہارے لیے جائز ہے بشرطیکہ اس میں کوئی اور چیز نہ ملی ہو ۔ اور حواصل میں تمہارے لیے نماز جائز ہے ۔ گورخر و گوسفند بشرطیکہ وہ ارمینیہ (جرمنی) میں ذبح نہ ہوا ہو ، اس لیے کہ وہاں نصاریٰ صلیب پر ذبح کرتے ہیں ۔ اگر تمہارے برادرِ دینی یا وہ کہ جس پر تمہیں وثوق ہو اُس نے ذبح کیا ہے تو اُس کا پہننا تمہارے لیے جائز ہے ۔ (الخرائج والجرائح)

(نوٹ) کتاب غیبت میں جو کچھ میں نے تحریر کرنے کا ارادہ کیا تھا وہ یہاں ختم ہوا ۔ اللہ تعالیٰ سے میری دعا ہے کہ وہ مجھے حضرت حجت علیہ السلام کے انصار میں سے قرار دے اور اُن کے دین پر قائم رکھے ۔ نیز ان کے اعوان میں جو اُن کے زیرِ علم شہید ہوں گے ۔ اور یہ بھی التجا ہے کہ آنجناب کے دیدار سے میری اور میرے والدکی ، میرے بھائیوں کی اور میرے سارے کنبے کی اور تمام مومنین کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور اللہ اُن کے اصحاب کے سواریوں کے یا اُن کی خاکِ پاء کو ہم لوگوں کی آنکھوں کا سرمہ بنائے اِس لیے کہ اُسی سے ہر خیر وفضل کی دعا کی جاتی ہے ۔

اِس کتاب کا مطالعہ کرنے والوں سے التماس ہے کہ وہ میرے لیے اللہ سے رحم کی دعا فرمائیں اور میری حیات میں اور بعدِ موت میرے لیے طلبِ مغفرت فرمائیں ۔ اللہ تعالیٰ کی حمد اوّل بھی اور آخر بھی اور اللہ رحمت نازل فرمائے محمدؐ اور اُنکے اہلِ بیتِ طاہرین پر ۔ گنہگار ہاتھوں سے لکھا گیا ۔ مولف احقر العباد محمد باقر بن محمد تقی اللہ ان دونوں کو نبیؐ اور اُنکی مکرّم آلؑ کے صدقے میں اپنے دامنِ عفو میں جگہ دے ۔ المرقوم ماہِ رجب ۱۰۷۸ھ ۔

" مترجمہ : سیّد حسن امداد ۔ ممتاز الافاضل ۔ سہ شنبہ ۲۸ شوال ۱۴۰۸ھ "

کتابت : سیّد محمد جعفر زیدی ۔ ۳۶ بی لانڈھی ۱۳ محرم ۱۴۱۴ھ ۴/۶/۹۳